تذکرۃ الحیوان

تصنیف

زُبدۃ العلماء لسان الملت

مولانا آغا مہدی لکھنوی مرحوم

تدوین و پیشکش

سید ارتضیٰ عباس نقوی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ادار [redacted] پیشکش

تذکرۃ الحیوان

تصنیف

زبدۃ العلماء لسان الملت

مولانا سید آغا مہدی لکھنوی مرحوم

maablib.org

تدوین و پیشکش

سید ارتضیٰ عباس نقوی

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

کتاب	:	تذکرۃ الحیوان
مصنف	:	مولانا سید آغا مہدی لکھنوی
مدوّن	:	سید ارتضیٰ عباس نقوی
اشاعت	:	اوّل، مارچ ۲۰۲۰ء
تعداد	:	۱۰۰۰
طابع	:	سید غلام اکبر
ناشر	:	جواہر فاؤنڈیشن۔ کراچی
ہدیہ	:	۹۰۰ روپے

کتاب ملنے کا پتہ

جواہر فاؤنڈیشن

F/7 رضویہ سوسائٹی، ناظم آباد نمبر ۱

کراچی۔ پاکستان

0346-2781009

انتساب

ہمدردانِ قوم

جناب سید باقر حسنین نقوی

اور

جناب مرزا محمد علی

کے نام

maablib.org

فہرست

حرفِ آغاز ـــــــ سید ارتضیٰ عباس نقوی ـــــــ ۱۵

مولانا آغا مہدی لکھنوی کے حالاتِ زندگی ـــ سید محمد تقی نقوی ـــــــ ۴۲

زبدۃ العلماء مولانا آغا مہدی لکھنوی ـــــ نواب سید محمود علی خاں ـــــ ۴۸

تذکرۃ الحیوان۔۔۔احوال وتعارف ـــــ سید ارتضیٰ عباس نقوی ـــــ ۵۵

پیش لفظ ـــــــ مولانا آغا مہدی لکھنوی ـــــ ۸۰

پہلا مقدمہ ـــــــ ۸۷

دوسرا مقدمہ ـــــــ ۸۹

تیسرا مقدمہ ـــــــ ۹۳

چوتھا مقدمہ ـــــــ ۹۷

پانچواں مقدمہ ـــــــ ۹۸

چھٹا مقدمہ ـــــــ ۹۸

عربی نام	اردو نام	
۱۔ ابابیل	پت دیوڑی	۱۰۰
۲۔ ابل	اونٹ	۱۰۳
۳۔ ابلامی	مچھلی	۱۱۲
۴۔ ارضہ	دیمک	۱۱۳
۵۔ ارقم	سانپ	۱۱۵
۶۔ ارنب	خرگوش	۱۱۷

۷۔اروبہ ____ پہاڑی بکری ____ ۱۲۲
۸۔اربیان ____ جھینگا ____ ۱۲۴
۹۔اسد ____ شیر ____ ۱۲۵
۱۰۔افعی ____ ناگن ____ ۱۴۹
۱۱۔انعام ____ چوپائے ____ ۱۵۴
۱۲۔اِوَز ____ بطخ ____ ۱۵۶
۱۳۔ابن آوی ____ سیار ____ ۱۵۹
۱۴۔باز ____ باز ____ ۱۶۰
۱۵۔باشق ____ شکاری پرندہ ____ ۱۶۵
۱۶۔ببغا ____ طوطا ____ ۱۶۶
۱۷۔بحیرہ ____ اونٹ ____ ۱۶۹
۱۸۔بخت ____ اونٹ ____ ۱۷۰
۱۹۔بدنہ ____ اونٹ ____ ۱۷۱
۲۰۔براق ____ پردار گھوڑا ____ ۱۷۲
۲۱۔برغوث ____ پسو ____ ۱۷۳
۲۲۔بط ____ چھوٹی بطخ ____ ۱۷۵
۲۳۔بعوضہ ____ مچھر ____ ۱۷۶
۲۴۔بعیر ____ اونٹ ____ ۱۷۹
۲۵۔بغل ____ خچر ____ ۱۸۳
۲۶۔بقر ____ گائے ____ ۱۸۷
۲۷۔بقہ ____ مچھر ____ ۱۹۷
۲۸۔بلبل ____ بلبل ____ ۱۹۷
۲۹۔بہیمہ ____ چوپائے ____ ۱۹۹
۳۰۔بوم ____ اُلو ____ ۲۰۱
۳۱۔تبیع ____ بچہ شتر ____ ۲۰۶
۳۲۔ابن تمرہ ____ چڑیا ____ ۲۰۷

۳۳۔تمساح ________ مگرمچھ ________ ۲۰۸

۳۴۔تنین ________ اژدہا ________ ۲۱۰

۳۵۔ثعبان ________ اژدہا ________ ۲۱۲

۳۶۔ثعلبہ ________ لومڑی ________ ۲۱۶

۳۷۔ثور ________ بیل ________ ۲۱۸

۳۸۔جانّ ________ سفید سانپ ________ ۲۲۳

۳۹۔جاموش ________ بھینس ________ ۲۲۴

۴۰۔جدی ________ بکری کا بچہ ________ ۲۲۶

۴۱۔جدعا ________ اونٹ ________ ۲۲۷

۴۲۔جذاء ________ مویشی ________ ۲۲۸

۴۳۔جذع ________ اونٹ ________ ۲۲۸

۴۴۔جراد ________ ٹڈی ________ ۲۲۹

۴۵۔جریث ________ مچھلی ________ ۲۳۳

۴۶۔جری ________ مچھلی ________ ۲۳۴

۴۷۔الجرذ ________ چوہا ________ ۲۳۶

۴۸۔جزور ________ اونٹ ________ ۲۳۷

۴۹۔جمل ________ اونٹ ________ ۲۳۷

۵۰۔جواد ________ گھوڑا ________ ۲۴۱

۵۱۔حام ________ اونٹ ________ ۲۴۱

۵۲۔حباری ________ چرز ________ ۲۴۱

۵۳۔حجل ________ تیتر ________ ۲۴۲

۵۴۔حداء ________ گرگرہ ________ ۲۴۲

۵۵۔حرباء ________ گرگٹ ________ ۲۴۴

۵۶۔حِقّہ ________ اونٹ کا بچہ ________ ۲۴۵

۵۷۔حمار ________ گدھا ________ ۲۴۶

۵۸۔حمام ________ کبوتر ________ ۲۵۱

۵۹۔ حمرہ	چڑیا	۲۵۷
۶۰۔ حوار	بچہ شتر	۲۵۷
۶۱۔ حواصل		۲۵۸
۶۲۔ حوت	مچھلی	۲۶۰
۶۳۔ حوہ	گھوڑا	۲۷۱
۶۴۔ حیدر	شیر	۲۷۲
۶۵۔ حیوان	جانور	۲۷۳
۶۶۔ حیہ	سانپ	۲۷۴
۶۷۔ خز	دریائی کتا	۲۸۴
۶۸۔ خطاف	ابابیل	۲۸۵
۶۹۔ خفاش	چمگادڑ	۲۸۸
۷۰۔ خنزیر	سور	۲۹۴
۷۱۔ خنفا	گوبرورا	۲۹۸
۷۲۔ خیل	گھوڑا	۲۹۹
۷۳۔ دابۃ الارض	جناب امیر کا لقب	۳۰۶
۷۴۔ دباء	ٹڈی کا بچہ	۳۰۹
۷۵۔ دب	ریچھ	۳۰۹
۷۶۔ دبر	شہد کی مکھی	۳۱۱
۷۷۔ دجاج	مرغی	۳۱۲
۷۸۔ دراج	تیتر	۳۱۶
۷۹۔ دعموص	کیڑا	۳۱۷
۸۰۔ دلدل	گھوڑا ۳۱۸	
۸۱۔ دلفین	مچھلی	۳۱۹
۸۲۔ دوسی	جنگلی کبوتر	۳۲۰
۸۳۔ دود	کیڑے مکوڑے	۳۲۱
۸۴۔ دیک	مرغ	۳۲۵

۸۵۔ذئب ______ بھیڑیا ______ ۳۲۸

۸۶۔ذباب ______ مکھی ______ ۳۳۳

۸۷۔ذر ______ لال چیونٹی ______ ۳۳۷

۸۸۔ذود ______ اونٹ ______ ۳۴۱

۸۹۔ذوالجناح ______ گھوڑا ______ ۳۴۱

۹۰۔ذوالطفتین ______ سانپ ______ ۳۴۵

۹۱۔راویہ ______ شتر ______ ۳۴۵

۹۲۔ربیثا ______ مچھلی ______ ۳۴۶

۹۳۔رخم ______ چیل ______ ۳۴۷

۹۴۔رق ______ مگر ______ ۳۴۹

۹۵۔راقصات ______ ۳۴۹

۹۶۔رماخ ______ مچھلی ______ ۳۵۰

۹۷۔رکاب ______ اونٹ ______ ۳۵۰

۹۸۔زرافہ ______ شترگاؤ ______ ۳۵۱

۹۹۔ژندہ پیل ______ ۳۵۲

۱۰۰۔زنبور ______ بھڑ ______ ۳۵۳

۱۰۱۔زمیر ______ مچھلی ______ ۳۵۷

۱۰۲۔زُہرہ ______ دریائی جانور ______ ۳۵۷

۱۰۳۔زہو ______ مچھلی ______ ۳۵۹

۱۰۴۔سامہ ______ زہریلی جانور ______ ۳۵۹

۱۰۵۔سائبہ ______ اونٹ ______ ۳۶۱

۱۰۶۔سبع ______ درندہ ______ ۳۶۱

۱۰۷۔سحاب ______ بادل ______ ۳۶۵

۱۰۸۔سرطان ______ کیکڑا ______ ۳۶۸

۱۰۹۔سقا ______ ۳۶۹

۱۱۰۔سقنقور ______ مچھلی ______ ۳۷۰

۱۱۱۔ سبک ______ گھوڑا ______ ۳۷۰
۱۱۲۔ سلحفاۃ ______ کچھوا ______ ۳۷۱
۱۱۳۔ سلوی ______ لَوا ______ ۳۷۳
۱۱۴۔ سمانی ______ بٹیر ______ ۳۷۳
۱۱۵۔ سمک ______ مچھلی ______ ۳۷۴
۱۱۶۔ سمندل ______ چوہا ______ ۳۷۹
۱۱۷۔ سمور ______ ایک درندہ ______ ۳۸۱
۱۱۸۔ سنجاب ______ ترکی چوہا ______ ۳۸۱
۱۱۹۔ سنور ______ بلی ______ ۳۸۲
۱۲۰۔ سوذنیق ______ شاہین ______ ۳۸۷
۱۲۱۔ سہیل ______ ایک دریائی جانور ______ ۳۸۸
۱۲۲۔ شاۃ ______ بکری ______ ۳۸۸
۱۲۳۔ شاہین ______ باز ______ ۳۹۲
۱۲۴۔ شبل ______ شیر کا بچہ ______ ۳۹۳
۱۲۵۔ شفنین ______ کبوتر ______ ۳۹۴
۱۲۶۔ شقراق ______ نیل کٹھ ______ ۳۹۵
۱۲۷۔ شہبا ______ گھوڑا ______ ۳۹۵
۱۲۸۔ صافن ______ گھوڑا ______ ۳۹۵
۱۲۹۔ صبل ______ گھوڑا ______ ۳۹۶
۱۳۰۔ صدف ______ سیپی ______ ۳۹۷
۱۳۱۔ صرد ______ کٹورا ______ ۳۹۹
۱۳۲۔ صعوہ ______ ممولا ______ ۴۰۰
۱۳۳۔ صقر ______ باز ______ ۴۰۱
۱۳۴۔ صلصل ______ فاختہ ______ ۴۰۲
۱۳۵۔ صنینات ______ ابابیل ______ ۴۰۳
۱۳۶۔ صوام ______ چڑیا ______ ۴۰۴

۱۳۷۔ضان ______ بھیڑ ______ ۴۰۵

۱۳۸۔ضب ______ گوہ ______ ۴۰۸

۱۳۹۔ضبع ______ بجو ______ ۴۱۲

۱۴۰۔ضروس ______ اونٹ ______ ۴۱۴

۱۴۱۔ضرغام ______ شیر ______ ۴۱۵

۱۴۲۔ضفدع ______ مینڈک ______ ۴۱۶

۱۴۳۔ضیغم ______ شیر ______ ۴۱۸

۱۴۴۔طافی ______ مردہ مچھلی ______ ۴۱۹

۱۴۵۔طاویہ ______ گھوڑا ______ ۴۱۹

۱۴۶۔طاوس ______ مور ______ ۴۲۰

۱۴۷۔طبرانی ______ مچھلی ______ ۴۲۶

۱۴۸۔طمر ______ مچھلی ______ ۴۲۷

۱۴۹۔طموسا ______ مچھلی ______ ۴۲۷

۱۵۰۔طیر ______ پرند ______ ۴۲۸

۱۵۱۔طیہوج ______ تیتر ______ ۴۳۶

۱۵۲۔ظبی ______ ہرن ______ ۴۳۷

۱۵۳۔ظرب ______ گھوڑا ______ ۴۴۲

۱۵۴۔عادیات ______ گھوڑا ______ ۴۴۲

۱۵۵۔عامر ______ سانپ ______ ۴۴۳

۱۵۶۔عجل ______ بچھڑا ______ ۴۴۳

۱۵۷۔عباس ______ شیر ______ ۴۴۴

۱۵۸۔عجال ______ اونٹنی کا بچہ ______ ۴۴۴

۱۵۹۔ابن عرس ______ نیولا ______ ۴۴۶

۱۶۰۔عرضان ______ ۴۴۷

۱۶۱۔عسلان ______ بھیڑیا ______ ۴۴۶

۱۶۲۔عصفور ______ چڑیا ______ ۴۵۰

۱۶۳۔عظایہ ____ گرگٹ ____ ۴۵۲
۱۶۴۔عقاب ____ چیل ____ ۴۵۳
۱۶۵۔عقرب ____ بچھو ____ ۴۵۵
۱۶۶۔عقعق ____ کوا ____ ۴۵۸
۱۶۷۔علق ____ جونک ____ ۴۵۹
۱۶۸۔عمد ____ مچھلی ____ ۴۶۱
۱۶۹۔عناق ____ بکری کا بچہ ____ ۴۶۲
۱۷۰۔عنز ____ بکری ____ ۴۶۳
۱۷۱۔عنقا ____ سیمرغ ____ ۴۶۳
۱۷۲۔عنکبوت ____ مکڑی ____ ۴۶۶
۱۷۳۔غراب ____ کوا ____ ۴۷۰
۱۷۴۔غزال ____ بچۂ آہو ____ ۴۷۸
۱۷۵۔غضنفر ____ شیر ____ ۴۷۹
۱۷۶۔غمام ____ بدلی ____ ۴۸۰
۱۷۷۔غنم ____ بکری ____ ۴۸۰
۱۷۸۔غول ____ بھوت پریت ____ ۴۸۲
۱۷۹۔فاختہ ____ چڑیا ____ ۴۸۵
۱۸۰۔فارہ ____ چوہا ____ ۴۸۶
۱۸۱۔فالج ____ ۴۹۳
۱۸۲۔فرخ ____ چوزہ مرغ ____ ۴۹۳
۱۸۳۔فصل ____ ۴۹۴
۱۸۴۔فرس ____ گھوڑا ____ ۴۹۵
۱۸۵۔فراش ____ پروانہ ____ ۵۰۰
۱۸۶۔فرعل ____ ۵۰۲
۱۸۷۔فنک ____ ترکی لومڑی ____ ۵۰۲
۱۸۸۔فہد ____ چیتا ____ ۵۰۲

۱۸۹_فیل ________ ہاتھی ________ ۵۰۳

۱۹۰_قبج ________ کبک ________ ۵۱۳

۱۹۱_قرد ________ بندر ________ ۵۱۴

۱۹۲_قرم ________ شیر ________ ۵۴۵

۱۹۳_قسورہ ________ شیر ________ ۵۴۶

۱۹۴_قطا ________ تیتر ________ ۵۴۷

۱۹۵_قصوئی ________ ناقہ ________ ۵۴۷

۱۹۶_قطمیر ________ کلب ________ ۵۴۹

۱۹۷_قمری ________ چڑیا ________ ۵۵۰

۱۹۸_قلائد ________ قربانی کا خاص اونٹ ________ ۵۵۱

۱۹۹_قمل ________ جوں ________ ۵۵۱

۲۰۰_قنبرہ ________ چنڈول ________ ۵۵۳

۲۰۱_قنفذ ________ ساہی ________ ۵۶۱

۲۰۲_کبش ________ مینڈھا ________ ۵۶۳

۲۰۳_کرکی ________ کلنگ ________ ۵۶۶

۲۰۴_کرکدن ________ گینڈا ________ ۵۶۶

۲۰۵_کلب ________ کتا ________ ۵۶۷

۲۰۶_کلب الماء ________ دریائی کتا ________ ۵۷۶

۲۰۷_کنعت ________ مچھلی ________ ۵۷۷

۲۰۸_کوسج ________ مچھلی ________ ۵۷۷

۲۰۹_ابن لبون ________ بچہ شتر ________ ۵۷۸

۲۱۰_لقلق ________ حاجی لقلق ________ ۵۷۸

۲۱۱_لیث ________ شیر ________ ۵۷۹

۲۱۲_مارماہی ________ بھاکر ________ ۵۸۰

۲۱۳_ابن مخاض ________ اونٹ ________ ۵۸۱

۲۱۴_مرتجز ________ گھوڑا ________ ۵۸۱

۲۱۵_مُرعہ	چڑیا	۵۸۴
۲۱۶_مسلم	چڑیا	۵۸۵
۲۱۷_مکا		۵۸۵
۲۱۸_مسنہ	اونٹ کا بچہ	۵۸۵
۲۱۹_معز	بکری	۵۸۶
۲۲۰_مُؤار	اسپ خوش خرام	۵۸۸
۲۲۱_میمون	گھوڑا	۵۸۸
۲۲۲_ناقہ	اونٹنی	۵۹۰
۲۲۳_نجائب	اونٹ	۵۹۹
۲۲۴_نحل	شہد کی مکھی	۶۰۰
۲۲۵_نعاب	زاغ	۶۰۶
۲۲۶_نعام	شترمرغ	۶۰۶
۲۲۷_نعجہ	دنبی	۶۰۹
۲۲۸_نغا		۶۱۰
۲۲۹_نسر	گدھ	۶۱۱
۲۳۰_نسناس	آدمی	۶۱۶
۲۳۱_نعم	چوپائے	۶۱۶
۲۳۲_نمر	تیندوا	۶۱۷
۲۳۳_نمل	چیونٹی	۶۱۹
۲۳۴_نون	مچھلی	۶۲۴
۲۳۵_والہ	اونٹنی	۶۲۷
۲۳۶_وبر	نیولا	۶۲۷
۲۳۷_وحش	جنگلی	۶۲۸
۲۳۸_ورشان	سفید کبوتر	۶۳۰
۲۳۹_ورل	سوسمار	۶۳۲
۲۴۰_وزغ	چھپکلی	۶۳۳

۲۴۱۔ وصع ____ چڑیا ____ ۶۳۵

۲۴۲۔ وصیلۃ ____ ____ ۶۳۵

۲۴۳۔ وطواط ____ چمگادڑ ____ ۶۳۶

۲۴۴۔ الھر ____ بلی ____ ۶۳۷

۲۴۵۔ ہزبر ____ شیر ____ ۶۳۸

۲۴۶۔ ھدھد ____ ہدہد ____ ۶۳۹

۲۴۷۔ ھدی ____ اونٹ ____ ۶۴۲

۲۴۸۔ ھمجہ ____ مکھی ____ ۶۴۲

۲۴۹۔ ھلوع ____ ____ ۶۴۳

۲۵۰۔ ھموس ____ شیر ____ ۶۴۴

۲۵۱۔ ھوام ____ کیڑے مکوڑے ____ ۶۴۵

۲۵۲۔ ھیم ____ پیاسا اونٹ ____ ۶۴۶

۲۵۳۔ یاجوج ماجوج ____ ____ ۶۴۷

۲۵۴۔ یربوع ____ چوہا ____ ۶۴۹

۲۵۵۔ یعسوب ____ خاکی ____ ۶۵۱

۲۵۶۔ یعفور ____ گدھا ۶۵۲ ____

۲۵۷۔ یعقوب ____ کبک ____ ۶۵۳

۲۵۸۔ بنت نقرض ____ چوہا ۶۵۵

کتابیات ____ ____ ۶۵۷

maablib.org

حرفِ آغاز

مولانا آغا مہدی لکھنوی مرحوم کی علمی خدمات سے کون واقف نہ ہوگا۔آپ نے اپنی پوری زندگی خدمت اہلبیتؑ کے لیے وقف کر رکھی تھی اور اس علمی سفر میں کبھی دنیاوی آسائشوں کو پسند نہیں کیا۔ فاقوں کی حالت میں بھی لکھتے رہے اور کبھی کسی کی خوشامد کو گوارا نہیں کیا۔ وہ صحیح معنوں میں ایک بہترین محقق اور مورخ تھے۔ تقسیم ہندوستان کے بعد کسمپرسی کے عالم میں پاکستان آئے۔ لکھنؤ کو چھوڑنا اور اس کے ساتھ ساتھ اپنے آبائی کتب خانے سے جدا ہونا موت سے کم نہیں تھا لیکن کراچی آکر بھی دینی خدمات کو جاری رکھا اور کئی مساجد و امام بارگاہوں کی بنیاد رکھی۔ ان کی بیشتر کتابیں کراچی میں چھپیں لیکن وہ بھی اتنی نایاب ہوگئیں ہیں کہ اب تلاش کے باوجود نہیں ملتیں۔ تقسیم ہند کے بعد بعض نوادرات وہ کراچی لے آئے لیکن ان کے نادر کتب خانے کا ایک حصہ ان کے فرزند سید محمد تقی نقوی بہت بعد میں لکھنؤ سے لائے تھے اور بقیہ کتابیں مدرسۃ الواعظین کے کتب خانے میں وقف کردیں تھیں۔ مولانا کراچی میں اپنے کتب خانے کو سینے سے لگائے رہے ان کی وفات کے بعد یہ کتب خانہ ان کے فرزند سید محمد تقی کے پاس رہا اور انہوں نے اس کی فہرست بنائی اور کتابوں کو محفوظ رکھا۔ ستمبر ۲۰۱۶ء میں انہوں نے فیصلہ کیا کہ یہ کتب خانہ مجھے دے کر وقف کردیں تاکہ یہ نوادرات محفوظ رہیں۔ مولانا آغا مہدی لکھنوی کے تینوں فرزندان تشریف لائے اور اپنی نگرانی میں پورا کتب خانہ میرے یہاں منتقل کیا اور ایک وقف نامہ ترتیب دیا جس پر سب کے دستخط مع گواہان موجود ہیں۔ مجھے سب سے زیادہ مولانا کی ان کتابوں کی فکر تھی جو غیر مطبوعہ تھیں اس لیے انہیں کتابت کے مراحل میں لایا گیا اور متعدد کتابیں اس وقت اشاعت کے لیے تیار ہیں جن میں ''تذکرۃ الحیوان'' سرِفہرست تھی۔ یہ کتاب مولانا کی تصنیف کردہ کتابوں میں عظیم ترین کتاب ہے اور اس کی نظیر اردو تو کیا دیگر زبانوں میں بھی مشکل سے ملے گی۔ اسے انہوں نے دمیری کی حیات الحیوان کی طرح لکھا ہے فارسی اور اردو اشعار اور ضرب الامثال و محاورات نے اسے چار چاند لگائے ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ مولانا نے اپنے ہاتھ سے تصویریں بھی بنائیں اور ان میں رنگ بھرے جو خود اُن کے لطیف ذوق کی دلیل ہے۔ کتاب کا رسم الخط بہت پیچیدہ تھا۔ مولانا نے بعد میں جو اضافے کیے تھے انہیں تسلسل کے ساتھ پڑھنا آسان نہ تھا اس لیے بہت محنت کے بعد کوئی تین برس میں اس کی کتابت مکمل ہوئی۔ کوشش کی گئی کہ عربی عبارتوں کو اعراب کے ساتھ لکھا جائے اور جو حوالے رہ گئے ہیں انہیں مکمل کیا جائے اس لیے اس میں بھی خاصا وقت صرف

ہوا۔ مولانا اردو شعر لکھنے میں اکثر توہمات کا شکار تھے اس کی وجہ مجھے سمجھ نہ آئی بیشتر اردو اشعار میں غلطیاں تھیں انہیں بھی کسی حد تک رفع کر دیا ہے باقی جو مصادر میری پہنچ سے دور تھے اُس کے لیے میں مجبور ہوں اور مولانا کی روح سے معذرت خواہ ہوں۔

اس کتاب کے بارے میں تفصیلات آپ آگے میرے مقالے میں پڑھیں گے۔ مولانا نے اس کی تصنیف میں خونِ جگر صرف کیا ہے شاید یہ اُن کے اخلاص کا سبب تھا کہ اتنے عرصے یہ کتاب محفوظ رہی اور آج کم و بیش ۸۵ برس بعد اشاعت کے مرحلے میں آرہی ہے۔ اگر یہ کتاب پہلے چھپ جاتی تو لوگ صحیح معنوں میں ان کی عالمانہ صلاحیتوں کو سمجھتے۔ اس کتاب کے ساتھ میں نے اور بھی نوادرات شامل کیے ہیں جن میں مولانا کے اجازہائے روایت اور کچھ تصاویر بھی ہیں۔ نام و نمود کو انہوں نے کبھی پسند نہیں کیا ہمیشہ سادہ زندگی گذاری۔ اس عظیم خدمت کے بدلے میں انہیں جتنا خراج پیش کیا جائے کم ہے۔ غربت کی وجہ سے ان کی کتابیں اشاعت پذیر نہ ہو سکیں لیکن اب انشاء اللہ ان کے تمام علمی کارنامے منظر عام پر آئیں گے اور اُن کی وہ کتابیں جو چھپ کر نایاب ہو چکی ہیں وہ بھی چھپیں گی۔ میں نے ان کی تصانیف کی فہرست بھی اس کتاب میں شامل کر دی ہے تاکہ لوگ ان کے علمی کاموں کی ایک جھلک دیکھ سکیں اور اگر کوئی ہمدردِ قوم اور قدردانِ علم ان کی اشاعت کی ذمہ داری اٹھائے تو یہ ایک عظیم خدمت ہوگی۔

کتاب کی اشاعت میں مولانا کے عزیز اور امریکہ کے نامور بانیِ امام باڑہ، جناب باقر نقوی اور عزیزم جناب مرزا محمد علی نے تعاون فرمایا خدا ان کی توفیقات میں اضافہ فرمائے۔ مولانا تلمیذ حسنین رضوی اور مولانا اسد علی زیدی بھی اس کی اشاعت کے لیے کوشاں تھے اُن کی امید بھی بر آرہی ہے وہ بھی میرے تشکر کے مستحق ہیں۔ کتاب کی اشاعت کے دوران مولانا کے فرزند سید محمد تقی صاحب مرحوم ہو گئے ان کی تمنا تھی کہ وہ اس کتاب کو مطبوعہ دیکھتے بہرحال ان کا مضمون اس کتاب میں شامل کر دیا ہے تاکہ وہ بھی اس خدمت کا حصہ بنے رہیں۔ خدا اُن کے درجات کو بلند فرمائے۔

مجھے اِس بات کی کمال مسرت ہے کہ ایک عظیم علمی سرمایہ قوم کے سامنے آرہا ہے جس سے ایک نسل استفادہ کرے گی اور محققین رہنمائی لیں گے۔ حتیٰ الامکان کوشش کی گئی ہے کہ کتاب کی طباعت معیاری ہو اور مولانا کے ہاتھ کی بنی ہوئی تصویریں بھی محفوظ ہو جائیں۔ اس مرحلے میں میں کس حد تک کامیاب ہوا اپنی رائے ضرور دیجیے گا۔ اسی طرح کی مزید کتابیں انشاء اللہ چھپتی رہیں گی۔

سید ارتضیٰ عباس نقوی

۵ / مارچ ۲۰۲۰ء

زبدۃ العلماء لسان الملت

مولانا آغا مہدی لکھنوی مرحوم

تذکرۃ الحیوان کے قلمی نسخے کا ایک ورق

۲۸

[illegible] خواص [illegible] بکری [illegible]

[illegible] اسکا پتہ تمام [illegible]

اسکی [illegible] اگر [illegible]

[illegible] استعمال [illegible]

[illegible] (الحکم) [illegible] حلال ہے۔

[illegible]

(۸) اریان جھینگا

ایک چھوٹی قسم کی مچھلی ہے جسکو [illegible] حیات الحیوان میں

روبیان سے تعبیر کیا ہے اور بتایا ہے کہ سرخ رنگ کی ایک چھوٹی سی

مچھلی ہوتی ہے [illegible]

یہ ایک قسم کی مچھلی ہے [illegible]

[illegible]

اس مچھلی کا ذکر امام [illegible]

[illegible]

آپ نے [illegible]

(الوسائل شیعہ)

خواص۔ اس مچھلی کو خوب [illegible]

[illegible]

(الحکم) حلال ہے۔

(۹)

اسد ۔ شیر ۔ باگھ ۔ ببر

Lion.

مشہور درندہ ہے [illegible] جانور [illegible] اسکا [illegible]

اسکو جنگل کا بادشاہ کہتے ہیں [illegible] انسان [illegible]

عربی زبان میں شیر کے [illegible] نام [illegible] ابن خالویہ نے شیر کے پانسو نام [illegible] کنیت اسکی ابو الابطال [illegible]

تذکرۃ الحیوان کے قلمی نسخے کا ایک ورق



تذکرۃ الحیوان کے قلمی نسخے کا ایک ورق



مولانا آغا مہدی لکھنوی کے ہاتھ کی بنی ہوئی تصویریں (تذکرۃ الحیوان کے اصل قلمی نسخے سے)

خرگوش

باشہ

مرغابی



طوطا



خچر



بطخ

گائے



اُونٹ

مگرمچھ

اُلو

مولانا آغا مہدی لکھنوی کے ہاتھ کی بنی ہوئی تصویریں (تذکرۃ الحیوان کے اصل قلمی نسخے سے)

اژدھا

بانب



کبوتر

پڑیا ڈھیک

چمگادڑ



تیتر

گھوڑا

مرغی



بھڑ



کچھوا

مولانا آغا مہدی لکھنوی کے ہاتھ کی بنی ہوئی تصویریں (تذکرۃ الحیوان کے اصل قلمی نسخے سے)

باز

بکری



گوہ

شیر

سانپ

مینڈگ

ہرن

چڑیا

جونک

بکری

مولانا آغا مہدی لکھنوی کے ہاتھ کی بنی ہوئی تصویریں (تذکرۃ الحیوان کے اصل قلمی نسخے سے)

کوا

تتلی

چیتا

قمری

ہاتھی

چنڈول

شہد کی مکھی

بڑباگڑ

شُتر مرغ

مولانا آغا مہدی لکھنوی کے دادا شمس العلماء مولوی سید محمد ابراہیم مرحوم

مولانا آغا مہدی لکھنوی، اُن کے والد مولوی سید محمد تقی صاحب قبلہ
اور بھائی مولوی سید محمد حسین (عرف میرن صاحب)

مولوی سید ابوالحسن نقوی صاحب (نقن صاحب کے والد)
مولوی کلب حسین (عرف کبن صاحب قبلہ)، مولانا آغا مہدی لکھنوی

مولانا آغا مہدی لکھنوی اپنے تینوں بیٹوں کے ساتھ
سید محمد ہادی، سید محمد تقی، سید محمد ذکریا



جشنِ یادگارِ مرتضوی کے موقع پر اندور میں تقریر کرتے ہوئے (۱۹۵۷ء)

تبرّا ایجی ٹیشن کے موقع پر امام باڑہ آصف الدولہ لکھنؤ سے گرفتاری دیتے ہوئے

مولانا آغا مہدی لکھنوی زمانہ پیری میں

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الذي انزل على عبده الكتاب موعظة وذكرى لأولي الألباب
والصلاة والسلام على رسوله المصطفى لتبليغ رسالته وانفاذ دعوته
واهل بيته الدعاة الى سبيل الحق بالحكمة والموعظة الحسنة
الذين جعل الله حبهم حسنة لا تضر معها سيئة وبغضهم سيئة لا تنفع معها حسنة
اما بعد فهذا احسن ما قرع سمعي من مساعي الفاضل
الالمعي السيد انعام مهدي دام علاه آل العلامة الكبير المولوي
السيد لدار علي المغفور اللكنوي بطلب نشر مواعظ الوعظ
والتذكير وبث فضائل اهل البيت المخصوصين بالتطهير جزاه الله
خير الجزاء واحسن ... وطوبى لمن اتعظ بمواعظه واهتدى
بهداه والسلام عليه وعلى كافة اخواني المؤمنين ورحمة الله وبركاته

في الخامس عشر من شهر رجب الحرام الاحقر محمد هادي الحسيني
سنة ١٣٣٩ الخراساني الحائري

آیت اللہ محمد ہادی حسینی خراسانی حائری کی طرف سے دیا گیا اجازہ روایت

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الذي ارسل رسوله بالهدى ودين الحق ليظهره على الدين كله ولو كره المشركون
صلى الله عليه وعلى آله الذين آمنوا الذين يقيمون الصلوة ويؤتون الزكوة وهم
راكعون اما بعد فقد بلغ مسامعي ما بذله الواعظ البارع اللوذعي السيد آغا مهدي
اللكهنوي دام علاه من المساعي المشكورة والاعمال المبرورة في ذكر فضائل العترة الطاهرة
ونشر آثار الدين المبين بالموعظة الحسنة والخطابة البليغة فاعجبني ذلك وقدرت
سعاه احسن الله جزائه واجزل حبائه وطوبى لمن استمع بوعظ واهتدى
والسلام على كافة المؤمنين ومن اتبع الهدى الاحقر علي الحسيني الشيرازي

حرر ۱۹ رجب
۱۳۴۹

آیت اللہ سید علی حسینی شیرازی کی طرف سے دیا گیا اجازہ روایت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین وافضل صلواتہ وتحیاتہ علی اشرف الاولین والآخرین محمد واہل بیتہ الطیبین الطاہرین واللعنۃ الدائمۃ علی اعدائہم اجمعین ابد الآبدین. وبعد جناب مستطاب ملاذ الانام رکن الاسلام مروج الاحکام آقای آقا سید مہدی نجل المولی السید محمد تقی آل غفران مآب السید دلدار علی الہندی صاحب العماد ـ المتوفی سنۃ ۱۲۳۵ ہجریہ طاب رمسہ کہ از جملہ متورعین اہل علم وجامع مکارم صوریہ ومعنویہ وحائز اخلاق فاضلہ حسنہ میباشند از این جانب استجازہ نمودند کہ روایت کنند جمیع ما صحت لی روایتہ پس بایشان اجازہ دادم کہ روایت کنند جمیع آنہا را خصوصاً کتب اربعہ (کافی واستبصار وتہذیب ومن لا یحضرہ الفقیہ) واوصیہ بملازمۃ تقوی اللہ سبحانہ فی السر والعلانیۃ والرضا والغضب فان تقوی اللہ مفتاح سداد وذخیرۃ معاد بہا ینجح الطالب وینجو الہارب وینال الرغائب وان لا ینسانی من صالح الدعاء انشاء اللہ تعالی

محسن الطباطبائی الحکیم

۱۳۷۳

۲۴|۶

آیت اللہ سید محسن الحکیم کی طرف سے دیا گیا اجازۂ روایت

بسم الله الرحمن الرحیم

بعد الحمد والصلوة بعرض شریف سرکار عالی میرساند از جانب مقدس حضرت

[illegible]

۱) ارسال اعقاب [illegible]

۲) ارسال [illegible]

۳) ارسال عکس [illegible]

۴) [illegible] ۵) [illegible]

۷) [illegible]

۸) [illegible] ممنونم

[illegible]

آیت اللہ سید شہاب الدین مرعشی نجفی کا خط مولانا آغا مہدی لکھنوی کے نام
جس میں خاندانِ اجتہاد سے متعلق کچھ نوادرات کے بارے میں ذکر کیا گیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لله وكفى والصلوة على رسوله محمد المصطفى
وآله شموس الهدى. اما بعد فان فضيلة الجماعة نطق بها
القرآن وورد ما ورد فيها عن امناء الرحمن اما الكتاب فقوله تعالى
واركعوا مع الراكعين واما السنة فعن الرضاء عليه السلام فضل الجماعة
على المفرد بكل ركعة الفا ركعة ولا يصلى خلف فاجر ولا يقتدى
الا باهل الولاية وعن الصادق عليه السلام قال من صلى خمس صلوات
في اليوم والليلة فظنوا به خيرا واجيزوا شهادته وقال عليه السلام
من صلى الغداة والعشاء الآخرة في جماعة فهو في ذمة الله
ومن ظلمه فانما يظلم الله ومن حقره فانما يحقر الله
عز وجل وعن محمد بن عمار قال ارسلت الى ابي الحسن

(۱)

مولوی سید آقا حسن صاحب قبلہ (مولوی کلبن صاحب قبلہ کے والد)
کی طرف سے نماز پڑھانے کا اجازہ

الرضا ع اسئله عن الرجل يصلي المكتوبة وحده في
المسجد الكوفة افضل او صلوته في جماعة فقال الصلوة
في جماعة افضل وفي الحديث النبوي ان صفوف امتي
كصفوف الملائكة في السماء والركعة في جماعة اربع وعشرون
ركعة كل ركعة احب الى الله من عبادة اربعين سنة
ثم من استجاز مني سالك مسالك الصلاح والسداد
وناهج مناهج السعادة والرشاد سليل الاطياب الامجاد
المنتسب من اهل الفقه والاجتهاد السعيد الزكي
والرشيد اليلمعي السيد مهدي حرسه الله
ورحمه والى اعلى درجة الفقهاء رقاه فانه
قد اتصف بمكارم الخصال وارتدى برداء
محاسن الافعال وفاز بالاخلاق الرضية

والخصال المرضية والفضائل الحميدة

والمناقب السديدة فلا بأس بان يقتدى به

ويتأدب بآدابه فاجزت له ان يؤم الجماعات

خالصاً لوجه الله تعالى عن الريب والشبهات

فمن اقتدى به فى الصلوات وصلى

خلفه الجمعة والجماعات يرجوان يفوز

بدرجات المصلين ويكون عمله مرضياً

عند رب العالمين وعليه بملازمة الورع و

الصلاح والتقوى فانها هي العروة الوثقى فى الاولى

والاخرى وانما التوفيق عن الله العلى الاعلى ولله

الحمد اولاً واخراً حرره السيد [illegible] ١٠ ذى الحجه ١٣٣٠ ه

[illegible]

(۳)

مولوی سید آقا حسن صاحب قبلہ کی مہر موجود ہے

اور ساتھ ہی حاشیہ میں مولوی سبط حسین نقوی مرحوم کا توثیق نامہ بھی مہر کے ساتھ موجود ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی جعل الصلوۃ لعبادہ معراجا وفی القبر
سراجا وهاجا والصلوۃ علی رسولہ الذی سماہ فی
کتابہ سراجا فاضاء لنا سبلا للهدایة ومنهاجا
وآلہ الذین قد اوضحوا للدین منهاجا اما بعد
فلا یخفی علی اولی الدرایة والاستبصار وذوی
الالباب والابصار ان افضل الاعمال واعلیها
واسنی القربات وازکیها الصلوة التی ان ردت
رد ما سواها وان قبلت قبل ما سواها وانما مع

(۱)

مولوی سید ابوالحسن نقوی صاحب قبلہ (نقن صاحب کے والد) کی طرف سے دیا گیا اجازہ

الجماعة بالمومنين فلها من جهة زائدة على المنفعة
ومصلحة على المصلحة فتحت بها حفاظ الشرعيات
التي هي تكشف عن الواقعيات فلمن استانس بعبادة
الملك الغفار وعبده زلفا من الليل وطرفي النهار
الاهتمام بهذا الامر الجليل والخطب الجميل لكنه
لا بد للامام ان يكون مستجمعا لشرائط الامامة و
حافظا لنفسه عن الزلات لمن يقتدي به رجاء
لرحمته واعلم ان العدالة عندنا هي ملكة باعثة على
اتيان الواجبات والكف عن السيئات بشرط
كونها مانعة فعلا فالاجتناب الفعلي معتبر في تحقق
مفهومها على الاقوى وعدم صدور منافيات المروءة
معتبر في الكاشف والطريق دون المنكشف وذي
كذلك وممن فاز بما قرت به الاعين و
مدحت به الالسن وصار حقيقا بالاشارة

وحائزا بكمال السعادة والرشاده ولدى السعيد
وابن اخى الشهيد المولوى الالمعى السيد مهدى
سلمه الله وابقاه والى اعلى مدارج الفضل و
الرشادة رقاه فانى قد وجدته كاملا لتلك
الملكة العادلة بكمال المعاشرة ولما وثقت عليه
كمال الوثوق والاطمينان بفضل الله الملك
المنان [illegible] يوم الجماعة [illegible] الصلوات
بوا[illegible] اذ قد [illegible] فى العيدين والجمعة
وان كان الجمعة على ما ادى اليه نظرى القاصر مما
لا حكم لهم فى غيبة الامام عليه الاف التحية
والسلام اللهم عجل فرجه وسهل مخرجه لكن
الاحوط الاذن من الفقيه لغيره فى الامامة
والحضور بها فى الجمعة والاتيان بالوظيفتين
بقصد القربة واوصيه بملازمة التقوى ونهى

النفس عن الهویٰ و تقدیم الاورع والافقہ
فی الجماعۃ والتدین فی الدین والصیانۃ علی حقوق
الاخوۃ المومنین وصلۃ الرحم باولی الارحام و
المواساۃ بالاخوۃ المتقین واعانتہم بالحلال
ونصرۃ الدین وان لا ینسانی عن صالح الدعوات
سیما توفیق الصبر علی نوائب الاشجان الدنیویۃ
وانواع الاحزان والبلیۃ وثبات القدم فی جمیع المکارہ
عند الابتلاء وحین نزول البلاء وکلما یصلح لی
من الدعوات فی الخلوات سیما فی مظان الاجابات
کما لا انساہ انشاء اللہ تعالیٰ

قد حرر بیمینہ الاحقر ... الداثر ... من الاخلاد
من الحسنات ولا بضاعۃ لہ الا السیئات ابو الحسن النقوی
عفا اللہ عنہ فی الجمعۃ الرابع والعشرین من شہر شعبان المعظم
من سنۃ ... وعشر بعد الالف وثلاث مائۃ من الہجرۃ النبویۃ
علی ہاجرہا الاف التحیۃ

باسمہ سبحانہ
کفاہ سلمہ اللہ وناہیہ ما کتب الجمع الفقیہ النبیہ
فہو مجاز فی اقامۃ الجماعۃ مراعیا للاحتیاط ولا ینسانی عن الصالح الدعوات
کتبہ السید نجم الحسن عفی عنہ
...

(۴)

مولوی سید ابوالحسن نقوی صاحب قبلہ کی مہر موجود ہے
اور ساتھ ہی نجم الملت مولوی سید نجم الحسن صاحب قبلہ مرحوم کی توثیق بھی مہر کے ساتھ موجود ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الذي قصرت دون ادراك كنه ذاته افهام العارفين، وكلّت عن تبيين صفاته السن المتكلمين، هو الذي نزّل القرآن على حبيبه فرقاناً بين الحق والباطل وجعله بياناً للناس وهدى وموعظة للمتقين، وامرنا بالدعوة الى سبيله بالحكمة والموعظة الحسنة لتكون ابلغ تاثيراً في قلوب المنصفين، والصلوة والسلام على سيدنا ومولانا ابي القاسم محمد اشرف المرسلين وخاتم النبيين، الصادع بامر الله بالقول الليّن والكلام المبين، والمجاهد في الله بالجدال الحسن والحجج البالغة المبلغة الى حق اليقين، وعلى آله الطيبين الطاهرين الذين جعلهم الله منار المهتدين، وعترته الاعظمين الاكرمين الذين بذلوا مهجهم في اعلاء كلمته وصبروا على البلاء والاذى في سبيله فجعلهم الله ائمة المؤمنين ورحمة للعالمين، لا سيما سيدنا ومولانا امير المؤمنين علي بن ابيطالب سيد الوصيين وخازن علم النبيين والحق الناس بالخلافة والوصاية علماً وعملاً وفضلاً وقرابة لابن عمه محمد سيد الاولين والآخرين، الحازم لهام الكفرة النواصب اجناد الضالين والمضلين، الصابر على شدائد الزمان ومكائد اهل سقيفة لا من الخلائق اجمعين، الحافظ لشرائع الاسلام مع حرمانه وغصب حقوقه المنصوصة من الله رب العالمين، صلوة شاملة نافذة من يومنا هذا الى يوم الدين، وبعد فان الحبيب اللبيب الاديب الاريب، الفائز على السعادة الدينية باكمل الحظ واوفر النصيب، غصن شجرة الاجتهاد ونور حدقة الارشاد، زين المجالس والمنابر، زينة المحافل والمحاضر، الفاضل الذكي الالمعي والكامل الزكي اللوذعي جناب المولوي السيد آغا مهدي لا زال كاسمه هادياً مهدياً وبالظفر على من انكر الحق عزيزاً قوياً، قد ظهر لما شمّر ذيله لهداية الضالين والمضلين وبذل سعيه في المواعظ والنصائح للمؤمنين والمناظرة والمجادلة مع الجاهلين والمرتابين، فكم من جاحد منكر اعترف بالحق الحقيق ودخل في زمرة المسلمين، وكم من شاك مرتاب انقطع واعظم وسار من شكوكه وشبهاته الى علم اليقين، وكم من مسلم اسلم وجهه لدين الله مخلصاً وصار من المؤمنين، وكم من مؤمن موقن بلغ اقصى مدارج الايمان والتقى الى ايمانه حق اليقين، شكر الله سعيه وجعله من الآمرين بالمعروف والناهين عن المنكر والناصرين لدينه وحماة خلفائه على الارضين.

وانا الراجي عفو ربه القوي
السيد قاسم على الرضوي عُفي عنه
مدير مجلة الواعظ
مدرسة الواعظين لكهنؤ
غرة ج ١ سنة ١٣٤٩ هـ

مولوی سید قاسم علی رضوی مرحوم (مدیر مجلہ الواعظ، مدرسۃ الواعظین لکھنؤ) کی طرف سے مولانا آغا مہدی لکھنوی کے لیے تعریفی کلمات

سید محمد تقی نقوی (خلفِ مؤلف)

مولانا آغا مہدی لکھنوی کے حالاتِ زندگی

ولادت:

۲ر مارچ ۱۸۹۹ء بمطابق ۱۹ر شوال ۱۳۱۶ھ برصغیر کے شیعی مرکز لکھنؤ کے مشہور علمی خانوادہ ''خاندانِ اجتہاد'' میں رونق افزائے ہستی ہوئے۔

اسم گرامی:

والد علام آیت اللہ سید محمد تقی مجتہد نے سید مہدی نام رکھا لیکن سن طفولیت سے ہی آپ ''آغا مہدی'' کے نام سے مشہور ہوئے اور اس نام سے ہی منفرد اور نمایاں مقام حاصل کیا۔

خاندان ونسب:

پانچویں پشت میں آپ کا سلسلہ نسب بارہویں صدی ہجری کے اُس جید عالم ربانی سے جا ملتا ہے جن کی شہرت سید دلدار علی غفراں مآبؒ کے نام سے ہے۔ جو برصغیر کے پہلے مجتہد اعظم تھے اور جن کے سحاب علمی نے ہر خانوادۂ علم کو سیراب کیا۔ ۲۸ واسطوں سے آپ کا سلسلہ نسب حضرت امام علی نقی علیہ السلام سے جا ملتا ہے۔

شجرہ:

امام یازدہم، حضرت امام علی نقی علیہ السلام۔

(۱) ابوعبداللہ جعفر
(۲) طاہر
(۳) محمد
(۴) ابوطالب حمزہ
(۵) ابوالعلی محمد
(۶) ابوعلی
(۷) نجم الدین
(۸) شرف الدین
(۹) علم الدین
(۱۰) علیم الدین
(۱۱) نصیر الدین
(۱۲) تاج الدین
(۱۳) سیّد خضر
(۱۴) سیّد ذکریا
(۱۵) سیّد جلال الدین
(۱۶) سیّد ابراہیم
(۱۷) سیّد محمود
(۱۸) سیّد مصطفیٰ
(۱۹) سیّد طالب
(۲۰) سیّد ابراہیم

(۲۱) عبدالہادی (۲۲) محمد معین

(۲۳) سیّد دلدار علی غفراں مآب (۲۴) سیّد العلماء سیّد حسین

(۲۵) ممتاز العلماء سیّد محمد تقی جنت مآب (۲۶) شمس العلماء سیّد محمد ابراہیم

(۲۷) سیّد محمد تقی مجتہد (۲۸) سیّد مہدی المعروف سیّد آغا مہدی

(لسان الملۃ زبدۃ العلماء)

ابتدائی تربیت:

ماحول میں ہر طرف تحصیل علم وکمال کا چرچا تھا۔ پانچویں سال رسم بسم اللہ والد محترم نے خود انجام دی۔ قرآن مجید جدّہ ماجدہ سے شروع کیا۔ جسمانی طور پر نحیف و کمزور و نیز قلبی عوارض بچپن سے ہی تھے، اس لیے تعلیم کا بوجھ نہیں ڈالا گیا اور قرآن مجید یہ کہہ کر ترک کروا دیا گیا کہ بڑے ہو کر جب صرف ونحو میں مہارت حاصل کر لیں گے تو قرآن خود پڑھ لیں گے اور پھر ایسا ہی ہوا۔ قرآن بھی خود ہی پڑھ لیا۔ بظاہر قلبی امراض گھیرے ہوئے تھے۔ جسمانی طور پر کمزور لیکن زبردست قوتِ ارادی کے حامل تھے۔ اُن کی شخصیت کی تعمیر میں اُن کے اطراف کا علمی ماحول نمایاں تھا۔ آنکھ کھول کر ایک طرف عم محترم مولانا سیّد ابوالحسن صاحب قبلہ مجتہد پرنسپل مدرسۃ الواعظین لکھنؤ (والد محترم علامہ سیّد علی نقی مجتہد عرف نقن صاحب طاب ثراہ) کے پاس طلبہ کا ہجوم دیکھا تو دوسری طرف والد ماجد اعلی اللہ مقامہ کی مجلس درس شباب پر دیکھی۔ علمی مذاکرے، بحث و تمحیص ردّ وقدح ہمہ وقت کتابوں کا تذکرہ سن سن کر لکھنے پڑھنے کا ذوق اور علمی مباحث میں شمولیت کی آرزو شدت سے پروان چڑھنے لگی۔ تعلیمی منازل سرعت سے طے کیں اور آپ نے زانوئے ادب کسی غیر کے آگے تہہ نہیں کیا۔ سارے علمی مدارج والد علام یا عم معظم کے زیر سایہ وتربیت انجام دیئے۔ کتب درسیہ میں ادب، منطق، فلسفہ اور صرف ونحو والد علام سے اور فقہ، اُصول، تاریخ، علم رجال میں کمال اپنے عم محترم سے حاصل کیا۔ کتب بینی کا شوق ورثہ میں ملا۔

ذاکری:

۱۹۰۶ء میں ۷ سال کی عمر میں ذاکری کی ابتداء کی۔ ۱۳۹۰ھ تک ۸۱۹۷ مجالس سے خطاب کیا اور جو تقریر آپ نے ایک مرتبہ کی اُسے دہرایا نہیں اور پڑھی ہوئی مجالس کا ریکارڈ دو جلدوں میں محفوظ ہے۔ کثرت اشغال کے سبب آخر عمر تک کا ریکارڈ ۱۴۰۶ھ میں منقطع ہو گیا۔

مضمون نگاری:

ذاکری کی طرح مضمون نگاری بھی اوائل عمر سے کی اور دیکھتے ہی دیکھتے برصغیر کے قومی جرائد میں آپ کے مضامین نے نمایاں جگہ بنائی اور یہ سلسلہ زندگی کے آخری لمحات تک جاری رہا۔ کثرت مشاغل اور ضعف و

اضمحلال کے باعث فہرست مضامین کا سلسلہ بھی منقطع ہوگیا۔ تاہم ۱۱۶۲ مضامین جو قومی جرائد و رسائل میں شائع ہوئے اس کی فہرست موجود ہے۔ جس میں ۲۷۳ مقالات حسینیت پر ہیں۔

تصنیفات و تالیفات:

شہدائے کربلا کی سیرت نگاری پر آپ پہلے شخص تھے جنہوں نے اپنے قائم کردہ ادارے "جمعیت خدام عزا" کے پلیٹ فارم سے شہداء کی انفرادی سوانح عمریاں شائع کیں۔ ہندوستان میں جب حسینیت پر دشمنوں کی یلغار ہوئی تو ۱۹۲۴ء میں دفاعی حکمت عملی کے تحت اِس ادارہ کی بنیاد ڈالی جو اُن کی حیات ۱۲ر جولائی ۱۹۸۶ء تک فعال رہا اور اُن ۶۲ سالوں میں ہندو پاکستان سے ہزاروں رسالے قوم کی نذر کیے۔ آپ کی تصنیفات و تالیفات کی تعداد ۳۳۰ ہے۔ چہاردہ معصومین کے انفرادی سوانح حیات، زینبؑ کبریٰ، العبد الصالحؑ، الحسینؑ اور تاریخ لکھنؤ حصہ اوّل و دوئم نے شہرت پائی، اس کے علاوہ درجنوں کتابیں مثلاً تاریخ لکھنؤ تیسری جلد، تذکرۃ الحیوان، سیرت الذاکرین و دیگر کتب طبع نہ ہوسکیں۔

میدانِ صحافت:

"الصراط" لکھنؤ کی ادارت کی۔ لکھنؤ کے قدیم مزاحیہ جریدہ "اودھ پنچ" میں بھی آپ کے مقالات چھپتے رہے۔ ماہنامہ "الواعظ" لکھنؤ کی برسوں ادارت کی اور ہجرت سے قبل تک اسی سے وابستہ رہے۔ مخصوص شماروں میں آپ کے مضامین ہمیشہ چھپتے رہے۔

مذہبی و قومی خدمات:

مذہب و ملت پر جب بھی کڑا وقت پڑا آپ نے کبھی بھی اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا۔ ۱۹۳۹ء میں فرقہ پرستوں اور فتنہ پردازوں نے جب ملت جعفریہ پر چہار جانب سے یلغار کی تو آپ نے ہمدردانِ ملت کے ساتھ مل کر "تنظیم المومنین" کی بنیاد ڈالی اور تنظیم کے سرگرم رہنما قرار پائے اور حسینی محاذ سے باطل پر شدید ضربیں لگائیں اور امام باڑہ آصف الدولہ لکھنؤ میں انتہائی پُرجوش اور بصیرت افروز تقریر کے بعد صدائے استغاثہ پر لبیک کہتے ہوئے اپنی گرفتاری پیش کر کے سیرت سیّد سجادؑ پر عمل کیا۔ قوم نے پُرجوش تقریر ملت کی صحیح ترجمانی دیکھ کر "لسان الملت" کا خطاب دیا۔ پہلے آپ کو ڈسٹرکٹ جیل لکھنؤ میں رکھا گیا اور بعدہ میرٹھ جیل، بی کلاس میں تقریباً چھ ماہ کی قید بامشقت کاٹی۔ یہ گرفتاری ۶ر اپریل ۱۹۳۹ء کو دی گئی۔ مشقت میں ۱۵۰ گز بان بٹنا تھا لیکن جیلر زبردستی ۳۰۰ گز بان بٹواتا تھا۔ مجالس اور تبلیغ دین کے سلسلہ میں آپ نے ۱۲۶ شہروں اور بستیوں کا سفر کیا۔ ۴ مرتبہ زیارات عتبات عالیہ کا شرف حاصل کیا۔ ۲ بار ایران کے مقامات مقدسہ کی زیارت کی۔ ۲۲ سال تک عہد نوابی کی مسجد تحسین علی خاں لکھنؤ کی امامت کے فرائض آنریری طور پر انجام دیئے اور ہر اتوار کو بعد نماز ظہرین موعظہ فرماتے تھے۔

ترکِ وطن:

آپ اپنے اجداد کی چھٹی پشت میں پہلے فرد تھے جس نے ۲۲ر جولائی ۱۹۶۰ء لکھنؤ کو خیر باد کہا اور نئے عزم و حوصلے اور خدمت دین کے جذبہ سے سرشار کراچی (پاکستان) ہجرت کی اور زندگی کے آخری لمحات تک تقریباً ۲۶ سال خدمت دین کے شعار پر چلتے ہوئے تصنیفات میں منہمک رہے۔

ثوابِ جاریہ:

آپ نے کراچی میں جس جس جگہ عارضی قیام کیا وہاں وہاں مساجد کی داغ بیل ڈالی اور نماز جماعت کی تحریک کی۔ (۱) مسجد حسینی فیڈرل ایریا (۲) جامع مسجد نور ایمان (۳) مسجد و امام باڑہ اُم البنین (۴) مسجد عسکری دستگیر (۵) قبہ سکینہؑ (۶) مسجد مرتضوی (خیر العمل) انچولی (۷) مسجد معصومین۔ بلاک ۱۴۔ فیڈرل بی ایریا (۸) مسجد آل عبا، (۹) شیعہ مسجد واہ آرڈیننس فیکٹری (۱۰) شیعہ مسجد حسن ابدال۔

متعدد مساجد میں نماز مغربین و نماز جمعہ (نور ایمان) دینی فریضہ سمجھ کر پیدل یا دو دو بسوں میں سفر کر کے انجام دیتے تھے۔

ایفائے عہد:

۱۹۷۹ء میں آنکھوں کی بینائی جاتی رہی جو آپریشن کے بعد ۱۹۸۲ء میں بحال ہوئی۔ اس عدم بصارت کے باوجود سلسلہ تصنیف کو جاری رکھا۔ آپ بولتے جاتے تھے اور کاتب لکھتا رہتا تھا۔ آپریشن سے قبل اللہ سے بحالیٔ بصارت کی دُعا کی کہ بینائی واپس آنے پر سوائے دینی اُمور کے اخبار کو ہاتھ تک نہیں لگاؤں گا اور اس پر پوری طرح عامل رہے۔ سرجن کی غفلت اور عدم توجہی کے باعث داہنی آنکھ کی بینائی ہیمرج ہو جانے سے جاتی رہی۔ اب مطالعہ کا سارا زور اور تحریری اُمور کی انجام دہی پر سارا بوجھ بائیں آنکھ پر تھا لیکن بصارت یا عدم بصارت کو دینی خدمات میں حائل نہیں ہونے دیا۔

فرض شناسی کی اعلیٰ ترین مثال:

قیام ہندوستان ہو یا قیام کراچی نماز جماعت ایک دینی فریضہ سمجھ کر انجام دیا۔ جناب مرحوم کے جواں سال فرزند فقیہ مولانا سید محمد ہادی نقوی فاضل نجف و قم و مدرسۃ الواعظین لکھنؤ کے فارغ اور واعظ و مبلغ جنہوں نے ۲۱ر رمضان کو اثنائے جلوس شہادت مولا علیؑ میں پہلی بار بندر روڈ نزد امام بارگاہ علی رضاؑ پر نماز جماعت (ظہرین) پڑھائی اور قائم کی، مسجد عسکری میں شب ہائے قدر میں شب بیداری کی اور ٹھنڈک میں برین ہیمرج اور فالج میں مبتلا رہ کر داخل اسپتال ہوئے اور ۲۳ر جنوری ۱۹۶۶ء کو شب عید رحلت فرمائی۔ آپ نے مسجد عسکری کی نماز مغربین اور مسجد نور ایمان کا جمعہ ناغہ نہیں کیا کہ مومنین نماز سے محروم رہ جائیں گے اور

جوان فرزند کا آخری دیدار نہ کیا۔ اس آزمائش میں بھی ہمیشہ کی طرح اپنی خواہش پر اپنے فرائض کو ترجیح دی اور اپنے جوان و نیز عالم باعمل فرزند فقیہ کی نماز جنازہ خود پڑھا کر علی باغ میں سپرد خاک کر دیا اور مجلس چہلم مسجد عسکری میں منعقد ہوئی۔ جس سے خطیبِ عالمِ اسلام علامہ رشید ترابی نے خطاب کیا۔

وقتِ آخر اور رحلت:

کتابوں کی درستگی اور ترتیب میں منہمک رہے اور آخری ایام میں ۱۶،۱۶ گھنٹے کام کیا۔ قلبی تکلیف کو ۲، ۳ دن سے برداشت کیے رہے۔ ۱۲ر جولائی کو نمازِ فجر سے فراغت کے بعد ۹ بجے ہارٹ اٹیک ہوا۔ قلبی امراض کے اسپتال میں داخل کیے گئے۔ جہاں ۲۴ر گھنٹے مرض کی تکلیف برداشت کر کے ۱۳ر جولائی ۱۹۸۶ء بوقت عصر داعیٔ اجل کو لبیک کہا اور ۵ ر ذیقعدہ ۱۴۰۶ھ اسلامی حساب سے تاریخِ وفات ٹھہری۔

مدفن:

ایرانیوں کے مشہور اور قدیم قبرستان علی باغ میں سپردِ خاک ہوئے۔

مدتِ عمر:

عیسوی حساب سے ۸۷ر سال، ۴ر ماہ، ۱۱ر دن اور ہجری حساب سے ۹۰ر سال ۱۵ر دن سن شریف ہے۔

قطعاتِ تاریخِ وفات:

انتہائی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ملک الشعراء حضرت شاہد نقوی، جناب شاداں دہلوی اور جناب ساحر لکھنوی کے قلبی تاثرات نذرِ قارئین کروں کہ وہ مولانا سید آغا مہدی کی زندگی، اُن کے علم و فضل اور شخصیت و کردار کے صحیح عکاس ہیں۔

مشعلِ جادۂ عرفان تھے آغا مہدی
اہلِ دانش کے لیے اُن کا تبسم تھا سند
ہم پہ اللہ کا احسان تھے آغا مہدی
'علم و ادراک کی میزان تھے آغا مہدی'

۱۹۸۶ء۔۔شاہد نقوی

❁❁❁❁❁

محترم آغا مہدی و عالی جناب
عالمِ باعمل ، ذاکرِ لاجواب
اُس کی تصنیف کردہ کوئی بھی کتاب
درسگاہِ ولائے علیؑ کا نصاب
فرشِ محراب و منبر چمکاتا رہا
علم سے اُس کے دنیا ہوئی فیضیاب
وقت کی مصلحت سے مبرا رہی
ہو وہ طرزِ نگارش کہ طرزِ خطاب
شارحِ سیرتِ اہلبیتِ نبیؐ
اُس کی مصروفیت یا قلم یا کتاب

اُس کے خامے کی آہٹ نے دستک جو دی
خود بخود کھل گئے بند ذہنوں کے باب

اُس کی تحریر تھی رزقِ ذہنِ جدید
فکرِ نو کے لیے اِک خوش انقلاب

اپنی تیغِ قلم سے کیا عمر بھر
علم کی سطح پر ظلم کا سدِّ باب

اپنی قنبر شناسی سے وہ مطمئن
اپنے احساس میں بندۂ بوتراب

اپنی محرومیوں کا گلہ کیا کریں
چھا گئیں غم کی تاریکیاں بے حساب

اے ہوائے قضا، اے سحابِ اجل
شمع گل ہوگئی چھپ گیا آفتاب

ہو میسر اُسے گلشنِ خلد میں
قربِ حیدرؑ جوارِ رسالت مآبؐ

مندمل کب ہوا اُس کا زخمِ ہنر
اُس کو دنیا ستاتی رہی بے حساب

اُس کی تربت پہ شاداںؔ نے باچشمِ تر
سالِ رحلت لکھا "آلِ غفراں مآب"

۱۴۰۶ھ۔ شاداںؔ دہلوی

فخرِ ملت سیّد آغا مہدیؔ عالی نہاد
اُٹھ گئے اس عالمِ فانی سے اے وائے ستم

موت نے گل کر دیا وہ علم کا روشن چراغ
دین کی راہوں میں جس سے روشنی پاتے تھے ہم

افتخارِ خاندان و اعتبارِ ملک و قوم
یادگارِ حضرتِ غفراں مآبؒ محترم

حلقۂ اہلِ قلم میں باعثِ صد احترام
بزمِ اہلِ علم میں ذی احتشام و ذی حشم

وہ فقیرِ بابِ اہلبیتؑ وہ مردِ فقیہ
جس کی سیرت عالمانِ دیں کی سیرت کا بھرم

عظمتِ کردار میں شانِ غلامانِ علیؑ
جونِ سیرت، بوذر و سلماں صفت، قنبر شیم

عابد و زاہد، نمازی، متقی پرہیزگار
صالح و دیندار، ادیب و ذاکرِ شاہِ اُمم

شوقِ سجدہ، ذوقِ تقویٰ، عشقِ حق خوفِ خدا
عزم، خودداری، قناعت سب یہ تھے اُن میں بہم

حاکمانِ وقت کی چوکھٹ کبھی جھانکی نہیں
صاحبانِ زر کے در پر سر کیا، ہرگز نہ خم

بے نیازِ مال و ملک و منصب و نام و نمود
آج کل اس شان کے عالم اگر ہیں بھی تو کم

اُن کی فطرت میں رچا تھا ذوقِ علم و آگہی
اُن کی طینت کا تقاضا خدمتِ دیں دم بہ دم

بچپنے ہی سے وہ قرطاس و قلم سے کھیلنا
ابتدا ہی سے وہ راہِ علم میں اُٹھتے قدم

صَرف کردی زندگی ساری جہادِ علم میں
آخری دم تک نہ چھوڑا ہاتھ سے اپنے قلم

اس کی تہذیب اُس کے کرداروں کو زندہ کردیا
لکھنؤ کی مستند تاریخ یوں کر دی رقم

جس کے تصنیفات کی تعداد کچھ کم تین سو
ہے قلم بھی اس کے غم میں آج سرتاپا الم

کہہ دو رضواں سے یہ ساحرؔ پھر سجائے بزمِ علم
"وارِدِ جنت ہیں آغا مہدیؔ عالی ہمم"

۱۹۸۶ء۔ ساحرؔ لکھنوی

نواب سید محمود علی خاں مرحوم (صدر جمعیت خدام عزا، لکھنؤ)

زبدۃ العلماء مولانا آغا مہدی لکھنوی

پیدائش:

۲ رمارچ ۱۸۹۹ء کو آپ اپنے آبائی وطن لکھنؤ میں پیدا ہوئے، بزرگوں نے نام سید مہدی رکھا جو عہد طفلی ہی میں آغا مہدی مشہور ہو گیا۔ تعلیم و تربیت والدین کے سایہ عاطفت میں شروع ہوئی۔ باپ اور چچا اور بھائی کے اصول تدریس اور خصوصی اشفاق کی بہتات اور فراوانی سے منزل شباب میں پہنچتے پہنچتے بہرہ وافر ملا اور فطری ذہانت سے اساتذہ کو کہنا پڑا کہ یہ ایک دن عملی زندگی کے اُس اعلیٰ درجہ پر فائز ہوں گے جہاں پہنچنے کے بعد ان کی زندگی ان کے اقوال کی عملی تصویر ہوگی۔

آپ کو یہ جائز فخر حاصل ہے کہ والد ماجد اور عم نامدار نے دنیا چھوڑنے سے چند دن پہلے تک اپنے عملی فیوض سے مستفید کیا اور اُن کے سوا کسی کے سامنے زانوئے ادب تہہ نہیں کیا۔ والد ماجد کی حیات ہی سے کتب بینی اور تالیف و تصنیف کا ذوق پیدا ہوا اور حدود کمال پر پہنچنے تک تالیفات نے عظیم شہرت حاصل کی اور وسعت مطالعہ میں اہل علم کی امتیازی نظریں پڑنے لگیں۔

والد ماجد:

جناب مولانا سیّد محمد تقی صاحب قبلہ مجتہد فردوس مقام ایک گوشہ نشین اور علائق دنیوی سے آزاد روحانی پیشوا تھے جو اپنے علم و عمل سے زندگی بھر دین کی خدمت فرماتے رہے۔ گورنمنٹ ہند میں اُن کی بہت زیادہ عزت تھی اور وہ رائل فیملی اودھ کے ممبر بھی تھے اور گورنمنٹ آف انڈیا کے دربار میں ممتاز نمبروں میں اُن کی جگہ تھی۔ ۱۸۹۹ء میں ہزاکسلنسی گورنر جنرل کے دربار میں انہوں نے شرکت فرمائی۔

Reception
by
His Excelleney viceroy and governor general of India of the
members of the Ex-Royal Family
of Oudh and athey Natable
11.15 .A.M.
Government House Lucknow, 13th December 1899.
Admit Moulvi Saiyid Muhammad Taki, R.G. Hardy
No, 27 Commissioner

All Persons attending the reception should be in their places by 10-45 .A.M

جناب مرحوم کے اردو تالیفات میں تفسیر سورۂ محمد، تفسیر سورہ یوسف وغیرہ اور عربی تصانیف میں فوائد محمدیہ سے لے کر شرح لمعہ اور معالم الاصول تک تمام درسی کتابوں پر مفید ترین حواشی ہیں جو ایک طالبعلم کو معراج کمال پر پہنچا سکتے ہیں۔ جناب مرحوم موروثی حیثیت سے وقف حسین آباد کی شاہی مسجد میں روزانہ نماز مغربین پڑھانے تشریف لے جاتے تھے۔ آپ نے اپنے وصیت نامے میں اس جلیل منصب کے لیے مولانا ہی کو تجویز کیا اور جناب کے انتقال کے بعد کمیٹی حسین آباد ٹرسٹ نے ۱۴؍ستمبر ۱۹۲۲ء کو بلا اختلاف آپ کا انتخاب کیا لیکن آپ نے کمال دیانت کے ساتھ اپنے بڑے بھائی مولانا سید محمد عرف میرن صاحب قبلہ مجتہد کے عراق سے واپس آنے پر یہ خدمت ان کو تفویض کر دی اور خود سبکدوش ہو گئے۔

خاندان:

شیعی دنیا میں جناب غفرانمآب آقائے آقا سید دلدار علی صاحب قبلہ نصیر آبادی المتوفی ۱۲۳۵ھ کا نام کون نہیں جانتا، ہندوستان کے تمام اہل علم اسی میکدۂ علم کے جرعہ نوش ہیں۔ آپ اسی نسل کی نمایاں فرد ہیں اور حسب و نسب میں ممتاز ہونے کے ساتھ دو طرف سے غفرانمآب تک نسب کی کڑیاں پہنچتی ہیں، قدرت نے اُن حضرت کو پانچ فرزند عطا کیے تھے اور سب درجۂ اجتہاد پر فائز تھے جن میں بڑے اور منجھلے صاحبزادے غیر معمولی شہرت کے حامل قرار پائے، تمام شیعیان ہندوستان انہیں کی تقلید میں تھے، بڑے قبلہ و کعبہ کا نام سید محمد اور خطاب سلطان العلماء، رضوان مآب تھا۔ آپ کی دادی ان کے بڑے بیٹے کی نواسی تھیں اور چھوٹے قبلہ و کعبہ سید العلماء جناب میرن صاحب علیین مکاں، آپ کے پردادا کے والد ماجد تھے، اس بنا پر جس طرح آپ اور آپ کے بھائی اولاد رضوان مآب میں شمار ہو سکتے ہیں، کوئی نہیں ہے۔ اس اجمال کی تفصیل شجرۂ ذیل سے واضح ہے۔

غفراں مآب

سلطان العلماء، رضوان مآب — سید العلماء علیین مکان

صفوۃ العلما سید محمد باقر منصف الدولہ — ممتاز العلماء فخر المدرسین سید محمد تقی جنت مآب

ایک دختر زوجہ زبدۃ العلماء سید علی نقی — شمس العلماء مولانا سید محمد ابراہیم فردوس مکاں

دختر زوجہ فردوس مکاں — فردوس مقام مولانا سید محمد تقی طاب ثراہ

فردوس مقام مولانا سید محمد تقی

(۱) مولانا سید محمد عرف میرن صاحب (۲) مولانا آغا مہدی صاحب

(۱) مولانا سید محمد عرف میرن صاحب (۲) مولانا آغا مہدی صاحب

مختصر حال جدامجد کا:

شمس العلماء مولانا سید محمد ابراہیم صاحب قبلہ شیعہ قوم کے بہت بڑے مجتہد تھے، سارا ہندوستان انہیں کی تقلید میں تھا۔ اُن کے مذہبی خدمات اور بے پناہ جوش سے قوم خوب واقف ہے، کئی بار حج وزیارت سے مشرف ہوئے اور براہ کابل وایران سفر عراق کیا، خاندان قاچاریہ کے سب سے بڑے فرمانروا ابوالمظفر ناصرالدین شاہ قاچار نے ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور طہران میں داخلہ کے وقت توپوں کی سلامی کا حکم دیا۔ ظل سبحانی نے بغرض ملاقات کی اور ہیرے کی ایک انگوٹھی دعائے خیر میں فراموش نہ کرنے کے لیے بطور یادگار دی اور فرمان شاہی میں اس مرحمت کا ذکر کیا، اس فرمان کا بلاک آگے کے صفحہ میں ہدیہ ناظرین ہے۔

ایران کی روانگی اور واپسی میں جناب کو اُن کے بے شمار مخلصین نے مجبور کیا کہ وہ راستہ کی شیعہ آبادی کو اپنے قدم سے سرفراز فرمائیں، آپ نے خاص خاص مقامات پر قیام کیا اور اہل ایمان نے اپنے ایمانی تاجدار کا جس خلوص وانہماک سے استقبال کیا وہ تاریخ شیعہ کا ایک سنہری باب ہے۔ سہارنپور کے سربرآوردہ شیعوں کا رڑکی تک پیشوائی میں آنا اور مہمان نوازی کے جذبہ میں بااقتدار سادات کا اپنے کاندھوں پر فینس اُٹھانا وہ منظر تھا جو قوم شیعہ کے احساس اور فرض شناسی کا بہترین ثبوت ہے۔ ملتان میں بھی وہاں کے سرمایہ داروں نے جناب کی پالکی اپنے کاندھوں پر اُٹھائی اور عملاً جتا دیا کہ علم پرستی شیعہ قوم کے خصوصیات میں داخل ہے، یہ عام علمی سطح کی بلندی تھی۔ جناب نے خاص طور پر اپنے مقدس ہاتھوں سے وہاں ایک کتب خانہ کی بنیاد قائم کی اور علم وحکمت کے تجلیات سے ملتان جگمگا اُٹھا۔ یہ کتب خانہ ملتان کے رئیس اعظم ناصرالدین مرحوم کی زیر نگرانی رہا اور اب شاہ صاحب موصوف کی اولاد کے قبضہ میں ہے۔

جناب آثار باقیہ میں مرقومۂ بالا کتب خانہ اور لکھنؤ میں امام باڑہ نواب آصف الدولہ مرحوم اور مسجد آصفی کی وہ شیعی عظیم الشان عمارت ہے جو غدر ۱۸۵۷ء کے بعد سے ملٹری کے استعمال میں تھے۔ آپ نے حکام کی توجہ مبذول کر کے ۲۰ جون ۱۸۸۴ء کو اسے واگذار کیا اور سب سے پہلی مرتبہ نماز عید ۲۴ رجولائی ۱۸۸۴ء کو اس مسجد میں پڑھائی، ورنہ نماز جمعہ مسجد تحسین چوک پر ہوا کرتی تھی۔ مسجد آصفی کی نماز عید اور جمعہ جناب کے وصی مولانا میر آغا صاحب قبلہ مجتہد مرحوم کی نسل میں آج تک ہے۔

جناب کی آخر عمر میں بلافصل کی لفظ اذان میں استعمال کرنے پر بعض شورش پسند مسلمانوں کو اعتراض ہوا اور شیعیان لکھنؤ میں وہ بے چینی پھیل گئی جس کا دور ہونا نہایت دشوار تھا، یہ وہ وقت ہے کہ قوم میں نہ سرمایہ کی کمی ہے، نہ قحط الرجال کا دور ہے، نہ شیعوں میں انشقاق وافتراق کا کوئی نام جانتا ہے، تمام چھوٹے بڑے افراد قوم جناب کے چشم وابرو پر چلتے ہیں، انتظام نے مایوس کن صورت اختیار کی جس کو دیکھتے ہوئے جناب نے ایک زلزلہ افگن اقدام کیا اور کرنیل نیوبرے F.M Newbery سے شیرانہ گفتگو کی اور سربکف ہو کر اپنی جدوجہد کو ملکہ معظمہ آنجہانی تک پہنچایا اور عدل گستر گورنمنٹ نے ۱۸۸۹ء میں اذان میں اس فقرہ کی اجازت دی

اور حکومت نے بلافصل کو جزو ایمان تسلیم کیا۔

جناب مرحوم کے شاگردوں کی فہرست طویل ہے۔ مشہور ترین شاگردوں میں حسب ذیل ہستیاں ہیں جو شیعی دنیا میں محتاج تعارف نہیں ہیں:۔ (۱) شمس العلماء مولانا قاری سیّد عباس حسین صاحب پروفیسر دینیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ جن کے شاگرد ہندوستان بھر میں پھیلے ہوئے ہیں۔ (۲) محقق ہندی مولانا سیّد محمد حسین صاحب قبلہ مرحوم لکھنوی جو علمی کمالات کے علاوہ فن ذاکری کے ناخدا سمجھے جاتے تھے۔ (۳) حضرت مولانا سیّد امجد حسین صاحب قبلہ اعلیٰ اللہ مقامہ جن کے علمی خدمات سے ضلع الٰہ آباد کا چپہ چپہ آج تک منور ہے اور قوم میں جلیل شخصیت سمجھے جاتے ہیں۔ (۴) مرزا محمد ہادی صاحب بی۔اے۔پی۔ایچ۔ڈی۔ رسوا، رکن دارالترجمہ عثمانیہ یونیورسٹی حیدر آباد دکن۔

جناب لسان الملۃ مولانا سیّد آغا مہدی صاحب قبلہ اسی طیب نسل کے ایک فرد ہیں اور انہیں نفوس قدسیہ کے چشم و چراغ ہیں اور اپنے آباواجداد کے نقش قدم پر قائم ہیں اور آپ نے آج تک مذہب و ملت کی جو گرانقدر خدمت انجام دی۔ آئندہ نسلوں کے سبق کے لیے ان کو یاد دلاتے ہیں۔ دسمبر ۱۹۲۴ء میں آپ نے لکھنؤ کی مقامی انجمن محکمۂ عالیہ تعمیر المساجد میں بحیثیت نائب صدر کام کیا۔ ۱۹۲۴ء میں عزاداری پر اندرونی و بیرونی حملہ دیکھ کر اس انجمن جمعیت خدام عزا کی بنیاد قائم کی جو بحمد اللہ اس وقت تک خاموشی کے ساتھ عزاداری کی غیر فانی خدمت انجام دے رہے اور ہزاروں کی تعداد میں رسالے پمفلٹ چھاپ کر شیعی دنیا میں پہنچائے۔ ۱۹۲۶ء میں مدرسۂ شیعہ بیت المال لکھنؤ کی نشرواشاعت میں گرانقدر خدمات انجام دیئے۔ ۱۹۳۰ء میں شیعہ کالج لکھنؤ کے آرگن ''الصراط'' کی ادارت کی اور مغرب زدہ طبقہ کی طرف سے علماء شیعہ کے خلاف جو مضامین نکلتے تھے اُن کے تسلی بخش جوابات دیئے اور سارا بل سے اختلاف میں کامیاب علمی بحث کی ۔ ۱۹۳۲ء سے ادارۂ الواعظ مدرسۃ الواعظین لکھنؤ کے قلمی خدمات انجام دیئے اور اس ماہوار آرگن کو ہفتہ وار کیا۔ مبحث متعہ اور مسئلہ تقیہ، اقوام عالم میں تبلیغ دین، پردہ کی بحث الواعظ کے وہ کارنامے ہیں جو صفحہ تاریخ پر باقی رہیں گے۔

۱۹۳۸ء و ۱۹۳۹ء میں مدح ثلاثہ کے سیلاب میں زبان و قلم سے نصرت دین کی اور معلوم نہیں کہ کتنے موروچوں پر باطل کو شکست دی۔ انجمن تنظیم المومنین کی تاسیس میں جو پرخلوص ہاتھ تھے اُن میں آپ کا نام کسی طرح نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ مجلس عاملہ کے ممبر اور شعبۂ نشرواشاعت کے صدر رہے۔ شیعہ ایجی ٹیشن کے پہلے ہفتہ میں ۱۶ اپریل ۱۹۳۹ کو ایک معرکہ آرا تقریر کے بعد جیل گئے۔ لکھنؤ ڈسٹرکٹ جیل میں آپ کی اقتدا میں نماز مغربین کا ہجوم کسے یاد نہیں۔ ساڑھے چار مہینہ کی قید بامشقت میرٹھ جیل میں ختم کی۔

۱۳ دسمبر ۱۹۴۳ء تک ۵ مئی ۱۹۴۴ء تک ہز ہائنس نواب صاحب رامپور بالقابہ نے تفسیر رضوی کی تحریر کے سلسلہ میں آپ کو دعوت دی اور آپ نے ریاست کے مختصر قیام میں ۱۲۸ صفحات فلسکیپ سائز پر لکھ

کر مجلس علمیہ کو بتایا کہ قرآن حکیم کی اس خدمت میں ندرت جب ہی پیدا ہوسکتی ہے جب صحیفہ کاملہ، غرر الحکم، نہج البلاغہ، اور ادعیہ ماثورہ و زیارات کے فقرات میں آیات قرآن کا جو حل معصوم کی زبان سے موجود ہے اُس کو یکجا کر دیا جائے۔ تفسیر اہل بیتؑ میں صرف یہی خصوصیت ہو سکتی ہے۔ اس نظریہ کے تحت میں آپ نے پوری قرآن کی ایک فہرست مضامین تیار کی اور تفسیر عامہ سے مویدات فراہم کر کے امام رازی نے جو شیعیت پر حملے کیے ہیں اُن کے جوابات دینا شروع کیے تھے کہ یہ سلسلہ قطع کر دیا گیا۔ ۱۹۴۴ء سے مدرسۃ الواعظین نے پھر آپ کے خدمات حاصل کیے۔

ہند اور بیرون ہند میں سفر:

آپ نے شیعیان ہند کی دعوت پر ملک کے طول و عرض میں سفر کر کے بڑی اہم خدمتیں انجام دیں اور ہدایت کے وہ چراغ روشن کیے جن کی ضیاء مدتوں باقی رہے گی۔ تین مرتبہ عراق کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ پہلا سفر ۱۹۳۰ء میں، دوسرا سفر نومبر ۱۹۳۳ء، تیسرا سفر مارچ ۱۹۴۱ء میں کیا اور واپسی براہ ایران ہوئی۔ عراق و ایران کے اہل علم و کمال نے آپ کے تالیفات کو غیر معمولی عزت کی نگاہ سے دیکھا۔

مواعظ:

مبداء فیاض کی یہ قابل غبطہ عطا ہے کہ آپ کو زور قلم کے ساتھ قوت تقریر بھی مرحمت ہوئی۔ چنانچہ حسینیت اور مذہب پر آپ نے جو تقریریں فرمائی ہیں اُن کی تعداد ۲۶۰۰ سے تجاوز کر چکی ہے۔ آپ کو ۶ محرم ۱۳۴۶ھ میں جناب مولانا سیّد سبط حسن صاحب قبلہ مرحوم کی شاندار قائم مقامی کا بھی فخر حاصل ہے۔ یہ وہ وقت ہے کہ شیخ علی عباس صاحب مرحوم وکیل کی کوٹھی میں جناب مرحوم ابتدائی مجلسیں پڑھنے پائے تھے کہ دفعتاً مرض کا حملہ ہوا اور اطباء نے بات تک کرنے کی اجازت نہ دی۔ دوسرے لوگ پڑھتے رہے اور کسی کا بیان کامیاب نہ ہوا۔ مجمع اس امید پر روزانہ بڑھتا جاتا تھا کہ مبادا آج جناب کو صحت ہو اور پڑھنے کا موقع مل جائے۔ چھٹی کو اتفاقاً مولانا پہنچ گئے اور حاضرین نے پڑھنے کا اصرار کیا۔ آپ نے فرمایا کہ جب تک خود مولانائے محترم مجھ کو خصوصی حکم نہ دیں گے، نہ پڑھوں گا۔ مولانا نے مامور کیا اور مرزا فدا حسین عرف کلن صاحب مجلسی نے آپ کے پڑھنے کا اعلان کیا۔ مولانا نے انتہائی لطف کے ساتھ آیہ مودت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے آخر کلام میں جناب کی بیماری کا تذکرہ اور صحت کی دعا کی اور فرمایا کہ میری آرزو ہے کہ کل جناب کو اس منبر پر دیکھوں۔ مجلس انتہائی کامیاب اور یادگار رہی۔ دوسرے دن سے خداوند عالم نے جناب کو اس قابل کر دیا کہ مجلسیں پڑھیں۔ جناب مرحوم اس مجلس کی کامیابی پر خوش ہوئے اور ایک اور موقع امام باڑہ جنت مآب طاب ثراہ میں مزاج ناساز ہو جانے سے آپ کو اپنا قائم مقام کیا۔ اس سال کے بعد مولانائے محترم کو بیرونجات کے قدر شناس طبقہ نے عشرہ میں لکھنؤ میں رہنے نہ دیا۔

تعزیہ داری کے فروغ اور مخالفین عزا کی سرکوبی کو آپ اپنا فرض اولین سمجھتے ہیں۔ واقعات کربلا کے نشرواشاعت میں شہداء کربلا پر مستقل کتابیں مدوّن کرنا قدرت نے آپ ہی کے مقدر میں لکھ دیا تھا۔ ان کتابوں کی افادیت پر قوم نے پوری طاقت سے اتفاق کیا ہے۔ مظلوم کربلا کی عزا پر اپنوں کے ہاتھوں سے جو حملے ہوئے ان میں بھی آپ سینہ سپر رہے۔ ۱۹۴۵ء میں جناب سید الشہدا اور روحی فدا کی سہ روزہ تشنگی کے ثبوت میں سب سے پہلے آپ ہی نے آزادانہ بحث کی۔

تصانیف:

اس وقت تک مولانا نے ۱۴۰ کتابیں لکھی ہیں۔ جن میں بعض کتابیں کئی کئی جلدوں پر مشتمل اور بعض بہت ضخیم ہیں۔ عبائر الانوار آپ کے آغاز کی یادگار اور تذکرۃ الحیوان اس زمانہ کا شاہکار ہے جس میں آئمہ اہل بیتؑ کے علم حیوان پر بحث کرتے ہوئے اُن تمام حدیثوں کو جمع کر دیا ہے جن میں جانوروں کا ذکر ہے اور ادبی لحاظ سے کتاب کا طرۂ امتیاز یہ بھی ہے کہ شعرائے ہند کے صدہا شعر درج کر کے اہل زبان کی اُن کہاوتوں (ضرب الامثال) کو محفوظ کرتا ہے جن میں کسی جانور کا نام آتا ہے۔ مناسبت لفظی کے لحاظ سے وہ تمام الفاظ بھی یکجا کر دیئے ہیں جو کسی جانور کے نام سے متفق ہیں۔ کتاب کو اس خاص رنگ کا ایک جامع لغت بھی کہا جا سکتا ہے۔ ۱۹۴۲ء میں سفر عراق کے سلسلہ میں علماء نجف اشرف اور قم سے آپ نے اس کتاب کی محققانہ تالیف پر خراج تحسین وآفرین حاصل کیا۔

روزنامہ سرفراز لکھنؤ مورخہ ۱۳ رنومبر ۱۹۳۸ء اور الواعظ لکھنؤ ۷ رجون ۱۹۴۲ء میں اس کتاب پر تبصرہ ہو چکا ہے اور دنیا اس کی مشتاق ہے۔

سلسلہ روایت:

خاندان اجتہاد کے موجودہ افراد میں خاندانی سلسلہ روایات قطع ہو گیا ہے لیکن آپ کو اپنے جداعلیٰ جناب علیین مکان طاب ثراہ سے روایت کا فخر حاصل ہے۔

معذرت:

مولانائے ممدوح نے خود اپنے قلم سے واقعات زندگی، مناظرے، اسناد، سفر و حضر کے حالات، علمی تحقیقات۔ طبی تجربے، کئی جلدوں کے سترہ سو صفحات میں قلمبند کیے ہیں۔ جن میں سے مختصر حالات ہم نے پیش کرنے کی اجازت حاصل کی۔ یقیناً آپ کا وجود دعائے غفرآنماب کا اثر ہے۔ قوی امید ہے کہ ان کے مورث اعلیٰ نے ۲۳ ررمضان ۱۱۹۳ھ میں تحت قبہ اقتران مشتری میں اپنی اولاد میں ہمیشہ اجتہاد باقی رہنے کی جو دعا کی تھی اس کا اثر ظہور قائم آل محمد تک رہے گا۔ انتصار الاسلام جلد سوم ص ۱۳۶ مطبوعہ لاہور ۱۹۱۷ء میں اس دعا کا ذکر علامہ کنتوری نے فرمایا ہے۔

موجودہ مشاغل:

اس وقت آپ مرکز علم لکھنؤ میں تحریر و تقریر سے دینی خدمات میں مشغول ہیں اور شہر کی عظیم الشان مسجد تحسین چوک میں اپنے شریعت کدہ سے متصل روزانہ نماز مغربین پڑھاتے ہیں اور آٹھویں دن ہر اتوار کو بعد زوال، نماز ظہرین کے بعد موعظ ہوتا ہے جن میں اہل علم، روساء، امراء، شاہزادگان، تجارت پیشہ اصحاب، وکلاء اور عام مومنین جمع ہوتے ہیں اور آپ تفسیر قرآن بیان کر رہے ہیں۔ دوسرا موعظہ شہر کی جدید آبادی حلقہ امین آباد مسجد کلاں پھاٹک میں اتوار ہی کو بعد مغربین ہوتا ہے جس میں شرقی حصۂ شہر کے مومنین شریک ہوتے ہیں۔ بیرونجات کے مومنین کثرت سے علمی استفسارات اور مسائل بھیجتے ہیں جن کے جوابات میں آپ بڑی دلچسپی سے حصہ لیتے ہیں۔ افسوس ہے کہ آپ کو ضعف و اضمحلال اور امراض کے ہجوم نے آپ میں اتنی قوت باقی نہیں رکھی ہے کہ بیرونجات کے مومنین کی آواز پر لبیک کہیں اور بار بار سفر کی زحمت برداشت کریں۔ ورنہ ایک وہ وقت تھا کہ ہندوستان کی آبادی میں کسی جگہ کے مومنین نہیں کہہ سکتے کہ ہم نے دعوت دی ہو اور آپ نے انکار کیا ہو۔

اس وقت شہدائے کربلا کی سوانح حیات کی تالیف میں آپ کا پورا وقت گذر رہا ہے اور جو وقت بچتا ہے وہ تفسیر سورہ حمد کی تحریر میں صَرف ہوتا ہے۔ مومنین دعا کریں کہ قرآن و عترت کی خدمتِ قلمی میں آپ کے مقالات جلد قوم تک آئیں بحق محمدؐ و آلہ الامجادؑ۔

عقیدت کیش

(نواب) سید محمود علی خاں۔ صدر انجمن جمیعت خدام عزاء لکھنؤ

وزیر گنج لکھنؤ۔ ۲۵/ ذیقعدہ ۱۳۶۵ھ

سید ارتضیٰ عباس نقوی

تذکرۃ الحیوان۔۔۔احوال وتعارف

تذکرۃ الحیوان، مولانا آغا مہدی لکھنوی کی بے نظیر کتاب ہے جو ۲۲ رجب ۱۳۵۷ھ مطابق ۱۷ ر ستمبر ۱۹۳۸ء کو مکمل ہوئی۔ یہ کتاب دمیری کی حیات الحیوان کے طرز پر لکھی گئی ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ دمیری نے اُن احادیث وروایات کو فوقیت دی ہے جو اہلبیتؑ سے مروی نہیں ہیں۔ مولانا آغا مہدی اس کا سبب خود بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''تذکرۃ الحیوان وہ مایۂ ناز کتاب جس میں ان احادیث کو جمع کیا ہے جو حیوانات کے ذکر پر مشتمل ہیں۔ حیات الحیوان دمیری کے مطالعہ میں اخبار امامیہ کی تدوین کا خیال ہوا اور مہینوں کی عرق ریزی میں ایک ضخیم کتاب کی صورت میں خداوند عالم نے اس اہم خدمت دین کو انجام دلایا اور ضمنی لحاظ سے اردو ادب پر بھی ہر حیوان کے ذکر میں اشعار شعراء کو پیش کر کے کامیاب حصہ لیا ہے بالفاظ دیگر یہ کتاب اردو کا ایک لغت بھی کہی جا سکتی ہے، عصر حاضر کی معرکہ آرا تالیف اور فہرستِ کتب علمائے شیعہ مسمّٰی بہ الذریعۃ الی تصانیف الشیعۃ میں بھی اس کا تذکرہ ہے۔''

(سفینۂ حیات، جلد دوم، قلمی، ص ۵۶۲)

اس کتاب کا بیشتر حصہ سفر مجالس کے دوران تصنیف ہوا ہے جس کا اظہار مولانا کی یادداشتوں سے ہوتا ہے۔ اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے ایک جگہ لکھتے ہیں:

''لکھنؤ کی کشمکش اور دنیاوی مشکلات دینی خدمات میں سدراہ ہوتی ہیں اور بیرونجات کا قیام ان افکار سے سبک دوش کر دیتا ہے۔ اس لیے جم کر کام ہوتا ہے۔ یہ میرا فرض ہے کہ اپنی راحت وآرام کی گھڑیاں دین کی حمایت پر قربان کر دوں اور اس علمی خدمت کو اپنی آسائش سمجھوں۔ اس حقیقت کی طرف اس لیے ملتفت ہوتا ہوں کہ اگر مجھے اطمینان حاصل ہوتا ہے تو اس سے بہتر چیزیں قوم کے سامنے پیش کرنا میں اپنے لیے خدا کی ایک نعمت سمجھتا ہوں کہ ایسے مواقع میں جزء معطل نہیں رہا۔ میری زندگی سے ارباب فکر وآلام اور اصحاب ثروت دونوں سبق لے سکتے ہیں مگر اب مجھے 'ضعف وناتوانی' ایک نئی مصیبت کا شکار بنا پڑ رہا ہے اور تقاضائے عمر ارادوں کو کمزور کرتا ہے۔ اللّٰھم لا تجعل مصیبتنا فی دیننا۔''

(سفینۂ حیات، جلد دوم، قلمی، ص ۵۸۱)

مولانا کی یادداشتوں سے پتہ چلتا ہے کہ وہ کتاب کی تکمیل کے بعد بھی اس میں مزید اضافے کرتے رہتے تھے۔ ۷ رمحرم ۱۳۶۶ھ [۱۹۴۶ء] کی یادداشت میں لکھا ہے کہ:

"تذکرۃ الحیوان کے دیباچہ میں میں نے لکھا ہے کہ ایک قلمی رسالہ 'صیدیہ' کا جداعلیٰ کے کتب خانے میں موجود ہے اور میں نے اس کو پورا پڑھا ہے۔ آج میں نے صیدیہ نامی اسی مولف کا ایک رسالہ دیکھا جو ۲ر جمادی اول ۱۲۶۷ھ کا چھپا ہوا مطبع مسیحائی کانپور کا نسخہ ہے حاشیہ پر حیوانات کے اجزائے جسم اور خواص علیحدہ سے درج ہیں۔ بے شک رسالہ مذکور کو مالکانِ مطبع نے بڑی عرق ریزی سے چھاپا ہے مگر نام میں انہوں نے غلطی کی 'صدریہ' کو کوئی مناسبت موضوع سے نہیں ہے صیدیہ کو صدریہ پڑھ کر نام کو مسخ کیا ہے۔ یہ رسالہ ۱۸×۲۲ کے ۸/۱ پر ۸۲ صفحات میں طبع ہوا ہے"۔

(سفینۂ حیات جلد ۵، ص ۳، قلمی)

۲۸ ربیع الاول ۱۳۶۶ھ [۱۹۴۶ء] کی یادداشت میں لکھا ہے:

"صبح کو مولانا حسن صاحب مجتہد تشریف لائے۔ میں نے اپنے تالیفات میں تفسیر سورہ الحمد اور تذکرۃ الحیوان پیش کی موصوف بہت خوش ہوئے ایک تفسیر سورہ الحمد کی موصوف نے بھی لکھی ہے"۔

(سفینۂ حیات جلد ۵، ص ۵۴، قلمی)

اسی سال کی ۱۸ ر جمادی الثانی کی یادداشت میں لکھتے ہیں:

"آج علی الصباح تذکرۃ الحیوان میں کچھ اضافہ کیا اور اس کتاب کے خالص مذہبی مقامات کے بارے میں [مدرسۃ الواعظین کے] پرنسپل صاحب سے مشورہ کیا کہ معاجز آئمہؑ جو موجودہ عقل میں نہیں آتے وقت طبع کتاب میں رہنے دوں یا نکال دوں مولانا نے فرمایا کہ دیباچہ میں لکھ دیجیے کہ یہ مانی ہوئی بات ہے کہ ہر مذہب کے رہنما کچھ غیر معمولی شخصیت پر فائز اور خوارق عادات کے نمونے اپنی زندگی میں پیش کرتے ہیں اور ان کو دنیا مانتی ہے لہذا اس لیے تمام معجزات نظر انداز نہیں ہو سکتے۔ میں نے اس رائے کی تعریف کی۔"

(سفینۂ حیات جلد ۵، ص ۸۴، قلمی)

۲۴ رمحرم ۱۳۶۷ھ [۱۹۴۷ء] کی یادداشت میں لکھتے ہیں:

"آج شب کو تذکرۃ الحیوان میں کچھ اضافات کیے الحمد للہ کہ شرکت مجالس اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ کتب بینی کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ مناقب آل ابی طالب، مفتاح الجنان، وعظ میر، دیکھ رہا ہوں۔"

(سفینۂ حیات جلد ۶، ص ۹، قلمی)

کتاب کے قلمی نسخے کا تعارف:

یہ کتاب ۲۰۱۶ء تک مولانا کے کتب خانے میں رہی اور اب ان کی کتابوں کی منتقلی کے بعد سے میرے کتب خانے میں محفوظ ہے۔ اس کا سائز ۲۵×۱۶ انچ اور حجم ۴ انچ ہے۔ ۳۴۷ صفحات ہیں۔ ترقیمے کی

عبارت یہ ہے:

"تم الکتاب بعون اللہ وحسن توفیقه علی ید مولفه الراجی الی رحمة ربه القوی آغا مهدی الرضوی فی یوم الاحد ۲۲ رجب ۱۳۵۷ھ من الهجرة النبویه"

کاغذ معمولی ہے۔ نسخہ بہتر حالت میں ہے۔ مسطر ۱۵ سطروں کا ہے لیکن بعض صفحات پر حواشی کی وجہ سے ۲۰ تک بھی ہوگیا ہے۔ پورے نسخے میں سیاہ اور نیلی روشنائی استعمال کی گئی ہے۔ خط نستعلیق ہے۔ جانوروں کی تصاویر بھی سیاہ اور نیلی روشنائی سے بنائی گئی ہیں لیکن سب میں رنگ بھرے گئے ہیں۔ پہلے فہرست ہے اس کے بعد کتابیات ہیں لیکن میں نے ترتیب میں کتابیات کو آخر میں رکھا ہے۔ اس کے بعد مقدمے سے کتاب کا آغاز ہے جس میں چھ مقدمے ہیں۔ صفحہ ۱۹ سے ابابیل کے تذکرے سے کتاب کا باقاعدہ آغاز ہے۔ مولانا نے بعد میں جو اضافے کیے ہیں وہ حواشی کی شکل میں ہیں۔ بعض مقامات پر شعر کی جگہ خالی چھوڑ دی گئی ہے بعض جگہ ایک مصرعہ لکھ کر دوسرے کی جگہ خالی چھوڑی گئی ہے۔ کتاب کے بعض صفحات بھی خالی ہیں۔ مکمل کتاب مصنف کی اپنی تحریر میں ہے۔

کتاب کی خصوصیات:

۱۔ تمام جانوروں کے نام عربی نام کے حساب سے حروف تہجی کی ترتیب میں ہیں۔

۲۔ ہر جانور کا عربی، فارسی، انگریزی اور ہندی نام لکھا گیا ہے۔

۳۔ ہر جانور کی رنگین تصویر بنائی گئی ہے۔

۴۔ آیات واحادیث وتاریخ میں جہاں جہاں جس جانور کا ذکر ہے اس کا مجمل تذکرہ ہے۔

۵۔ عربی، فارسی اور اردو اشعار کی مثالیں دی گئی ہیں۔

۶۔ اردو میں جانوروں سے متعلق ضرب الامثال اور محاورات کا بھی تذکرہ ہے۔

۷۔ کتاب کے دیباچہ میں جانوروں کے ناموں کی رعایت سے عبارت آرائی کی گئی ہے جو مصنف کے ذوقِ لطیف کو ظاہر کرتی ہے۔

۸۔ کتابیات میں عربی، فارسی، اردو، انگریزی کتابیں شامل ہیں جن میں تفسیر، تاریخ، فقہ، حدیث، لغات، ادب اور موضوع سے متعلق دیگر اہم ماخذات کو شامل کیا گیا ہے۔

۹۔ بعض نادر قلمی اور غیر مطبوعہ کتابوں کے حوالے آئے ہیں جس نے کتاب کی افادیت میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔

۱۰۔ یہ وہ کتاب ہے جس کی اشاعت سے قبل ہی علمائے عراق وایران نے اسے سراہا اور اپنی کتابوں میں اس کا ذکر کیا ہے۔ ذیل میں اس کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

یہ کتاب شیخ محمد حسین کاشف الغطاء کی نظر میں:

مولانا نے ۱۹۴۱ء میں عراق کا سفر کیا۔ اس سفر میں یہ کتاب ان کے ساتھ تھی۔ نجف کے جن علماء سے ملاقات رہی ان میں نمایاں نام آیت اللہ شیخ محمد حسین کاشف الغطاء[1] کا بھی ہے۔ مولانا نے نجف اشرف کے سفرنامے میں ان کی ملاقات کا ذکر کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

''علامہ کاشف الغطاء کی بزم میں حاضر ہو کر اپنی مبسوط تالیف جس کا شہرہ علمی دنیا میں ہو چکا ہے پیش کی جہاز کے پُرآشوب سفر کو دیکھتے ہوئے میرے ساتھ صرف یہی ایک کتاب ہے جس کو بہت مشکل سے محفوظ رکھ سکا۔ مولانا سید علی متقی بلند شہری اور مولانا سید محمد صاحب کشمیری نے میرا تعارف کرایا اور میں نے کتاب کے تعارف میں ایک مختصر تقریر کے بعد اس علمی ذخیرے کو پیش کر دیا۔ جناب ممدوح حیرت سے ڈیڑھ گھنٹے تک چیدہ چیدہ مقامات دیکھتے رہے، فہرست کو مفصل پڑھوا کر سنا، مآخذ پر بالاستیعاب نظر فرمائی بعض قلمی کتب کے ہندوستان میں موجود ہونے کو بڑے استحسان کی نظر سے دیکھا یہ وہ وقت ہے کہ جناب کی بزم میں چند طلباء کے سوا کل محققین موجود ہیں بکمال لطف آپ نے حضرات سے کتاب کا خود تعارف فرمایا میرے فہرست پڑھ کر سنائے، جن حضرات کو کسی حیوان کے عربی نام میں کچھ عذر ہوتا تھا اور قبل اس کے کہ میں حدیث کو شاہد میں پیش کروں ممدوح شعرائے عرب کا کوئی شعر پڑھتے تھے۔''

(سفینۂ حیات، جلد دوم، قلمی، ص ۴۴۸)

---

[1] آل کاشف الغطاء کا شمار تیرہویں اور چودہویں صدی کے شیعہ علمی خاندانوں میں ہوتا ہے۔ یہ لوگ حلہ میں ساکن تھے اور پھر نجف میں مقیم ہو گئے۔ ان کا نسب مالک اشتر سے جا ملتا ہے۔ اس خاندان میں بہت سے نامور علما گزرے ہیں۔ ان میں سے مشہور ترین اور سر فہرست شیخ جعفر کاشف الغطاء ہیں کہ جو ''کشف الغطاء'' کے مصنف ہیں۔ چودہویں صدی ہجری کے شیعہ مرجع تقلید محمد حسین کاشف الغطاء بھی اسی خاندان کے ایک مشہور عالم ہیں۔

محمد حسین بن علی آل کاشف الغطا (۱۲۹۴ھ تا ۱۳۷۳ھ) ایک روشن فکر شیعہ عالم اور نجف کے مرجع تقلید تھے۔ آپ فقہ، خطابت، ادبیات عرب، فلسفہ و حکمت اور تفسیر و عرفان میں ماہر تھے۔ آپ کو ان پہلے فقہا میں سے شمار کیا جاتا ہے جنہوں نے حوزہ علمیہ نجف کی فقہی تحقیقات میں تقابلی فقہ کی روش کا آغاز کیا۔ کاشف الغطاء نے بہت سی کتب خاص طور پر تشیع کے تعارف میں لکھی ہیں کہ جن میں سے کتاب اصل الشیعۃ واصولہا ایک ہے اور اس کا فارسی ترجمہ آئین ما کے نام سے ہو چکا ہے۔ آپ وحدت اور اسلامی بیداری کیلئے فکر مند رہتے تھے اور شیعہ کے تعارف اور اس کا دفاع کرنے کی سعی و کوشش زیادہ تر اسلامی مذاہب کے مابین تقریب اور اتحاد کی راہ ہموار کرنے کی غرض سے تھی۔ کاشف الغطا سماج اور سیاست پر خصوصی توجہ رکھتے تھے اور انہوں نے پہلی عالمی جنگ کے دوران برطانوی قابض فوج کے خلاف مسلح جنگوں میں شرکت کی۔ [مرتب]

یہ کتاب شیخ سماوی کی نظر میں:

اسی سفر میں شیخ محمد سماوی اصاحب ابصار العین سے بھی ملاقات ہوئی۔ مولانا کو ان کی بعض باتوں سے اختلاف تھا جس کا تذکرہ انہوں نے خود کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

''معاصر سماوی کی گفتگو میں مجھے دو موقعوں پر اختلاف پیدا ہوا:

(۱) ممدوح نے ابن طاوس علیہ الرحمہ کی مشہور کتاب کو بجائے مجتنیٰ کے مجتبیٰ کہا، ممکن ہے کہ موصوف کی تحقیق یہی ہو مگر اہل تحقیق اس کو تسلیم نہیں کرتے۔

(۲) میں نے تذکرۃ الحیوان کا مآخذ ابصار العین کو جو قرار دیا تو ممدوح نے بے ساختہ فرمایا کہ میں نے تو اس میں جانوروں کے حالات نہیں لکھے۔

یہ مقولہ بھی درست نہ تھا اس لیے کہ میں نے صدر کتاب میں جو فہرست منقول عنہا کی سپرد قلم کی ہے اس میں ہر علم وفن کی کتابیں ہیں یہ ضروری نہیں کہ میں ابصار العین سے کسی حیوان کا تذکرہ کروں ممکن ہے کہ ذوالجناح کا ذکر کیا ہو۔ موصوف کی رائے سے میرا اختلاف احتمالی جملوں میں تھا اور یہ جواب کافی تھا ورنہ ضرورت تھی کہ میں بتاتا کہ ابصار العین سے میں نے کیا لکھا ہے۔ آٹھ سو صفحات کی کتاب میں مصنف کا فرض نہیں ہے ہر اقتباس کا حوالہ زیر نظر ہو۔

میری گفتگو کو جناب علامہ نے بہت غور سے سنا اس اثنا میں میں نے کتاب کے دو معرکہ آراء مقام نکال کر پیش کیے ایک حافظ رجب برسی کی عبارت جس کو سنتے ہی مجھ سے فرمایا کہ اس کا کیا ترجمہ کیا ہے؟ میں نے اردو ترجے کی فارسی پیش کی اور جناب نے کافی داد دی۔ دوسرا مقام مستدرک الوسائل کی ایک حدیث تھی جو عقد لاینحل ثابت ہو رہی تھی میرے استفسار پر جناب نے اپنی صحبت کے اہل علم سے تخاطب کیا اور ہر شخص نے جواب دیا کہ ''مادری'' [یعنی میں نہیں سمجھا]۔ آخر میں اپنے کتب خانے سے مصر کا ایک مبسوط لغت دیکھنے کا حکم دیا مگر اس لغت سے بھی لفظ حل نہ ہوئے اور میں نامراد صحبت سے اٹھا۔ جناب آغا نے میرے ہاتھ کی

ا محمد بن طاہر بن حبیب ترکی فضلی؛ عالم، فقیہ، ادیب، شاعر اور خطیب تھے جو عراق کے علاقے سماوہ میں ولادت پانے کے سبب "سماوی" کے عنوان سے مشہور ہوئے۔ وہ ۱۲۹۳ھ میں سماوہ میں پیدا ہوئے اور بچپن کے ایام اور والد کے انتقال کے بعد اسلامی علوم کے حصول کی غرض سے نجف چلے گئے۔

سماوی نے ۱۳۲۲ھ تک نجف میں قیام کیا اور اپنے آبائی علاقے میں واپسی کے بعد ۱۳۳۰ھ میں عراقی پارلیمان کے رکن بنے۔ سماوی نے کچھ عرصہ نجف کے قاضی نیز بغداد کے حاکم شرع کی حیثیت سے کردار ادا کیا نیز وہ عراق کی مجلس علمی کے رکن بھی تھے۔ سماوی ۱۳۷۰ھ میں نجف میں دنیائے فانی سے رخصت ہوئے اور وہیں سپرد خاک کئے گئے۔ ان کی کاوشوں میں علاوہ از کتاب ابصار العین "الطلیعة فی شعراء الشیعة"، "ظرفة الأحلام فیما نظم فی المنام"، "الكواكب السماوية فی شرح القصيدة الفرزدقية"، اور "شجرة الرياض فی مدح النبی الفياض" خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ [مرتب]

تصویروں کو بھی بہت زیادہ غور و خوض سے ملاحظہ کیا اور بے حد تعریف فرمائی۔"

(سفینۂ حیات، جلد دوم، قلمی، ص ۴۴۸، ۴۴۹)

"الذریعۃ الیٰ تصانیف الشیعۃ" میں اس کتاب کا ذکر:

آغائے بزرگ تہرانی[1] کی اس مشہور زمانہ کتاب میں بھی اس کا تذکرہ آیا ہے۔ مولانا نے سفر زیارت عراق میں نجف اشرف میں اُن سے ملاقات بھی کی تھی اور اپنی بعض کتابیں بھی ہدیہ کی تھیں۔ تذکرۃ الحیوان کا قلمی نسخہ وہ ساتھ لے گئے تھے جسے آغائے بزرگ نے بہت انہماک سے دیکھا اور پسند کیا تھا اور اس کے ضروری کوائف لکھ لیے تھے اور اجازۂ روایت بھی عطا فرمایا۔ مولانا اپنی یادداشتوں میں لکھتے ہیں:

"جناب آغائے بزرگ مدظلہم کا قیام اب بجائے سامرہ کے نجف میں ہے۔ میں جب حاضر ہوا تو آپ تصنیف میں مشغول تھے گھر میں نہ کوئی ساز و سامان تھا نہ قالینوں کا فرش، کتابیں ہی کتابیں نظر آتی تھیں مجھ سے اشتیاق ملاقات کے بعد میری تصانیف کی تعریف فرمائی اور شوق تالیف کی داد دیتے ہوئے دعائے خیر فرمائی اور میری کتاب تذکرۃ الحیوان کو بغور ملاحظہ فرمایا "خطبہ" کی داد دی جس میں اردو ادب کے تلمیحات اور استعارات کا ایک خزانہ ہے۔ اپنی زیر تالیف عظیم الشان کتاب، ذریعہ، کی زیر تالیف کا پیاں دکھائیں۔ میری تاریخ ولادت کو نوٹ فرمایا بہت دیر تک مسائل علمیہ پر گفتگو رہی جب یہ صحبت برخواست ہوئی تو ممدوح نے میری مشایعت کرتے ہوئے اجازۂ روایت عطا فرمایا۔"

(سفینۂ حیات، جلد دوم، قلمی، ص ۴۴۹)

مولانا نے جس اجازے کا ذکر کیا ہے وہ مجھے اُن کے کاغذات میں تلاش کے باوجود نہیں ملا لیکن ان کی یادداشتوں میں ایک جگہ اس کا ذکر ہے جس سے اس کی اہمیت کا اندازہ ہو جاتا ہے۔ مولانا لکھتے ہیں:

"(۱۱) وہ مبسوط سند ہے جو جناب علامہ شیخ محمد محسن طہرانی معروف باآغا بزرگ مجتہد العصر نجف اشرف نے ۹ ربیع الاول ۱۳۶۰ھ کو عطا فرمائی۔ اس طویل سند میں جناب ممدوح نے متعدد طریقوں سے آئمہ معصومین صلوات اللہ علیہم اجمعین سے روایت کرنے کی اجازت دی ہے اور متاخرین علماء میں اپنے اساتذہ سے خصوصیت کے ساتھ سلسلۂ سند کو قائم کیا ہے۔ اس اجازہ کو جو ۹۵ صفحہ کا ہے افسوس ہے کہ ہم طول کے خوف میں درج نہیں کر سکتے یہ ایک معرکۃ آلآراء اجازہ ہے جس میں علم رجال کے رموز و نکات اور سیرت علماء پر بھی تبصرہ ہے۔"

(سفینۂ حیات، جلد دوم، قلمی، ص ۴۷)

---

[1] محمد محسن بن علی منزوی تہرانی (۱۲۹۳ھ تا ۱۳۸۹ھ)، آغا بزرگ تہرانی کے نام سے معروف شیعہ عالم دین، فقیہ اور ماہر کتاب شناس تھے۔ انہوں نے بہت سے آثار چھوڑے گران میں **الذریعۃ الی تصانیف الشیعۃ**، شیعہ کتب و آثار کے تعارف کا نہایت ضخیم ذخیرہ ہے اور **طبقات اعلام الشیعۃ** چوتھی صدی ہجری سے لیکر چودھویں صدی ہجری کے شیعہ علماء کے احوال اور آثار کا دائرۃ المعارف، سب سے زیادہ اہمیت کے حامل ہیں۔ [مرتب]

نجف میں قیام کے چھٹے دن کی روداد میں لکھتے ہیں:

"آغائے بزرگ مدظلہم نے شب کو قیام گاہ پر سرفراز کیا اور اپنے ضعف و اضمحلال و علمی مصروفیات کے اظہار میں فرمایا کہ میں دو دو مہینہ گھر سے برآمد نہیں ہوسکتا۔ دیر تک علمی چرچا رہا کان میں دعا پڑھی مجھے بکمال اخلاق رخصت کیا میں اس زحمت کشی کا کسی طرح شکریہ ادا نہیں کرسکتا"۔

(سفینۂ حیات، جلد دوم، ص ۴۰۵، قلمی)

آغائے بزرگ، مولانا سے بے حد متاثر ہوئے جس کا ثبوت اس بات سے فراہم ہوتا ہے کہ انھوں نے اپنی عظیم الشان کتاب میں ان کی کتابوں کا تذکرہ کیا۔

تذکرۃ الحیوان کے ذکر میں کتاب کی اصل عبارت یہ ہے:

"(۱۰۸ : تذكرة الحيوان) في تراجم الحيوانات التي ذكرت اسمائها في احاديث أهل البيت عليهم السلام، وجرى ذكرها على لسانهم، وما ورد عنهم في شانها من الآثار والخواص وغيره من الحالات، تقرب من ثلاثمائة اسم من الحيوانات مرتبا على حروف الهجاء نظير حياة الحيوان للدميري وهو كتاب مبسوط في ص ٣٤٧، باللغة الاردوية ألفه السيد آقا مهدي بن السيد محمد تقي بن السيد ابراهيم النقوي اللكهنوي المعاصر المولود في (١٣١٦) مؤلف-الاحياء الآثار-المذكور في (ج ا ص ٣٠٦)"

(الذریعۃ الی تصانیف الشیعۃ، جلد ۴، ص ۳۱)

یعنی، یہ حیوانات کے حالات میں ہے، وہ حیوانات جن کے نام اہلبیتؑ کی احادیث میں آئے ہیں اور جن کا ذکر ان کی زبان پر جاری ہوا ہے اور اہلبیتؑ نے جن کی شان میں اُن کے حالات و آثار اور خصوصیات کو بیان کیا ہے (انھیں درج کیا گیا ہے)، اس میں تقریباً تین سو سے زائد حیوانات کا حروف تہجی کے حساب سے ذکر ہے جس طرح سے دمیری نے حیات الحیوان میں کیا ہے، یہ مبسوط کتاب ۳۴۷ صفحات پر اردو زبان میں لکھی گئی ہے اور اس کے مؤلف سید آقا مہدی ابن سید محمد تقی ابن سید محمد ابراہیم نقوی لکھنوی ہیں، جن کی ولادت ۱۳۱۶ھ کی ہے اور یہ احیاء الآثار کے مؤلف بھی ہیں جس کا [اس کتاب کی] جلد اول کے صفحہ ۳۰۶ پر ذکر کیا گیا ہے۔

احیاء الآثار کے تعارف میں آغائے طہرانی کے الفاظ یہ ہیں:

"(١٥٩٣ : احياء الآثار) في ترجمة ممتاز العلماء السيد محمد تقي بن سيد العلماء السيد حسين بن العلامة السيد دلدار علي النقوي النصير آبادي المولود بلكهنو سنة ١٢٣٤ والمتوفى بها سنة ١٢٨٩، وهو بلغة أردو، لحفيده، السيد مهدي بن السيد محمد تقي بن شمس العلماء السيد ابراهيم بن ممتاز العلماء السيد محمد تقي المذكور، ذكره السيد العلامة

ابن عم المصنف السید علی نقی بن أبی الحسن بن ابراهیم۔

(الذریعۃ الیٰ تصانیف الشیعۃ، جلد ۱، ص ۳۰۶)

احیاء الآثار، ممتاز العلماء سید محمد تقی بن سید حسین بن علامہ سید دلدار علی نقوی نصیر آبادی کے حالات پر مشتمل ہے، جن کی ولادت ۱۲۳۴ھ میں لکھنؤ میں ہوئی اور اسی شہر میں ۱۲۸۹ھ میں وفات ہوئی۔ یہ کتاب اردو میں ہے جسے ان کے پوتے سید مہدی بن سید محمد تقی بن شمس العلماء سید ابراہیم بن ممتاز العلماء سید محمد تقی نے تحریر کیا ہے، مصنف کے چچازاد بھائی علامہ سید علی نقی [نقن صاحب] ابن ابی الحسن بن ابراہیم نے اس کا ذکر کیا ہے۔

اخبارِ ''سرفراز'' کا تبصرہ:

اس کتاب کی شہرت کیونکہ لکھنؤ کے علمی حلقوں میں ہو چکی تھی اس لیے خصوصیت کے ساتھ شیخ ممتاز حسین جونپوری نے اس پر ایک نوٹ لکھا۔ وہ لکھتے ہیں:

''حیوۃ الحیوان، جناب مولانا آغا مہدی صاحب لکھنوی نے ایک سال کی عرق ریزی کے بعد یہ کتاب تیار کی ہے۔ شیعوں میں کوئی کتاب آج تک ایسی مکمل نہ تھی جس میں وہ شیعی احادیث جمع کیے جائیں جس میں امام و پیغمبر نے جانوروں کا ذکر کیا ہے انفرادی حیثیت سے ہر شیعی کتاب میں اس کا کچھ نہ کچھ حصہ تھا مگر یکجا کرنے کی ضرورت تھی۔ جناب مولانا نے ۳۴۷ صفحات ۲۰×۲۶ تقطیع پر اس کو ختم کر دیا ہے اس میں ۲۳۳ جانوروں کی مکمل لائف سے اور یہ بتایا ہے کہ دنیا کے تمام جانوروں میں قسمیں ہیں۔ ہر جانور کی تصویر پھر اس کا انگریزی فارسی نام اور حدیث کا پتہ جس میں اس کا ذکر ہے آخر میں ادبیات کی تحت میں وہ ضرب المثل اور تمام جملے جس میں زبان اردو میں کسی جانور کا نام استعمال کیا جاتا ہے مع کسی شاعر کے شعر کے اس موخر الذکر عنوان نے کتاب کی دلچسپی میں چار چاند لگا دیے ہیں اور بھی بہت سی خصوصیات ہیں۔ اس کتاب کو ایک ڈکشنری کی حیثیت میں تصنیف کیا ہے جانوروں کے نام پر جن انسانوں کا کوئی لقب یا نام ہے ان کے بھی مکمل حالات لکھے گئے ہیں۔

اس نادر الوجود کتاب کی طباعت کا سوال درپیش ہے میرا تمام روپیہ قومی کام اور قوم کے مستحقین کے لیے صرف ہو گیا ورنہ میں تنہا ایسی کتاب چھپواتا اب بھی مالی مدد اس کی طباعت میں کروں گا اگر دس دس روپیہ بیں پچیس افرادِ قوم دے دیں تو اس کا چھپ جانا دشوار نہیں۔''

(اخبار، سرفراز، امام حسن نمبر، لکھنؤ، ۹ تا ۱۳ نومبر ۱۹۳۸ء)

''الواعظ''، مدرسۃ الواعظین لکھنؤ، کا تبصرہ:

الواعظ، جون ۱۹۴۳ء میں مولانا آغا مہدی لکھنوی کا ایک مضمون شائع ہوا تھا جس کی سرخی یہ تھی، ''علم

الحیوان میں شیعوں کے قلمی خدمات'' ،اس کے ساتھ ایڈیٹر نے یہ نوٹ قائم کیا:

''میں بڑی مسرت کے ساتھ اس امر کو واضح کرنا چاہتا ہوں کہ مضمون نگار جناب لسان الملۃ مدظلہ نے خود بھی علم الحیوانات پر تقریباً ایک ہزار صفحہ کی کتاب بہ زبان اردو تحریر فرمائی ہے جو اپنے موضوع میں بہترین چیز ہے۔ کتاب کا نام تذکرۃ الحیوان ہے جس میں مؤلف نے احادیث شیعہ کا استیعاب کیا ہے جو حیوانات کے باب میں وارد ہوئی ہیں اس کتاب میں پانچ مقدمے اور ۷۳۴ صفحات ہیں۔ کاش قوم اس کی طباعت کی فکر کرتی یا خدا موصوف کو استطاعت عطا کرتا۔''

(الواعظ، جون، ۱۹۴۳ء)

ایک اہم کتاب جس کا ذکر مولانا نے نہیں کیا.....!

ملا اسماعیل سبزواری کی وفات ۱۳۱۲ھ میں ہوئی۔ والد کا نام ملا محمد جعفر بن علی اصغر تھا۔ اپنے عہد کے بزرگ اور جید خطبا میں سے تھے۔ حافظہ بہت قوی تھا۔ تہران میں رہتے تھے۔ بہت سی کتابیں لکھیں جن میں خرج الایام لکافۃ الانام، کی بہت شہرت ہے یہ مجالس کے مجموعے کا نام ہے جو سات جلدوں پر ہے اور ہر جلد کا الگ نام ہے:

۱۔ جامع النورین فی احوال الانسان

۲۔ مجمع النورین للبہائم

۳۔ کتاب الملائکہ

۴۔ کتاب الشیطان

۵۔ تنبیہ المعتبرین فی احوال ابلیس اللعین

۶۔ کتاب الجنۃ والنار یا نوادر الآثار

۷۔ بدایع الاخبار یا دمنبر

ان کی کتاب الطیور اور کتاب الحیوان کا یہاں ذکر مقصود ہے۔ مولانا آغا مہدی نے اس کتاب کا ذکر اپنے مصادر یا دیباچے میں نہیں کیا ہے۔ شاید یہ کتاب انہیں دستیاب نہ ہوئی لیکن اگر ہو جاتی تو اس کتاب کے مواد میں غیر معمولی اضافہ ہوتا۔ کتاب الحیوان مجالس کا مجموعہ ہے جس میں کل ۱۰۴ مجلسیں ہیں۔ ہر مجلس ایک مخصوص حیوان پر ہے اور آخر میں مصائب بھی ہیں۔ مصائب میں بھی حیوان کی مناسبت رکھی گئی ہے۔ یہ کتاب بھی اپنی نوعیت کی منفرد ترین کتاب ہے اور اسے اردو زبان میں بھی شائع ہونا چاہیے۔

مولانا کی دیگر تالیفات کا جائزہ:

مولانا کی کتابوں کی فہرست ایک بحر ذخار ہے۔ حیرت ہوتی ہے کہ انہوں نے تصنیف و تالیف کے

لیے کیسے وقت نکالا اور یہ کتابیں کس طرح لکھی گئیں۔ اس میں شک نہیں کہ وہ ایک علمی خانوادے سے تعلق رکھتے تھے اور نادر ترین مصادر تک بہت آسانی کے ساتھ ان کی رسائی بھی تھی۔ انہوں نے تحریر کے ساتھ ساتھ تقریر میں بھی شہرت پائی جس کا ثبوت ان کی مجالس کی فہرست ہے۔ ان کی کچھ کتابیں عربی میں بھی ہیں۔ بعض فارسی کتابوں کے ترجمے بھی کیے۔ بعض کے حواشی لکھے۔ پہلا مضمون ۱۴ برس کی عمر میں لکھا اس کے بعد تا دمِ مرگ ہاتھ سے قلم نہ چھوٹا۔ سات سے زیادہ جلدوں میں اپنی سوانح حیات لکھی۔ عقد حضرت قاسمؑ کے اثبات میں ۹ جلدیں لکھیں۔ مقالات کا مجموعہ بھی کئی جلدوں پر مشتمل ہے۔ کشکول کی شکل میں ۶ سے زائد جلدیں موجود ہیں۔ غرض کہ تفسیر، فقہ، حدیث، تاریخ، سیرت، مقاتل، خطاطی، خطابت، علم حیوان، علم جغرافیہ جیسے مشکل علوم پر کئی کتابیں لکھیں۔ اس کا اندازہ ذیل کی فہرست سے ہو سکے گا جو مولانا ہی کی بنائی ہوئی ہے۔ اس میں بعض کتابیں ہندوستان میں رہ گئیں تھیں جن کی نشاندہی فہرست میں موجود ہے۔ جس خانے میں کراچی لکھا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ کتاب میرے کتب خانے میں ہے ماسوائے چند کتابوں کے۔

فہرست تالیفات و تصنیفات

لسان القوم زبدۃ العلماء مولانا آغا مہدی لکھنوی مرحوم

نمبر شمار	اسمائے کتب	مقام (کہاں ہے)	سال تصنیف	حجم	کیفیت
۱	جدول ولادت و وفات آئمہ معصومینؑ	کراچی	۱۳۳۰ھ	۳۶	۱۴ برس کی عمر میں قلم اٹھایا۔ غیر مطبوعہ
۲	رسالہ دراحوال امام عصر اُردو	کتب خانہ مدرسۃ الواعظین لکھنؤ	۱۳۳۰ھ	۹	غیر مطبوعہ
۳	ترجمہ اُردو نحو میر	کراچی	۱۳۳۱ھ	۴۴	غیر مطبوعہ
۴	توضیح القرآن سورہائے قرآن اور پاروں کا نقشہ	کراچی	۱۳۳۱ھ	۲۶	پندرہ برس کے سن کی کتاب
۵	رسالہ نسب غفران مآب فارسی	کراچی	۱۹۱۴ء	۱۶	غیر مطبوعہ
۶	خون تہذیب جنگ ہفت کشور	یورپ کی ۱۹۱۴ء کی جنگ دو جلدوں میں یہ کتاب سید العلماء سید علی نقی مجتہد کے پاس لکھنؤ میں تھی۔			غیر مطبوعہ

۷	خطوط مرموزہ (خطاطی کی قسم)	کراچی	۱۳۳۴ھ	۱۸	غیر مطبوعہ
۸	ترجمہ دستور المبتدی اُردو	کراچی	۱۳۳۴ھ	۴۴	غیر مطبوعہ
۹	مفتاح التاریخ کامل	کراچی	۱۳۳۴ھ	۲۰۶	اس کتاب کے ابتدائی دو ناقص مسودے مدرسۃ الواعظین لکھنؤ میں ہیں۔
۱۰	رسالہ دراد عیہ متفرقہ	کراچی	۱۳۳۴ھ	۳۶	مطبوعہ
۱۱	طغرا (قطعات نسخ و نستعلیق)	میر نواب صاحب مرحوم فینس والی گلی	۱۳۳۲ھ	۵۰	غیر مطبوعہ
۱۲	شرح مایۃ عامل محشی مع ترکیب اُردو	کراچی	۱۳۳۳ھ	۲۰۴	غیر مطبوعہ
۱۳	البلد الطیب (دعا) فارسی	کراچی	۱۳۳۷ھ	۳۸۱	غیر مطبوعہ
۱۴	انیس الذاکرین در مناقب آل یٰس	مرزا الطاف حسین عالم مرحوم	۱۳۳۷ھ	ضخیم	رجحان ہے کہ یہ کتاب مولوی سبحان اللہ صاحب رئیس گورکھپور کی طرف منتقل ہوئی اور موصوف کا کتب خانہ ان کے بعد مسلم یونیورسٹی میں ہے۔
۱۵	فواتح الجنان در فضائل اسماء الرحمان، سات جلدیں	کراچی	۱۳۴۲ھ	۳۴۳	اصل مسودہ ساتوں جلدوں کا سید فضل حسین بلگرامی حیدرآباد دکن کے پاس ہے۔
۱۶	عبائر الانوار قلمی جلد اول اصل نسخہ	قلمی مدرسۃ الواعظین لکھنؤ میں، چھاپہ کراچی میں	۱۳۴۱ھ	۴۵۶	اصل مسودہ کا نسخہ سید العلماء کے پاس ہے، دو جلدوں میں یہ کتاب عماد الاسلام پریس لکھنؤ اور صادق پریس لکھنؤ سے چھپی۔

۱۷	عبائر الانوار قلمی تا جلد ششم	از ج ۳ تا ۶ کراچی میں	۱۳۹۵ھ	۸۸۹	غیر مطبوعہ
۱۸	احیاء الآثار سوانح ممتاز العلماء	کراچی	۱۳۴۴ھ	۵۲۷	غیر مطبوعہ
۱۹	کتاب کریم فی ترجمۃ ابراہیم	کراچی	۱۳۴۴ھ	۲۳۵	آخری باب مکاتیب ناتمام ہے۔
۲۰	صنم آمد جس کا نام قسطاس کلام ہے	کراچی میں	۱۳۴۴ھ	۸	ایک نقل مولانا باقر شمس کے پاس ہے۔
۲۱	جنت وحریر تفسیر ربیون کثیر	۱۰ مجلسیں، کراچی	۱۳۴۴ھ	۱۳۴	غیر مطبوعہ
۲۲	نقد التقریر یعنی حدیث کنت سمعہ الذی یبصر	کراچی	۱۳۵۵ھ	۹۰	غیر مطبوعہ
۲۳	زفرات الخائفین مواعظ ماہ رمضان	۳۰ مجلسیں	۱۳۵۵ھ	۲۲۵	ختم تصنیف اعظم گڑھ میں۔ غیر مطبوعہ
۲۴	صدق مقال روزنامچہ بھوپال	کراچی	۱۳۴۵ھ	۳۷	غیر مطبوعہ
۲۵	ہدیہ بہیہ در وعظ ونصیحت مختلف تقریروں کا مجموعہ	کراچی	۱۳۴۵ھ	۲۴۴	ما حل ضلع اعظم گڑھ میں تکمیل ہوئی۔ غیر مطبوعہ
۲۶	شموس بازغہ مستدرک بدور سافرہ سیوطی عربی	کراچی	۱۳۴۸ھ	۱۲۴	مسودہ ناتمام
۲۷	شمیم فضل خود نوشتہ ابتدائی سوانح حیات	کراچی	۱۳۴۵ھ	۱۲۲	غیر مطبوعہ
۲۸	حلہ ارم احوال امام اکرم صنعت مہملہ	کراچی	۱۳۴۵ھ	۸	مطبوعہ۔ روزنامہ ذوالفقار، پشاور۔
۲۹	رسالہ فن سپہ گری	کراچی	۱۳۴۵ھ	۴	ایک نقل مولانا باقر شمس کے پاس ہے۔
۳۰	اسواق الذہب فی المکاتیب والخطب عربی	کراچی	۱۳۴۵ھ	۳۹	غیر مطبوعہ

۳۱	ثمرۃ الفواد فی میلاد اشرف البلاد	کراچی	۱۳۴۶ھ	۲۷	علیؑ و کعبہ کا پہلا خاکہ
۳۲	ہادی المضلین رو پادری فنڈر	کراچی	۱۳۴۷ھ	۲۸	غیر مطبوعہ
۳۳	حیات شیخ مفیدؒ	کراچی	۱۳۴۷ھ	۱۲	غیر مطبوعہ
۳۴	غواث الدعوات خلاصہ ترجمہ بلد طیب اردو	اصل کاپی گورکھپور میں ہے سید نذیر حسین قرق امین کے پاس	۱۳۴۷ھ		غیر مطبوعہ
۳۵	درج اللغات الفاظ انگریزی	کراچی	۱۳۴۷ھ	۷۰	غیر مطبوعہ
۳۶	رحلۃ الشتا تفسیر ھل اتیٰ دو جلدیں	کراچی	۱۳۴۷ھ	۲۳۵	غیر مطبوعہ
۳۷	وسادۃ الذہب تاریخ ماہ رجب	مفتاح التاریخ کا ایک باب جو ماہنامہ الواعظ میں چھپا			غیر مطبوعہ
۳۸	دہ مجلس فضائل و مصائب مجالس خواتین	رائے بریلی			غیر مطبوعہ
۳۹	ہفتہ وار الصراط دو جلدیں	مدرسۃ الواعظین لکھنؤ	۱۳۴۸ھ		مطبوعہ
۴۰	البیان فی الطوفان	کراچی	۱۳۴۸ھ	۴۰	غیر مطبوعہ
۴۱	سبحۃ الدرر احوال سید البشر	کراچی	۱۳۴۸ھ	۵	رائے بریلی میں تکمیل ہوئی
۴۲	سبع سنابل ابقال سار و ابل	کراچی	۱۳۴۸ھ	۲۵	گورکھپور
۴۳	تفسیر آیات قرآن	کراچی	۱۳۶۳ھ	۳۲	رام پور
۴۴	رسالہ ردّ فخر رازی	رام پور اسٹیٹ	۱۳۶۳ھ		غیر مطبوعہ
۴۵	زاد التلاق سفرنامہ عراق	کراچی	۱۳۴۹ھ	۱۳۶	گورکھپور میں تکمیل ہوئی اصل مسودہ مدرسۃ الواعظین میں بھی ہے
۴۶	طریقہ مثلیٰ تفسیر عروۃ الوثقیٰ	دو حصے، کراچی	۱۳۵۹ھ	۱۳۰	حیدرآباد دکن میں تکمیل ہوئی
۴۷	ماہنامہ مبلغ لکھنؤ ہر دو جلد	مدرسۃ الواعظین	۱۳۵۹ھ		مطبوعہ

۴۸	برق تجلی ردِّ تجلیات	مدرسۃ الواعظین	۱۳۵۹ھ	۱۹	حیدرآباد دکن میں
۴۹	السقف المرفوع ردِّ نجدیت	مدرسۃ الواعظین	۱۳۵۰ھ		غیر مطبوعہ
۵۰	لواء الہدیٰ فی تراجم العلماء	کراچی	۱۳۵۰ھ	۱۷۰	غیر مطبوعہ
۵۱	ظواہر البیان یعنی حدیث من عرف نفسہٗ	کراچی	۱۳۵۰ھ	۵۸	حیدرآباد دکن میں تکمیل ہوئی
۵۲	ظل الرحمۃ فی مسائل المہمہ ہر دو جلد	کراچی	۱۳۵۰ھ	۱۸۱	جلد اول تلف ہوگئی دوسری موجود ہے اس سال سے مسائل کی نقل محفوظ رکھنے کی فرصت نہیں
۵۳	ثعبان مبین لاعداء الدین (ردِّ اسم عزا)	کراچی	۱۳۵۰ھ	۹	غیر مطبوعہ
۵۴	الصفح الجمیل۔ دس مجلسیں	کراچی	۱۳۵۱ھ	۲۹	غیر مطبوعہ
۵۵	علم النساء فارسی و عربی	تلف ہوگئی	۱۳۵۱ھ		غیر مطبوعہ
۵۶	المیزان فی احکام الجان	مدرسۃ الواعظین	۱۳۵۱ھ	ضخیم	قوم جن پر مطبوعہ مقالات کے تراشے
۵۷	معراج البیان تفسیر آیۂ رویا	کراچی	۱۳۵۳ھ	۵۳	غیر مطبوعہ
۵۸	چمنستان ہدایت مواعظ ماہ صیام	کراچی	۱۳۵۳ھ	۸۳	غیر مطبوعہ
۵۹	ضجیج الآملین (فارسی دعا)	کراچی	۱۳۵۳ھ	۱۲۰	رائے بریلی میں تکمیل ہوئی
۶۰	سوانح قنبر عبد خاص حضرت امیر المومنینؑ	کراچی	۱۳۵۳ھ		مطبوعہ
۶۱	مناجات داؤد مع خواص اسماء	کراچی		۲۴	مطبوعہ
۶۲	نقد و تبصرہ (کتابوں پر ریویو)	مدرسۃ الواعظین	۱۳۵۳ھ	۵۶	مطبوعہ
۶۳	کلیم اہل بیت سوانح حیات مولانا سبط حسن صاحب قبلہ	کراچی	۱۳۵۳ھ	۲۴	تقطیع کلاں۔ غیر مطبوعہ۔

۶۴	باغ و بہار (خطاطی کے نمونے)	کراچی	۱۳۵۳ھ	۳۶	غیر مطبوعہ
۶۵	اوراد الابرار (دعا)	رائے بریلی	۱۳۵۳ھ		غیر مطبوعہ
۶۶	تعلیمات قرآن و تفسیر اہل بیت برحاشیہ حمائل عکسی	کراچی	۱۳۵۳ھ	ضخیم	غیر مطبوعہ
۶۷	مقالات ۳ جلدوں میں	کراچی	۱۳۵۳ھ	ڈائری	قلمی
۶۸	محاسن (ڈاڑھی)	کراچی	۱۳۵۳ھ	۸۰	اعظم گڑھ میں تصنیف ہوئی۔ مطبوعہ
۶۹	معراج الکمال فی تذکرۃ الآل (مجالس)	کراچی	۱۳۵۴ھ	۵۳	غیر مطبوعہ
۷۰	الواعظ ماہنامہ مدرسہ واعظین ۱۷ جلدیں	کراچی			جلد ۱۲ و ۱۳ و از جلد ۲۶ تا ۴۰
۷۱	غایۃ الطالبین تذکرہ معصومین حالات آئمہؑ	کراچی	۱۳۵۴ھ	۱۸۹	غیر مطبوعہ
۷۲	کٹنگ اخبارات مشتمل بر مقالات ۵ جلد	کراچی		۶۳۶	قلمی
۷۳	فہرست کتب خانہ حاجی داؤد ناصر دو جلد	سید احمد جوہر، کراچی		ضخیم	قلمی
۷۴	ضرغام دین در احوال معصومینؑ	کراچی	۱۳۵۵ھ	۱۷	غیر مطبوعہ
۷۵	سیف انتقام (ردّ اسم عزاداری)	کراچی	۱۳۵۵ھ	۳۲	غیر مطبوعہ
۷۶	مواہب سنیہ (مجالس)	کراچی	۱۳۵۴ھ	۸۹	غیر مطبوعہ
۷۷	تعلیقات تفسیر رضوی	رام پور اسٹیٹ	۱۳۵۳ھ	۹۴	تقطیع کلاں
۷۸	سفرنامہ عراق	کراچی	۱۳۵۳ھ		الواعظ میں قسط وار طبع ہوا۔
۷۹	سعیدہ و ہدایت النساء مذہبی مکالمہ	کراچی	۱۳۵۳ھ	۱۳	غیر مطبوعہ

۸۰	فہرست مجالس لکھنؤ	کراچی	۱۳۵۳ھ	۶۸	قلمی
۸۱	اسلام وصحت پہلا حصّہ ترتیب شدہ	کراچی	۱۳۵۳ھ	۱۶	دوسرے حصّہ میں اس سلسلہ کے ۹ مقالات ہیں
۸۲	فہرست مومنین لکھنؤ	کراچی	۱۳۵۳ھ	۴۳	تقطیع خورد
۸۳	اسداللہ کا دلدار صفت غیر منقوط	کراچی	۱۳۵۳ھ	۸	غیر مطبوعہ
۸۴	مجالس جعفریہ دس مجالس	کراچی	۱۳۵۳ھ	۴۷	ایک کاپی حاجی محمد جعفر شریف دیوجی کمپالہ میں ہے۔
۸۵	تزئین المجالس، آیہ کرمنا بنی آدم، پر مجالس	کراچی	۱۳۵۳ھ	۱۷۱	افریقہ سے بک پوسٹ روانگی میں تلف ہو کر نیو کراچی سے معجزانہ طور پر دستیاب ہوئی مجلسوں کی جملہ کتب میں ممتاز۔ غیر مطبوعہ
۸۶	سم ذاخر، خبروں پر نوٹ	کراچی	۱۳۵۳ھ	۱۸	قلمی
۸۷	اسلام کی حکیمانہ تعلیم اور پردہ	کراچی	تراشۂ اخبارات		غیر مطبوعہ
۸۸	(سیرت آئمہ طاہرینؑ پر مطبوعہ کتب) العلیؑ سوانح حضرت امیرؑ کے چند پہلو	کراچی	۱۳۹۴ھ	۱۰۲	مطبوعہ
۸۹	الزہراؑ سوانح معصومہ عالمؑ	کراچی	۱۳۹۳ھ	۱۱۲	مطبوعہ
۹۰	الحسنؑ	کراچی	۱۳۹۲ھ	۵۴	مطبوعہ
۹۱	السجادؑ	کراچی	۱۳۹۱ھ	۵۰	مطبوعہ
۹۲	الباقرؑ	کراچی	۱۳۹۱ھ	۸۰	مطبوعہ
۹۳	الصادقؑ	کراچی	۱۳۹۱ھ	۳۷	مطبوعہ
۹۴	الکاظمؑ	کراچی		۴۸	مطبوعہ

۹۵	الرضاؑ	کراچی		۴۸	مطبوعہ
۹۶	التقی الجوادؑ	کراچی		۳۲	مطبوعہ
۹۷	النقی الہادیؑ	کراچی		۴۰	مطبوعہ
۹۸	العسکریؑ حصہ اول ودوم	کراچی		۳۲	دوسرے حصہ میں بہائی فرقہ کی رد خصوصی بحث ہے۔ صرف پہلا حصہ مطبوعہ ہے۔
۹۹	الحجتؑ	کراچی		۶۴	مطبوعہ
۱۰۰	(شہداء کربلا پر مطبوعہ کتابیں) سوانح حضرت زینب کبریٰ سلام اللہ علیہا	کراچی		۲۴۸	مطبوعہ
۱۰۱	سوانح حضرت عباسؑ مسمی بہ العبد الصالح	کراچی		۲۸۰	مطبوعہ
۱۰۲	مختصر سیرت شہزادہ علی اکبرؑ کے شبہات کا جواب	کراچی		۴۰	مطبوعہ
۱۰۳	حضرت قاسمؑ کی سیرت کا صرف ایک پہلو	کراچی		۴۰	مطبوعہ
۱۰۴	سکینہ بنت الحسینؑ	کراچی		۴۰	مطبوعہ
۱۰۵	سوانح شہزادہ علی اصغرؑ	کراچی		۱۹۲	مطبوعہ
۱۰۶	سوانح عثمان بن علیؑ	کراچی	۱۳۶۲ھ	۴۴	مطبوعہ
۱۰۷	سوانح عون بن علیؑ	کراچی		۴۸	مطبوعہ
۱۰۸	سوانح مسلم بن عقیلؑ	کراچی		۶۴	مطبوعہ
۱۰۹	سوانح حبیب بن مظاہر اسدی	کراچی		۱۲۸	مطبوعہ
۱۱۰	سوانح مسلم بن عوسجہؓ	کراچی		۴۸	مطبوعہ
۱۱۱	سوانح حیات بریر ہمدانیؓ	کراچی	۱۳۶۵ھ	۶۴	مطبوعہ

۱۱۲	سوانح حیات بلال بن نافع	کراچی	۱۳۶۵ھ	۲۴	مطبوعہ
۱۱۳	سوانح حیات جون غلام ابی ذرؓ	کراچی		۵۶	مطبوعہ
۱۱۴	سوانح حیات عابس شاکری	کراچی		۸۰	مطبوعہ
۱۱۵	سوانح حیات یزید بن زیاد کندی	کراچی		۴۸	مطبوعہ
۱۱۶	سوانح حیات زہیر بن قین	کراچی		۴۰	مطبوعہ
۱۱۷	دیگر کتابیں کتاب اختیارات دعاء (عربی)	کراچی		۱۲۵	غیر مطبوعہ
۱۱۸	یاقوت و مرجان یعنی مختلف علوم کی کتابوں کی فہرست آٹھ جلدوں میں	از ۱۳۳۷ھ تا ۱۳۹۵ھ		۲۹۵	۶ جلدوں کی اصل مدرسة الواعظین میں بھی موجود ہے۔
۱۱۹	تقاریر نجم ربیع الاول	کراچی		۴۰	غیر مطبوعہ
۱۲۰	تذکرة الحیوان (جانوروں پر احادیث شیعہ کا احاطہ)	کراچی		۷۳۴	بیشتر حصہ اعظم گڑھ میں تصنیف ہوا اخبارات پر اس کی افادیت پر نوٹ اور نجف اشرف کے سفرنامے میں اس کا ذکر ہے۔
۱۲۱	ذوائب ۵ جلدوں میں، چھٹی جلد شروع ہے	کراچی		۱۱۲۹	غیر مطبوعہ
۱۲۲	محشرستان تخیل	کراچی	۱۳۵۶ھ		مزاحیہ مجموعہ مضامین۔ غیر مطبوعہ
۱۲۳	ترجمہ سبحان علی مسودہ	کراچی		۵۶	ناتمام۔
۱۲۴	شہدائے ملت	کراچی		۴۲	
۱۲۵	اسلامی ریڈر	کراچی		۳۱	اعظم گڑھ میں تصنیف ہوئی
۱۲۶	زعفرجن	کراچی		چند مقالات	مطبوعہ

۱۲۷	خلاصہ ترجمہ خطوط علمائے عراق	کراچی		۸	تقطیع کلاں، غیر مطبوعہ
۱۲۸	(چند مطبوعہ کتابیں) عاشور محرم روزانجم لکھنؤ	کراچی		۳۲	مطبوعہ
۱۲۹	مستند حدیث کساء مع حواشی ومقدمہ	کراچی		۲۶	مطبوعہ
۱۳۰	العطش ۳ حصّے	کراچی		۳۲	مطبوعہ
۱۳۱	مقبول عالم جنتری ۱۳۶۰ھ	کراچی		۸۰	مطبوعہ
۱۳۲	تاریخ سلطان العلماء	کراچی		۲۴۰	مطبوعہ
۱۳۳	احسن الحدیث ۱۴ مجلسیں	کراچی		۱۴۰	مطبوعہ
۱۳۴	شہباز قلندر	کراچی	۱۳۹۱ھ	۸۰	مطبوعہ
۱۳۵	ولی قلندر	کراچی	۱۳۹۳ھ	۶۴	مطبوعہ
۱۳۶	سوانح غفراں مآب	کراچی	۱۳۸۳ھ	۴۸	مطبوعہ
۱۳۷	سوانح حیات فردوس مکاں	کراچی		۵۳	مطبوعہ
۱۳۸	سوانح زیب النساء	کراچی		۳۳	مطبوعہ
۱۳۹	براق نبوی	کراچی		۱۶	مطبوعہ
۱۴۰	ازواج نبی	مدرسۃ الواعظین لکھنؤ		۳۸	مطبوعہ
۱۴۱	نور کا تڑکا شرح دعائے صباح	کراچی		۴۰	مطبوعہ
۱۴۲	تذکرۃ المتقین سوانح والد مرحوم	کراچی		۲۴	مطبوعہ
۱۴۳	سبیل	کراچی		۲۰	صادقیہ مشن سیالکوٹ نے طبع کیا۔
۱۴۴	رسالہ غدیر	کراچی			مطبوعہ
۱۴۵	تاریخ شیعہ کا خونچکاں ورق۔ دو حصے	کراچی		۱۴۰	مطبوعہ
۱۴۶	تسبیح فاطمہؑ	کراچی		۳۲	مطبوعہ
۱۴۷	تازیانہ عبرت دو حصے	کراچی			ایک حصہ مطبوعہ
۱۴۸	رازِ شہادت ہر دو حصے	کراچی		۴۹	ایک حصہ مطبوعہ

۱۴۹	حصول اسلام کی حقیقت	کراچی		۱۴۴	شیعہ مشن لکھنؤ نے چھاپا۔
۱۵۰	حسین و مذہب	کراچی		۵۰	شیعہ مشن لکھنؤ نے چھاپا۔
۱۵۱	علیؑ و کعبہ	کراچی		۷۲	مطبوعہ
۱۵۲	سید الشہدء اور رد النجم	کراچی		۲۰	مطبوعہ
۱۵۳	(۷۲) بہتر شہید	کراچی		۱۴	مطبوعہ
۱۵۴	دفن شہداء	کراچی			مطبوعہ
۱۵۵	کتاب ما نزل فی اہل البیت فی القرآن تقطیع کلاں	کتاب خانہ ذاتی خطیب اعظم مرحوم	۱۳۸۱ھ	۱۵۲	غیر مطبوعہ
۱۵۶	بڑی نانی جان دو جلدوں میں (کاپی سائز)	کتاب خانہ ذاتی خطیب اعظم مرحوم	۱۳۸۱ھ	۱۹۶	غیر مطبوعہ
۱۵۷	موازنہ حق و باطل سیرت حکام جور تا عہد سفاح	کتاب خانہ ذاتی خطیب اعظم مرحوم	۱۳۸۱ھ	۲۴۷	غیر مطبوعہ
۱۵۸	بنات سید الکائنات کا جائزہ اور رد عبد الستار تونسوی	کتاب خانہ ذاتی خطیب اعظم مرحوم	تقطیع کلاں	۳۲	مذکورہ کتاب نمبر ۱۵۵، ۱۵۶، ۱۵۷ اور ۱۵۸ چاروں کتابوں کی قیمت ۱۰ ہزار سے زائد قرار پائی اور کتاب خانہ ذاتی خطیب اعظم مرحوم میں موجود ہیں۔
۱۵۹	روزنامچہ سفر ایران	کراچی	۱۳۸۷ھ	۱۰۷	غیر مطبوعہ
۱۶۰	زیر الاسد در بحث یا علیؑ مدد	کراچی	۱۳۸۷ھ	۵۰	غیر مطبوعہ
۱۶۱	الاحسان رد رضا لقمان (تراشہ مقالات)	کراچی	۱۳۸۷ھ	۳۵	غیر مطبوعہ
۱۶۲	تاریخ سید العلماء علیین مکانؒ	مولانا علی نقی صاحب مجتہد لکھنؤ کے پاس علی گڑھ میں بھی موجود ہے۔	۱۳۸۸ھ	۲۸۷	غیر مطبوعہ

۱۶۳	تاریخ ممتاز العلماء	۲ حصے، کراچی	۱۳۹۴ھ	۲۳۱	غیر مطبوعہ
۱۶۴	زیارت ناحیہ	کراچی	۱۳۹۴ھ	۴۳	چند مقالات
۱۶۵	ترجمہ اولاد ابوالفرج زیدی (علم نسب)	کراچی	۱۳۹۳ھ	بسیط	غیر مطبوعہ
۱۶۶	اقوام عالم میں تبلیغ دین	کراچی		۸۰	الواعظ میں قسط وار طبع ہوئی۔
۱۶۷	پیغمبر خدا اور انجیل برناس	کراچی		۱۸	
۱۶۸	رسالہ در ردّ امام رازی	کراچی		۱۴	غیر مطبوعہ
۱۶۹	مہمان کربلا، آیہ حنیف ابراہیم پر ایک عشرہ فضائل اور مصائب	کراچی		۵۸	غیر مطبوعہ
۱۷۰	الشامل فی المقاتل (واقعہ کربلا پر ہر صدی میں تصانیف)	کراچی میں	۱۳۶۱ھ	۳۸	غیر مطبوعہ
۱۷۱	غیبت مہدی یا قید فرنگ روزنامچہ جیل میرٹھ	کراچی	۱۳۶۱ھ	۱۸۱	اس کی طباعت کی تمنا ناصر الملۃؒ کو تھی
۱۷۲	چاند کا سفر	کراچی			سات مقالات کا مجموعہ
۱۷۳	المشعر الحرام فی احادیث خیر الانام (۱۰ مجلسیں)	کراچی	۱۳۵۸ھ	۱۴۴	غیر مطبوعہ
۱۷۴	وسیلہ ظفر، آیہ سفر پر دس مجلسیں	کراچی	۱۳۵۹ھ	۹۴	رنگون برما میں اس کی کتابت سے فارغ ہوا
۱۷۵	نصرۃ النعیم تفسیر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	کراچی		۲۱۴	الواعظ میں باقساط مہینوں طبع ہوئی
۱۷۶	سفینہ حیات خود نوشتہ حالات پر ۶ جلدیں	کراچی		۲۰۱۴	غیر مطبوعہ

۱۷۷	الطامۃ الکبریٰ نکات فضائل ومصائب	کراچی		۱۳۷	غیر مطبوعہ
۱۷۸	بکاء الفاقدین آیہ وزارت پر ۱۰ مجلسیں بہترین خطابت	کراچی		۶۴	غیر مطبوعہ
۱۷۹	اجازہ روایت بحق مولوی سید محمد ہادی مرحوم عربی	کراچی		۱۶	غیر مطبوعہ
۱۸۰	لولو مکنون مجلسوں کے نوٹ اور اشارات	کراچی		۱۵۴۷	۹ جلدیں
۱۸۱	انیس القلوب متفرق آیات پر مجلسیں	کراچی		۶۹	غیر مطبوعہ
۱۸۲	حدود ذاکری	کراچی		۳۰	الواعظ میں ۳ سال طبع ہوئی۔
۱۸۳	رسالہ عدد انبیاء	رام پور اسٹیٹ			غیر مطبوعہ
۱۸۴	مواعظ ماہ صیام و تفسیر سورہ حمد کے نوٹ	کراچی		۳۲۵	غیر مطبوعہ
۱۸۵	الحجۃ البالغہ در تفسیر سورہ فاتحہ (مرقومہ بالا فہرست کی تفصیل کتابی صورت میں)	کراچی		۴۶۵	بیرونجات کے سفر میں اس کے اجزاء مرتب ہوئے اور شہروں کے نام حاشیہ پر ایک تاریخی شان رکھتے ہیں نظر ثانی نہیں ہوئی۔
۱۸۶	شرح بعض فقرات زیارت ناحیہ (محبت قاطعہ)	کراچی		۱۲	غیر مطبوعہ
۱۸۷	نوٹس آیہ تفسحوا فی المجالس	تقریباً دو عشروں کے متعلقات		۲۰	غیر مطبوعہ
۱۸۸	ایمانی تھرمامیٹر	کراچی		۱۴	غیر مطبوعہ
۱۸۹	تاریخی یادداشت	کراچی		۱۲۰	غیر مطبوعہ

۱۹۰	مراۃ الانساب فارسی	کراچی		۱۲۰	غیر مطبوعہ
۱۹۱	عملیات	کراچی		۱۶۷	غیر مطبوعہ
۱۹۲	بیاض نسخہ جات	کراچی		۱۳۶	غیر مطبوعہ
۱۹۳	مستدرک دیوان امام زین العابدینؑ	کراچی		۴۸	مطبوعہ
۱۹۴	تیرھویں صدی کا لکھنؤ تین جلدیں	کراچی		۸۳۹	تاریخ لکھنؤ کی دو جلدیں مطبوعہ ہیں۔
۱۹۵	شان ذاکرین	بشیر الملۃ مدظلہ کے پاس			غیر مطبوعہ
۱۹۶	رقعات بے عدیل	کراچی		۷۰	غیر مطبوعہ
۱۹۷	نوٹس تفسیر آیہ انما بشر مثلکم، دو جلدیں	کراچی		۵۲	غیر مطبوعہ
۱۹۸	سیرت الذاکرین	کراچی		۲۰۳	بعض حصے الواعظ لکھنؤ کے شماروں میں چھپے ہیں۔
۱۹۹	عیون المجالس (پڑھی ہوئی مجلسوں کا نقشہ ۲ جلد)	کراچی			غیر مطبوعہ
۲۰۰	ترجمہ اُردو، دعا ندبہ زیارت ناحیہ (قیصر باغ لکھنؤ)	کراچی			غیر مطبوعہ
۲۰۱	یادگار اطباء نسخہ جات	کراچی		۲۲۶	غیر مطبوعہ
۲۰۲	انجیل اور احادیث شیعہ عربی	کراچی	ناتمام		غیر مطبوعہ
۲۰۳	حل من مزید در ضبط تولید	کراچی		۱۸	غیر مطبوعہ
۲۰۴	ترجمہ اُردو احوال النساء از گجراتی	دفتر حاجی ابراہیم پیر جی			غیر مطبوعہ
۲۰۵	مرزا دبیرؔ	کراچی		۳۳	مجموعہ مقالات
۲۰۶	عورت اسلامی آئین میں	پیر ابراہیم ٹرسٹ		۳۳	

۲۰۷	یدطولیٰ از دست رفتہ کتب کے حوالے	کراچی		۶۸	
۲۰۸	ذوالجناح	کراچی		۴۰	مطبوعہ
۲۰۹	رسالہ متعہ ناقص	کراچی			غیر مطبوعہ
۲۱۰	اولادِ رسولؐ	کراچی		۴۴	
۲۱۱	سیرت حضرت زینب مختصر	کراچی		۲۰	
۲۱۲	گھٹنا پاتا	کراچی		۱۰	غیر مطبوعہ
۲۱۳	یاسین چمن عبادت	کراچی		۲۶	غیر مطبوعہ
۲۱۴	مختار آلِ ہاشم	کراچی		۴۸	
۲۱۵	النبی سوانح حیاتِ رسولؐ	کراچی		۸۳	مطبوعہ

نوٹ۔ ۲۱۵ کتابوں میں جو کئی کئی جلدوں پر مشتمل ہیں اگر مجلدات کے لحاظ سے شمار کرتے ہیں تو ۲۷۹ جلدیں قرار پاتی ہیں ان میں ۱۱۱ کتابیں چھپ چکی ہیں۔

یہ کُل ذخیرہ ہزاروں صفحات پر مشتمل ہے جس پر پی ایچ ڈی کے مقالے کی ضرورت ہے۔ اگر کوئی محقق اس پر کام کرنا چاہے تو میری خدمات ہر طرح سے حاضر ہیں۔ مولانا کی غیر مطبوعہ کتابوں کی کتابت ہو رہی ہے جو انشاءاللہ اپنے اپنے موقعوں پر شائع ہوتی رہیں گی۔

سید ارتضیٰ عباس نقوی

۱۲؍ فروری ۲۰۲۰ء

maablib.org

تذکرۃ الحیوان

تصنیف

زبدۃ العلماء لسان الملت

مولانا سید آغا مہدی لکھنوی مرحوم

تدوین و پیشکش

سید ارتضیٰ عباس نقوی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شکر ہے اُس خدا کا جس کی کنہ حقیقت تک طائرِ وہم پہنچ نہیں سکتا۔ اُسی قادر و توانا نے سنسان زمین کو اپنے تکوینی ارادے کے ساتھ انسان و حیوان دو مختلف مہمانوں سے آباد کیا اور بنی آدم کو اشرف مخلوق قرار دیا۔ چرند اور پرند اُس کی قدرت کی وہ بالشان اور ناقابلِ انکار نشانیاں ہیں جن کو دیکھ کر بادہ غفلت سے سرشار انسان بھی کچھ دیر کے لیے خلاقِ عالم کی بارگاہ میں جبین نیاز خم کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے اور طیور کے چہچہے بتاتے ہیں کہ بے زبان جانور بھی محو تسبیح ہیں۔ پاک و منزہ ہے وہ خدا جس نے مخلوق کی اصلاح کے لیے یکے بعد دیگرے ہزاروں[1] انبیاء بھیجے اور بہیمیت نواز بندوں کے مقابلے میں اُن کی کمزوری محسوس کر کے خود امداد پر متوجہ ہوا۔ موسیٰؑ کے ہاتھ کی چھڑی کو اژدھا بنا کر فرعون کے شر سے بچایا، یوسفؑ کو بھیڑیے سے پناہ دی، یونسؑ کو مچھلی کے پیٹ سے نکالا، سلیمانؑ کے شمع اقتدار کا ہر وحش و طیر کو پروانہ بنایا، نمرود دشمنِ خلیلؑ پر ایک کمزور پشہ کو مسلط کیا آخر میں اصحابِ فیل پر ابابیل کا بے پناہ لشکر بھیج کر حرم کی چار دیواری کو ہاتھیوں کی زد سے بچایا۔

بارالہا! اپنی رحمت نازل کر بلبلِ بوستانِ معرفت و عندلیبِ گلستانِ وحدت حضرت ابوالقاسم محمدؐ پر جو نوشیرواں عادل کے دور میں پیدا ہوئے جن کے پیکرِ عصمت و طہارت پر کبھی مکھی نہیں بیٹھی اور مردہ گوہ نے اُن کی نبوت پر زندہ ہو کر گواہی دی۔ بیشک اُن کے بلند و بالا رتبہ تک آہوئے فکر پہنچ نہیں سکتا اور اُن کی ایثار پسند، فقر نواز آلؑ پر جن کے جسم میں پیوند دار کپڑوں کے سوا کبھی قاقم و سنجاب[2] نظر نہ آیا اُن کے شامہ[3] نواز فضائل کا احاطہ طاقتِ بشری سے محال ہے خصوصاً شہسوارِ میدان خطابہ، دُرِ صدف[4] کعبہ، صاحب ذوالفقار، شاہِ دُلدل سوار، وارثِ انبیاء و رسل، امیر النحل[5]، امیر المومنین، یعسوب[6] الدین، شوہرِ

---

[1]: ہزار فارسی میں بلبل کو کہتے ہیں۔

[2]: ایک جانور ہے جس کے بالوں کے کپڑے بہت بیش قیمت اور نفیس ہوتے ہیں۔

[3]: شامہ ایک چڑیا کا نام ہے جو [مثل] گل انار سرخ رنگ کی ہوتی ہے۔

[4]: سیپی کو صدف کہتے ہیں جس میں سے موتی پیدا ہوتے ہیں۔

[5]: امیر النحل جناب امیرؑ کا لقب ہے نحل شہد کی مکھی کو کہتے ہیں، مکھیوں نے ایک موقع پر حضرت علیؑ کی اطاعت کی تھی اسی لئے یہ نام رکھا گیا ہے۔

[6]: یعسوب شہد کی مکھیوں کے بادشاہ کا نام ہے۔

زہراؑ، شیر خدا مولانا علی بن ابی طالبؑ جن کی شیرینی گفتار[1] پر فصحائے عرب کے مرغ دل نثار اور کملاءِ[2] ادب پروانہ وار ہیں۔ فصاحت اُن کے گھر کی لونڈی[3] ہے اور ان کے خلاف آواز بلند کرنے میں دشمن کی ہی زبان لال ہے۔ ثواب و عقاب اُنہی کی دوستی اور دشمنی پر منحصر ہے۔ پالنے والے؟ جلد وہ وقت لا کہ پورب سے پچھم تک نبوی دین پھیل جائے اور اسلامی عدل و انصاف کی فضا میں شیر اور بکری ایک گھاٹ سے پانی پئیں۔

اللّٰھم عجل فرجھم و سھل مخرجھم اما بعد

تالیف و تصنیف کی پُر خار وادی میں مدت سے گامزن ہوں اور جو مذہبی تاریخی لٹریچر آج سے پہلے قوم کے سامنے پیش کر چکا ہوں اُس کی مکمل فہرست بیان کر کے نام و نمود بڑھانا نہیں چاہتا۔ کہنا یہ ہے کہ امام اہلسنت شیخ کمال الدین دمیری کی تالیف حیات الحیوان دیکھ کر کئی بار یہ خیال ہوا کہ اگر زمانہ مہلت دے تو اس اہم اور دلچسپ موضوع پر شیعی نقطہ نظر سے قلم اُٹھاؤں۔ مدرسۃ الواعظین لکھنؤ کی خدمات اس عظیم الشان ارادے میں سد راہ تھی کہ ادھر ۲۹ رذیقعدہ ۱۳۵۵ ہجری کو مدرسہ کے پرنسپل میرے حقیقی چچا اُستادالواعظین حجۃ الاسلام فقیہ موتمن آقا سید ابوالحسن صاحب قبلہ [مولوی سید علی نقی نقوی صاحب عرف نقن صاحب کے والد] نے طول مرض کے بعد انتقال کیا اور پھر مجھے ناگزیر وجوہ سے مہینہ ہی بھر میں استعفیٰ دینا پڑا اب میں پابندیوں سے آزاد تھا۔ خدا پر بھروسہ کر کے چند مہینہ کے بعد اس دینی خدمت کے لیے اُٹھ کھڑا ہوا یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ شیعی احادیث میں حیوانات پر جا بجا معصومینؑ نے تبصرہ کیا ہے جن کو افسوس ہے کہ آج تک کسی نے جمع نہیں کیا۔ میں یہ سوچ کر لرزہ براندام ہوں کہ خدائے قیوم نے اتنا بڑا اہم کام مجھ ایسے کمزور و ناتواں سے لیا یہ شانِ کبریائی ہے کہ میں برس دن کی لگاتار کوشش میں سیکڑوں کتابوں کا عطر کھینچ کر پیش کر رہا ہوں۔ میری پریشان تحریر دیکھنے والا پورا لطف اُس وقت اُٹھا سکتا ہے جب حیات الحیوان [دمیری کی تصنیف] اور میری تذکرہ حیوان سامنے ہو۔

میرے مشکلات:

دیباچہ لکھتے وقت میں یہ ہی ضروری سمجھتا ہوں کہ اپنے مشکلات پر ناظرین کو توجہ دلاؤں:

۱: گفتار فارسی میں بنجو کو کہتے ہیں۔

۲: کملا ایک زہریلا کیڑا ہے جو برسات میں پیدا ہوتا ہے۔

۳: لونڈی ایک کیڑا ہے مثل لال بیگ کے جو مرطوب مقامات اور کہنہ دیواروں سے نکلتا ہے لڑکے اس کی پشت پر چراغ جلاتے ہیں۔

۱۔ فاضل دمیری نے جس وقت قلم اُٹھایا ہے اُن کے سامنے علامہ زکریا بن محمد بن محمود قزوینی کموئی کی عجائب المخلوقات وغرائب الموجودات ایسی جامع کتاب موجود تھی میرے پیش نظر کوئی شیعہ تالیف ایسی نہیں جو اس مقصد کی ادائیگی کرے یوں تو علمِ حدیث کی ہر کتاب میں کچھ نہ کچھ ملتا ہے لیکن مجھے صرف دو کتابیں فارسی ملیں جن میں شیعہ مصنفین نے اس ضرورت کو محسوس کیا:

(الف) فخر السادات مولانا حسین حسینی طبسی کا رسالہ حیوانات جس کو فاضل مولف نے سلطان عبداللہ قطب شاہ کے نام پر معنون کیا اس کا قدیمی قلمی نسخہ عبدالرزاق حسین بن ابوالحسن کے ہاتھ کا ۱۸ ر شوال ۱۰۴۹ ہجری کا لکھا ہوا جد علام حضرت ممتاز العلما طاب ثرہ کے کتب خانہ میں موجود ہے۔ اس میں فاضل مولف نے مسائل صید وذبائح سے ابتدا کی ہے اور جانوروں کے سلسلہ وار نام لکھ کر کہیں کہیں متعلقہ احادیث کو بھی قلم بند کیا ہے۔ اس رسالہ کی بڑی خصوصیت یہ ہے کہ ہر جانور کے حال میں مذاہب اربعہ حنبلی، شافعی، مالکی، حنفی علماء کی رائے علیحدہ علیحدہ درج کی ہے۔

دوسری تالیف میر صدر جہاں کی بزبان فارسی کتب خانہ جد اعلیٰ میں موجود ہے اور مولف کو اعاظم فضلاء اصفہان میں شمار کیا ہے۔

(ب) صیدیہ، علامہ شیخ علی حزین المتوفی ۱۱۸۱ھ یہ رسالہ بھی قلمی اور کمیاب ہے جس میں فاضل مولف نے جابجا اپنے اجتہادات درج کیے ہیں اس میں شک نہیں کہ اپنی نوعیت میں یہ رسالہ بھی ممتاز ہے۔ کتب خانہ ممتاز العلماء میں دو نسخے موجود ہیں ایک غالباً خلاصہ ہے اور ایک مکمل ہے جو ماہِ رمضان ۱۲۲۳ھ کا نوشتہ ہے۔

دوسرا رسالہ علامہ علی حزین کا خواص الحیوان نامی ہے جس کا اُن کی تالیفات میں ذکر ہے۔

تیسرا رسالہ خواص الحیوان ہے جس کو محمد تقی بن خواجہ محمد تبریزی نے شاہ عباس ثانی حسنی صفوی کے زمانے میں جمع کیا اور ۱۳۰۵ ہجری میں طبع ہوئی۔

ان دونوں رسالوں کے سوا مجھے کوئی مستقل تالیف شیعوں کی نہیں ملی جس سے مدد ملتی۔ افتادِ زمانہ نے اس اہم موضوع کی شیعی تصانیف کو باقی نہیں رکھا۔ شیعہ اربابِ تصنیف میں علامہ جعفر بن موسیٰ بن قولویہ کی کتاب الحیوان موجود نہیں ہے۔ زعیم اعظم یعقوب بن اسحاق بن سکیت کی رسالہ تنبیہ الانسان دربیان حلت وحرمت جانوران وخواص لحوم وشحوم مسلمات مذاہب اربعہ ومذہب امامیہ طبع ہند۔

فہرست ابناء غلام رسول کی کتاب الوحش، کتاب الطیر ہندوستان سے عراق تک نہیں ہے۔[۱]

۱: "انیس المسافر" "حیوانات کی تربیت" کمیتی مرزا رضا علی خاں ابن حسین قلی خاں کی تالیف جو بوشہر میں ۱۳۳۹ھ میں شائع ہوئی۔ ابو علی کرعدی نے تیسری صدی ہجری میں کتاب الحشرات اور کتاب الوحش لکھی جس کا ذکر تاریخ اسلام کی پانچویں جلد میں ہے۔

ابوالفضل محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب شیانی کا رسالہ مرغ کے فضائل میں ایسا عدیم الوجود ہے۔ کتاب الطائر ابن عقدہ کا کتب رجال میں صرف نام نظر آتا ہے۔ شیعہ قوم میں جو افراد علم الحیوان کے ماہر تھے اُن کا بھی اب وجود نہیں سرکار معتمد الدولہ وزیر اودھ کی ذریت میں میر باقر دہلوی مشہور شخص ملازم تھے جن کو فارسی کا ایک منتہی اور فصیح وبلیغ متکلم سمجھا جاتا تھا علم حیوان پر کافی عبور تھا۔

۲۔ دمیری کے عہد میں دنیائے اسلام خوش عقیدہ افراد سے چھلک رہی تھی۔ اُس وقت دہریت کی تخم ریزی نہ ہوئی تھی نکتہ چینی کی وباء کا کوئی نام نہ جانتا تھا دوسری سہولت یہ تھی کہ حیٰوۃ الحیوان کی زبان عربی جس کے سمجھنے والے پانچ فیصدی سے زیادہ نہیں ہیں عربی سے نابلد عوام کو خبر نہیں کہ دمیری کی تحریروں میں اوّل سے آخر تک کیا لکھا ہے۔ امام احمد بن حنبل کے خواب میں خداوند عالم کا ننانوے مرتبہ آنا، کتیا کو حیض، کتے کو احتلام وغیرہ وغیرہ۔ اس قسم کے عجائبات سے حیات الحیوان لبریز ہے جن کا جائزہ لینے والا آج کوئی نہیں میں عربی عبارتوں کو اردو کا جامہ پہنا رہا ہوں اور یہ کتاب انشاء اللہ مسلم اور غیر مسلم حلقوں میں برابر سے پہنچے گی۔ خود مسلمانوں میں روحانیت مذہبیت کا فقدان ہے۔ انبیاء کے معجزے حیرت سے دیکھے جا رہے ہیں مجھے قدم قدم پہ نکتہ چینی کا خوف ہے اور اس خیال میں ایک بڑا ذخیرہ نظر انداز کر دیا ہے اور جو کچھ لکھا ہے اُس میں عقلی استبعاد کو گنجائش نہیں ہے۔ یہ کتاب عقل سلیم رکھنے والے مسلم اصحاب کے لیے لکھی ہے وہ لوگ مطالعہ کی زحمت نہ فرمائیں جو معراج اور شق القمر کو افسانہ سمجھتے ہیں۔

۳۔ یہ کتاب اگر عربی میں لکھی جاتی تو میں جانوروں کے اردو فارسی نام دریافت کرنے کے بار سے سبکدوش تھا لیکن مجھے تو اردو دان طبقہ کی معلومات بڑھانا ہے جنھیں عربی کتابیں دیکھنے کی استعداد نہیں ہے۔ فاضل دمیری کو اس زحمت کا سامنا نہیں ہوا اور میری کتاب کی یہ واحد خصوصیت ہے کہ اس میں جانوروں کے عربی، فارسی، اردو، انگریزی نام برابر سے ملیں گے۔ مجھے اس کتاب کے لکھنے میں سب سے بڑی زحمت یہ ہوئی کہ جانوروں کے اردو ہندی نام دریافت کرنے میں ناگزیر تکلیف اٹھانا پڑی۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ جو جانور ایک ملک میں ہوں وہ دوسری سرزمین پر بھی نظر آئیں پھر ترجمہ کا بار کیوں کر اُٹھایا جا سکتا ہے چنانچہ بعض عربی جانوروں کے نام لغت میں نہیں ملے جن کی فارسی اردو دریافت کرنے کا میرے پاس کوئی ذریعہ نہ تھا۔ بعض عربی جانوروں کے فارسی ترجمہ لغت میں دیکھ کر مجھے اشتباہ ہوا کہ ارباب لغت کو جب فارسی نام نہ ملا تو اپنے ملک کے اُس سے مشابہ جانور کا نام پیش کر دیا ہے۔ اردو کے قدیم لغت دیکھ کر اس خیال میں پوری قوت آگئی اور میرا گمان یقین کی حد تک پہنچ

گیا اس لیے مجھے عربی جانور کے ہر فارسی نام کو صحیح سمجھنے میں عذر ہے اور نہ اردو کے سب ناموں کو صحیح سمجھتا ہوں اس بنا پر کہیں کہیں میں نے مترجمین کے رویہ سے اختلاف کر دیا ہے جو زحمت فارسی اور اردو ترجمہ میں اٹھانا پڑی اُس سے کہیں زیادہ زحمت اور دشواری کا سامنا انگریزی تراجم میں ہوا اس محل پر مذکورہ مشکلات کے علاوہ ایک مزید زحمت یہ اُٹھانا پڑی کہ عربی زبان تمام دنیا کی زبانوں سے جامع تر مانی گئی ہے عربی میں ایک جانور کی حیثیتیں بدل کر نام رکھے گئے ہیں مثلاً اونٹ کو عموماً اِبل کہتے ہیں اور شترِ نر کو جَمَل، بار برداری کے اونٹ کو بَعِیر، موٹے تازے اونٹ کو نَجِیب، اونٹنی کو ناقہ کو کہتے ہیں۔ انگریزی میں ایسی کوئی مفرد لفظ نہیں ہے جو ترجمہ کا حق ادا کرے۔ اسی طرح عربوں نے قسموں کے لحاظ سے ایک جانور کے مختلف نام قرار دیئے ہیں مثلاً اژدہے کو وہ ثُعبان کہتے ہیں جس کا انگریزی ترجمہ Dragan ہے دوسری قسم تنین ہے اس کا اردو، فارسی، انگریزی ترجمہ ممکن نہیں چنانچہ ایسے مقامات پر میں انگریزی ترجمہ پیش کرنے سے قاصر رہا ہوں۔

اس کتاب کی خصوصیت:

اپنی مشکلات پر توجہ دلانے کے بعد میں اس ناچیز تالیف کی خصوصیات بھی بتانا چاہتا ہوں۔

۱۔ میں نے اُن جانوروں کو اپنا مستقل موضوع قرار دیا ہے جن کا قرآن میں یا معصومؑ کی زبان پر ذکر آیا ہے، یا کسی راوی نے سلسلہ حدیث میں اُس کا نام لیا ہے، یا کسی نبی کی سیرت کے ذیل میں اُس کا پتہ ملتا ہے ایسے جانوروں کے حالات اور تاریخ بیان کر کے اُس حدیث کو بھی بیان کیا یا اُس کی طرف اشارہ کیا ہے جس میں اس جانور کا ذکر ہے اور آخر میں اُس جانور کی قسموں اور اُس سے ملتے جلتے ہوئے جانوروں کا بھی احاطہ کیا ہے۔

۲۔ ہر موضوع پر قلم اُٹھانے سے پہلے اُس کی باری پر بحث ضروری ہے افسوس ہے کہ فاضل دمیری نے کوئی مقدمہ سپردِ قلم نہیں کیا میں نے تمہیداً پہلے چند مقدمے بیان کیے ہیں اُس کے بعد اُن حدود میں قلم کو گردش دی ہے جو میری نے حیات الحیوان میں قائم کیے ہیں۔

۳۔ جانوروں کے فارسی، اردو، انگریزی نام ہی درج کیے ہیں۔

۴۔ اس کتاب کو ادبی حیثیت سے دلچسپ بنانے کی بھی کوشش کی ہے اور ہر جانور کے علمی، تاریخی حالات لکھ کر بتایا ہے کہ زبان اردو میں بات چیت، یا ضرب المثل میں کس موقع پر کس جانور کا نام استعمال ہوتا ہے۔ تذکیر و تانیث یا محل استعمال دریافت کرنے کے لیے انیسؔ، دبیرؔ، غالبؔ، حالیؔ، اقبالؔ، مشیرؔ، ریاضؔ، انشاءؔ، جانؔ، نظیرؔ، اکبرؔ، جاویدؔ وغیرہ مستند شعراء کے شعر درج کیے ہیں۔ اردو زبان

پر اس وقت جو زغہ ہے اُس کو دیکھتے ہوئے بڑی ضرورت ہے کہ محاوروں کو اصلی خدوخال میں پیش کیا جائے ورنہ ایک وہ وقت آ رہا ہے کہ زبان ہندی اور سنسکرت الفاظ کی آمیزش سے مسخ ہو کر رہ جائے گی آخر میں میرا یہ عذر ضرور مقبول ہوگا کہ جو اشعار میں نے نذرِ قرطاس کیے ہیں اُن میں بیشتر ابیات مزاحیہ ہیں میں مجبور ہوں جانوروں کے نام زیادہ تر ایسے ہی اشعار میں ملتے ہیں جن میں ظرافت کی چاشنی موجود ہے۔ امید ہے کہ یہ ذخیرہ ہر مردہ طبائع کے لیے فرحت بخش ہوگا۔

ماخذ:

جن کتابوں سے میں نے اس کتاب کی تدوین کی ہے اُن کی فہرست طولانی ہے جو انشاء اللہ آخرِ کتاب میں درج کی جائے گی اور یہ عرض کرنا ضروری ہے کہ مقامات اختلافات یا خاص ضرورتوں کے سوا حیات الحیوان کو میں نے ماخذ قرار نہیں دیا ہے۔ عجائب المخلوقات کے اردو ترجمہ سے بے شک مدد لی ہے زیادہ تر جانوروں کے حالات کا ترجمہ مجمع البحرین حدیث کی مشہور عربی لغت سے کیا ہے اور تعبیر خواب کی منزل پر میرے پیش نظر جو رسالہ تھے اُن میں شیخ الرئیس کا عربی قلمی رسالہ روح رواں ہے جو کتب خانہ جد امجد کے خصوصیات سے ہے۔ انگریزی لغات میں اے حسام کی ڈکشنری (جو عربی سے انگریزی کا ایک مختصر مگر جامع لغت ہے) قابل ذکر ہے یہ ڈکشنری حال ہی میں ولایت میں اس غرض سے شائع ہوئی ہے کہ انگریزی سیاح حدود عرب میں سفر کرتے وقت زبان عرب سے اجنبی نہ رہیں۔ اس ڈکشنری میں عرب کے خاص جانوروں کے نام جو دوسری ڈکشنریوں میں نہ تھے موجود ہیں مجھے اس ڈکشنری کے دیکھنے سے بڑی مدد ملی علاوہ شیعی تصانیف کے کہیں کہیں میں نے اہلسنت کی اُس کتابوں کے اقتباسات بھی درج کیے ہیں جو دمیری سے چھوٹ گئیں تھیں۔ مذہبی حیثیت سے اُس کی ذمہ داری اُنہیں پر عائد ہے۔ افعال و خواص حیوانات کے زیادہ تر علامہ قزوینی کے قلم سے لکھے ہیں یا کہیں کسی دوسری کتاب کا حوالہ دے کر خواص بیان کیے ہیں۔ میرے ذاتی تجربہ نہیں ہیں ان سے فائدہ اٹھانے کے وقت کسی ذمہ دار طبیب کی رائے ضروری ہے۔

اعتذار:

میرا یہ دعویٰ نہیں ہے کہ ہر پہلو سے اپنی کتاب کو حیات الحیوان دمیری سے بہتر بتا رہا ہوں۔ اس موضوع پر قلم اُٹھانے سے میرا مقصد صرف یہ ہے کہ کلام معصومین علیہم السلام میں جن حیوانات کا ذکر آگیا ہے اُن کا تعارف کیا جائے۔ نہ میں نے شیعی احادیث کا استیعاب کیا ہے بہت سی احادیث طول کے خوف میں ترک کر دیں، بعض اخبار کو غیر ضروری سمجھ کر حذف کر دیا، بعض روایات کو قلم بند

کرنے کا زمانہ نے موقع نہ دیا جہاں میں نے اپنے ذاتی تجربہ کی صراحت کردی ہے اس کے علاوہ ارباب تحقیق اپنی رائے کے خود ذمہ دار ہیں میرے اوپر کسی چیز کا بار ثبوت نہیں۔ کتاب کو مستند سمجھ کر اقتباس کرنا میرا فریضہ ہے اور بھی بار ایک مولف پر ہوا کرتا ہے ورنہ اگر عینی مشاہدات کو آلہ کار بنایا جائے تو میدانِ تصنیف میں صفر نظر آئے گا۔

جانوروں کے حلال وحرام قرار دینے میں جس مقام پر کسی کتاب کا حوالہ دے دیا ہے اُس فتویٰ کا وہ عالم ذمہ دار ہے اور جہاں بغیر کسی حوالے کے حکم دیا ہے اُس موقع پر اپنی برات ذمہ کے لیے مزید تحقیق ناظرین کا فرض ہے خواہ مجتہد سے رجوع کریں خواہ اُن علامات کو دیکھیں جو مقدمات کتاب میں حوالۂ قلم کیے گئے ہیں۔ اسی طرح زکوٰۃ کا نصاب اور دیگر اختلافی مسائل کو مجتہد العصر سے پوچھنا ضروری ہے۔ فقہیات پر تبصرہ صرف تقریب مطلب کے لیے کیا گیا ہے۔

اس کتاب کا نام ''تذکرۃ الحیوان'' رکھا ہے اور خدائے قادر وتوانا کی بارگاہ میں دست بدعا ہوں کہ میری پر خلوص سعی قبول ہو اور قلم کی تمام لغزشیں ناظرین کے دامن عفو میں چھپی رہیں بحق محمد وآلہ الامجاد۔

فقیر باب اہلبیتؑ

آغا مہدی الرضوی

۲۲ / رجب ۱۳۵۷ھ، عقب تحسین چوک لکھنؤ (یوپی)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّد

پہلا مقدمہ

ہر موضوع پر قلم اُٹھانے سے پہلے مصنف کو مقدمہ [کی] کچھ چیزیں بیان کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تعجب ہے کہ فاضل دمیری نے اس سے قطع نظر کی ہے مگر ہمارے پیش نگاہ جو اہم چیزیں ہیں اُن پر مطلع کلام میں تبصرہ ضروری معلوم ہوتا ہے۔ سب سے پہلے یہ بات جاننا ضروری ہے کہ نظر قدرت میں ہر مخلوق کی ایک مخصوص عزت ہے اور جیسے انسانوں میں بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے اسی طرح حیوانوں میں بھی ایک دوسرے سے ممتاز ہے۔ دعائے قاف میں جو کلام خدا بندوں کی زبان میں ہر انبیاء و اوصیاء ایسی مقدس ہستیوں کا واسطہ دلاتے ہوئے فرمایا ہے:

بِجُمْلَةِ الْأَنْبِيَاءِ بِوَحْيِ الْغَيْبِ بِنُزُوْلِ الْمَطَرِ بِقَطْرِ الْقَطْرِ بِعِلْمِ الْخِضْرِ بِدَوَابِّ الْبَحْرِ۔ (البلد الامین)

سارے انبیاءؑ کا واسطہ غیب کی وحی، نزول باراں، مینہ کے ایک ایک قطرے، حضرت خضرؑ کے علم اور دریائی حیوانات کا واسطہ۔

ممکن ہے کہ دریائی جانوروں کا انتخاب اس لیے ہوا ہو کہ ان کی تعداد ربع مسکون کے تمام مخلوق سے زیادہ ہے۔ شارح نہج البلاغہ نے ایک طویل حدیث حوالہ قلم کی ہے جس میں ہے:

ان بنی آدم عشر الجن و الجن و بنی آدم عشر حیوان البحور (درۃ النجفیہ ص ۳۱)

بنی آدم جنوں کے ۱/۱۰ ہیں اور جنوں وانس دونوں دسواں حصہ دریائی جانوروں کے ہیں۔[۱]

۱: تفسیر آیۃ الکرسی کے ایک قلمی نسخہ میں ہے کہ حیوانات کی تعداد اُن کی اقسام کے لحاظ سے ۱۴۰۰ ہے جن میں بحری جانوروں کی آٹھ سو قسمیں دریافت ہوئی ہیں۔ ان کی دو قسمیں ہیں صوفی اور فلوسی۔ صوفی ہیں وہ ہیں جن کی جلد میں وصل و پیوند نہیں ہے اور سراپا میں ایک پوست ہے جیسے سیپی، کوڑی، گھونگا اور فلوسی وہ ہیں جن کے چھلکے علیحدہ علیحدہ ہیں عوام ان کو ماہی پشت کہتے ہیں یہ ایک دوسرا خلعت ہے جو قدرت نے مچھلیوں کے جسم پر امتیاز کے لئے آراستہ کیا ہے اور حکمت الٰہی ہے کہ جن جانوروں کو خشکی اور تری دونوں میں برابر سے حق آسائش دیا ہے۔ ان کو تو پیر دیئے ہیں جیسے مینڈک، کچھوا اور جن کو پانی سے باہر جانے کا حکم نہیں ہے ان کو بجائے پیروں کے بازو دیئے تا کہ سطح آب پر شناوری کریں جس طرح پرندے اپنے پروں سے فضاء میں پرواز کرتے ہیں اُسی طرح مچھلیاں اپنے بازوؤں سے پانی کی چادر کو چاک کرتے ہوئے تیرتی ہیں۔

سچ ہے دنیا کا کوئی سیاح خدا کی مخلوقات کی فہرست اپنے کمزور ہاتھوں سے مرتب نہیں کرسکتا ہماری روز افزوں معلومات اُس کی مخلوق کا احصا کرنے میں محدود ہی نہیں بلکہ علم و جہل میں جو فرق ہے اُس منزل سے آگے نہیں بڑھے ہیں۔ و یخلق مما لا تعلمون (پ ۱۴ ارکوع ۷) سے انسانی فکر بہت پیچھے ہے در حقیقت صانع عالم کے وجود اور قدرت کے وسیع اختیارات کی ایک مستقل دلیل ہے جس کو نظرِ بصیرت سے دیکھنے کے بعد ایمان تازہ ہوتا ہے مخلوقاتِ خدا کی ایک ادنیٰ تصویر اگر دیکھنا ہو تو کسی وسیع میدان میں شب کو چراغ روشن کردو پھر دیکھو کہ پروانے کیسی کیسی صورتوں کے نظر آتے ہیں کوئی انسان ان کو شمار نہیں کرسکتا۔ چہ جائیکہ بر و بحر اور فضاء میں اُڑتے ہوئے تمام مخلوقات کے اعداد و شمار کون دریافت کرسکتا ہے۔ جانوروں کی تمام قسمیں اس وقت تک دریافت نہیں ہوئیں۔ قرآن مجید نے بتایا ہے کہ ہر ہر صنف میں خاص خاص گروہ ہیں:

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ۔ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ۔ (سورۃ انعام: ۳۸)

زمین میں جو چرنے پھرنے والا حیوان یا اپنے دونوں پروں سے اُڑنے والا پرندہ ہے اُن کی بھی تمہاری طرح جماعتیں ہیں میں نے قرآن میں کوئی بات فروگذاشت نہیں کی۔ پھر سب کے سب چرند ہوں یا پرندا پنے پروردگار کے حضور میں لائے جائیں گے۔

تبصرہ:

حشرات الارض کس کو کہتے ہیں اس میں اختلاف ہے۔ دمیری کی تحقیق ہے کہ:

الحشرات صغار دواب الارض و صغار ھوامھا منھا الحیات والیربوع والضب والقنفذ والعقرب۔

حشرات زمین کے چھوٹے چھوٹے جانوروں کو کہتے ہیں جن میں سانپ، بچھو، چوہا، سوسمار، ساہی داخل ہے۔ میرے نزدیک حشرات الارض صرف اُن کیڑوں کو کہا جاتا ہے جن کا کوئی نام نہیں ہے اور ''ہوام الارض'' بھی انہی کو کہتے ہیں۔ یہ بے غرض بے شمار مخلوق حضرتِ انسان کے لیے پیدا کیے گئے ہیں۔ کوئی خوراک کا کام دیتا ہے، کوئی سواری کی خدمت انجام دیتا ہے، کسی کے بال، کھال، پر لباس میں استعمال ہوتے ہیں، کسی کے اجزاء سخت اور خطرناک بیماریوں کی دوا ہیں

زہریلی گیس کو کھینچتے ہیں اور آدمی بھی ہوا سے اُن کی بدولت بچتے ہیں۔ کچھ اس لیے خلق کیے گئے ہیں کہ دوسرے حیوان اُن کو اپنی غذا بنائیں غرض ہر مخلوق کی تخلیق میں انسانی منافع ملحوظ رکھے گئے ہیں

اور کوئی راز ہے جو ہر شخص سمجھ نہیں سکتا۔ قرآن نے باعلان کہا ہے:

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيْعًا۔ (سورۃ البقرہ: ۲)

وہ خدا ہے جس نے تمہارے نفع کے لیے زمین کی کل چیزوں کو پیدا کیا۔

دوسرا مقدمہ

(۱)

حیوانیت کے خصوصیات جن پر میں ناظرین کو توجہ دلانا چاہتا ہوں چند ہیں:

(الف): جانور اپنی موت سے آگاہ ہیں یا نہیں علماء میں کسی قدر اس میں اختلاف ہے جو اس کے قائل ہیں کہ جانور اپنے موت سے آگاہ ہیں وہ کہتے ہیں کہ حیوانات کو موت کی کسی قدر معرفت ضرور ہے اور جو علماء کہتے ہیں کہ موت سے جانور بے خبر ہے اُن کا مقصد یہ ہے کہ معرفت تام نہیں ہے۔ مجلسی علیہ الرحمہ نقل کرتے ہیں کہ:

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ فرماتے ہیں کہ اگر حیوانات جانتے کہ اُن کے لیے موت ہے تو "ہر آئینہ یک حیوان فربہ نمی خوردید"۔

(حیات القلوب ص ۱۳۸، جلد اوّل، چھاپ کلکتہ)

کبھی تم کسی جانور کو فربہی کے عالم میں نہ کھاتے۔ اس حدیث کو فاضل دمیری نے بھی اپنے طریق سے نقل کیا ہے۔

(ب): محقق طریحی لکھتے ہیں کہ انسانوں میں یتیم اُس کو کہتے ہیں جس کا باپ مرجائے اور جانوروں میں وہ یتیم ہے جس کی ماں مرجائے اور وہ بغیر ماں کے پرورش پائے۔

(مجمع البحرین و مطلع اثیر میں لغت حدیث)

(ج): جانوروں میں بھی بعض ایسے ہیں جو مستی کے عالم میں اپنی ماں بہن کی طرف رخ نہیں کرتے۔ امام جعفر صادقؑ ایک طویل حدیث میں فرماتے ہیں:

"خدا کی قسم مجھے خبر ملی ہے کہ بعض جانوروں نے بھی اگر اپنی بہن کو نہ پہچانا اور اس سے جفت ہوئے تو جب معلوم ہوا کہ یہ ہماری بہن ہے تو ندامت میں اپنے جسم کو دانتوں سے کاٹ ڈالا"۔

(حیات القلوب)

(د): حضرت آدمؑ کے ابتدائی دور میں چرند و پرند سب مخلوط تھے اور تمام وحشی جانور ایک

دوسرے سے بھاگتے نہ تھے۔ جب قابیل نے اپنے بھائی ہابیلؑ کو قتل کیا تو دلوں میں ڈر اور آپس میں نفرت پھیل گئی اور ہر جانور اپنی صنف میں چلا گیا۔

(ہ): ہر جانور قدوقامت میں غیر معمولی طور پر بڑا تھا اور حیوانات موجودہ جثہ سے زیادہ تنومند اور بڑے تھے۔ زمانہ گھٹنے سے رفتہ رفتہ قدوقامت کم ہو گئے۔

(۲)

واضح ہو کہ جن جانوروں کا ذکر قرآن مجید میں ہے اُن کی تعداد چھبیس (۲۶) سے زیادہ نہیں ہے۔ اُم میں بعض جانوروں کو خداوند عالم نے چند ناموں سے یاد کیا ہے چنانچہ اونٹ، ابابیل، اژدھا، بھیڑ، بکری، بندر، بھڑیا، جونک، جون، ٹڈی، چونٹی، خچر، سور، شہد کی مکھی، کتا، کوا، گھوڑا، گائے، گدھا، مچھر، مچھلی، مینڈک، پروانہ، مکڑی، ہاتھی، ھدھد کا تذکرہ کلامِ الٰہی میں موجود ہے۔ یہ فہرست اگرچہ مختصر ہے مگر اس میں چرند، پرند، درندے، مسوخات، حشرات الارض سب داخل ہیں۔ ان کا تذکرہ ایک الہامی کتاب میں اس لیے ہے کہ قرآن کا دعویٰ پر (وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ) اگر Biology سے قرآن خالی ہوتا تو اس سے دلوں میں ٹھیس لگتی۔ قرآن نے حیوانات کے ذکر سے جابجا لوگوں کی دلچسپی کا سامان فراہم کیا اور جانوروں کے نام پر چھوٹے بڑے سوروں کو معنون کیا۔

سورہ بقرہ، سورہ انعام، سورہ نحل، سورہ نمل، سورہ عنکبوت، سورہ علق، سعر عادیات، سورہ فیل قرآن کے مقصوص باب اور فصلیں ہیں جن میں چوپاؤں کے فوائد، بہترین گائے کا ذکر، شہید کی مکھی کی کارگذاری، چونٹی کی گفتگو، مکڑی کے جالے پر بحث، انسان کی ابتداء خلقت میں جونک سے تشبیہ، میدانِ نبرد کے گھوڑوں کا ذکر، ہاتھی ایسے دیو پیکر جانور کا ایک پرند کے مقابلے میں شکست اُٹھانا صدہا حقائق پر روشنی ڈالی ہے اور مجھے یہ کہنے کا حق ہے کہ دنیا کی کوئی الہامی کتاب اس قدر جامع نہیں ہے جیسا کہ علوم قرآن کا ہمہ گیر ہونا واضح ہے۔

(۳)

عبدالرشید حسینی مدنی منتخب اللغات شاہجہانی میں لکھتے ہیں: حیوانات چہار قسم اند ماشی کہ بپا دود طائر کہ ببال پرود زاحف کہ بشکم رود و سابح کہ شنا دری کند واین چہار قسم را چہار صفت حیوان گویند خاقانی گوید چار صنف حیوان باخواب وخور آمیختہ اند۔ (ص ۲۰۶ لغت رجف)

قرآن مجید میں جانوروں کی رفتار تین طرح سے بیان کی گئی ہے۔ سورہ نور میں ہے:

وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ

عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ ۭ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَاۗءُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔ (سورۂ نور: ۴۵)

خدا نے زمین پر چلنے والے تمام مخلوقات کو پانی سے پیدا کیا اُن میں سے بعض تو ایسے ہیں جو اپنے پیٹ کے بل چلتے ہیں اور بعض اُن میں ایسے ہیں جو دو پاؤں پر چلتے ہیں اور بعض اُن میں ایسے ہیں جو چار پاؤں پر چلتے ہیں خدا جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اس میں شک نہیں خدا تو ہر بات پر قادر ہے۔

تفسیر میں ہے کہ وہ جانور جو پیٹ کے بل چلتے ہیں مثل سانپ کے ہیں اور جو دو پیرون سے چلتے ہیں وہ انسان اور پرندے ہیں اور جو چار پیروں سے چلتے ہیں وہ انعام (چوپائے) اور درندے ہیں۔ اس مقام پر تفسیر قمی میں امام جعفر صادقؑ کا قول نقل کیا گیا ہے: ومنھم من یمشی علی اکثر بعض ایسے ہیں جو اس سے بھی زیادہ پیروں سے چلتے ہیں۔ اس تفسیر سے "یخلق مایشاء" کی وسعت کا تعارف ہو رہا ہے اور درحقیقت مکڑی، مکھی کے چار سے زیادہ پیر ہیں۔ کھن کھجورے کو فارسی میں صد پا اور عربی میں ام سبعین اس لیے کہتے ہیں کہ اُس کے بکثرت پیر ہوتے ہیں یا کنلائی کو فارسی میں ہزار پا کہتے ہیں۔ یہ قرآن کی جامعیت ہے کہ وہ "وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَاۗبَّةٍ مِّنْ منیی" یا "مِّنْ نطفه" نہیں بتاتا بلکہ "مِّنْ مَّاۗءٍ" کہہ رہا ہے تاکہ کلام اُن حشرات الارض پر بھی حاوی ہو جائے جو مٹی سے پیدا ہوتے ہیں اور مٹی کی بنیاد پانی پر قائم ہے۔ پہلے خدا نے پانی ہی کو پیدا کیا جب اس میں تموج ہوا اور اسپین منجمد ہوا تو اُس سے زمین بنی۔

(۴)

جاننا چاہئے کہ چرند و پرند کے محشور ہونے میں علماء میں اختلاف ہے۔ محقق طریحی کی تقریر کا حاصل یہ ہے کہ بعض علماء کہتے ہیں یہ ضروری ہے کہ مظلوم ظالم سے انتقام لے اس لیے مکھی تک محشور ہوگی اور بے سینگ کے جانور سینگ دار جانوروں سے قصاص لیں گے۔ اس مقام پر یہ شبہ ہے کہ قصاص کی بنیاد جب جوہر عقل پر ہے اور جانور غیر ذوی العقول ہیں تو قیامت کے دن یہ ہنگامہ عبث ہوگا۔ جواب اس کا یہ ہے کہ انسان کا ایسا قصاص بیشک جانوروں میں نہ ہوگا لیکن جس قدر عقل و فہم جانوروں میں موجود ہے اُس کے لحاظ سے حیوانات کا حشر ہرگز خلاف عقل نہیں ہے اس لیے کہ جانور اپنے نفع اور نقصان کو کسی قدر ضرور سمجھتے ہیں۔ ہکانے کے موقع پر بھاگ جانا، بلانے سے آنا، لکڑی سے ڈرنا، گھاس اور چارے کی طرف بڑھنا کوئی جانور ایسا نہیں جس کو نہ ہو اس فہم و ادراک کے لحاظ سے اگر وہ محشور ہو تو حیرت کی بات نہیں ہے جانور چند چیزیں ضرور جانتے ہیں۔

یعرف من خلقه، و یعرف ما یضره و ینفعه، و یعرف الذ کر الأنثی و الأنثی الذ کر۔

حیوان جانتا ہے کہ اُس کو کس نے پیدا کیا اُس کو اپنے نفع اور نقصان کی چیزیں بھی معلوم ہیں (اُن میں) نر مادہ کو پہچانتا ہے اور مادہ نر کو جانتی ہے پھر ان کے موقفِ حشر میں آنے پر تعجب نہ کرنا چاہیے۔

قرآن مجید میں روزِ قیامت کی تباہکاریوں کے سلسلہ میں خداوند عالم نے فرمایا ہے:

وَإِذَا الْوُحُوشُ حُشِرَتْ۔ یعنی جس وقت وحشی محشور ہوں گے۔

مجمع البیان میں اس آیت کی تفسیر میں ہے کہ حق تعالیٰ وحوش کو محشور فرمائے گا تا کہ انھیں وہ چیزیں کرامت فرمائے جس کے یہ مستحق ہیں یعنی جو جو تکلیفیں اُن کو دنیا میں پہنچی ہیں اُن کا عوض دے اور بعض وحوش بعض وحوش سے انتقام لے پس جس وقت ان حیوانات کو اُس چیز کا کہ جس کے وہ مستحق تھے عوض ملے گا تو بعد اس کے علماء میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ جن کو عوض ملے گا ہمیشہ صاحب نعمت رہیں گے۔ اور بعض حیوان بعض مصلحتوں کے لیے زندہ کیے جائیں گے اور بعض حیوان مانند ناقہ صالح وغیرہ کے داخل بہشت ہوں گے اور اُن کا داخل بہشت ہونا مکلفین کے ثواب و تعظیم میں داخل ہے اور محشور ہونا جمیع حیوانات کا اخبار معتبرہ سے ظاہر نہیں ہے اس لیے اکثر متکلمین شیعہ مجمل لکھتے ہیں اور متعرض تفصیل نہیں ہوتے۔

(تحفہ احمدیہ جلد اوّل ص ۹۷، ۹۸ چھاپہ بستان مرتضوی)

(۵)

تمام حیوانات کو خدا ہی رزق پہنچاتا ہے اور کائنات کے چھوٹی بڑی مخلوق جب اپنے بستر پر یا آشیانوں میں پہنچتے ہیں تو اُن میں سے کمزور کمزور مخلوق بھی شکم سیر ہوتا ہے۔ وہ ایسا قادر و توانا ہے کہ بھوکا اُٹھاتا ہے مگر بھوکا سلاتا نہیں۔ قرآن مجید میں ہے:

وَمَا مِن دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللَّهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا.

زمین پر چلنے والوں میں کوئی ایسا نہیں جس کی روزی خدا کے ذمہ نہ ہو اور وہ اُن کے ٹھکانے اور آخری ودیعت گاہ کو نہ جانتا ہو۔

امام حسن عسکریؑ کی دعا میں ہے۔

اللَّهُمَّ إِنَّكَ مُنْزِلُ الْقُرْآنِ وَ خَالِقُ الْإِنْسِ وَ الْجَانِّ وَضَامِنُ الرِّزْقِ لِجَمِيعِ الْحَيَوَانِ۔ (مفتاح الفلاح)

مرے معبود تو ہے قرآن ایسی جامع کتاب کو اُتارنے والا اور تمام جن وانس کا خالق اور سارے جہان کے حیوانات کی روزی کا ضامن ہے۔

تیسرا مقدمہ

جب یہ امر ثابت ہو گا کہ کائنات کا ہر ذرہ بنی نوع انسان کے لیے خلق ہوا ہے تو اب جانوروں سے فائدہ اُٹھانے کے دستور عمل پر تبصرہ بھی ضروری ہے۔ اس محل پر سب سے اہم چیز صید وذبائح کے احکام ہیں جو فقہ کی کتابوں میں موجود ہیں اُن پر توجہ مبذول کرنے سے کتاب کی حیثیت تبدیل ہو جائے گی اس لیے ہم اس طویل بحث پر قلم اُٹھانا نہیں چاہتے صرف چند حکیمانہ اور ضروری ارشادات پر اکتفا کی جاتی ہے جن کا کتاب شروع کرنے سے پہلے بیان کرنا لازم ہے۔

(۱)

چرند و پرند میں بعض ایسے ہیں جن کے استخوان ہماری ضرورتوں کو پورا کرتے ہیں، بعض کے پر لباس میں بطور زینت آویزاں کیے جاتے ہیں اور کبھی اُن کو تکیوں میں بھر کر مسندیں بچھائی جاتی ہیں، کسی کے سینگ کام آتے ہیں، بعض چوپاؤں کے بالوں سے پارچہ باقی کا کام لیا جاتا ہے، بعض کا دودھ انسانی غذا ہے جس سے گھی، بالائی، مکھن، دہی تیار کر کے کھایا جاتا ہے۔ دودھ دوہنے کے جو طریقے معصومؑ نے بیان کیے ہیں اُن پر عمل پیرا ہونے میں گائے، بھینس، بکری میں دودھ کی کمی کی شکایت باقی نہیں رہتی۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ کا ارشاد ہے کہ دودھ دوہتے وقت کچھ دودھ تھن میں چھوڑ دینا چاہئے تا کہ (دوسرے وقت کے لیے) دودھ زیادہ مقدار میں جمع ہو جائے اگر سارا دودھ دوہ لیا جائے گا تو دودھ کی پیداوار میں کمی رہے گی۔

(حلیۃ المتقین، مجلسی علیہ الرحمہ ص ۶۱۹ چھاپہ قدیم سا ہے ۱۲۵۹ ہجری)

اس میں ایک راز یہ بھی ہے کہ اُس کے بچہ کی حق تلفی نہ ہو اور بچھڑا اُس فطری غذا سے جو قدرت نے فراہم کی ہے قطعی محروم نہ رہے۔

(۲)

اسلام نے جانوروں کے پالنے کا اگر حکم دیا ہے تو یہ بھی محسوس کیا ہے کہ جس مقام پر جانور باندھے جائیں وہاں گندگی رہنے سے صحت پر مضر اثر پڑے گا اس لیے صفائی کی تاکید کی ہے۔ حلیۃ المتقین میں ہے:

maablib.org

"در حدیث دیگر فرمود کہ خواب گاہ گوسفندان را پاک کنید وانچہ از بینی آنھا۔ بیرون میں آید پاک کنید ونماز در طویلہ آنھا بکنید کہ گوسفند از حیوانات بہشت است۔"

اس حکیمانہ ارشاد سے واضح ہوتا ہے کہ صرف جانوروں کی رہائش کے مقامات ہی کی صفائی کا حکم نہیں دیا بلکہ خود جانوروں کو بھی صاف رکھنے کی ہدایت ہے۔ یہ حفظ صحت کے وہ اصول ہیں جو مذہبی حیثیت سے سب کو بتائے جا چکے ہیں۔

آب ودانہ کو مثل اپنے عیال کے واجب قرار دیا ہے۔ عبادات میں لحاظ رکھا اگر کسی محترم جانور کے ہلاک ہونے کا اندیشہ پیدا ہوا تو اُس کو سیراب کر کے مصلی کے لیے تیمم کا حکم ہوا اور عموماً آب ودانہ کی تقسیم میں جانوروں کا خاص طور پر خیال رکھا ہے۔ خچر، گھوڑے وغیرہ کے لیے سوار کو یہ آداب تعلیم کیے کہ:

اِذَا قَرُبْتَ مِنَ الْمَنْزِلِ فَانْزِلْ عَنْ دَابَّتِكَ وَابْدَأْ بِعَلَفِهَا قَبْلَ نَفْسِكَ۔

جب منزل پر پہنچنے لگو تو سواری پر سے اُتر آؤ اور اپنے کھانے سے پہلے اُس کو گھانس دے دو۔

(مکارم الاخلاق)

(۳)

بقاء نسل کا مسئلہ بھی بڑا ہی مہتم بالشان ہے اس کے بغیر افزائش نسل ممکن نہیں چونکہ جانور آزاد ہیں اور اس محل پر اُن کی نگہداشت کا تعلق انسان سے نہیں ہے لیکن یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ نگرانی کی ضرورت زیادہ تر چوپاؤں کے لیے ہے جو انسان کی ملکیت ہیں بظاہر نظر میں نر و مادہ کو یک جا کر دینا کوئی خاص بات نہیں ہے جس کے لیے کسی قانون کی ضرورت ہو مگر مسلمانوں کے مصلح اعظم حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہم السلام نے اس معاملے پر بھی اپنی رائے کا اظہار فرما دیا۔

ایک[1] مرتبہ آپؑ کسی راستے سے گذر رہے تھے کہ ایک نر کو مادہ پر چھوڑا جا رہا تھا آپؑ نے اُس طرف سے منہ پھیر لیا اور فرمایا کہ سزاوار نہیں ہے کہ منظر عام پر ایسا کیا جائے یہ حرکت قبیح ہے چاہئے کہ مادہ اُس جگہ گابھن ہو جہاں کسی مرد اور عورت کی نظر نہ پڑے اس حکم کی حکمت واضح ہے ایسے مناظر دیکھ کر نوجوانوں کے طبائع میں فطرتاً جوش پیدا ہوتا ہے اگر وہ ناکتخدا ہیں اور جذبات پر قابو نہ پا سکے کوئی ایسی حرکت سرزد ہو جو شریعت کے جادہ سے ہٹی ہوئی تھی تو جرم کا باعث جانور کا مالک قرار پائے گا لہٰذا حکم دیا کہ کسی مرد اور عورت کی نظر ایسے مناظر پر نہ پڑے اگر انصاف سے دیکھا جائے تو شادی شدہ

۱: حلیۃ المتقین میں یہ حدیث موجود ہے من شاء الاطلاع فلیرجع الیہ

مرد عورت پر بھی بشرطیکہ تندرست ہیں ایسی حالتیں دیکھ کر برا ہی اثر پڑتا ہے معصومؑ چاہتے ہیں کہ بد اخلاقی کا قلع قمع ہو جائے۔

یہ امر بھی واضح کرنا ضروری ہے کہ حلال جانوروں کی بقاء نسل کے لیے خصی کرنے کی اجازت نہیں دی ہے اور جانوروں کو ایک دوسرے سے لڑا کر زخمی کرنے کو بھی نظر استحسان سے نہیں دیکھا۔ علامہ مجلسی علیہ الرحمہ حلیۃ المتقین میں لکھتے ہیں: "از حضرت امام محمد باقر علیہ السلام منقول است کہ کراہت دار خصی کردن حیوانات و بجنگ انداختن آنھا با یک دیگر۔" امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ جانوروں کو اختہ (خصی) کرنا مکروہ ہے اور اُن کو آپس میں لڑانا بھی کراہت سے خالی نہیں۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ خصی کرنے سے پیداوار پر مضر اثر پڑے گا اور غرض تخلیق فوت ہوگی۔ صدر اسلام کے مسلمانوں میں سب سے پہلے حکم بن ابی عاص نے اس قبیح حرکت پیشہ قرار دے کر بکروں کو خصی کرنا شروع کیا اور اس بدعت کا سہرا بھی اموی نسل کے چشم و چراغ کے سر بندھا۔

(حیات الحیوان ص ۱۶۳ جلد اول چھاپہ مصر)

اسلام نے جانوروں کے ڈرانے اور دھمکانے تک کی اجازت نہیں دی ہے۔ جناب امیر المومنینؑ نے اپنے عمال کو صدقات وصول کرنے کے موقع پر جو ہدایتیں فرمائی ہیں اُس میں موجود ہے:

فَإِنْ كَانَ لَهُ مَاشِيَةٌ أَوْ إِبِلٌ فَلَا تَدْخُلْهَا إِلَّا بِإِذْنِهِ. فَإِنَّ أَكْثَرَهَا لَهُ. فَإِذَا أَتَيْتَهَا فَلَا تَدْخُلْ عَلَيْهَا دُخُولَ مُتَسَلِّطٍ عَلَيْهِ، وَلَا عَنِيفٍ بِهِ. وَلَا تُنَفِّرَنَّ بَهِيمَةً، وَلَا تُفْزِعَنَّهَا۔

(ابی شیبہ منہ الابل والغنم، معجم المکاتیب)

اگر اُن کے پاس مویشی اور اونٹنیاں ہوں تو اُن کے گلے میں بغیر اُس کی اجازت کے داخل نہ ہو کیوں کہ اُس میں زیادہ حصہ اسی کا ملک ہے اور جب (مالک کے اذن سے) اُس گلے میں داخل بھی ہو تو اس طرح نہیں جیسے مسلط اور ظالم شخص داخل ہوا کرتا ہے (مالک کے لیے حق نفرت باقی نہیں رکھنا) اور کسی جانور کو نہ بھڑکاؤ اور نہ ڈراؤ۔ (نہج البلاغہ)

اگر چہ حرمت و حلت پر ہم آئندہ روشنی ڈالیں گے عمومی حیثیت سے اس مقام پر حرمت و حلت کا راز بتانا بھی ضروری ہے۔ جابر انصاری ناقل ہیں کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا:

إِنَّ اللهَ لَمَّا خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ دَعَاهُنَّ فَأَجَبْنَهُ فَعَرَضَ عَلَيْهِنَّ نُبُوَّتِي وَوَلَايَةَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ فَقَبِلَتَاهُمَا ثُمَّ خَلَقَ الْخَلْقَ وَفَوَّضَ إِلَيْنَا أَمْرَ الدِّينِ

فَالسَّعِیدُ مَنْ سَعِدَ بِنَا وَ الشَّقِیُّ مَنْ شَقِیَ بِنَا نَحْنُ الْمُحِلُّونَ لِحَلَالِهٖ وَ الْمُحَرِّمُونَ لِحَرَامِهٖ۔ (کشف الیقین)

خداوندعالم نے آسمانوں کوخلعت ہستی پہنا کر پکارا انھوں نے جواب دیا تو اُن پر میری نبوت اور علیؑ کی ولایت پیش کی آسمانوں نے ولایت کو قبول کیا پھر دیگر مخلوقات کو پیدا کیا اور عنان دین ہمارے ہاتھ میں دی نیک بخت ہے وہ جو ہمارے سبب سے سعید ہوا اور شقی ہے وہ جو ہماری مخالفت سے شقی ہوا ہم ہیں حلال خدا کے حلال کرنے والے اور حرام خدا کو حرام کرنے والے۔

اس روایت کو سواد اعظم کے جلیل القدر عالم اخطب خوارزم نے بھی اپنے مناقب میں نقل کیا ہے اس کا نتیجہ ظاہر ہے کہ جس مخلوق نے محمدؐ وآل محمدؐ کی شخصیت کا کلمہ پڑھا وہ معزز ہوا اور جس چرند و پرند نے اقرار ولایت کیا وہ حلال و پاکیزہ سمجھا گیا۔

علاوہ بریں ان حضرات نے اپنے حکیمانہ اقوال سے حرمت وحلت کا معیار بھی مقرر فرمادیا۔ ابن شہر آشوب علیہ الرحمہ نے جناب امیرؑ کا ارشاد نقل کیا ہے۔

یحل من البیض کل ما دق أعلاہ و غلظ أسفلہ و إذا قال یحرم من السباع کل ذی ناب و ذی مخلب من الطیر و یحل الباقی۔

انڈوں میں وہ انڈا حلال جانور کا ہے جس کا بالائی حصہ باریک اور نیچے کا چوڑا ہے اور چوپاؤں میں ہر وہ جانور حرام ہے جس کے دانت نوکدار ہیں اور چڑیوں میں ہر وہ چڑیا حرام ہے جس کا پنجہ چنگل دار ہے۔

(مناقب آل ابی طالب ص ۶۴ ج ۱)

غالباً اس کلیہ سے فقہا نے یہ مسئلہ دریافت کیا ہے کہ اگر حلال و حرام جانوروں کے انڈے مخلوط ہو جائیں تو پہچان اُس کی یہ ہے کہ دونوں کونے جس انڈے کے ایک طرح ہوں وہ حرام ہے اور جس کے دونوں جانب مختلف ہوں وہ حلال ہے۔ فقہا نے پرندوں میں حلت کی حسب ذیل علامتیں بیان کی ہیں جن جانوروں کے نام لے کر شارع نے کوئی حکم نہیں دیا ہے اُن میں علامتوں میں سے کسی ایک علامت کا پایا جانا حلت کی دلیل ہے۔

۱۔ یہ کہ دف اُس کا صف پر غالب ہو یعنی بازو مار کر کبوتر کی طرح اُڑے اور جس طرح چیل اُڑتی ہے اس طرح نہ اُڑتا ہو۔

۲۔ دوسری علامت یہ ہے کہ پوٹا رکھتا ہو مثل مرغ وغیرہ کے۔

۳۔ تیسری علامت یہ ہے کہ سنگدانہ رکھتا ہو۔

۴۔ چوتھی علامت یہ ہے کہ اُس کے پاؤں کے پیچھے کوئی چیز ہو مثل کانٹے کے۔

مولوی سید آل حسن مورانوی صدر الافاضل ناقل ہیں کہ کہ میں نے جناب باقر العلوم مولانا سید محمد باقر صاحب قبلہ مجتہد لکھنو کا ایک استفتا دیکھا تھا جس میں جناب مرحوم نے سائل کے جواب میں تحریر فرمایا تھا کہ جو پرند ٹیڑھی چونچ کے ہیں وہ حرام ہیں سوائے طوطے کے اور جو سیدھی چونچ کے ہیں وہ حلال ہیں سوائے کوے کے۔

چوتھا مقدمہ

جانوروں کی زبان سمجھنا ہر آدمی کا کام نہیں ہے اور نہ کوئی معمولی انسان اس کا دعویٰ کر سکتا ہے۔ علم منطق الطیر انبیاء میں بھی خاص خاص افراد کا حصتہ تھا۔ قرآن مجید میں صرف حضرت سلیمانؑ کا نام ہے اُنھوں نے بصد افتخار فرمایا تھا:

يَاأَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ۔ (سورہ نمل: ۱۶)

اے لوگو! ہم کو پرندوں کی بولی بھی سکھائی گئی ہے۔

تفسیر میں ہے کہ نبی خدا طائروں اور چوپاؤں اور درندوں کی بولیاں جانتے تھے۔ دور نبوت ختم ہونے کے بعد اوصیاء میں یہ صفت نظر آئی۔

عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عليه السلام قَالَ: قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام إِنَّ اللهَ عَلَّمَنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ كَمَا عَلَّمَهُ سُلَيْمَانَ بْنَ دَاوُدَ مَنْطِقَ كُلِّ دَابَّةٍ فِي بَرٍّ أَوْ بَحْرٍ۔

امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ فرمایا جناب امیرؑ نے ہم کو خدا نے جانوروں کی بولیاں بتائی ہیں جیسا کہ سلیمانؑ بن داؤدؑ کو معلوم تھیں اور نیز خشکی اور تری کے ہر جانور کی بولی ہم جانتے ہیں۔

دوسرے مقام پر امام موسیٰ کاظمؑ نے اس صفت کو شرائط امامت سے قرار دیا ہے اور فرمایا:

إِنَّ الْإِمَامَ لَا يَخْفَى عَلَيْهِ كَلَامُ أَحَدٍ مِنَ النَّاسِ وَلَا طَيْرٍ وَلَا بَهِيمَةٍ وَلَا شَيْءٍ فِيهِ الرُّوحُ فَمَنْ لَمْ يَكُنْ هٰذِهِ الْخِصَالُ فِيهِ فَلَيْسَ هُوَ بِإِمَامٍ۔ (الکافی)

امام وہ ہے کہ اُس پر کسی انسان کا کلام چھپا رہ نہیں سکتا تمام چرند اور پرند بلکہ ہر ذی روح کی بولی اُس کو معلوم ہے اور جس میں یہ صفت نہ ہو وہ امام نہیں۔ اور ایک حدیث میں ہے کہ سلیمانؑ کو علم منطق الطیر اہلبیت رسولؐ کے توسل سے معلوم ہوا۔

حدیث کے الفاظ یہ ہیں: ان سلیمان سئل الله بنا اهل البيت حتى علم منطق

الطیر۔(مدینۃ المعاجز ص ۱۰۵)

نوٹ:اب ہم جانوروں کے ردیف وار حالات لکھتے ہیں۔فاضل کمال الدین دمیری شافعی نے باعتبار طاقت اور قوت کے ''اسد'' کے لغت سے حیوۃ الحیوان کی ابتدا کی ہے اور ہم اپنی کتاب کی ابتدا ایک کمزور پرند ''ابابیل'' کے حال سے کرتے ہیں جس نے کعبہ کے ڈھانے کا ارادہ کرنے والے ابرہہ بادشاہ اور ہاتھیوں کی فوج کو شکست دی۔جانوروں میں کسی نے یہ اہم خدمت انجام نہیں دی کہ خدا کے گھر کو بچایا اس لیے ہم کسی طرح ابابیل کی حق تلفی پر تیار نہیں اور طرفہ یہ ہے کہ ابابیل سے ابتدا کرنے میں تہذیب لغت بھی باقی رہتی ہے۔

پانچواں مقدمہ

اہل علم کی نگاہ میں شکار لہو ولعب میں داخل ہے اور ماہ رمضان میں شکار پر جانے والے روزہ ترک نہیں کر سکتے اسی طرح شکاری کے لیے نماز بھی قصر نہ ہوگی لیکن اگر کوئی غرض صحیح ہو تو شکار حرام نہیں بلکہ بعض اوقات شکار واجب ہو جاتا ہے اور جب انسان کا آذوقہ شکار پر منحصر ہو تو ترک میں گناہ ہے۔ حضرت موسیٰؑ وخضرؑ کو طائر کے بارے میں جب حیرت ہوئی تو ملک شکاری کے پیکر میں آیا اور نوعیت واقعہ سمجھائی۔یہ واقعہ بہت مستند سمجھا جاتا ہے۔حضرت عبداللہ بن عبدالمطلب اور جناب حمزہ کا شکار کو تشریف لے جانا بھی کتب سیر میں موجود ہے۔

چھٹا مقدمہ

(۱)

عربی قوائد کے لحاظ سے زہریلی جانوروں کے کاٹنے کے موقع پر مختلف الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں جن کا احادیث میں بھی ذکر ہے لہٰذا ہم اس پر تبصرہ مقدمہ کتاب میں ضروری سمجھتے ہیں جو جانور اپنے دانت سے اذیت دیتے ہیں مثل سگِ دیوانہ کے اُس موقع پر نہش کی لفظ استعمال کی گئی ہے اور جو اپنے موخر جسم یعنی ڈنک سے کاٹتے ہیں دندان لسع کی لفظ سے معکب باور کیا جاتا ہے جیسے زنبور اور عقرب اور جو اپنے منہ سے کاٹتے ہیں مثل سانپ کے دندان نوع کی لفظ ذکر کی جاتی ہے۔

(۲)

درندوں کے بچے کو جرو اور پرندوں کے بچے کو فرخ اور گھوڑے کے بچے کو مہر اور گدھے کے بچے کو جحش

اور گائے کے بچہ کو عجل بھیڑ کے بچہ کو حمل چوتھے مہینہ تک اور بکری کے بچہ کو چار مہینے کے سن تک سخلہ اور بہلہ کہتے ہیں پھر نر کو جدی اور مادہ کو عناق کہیں گے اور شیر کے بچہ کو شبل اور بجو کے بچہ کو فرعل اور ریچھ کے بچہ کو دسم اور ہرن کے بچہ کو خشف اور طلم اور سور کے بچہ کو خنوص اور لومڑی کے بچہ کو ہجرس کہتے ہیں۔

❀❀❀❀❀

(۱)

ابابیل

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ابابیل	پرستوک	Swallow	پت دیوڑی

ایک مشہور پرندہ ہے جس کی پشت اور دم اور چونچ سیاہ اور سینہ سفید ہوتا ہے۔ ابابیل اکثر مکان کی چھتوں میں آشیانہ لگاتی ہے۔ فارسی میں پرستوک، فرستوک۔ عربی میں خُطّاف، عوار کہتے ہیں۔ ماہرین علم الحیوان نے اس پرندکے متعلق کوئی صحیح رائے قائم نہیں کی۔ محقق طریحی لکھتے ہیں:

ھو طیر یعیش بین السماء والارض ویفرخ ولھا خراطیم کخراطیم الطیر واکف کاکف الکلاب وقیل ھو طیر خضر خرجت من لجة البحر لھا رؤس کرؤس السباع وقیل کالوطاویط قال عباد بن موسی اظنھا الزرازیر۔

یہ پرندہ آسمان وزمین کے بیچ میں اُڑتا ہے اور بچہ دیتا ہے اسکی چونچ چڑیوں کی طرح کی اور پنجے کتے کے پنجوں سے مشابہ ہوتے ہیں اور بعض محقق کہتے ہیں کہ اُس کا سبز رنگ ہوتا ہے اور ست دریا سے نکلتا ہے سرمثل درندے کے ہوتا ہے اور ایک قول ہے کہ وہ چمگادڑ کی طرح ایک پرندہ ہے اور عباد بن موسیٰ کہتا ہے کہ وہ ایک چڑیا ہے جو زرزرا کہا کرتی ہے اور اس وجہ سے اُس کا نام "زرزور" رکھا گیا ہے۔

میرے خیال میں اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ عماد الدین بن زکریا بن محمد بن محمود کمونی قزوینی نے عجائب المخلوقات میں اقرار کیا ہے کہ اس کی بہت سی قسمیں ہیں۔[1]

یہ جانور موسم بہار کا فریفتہ ہوتا ہے اور شروع موسم میں گھوسلا بنا کر انڈے دیتا ہے تاکہ ہوا گرم

۱: ممکن ہے کہ ہر قول میں ایک قوم مراد ہو لیکن حقیقت ہے کہ ابابیل وہی پرندہ ہے جس کو آج بھی ابابیل کہتے ہیں۔ اردو میں اس کو کنہیا، سیانی، سلارا بھی کہتے ہیں (جامع اللغات) ہندوستان میں دو قسمیں پائی جاتی ہیں۔ چھوٹے قد کی ابابیل بہت کم ہیں اُس کو کبھی کبھی زمین پر ٹہلتے بھی دیکھا گیا ہے۔ وہ ابابیل جو کثرت سے ہیں سوائے اُڑنے کے ہرگز نہیں بیٹھتی۔ اُن کی نقل و حرکت فضاء میں محدود ہے صرف آشیانہ میں ٹھہرتی ہیں۔ اُن کی شوق پرواز کا ایک راز یہ بھی ہے کہ ابابیل نہ تو کھیت اور زراعت سے غذا حاصل کرتی ہے نہ درخت کے پھلوں پر بیٹھتی ہے اُس کی غذا بھی قدرت نے فضاء میں پیدا کی ہے اور فضاء کے بھنگے، چھوٹے چھوٹے کیڑے، بوٹ، ٹڈیاں کھاتی ہے یہ بات کسی دوسرے جانور میں نہیں ہے۔

ہونے تک اس کا بچہ قوی ہو جائے۔ ابابیل کے آشیانے تقریباً ہر ملک میں ہوتے ہیں۔ چونچ بناتے وقت ابابیل بالوں کو مٹی میں ملا کر کام میں لاتی ہے۔ اس کا لعاب دہن لسدار ہوتا ہے جس کی مدد سے تھوڑا گھر بنا کر خشک ہونے کے انتظار میں چھوڑ دیتی ہے رفتہ رفتہ آشیانہ بن کر تیار ہو جاتا ہے۔ اکثر شام کے وقت آسمان پر ابابیلوں کے غول نظر آتے ہیں اُن کی آوازیں کانوں کو بھلی معلوم ہوتی ہیں۔ ہیضہ اور طاعون کی فصل میں بہت بلند اور پراگندہ ہو کر اُڑتی ہیں اس سے جانوروں کے احساسات کا پتہ چلتا ہے۔ ابابیل فی گھنٹہ ۲۲۰ میل پرواز کرتی ہے۔

ابابیل اُن جانوروں میں ہے جن کا قرآن میں تذکرہ ہے اس کو الٰہی لشکر کہنا درست ہے۔ جب یمن کا مشہور بادشاہ ابرھہ بن صباح اشرم مکہ کے خدا پرستوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ایک لاکھ سپاہیوں کا عظیم الشان لشکر اور چار سو مسلح ہاتھی لے کر خانہ کعبہ کو ڈھانے کے لیے چلا۔ مکہ والوں نے دشمن کی ہیبت سے شہر چھوڑ دیا یا کسی نے پہاڑوں کے دامن میں پناہ لی، کوئی دریا کے کنارہ خیمہ زن ہوا، صرف جناب عبدالمطلب کے پائے ثبات میں لغزش نہ ہوئی۔ آپ کا تعلق اُس گھرانے سے تھا جس میں دشمن سے فرار انتہائی نفرت خیز سمجھا جاتا تھا۔ جب دشمن کا لشکر مکہ کے قریب پہنچ گیا اُس وقت میں آپ پر خوف طاری نہ ہوا جناب عبداللہ سے فرمایا کہ بیٹا کوہ ابوقبیس پر جا کر دیکھو جو کچھ نظر آئے اُس کی مجھے اطلاع کرنا عبداللہ پہاڑ پر گئے دیکھا کہ دریا کی طرف سے ایک سیاہی مانند شب تار اُٹھی ہے نیچے اُتر کو جناب عبدالمطلب کو خبر دی آپ کے چہرے پر سرخی دوڑ گئی اور یقین ہوا کہ خدا کا لشکر دشمن کے دفاع کے لیے آ پہنچا۔ ذات رب العزت نے قرآن مجید میں اس وقعہ کو بیان کیا ہے:

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ۔ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ۔ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ۔ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ۔ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ۔ (سورہ فیل)

(اے رسول) کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے پروردگار نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا۔ کیا اُس نے اُن کی تمام تدبیریں غلط نہیں کر دیں۔ اور اُن پر دَل کے دَل پرندے بھیجے۔ جو اُن پر پتھریلی کنکریاں پھینکتے تھے۔ پس اُنہیں چبائے ہوئے بھوسے کی طرح (تباہ) کر دیا۔

اس خدائی فوج کی شان یہ تھی کہ ابابیل کے پاس تین تین پتھر دونوں پنجوں میں اور ایک منقار میں اور ہر پتھر پر مقتول کا نام لکھا ہوا۔ سنگریزہ اُسی شخص پر گرتا تھا جس کے نام کا وہ پتھر تھا ادھر پتھر اپنی جگہ سے چلا اور مع راکب و مرکب دشمن کا کام تمام ہو گیا۔ ایک لاکھ فوج میں ایک شخص زندہ بچا وہ

بھی اس لیے کہ اپنی قوم سے واقعہ بیان کر دے۔ جب سرگذشت کہہ چکا تو ابابیل سر پر منڈلا رہی تھی فوراً سنگریزہ مارا اور یہ پسماندہ بھی ہلاک ہو گیا۔ ایک شخص ابو رغال ثقفی جو اس لشکر کا راہنما تھا باقی رہ گیا وہ جب اپنی موت سے مرا تو عرب اُس کی قبر پر پتھر برسایا کرتے تھے۔ دُنیا اس کرشمہ قدرت کو کبھی فرموش نہیں کر سکتی۔ خانہ خدا پر سب سے بڑے جانور ہاتھیوں کی چڑھائی کے موقع پر قدرت نے ایک چھوٹا پرندہ بھیج کر مخلوق و خالق کی قوت میں ہمیشہ کے لیے امتیاز پیدا کر دیا۔ بقولے حضرت تمنا لکھنوی:

نہ دیتی ساتھ تمنا جو قوت خالق — تو لشکر ہاتھیوں کا کب ابابیلیں بھگا سکتیں

تشفی:

بچایا ہے کعبہ کو ہر فیل سے — نہ جانبر ہوئے سب ابابیل سے

میر نفیس قید خانہ شام کے حال پُرملول میں نظم فرماتے ہیں:

تھے وقف آشیانِ ابابیل سقف و در — نکلا وہ مر کے قید ہوا اُس میں جو بشر

احمد حسین خان بی، اے مسلمانوں میں اتحاد و اتفاق پر زور دیتے ہوئے کہتے ہیں:

بل پہ ہم اس کے جو میدان میں اُڑ جاتے تھے — صاحب فیل ابابیل سے ڈر جاتے تھے

کسی فارسی شاعر کا مقولہ ہے: (جامع اللغات)

ز دست ابابیل سازد ذلیل — خدا لشکر فیل و اصحاب فیل

احادیث شیعہ میں ابابیل کا ذکر ہے لباس مصلّی کے ذیل میں معصومؑ نے اس پرندے کو یاد کیا ہے۔ معاصر شیخ عبداللہ مامقانی تحریر کرتے ہیں:

در خبر است کہ اقل انچہ کہ می شود دران نماز خواند اسکتہ بر دوش مثل دو بال ابابیل باشد۔

حدیث میں ہے کہ کم از کم جو لباس نمازی کے لیے ہونا چاہئے وہ یہ کہ اُس کے دوش پر ابابیل کے پروں کی طرح ایک کپڑا ہو۔ (سراج الشیعۃ فی آداب الشریعۃ، ص ۲۳۰)

تعبیر:

اگر ابابیل کو خواب میں دیکھے تو دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا اور مخالف ہلاک ہوں گے غیب سے مدد پہنچے گی۔

خواص:

ابابیل کا دماغ سر میں تیل کے ساتھ لگانے سے جوئیں مر جاتی ہیں، اس کی آنکھ پوٹلی میں باندھ کر جس کے بستر میں رکھ دیں اُس کو نیند نہ آئے گی۔

الحکم:

علماء امامیہ کثیر اللہ شانہم نے ابابیل کے گوشت کو مکروہات میں شمار کیا ہے۔ سید المتورعین جناب مولانا سید ابو صاحب قبلہ اپنے علمیہ تحفہ احمدیہ میں تحریر فرماتے ہیں "خطاف یعنی پرستوک جو فی الحال مشہور بہ ابابیل ہے بنا بر مذہب بعض علماء کے اور احوط ترک ہے۔"

ادبیات:

ابابیل اردو زبان میں مونث ہے۔ کرتہ میں جو مثلث کترن درزی لگاتا ہے اُس کو اردو میں ابابیل کہتے ہیں۔ ابابیل کے بقیہ حالات خطاف کی لغت میں بیان کیے جائیں گے انشاء اللہ۔ سید اسمٰعیل حمیری مشہور شاعر نے ملائکہ کو ابابیل سے تشبیہ دی ہے اور جناب امیر المومنینؑ کی شب بدر سقایت کو نظم کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

لَیۡلَةَ بَدۡرٍ مَدَداً أُنۡزِلُوا   کَأَنَّھُمۡ طَیۡرٌ أَبَابِیۡل

(مفاتیح الجنان ص ۲۷۲)

اس موضوع کی باقی احادیث لفظ خطاف کے تحت میں آئیں گی۔

الابل

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
اونٹ	Camel	شتر	الابل

مشہور جانور ہے جس کے عربی میں بکثرت نام ہیں۔ عربوں نے اونٹ کی کنیت ابوصفوان رکھی ہے۔ یہ جانور عرب کے ریگستان اور بے آب وگیاہ صحرا میں مسافروں کو جلد اور آسانی کے ساتھ منزل تک پہنچاتا ہے۔ بار برداری میں اس سے بہت مدد ملتی ہے۔ عرب اونٹ کی سواری میں جو الفاظ استعمال کرتے ہیں وہ عربی گرامر (علم نحو) میں اسماء اصوات کے تحت میں نظر آتے ہیں۔ اونٹ کو ہکاتے وقت اُن کی زبان پر حسب ذیل لفظیں جاری ہوتی ہیں۔ خید، جید، ھاد، عاہ، ھیج، حاب، جی اور پانی پلاتے وقت سیب کہتے ہیں اور اونٹ کے بچے کو ہکاتے وقت ھِدَع کہتے ہیں۔

محمد بن ابراہیم بن حرث تیمی کی روایت ہے کہ امام حسینؑ سے زمانہ طفولیت میں جانوروں کی زبان دریافت کی آپؑ نے تقریباً ۵۰ پچاس جانوروں کی بولیاں بتائیں جن کو ہم انشاء اللہ اپنے مقام

پر سلسلہ وار درج کریں گے۔ بحار کتاب السماء والعالم میں یہ حدیث موجود ہے اس حدیث میں آپؑ نے فرمایا ہے کہ اونٹ کہتا ہے حسبی اللہ ونعم الوکیل۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ بدشکل سیاہ رنگ کے اونٹ خریدو وہ زیادہ دنوں تک زندہ رہتے ہیں اور لال بالوں کا نہ خریدو اُس کی عمر کوتاہ ہوتی ہے۔ (حلیۃ المتقین)

اونٹ دو قسم کے ہوتے ہیں ایک کوہان والے اور دو کوہان والے۔ دو کوہان والا اونٹ وسط ایشیا اور ترکستان میں پایا جاتا ہے۔ عربی اونٹ ایک کوہان والا ہوتا ہے۔ دو کوہان والے اونٹ کے بال موٹے ہوتے ہیں جس سے موٹے اونی ندے بنائے جاتے ہیں۔ چلتے وقت اس کے چوڑے ملائم پیر پھیل جاتے ہیں جس سے بالو پر آسانی سے چلتا ہے۔

اونٹ نہایت ہی فرماں بردار جانور ہے اور اس کے سبب سے انسان کو بڑے بڑے فائدہ پہنچتے ہیں۔ شتر سوار کوسوں کا دھاوا کرتے ہیں۔ عرب اونٹ کو خشکی کی کشتی کہتے ہیں۔ تمام جانوروں میں اونٹ ممتاز سمجھا جاتا ہے اس لیے کہ تجارت پیشہ اس پر بار لادتے ہیں، اس کے بالوں سے کپڑے بنتے ہیں، دودھ پیتے ہیں، دعوت اور ولیمہ کے موقع پر نحر کر کے گوشت کھاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ اگر پانی نہ ملے تو اونٹ دس دن تک پیاسا اور تین دن تک بے دانہ رہ سکتا ہے۔ خدا نے اس کی گردن لانبی بنائی ہے تاکہ اس قد و قامت پر موزوں ہو اور جب زمین پر چرے تو تکلیف نہ ہو۔ اس بزرگی کے باوجود اس قدر سیدھا ہوتا ہے کہ اگر چوہا بھی اس کی مہار کھینچے تو جدھر چاہے لے جا سکتا ہے۔ اگر شتربان اس کو مارتا ہے تو بدلہ لینے کی فکر میں رہتا ہے اور مدت کے بعد بھی انتقام لینا نہیں بھولتا اسی وجہ سے شتر کینہ مشہور ہے۔ اونٹ ہر طرح کی گھانس کھاتا ہے اور اونٹنی تیسرے برس بچہ جنتی ہے۔ اونٹ اپنی ماں سے جفت نہیں ہوتا۔

کلام عرب میں اونٹ کے بچے کے سن وسال کے لحاظ سے مختلف نام ہیں۔ جو بچہ برس کا ہو جاتا ہے اُس کو حوار اور جو دوسرے سال میں داخل ہو اُس کو ابن مخاض اور جو تیسرے میں داخل ہو اُس کو ابن لبون اور جو چوتھے میں داخل ہو حقہ اور جو پانچویں میں داخل ہو اُس کو جذعا اور چھٹے میں داخل ہو تو ثنینا اور ساتویں میں داخل ہو تو رباعیا اور آٹھویں میں داخل ہو تو سدیسا نویں برس میں بازل اور دسویں سال مخلف اس کے بعد کوئی نام نہیں ہے لیکن بعض اقوال سے واضح ہوتا ہے کہ بڈھے اونٹ کو سُحاق کہتے ہیں۔ یہ اسما فرداً فرداً حدیثوں میں وارد ہوئے ہیں جو حدیثیں میرے پیش نظر ہیں اُن کے عنوان قائم کر کے اپنے محل پر انشاء اللہ تفصیل کی جائے گی۔

عربوں کی نگاہ میں اونٹ کی اتنی وقعت تھی کہ آدمی کے قتل ہو جانے کے موقع پر اونٹ ہی کو دیت قرار دیتے تھے اور ارباب سلطنت جب کسی نو وارد شاعر کی عزت کرتے تھے تو اُس کو سو اونٹ دیتے تھے۔ جناب عبداللہ کی قربانی کے موقع پر آخر میں قرعہ اونٹوں ہی کے نام نکلا تھا۔ مسرت کے موقع پر اونٹ کی قربانی سردارانِ عرب کا خاص شیوہ تھا۔ جب حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام کی ولادت ہوئی ہے تو آپؑ کے والد ماجد حضرت ابوطالبؑ نے ۳۰۰ اونٹ نحر کیے اور ایک ہزار گائیں اور بکریاں ذبح کر کے ولیمہ کیا جس میں عرب کے تمام قبیلے شریک تھے۔ عرب میں اونٹ سے زیادہ ہر دلعزیز شاید ہی کوئی چیز ہو۔ عرب کے ارباب شعر و سخن میں بیشتر شعراء ناقۂ محبوب کی ثناء و صفت میں غلطاں پیچاں نظر آتے ہیں کسی نے رفتار کی تعریف کی، کوئی آواز پر اظہار خیال کرتا ہے، کوئی اونٹوں کی مینگنیاں دیکھ کر گذرتے ہوئے قافلہ کو یاد کرتا ہے، کوئی نقش قدم کا دلدادہ ہے۔ قرآن مجید نے بھی عربوں کے مذاق کو ملحوظ رکھ کر جابجا اونٹ کا تذکرہ کیا ہے کہیں عاقل انسان کو اونٹ کے فلسفہ خلقت پر توجہ دلائی ہے:

اَفَلَا یَنْظُرُوْنَ اِلَی الْاِبِلِ کَیْفَ خُلِقَتْ۔ (سورہ غاشیہ: ۱۷)

کیا یہ لوگ اونٹ کی طرف غور نہیں کرتے کہ کیسا (عجیب) پیدا کیا گیا ہے۔

دوسرے مقام پر کفار کے بہشت ایسی نعمت سے محروم رہنے کی پیشن گوئی کی ہے اور فرمایا ہے:

لَا یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰی یَلِجَ الْجَمَلُ فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ۔ (سورہ اعراف: ۴۰)

وہ بہشت میں داخل ہونے نہ پائیں گے یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکے میں ہو کر نکل جائے۔

مراد یہ ہے کہ جس طرح محال ہے کہ اونٹ نہ گھٹے اور نہ سوئی کا ناکہ بڑھے اور پھر اونٹ سوئی سے گذر جائے اس طرح کفار کا بہشت میں داخلہ ناممکن ہے۔ تیسرے مقام پر جہنم کی شعلہ ور آگ کو اونٹ سے تشبیہ دی ہے:

اِنَّهَا تَرْمِیْ بِشَرَرٍ کَالْقَصْرِ کَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ۔ (سورہ مرسلات: ۳۲، ۳۳)

جہنم سے اتنے بڑے بڑے انگارے برستے ہوں گے جیسے عالیشان محل گویا وہ زرد رنگ کے اونٹ ہیں۔

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ نے بھی اونٹ کا احترام کیا ہے حدیث میں ہے:

لَا تَسُبُّوا الْاِبِلَ فَاِنَّهَا رَقُوْءُ الدَّمِ۔ (مجمع البحرین ص ۱۸)

اونٹ کو گالی نہ دو یہ دیت میں دیا جاتا ہے اور جانیں بچاتا ہے۔

بہترین اونٹ وہ ہے جس کی آنکھ میں پتلی سیاہ اور ڈھیلا سفید اور پشت پر سرخ بال ہوں اور سرخ بالوں کا اونٹ عموماً بیش قیمت سمجھا جاتا ہے اور عرب میں یہ ضرب المثل ہے کہ اگر کسی کو قبیلہ میں غیر معمولی عزت حاصل ہونے کی تمنا ہوتی ہے تو اس محل پر کہتا ہے کہ "میرے نزدیک اس عہدہ پر متمکن ہونا سرخ بالوں والے اونٹ سے بہتر ہے۔" چنانچہ حضرت عمر علمداری کا جلیل منصب حاصل نہ ہونے پر افسوس کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

ثَلَاثٌ كُنَّ لِعَلِيٍّ ﷺ لَوْ اَنَّ لِي وَاحِدَةً مِنْهُنَّ كَانَتْ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ حُمُرِ النَّعَمِ تَزْوِيجُهُ بِفَاطِمَةَ وَاِعْطَاؤُهُ الرَّايَةَ يَوْمَ خَيْبَرَ وَآيَةُ النَّجْوَى.

حضرت علیؑ میں تین خصوصیتیں ایسی تھیں کہ اگر اُن میں سے ایک بھی مجھ میں ہوتی تو مجھے سرخ بالوں والے اونٹ سے بھی زیادہ محبوب ہوتی فاطمہ زہراؑ سے عقد، روزِ خیبر کی علمداری اور آیہ نجویٰ پر عمل۔

سلطان ابراہیم تارک الدہیم نے خواب میں دیکھا کہ کوئی محل سرا کے کوٹھے پر اپنا اونٹ ڈھونڈ رہا ہے۔ بادشاہ نے جواب دیا عجیب احمق ہے بالا خانہ سے اونٹوں کو کیا نسبت۔ اُس نے کہا احمق وہ ہے جو بادشاہت میں خدا کو ڈھونڈ رہا ہے۔

ہم خدا خواہی و ہم دنیائے دون
این خیال است ومحال است وجنون

عرب کی مشہور لڑائی جنگ بکر و تغلب اونٹنی کے مجروح ہونے کے سبب ہوئی اس لڑائی کو عرب حرب بسوس ہی کہتے ہیں۔ بسوس (صبور کے وزن پر) جساس بن مرہ شیبانی کی خالہ کا نام ہے اُس کی ایک اونٹنی سراب نامی تھی ایک دن کلیب بن وائل نے اُس کو رفے میں دیکھا کہ اُس نے چڑیا کے انڈے توڑ ڈالے جس کو کلیب نے پناہ دی تھی۔ کلیب نے غصہ میں آ کر اونٹنی کے تھن پر تیر مارا جساس نے حملہ کر کے کلیب کو قتل کر ڈالا اور اس بنیاد پر چالیس برس تک جنگ جاری رہی۔ خواجہ حالیؔ نے اپنے شعر میں اس لڑائی کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وہ بکرا اور تغلب کی نامی لڑائی
صدی جس میں آدھی انھوں نے گنوائی
قبیلوں کی کردی تھی جس نے صفائی
تھی اک آگ ہر سو عرب میں لگائی
نہ جھگڑا کوئی ملک و دولت کا تھا وہ
کرشمہ اک اُن کی جہالت کا تھا وہ

کلام عرب کی سیر سے واضح ہوتا ہے کہ معمولی گفت وشنید میں بھی ہر پھیر کے اونٹ کا ذکر آ جاتا تھا۔ امام زین العابدینؑ کی تجہیز وتکفین کے حالات میں ہے۔

لَمَّا وُضِعَ عَلَى السَّرِيرِ لِيُغْسَلَ نُظِرَ اِلَى ظَهْرِهِ وَعَلَيْهِ مِثْلُ رُكَبِ الْاِبِلِ مِمَّا كَانَ

يَحْمِلُ عَلَىٰ ظَهْرِهِ إِلَىٰ مَنَازِلِ الْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ. (مدینة المعاجز ص ۲۶۵)

جب آپؑ کو تختہ پر لٹایا تا کہ غسل دیں تو پشتِ مبارک پر نظر گئی اور دیکھا کہ آپؑ کی پیٹھ پر بار برداری کا نشان تھا جیسے اونٹ کی پشت پر نشان ہوتا ہے۔ آپؑ محتاجوں کے گھروں پر اپنی پیٹھ پر کھانا رکھ کر پہنچاتے تھے۔

اگر کوئی آنے والا اونٹ پر سوار ہے تو واقعہ نگاروں نے سوار کے ذکر کے ساتھ سواری کو نظر انداز نہیں کیا۔ حضرت امام جعفر صادقؑ کا یہ معمول تھا کہ جب حج کے لیے مکہ تشریف لے جاتے تو چند روز پہلے حج سے اُس پہاڑ پر جو حرم کے پہلو میں واقع ہے دو چوبہ خیمہ میں جو خاص حضرت کے لیے نصب کیا جاتا تھا تشریف فرما رہتے تھے۔ ایک دن جب تمام صحابی اپنی اپنی جگہ بیٹھ لیے تو حضرت نے اُس خیمہ سے سر باہر نکالا دیکھا تو ایک اونٹ تیزی کے ساتھ دوڑتا چلا آرہا ہے نظر پڑتے ہی حضرت نے فرمایا قسم ہے خدائے کعبہ کی ہشام ہیں (ہشام آپؑ کے عہد کے مشہور مناظر کا نام ہے) یونس بن یعقوب کہتے ہیں مجھے یہ گمان ہوا کہ ہشام شاید کوئی شخص اولادِ عقیل سے ہیں جن سے آپؑ کو اس درجہ محبت ہے ابھی میں یہ خیال کر ہی رہا تھا کہ آنے والا پہنچ گیا اور دیکھا تو ہشام بن حکم تھے ہم میں سے کوئی ایسا نہ تھا جوان سے سن و سال میں زیادہ نہ ہو ان کے ابھی سبزہ آغاز تھا۔ حضرت نے ہشام کو جگہ دی اور فرمایا خوشا حال ہمارے ناصر کا جو دل و زبان اور ہاتھ سے ہماری نصرت کرتا ہے۔ یہ نشست ایک مجلس علم تھی جس میں اُس عہد کے شہرہ آفاق متکلم جمع تھے اور امام نہایت خندہ پیشانی سے اپنے حلقہ بگوش عالموں کو مخالفوں سے مناظرے کے اصول تعلیم کرتے تھے جب چند شخصوں میں مکالمہ ہو چکا تو امام نے ایک شامی عالم سے فرمایا کہ اب تم اس کمسن لڑکے یعنی ہشام سے مناظرہ کرو اُس نے کہا بہتر اور امام جعفر صادقؑ کی طرف اشارہ کر کے ہشام سے کہا کہ اے صاحبزادے اس شخص کی امامت میں میری تسلی کر دے۔ ہشام بن حکم کو یہ بے ادبانہ کلام سن کر غصہ آ گیا تھر تھر کانپنے لگے اور گفتگو شروع ہوئی۔

ہشام: یہ بتاؤ کہ تمہارا خدا اپنی مخلوقات اور بندوں کا نگہبان اور اُن کے حال کا ناظر ہے یا ہر بندہ خود اپنی حفاظت کرتا ہے۔

شامی: خدا تمام مخلوق کا مالک و مختار اور سب کی نگہداشت کرنے والا ہے۔

ہشام: تو پھر خدا نے بندوں کے لیے کیا کیا اور کونسا طریقہ بنایا۔

شامی: بندوں کے لیے حجت و دلیل قائم کی کہ افتراق کی مصیبت سے نجات ہو اور اختلاف نہ پھیلے اور وہ خدا کی حجت اُن میں محبت قائم کرے اور خدائی احکام سے خبر دے۔

ہشام: وہ حجت خدا کون ہے؟

شامی: خدا کا رسول۔

ہشام: اور بعد رسول خدا کے کون ہے۔

شامی: کتاب اور سنت۔

ہشام: آج بھی ہم کو کتاب وسنت سے یہ نفع پہنچ سکتا ہے کہ وہ ہم میں اختلاف کو برطرف کرے۔

شامی: ہاں۔

ہشام: پھر کیا سبب ہے کہ ہم میں اور تم میں اختلاف ہے اور خاص کر تم ہماری مخالفت میں شام سے یہاں تک آئے۔

شامی ساکت ہوگیا۔ امام جعفر صادقؑ نے شامی سے پوچھا کہ اب کیوں نہیں کلام کرتا۔

شامی نے کہا اگر کہتا ہوں کہ ہم میں اور تم میں اختلاف نہیں ہے تو جھوٹ ہے اور اگر کہتا ہوں کہ کتاب وسنت دونوں ہم سے اختلاف کو دور کر سکتے ہیں تو بھی قول باطل ہے اس لیے کہ ان دونوں کے معنی احتمالات کے محتاج ہیں اور اگر کہتا ہوں کہ اختلاف تو ہے مگر ہم اور تم دونوں حق پر ہیں تو پھر کتاب و سنت کا کوئی نفع اور فائدہ نہیں رہتا۔ (عمادالاسلام)

عرب میں اونٹوں کی تجارت سے اقتصادی حالات روز بروز بہتر ہوتے جاتے تھے۔ تاریخ روضۃ الصفاء میں ہے کہ حضرت ابوبکر نے دو اونٹ خریدے تھے ان میں سے ایک چار سو درہم کا تھا جس کو عمدہ چارہ دے کر تیار کیا تھا اُس کو جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ کے ہاتھ آٹھ سو درہم دونی قیمت پر فروخت کیا۔

حضرات معصومین علیہم السلام کی سواری میں رہنے سے اُن حضرات سے ناقے اس قدر مانوس ہو جاتے تھے کہ پھر اُن کے بعد ناقوں کا زندہ رہنا دشوار ہو جاتا تھا۔ جناب سرور کائنات کے بعد ناقہ عضبا کا غیر معمولی حالت بنا کر قبر نبیؐ پر منہ رکھ کر مرجانا، یا امام زین العابدینؑ کے ناقہ کا آپؑ کے بعد رنج وغم میں ہلاک ہونا مشہور ہے۔ خوف طول میں ہم تفصیل سے قاصر ہیں۔ شہادت امام حسینؑ کے بعد یزیدی فوج نے جو سامان اہلبیت طاہرینؑ کا لوٹا اُس میں سواریوں کے اونٹ بھی تھے جن کے حال میں سفیان بن عیینہ اور یزید بن ہرونؒ واسطی کا قول ہے کہ جب فوج یزید نے ان کو نحر کیا تو گوشت سے آگ شعلہ ور تھی۔

(مناقب آل ابیطالبؑ حصہ چہارم ص ۲ ے، تحریر الشہادتین ص ۱۱۸، نور العین حاجی صبغتہ اللہ ص ۲۸۸)

اور جمیل بن مرہ کہتا ہے: لَمَّا طَبَخُوْہَا صَارَتْ مِثْلَ الْعَلْقَمِ. جب وہ گوشت پکایا گیا تو حنظل کی طرح تلخ ہو گیا ممکن نہ تھا کہ کوئی ایک لقمہ بھی کھائے۔

راہِ شام کے واقعات میں ہے کہ جب آلِ رسولؐ کو اسیر کر کے کوفہ لے چلے اونٹ بول رہے تھے تو جناب امام حسینؑ کی ہمشیرہ حضرت زینب کبریٰ سلام اللہ علیہا نے اپنے بھتیجے امام زین العابدینؑ سے پوچھا کہ فرزند یہ اونٹ کیا کہتے ہیں۔ آپؑ نے فرمایا یہ کہتے ہیں کہ اولادِ رسولؐ ہماری پشت پر ہے آہستہ آہستہ چلو ایسا نہ ہو کہ کوئی بچہ پشت سے گر پڑے۔

فائدہ:

حضرت امام جعفر صادقؑ جب اونٹ پر سوار ہوتے تھے تو یہ دعا پڑھتے تھے:

بِسْمِ اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ۔

تعبیر:

اگر اونٹ خواب میں دیکھے تو بے شمار مال ملے گا اور اونٹ پر سوار ہوتے دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ سفر در پیش ہو اور امید سے زیادہ فائدہ ہو۔ شیخ الرئیس ناقل ہیں کہ ایک یہودی نے خواب میں دیکھا کہ وہ اونٹ کا گوشت کھا رہا ہے تو اس کی تعبیر دی کہ حرام کی دولت ملے گی اس لیے کہ یہودی اونٹ کے گوشت کو حرام سمجھتے ہیں اور اگر کوئی مسلم اونٹ کا گوشت کھاتے خواب میں دیکھے تو تعبیر میں رزقِ حلال ملے گا اور اونٹنی کا دودھ پیتے خواب میں دیکھنا بھی مالِ حلال کی امید ہے۔

خواص:

ماہرین علم حیوانات کہتے ہیں کہ اونٹ کے پتہ نہیں ہوتا۔ جہاں اونٹ کی چربی رکھ دیں وہاں سے سانپ بھاگ جائیں گے۔

حبس البول میں اونٹ کے بال بائیں ران میں باندھنے سے مریض کو فائدہ ہوتا ہے اور جو بچہ سوتے میں پیشاب کر دیتا ہے اُس کے بھی اونٹ کے بال مذکورہ طریقہ سے باندھنے سے یہ عادت جاتی رہتی ہے۔

محمد بن زکریا رازی کے زمانے میں ایک شخص (صرع) مرگی میں مبتلا تھا جس کی عمر ۲۰ برس سے

زیادہ تھی دن بھر میں کئی بار بے ہوش ہوتا تھا روزانہ اونٹنی کا دودھ پینے سے مرض جاتا رہا جب کہ موصوف نے کہا ہے کہ پانچ مہینہ سے مریض کو تا حال پھر یہ دورہ نہیں ہوا۔

ملا حسن کاشانی رسالہ رفع دفع میں لکھتے ہیں کہ مغز ساق شتر اگر پانی میں گھول کے چوہوں کے سوراخ میں ڈالے تو چوہے مر جائیں گے۔

مولف نے ایک قدیم طبی کتاب کے حاشیہ پر لکھے ہوئے دیکھا ہے کہ اگر پانچ مینگنیاں اونٹ کی اور پانچ گدھے کی جلا کر خاکستر کرے اور کپڑے میں چھان کر حقہ کے پانی میں گھول کر بواسیری مسوں پر لگائے تو فوراً مستے نکل جائیں گے اصل کاتب تحریر کو یہ نسخہ ایک مسافر سے حاصل ہوا تھا جس کے خاتمہ پر اُس نے لکھا ہے: قد امتحل وقلع فی ان۔ مستے مرجھا گئے اور فوراً مرض کا استیصال ہو گیا۔

الحکم:

(۱): اونٹ کا گوشت حلال ہے اور اونٹنی کے دودھ کے فضائل وارد ہوئے ہیں اگر اونٹ حلال (فضلہ خوار) ہو جائے تو فقہا کہتے ہیں کہ چالیس دن تک اُس کو بند کریں اور پاک چارہ دیں اُس وقت اس کا گوشت پاک ہو سکتا ہے۔ حلال جانور کا پسینہ بھی نجس ہے۔

(۲): واضح ہو کہ متاخرین علماء امامیہ کنوئیں کو چشمہ اور آب جاری کے حکم میں سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ کنواں کسی نجاست کے گرنے سے نجس نہیں ہوتا جب تک کہ رنگ، بو، مزہ متغیر نہ ہو مقررہ ڈول پانی نکالنا واجب نہیں ہے۔ جناب شیخ زین العابدین مازندرانی ذخیرۃ المعاد میں فرماتے ہیں کہ اگر اونٹ کنوئیں میں گرے اور مر جائے خواہ نر ہو یا مادہ تو مستحب ہے کہ کنوئیں کا سارا پانی نکال ڈالے۔ عرق شتر جلاّل میں بھی تمام پانی نکالنا چاہیے۔

(۳): اگر کسی کے پاس اونٹ ہوں تو اُس کے بارہ نصاب ہیں پانچ نصاب پانچ پانچ کے ہیں جب پانچ شتر ہوں تو عوض میں اُس کے ایک بے عیب گوسفند جو سال بھر کا کامل ہو یا ایک بے عیب بکری پورے دو برس کی جو تیسرے سال میں داخل ہو زکوۃ میں دے۔ زکوۃ اُس وقت واجب ہوتی ہے جب حیوان چرتے ہیں دانہ اور گھانس اُن کو نہ ملتا ہو اُن پر ایک سال گذر جائے اور بوجھ اُٹھانے والے بھی نہ ہوں پانچ اونٹ سے زیادہ میں زکوۃ نہیں ہے جب تک دس نہ ہوں جب دس ہوں تو دو گوسفند یا دو بز دے اور جب پندرہ ہوں تو تین گوسفند یا تین بز دے اور جب بیس ہوں تو چار گوسفند یا چار بز دا اور جب ۲۵ ہوں تو پانچ گوسفند یا پانچ بز بنا بر مشہور دے۔ چھٹے نصاب بنا بر مشہور ۲۶ میں ہے، جب ۲۶ اونٹ ہوں تو ایک شتر مادہ کہ وہ ایک سال تمام کر کے دوسرے برس میں داخل ہوئی ہو

اور اگر شتر مادہ نہ ہو تو اُس حالت میں ایک شتر نر دو برس کا جسے تیسرا سال شروع ہو دینا چاہئے۔ ساتویں نصاب ۳۶ میں ہے، جب ۳۶ شتر ہوں تو زکوٰہ اُس کی ایک شتر مادہ ہے جو تیسرے برس میں داخل ہوئی ہو۔ آٹھویں نصاب ۴۶ میں ہے اس کی زکوٰۃ بھی ایک شتر مادہ ہے کہ چوتھے برس میں داخل ہوئی ہو۔ نویں نصاب ۶۱ میں ہے جب ۶۱ شتر ہوں تو اُس حالت میں زکوٰۃ ایک شتر مادہ ہے جو تیسرے سال میں داخل ہوئی ہو۔ گیارہویں نصاب بنا بر مشہور ۹۱ میں ہے زکوٰۃ اُس کی دو شتر مادہ ہے جو چوتھے سال میں داخل ہوئی ہوں۔ بارہویں نصاب میں ۱۲۱ ہے ہر پچاس میں ایک شتر مادہ جو چوتھے سال میں داخل ہوئی ہو۔

(۴): اونٹ کو ذبح کرنا درست نہیں ہے، بجائے ذبح کرنے کے نحر کرنا چاہئے اس طرح نیزہ مقام نحر پر ماریں کہ اندر چلا جائے۔

(شتر خانہ): حیدر آباد دکن کے ایک محلہ کا نام ہے جو شیعہ آبادی میں ہے۔

(شتر گربہ): شعرا کی اصطلاح میں اُس شعر کو کہتے ہیں جس میں ایک جگہ ممدوح کی شان میں ''آپ'' اور دوسری جگہ ''تم'' یا ایک مقام پر ''تو'' اور دوسری جگہ ''آپ'' نظم کیا جائے۔ نثر میں بھی نظم کی طرح اس طرح کی گفتگو معیوب ہے۔

(شتر نال): بندوق ایک قسم کی جو اگلے زمانہ میں اونٹ پر رکھ کر چھوڑائی جاتی تھی۔ (سودا)

کج نال مثل رعد کڑکتی ہے دم بدم   آواز شتر نال تھی طاوس کی چھنکاڑ

(اونٹ کٹارہ): ایک خاردار گھانس ہے زرد اور سفید رنگ کی جو مزے میں کڑوی ہوتی ہے دماغ اور گردہ کو مضر ہے اس کے کھانے سے ہاضمہ کا فعل درست ہوتا ہے اور بھوک کھل کے لگتی ہے۔ زبان اردو میں اس کو کٹیلا کہتے ہیں۔ (عزیز اللغات)

(اونٹ گاڑی): ہندوستان کی ایک قدیم وضع کی ست رفتار دو منزلہ گاڑی ہے جو اب بھی کہیں کہیں چلتی ہے۔ ریل اور موٹر کے رواج سے پرانی سواریوں کے نام بھی اب کوئی نہیں جانتا اونٹ گاڑی میں زیادہ تر رات کو سفر کیا جاتا تھا۔

ادبیات:

۱: جس وقت کسی بھوکے کو بہت تھوڑا کھانا دیا جائے یا کسی حاجت مند کو اُس کی امید سے کم ملے تو کہتے ہیں ''اونٹ کے منہ میں زیرہ'' جس طرح زیرہ کھا کر اونٹ کا پیٹ بھر تا نہیں سکتا اسی طرح کم کھانے میں پر خوراک انسان سیر نہیں ہوتا۔ (امیر)

کھا گیا بے فائدہ مجھ کو فلک　　　اونٹ کے منہ کا میں زیرہ ہو گیا

۲: بے ڈھنگی باتوں کو اردو میں اونٹ پٹانگ کہتے ہیں۔

۳: اہم اور پیچیدہ معاملات جو کسی طرح نہ سلجھیں دیکھ کر کہا جاتا ہے ''اونٹ کس کل بیٹھتا ہے''۔

۴: بدصورت انسان یا کسی غیر حسین چیز کو دیکھ کر کہتے ہیں ''اونٹ رے اونٹ تری کون سی کل سیدھی''۔ یہ ضرب المثل صنف نازک کی زبان کے سوا مردوں کی زبان پر جاری نہیں ہے۔

۵: کسی نوادر کی غیر معمولی قدر و منزلت یا کسی نئی چیز کے خیر مقدم پر عوام کہتے ہیں ''نئے گاؤں اونٹ آیا لوگ سمجھے ببر شیر ہے''۔

۶: غرور پسند لوگوں کو دیکھ کر کہتے ہیں کہ اونٹ جب پہاڑ تلے آئے اس وقت حقیقت کھلتی ہے۔

۷: ۹ ٹبنی کا اونٹ حد درجہ کا بیوقوف۔ (عزیز اللغات)

۸: اونٹ کی چوری نہوڑے نہوڑے۔ جب کوئی کسی مشہور بات کو چھپائے تو کہتے ہیں کہ اونٹ تو چرایا اور جھکے جھکے چلتا ہے کیسی بے وقوفی ہے۔

۹: نہ تھکا اونٹ مسافر کو دیکھتا ہے یعنی آفت زدہ خلاصی کا طالب رہتا ہے۔

۱۰: اونٹ بڈھا ہو گیا مگر موتنا نہ آیا۔ بوڑھے بے وقوف کے لیے کہتے ہیں۔

۱۱: اونٹ براتا ہی پھرتا ہے۔ جس طرح اونٹ بوجھ اُٹھاتے وقت براتا ہے اسی طرح کام چور آدمی کام کرتے وقت ناک بھوں چڑھاتا ہے۔

۱۲: غرور پسند انسان کی مثال اس شعر میں ہے۔

یہ سرکشی شتر دل ابھی بھول جائے گا　　　کھل جائے گا پہاڑ کے نیچے جب آئے گا

اِبلامی

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ابلامی			

مچھلیوں کی بے شمار قسموں میں سے ایک چھوٹی قسم ہے جو بحر عرب میں پائی جاتی ہے۔ اس کا اردو، فارسی نام کہیں دریافت نہیں کیا محقق طریحی نے مجمع البحرین میں اس کا ذکر کیا ہے اور سہل بن محمد طبری کی روایت میں اس کا پتہ ہے۔ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے زمانہ میں بعض عوام نے اس کی حرمت کا فتوئی دے رکھا تھا۔ امام کی خدمت میں خط لکھ کر دریافت کیا کہ وہ مچھلی جس کو ابلامی اور جس کو طمر کہتے

ہیں ان دونوں کو لوگ حرام بتاتے ہیں۔ حضرت نے جواب میں لکھا کہ ”تم اُس کو کھا سکتے ہو کوئی حرج نہیں“۔ یہ حدیث وسائل الشیعہ میں موجود ہے۔

تعبیر:

اس مچھلی کو خواب میں دیکھنے سے مال حلال ہاتھ آئے گا۔

الحکم:

حلال ہے۔

الخواص:

اس کے اجزاء کا کتب طب میں ذکر نہیں ہے۔

اَرَضَۃٌ

عربی	فارسی	انگلش	اردو
اَرَضَۃٌ	دیوکت دیوچہ، چوب دار	White Ant	دیمک

دیمک سفید رنگ کی مثل چیونٹی کے ایک کرم ہے جس کا قد ردانہ مسور سے ۲/۱ ہوتا ہے اس کا منہ سرخ ہوتا ہے۔ انگریزی میں اس کو سفید چیونٹی کہتے ہیں۔ قد چیونٹی سے کچھ بڑا ہوتا ہے مگر نقصان کرنے میں چیونٹی سے کئی گنا زیادہ ہوتی ہے۔ شہد کی مکھیوں کی طرح ان میں ہر کام قاصد سے ہوتا ہے۔ کچھ دیمکیں انڈے سے بچے سینے اور محنت کر کے کھانے کی چیزیں جمع کرتی ہیں، کچھ دوسرے جانوروں سے اپنے انڈوں بچوں کی حفاظت کرتی ہیں۔ ان کا ایک سردار ہوتا ہے وہ دوسری دیمکوں سے قد میں کچھ بڑا ہوتا ہے وہ مٹی کے ایک سڈول گولے کے اندر آرام سے پڑا رہتا ہے باقی دیمکیں اُس کو کھلا پلا کر موٹا کرتی ہیں۔ مزدور دیمکیں باہر نکلتی ہیں مگر جن کے سپرد دوسرے کام ہوتے ہیں وہ باہر نہیں نکلتیں۔ یہ ایک ساتھ ہزاروں انڈے دیتی ہیں۔ دیمک کے ایک جوڑے سے ڈھیروں دیمکیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ چمڑا، لکڑی، کاغذ، کپڑا، اناج کوئی چیز ان سے نہیں بچتی پتھر تک کو چاٹ جاتی ہیں۔ کھیتی کی دشمن ہیں جس کھیت میں دیمک لگ گئی سمجھ لو کے اُس میں اب کچھ پیدا نہ ہوگا۔ اوکھ (گنّے) کے کھیتوں میں دیمک بیجوں کا صفایا کر دیتی ہیں۔ کھیت گوڑنے میں جو ٹکڑا زمین سے نکل آتا ہے تو بالکل کھوکھلا ہوتا ہے۔ جتنی دیمکیں پیدا ہوتی ہیں اگر وہ سب زندہ رہیں تو آدمی کو بڑی مشکل کا

سامنا ہو کھیت میں کوئی چیز نہ بچے نہ گھر میں۔ دیمک کے دشمن بھی بہت ہیں بعض چڑیاں اور دوسرے کیڑے اُن کو بہت کھاتے ہیں، بعض پرندوں کی خوراک ہی دیمک ہے جیسے تیتر، باز ہمیشہ دیمک کے چھتے تلاش کرتے ہیں چھتہ پاتے ہی تیتر خوش ہو کر اُس پر ٹوٹ پڑتے ہیں اور سب دیمکوں کو چٹ کر جاتے ہیں مگر جو دیمکیں زمین کے اندر رہتی ہیں اُنھیں چڑیاں نہیں کھا سکتیں اُنہیں دور کرنے کی تدبیر یہ ہے کہ زمین خوب گہری جوتی جائے تاکہ دیمکوں کے گھر کھد جائیں وہ باہر نکل آئیں تب چڑیاں اور کیڑے آسانی سے اُن کا شکار کریں گے ہلکی جتائی سے دیمکوں کے گھر کھدنے نہیں پاتے بیج پڑتے ہی دیمکیں بیج پر ٹوٹ پڑتی ہیں اور سارے بیج کھا جاتی ہیں پھر کھیت میں کچھ نہیں پیدا ہوتا۔ دیمکوں سے بچانے کے لیے اناج کو بھوسے میں رکھتے ہیں بھوسے میں دیمک نہیں لگتی، بالو پر بھی دیمک کا کچھ زور نہیں چلتا۔ زرا ایک چھتے کو لے کر دیکھو مٹی کی ایک پتلی سی پٹ پیری سیدھی قطر میں چلی گئی ہے اُس کے اندر دیمکیں ہیں پٹ پیری کو توڑو تو دیمکیں اِدھر اُدھر بھاگنے لگیں گی۔ آدمی کو جتنا نقصان اس کیڑے سے پہنچتا ہے اتنا اور کسی کیڑے سے نہیں ہوتا۔

قزوینی عجائب المخلوقات میں کہتا ہے کہ جب اس کی عمر ایک سال کی ہو جاتی ہے تو دو لمبے پر نکل آتے ہیں اور دیمک اُڑنے لگتی ہے۔ چیونٹی دیمک کی دشمن ہے اور اس کے پیچھے سے آکر اُٹھا لے جاتی ہے۔ حضرت سلیمانؑ کی جب روح قبض ہوئی تو آپ عصا پر تکیہ کیے ہوئے تھے مدتیں آپ کو اس عالم میں گذر گئیں نہیب سلطانی سے امور سلطنت اُسی طرح جاری رہے اور سب لوگ آپ کو زندہ سمجھتے تھے حتیٰ کہ آپس میں اختلاف کی آگ بھڑک اُٹھی کچھ لوگوں نے کہنا شروع کیا کہ سلیمانؑ ہمارے خدا ہیں اس لیے کہ اُن کو کھانے پینے کی احتیاج نہیں ہے بعضوں نے جادوگر کہا مومنین اُس وقت بھی آپ کو پیغمبر سمجھتے رہے اُس وقت جناب باری عز اسمہ نے دیمک کو بھیجا کہ عصاء سلیمانؑ کو کھانا شروع کرے جب عصا کھوکھلا ہو گیا تو ٹوٹ کر گرا سلیمان منہ کے بل زمین پر آئے اس خدمت کے سبب سے جن دیمک کے بہت شکر گذار ہیں اور یہی سبب ہے کہ آج تک جہاں دیمک ہوتی ہے وہاں سلین اور مٹی آپ سے آپ پہنچ جاتی ہے یہی دیمک کا آلہ کار رہے۔

فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلَىٰ مَوْتِهِ إِلَّا دَابَّةُ الْأَرْضِ تَأْكُلُ مِنسَأَتَهُ۔ کے یہی معانی ہیں۔

جب ہم نے سلیمان پر موت کا حکم جاری کیا تو جنات کو کسی نے اُس کے مرنے کا پتہ نہ بتایا مگر زمین کی دیمک نے کہ وہ سلیمان کا عصا کھا رہی تھی۔

تعبیر:

اگر کوئی شخص دیمک کو خواب میں دیکھے تو دشمن کی خفیہ ریشہ دوانی کا اندیشہ ہے۔

الحکم:

دیمک حشرات الارض میں ہے اس کا کھانا حرام ہے مثل دیگر کیڑے مکوڑوں کے۔

اَرْقَمْ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
Spotted	گبرا سانپ	مارابلق	اَرْقَمْ

سانپ کی بکثرت قسمیں ہیں جن میں بڑے سے بڑا اور چھوٹے سے چھوٹے ہوتے ہیں۔ قدو قامت کے لحاظ سے صورتیں بھی مختلف اور زہر کم و بیش ہوا کرتا ہے۔ ہر سانپ پر مفصل بحث ہم انشاء اللہ لفظ ''حَیَّہ'' کے ذیل میں کریں گے۔ ارقم سانپ کی قسموں سے ایک قسم ہے جس کے بارے میں محقق طریحی کہتے ہیں: الحیۃ التی فیہا سواد و بیاض۔ یہ وہ سانپ ہے جو سیاہ و سفید ہوتا ہے۔ یہ بہت ہی خطرناک اور موذی ہے۔ جرس حمام شویری نے اس کو ''اخبث الحیات'' کہا ہے۔ قد اس کا بڑا ہوتا ہے اسی کی ایک قسم کوڑیالا ہے جو نسبتاً چھوٹا ہوتا ہے اور زیادہ زہریلا نہیں سمجھا جاتا اس سانپ کے کاٹے ہوئے اکثر بچ جاتے ہیں۔

ارقم بنی ثعلب کے قبیلہ کا بھی نام ہے اور زید بن ارقم جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ کے مشہور صحابی تھے جو آنحضرتؐ کے بعد عرصہ تک زندہ رہے ان کی آنکھیں جاتی رہی تھیں نابینا ہونے کی وجہ سے کتب سیر میں یہ معلوم ہوتی ہے کہ جناب امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے اپنی حقیقت کے ثبوت میں ایک موقع پر حاضرین کو قسم دی تھی کہ تم میں جس شخص نے میرے حق میں پیغمبر خدا کو ''من کنت مولا فھذا علی مولا جس کا میں مولا ہوں اُس کے حاکم علی بھی ہیں'' کہتے ہوئے سنا ہو وہ گواہی کے لیے اٹھ کھڑا ہو۔ حق پوش اور دنیا پرست اصحاب خاموش بیٹھے رہے زید بن ارقم بھی بدقسمتی سے اُنہیں لوگوں میں تھے جو زمانہ کی ہوا کے ساتھ تھے اُن کا قول ہے:

كُنْتُ مِمَّنْ كَتَمْ فَذَهَبَ اللّٰهُ بِبَصَرِي وَ كَانَ علی کرم اللہ وجهه وَ علی مَنْ كَتَمْ

میں بھی اُن لوگوں میں تھا جنھوں نے فضیلت پر پردہ ڈالا خدا نے میری بینائی کو سلب کر لیا۔
حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اپنا مرتبہ چھپانے والوں کے لیے دعائے بد کی تھی۔
(عبقات الانوار، حدیث ثقلین، ص ۵۷۰)

زید بن ارقم واقعہ کربلا تک موجود تھے فرزند رسول الثقلین حضرت امام حسینؑ نے روز عاشورا اپنے خطبہ میں فرمایا تھا:

اَلَسْتُ ابْنَ بِنْتِ نَبِيِّكُمْ وَ ابْنَ وَصِيِّهِ، اَوَّلَ الْقَوْمِ اِسْلَاماً وَ الْمُصَدِّقِ لِرَسُولِ اللهِ. اَلَيْسَ حَمْزَةُ سَيِّدُ الشُّهَدَاءِ عَمِّي اَلَيْسَ بَلَغَكُمْ قول جَدِّي رَسُولُ اللهِ لِي وَلِاَخِي هٰذَانِ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَ اَبُوهُمَا خَيْرٌ مِنْهُمَا اَلَيْسَ قال اِنِّي اُخْلِفُ فِيكُمُ الثَّقَلَيْنِ كِتَابَ اللهِ وَ اَهْلَ بَيْتِي فَاِنْ صَدَّقْتُمُونِي بِمَا اَقُولُ وَاسْئَلُوا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيَّ وَ سَهْلَ وَ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ وَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ فَاِنَّهُمْ بِذٰلِكَ شَهِدُوا وَ اَنَّهُمْ سَمِعُوا بِذٰلِكَ مِنْ جَدِّي رَسُولِ اللهِ۔

کیا میں تمہارے نبی کی دختر اور وصی رسول کا بیٹا نہیں ہوں (میرے ہی باپ) سابق الاسلام اور سب سے پہلے پیغمبرؐ خدا کی تصدیق کرنے والے تھے کیا حضرت حمزہ جو شہیدوں کے سردار تھے وہ میرے چچا نہ تھے کیا تمہارے کانوں تک میرے اور میرے ماں باپ اور بھائی کے بارے میں پیغمبرؐ خدا کا یہ قول نہیں پہنچا کہ یہ دونوں (حسنؑ حسینؑ) جوانانِ جنت کے سردار اور ماں باپ ان کے ان دونوں سے بہتر ہیں کیا پیغمبرؐ نے یہ نہیں فرمایا تھا کہ میں تم میں دو گراں قدر چیزیں چھوڑتا ہوں قرآن و عترت جو کچھ میں کہہ رہا ہوں اگر اس کی تصدیق کرو تو خیر ورنہ جابر بن عبداللہ انصاری اور سہل (بن سعد) اور زید بن ارقم اور انس بن مالک (اصحاب رسولؐ) سے پوچھو وہ سب اس کی گواہی دیں گے انھوں نے میرے جد کو کہتے سنا ہے۔

بعض روایات سے مجلس ابن زیاد میں زید بن ارقم کی موجودگی ثابت ہے لیکن راہ کوفہ میں سر حسینؑ اور اسیرانِ اہلبیت گذرتے وقت ان کے تاثرات تقریباً اکثر مقاتل میں موجود ہیں۔ جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ لکھتے ہیں زید بن ارقم نے سر حسینؑ کے بارے میں حسب ذیل بیان دیا:

قَالَ مُرَّ بِهِ عَلَيَّ وَ هُوَ عَلَى الرُّمْحِ وَ اَنَا فِي غُرْفَةٍ لِي فَلَمَّا حَاذَانِي سَمِعْتُهُ يَقُولُ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحَابَ الْكَهْفِ وَ الرَّقِيمِ كَانُوا مِنْ آيَاتِنَا عَجَباً موقف وَ اللهِ شَعْرِي وَ نَادَيْتُ رَاْسَكَ وَ اللهِ يَا ابْنَ رَسُولِ اللهِ اَعْجَبُ وَ اَعْجَبُ. (ارشاد)

میں اپنے غرفہ میں تھا کہ نیزہ بردار سرِ حسینؑ میرے پاس سے لیے ہوئے گذرے جب میرے روبرو پہنچے تو میں نے سنا کہ حسینؑ فرماتے تھے:

اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا۔ (سورہ کہف:۹)

خدا کی قسم میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے اور میں نے پکار کر کہا اے پیغمبرزادے قسم بخدا سرِ آپ کا کہف ورقیم سے عجیب تر ہے۔

تعبیر:

اگر خواب میں کوڑیالا سانپ دیکھے تو فرزند پیدا ہو۔

خواص:

سانپ کے خواص آئندہ بیان ہوں گے۔

الحکم:

گوشت سانپ کا حرام ہے، اگر سانپ کنوئیں میں گرے تو کنوئیں کا پانی نجس نہ ہوگا۔ سانپ تو خون جہندہ بھی نہیں رکھتا لیکن مستحب ہے کہ سانپ کے گرنے میں تین ڈول کنوئیں سے نکالے۔

ادبیات:

سانپ کے منہ کو پھن اور جو کھال سالانہ اُس کے جسم سے جدا ہوتی ہے اُس کو کیچلی کہتے ہیں۔ سانپ کے مَن کو فارسی میں مار مہرہ اور مہرہ جاندارو کہتے ہیں۔ خاقانی نے اس کو نظم کیا ہے۔

بہترین جائے بدست وبدترین قومے کزد ۔۔۔ مہرہ جانداروں اندر مغز ثعبان دیدہ اند

مشہور ہے کہ تاریکی میں سانپ کا من چراغ کی طرح ضو دیتا ہے۔ حضرت تمنا لکھنوی کہتے ہیں

خوشی سے دفعۃً دل یونہی چمکا تیرہ بختی میں ۔۔۔ اندھیری رات میں جیسے مارسیہ کا مَن چمکا

اَرْنَبْ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
اَرْنَبْ	خرگوش	Rabbit,Hare	کھرہا

محقق طریحی کہتے ہیں کہ خرگوش بچہ آہو سے مشابہ ہوتا ہے اس کے آگے کے پاؤں چھوٹے اور پیچھے کے لامبے ہوتے ہیں۔ پچھلے پیروں پر زور دے کر چلتا ہے۔

قطاء الارض علی موخر قوائمھا وتکون عاما ذکرا وعاماً انثی۔

ایک سال تک نر رہتا ہے اور ایک سال تک مادہ۔

مادہ بچے بہت جنتی ہے۔ صاحب تحفۃ الراغب لکھتے ہیں کہ مادہ خرگوش چار ہفتہ گذار کر تین یا چار بچے جنتی ہے۔ علامہ قزوینی کا قول ہے کہ مادہ خرگوش مثل عورتوں کے حائضہ ہوتی ہے۔ مولف کہتا ہے کہ خرگوش مسخ جانوروں میں ہے حائضہ ہونے سے مزاج انسانیت کی طرف میلان ظاہر ہو رہا ہے اور کلام معصومؑ سے تائید ہوتی ہے مسوخات کے سلسلہ میں امام نے خرگوش پر تبصرہ فرمایا ہے:

كَانَتِ امْرَأَةً تَخُونُ زَوْجَهَا وَلَا تَغْتَسِلُ مِنْ حَيْضِهَا۔

یہ وہ عورت تھی جو شوہر کی خیانت کرتی تھی اور غسل حیض سے اس کو نفرت تھی۔

اس محققانہ کلام سے دو باتیں ثابت ہوتی ہیں:

(۱): اگلی امتوں میں بھی غسل حیض واجب تھا۔

(۲): جرم اس قدر سنگین تھا کہ اُس کی سزا بھی طویل ہوئی اور چونکہ زمانہ ایام میں غسل سے اس نے انکار کیا تھا اس لیے نجاست کا سلسلہ آخر تک باقی رہا۔ یہ علت بھی خرگوش کے ماکول اللحم ہونے کی ہے۔ تعجب ہے کہ اہل سنت میں خرگوش کا گوشت حلال سمجھا جاتا ہے اور ائمہ اربعہ کا اس پر اتفاق ہے ملاحظہ ہو صفحہ ۵۹ نور الھدایہ، ترجمہ اردو شرح رفایہ چھاپہ کانپور ۱۳۰۱ھ۔

مرزا تشنؔگی اس رائے پر اظہار افسوس میں کہتے ہیں ؎

غضب یہ کیا کھو دیا ہوش کو — حلال آپ سمجھے ہیں خرگوش کو

حدیث میں ہے کہ خرگوش اپنی زبان میں کہتا ہے:

لَا تُهْلِكْنِي يَا اللّٰهُ لَكَ الْحَمْدُ وَإِذًا ۔ (بحار جلد ۱۴)

مجھے ہلاک نہ کر تمام تعریفیں تیری ہی ذات سے خاص ہیں۔

ہمالیہ کی ترائی میں گورکھپور سے آسام تک سیاہ رنگ کے خرگوش ہی پائے جاتے ہیں خرگوش کی یہ قسم بھی مسخ ہے اور اس کا استثنا ثابت نہیں ہے۔ (عالم حیوان)

مسوخات کے سلسلہ میں ضروری معلوم ہوتا ہے کہ مسئلہ تناسخ پر ایک مختصر بحث کر دی جائے تا کہ عوام مسخ کو آواگون نہ سمجھیں پہلے آواگون کے معنی بتانا ضروری ہیں۔ ستیارتھ پرکاش کی عبارت کا مقصد یہ ہے کہ:

انسان کا حیوان وغیرہ کے جسم میں اور حیوان وغیرہ کا انسان جسم میں اور عورت کا جیو مرد کے جسم

میں اور مرد کا عورت کے جسم میں آتا جاتا ہے کیوں کہ جب پاپ بڑھ جاتا ہے اور پن کم ہوتا ہے تو انسان کا جیو حیوان کے نیچے درجے کا جسم پاتا ہے اور جب دھرم زیادہ اور ادھرم کم ہوتا ہے تو دیو یعنی عالموں کا جسم ملتا ہے۔ زیادہ پاپ کا نتیجہ حیوان کے جسم میں بھگت لیتا ہے۔ (ستیارتھ پرکاش ص ۳۰۷) پہلے ہم اصل اعتراض کا جواب دیتے ہیں اس کے بعد آواگون اور مسخ میں جو فرق ہے وہ بتائیں گے۔ محقق بے عدیل مولانا سید محمد ہارون صاحب زنگی پوری جواباً فرماتے ہیں:

''اس کا کوئی منشاء صحیح اور روئے عقل ونقل نہیں ہے اور تناسخ کے بطلان پر بے شمار دلیلیں پیش ہوسکتی ہیں واضح تر چند دلیلیں ہیں۔ (۱): اگر انسان کی روح مرنے کے بعد کسی دوسرے جسم میں حلول کرتی ہے تو دو صورتوں سے خالی نہیں ہے یا انسانی جسم میں منتقل ہوتی ہے یا غیر انسانی جسم میں مثل کتے، بلی، گائے، بھینس کے پس اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ دراصل سمجھنا اور ادراک وشعور جسم کا کام ہے یا روح کا۔ جواب یہی ہوگا کہ روح کا کام ہے۔ اب یہ سوال کریں گے کہ وہ روح جو ایک وقت میں انسانی جسم میں تھی اور اس میں رہنے کی عادی ہو چکی تھی کس طرح ممکن ہے کہ غیر انسانی جسم میں قرار پاسکتی ہے، اگر ممکن ہو کہ انسان کی روح کسی گائے یا بیل یا کتے اور سور میں منتقل ہو سکے تو کم سے کم یہ ضرور ہوگا کہ ہر وقت مضطر اور بے قرار رہے گی اور ایک منٹ بھی آرام نہ لے سکے گی حالانکہ ہم دیکھتے ہیں کہ کوئی جانور اپنے کسی فعل میں مضطر و بے قرار نہیں ہے بلکہ اپنی زندگی اور نوع کی بقاء کے امور میں وہ اس طرح اطمینان سے مصروف ہے کہ اُسے بالکل وحشت نہیں لہٰذا معلوم ہوا کہ کسی حیوان میں انسانی روح نہیں ہے ورنہ بے چینی کا احساس ضرور ہوتا رہتا۔ (۲): ضرور ہے کہ ہر جسم کی روح اُس کے اندر کے موافق ہو یعنی جیسی ضرورت روح کو بدن کی ویسا ہی بدن چھوٹا یا بڑا، قوی یا کمزور ہونا لازم ہے یا جیسی روح بدن کو درکار ہے اُس کے موافق اُس کو ہونا چاہئے۔ اگر کسی انجن میں دس من کوئلے کی گرمی اور اُس کے بخارات کے تحمل کی قوت ہے تو اگر پندرہ من کوئلہ بھر کر آنچ دی جائے تو انجن پھٹ جائے گا اور اگر دس من سے کم کوئلہ دیا جائے تو پورا کام نہ کرے گا یہ کیسے ممکن ہے کہ انسان کی روح چھچھوندر میں یا چیونٹی کے جسم میں منتقل ہو سکے اور اگر ایسا ہوگا تو لازم آئے گا کہ وہ روح جو اتنے بڑے جسم انسانی کا انتظام کرتی تھی اور یقیناً اُس کی قوت بہت زیادہ تھی چھچھوندر یا چیونٹی کے جسم میں کسی طرح نہ آسکے اور اگر زبردستی ٹھونس کر داخل کر دی جائے تو وہ اپنا کام پورا نہ کر سکے گی اس لیے کہ مکان اُس کا تنگ ہے اور اعضاء و جوارح کمزور ہیں پس یا تو اُس چھچھوندر یا چیونٹی کے جسم کو پھٹ جانا چاہئے اور اُسے مرجانا چاہئے یا یہ کہ ایسے جسم میں داخل ہونا ہی محال ہو۔'' انتہیٰ کلامہ اعلیٰ اللہ مقامہ

میں عرض کرتا ہوں کہ یہی وجہ ہے کہ وہ جانور جو مسخ کیے گئے تین دن سے زیادہ زندہ نہیں رہ سکے۔ احادیث میں صراحت ہے کہ:

إِنَّ الْمَمْسُوخَ كُلَّهَا لَمْ تَبْقَ أَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ ثُمَّ مَاتَتْ وَلَمْ تَتَوَالَدْ وَ هٰذِهِ الْحَيَوَانَاتُ عَلٰى صُوَرِهَا۔ (مجمع البحرین جلد ۲)

مسخ کیے ہوئے جانور سب کے سب تین دن سے زیادہ زندہ نہیں رہ سکے اس عرصہ کے بعد مر گئے اُن کی نسل پھیل نہیں سکی یہ جانور جو آج مسخ کہے جاتے ہیں اُن کی صورت میں ہیں۔

اس ہدایت آگہی کلام سے تناسخ اور مسخ کا فرق واضح ہو رہا ہے۔ آواگون کے معنی یہ ہیں کہ پاپ کرنے والوں کی عقوبت کا سلسلہ آج بھی جاری ہے اور انسان سے حیوان، جانور سے آدمی برابر بنتے چلے جا رہے ہیں۔ اسلام نے موسوخات کی نسل کو منقطع بنا دیا ہے۔ دوسرا فرق یہ ہے کہ آواگون میں صرف روح، ایک جسد سے دوسرے جسد کی طرف منتقل ہوتی رہتی ہے جسد اپنی اصلی حالت پر رہتا ہے اور اُس وقت تک فنا نہیں ہوتا جب تک عادتاً ایک میت سالم رہ سکتی ہے مثلاً اگر ایک کتا مر گیا تو یہ امکان ہے کہ روح کسی امیر کے جسم میں پہنچے اگر روح دوسری منزل پر قیام کرے گی تو یہ جسد بے روح فی الحال معدوم نہ ہوگا بخلاف موسوخات کے کہ مسخ شدہ انسان اس طرح جانور بنائے گئے ہیں کہ اُن کی جسمانی حالت میں ایک ایسا انقلاب پیدا ہوا جیسے شراب سرکہ ہو جائے اس کو آواگون کے مترادف ٹھہرانا درست نہیں ہے قرآنی آیت (كُونُوا قِرَدَةً خٰسِئِينَ) روح و جسد دونوں سے تخاطب ہے اور آریہ مفسرین اسلام یا کسی غیر مسلم واقعہ نگار کے قلم سے ہرگز ثابت نہیں کر سکتے کہ بنی اسرائیل کے عذاب میں اجسام بے روح اپنی جگہ میت کی طرح پڑے تھے اور روحیں حیوانی پیکر میں جا چکی تھیں اگر ایسا ہوتا تو (كُونُوا قِرَدَةً خٰسِئِينَ) کو آواگون کی حمایت میں پیش کرنا مفید تھا۔

اب رہا یہ شبہ کہ آریہ حدیث مذکور کو تسلیم نہیں کرتے اور قرآنی جواب مانگتے ہیں تو ہم اُن کی تشفی کے لیے قرآن حکیم کی آیت بھی پیش کر سکتے ہیں خداوند عالم نے ارشاد فرمایا ہے:

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ۔

حالانکہ اللہ ان پر اس وقت تک عذاب نہ کرے گا جب تک "پیغمبر" آپ ان کے درمیان ہیں۔

اس کا مقصد یہ ہے کہ آج جو حیوان موسوخات کی شکل میں پھیل رہے ہیں یہ کسی سخت سزا کا نتیجہ نہیں ہے جو برابر مخلوق کو قدرت کی طرف سے دی جا رہی ہے قرآن نے بتایا ہے کہ جب تک پیغمبر یا اُن کے کسی نائب کا وجود رہے گا اُس وقت تک عذاب نازل نہیں ہو سکتا لہٰذا آریوں کو یہ ماننا پڑے گا کہ مرقوم

بالا حدیث صحیح اور مطابق قرآن ہے اور مسخ کیے جانے کے حکم کو تناسخ سے کوئی تعلق نہیں یہ نسل اُس معذب کردہ کی شبیہ ہے جو تین دن سے زیادہ دنیا میں نہ رہ سکے۔ رب العزت ہمارے موعظہ کے لیے چاہتا ہے کہ یادگار قائم رہے۔

(دفع دخل):

اس جواب کے بعد کسی آریہ کو یہ کہنے کی جرأت نہیں ہے کہ قران آواگون کا حامی ہے لیکن ہماری کتاب کے آئندہ صفحات میں کثرت سے ایسے مقام نظر آئیں گے جہاں ہادیانِ ملت کے دشمن اُن کی دُعائے بد سے مسخ ہوئے۔ یہ واقعات ہمارے نظریہ کے منافی نہیں ہیں۔ ہم نے شرائط عصمت و امامت میں ایک بڑی شرط یہ قرار دی ہے کہ ہادی کو مستجاب الدعوات ہونا چاہیے یعنی وہ جو چاہے خدا سے مانگے۔ آئمہ معصومینؑ کے دشمنوں کا مسخ ہونا اُن کی دعا کا اثر تھا اگر وہ نہ چاہتے تو ہرگز وقدرت کی طرف سے لباس انسانیت سلب نہ کیا جاتا۔ اس قسم کی وحشت انگیز کرامات اُن حضرات کے ذاتی کمالات کا مظاہرہ ہیں جو اسلام کی حقیقت پر ایک مستقل دلیل ہے۔ ان مسخ شدہ میں بھی وہ خصوصیات موجود ہیں کہ ہر دشمن تین دن کے اندر ہی فنا ہو گیا اور اُس کے مسخ ہونے کی یہ شان نہیں تھی کہ جسم میں تعدد نظر آئے۔ آواگون کا تعلق مرنے کے بعد سے ہے اور مسخ جیتے جی کا کرشمہ ہے اُس میں جسم باقی رہتا ہے روح جسم تبدیل کرتی ہے اس میں جسم اور روح دونوں ایک نیا لباس اختیار کرتی ہیں اس تفرقہ کے بعد کوئی سنجیدہ انسان مسخ کو آواگون کے معنی پہنا نہیں سکتا۔

پروفیسر حالڈسن (یورپین محقق) کا بیان ہے کہ جب آفتاب کے دھبے زیادہ کاسمک شعاعیں تقسیم کرنے لگتے ہیں تو کنیڈا میں خرگوش کی تعداد بہت بڑھ جاتی ہے اور اس زمانہ میں چوہے بھی کثرت سے پیدا ہوتے ہیں۔ مولف عجائب المعلومات کی تحقیق ہے کہ خرگوش پانی نہیں پیتے انہیں ان کی ضرورت کے مطابق اس گھانس کی شبنم کافی ہے جو وہ کھاتے ہیں۔ خرگوش کے بالوں سے برتن، رکابیاں، پلیٹیں بنائی جاتی ہیں یہ برتن بڑے مضبوط، دیرپا اور ہلکے ہوتے ہیں اور وارنش کیے ہوئے چمڑے کی طرح نظر آتے ہیں۔

عرب میں اَرْنَب (خرگوش) بزدل آدمی کو کہتے ہیں۔ جب حضرت امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام نے انتقال فرمایا تو عمرو بن عاص بصد مسرت آپؑ کی خبر رحلت سنانے کے لیے معاویہ کے دربار میں پہنچا اور کہا: ان الأسد المفترش ذراعيه بالعراق لاق شعوبه۔

معاویہ نے جواب دیا:

قل للأرانب ترتع حیث ما سلکت　　و للظباء بلا خوف و لا حذر

تعبیر:

خرگوش کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ ایسی عورت سے سابقہ ہو جو دوست نہ ہو۔

خواص:

محمد بن زکریا مشہور طبیب کہتا ہے کہ اگر خرگوش کا دانت درد رسیدہ دانت پر باندھے بشرطیکہ جس طرف کا جو دانت ہو اُس طرف کا وہی دانت خرگوش کا بھی ہو تو درد جاتا رہے گا۔ قزوینی کمونی کی تحقیق ہے کہ اس کا پاؤں وضع مفاصل (گٹھیا) میں باعتبار راست و چپ کے باندھنا نافع ہے اور جس عورت کے ایام جاری ہوں وہ خرگوش کے چند بال حمول کرے خون بند ہو جائے گا۔ مرگی کے مریض کو جنگلی خرگوش کا گوشت پکا کر کھلانا اور اُس کے خون کے دو چمچہ پلا دینا زوال مرض کے لیے مجرب ہے۔

الحکم:

خرگوش کا گوشت مسخ جانور ہونے کی وجہ سے حرام ہے اور لباس میں خرگوش کے بالوں کا استعمال بھی درست نہیں۔ مشہور مجتہد جناب شیخ زین العابدین اردکانی سے ذخیرۃ المعاد میں استفسار کیا گیا ہے۔
(ذخیرۃ المعاد مطبوعہ پٹنہ عظیم آباد پہلا ایڈیشن ص ۳۵۰)

خرگوش کے کنوئیں میں گرنے پر ۴۰ ڈول نکالنا چاہئیں۔

(أَرْنَبُ البحر): ایک مچھلی جس کا سر خرگوش کی طرح ہوتا ہے اس کا گوشت حرام ہے۔

ادبیات:

خواب خرگوش تغافل کو کہتے ہیں۔ صائب کہتا ہے۔

توز فسانہ غفلت بخواب خرگوش　　و گر نہ دامن دشت از شکار خالی نیست

آرُویه

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
آرُویه	بز کوہی	MountanGoat	پہاڑی بکری

عربی میں بز کوہی کو وعل اور ایّل بھی کہتے ہیں۔ قزوینی کمونی نے عجائب المخلوقات میں بز کوہی کا حال "ایّل" کے لغت میں بیان کیا ہے۔ علامہ طریحی مجمع البحرین میں رقم طراز ہیں:

و من خصائصه انه اِذا خاف من الصائد یرمی نفسه من رأس الجبل و لا یتضرر بذلک، و عدد سنین عمرہ عدد العقد التی فی قرنه۔

پہاڑی بکری میں یہ خاص بات ہوتی ہے کہ جب شکاری کو دیکھ لیتی ہے تو پہاڑ کی چوٹی سے اپنے تیئں گرا دیتی ہے اور کچھ ضرر نہیں پہنچتا۔ اس کو بھاگنے میں نسبتاً دوسرے جانوروں سے زیادہ مشق ہوتی ہے۔ اس کی عمر کے سال سینگ کی گرہوں کے موجب ہوتے ہیں ہر سال سینگ میں ایک گرہ زیادہ ہوتی ہے۔ یہ جانور بزدل اور بے وفا ہوتا ہے۔ قزوینی کمونی نے لکھا ہے جب بھیڑیا اس کے پیچھے دوڑتا ہے تو یہ اپنے بچے کو چھوڑ کر دریا میں چلی جاتی ہے۔[1]

توریت میں بھی بابل کی ویرانی کے سلسلہ میں بزکوہی کی دوڑ کا ذکر ہے۔

۲۱ پر بن کے جنگلی درندے وہاں بیٹھیں گے اور اُن کے گھروں میں اُلّو بھرے ہوں گے وہاں شتر مرغ بسیں گے اور بزکوہی وہاں کودیں گے پھاندیں گے۔

(کتاب مقدس پرانا عہد نامہ مطبوعہ مرزاپور ۱۸۶۹ء ص ۸۳۸ یسعیاص ۱۴)

حضرت یونسؑ جب مچھلی کے پیٹ سے نکلے تو جسم کی کھال اس قدر نازک ہوگئی تھی کہ جس جگہ مکھی بیٹھتی یا دھوپ پڑتی تو زخم ہو جاتا اُو وقت نبی خدا کی غذا پہاڑی بکری کا دودھ ہی تھا جس کو پی کر آپ توانا ہوئے۔ مچھلی کا مزاج گرم ہوتا ہے اس لیے ضرورت تھی کہ سرد چیزیں دی جائیں اور بکری کے دودھ سے زیادہ ٹھنڈا کوئی دودھ نہیں ہوتا۔

حضرت عمر نے جنگ احد میں فوج دشمن سے ڈر کر جب فرار کیا تھا تو اپنے تیئں بزکوہی سے تشبیہ دی تھی:

لمّا کان یوم احد هزمناهم، ففررت حتی صعدت الجبل، فلقد رأیتنی انزو کأنّنی أروی...

احد کے دن ہم سب نے شکست کھائی میں اتنا بھاگا کہ پہاڑ پہ چڑھ گیا اُس وقت میں اپنے تیئں دیکھتا تھا کہ پہاڑی بکری کی طرح (اُچھل رہا) تھا۔

فاضل دمیری نے اس مشہور مقولہ کو ابن عمر کی طرف منسوب کیا ہے وہ کہتے تھے:

کنت أتوقّل کما تتوقّل الأُرْوِیَّة۔

یہ تاریخی خیانت افسوس ناک ہے ابن عمر کا جنگ احد میں موجود ہونا ہی ثابت نہیں۔ علامہ ابن عبدالبر نے استیعاب میں اقرار کیا ہے کہ ابن عمر احد میں حاضر نہ تھے علاوہ اس کے جو الفاظ دمیری نے

۱: قیصر باغ کے عجائب خانہ میں یہ بکری موجود ہے جس کا نام "اوریل" بتایا گیا ہے میرا خیال ہے کہ عربی نام ایل کو بگاڑ کر یہ نام تجویز کیا ہے۔

ترتیب دیئے ہیں وہ بھی تشنہ ثبوت ہیں۔ اس محل پر حضرت عمر نے جن الفاظ میں اپنی چہل قدمی کا ذکر کیا ہے اُس کو ارباب سیر نے دو ہی عباتوں میں نقل کیا ہے ایک عبارت تو گذری دوسری عبارت یہ ہے:

کانی ارانی یوم احد انزو کما تنزوا الاروية

تعبیر:

بزکوہی کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ کسی بے وفا باطل پرست دوست نما دشمن سے سابقہ ہو اُس کی نام نہاد دوستی پر بھروسہ نہ کرنا چاہئے۔

خواص:

حکما نے بزکوہی کے خواص کثرت سے لکھے ہیں باختصار چند چیزوں کی طرف ہم اشارہ کرتے ہیں۔ شیخ الرئیس کا قول ہے کہ اس کا پتہ تمام زہریلے جانوروں کے کاٹنے میں تریاق ہے، اس کی دُم کا بال سم قاتل ہے جو کوئی پانی پی جائے ہلاک ہو، مینگنی اس کی اگر پانی میں گرے اور وہ پانی بکری پی لے تو فوراً مر جائے لیکن بھیڑ کو اس پانی سے کچھ ضرر نہ ہو، پوست اگر اس کا اگر بطور دستر خوان کے استعمال میں لائے تو اُس پر چوہا، مکھی، مچھر، سانپ قریب نہ آئیں گے۔

الحکم:

بز اہلی و وحشی دونوں کا گوشت حلال ہے۔ اگر حلال جانور کے جسم میں بچہ ہو تو اُس کی ماں کا ذبح کرنا کافی ہے بچے کو ذبح کرنا لازم نہیں بشرطیکہ خلقت بچہ کی تمام ہو چکی ہو یعنی بال اُس کے نکل آئے ہوں خواہ روح اُس کے جسم میں آئی ہو یا نہ اور اگر خلقت تمام نہ ہوئی ہو تو حرام ہے لیکن اگر پیٹ سے جیتا نکلے تو اُس وقت میں ذبح کرنا لازم ہے۔

اربیان

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
جھینگا			اربیان

ایک چھوٹی قسم کی مچھلی ہے جس کو دمیری نے حیات الحیوان میں روبیان سے تعبیر کیا ہے اور لکھا ہے کہ یہ سرخ رنگ کی ایک چھوٹی سی مچھلی ہوتی ہے۔ مولف مخزن المفردات نے اس کا ترجمہ جھینگا کیا ہے اور لکھا یہ ایک قسم کی مچھلی ہے جس کی موچھیں لانبی ہوتی ہیں اکثر سفید رنگ یا بھوری ہوتی ہیں۔ بسانده زیادہ ہوتی ہے۔

اس مچھلی کا ذکر امام موسیٰ کاظمؑ کی زبان اقدس پر آیا ہے۔ یونس بن عبدالرحمٰن صحابی نے پوچھا میں آپؑ پر فدا ہوں اربیان کو کھانے کے بارے میں آپؑ کیا فرماتے ہیں: فرمایا ''لا باس'' کوئی حرج نہیں۔ (وسائل الشیعۃ)

تعبیر:

اس مچھلی کو خواب میں دیکھنے سے دولتمندی کی امید ہے۔

الخواص:

مقوی باہ ہے خون صالح پیدا کرتی ہے، اگر اس کو خشک کر کے کالی مرچ کے ساتھ سرمہ بنائے تو رتوندی کو فائدہ ہوگا۔ گرم مزاج والوں کے معدہ اور حرارت کو تسکین بخشتی ہے۔

الحکم:

حلال ہے۔

اسد

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
اَسد	شیر	Lion	باگھ، ببّر

مشہور درندہ ہے جو سب جانوروں میں طاقتور اور دلیر سمجھا جاتا ہے کوئی حیوان اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا اس لیے اس کو جنگل کا بادشاہ کہتے ہیں۔ شیر کو خداوند عالم نے طاقت، ہیبت ایسی دی ہے کہ نام سن کر انسان تھرا جاتا ہے۔ عربی زبان میں شیر کے کثرت سے نام ہیں۔ ابن خالویہ نے شیر کے پانچ سو نام شمار کیے ہیں۔ کنیت اس کی ابوالابطال، ابوحارث، ابوالعباس ہے۔

صورت اس کی بلی سے بہت ملتی جلتی ہے لیکن قد میں وہ گدھے کے برابر ہوتا ہے بڑے شیر طول میں ساڑھے آٹھ فٹ سے ساڑھے نو فٹ تک ہوتے ہیں۔ اس کے دانت اتنے تیز اور پنجے اس قدر مضبوط ہوتے ہیں کہ وہ بڑے بڑے جانوروں کے ٹکڑے کر ڈالتا ہے۔ بلی کی طرح وہ بھی چلتے وقت پنجوں کو تلوں کی گدی میں سکوڑ لیتا ہے اس سے اس کے چلنے میں آہٹ نہیں ہوتی۔ اس کی مونچھیں لمبی اور کڑی، گردن کے بال بڑے بڑے، گردن موٹی، سینہ چوڑا اور کمر پتلی ہوتی ہے، اس کی کھال گیہویں رنگ کی ہوتی ہے، شیر اکثر کچھار میں رہتا ہے، ندی کے کنارے کی جھاڑیوں میں وہ شکار پر

خوب گھات لگا سکتا ہے جوں ہی کوئی جانور پانی پر آتا ہے یہ دبے پاؤں اُس کے پاس جاتا ہے اور ایک چھلانگ مار کر اُسے دبوچ لیتا ہے، بڑے بڑے بھینسوں کو پیٹھ پر لیے وہ میلوں دوڑتا ہے، ہاتھی بھی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

جو لوگ شیر کا شکار کرنا چاہتے ہیں وہ پہلے کسی جنگل میں اُونچا مچان بندھواتے ہیں مچان کے پاس بھینسا یا بکرا رسّی میں باندھ دیا جاتا ہے مچان کے اوپر ایک یا دو آدمی بندوقیں بھرے شیر کی تاک میں بیٹھے رہتے ہیں جب شیر بھینسے پر لپکتا ہے تو اُوپر سے نشانہ تاک کر لوگ اس پر بندوق چھوڑتے ہیں اگر گولی شیر کے سر یا چھاتی میں لگ جاتی ہے تو اُس کا کام تمام ہو جاتا ہے اگر گولی جسم کے کسی دوسرے حصّہ میں لگی تو وہ نہیں مرتا بلکہ غصّہ میں اکثر شکاریوں پر جھپٹتا ہے ہاتھوں اونچا تڑپ جاتا ہے شکاری اُس وقت اُسے مار گراتا ہے۔ جب کبھی شیر جنگل کے کسی دوسرے حصّہ میں ہوتا ہے اور بھینسے پر نہیں آتا تو اُسے مچان کے نزدیک لانے کے لیے ہکایا جاتا ہے، بہت سے آدمی لاٹھیاں اور بھالے لیے شور وغل مچاتے شیر کی تلاش میں نکلتے ہیں شیر جوں ہی شور وغل سن کے نکلتا ہے لوگ اُسے تین طرف سے گھیر لیتے ہیں اور اُس طرف راستہ کھلا رکھتے ہیں جدھر مچان بندھا ہوتا ہے شیر مچان کی طرف دوڑتا ہے اُس وقت مچان کے اُوپر سے گولیاں چلائی جاتی ہیں۔ (نول کشور اردو ریڈر)

ماہرین علم الحیوان کہتے ہیں کہ جب شیر بھوکا ہوتا ہے تو خاموش رہتا ہے اس خیال میں کہ آواز سن کر شکار بھاگ نہ جائے، شیر کی صدا سے جنگل کے سارے جانور بھاگ جاتے ہیں۔ جس جنگل میں شیر پہنچتا ہے سب سے پہلے مور اُس جنگل کو چھوڑتے ہیں اور شکاری سمجھ جاتے ہیں کہ اس سمت جنگل میں شیر موجود ہے۔ شیر کے پہنچتے پہنچتے سب جانور بھاگ جاتے ہیں مگر گدھا ایسا ڈرتا ہے کہ بھاگ نہیں سکتا۔ شیر کی آنکھ اندھیرے میں مشعل کی طرح چمکتی ہے، شیر بری مشک سے بھاگتا ہے اور حائضہ عورت کے قریب بھی نہیں جاتا اور جب شکم سیر ہوتا ہے تو شکار نہیں کرتا جب پیٹ بھر جاتا ہے تو شکار چھوڑ کر ہٹ جاتا ہے پھر اُس کی طرف رُخ نہیں کرتا، کسی جانور کا جھوٹا نہیں کھاتا۔ شیخ سعدی کہتے ہیں۔

گر بہ سختی بمیرد اندر غار ۔ نخورد شیر نیم خوردہ سگ

گرمی سے بہت پریشان ہوتا ہے موسم گرما میں رات کو نکلتا ہے۔ میر انیس گرمی کے حال میں فرماتے ہیں۔

آہو نہ منہ نکالتے تھے سبزہ زار سے ۔ شیر اُٹھتے تھے نہ دھوپ کے مارے کچھار سے

شیر جب بھوکا ہوتا ہے تو طبیعت برہم ہو جاتی ہے اگر انسان شیر کے سامنے آجانے سے فرقتی

ظاہر کرے تو خواہ کتنا ہی گرسنہ ہو شکار نہیں کرتا۔ شیر عورتوں اور غیر ممیز بچوں کو نقصان نہیں پہنچاتا، داھنا ہاتھ اُس کا اکثر سست ثابت ہوتا ہے اس لیے بیشتر اوقات میں بائیں ہاتھ سے کام لیتا ہے۔ اگر شیر کے سامنے مرد کشف عورتیں کردے تو شیر حملہ کرے گا۔ (صیدیہ، از علی حزین)

بڈھا شیر بہت کم نقصان پہنچاتا ہے۔ شیرنی ۱۴ ہفتہ کے بعد ۴ یا ۵ بچے جنتی ہے اور چھٹے مہینے اپنے بچہ کو شکار کرنا سکھاتی ہے، شیر دریا میں آسانی کے ساتھ پیرتا ہے۔ عماد الدین زکریا کا قول ہے کہ شیر جب بیمار پڑتا ہے تو لنگور کا گوشت کھا کے آرام پاتا ہے، جسم میں حرارت سب جانوروں سے زیادہ ہوتی ہے جب ہی واقعہ نگاروں نے لکھا ہے وہ ہمیشہ بخار میں مبتلا رہتا ہے۔ آتش۔

کب تپ شیر اُتری کسوں درد سر جاتا رہا　　رنج دنیا سے فراغ ایذا دہندوں کو نہیں

روایات میں شیر کو بھی مسوخات میں شمار کیا ہے چنانچہ حلیۃ المتقین میں روایت امام موسیٰ کاظمؑ سے ظاہر ہوتا ہے کہ شیر کسی زمانہ میں ایک انسان تھا جو لوگوں کے گُرّے چراتا تھا سرقہ کی سزا میں خدا نے مسخ کر دیا اور لباس انسانیت چھین لیا۔ ہمارے ملک ہندوستان میں ہمالیہ کی گھاٹیوں اور نیپال جنگلوں میں بکثرت شیر ہیں میسور اور دیگر مقامات پر بھی خطرناک جنگل ہیں جن میں مسافر گذرتے ہوئے ڈرتے ہیں آدمی آسانی سے وہاں نہیں پہنچ سکتا وقت معین پر لوگ جاتے ہیں اور فائدہ اُٹھاتے ہیں۔ کافور کے درخت سے شیر بہت زیادہ مانوس ہے۔ فخر الدین احمد ارسطو کی زبانی کہتا ہے کہ میں نے شیر کی ایک قسم دیکھی جس کا چہرہ مثل انسان کے اور سارا جسم سرخ رنگ کا اور دم مثل عقاب کے ہے اور بعض شیر گائے کی طرح کے ہوتے ہیں اُن کے ایک بالشت کا سینگ ہوتا ہے۔

دریائی شیر کو انگریزی میں شارک کہتے ہیں اس کے دانت اس قدر بڑے ہوتے ہیں کہ انسان کو آسانی سے دو ٹکڑے کر دیتے ہیں۔ Shark کا قد ۲۵ یا ۳۰ فٹ کا ہوتا ہے اور بحر الہند اور بحر الکاہل میں ستر ستر فٹ کے شارک دیکھے گئے ہیں ان کے منہ مچھلی کی طرح نہیں ہوتے بلکہ سر کے نیچے کے حصہ میں ہوتے ہیں یعنی جس طرح پیٹ کے بل لیٹنے سے انسان کا منہ سر کے نیچے ہو جاتا ہے بالکل یہی کیفیت پانی میں شارک کی ہوتی ہے۔ باسکنگ شارک Basking Shark اور ہیمر ہیڈ شارک Hammer Head Shark بہت خطرناک قسم ہے اس کا حال مولف نے عجائباتِ سمندر میں تفصیل سے لکھا ہے۔ جنوبی امریکہ کے ساحل میں اس قسم کا شیر پایا جاتا ہے۔

(۱)

شیر اکثر جذام (کوڑھ) میں مبتلا رہتا ہے۔ اطباء کہتے ہیں کہ اس مرض کو داء الاسد (شیر کی بیماری)

کہتے ہیں جس کی وجہ یہ ہے کہ "چہرۂ صاحب آن مثل چہرہ شیر گردد و پہن شود و گویند کہ کسیر اا این مرض در گیر شکاری کند اور امثل شکار کردن شیر یعنی در آخر ہلاک می ناید۔"

یہ مطلب طب کی اکثر کتابوں میں موجود ہے اور فریقین کی احادیث میں بھی اس کی طرف ایک لطیف اشارہ ہے چنانچہ سعد بن عبداللہ نے جناب رسولؐ خدا کا ایک قول بیان کیا ہے جس کا سلسلہ سند عبداللہ بن حسن بن زید بن علی بن الحسین بن علی بن ابیطالب علیہم السلام تک پہنچتا ہے۔ حضرت علی مرتضیٰؑ پیغمبرؐ خدا روحی فدا کی زبانی فرماتے ہیں کہ امت محمدی کے لیے خدا نے چوبیس خصلتیں مکروہ قرار دی ہیں اور اُن کے ارتکاب سے روکا ہے منجملہ اُس کے فرمایا ہے:

وَكَرِهَ اَنْ يُكَلِّمَ الرَّجُلُ مَجْذُوماً اِلَّا اَنْ يَكُونَ بَيْنَهُ وَ بَيْنَ الْمَجْذُومِ قَدْرُ ذِرَاعٍ وَقَالَ فِرَّ مِنَ الْمَجْذُومِ كَفِرَارِكَ مِنَ الْاَسَدِ۔ (خصال ابن بابویہ جلد دم ص ۱۰۲)

یہ بات مکروہ ہے کہ انسان جذامی سے بات کرے مگر یہ کہ اُس کے اور مریض کے درمیان میں ایک ہاتھ کا فاصلہ ہو اور فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جذام کے مریض سے بھاگو جس طرح تم شیر سے بھاگتے ہو۔

یہ وہ حکیمانہ ارشاد ہے جس سے اسلام کی حقیقت واضح ہو رہی ہے۔ پیغمبر عربی ایسے باخبر انسان ہیں جن کو معلوم ہے کہ جذام کے مرض کے جراثیم کس قدر خطرناک ہیں ایسے مریض سے بات چیت میں ایک ہاتھ کا فاصلہ ہونا اس لیے مقرر فرمایا کہ منہ کی بھاپ میں جو جراثیم نکلیں وہ نہ پہنچیں آخر میں فرمایا جس طرح شیر سے بھاگتے ہو اس طرح مجذوم سے بھاگو۔ یہ نبوی ارشاد اُس وقت تو ایک نصیحت کی حد میں تھا مگر آج جدید تحقیق نے ثابت کر دیا کہ خورد بین سے دیکھنے میں مرض جذام کے کیڑے شیر ہی کی شکل کے معلوم ہوتے ہیں یہ اسلام کی حقیقت ہے کہ جو چیزیں زمانہ آج دریافت کر رہا ہے وہ جناب رسالتمآب کو تیرہ سو برس پہلے معلوم تھیں۔

(۲)

بعض مفسرین کی تحقیق یہ ہے کہ اصحاب کہف کا کتا جس کا قرآن مجید میں ذکر ہے:

وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ۔

اُن کا کتا اپنے آگے کے دونوں پاؤں پھیلائے چوکھٹ پر بیٹھا ہے۔

کتا نہ تھا بلکہ شیر تھا۔ کلام عرب میں اس کی نظیریں موجود ہیں کہ شیر کو کلب کہتے ہیں چونکہ شیر کتے کی طرح ٹانگ اُٹھا کر پیشاب کرتا ہے اس لیے کچھ تعجب نہیں اگر شیر کو کتے سے تعبیر کیا ہو لہٰذا وہ کتا جس کے بارے میں قرآن وفاداری کی دلیل ہے سگِ نجس نہیں ہے بلکہ شیر ہے جو دین خدا کی حمایت میں

چند مقدس بندوں کی حفاظت میں مشغول ہے۔

۱): جامع الاخبار میں ہے کہ حضرت موسیٰ بنی اسرائیل کے ایک مرد کی طرف سے گذرے اور اثنائے ملاقات میں فرمایا کہ تم یہاں بیٹھے رہو میں جب تک نہ آؤں اور وپ نے اُس کے گرد زمین پر ایک خط کھینچ دیا اور کہا میرے معبود میں اپنے ساتھی کو تیرے سپرد کرتا ہوں اور تو بہترین نگہبان ہے یہ فرما کر کوہ طور پر آئے اور خدا سے مناجات کی جب پلٹے تو دیکھا کہ ایک صحرائی شیر نے اُس کو پارہ پارہ کر دیا اور خون پی لیا حضرت موسیٰ نے بارگاہ احدیت میں ہاتھ اُٹھا کر عرض کیا:

اے میرے پالنے والے میں نے تو اس کو تیرے سپرد کیا تھا اور تو بہترین محافظ تھا تو نے اس پر اپنے شریر ترین کتے کو مسلط کیا اور اُس نے میرے دوست کا پیٹ چاک کر دیا اور خون پی گیا۔ خدا نے موسیٰ سے کہا تمہارے دوست کے لیے بہشت میں ایک درجہ تھا اُس میں پہنچنا ممکن نہ تھا جب تک تم نے جو دیکھا وہ حالت نہ ہوتی۔ حضرت موسیٰ خاموش ہو گئے خداوند عالم نے آنکھوں کے سامنے سے پردہ ہٹا دیا موسیٰ نے دیکھا کہ وہ ایک بلند درجہ میں مقیم ہے عرض کیا پالنے والے میں راضی ہو گیا۔

۲): جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ نے آیہ والنجم اذا ھوی نازل ہونے کے موقع پر عتبہ بن ابولہب کے لیے دعائے بد کی اور فرمایا: اَللّٰھُمَّ سَلِّطْ عَلَیْہِ کَلْباً مِنْ کِلَابِكَ

میرے معبود اس پر اپنے کتوں میں سے ایک کتا مسلط فرما۔

اس دعائے بد کے بعد سے ہر وقت عتبہ کو خطرہ محسوس ہوتا تھا شام کے سفر میں جب ابولہب اور عتبہ ایک دیر کے قریب ٹھہرے ہوئے تھے تو دیرانی نے ڈرایا کہ بھائی شیر لاگو ہے ہوشیار رہنا۔ ابولہب نے قریش سے کہا کہ رات بھر حفاظت میں مصروف رہو مجھے اپنے بیٹے کے لیے محمد (صلعم) کی دعائے بد سے خوف ہے۔ پیغمبرؐ خدا کی صداقت کا یقین تھا اس لیے عتبہ کو اپنے درمیان میں لے کر سوئے۔ شب کو جنگل سے شیر ڈکارتا ہوا نکلا اور عتبہ کو پارہ پارہ کر ڈالا۔

(مناقب آل ابی طالب جلد اوّل)

دعائے بد میں پیغمبر خدا نے فرمایا تھا کہ بارالہا اس پر کتے کو مسلط کر اور اثر استجابت میں شیر نے کام تمام کیا معلوم ہوتا ہے کہ خاص مواقع پر کلام عرب میں کلب شیر کو کہتے ہیں۔

۳): محمد بن راشد اپنے باپ کی زبانی بیان کرتا ہے کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک شخص آیا اور اُس نے عرض کیا کہ یا بن رسول اللہ حکیم بن عباس کلبی آپؑ کی ہجو کرتا ہے اور کہتا ہے کہ عثمان علی سے بہتر تھا حضرت نے دونوں ہاتھ بارگاہِ احدیت میں اُٹھائے اس طرح کہ

غصہ سے جسم میں لرزہ تھا اور فرمایا:

اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ کَاذِباً فَسَلِّطْ عَلَیْہِ کَلْبَکَ۔

پالنے والے اگر وہ جھوٹا ہے تو اُس پر اپنا ایک کتا مسلط کر۔

حکیم کوفہ سے نکل رہا تھا کہ راستہ میں اُس کو شیر نے پھاڑ کھایا۔ آپؑ وجب خبر ملی تو سجدہ میں گئے اور فرمایا: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ صَدَقَنَا وَعْدَہٗ۔ شکر ہے اُس خدا کا جس نے اپنے وعدہ کو سچ کر دکھایا۔

(مدینۃ المعاجز)

مندرجہ واقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ انبیاء و اوصیاء کی زبان میں شیر کو کلب کہتے ہیں۔ واللہ یعلم تحقیقۃ الحال کلب اصحاب کہف کا نام قطمیر تھا۔ تاریخ ابن وردی میں ہے کہ شیعوں کے مشہور شاعر ابو عبداللہ حسین بن حجاج نے وقت آخر وصیت کی تھی کہ مجھے امام موسیٰ کاظمؑ کے روضہ میں دفن کرنا اور قبر پر لکھ دینا: وَکَلْبُھُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْہِ بِالْوَصِیْدِ۔ ایسا ہی کیا گیا۔ ابن وردی نے شاعر مذکور کے حال میں لکھا ہے: "وھو من کبار الشیعۃ"۔

وہ اکابر شیعہ میں تھے۔

(تاریخ ابن وردی، چھاپہ کلکتہ جلد اوّل ص ۳۱۶)

(۳)

عرب خصوصیت کے ساتھ بہادر انسان کو شیر سے تشبیہ دیتے ہیں۔ "زید کالاسد" زید توانائی اور طاقت میں مثل شیر کے ہے۔ اس کی نظیر ہر زبان میں موجود ہے۔ میر انیس مرحوم کا مصرعہ دنیائے ادب فراموش نہیں کر سکتی کسی نامی پہلوان کے صف دشمن سے نکلنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

نکلا ڈکارتا ہوا ضیغم کچھار سے

بہادری پسند اور شجاعت پرست عربوں نے اور زیادہ ترقی کی اور اپنی روایتی دلیری کے لحاظ سے اُولاد کا نام اسد رکھنا شروع کیا۔ اسد عرب کا بہت قدیم قبیلہ ہے جو آج تک آباد ہے اس خاندان میں بڑے بڑے بہادر گذرے ہیں۔ اجداد جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ میں سب سے پہلے حضرت ہاشم نے اپنے فرزند کا نام اسد رکھا انہیں کی بیٹی فاطمہ، ابو طالبؑ کو منسوب ہوئیں جن کو حضرت علی مرتضیٰ علیہ التحیۃ والثناء کی محترم ماں ہونے کا فخر حاصل تھا۔ فاطمہ بنت اسد کی شخصیت مذہب اسلام میں محتاج تعارف نہیں ہے پیغمبر خدا کی تربیت اسی آغوش میں ہوئی۔

(۴)

۱): انبیاء و اوصیاء کے کلمات میں شیر کا نام کثرت سے موجود ہے اور ان کے واقعات زندگی میں شیر سے کلام کرنا نئی بات نہیں واقعات طویل ہیں جس کا احاطہ مجھ ایسے کوتاہ نظر کے لیے دشوار ہے۔

حضرت داؤدؑ نے اپنے فرزند کو نصیحت کی تھی:

اُمْشِ خَلْفَ الْاَسَدِ وَالْاُسْوَدِ[۱] وَلَا تَمْشِ خَلْفَ الْمَرْاَۃ۔ (موعظ السالکین ص ۱۲۰)

بیٹا شیر اور کالے ناگ کے پیچھے چلنا مگر صنف نازک کے عقب میں نہ چلنا۔ مرزا غالبؔ دہلوی بالفاظ دیگر اسی مفہوم کو یوں ادا کرتے ہیں۔

دہنِ شیر میں جا بیٹھیے لیکن اے دل　　نہ کھڑے ہو جیے خوبان دل آزار کے پاس

حضرت داؤدؑ کے اس حکیمانہ ارشاد کا حاصل یہ ہے کہ شیر اور سانپ کے ساتھ چلنے میں خطرہ نہیں ہے مگر عورت کے پیچھے چلنے میں نفس امارہ سے اُس کی عصمت پر حملہ آور ہونے کا ڈر ہے یہ عورت کے لیے پردہ کا ثبوت اسلام سے بہت پہلے کا ہے۔

۲): حضرت عیسیٰ بن مریمؑ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ جنگلوں کی سیر کر رہے تھے کہ زمین کربلا پہنچ گئے اور ایک خونخوار شیر راستہ روک کر کھڑا ہو گیا۔ حضرت عیسیٰؑ نے پوچھا کہ راستہ میں ٹھہرنے کا کیا سبب ہے۔ شیر نے کہا میں آپ کو آگے بڑھنے نہ دوں گا جب تک یزید قاتل حسینؑ پر لعنت نہ کریں۔ حضرت عیسیٰؑ نے پوچھا کون حسینؑ؟ کہا مکہ کے پیغمبر محمدؐ کا نواسہ اور علیؑ ولی کا فرزند۔ حضرت عیسیٰؑ نے فرمایا اُن کا کون قاتل ہے؟ قَالَ قَاتِلُهٗ لَعِینُ الْوُحُوشِ وَ الذِّئَابِ وَ السِّبَاعِ۔ کہا اُس پر تمام وحشی جانور بھیڑیے درندے لعنت کرتے ہیں۔ حضرت عیسیٰؑ نے ہاتھ اُٹھا کر یزید پر لعنت کی اور حواریوں نے آمین کہا۔ اُس وقت شیر نے راستہ سے ہٹ کر راہ دی۔

(بحار الانوار، جلد دہم)

۳): حضرت دانیالؑ کے پیدا ہونے سے قبل منجموں نے بادشاہ وقت کو ولادت کی خبر دی۔ بادشاہ نے اپنی عزت باقی رکھنے کے لیے حکم دے دیا کہ جو بچہ پیدا ہو وہ قتل کر دیا جائے۔ بے شمار بچے قتل ہو گئے مگر قدرت کے خلاف کوئی سعی کارگر نہ ہوئی دانیالؑ پیدا ہو گئے ماں نے اضطراب میں بچے کو شیروں کے بیشہ میں لے جا کر ڈال دیا۔ خداوند عالم نے درندوں کو مہربان کیا اور شیر نے پرورش کی۔

(رسالہ حیوانات)

۱: جرجس حمام شویری نے اسد کی جمع اُسود قرار دی ہے اگر ایسا ہے تو ترجمہ یہ ہوا کہ: شیروں کے پیچھے چلو۔

۴): حکیم روحانی مولانا علی بن ابی طالبؑ فرماتے ہیں:

صَاحِبُ السُّلْطَانِ كَرَاكِبِ الْاَسَدِ يُغْبَطُ بِمَوْقِفِهِ وَهُوَ اَعْرَفُ بِمَوْضِعِهِ۔

بادشاہ کا مصاحب مثل اُس شخص کے ہے جو شیر پر سوار ہو لوگ تو اُس کے منصب پر غبطہ کرتے ہیں حالانکہ وہ اپنی خطرناک جگہ سے خود ہی خوب واقف ہے۔ (غرر الحکم و درر الحکم ص ۲۳)

۵): امام زین العابدین علیہ السلام فرماتے ہیں:

يَا زُرَارَةُ النَّاسُ فِي زَمَانِنَا عَلَى سِتِّ طَبَقَاتٍ اَسَدٍ وَ ذِئْبٍ وَ ثَعْلَبٍ وَ كَلْبٍ وَ خِنْزِيرٍ وَ شَاةٍ فَاَمَّا الْاَسَدُ فَمُلُوكُ الدُّنْيَا يُحِبُّ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ اَنْ يَغْلِبَ وَ لَا يُغْلَبَ وَ اَمَّا الذِّئْبُ فَتُجَّارُكُمْ يَذُمُّونَ اِذَا اشْتَرَوْا وَ يَمْدَحُونَ اِذَا بَاعُوا وَ اَمَّا الثَّعْلَبُ فَهٰؤُلَاءِ الَّذِينَ يَاْكُلُونَ بِاَدْيَانِهِمْ وَ لَا يَكُونُ فِي قُلُوبِهِمْ مَا يَصِفُونَ بِاَلْسِنَتِهِمْ وَ اَمَّا الْكَلْبُ يَهِرُّ عَلَى النَّاسِ بِلِسَانِهِ وَ يُكْرِمُهُ النَّاسُ مِنْ شَرِّ لِسَانِهِ وَ اَمَّا الْخِنْزِيرُ فَهٰؤُلَاءِ الْمُخَنَّثُونَ وَ اَشْبَاهُهُمْ لَا يُدْعَوْنَ اِلَى فَاحِشَةٍ اِلَّا اَجَابُوا وَ اَمَّا الشَّاةُ فَالْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ تُجَزُّ شُعُورُهُمْ وَ يُؤْكَلُ لُحُومُهُمْ وَ يُكْسَرُ عَظْمُهُمْ فَكَيْفَ تَصْنَعُ الشَّاةُ بَيْنَ اَسَدٍ وَ ذِئْبٍ وَ ثَعْلَبٍ وَ كَلْبٍ وَ خِنْزِيرٍ۔ (خصال ابن بابویہ ص ۱۶۵)

اے زرارہ ہمارے زمانہ میں لوگوں کے چھ ۶ طبقے ہیں۔ شیر، بھیڑیا، لومڑی، کتا، سور، بکری۔ اسد تو بادشاہانِ عالم ہیں جن میں ہر ایک چاہتا ہے کہ کبھی مغلوب نہ ہو غالب ہی رہے اور بھیڑیا تمہارے تاجر ہیں جو چیزوں کو لیتے وقت مذمت کر کے لیتے ہیں اور بیچتے وقت اُس چیز کی ثناء وصنف کرتے ہیں اور لومڑی اور کتا زبان درازی کرتا ہے لوگ اُس کے شر زبان سے کراہت کرتے ہیں اور سور مخنث اور اُن کی مثال ہیں جو کوئی بدکاری نہیں چھوڑتے مگر اُس کا خیر مقدم کرتے ہیں اور بکری وہ لوگ ہیں بکری شیر، بھیڑیے، لومڑی، کتے، سور کے مابین کیوں کر کچھ کر سکتی ہے۔

۶): شیخ احمد قلیوبی بغداد کی آب و ہوا اور تمدن کو کسی حکیم کے مقولہ سے ظاہر کرتے ہیں:

فی بغدد عشرہ العجم زالتدلله وانعجفاء الکتحله وتجارها اسد مفترسون وصناعها لصوص وجارها حاسد ومزاجها فاسد۔ الخ (نوادر قلیوبی)

بغداد میں دس قابل ذکر چیزیں ہیں۔ دلالی کرنے والی بڑھیاں، پیرزال سرمہ لگائے ہوئے، تاجر پھاڑ کھانے والے شیر، کاریگر چور، اہل ہمسایہ حاسد، مزاج فاسد۔

جناب امیر المومنینؑ اپنے شیعوں کی صفات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

شِيعَتِي يَا نَوْفُ الذُّبْلُ الشِّفَاهِ الْخُمْصُ الْبُطُونِ رُهْبَانٌ بِاللَّيْلِ اُسْدٌ بِالنَّهَارِ۔

(۵)

انسان کو خدا نے اشرف المخلوقات قرار دیا ہے۔ دماغ میں عقل اور دست و بازو میں وہ بے پناہ طاقت دی ہے کہ درندوں کو اپنے پنجہ میں اسیر کر لیتا ہے اور وحشی سے وحشی جانور مانوس ہو جاتے ہیں۔ تاریخ کی ورق گردانی سے واضح ہوتا ہے کہ فرعون نے ایک شیر سدھایا تھا جو اُس کی حفاظت کرتا تھا۔
(عرائس المجالس ثعلبی چھاپہ مصر ص ۱۱۳)

لیکن ارباب حکومت کی سوانح عمری میں کسی تاجدار کے حال میں یہ نہیں دیکھا کہ جانوروں نے اُس سے باتیں کی ہوں۔ بنی ہاشم میں جناب ابوطالبؑ وہ پہلے شخص ہیں جن سے درندے فرار کرتے تھے۔ علامہ ابن شہر آشوب لکھتے ہیں:

كَانَتِ السِّبَاعُ تَهْرُبُ مِنْ اَبِي طَالِبٍ فَاسْتَقْبَلَهُ اَسَدٌ فِي طَرِيقِ الطَّائِفِ وَ بَصْبَصَ لَهُ وَ تَمَرَّغَ قِبَلَهُ فَقَالَ اَبُو طَالِبٍ بِحَقِّ خَالِقِكَ اَنْ تُبَيِّنَ لِي حَالَكَ فَقَالَ الْاَسَدُ اِنَّمَا اَنْتَ اَبُو اَسَدِ اللّٰهِ وَنَاصِرُ نَبِيِّ اللّٰهِ۔

اور درندے ابوطالبؑ سے بھاگتے تھے۔ ایک مرتبہ طائف کے راستہ میں آپ کے سامنے شیر آیا اور صورت دیکھتے ہی فروتنی کرنے لگا ابوطالبؑ نے کہا تجھ کو تیرے خالق کی قسم دیتا ہوں مجھ سے اپنا حال بیان کر شیر نے کہا آپ تو شیر خدا ناصر نبیؐ کے باپ ہیں۔ (مناقب آل ابی طالب ص ۱۶ چھاپہ بمبئی)

خدا کے خالص بندوں سے درندوں کا باتیں کرنا کم از کم اسلامی نقطہ نظر سے قابل تعجب نہیں ہے۔ فاضل دمیری نے تو شیخ ابوعیث یمنی تک کے لیے لکھ دیا کہ درندے اُن کے مسخر تھے۔

(حیوۃ الحیوان ص ۱۳)

(۶)

"اسد اللہ" جناب امیر المومنین علی بن ابیطالبؑ کا شہرہ آفاق لقب ہے کہ شیر خدا کہنے سے ہر مسلمان کی توجہ حضرت علیؑ کی طرف مبذول ہو جاتی ہے۔ یہ لقب آپؑ کو بارگاہِ نبویؐ سے عطا ہوا جس کے شواہد سے کتب مناقب لبریز ہیں۔ مولانا روم اپنی مثنوی میں فرماتے ہیں۔

از علی آموز اخلاص عمل شیر حق را دان منزہ از دغل

یہ بیت معرفت اور اخلاص میں ڈوبی ہوئی ہے اگر تشریح کی جائے تو مولائے کونین کے قابل پیروی ہونے، خدا کی طرف انتساب، عصمت کا شاندار ثبوت مل رہا ہے۔ جناب امیرؑ کو اسد اللہ اس لیے کہتے ہیں کہ علاوہ اس کے آپؑ کے دست و بازو میں وہ بے پناہ طاقت تھی جس کا شیر حامل ہے دیگر

شیرانہ اوصاف بھی آپؑ میں بدرجہ اتم موجود تھے جس کو ہم کسی قدر تفصیل سے بیان کرتے ہیں تا کہ اسد اللہ کے معنی سمجھ میں آجائیں۔

۱): شیر کی کنیت ابوالاشبال ہے اور مشہور ہے کہ شیر کا بچہ بھی شیر ہوتا ہے تو آپؑ کی اولاد بھی شجاعت و بہادری، قوت و توانائی میں شیر تھی اور بچپن ہی میں چہرہ سے ایسے آثار نمایاں تھے کہ سورہ ھل اتیٰ نازل ہونے کے موقع پر جب سائل یتیم کی صورت میں در پر آیا تو دور اندیش اور عاقبت بین ماں نے اپنے ہاتھ کی پکی ہوئی روٹیاں دیتے ہوئے فرمایا:

اِنّیِ اُعْطِیہِ وَ لَا اُبَالِی وَ اُوثِرُ اللّٰہَ عَلَی عِیَالِی

اَمْسَوْا جِیَاعاً وَھُمْ اَشْبَالِی اَصْغَرُھُمْ یُقْتَلُ بِاغْتِیَال

میں ایثار پر تیار سائل کو روٹیاں دیئے دیتی ہوں اور مجھے کچھ پرواہ نہیں ہے کہ بچہ گرسنگی میں شب بسر کریں میرے دونوں شیر کے بچے ہیں۔

شبل اُس بچہ شیر کو کہتے ہیں جو شکار کرنے کے لائق ہو جائے۔ آخر میں یہ بھی فرمایا کہ ان میں کا چھوٹا میدان جنگ میں قتل کیا جائے گا یہ حادثہ کربلا کی پیشن گوئی ہے جو واقعہ سے پہلے کی جا رہی ہے۔

۲): شیر کی کنیت ابوالعباس ہے اور حضرت علیؑ صحیح معنوں میں ابوالعباس ہیں۔ کون نہیں جانتا کہ آپؑ کے جگر بند شہید فرات کا نام نامی قمر بنی ہاشم ابوالفضل العباس ہے۔ عباس شیر درندہ کو کہتے ہیں۔

۳): ماہرین علم الحیوان کہتے ہیں کہ (لا یفتح عَیْنَیہ الا بعد سبعتہ ایام) شیر کا بچہ ساتویں دن کے بغیر آنکھ کھولتا ہی نہیں۔ آپؑ بھی ولادت کے بعد تین دن تک کعبہ میں رہے آنکھیں نہیں کھولیں جب تک پیغمبرؐ خدا کا جمال باکمال پر نظر نہیں کی۔

۴): شیر کی خصوصیت یہ ہے کہ:

لَا یدنوا من المراۃ الحائض وَلَا یَشرب من مَاءٍ وَلَغَ فِیہِ الْکَلْب۔

حائضہ عورت کی طرف رُخ نہیں کرتا اور نہ اُس پانی میں منہ ڈالتا ہے جس سے کتا سیراب ہوا ہو۔ معلوم ہوتا ہے کہ شیر کا مزاج طہارت پسند ہے۔ شیر خدا کی طہارت پر آیہ تطہیر گواہ ہے۔

۵): شیر کی آنکھیں دن کا اجالا برداشت نہیں کر سکتیں۔ جناب امیرؑ کی سوانح حیات میں بھی سخت ترین درد چشم نظر آتا ہے جو جناب رسولؐ خدا کے پُراثر لعاب دہن سے دور ہوا۔

۶): فمن جبنہ انہ یفزع من صوت الدیک۔

شیر کی یہ بزدلی ہے کہ مرغ کی آواز سے ڈرتا ہے۔ شیر خدا کا بھی یہ حال تھا جب نماز کا وقت آتا

تھا اور صدائے موذن سنتے تھے تو چہرہ کا رنگ متغیر ہو جاتا تھا اور اعضائے جسم کانپتے تھے۔

۷): وتحیر عند رؤیۃ النار۔ شیر شعلہ ور آگ سے بہت زیادہ پریشان ہوتا ہے۔ حضرت علی مرتضیٰؑ نار جہنم کے خوف میں مار گزیدہ کی طرح تڑپتے تھے۔

۸): شیر شکار کو تھم تھم کے ہلاک کرتا ہے۔ شیر خدا کی جنگ کا انداز بھی یہی تھا۔ جنگ احزاب میں عمرو بن عبدود کو جب زیر کیا اور اُس نے چہرہ مبارک پر لعاب دہن ڈال دیا تو آپؑ اس بزدلی کے مظاہرہ پر سینہ سے اُتر آئے اور دشمن کو قابو میں لا کر چھوڑ دیا جب غصہ فرو ہو گیا اُس وقت قتل کیا تا کہ اخلاص میں نفسانیت کا شائبہ نہ ہو۔

۹): شیر تاریکی میں شکار کے تلاش میں نکلتا ہے اور علی مرتضیٰؑ اندھیری راتوں میں بیواؤں کی خبر گیری، یتام کی امداد میں مصروف رہتے تھے۔ وہ ضرر رساں یہ نفع بخش۔

۱۰): شیر کی حرارت اس درجہ غالب رہتی ہے کہ واقعہ نگاروں نے لکھا ہے اُس کو ہمیشہ بخار چڑھا رہتا ہے۔ بخار شیر خدا کے زیر نگیں ہے۔ جناب سرور کائناتؐ نے اُن کی شان میں فرمایا ہے:

يَا ابْنَ أَبِي طَالِبٍ لَقَدْ أُعْطِيتَ مِنْ خِصَالِ الْخَيْرِ حَتَّى إِنَّ الْحُمَّى لَتَفْزَعُ مِنْكَ۔

۱۱): شیر زیادہ تر بائیں ہاتھ سے کام لیتا ہے تو جناب علی مرتضیٰؑ نے خیبر میں بائیں ہاتھ سے دَرِ قلعہ کو اُکھاڑا۔

۱۲): شیر عورتوں اور بچوں پر حملہ نہیں کرتا۔ جناب امیرؑ کے ہاتھ سے کوئی عورت یا طفل میدان جنگ میں مجروح نہیں ہوا۔

۱۳): شیر برہنہ انسان پر حملہ نہیں کرتا۔ صفین میں امیر المومنینؑ نے عمرو بن عاص سے جنگ کے وقت جب کہ وہ برہنہ تھا روگردانی کی اور چھوڑ دیا۔

(ارجح المطالب ص ۲۴۴)

یہ وہ خصوصیات ہیں جن کا دشمن بھی انکار نہیں کر سکتا۔

حکایت:

سلطنت اودھ کا آفتاب مرکز نصف النہار پہ تھا اور لکھنؤ میں بڑے بڑے صاحب کمال سلاطین اودھ کے سایہ عاطفت میں پرورش پا رہے تھے کہ کسی تعصب پرور اور دشمن اہل بیتؑ نے یہ مصرع نظم کیا۔ شیر خدا کو ناحق بیلے کے بن میں مارا۔ انشاء مرحوم نے مصرعہ لگا کر پوری بیت کر دی۔

پیدا ہوا ہے ابن ملجم کوئی دوبارا۔ یہ دونوں مصرع ادب نواز اصحاب کو یاد رہ گئے۔

دشت ارزن کا واقعہ:

سرور کائنات روحی وارواح العالمین لہ الفداء کی ولادت ابھی نہیں ہوئی ہے کہ حلقہ عقیدت وسیع ہوتا جا رہا ہے۔ راہبوں کی پیشن گوئی، انجیل کی خبریں قدر دانوں کا دل لبھا رہی ہیں۔ سلمان فارسی اُنہیں لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے غائبانہ محبت کا دم بھرا ان کے خاندان کے لوگوں کو جب یہ خبر ہوئی کہ یہ بچہ بت پرستی کا دشمن اور توحید کا دلدادہ ہے تو آزار پہنچانے پر تیار ہوئے سخت سے سخت خدمتوں پر مامور کیا حتی کہ سلمان نے وطن چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا اور غربت کی منزل میں قدم رکھے دشت ارزن میں گذر ہوا دور سے چشمہ نظر آیا وہاں پہنچ کر آرام لینے کے لیے ٹھہر گئے راستہ کی تھکن سے نیند آ گئی بیدار جو ہوئے تو چشمہ میں نہانے کے لیے اُترے دفعۃً ایک خونخوار شیر جنگل سے نکل آیا اور سلمان کی طرف جھپٹا سلمان نے بارگاہ احدیت میں گڑگڑا کر عرض کرنا شروع کیا کہ میرے مالک اس شیر کے شر سے بچا دعا تمام ہوئی اور ایک سوار نمودار ہوا جس نے اپنی تلوار سے شیر کو دو نیم کر دیا سلمان پانی سے نکلے رکاب پر بوسہ دیا جنگل میں سامان ضیافت کچھ نہ تھا جو اپنے محسن کے سامنے پیش کرتے فصل بہار تھی صحرا کے درختوں سے کچھ پھول توڑ کر ایک گلدستہ بنایا اور سوار کی نذر کیا سوار نظروں سے غائب ہوا اور پھر سلمان کو نظر نہ آیا اس واقعہ کے تین سو برس بعد کم وبیش جناب رسالتمآبؐ کا دور آیا اور خاتم النبیینؐ کی رسالت کا چہار دانگ عالم میں شہرہ ہوا سلمان نے دیرینہ عقیدت کی تجدید کی اور جس پر غائبانہ ایمان لائے تھے اُس کو آنکھوں سے دیکھا اور بزم ہدایت کے فیوض سے دامن امید بھرنے لگا۔ نبیؐ وعلیؑ کی علم افروز صحبتوں میں زندگی گذرنے لگی یہاں تک کہ ایک دن جناب علی مرتضیٰؑ رطب نوش فرما رہے تھے اُس وقت آپ کا سن شریف ۷ سال تھا سلمان اپنے غرفے میں کپڑا سی رہے تھے شیر مرداں رطب کھا کر گٹھلی سلمان کی طرف پھینکتے تھے۔ سلمان نے کہا میں ضعیف العمر اور آخرت کی راہ کا عزم کیے بیٹھا ہوں آپ تو عمر ہیں نامناسب ہے کہ مرے ساتھ مزاح کیجئے۔ آپؑ نے جواب دیا کہ سلمان خود بزرگ بنتے ہو اور مجھ کو خورد سمجھتے ہو دشت ارزن کا واقعہ بھول گئے تم کو شیر سے کس نے نجات دی تھی۔ سلمان نے حیرت زدہ ہو کر کہا ذرا اس واقعہ کی تفصیل کیجئے فرمایا وہ زرہ پوش تیغ بکف جوان میں تھا جس نے شیر کو قتل کر کے تم کو بچایا۔ سلمان نے کہا کوئی شناخت ہے آپؑ نے آستین سے وہ گلدستہ نکالا اور سلمان نے اب پہچانا کہ مری جان بچانے والا کون تھا۔

ملا محمد صالح ترمذی کشفی نے جو اہل سنت کے ایک جلیل عالم ہیں اس واقعہ کو اپنے مناقب میں احسن الکبار سے نقل کر کے تتمہ کلام میں فرمایا ہے:

مولف گوید کہ قصہ دشت ارزن اگرچہ از آفتاب مشہور تر است اما اگر کسی را خلجانے بخاطر رسد چہل مجلس عارف ربانی شیخ علاء الدولہ سمنانی نیز مطالعہ نما سید الیضا قاسم کاہی گوید۔

چون نبض علی برکہ وارد در زمین دل ندارد قصہ سلمان دشت ارزنہ باور

اردو داں شعراء نے بھی اس واقعہ کو اپنے اشعار میں درج کیا ہے۔ کسی عقیدت مند قدیم شاعر کا شعر ہے۔

راہ تکتا ہوں میں اُس کی دیر سے جس نے سلمان کو چھڑایا شیر سے

علامہ سید ہاشم بحرینی نے اس واقعہ کو مشارق الانوار برسی سے نقل کیا ہے اور آخر میں اس قدر زیادہ ہے کہ جب سلمان کو شیر نظر آیا تو بے ساختہ پکارے یا فارس الحجاز ادرکنی اے شہسوار یثرب میری خبر لیجئے اس فریاد کے ساتھ ایک سوار نمودار ہوا اور شیر سے کہا:

أنت دابته من الآن فعاد يحمل له الحطب إلى باب المدينة امتثالا لأمر علي عليه السلام ۔(مدينة المعاجز)

اس وقت سے تو سلمان کا مرکب ہے، سلمان نے پشت اسد پر لکڑیاں بار کیں اور شیر علی کے حکم سے اُن کے لیے لکڑیوں کا بار دروازہ شہر تک پہنچا دیتا تھا۔

بعض غیر ذمہ دار ارباب مناقب نے اس معجزہ کے ذیل میں شب معراج حضرت علیؑ کے بصورت اسد متمثل ہونے کا ضمیمہ بھی شامل کیا ہے جو معتبر نہیں ہے۔ جد اعلیٰ حضرت ممتاز العلماء جنت مآب غنیۃ المسائل میں فرماتے ہیں: ”حکایت مصور شدن جناب امیرؑ بصورت اسد در معراج و شیر برنج خوردن ہمراہ آنحضرت صلعم در کتب معتبرہ بنظر نرسیدہ۔“ اس قسم کے معجزات ارباب غلو نے وضع کیے ہیں اور مجتہدین شیعہ نے ہمیشہ اُس کی تضعیف کی ہے۔

شیر کی بولی:

جناب امیر المومنین علی بن ابیطالبؑ نے فرمایا کہ شیر کی تسبیح یہ ہے:

سُبْحَانَ مَنْ أَلْبَسَنِي الْمَهَابَةَ وَقَذَفَ فِي قُلُوبِ عِبَادِهِ مِنِّي الْمَخَافَةَ.

پاک و منزہ ہے وہ خدا جس نے مجھے ہیبت کا لباس پہنایا اور اپنے بندوں کے دلوں میں میرا ڈر اور دہشت ڈال دی اور روایت امام حسینؑ میں ہے کہ شیر کہتا ہے خدا کی عبادت میں بہت زیادہ اہتمام کرو۔

(حلیۃ المتقین)

شیر کے غصہ کا راز:

یہ امر ناقابل انکار ہے کہ تمام درندوں میں شیر کی طاقت بڑھی ہوئی ہے اور طاقت ور ہونے ہی کا نتیجہ ہے کہ شیر کا مزاج ہر وقت برہم رہتا ہے اور غصہ ور شخص کو شیر سے تشبیہ دیتے ہیں۔ احادیث شیعہ میں ایک محل پر شیر کے غصہ کا راز بتایا گیا ہے۔ ابو حازم بن حسن کہتا ہے کہ عہد منصور میں ابراہیم بن ادھم کوفہ میں پہنچے میں اُن کے ساتھ تھا کہ امام جعفر صادقؑ کی مدینہ کی طرف مراجعت کی خبر ملی۔ کوفہ کے علماء و اہل فضل صادق آل محمدؐ کے ساتھ تھے سفیان ثوری بھی ہم رکاب تھے راستہ میں ایک شیر نظر آیا جس کو دیکھتے ہی حاضرین میں بے چینی پھیل گئی۔ ابراہیم بن ادھم نے کہا کہ آگے نہ بڑھنا جب تک امام جعفر صادقؑ تشریف نہ لے آئیں اُس وقت دیکھنا کہ آپ کیا کرتے ہیں یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ امام نزدیک آ گئے اور لوگوں نے شیر کی خبر دی آپ شیر کے قریب آئے اُس کا کان پکڑ کے اپنے راستہ سے دوسری طرف منہ موڑ دیا شیر نے پھر پلٹ کر بھی نہ دیکھا اور آگے روانہ ہوا۔ امام نے فرمایا:

أيّها الناس لو أطاعوا الله حق طاعته لحملوا عليه أثقالهم۔

طاعت خدا کا جو حق ہے اگر لوگ ویسی اطاعت کریں تو شیر پر تم لوگ اپنا سامان لاد کر لیے پھرو۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ امام زمانہؑ کے دور میں درندے انسانوں کو ضرر نہ پہنچائیں گے اور شیر اور بکری ایک گھاٹ پانی پئیں گے۔

فرشتہ صورتِ اسد میں:

مجلسی علیہ الرحمہ بحار میں لکھتے ہیں کہ فرزند رسول الثقلین حضرت امام حسینؑ جب ایک سال کے ہوئے تو خدمت نبوی میں بارہ فرشتے خبر شہادت دینے کے لیے آسمان سے آئے اُن میں کا ایک فرشتہ شیر کی صورت میں تھا غالباً یہ وہ ملک ہے جس کا دوسرے محل پر حاملانِ عرش کی فہرست میں ذکر ہے۔

ابن بابویہ علیہ الرحمہ لکھتے ہیں:

الثَّالِثُ عَلٰى صُورَةِ الْاَسَدِ يَسْتَرْزِقُ اللّٰهَ لِلسِّبَاعِ۔ (خصال)

تیسرا فرشتہ شیر کی صورت میں ہے جو خداوند عالم سے درندوں کے لیے طلب رزق کرتا ہے۔

فرزدق کا مشہور و معروف قصیدہ اور امام زین العابدینؑ کی مدح و ثنا:

فاضل دمیری نے لفظ اسد کے تحت میں عرب کے مشہور شاعر فرزدق کا وہ قصیدہ بھی درج کیا ہے جو باکمال شاعر نے حجاج کے مجمع میں فی البدیہہ پڑھ کر حاضرین سے خراج تحسین و آفرین حاصل کی۔

اس قصیدہ کے ۳۰ شعر حیات الحیوان میں موجود ہیں ہم ۳۰ شعر مع ترجمہ نقل کرتے ہیں۔ ہشام بن عبدالملک ولی عہدی کے زمانہ میں سفر حج کے لیے مکہ گیا، خانہ کعبہ کا طواف کیا مگر حاجیوں کا وہ ہجوم تھا کہ حجر اسود تک پہنچنا دشوار ہو گیا ناچار کرسی پر بیٹھ گیا اسی اثنا میں امام زین العابدینؑ بھی طواف کے لیے آئے شان اُن حضرتؑ کی یہ تھی کہ سب سے زیادہ خوش رو معلوم ہوتے تھے اور جسم کی شمیم اپنا نظیر نہ رکھتی تھی آپؑ نے بلا تکلف طواف شروع کر دیا اور حجر اسود کو بوسہ دیا۔ ایک شامی نے ہشام سے پوچھا یہ کون ہے جس کی ہیبت سے لوگ راستہ دے رہے ہیں؟ ہشام نے تجاہل عارفانہ کرتے ہوئے جواب دیا کہ میں نہیں جانتا۔ فرزدق حسن اتفاق سے موجود تھے کہنے لگے میں جانتا ہوں۔ شامی نے کہا اے ابوفراس یہ کون ہے؟ فرزدق نے جواب دیا۔

هَذَا ابْنُ خَيْرِ عِبَادِ اللهِ كُلِّهِمُ　　هَذَا التَّقِيُّ النَّقِيُّ الطَّاهِرُ الْعَلَمُ

یہ خدا کے بہترین بندہ کا فرزند ہے پرہیزگار، پاک دامن، طاہر مشہور و معروف (ہستی) ہے

هَذَا الَّذِي تَعْرِفُ الْبَطْحَاءُ وَطْأَتَهُ　　وَ الْبَيْتُ يَعْرِفُهُ وَ الْحِلُّ وَ الْحَرَمُ

یہ وہ ہے کہ مکہ اس کی رفتار پہچانتا ہے، خانہ کعبہ اس کو پہچانتا ہے، حل و حرم اس کو پہچانتے ہیں

إِذَا رَأَتْهُ قُرَيْشٌ قَالَ قَائِلُهَا　　إِلَى مَكَارِمِ هَذَا يَنْتَهِي الْكَرَمُ

جب قریش اس کو دیکھتے ہیں تو کہتے ہیں کہ کرم کی انتہا اس کی بزرگیوں پر ہوتی ہے

يُنْمِي إِلَى ذِرْوَةِ الْعِزِّ الَّتِي قَصُرَتْ　　عَنْ نَيْلِهَا عَرَبُ الْإِسْلَامِ وَ الْعَجَمُ

یہ عزت کی اُس بلندی تک پہنچ گیا ہے جہاں نہ عہد اسلام کے لوگ پہنچے تھے نہ عجم (پہنچے ہیں)

يَكَادُ يُمْسِكُهُ عِرْفَانَ رَاحَتِهِ　　رُكْنُ الْحَطِيمِ إِذَا مَا جَاءَ يَسْتَلِمُ

جب یہ حجر اسود کو بوسہ دینے آتا ہے تو نزدیک ہوتا ہے کہ رکن حطیم جو اس کی ہتھیلی پہچانتا ہے اُس کا ہاتھ پکڑ لے

بِكَفِّهِ خَيْزُرَانٌ رِيحُهُ عَبِقٌ　　بِكَفِّ أَرْوَعَ فِي عِرْنِينِهِ شَمَمُ

اُس کے ہاتھ میں (جو ایک خوبصورت اور ذی عزت شخص کا ہاتھ ہے) ایک چھڑی ہے جس کی خوشبو مہک رہی ہے

يُغْضِي حَيَاءً وَ يُغْضَى مِنْ مَهَابَتِهِ　　فَمَا يُكَلَّمُ إِلَّا حِينَ يَبْتَسِمُ

اس کی نگاہیں حیاء سے اور دوسروں کی نظریں اس کے رعب سے نہیں اُٹھتیں اور اُس وقت کے سوا جب کہ وہ مسکرا رہا ہو کوئی اس سے بات نہیں کر سکتا۔

يَنْشَقُّ نُورُ الْهُدَى عَنْ نُورِ غُرَّتِهِ   كَالشَّمْسِ يَنْجَابُ عَنْ اِشْرَاقِهَا الظُّلَمُ

اُس کی پیشانی کے نور سے ہدایت کی روشنی نکلتی ہے جیسے آفتاب کہ اُس کے نور سے تاریکیاں دور ہوجاتی ہیں

مُشْتَقَّةٌ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ نَبْعَتُهُ   طَابَتْ عَنَاصِرُهُ وَالْخِيمُ وَالشِّيَمُ

یہ وہ درخت ہے جس کی جڑ خدا کا رسولؐ ہے اس کے عناصر عادات خصائل سب پاکیزہ ہیں

هَذَا ابْنُ فَاطِمَةَ اِنْ كُنْتَ جَاهِلَهُ   بِجَدِّهِ اَنْبِيَاءُ اللّٰهِ قَدْ خُتِمُوا

یہ فاطمہؑ کا فرزند ہے اگر تو ابھی تک ناواقف تھا تو اب سن لے کہ خدا کے رسولوں کا خاتمہ اسی کے جد پر ہوا ہے

اَللّٰهُ شَرَّفَهُ قِدَماً وَ عَظَّمَهُ   جَرَى بِذَاكَ لَهُ فِي لَوْحِهِ الْقَلَمُ

اللہ نے اس کو ازل سے کرامت وعظمت دی ہے اور اس کے لیے شرف و بزرگی قدرت نے لوح محفوظ میں لکھ دی ہے

الليث اهون منه حين تغضبه   والموت ايسر منه حين يهتضم

جب کوئی اس کو غصہ دلائے تو شیر بھی اس سے کمتر ہے اور جب کوئی اس پر ظلم کرے تو موت بھی اس سے سہل تر ہے۔

فَلَيْسَ قَوْلُكَ مَنْ هَذَا بِضَائِرِهِ   اَلْعَرَبُ تَعْرِفُ مَنْ اَنْكَرْتَ وَالْعَجَمُ

پس تیرا کہنا کہ یہ کون ہے اس کو کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتا جس سے تو انجان بنتا ہے اس کو عرب عجم سب پہچانتے ہیں۔

كِلْتَا يَدَيْهِ غِيَاثٌ عَمَّ نَفْعُهُمَا   تَسْتَوْكِفَانِ وَلَا يَعْرُوهُمَا الْعَدَمُ

دونوں ہاتھ اس کے برستے ہوئے بادل ہیں جس کا نفع عام ہے وہ برابر برستے ہیں اور کبھی خالی نہیں ہوتے

سَهْلُ الْخَلِيقَةِ لَا تُخْشَى بَوَادِرُهُ   يَزِينُهُ اثْنَانِ حُسْنُ الْخُلْقِ وَالشِّيَمِ

وہ ایسا نرم خو ہے کہ اس سے جلد بازیوں کا اندیشہ نہیں اس کو حسن اخلاق اور حسن عادات دونوں آراستہ کررہی ہیں

حَمَّالُ اَثْقَالِ اَقْوَامٍ اِذَا وَفَدُوا   حُلْوُ الشَّمَائِلِ تَحْلُو عِنْدَهُ نِعَمُ

جب قبیلوں پر مصیبت پڑتی ہے تو وہی ان کے بار اُٹھانے والا وہ ایسا شیریں شمائل ہے کہ اس

کے احسانات بھی شیریں ہوتی ہیں۔

مَا قَالَ لَا قَطُّ اِلَّا فِی تَشَهُّدِهٖ لَوْ لَا التَّشَهُّدُ كَانَتْ لَاؤُهٗ نَعَمُ

اُس نے تشہد کے سوا کبھی لا نہیں کہا اگر تشہد نہ ہوتا تو اُس کا لا نعم ہوتا

لَا يُخْلِفُ الْوَعْدَ مَيْمُوْنٌ نَقِيْبَتُهٗ رَحْبُ الْفِنَا اَدِيْبٌ حِيْنَ يَعْتَزِمُ

وہ وعدہ خلافی نہیں کرتا مبارک ذات اور بڑا مہمان نواز ہے اور اس کا ہر ارادہ عاقلانہ ہوتا ہے

عَمَّ الْبَرِيَّةَ بِالْاِحْسَانِ فَانْقَشَعَتْ عَنْهَا الْعَمَايَةُ وَالْاِمْلَاقُ وَالظُّلَمُ

اُس کا احسان تمام خلق کے لیے عام ہے پس رنج، فقر، افلاس دنیا سے اُٹھ گیا

مِنْ مَعْشَرٍ حُبُّهُمْ دِيْنٌ وَ بُغْضُهُمْ كُفْرٌ وَ قُرْبُهُمْ مَنْجًى وَ مُعْتَصَمُ

وہ اُس گھرانے سے ہے جس کی محبت دین اور عداوت کفر ہے اور جس کا قرب نجات اور پناہ ہے

اِنْ عُدَّ اَهْلُ التُّقٰى كَانَتْ اَئِمَّتَهُمْ اَوْ قِيْلَ مَنْ خَيْرُ اَهْلِ الْاَرْضِ قِيْلَ هُمُ

اگر ارباب تقویٰ شمار کیے جائیں تو یہ گروہ اُن کا پیشوا ہوگا اور اگر پوچھا جائے کہ اہل زمین میں سب سے بہتر کون ہے تو کہا جائے گا کہ یہی گروہ

لَا يَسْتَطِيْعُ جَوَادٌ بُعْدَ غَايَتِهِمْ وَ لَا يُدَانِيْهِمْ قَوْمٌ وَ اِنْ كَرُمُوْا

ان کی سخاوت کی حد تک پہنچنا کسی سخی کے امکان میں نہیں ہے اور کوئی قوم وہ کتنی ہی سخی ہو اُن کی گرد کو پا نہیں سکتی

هم الغيوث اذا ما ازمة ازمت والاسد اسد الشرىٰ والباس محتدم

جب قحط لوگوں پر مصیبت ڈھا رہا ہو تو یہ لوگ برستے بادل ہیں اور جب جنگ کی آگ بھڑک رہی ہو تو یہ شیر ہیں بیشہ بشریٰ کے

لا يقبض العسر بسطا من اكفهم سيان ذلك ان اثروا وان عدموا

افلاس ان کی فراخ دستی کو کم نہیں کر سکتا تونگری اور مفلسی ان کی یکساں ہے

يُسْتَدْفَعُ السُّوْءُ وَ الْبَلْوٰى بِحُبِّهِمْ وَ يُسْتَرَدُّ بِهِ الْاِحْسَانُ وَ النِّعَمُ

اُن کی محبت کے وسیلہ سے برائی اور بلاؤں کا دفیعہ چاہا جاتا ہے اور اسی کے وسیلہ سے نیکی اور نعمتیں طلب کی جاتی ہیں

مُقَدَّمٌ بَعْدَ ذِكْرِ اللّٰهِ ذِكْرُهُمُ فِیْ كُلِّ بَدْءٍ وَ مَخْتُوْمٌ بِهِ الْكَلِمُ

ہر کام کی ابتداء میں خدا کے ذکر کے بعد ان کا ذکر کیا جاتا ہے اور ہر بات کا خاتمہ اُنہیں کے ذکر

پر ہوتا ہے

یأبی لھم ان یحل الذم ساحتھم خیم کریم وید بالندی ھضم

مذمت ان کے صحن میں داخل ہونے سے انکار کرتی ہے وہ کریم الاخلاق ہیں اور سخاوت کرتے کرتے اُن کے ہاتھ تھکے جاتے ہیں

اَیُّ الْخَلَائِقِ لَیْسَتْ فِی رِقَابِھِمْ لِاَوَّلِیَّةِ ھٰذَا اَوْ لَهُ نِعَم

کون بندہ خدا ہے جس کے سر پر اُس کے یا اُس کے بزرگوں کے احسانات نہ ہوں

مَنْ یَعْرِفِ اللّٰهَ یَعْرِفُ اَوَّلِیَّةَ ذَا فَالدِّیْنُ مِنْ بَیْتِ ھٰذَا نَالَهُ الْاُمَم

جو خدا کو پہچانتا ہے وہ اس کی فضیلت کو بھی پہچانتا ہے اُسی کے گھر سے انہوں نے دین پایا

شیر اور بکری:

ابوذر غفاری کہتے ہیں کہ میں نے جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ کی خدمت میں عرض کیا میرے پاس ساٹھ بکریاں ہیں اور مجھے پسند نہیں کہ اُن کو چھوڑ دوں اور یہ بھی نہیں ہوسکتا کہ آپؐ سے مفارقت اختیار کروں نہ کوئی گلہ بان ایسا ہے جس کے سپرد کروں یہ گفتگو کر کے ابوذر گھر گئے اور ساتویں دن پھر حاضر خدمت ہوئے پیغمبرؐ خدا نے فرمایا: بکریوں کا کیا انتظام کیا؟ عرض کیا اُن کی سرگذشت عجیب وغریب ہے میں نماز میں مصروف تھا کہ گلہ پر گرگ صحرائی جھپٹا میں نے خدا کی بارگاہ میں عرض کیا کہ پالنے والے تیری نماز میں مشغول ہوں اور نماز سے بکریاں بہتر نہیں ہیں میرے دل میں یہ خیال آیا اور شیطان نے وسوسہ پیدا کر دیا کہ اگر گوسفند نہ رہے تو عمر بھر کا روزگار ہاتھ سے جاتا رہے گا اسی کشمکش میں میں نے خدا اور رسولؐ اور ساری کائنات کے سردار علی بن ابیطالبؑ اور اُن کی ذریت کی ولایت کو تازہ کیا اور نماز تمام کی بھیڑیے نے حملہ کیا ہی تھا کہ ایک شیر نمودار ہوا اُس نے بھیڑیے کے دو ٹکڑے کر دیئے اور پکار کر کہا کہ اے ابوذر خدا نے مجھ کو تمہاری بکریوں کی حفاظت پر مقرر کیا ہے۔ یہ ماجرہ سن کر جناب رسالتمآبؐ خوش ومسرور ہوئے اور منافقوں کا کینہ بڑھنا شروع ہوا بعض لوگ اس حقیقت کو دیکھنے کے لیے ابوذر پاس گئے کہ دیکھیں اوقات نماز میں شیر کیوں کر حفاظت کرتا ہے جا کر دیکھا تو ابوذر جب نماز پڑھتے تھے شیر بکریوں کے گرد پھرتا تھا۔ جب نماز ختم ہوئی تو شیر نے پکار کر کہا اے ابوذر یہ تمہاری بکریاں موجود ہیں ان میں کوئی بھی کم نہیں ہے پھر شیر نے آنے والے مسلمانوں سے پکار کر کہا کہ اے مسلمانو میں آل محمدؐ کے ایک غلام کا تابع فرمان ہوں اس پر تم کو تعجب ہے آل محمدؑ کا مرتبہ اس سے کہیں برتر ہے۔

مسافروں کی راہبری:

جناب سرور کائنات صلعم کا غلام سفینہ ناقل ہے کہ میں دریا میں کشتی کے ذریعہ سے سفر کر رہا تھا طوفان آیا اور کشتی ٹوٹ گئی میرے ہاتھ میں ایک تختہ آ گیا اُس کے سہارے سے خشکی پر آیا تو دیکھا کہ نیستان میں شیر ہے سفینہ نے پکار کر کہا اے ابوالحارث (شیر) میں پیغمبر خدا کا بندہ ہوں یہ سن کر شیر نے فروتنی شروع کی اور مجھے راستہ تک پہنچا کر ایک ہمہمہ کیا جس سے میں سمجھا کہ مجھے رخصت کر رہا ہے۔

انسان اور شیر کا مقابلہ:

ابن وردی مشہور مورخ لکھتا ہے کہ ۳۶ھ میں کئی شیر شام میں آ گئے اور انطاکیہ میں لوگوں کو نقصان پہنچانا شروع کیا عوام الناس کے دلوں پر یہ اثر تھا کہ ہر طرف بے چینی پھیلی ہوئی تھی اور لوگ سمجھ رہے تھے کہ پورا بیشہ آ گیا ہے۔ باجی نامی ایک شخص پر شیر نے حملہ کیا اُس نے اپنی انگلی شیر کی آنکھ میں بھونک دی اور آنکھ نکال لی شیر نے فرار کیا۔ تاریخوں میں ایسے بادشاہوں کا ذکر بھی ہے جنھوں نے اپنے دونوں ہاتھوں سے شیر کا کام تمام کیا۔

(تاریخ الخلفاء، سیوطی، ص ۳۰۰ چھاپہ لاہور)

شیر کا سلام:

حضرت علی مرتضیٰؑ بابل سے گذر رہے تھے اور اہل ایمان کی ایک جماعت آپؑ کے ساتھ تھی کہ ایک بہت بڑا شیر بیشہ سے نکلا اور قریب پہنچ کر پیشانی زمین پر رکھ دی اور سلام کیا آپؑ نے جواب سلام دیا شیر پلٹ گیا اور نظروں سے کچھ دیر کے بعد غائب ہو گیا۔

دروزہ میں شیرنی کا اضطراب:

ابوحمزہ بطائی کہتا ہے کہ امام موسیٰ کاظمؑ ایک مرتبہ مدینہ سے باہر تشریف لے چلے میں حمار پر سوار ساتھ تھا آپؑ بغلہ (خچر) پر سوار تھے ایک راستہ میں پہنچ کر شیر نظر آیا امام کی جب نظر شیر پر پڑی تو چہرہ پر کچھ گھبراہٹ کے آثار نہ تھے شیر جس قدر قریب ہوتا گیا اُس کا تذلل وانکسار بڑھتا گیا نزدیک پہنچ کر ایک ہمہمہ کیا اور پشت مرکب پر پنجہ ٹیک کر بلند ہوا میرے اُوپر سخت ترین خوف طاری تھا۔ شیر نے امام سے کچھ باتیں کہیں آپؑ نے اشارہ سے فرمایا کہ جا شیر نے پھر ایک ہمہمہ کیا آپؑ نے آمین فرمایا اور شیر رخصت ہوا۔ جب اُس جنگل سے دور نکل گئے تو میں نے پوچھا کہ میں آپؑ پر فدا ہوں شیر کا واقعہ کیا تھا

۔فرمایا یہ میرے پاس اس لیے آیا تھا کہ اس کی مادہ پر بچہ ہونے کی تکلیف طاری تھی مجھ سے دُعا کرنے کے لیے کہتا تھا کہ خدا مشکل آسان کرے میں نے دُعا کی اور کہا کہ خدا تجھے جو بچہ مرحمت کرے گا وہ شیر نر ہوگا اُس نے خدا حافظ کہہ کر خدا سے دُعا کی بار الہا تو کسی درندے کو آپ اور آپ کے بچوں اور نیز شیعوں پر کبھی مسلط نہ کرے میں نے آمین کہا۔

درندوں پر اولادِ رسول کا گوشت حرام ہے:

متوکل کے دور میں ایک ناعاقبت اندیش عورت نے زینبؑ بنت امیر المومنینؑ ہونے کا دعویٰ کیا متوکل نے کہا پیغمبر خدا کی رحلت کو زمانہ دراز گذر گیا اور تو سن و سال بہت زیادہ نہیں ہے اُس افترا پرداز نے کہا کہ پیغمبرؐ نے میرے سر پر ہاتھ پھیر کر دعا کی تھی کہ میں ہر ۴۰ سال کے بعد جوان ہو جایا کروں متوکل نے خاندان ابوطالبؑ کے سن رسیدہ اصحاب طلب کیے اور کسی نے تصدیق نہ کی۔ عورت اپنے دعوے پر باقی تھی اُس وقت امام علی نقیؑ فیصلہ کے لیے بلائے گئے آپؑ نے آخر گفتگو میں فرمایا کہ اس کو درندوں کے سامنے چھوڑ دو اولاد فاطمہؑ کا گوشت درندوں پر حرام ہے اگر یہ دعویٰ میں سچی ہے تو جانور ضرر نہ پہنچائیں گے۔ عورت نے کہا آپؑ میری جان لینا چاہتے ہیں سادات مجمع میں موجود تھے یہ شناخت سن کر چہروں کے رنگ اُڑ گئے لوگوں نے کہا کوئی سید درندوں کے پاس لایا جائے تو فیصلہ آسان ہے۔ متوکل نے خاندانی عداوت سے مجبور ہو کر کہا کہ آپ خود کیوں نہ درندوں کے بیچ میں چھوڑ دیئے جائیں۔ فرمایا ہاں میں تیار ہوں۔ شاہی جانور خانہ میں چند شیر پلے ہوئے تھے امام علی نقیؑ کو وہاں پہنچایا گیا شیروں نے گردنیں ڈال دیں اُن پر آپ دست شفقت پھیر رہے تھے۔

اس واقعہ کے اظہار میں راویوں نے کسی قدر کمی بیشی سے کام لیا ہے بعض نے کہا ہے کہ درندوں کو تین دن تک بے آب و دانہ رکھ کر چاہا تھا کہ آل محمدؐ کا خاتمہ کر دیا جائے اور بعض کہتے ہیں کہ امام علی نقیؑ کو پہنچا کر دروازہ بند کر دیئے تھے بہر حال امام پر کچھ بھی دہشت طاری نہیں ہوئی اور صحیح و سالم برآمد ہوئے عورت نے اپنا دعویٰ واپس لیا۔ حاضرین میں ابن حجم نے متوکل سے بڑھ کر کہا اے امیر اگر آپ امام خلق ہیں تو آپ بھی ایسا ہی کریں بادشاہ کو غصہ آ گیا اور حکم دیا کہ یہ واقعہ کسی سے بیان نہ کرنا اگر کسی کو خبر ہوئی تو اُس کا خون حلال ہے ابن حجم کہتا ہے کہ جب تک متوکل زندہ رہا یہ واقعہ میں نے کسی سے بیان نہیں کیا۔

شیر قالین:

مامون رشید نے امام موسیٰ کاظمؑ کا وقار گھٹانے کے لیے ایک شعبدہ باز کو تیار کیا اور آپؑ کو دستر خوان

پر بلایا۔ امام جب روٹی کی طرف ہاتھ بڑھاتے تھے روٹی سامنے سے اُڑ جاتی تھی اور محفل میں قہقہہ پڑتا تھا دشمنوں کو شماتت پر پوری طاقت سے تیار دیکھ کر امام نے نظر اٹھائی دیکھا پردہ پر شیر کی تصویر بنی ہے فرمایا اے خدا کے شیر دشمن خدا کو لے؟ یہ کہنا تھا کہ وہ پیکر تصویر ایک مسبب شیر کی صورت میں نمودار ہوا اور شعبدہ باز کو پارہ پارہ کر ڈالا۔ ہارون رشید اور اُس کے مصاحب منہ کے بل غش میں گرے جب ہوش آیا تو ہارون نے کہا میں آپ کو اپنے حق کی قسم دیتا ہوں شعبدہ باز کو پھر زندہ کر دیجئے اور یہ شیر اُس کو اُگل دے۔ فرمایا:

اِنْ کَانَتْ عَصَا مُوسٰی رَدَّتْ مَا ابْتَلَعَتْهُ مِنْ حِبَالِ الْقَوْمِ وَ عِصِيِّهِمْ فَاِنَّ هٰذِهِ الصُّوْرَةَ تَرُدُّ مَا ابْتَلَعَتْهُ مِنْ هٰذَا الرَّجُلِ۔

اگر عصائے موسیٰ اُن لکڑیوں اور رسیوں کو جن کو نگل گیا پھیر دیتا تو یہ مشکل ہے خدا کے اس دشمن کو واپس کر دینا۔ شیر اپنی اصلی حالت پر آیا اور ہارون رشید خاموش ہو گیا۔

عجم میں مثل مشہور ہے "شیر قالین دگر و شیر نیستان دگر است"۔ لیکن امام کا اعجاز تھا کہ آپ نے شیر قالین کو شیر نیستان بنا کر اپنے موسیٰ دوراں ہونے کا ثبوت دیا۔ متوکل کے دستر خوان پر امام علی نقیؑ کے ساتھ دو مرتبہ ایسا ہی افسوسناک برتاؤ کیا گیا تھا اور آپ نے بھی اسی طرح دشمن کو سزا دی تھی واقعہ کی نوعیت تقریباً ایک ہے اس لیے اعادہ کی ضرورت نہیں۔

شہدائے کربلا سے شیر درندہ کی عقیدت:

قال الصدوق و الکلینی فی اصول الکافی فی ذکر مولد الحسینؑ:

قَالَ: لَمَّا قُتِلَ الْحُسَيْنُ اَرَادَ الْقَوْمُ اَنْ يُوطِئُوْهُ الْخَيْلَ فَقَالَتْ فِضَّةُ لِزَيْنَبَ يَا سَيِّدَتِيْ اِنَّ سَفِيْنَةَ كُسِرَ بِهٖ فِي الْبَحْرِ فَخَرَجَ اِلٰى جَزِيْرَةٍ فَاِذَا هُوَ بِاَسَدٍ فَقَالَ يَا اَبَا الْحَارِثِ اَنَا مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ فَهَمْهَمَ بَيْنَ يَدَيْهِ حَتّٰى وَقَفَهٗ عَلَى الطَّرِيْقِ وَ الْاَسَدُ رَابِضٌ فِيْ نَاحِيَةٍ فَدَعِيْنِيْ اَمْضِيْ اِلَيْهِ وَ اُعْلِمُهٗ مَا هُمْ صَانِعُوْنَ غَدًا قَالَ فَمَضَتْ اِلَيْهِ فَقَالَتْ يَا اَبَا الْحَارِثِ فَرَفَعَ رَاْسَهٗ ثُمَّ قَالَتْ اَتَدْرِيْ مَا يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَعْمَلُوْا غَدًا بِاَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُوطِئُوا الْخَيْلَ ظَهْرَهٗ قَالَ فَمَشٰى حَتّٰى وَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى جَسَدِ الْحُسَيْنِ فَاَقْبَلَتِ الْخَيْلُ فَلَمَّا نَظَرُوْا اِلَيْهِ قَالَ لَهُمْ عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ لَعَنَهُ اللّٰهُ فِتْنَةٌ لَا تُثِيْرُوْهَا۔

اصول کافی میں ہے کہ روز عاشور فضہ کنیز فاطمہ زہراؑ کی دعوت پر پامالی لاشہائے شہدا کی خبر دے

کر صحرائی شیر حفاظت کے لیے آیا اور قبیلہ بنی اسد کے بعض لوگوں نے دیکھا کہ جب سے حسینؑ شہید ہوئے روز غروب کے وقت قبلہ کی طرف سے ایک شیر آتا تھا اور شب بھر ہمہمہ کرتا تھا۔ (مدینۃ المعاجز)

لوگ کہتے ہیں کہ یہ شیر جناب امیر المومنین علیہ السلام تھے میرے نزدیک ثابت نہیں ہے محققین علماء نے س کی رد کی ہے۔

شیر سواری میں:

امام جعفر صادقؑ کوفہ میں عارضی طور پر تشریف لاتے تھے مفضل حاضر خدمت ہوئے فرمایا میرے ساتھ چلتے ہو؟ عرض کیا ہاں۔ فرمایا شب کو روانگی ہے۔ مفضل کہتے ہیں کہ آدھی رات گذر گئی تو آپؑ قیام گاہ سے برآمد ہوئے میں ہمراہ ہوگیا راستہ میں کیا دیکھتا ہوں کہ دو صحرائی شیر زین و لجام سے آراستہ سامنے کھڑے ہیں آقا نے میری آنکھوں پر ہاتھ پھیرا اور میں آنکھیں بند کر کے سوار ہوگیا صبح ہوئی تو مدینہ نظر آرہا تھا نصف شب میں سارا راستہ طے ہوگیا۔

شیر سے بچنے کی تدابیر:

۱): جناب امیرؑ سے منقول ہے کہ جو شخص شیر دیکھے اور کہے:

أَعُوذُ بِدَانِيَالَ وَبِالْجُبِّ مِنْ شَرِّ الْأَسَدِ.

تو شیر کے نقصان سے محفوظ رہے گا اس کے معنی یہ ہیں کہ "پناہ طلب کرتا ہوں میں حضرت دانیال اور کنوئیں سے" اس دعا میں گذشتہ واقعہ کی طرف اشارہ ہے جو ہم نے قبل کے صفحات میں لکھے ہیں کہ حضرت دانیال کی پرورش شیر نے کی اس محل پر ایک قول یہ بھی ہے کہ بادشاہ وقت نے دانیال کو ایک کنویں میں ڈال دیا تھا کہ گرسنہ شیر کھا جائیں خدا نے حفاظت کی۔

۲): دوسرے مقام پر حضرت کا ارشاد ہے:

مَنْ خَافَ مِنْكُمُ الْأَسَدَ عَلَى نَفْسِهِ وَغَنَمِهِ فَلْيَخُطَّ عَلَيْهَا خِطَّةً وَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ رَبَّ دَانِيَالَ وَالْجُبِّ وَرَبَّ كُلِّ أَسَدٍ مُسْتَأْسِدٍ احْفَظْنِي وَاحْفَظْ غَنَمِي۔ (خصال)

تم میں سے جو شخص اپنی جان یا اپنے گوسفندوں کے لیے شیر سے خائف ہو تو اُنگلی سے گرد ایک خط کھینچ دو اور دعائے مذکور پڑھو۔

۳): ابراہیم ادھم اپنے دوستوں کے ساتھ سفر میں تھے دفعۃً شیر آگیا۔ ابراہیم نے کہا یہ دعا پڑھو:

اَللّٰهُمَّ احْرُسْنَا بِعَيْنِكَ الَّتِي لَا تَنَامُ وَاحْفَظْنَا بِرُكْنِكَ الَّتِي لَا يُرَامُ وَارْحَمْنَا بِقُدْرَتِكَ عَلَيْنَا فَلَا نُهْلَكُ وَأَنْتَ الرَّجَائُنَا يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ۔

اُدھر یہ دعا پڑھی شیر پیٹھ پھیر کر چلا گیا۔

تعبیر:

اگر شیر کو خواب میں دیکھے تو نام آور ہو یا کسی عہدہ پر سرفراز ہو۔ شیر کو اپنا تابعدار دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ دولت و ثروت حاصل ہوگی، علم دین میں کمال ہوگا، دشمن رنج پہنچانے سے مجبور رہے گا۔ شیر سوے بھاگنے کی تعبیر یہ ہے کہ تدبیر میں کامیابی ہو اور مقاصد حاصل ہوں۔ شیر کا گوشت کھاتے خواب میں دیکھنے سے دولت مندی کی امید ہے۔

خواص:

ابن وردی فریدۃ العجائب میں رقم طراز ہے کہ شیر کی جلد پر اگر چوتھے دن والے بخار کے مریض کو لٹا کر چادر اُڑھا دو یہاں تک کہ پسینہ نکل آئے تو پھر بخار نہ آئے گا۔ شیر کی کھال پر ہمیشہ بیٹھنا بواسیر میں فائدہ دیتا ہے۔

الحکم:

شیر کا گوشت حرام ہے اگر شیر یا کسی دوسرے غیر ماکول اللحم درندے کو ذبح کرے تو کھال اُس کی پاک ہو جاتی ہے لیکن بعض علماء نے کہا ہے کہ پوست اُس کا دباغت نہ کی جائے پاک نہیں ہوتا۔

ذخیرۃ المعاد میں ہے "استعمال جلد حیوان غیر حلال گوشت کہ طاہر باشد چون پلنگ (شیر) و گرگ و نحوان کہ تذکیہ نمودہ باشد در غیر حال نماز جائز است یا نہ بر فرض جواز محتاج بدماغ می باشد یا نہ ج در غیر نجس العین (سگ و خوک و کافر) از غیر ماکول اللحم بعد از حصول تذکیہ (ذبح کردن) شرعیہ اقوی جواز استعمال انست در غیر حال صلوۃ و محتاج بدمغی نمی باشد ھر چند احوط بدماغی نمودن است بہت خروج از شبہ خلاف (یعنے از شبہ اختلاف علماء درس باب)"۔

(ذخیرۃ المعاد ص ۳۴۸ چھاپہ طبع اول)

نوشیرواں:

کسریٰ کا لقب ہے جس کے عہد میں جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت ہوئی۔ اس کے عدل و انصاف پر پیغمبر عربی نے افتخار فرمایا ہے۔ نوشیروان کی وجہ تسمیہ میں اختلاف ہے میری نظر سے کوئی صحیح قول نہیں گذرا بعض اہل تحقیق کہتے ہیں کہ اس نے نو شیر شکار کیئے تھے بنابریں زبان عجم میں "نہ شیروان" ہونا چاہئے اور بعض کا خیال ہے کہ نودایوں کا دودھ پیا تھا العلم عند اللہ اردو میں

نوشیرواں اُس کنکوے باز کو کہتے ہیں جو نو پیچ کاٹ چکا ہو۔ اردشیر خطاب ہے بہمن بن اسفندر یار کا۔

شیر شاہ:

مشہور بادشاہ ہے اس کا اصل نام فرید تھا اس کا دادا ابراہیم خان افغان بادشاہوں کے زمانہ میں ہندوستان پہنچ کر پنجاب میں برسر اقتدار رہوا۔ ابراہیم کی جاگیر اُس کے بیٹے حسن خان کو ملی۔ فرید سوتیلی ماں کی وجہ سے اپنے باپ حسن خان کے ساتھ نہ رہ سکا اور تعلیم کے بہانے سے پنجاب چھوڑ دیا کچھ عرصہ میں اعلیٰ تعلیم اور تربیت حاصل کر کے صوبہ بہار کے فرمانروا کا ملازم ہو گیا ایک روز بادشاہ شکار کو جا رہا تھا سامنے سے ایک شیر نکل آیا فرید نے جھپٹ کر اس کا مقابلہ کیا اور تلوار کے ایک ہی وار میں شیر کا کام تمام کر دیا بادشاہ نے اُس دن سے فرید کا نام شیر خان رکھا رفتہ رفتہ اس قدر ترقی کی کہ سلطنت کا مالک ہو گیا اور صوبہ بنگال کو فتح کیا پھر تو حوصلہ بڑھا اور ملک گیری کی آرزو بہادری کے ولولے میں دہلی پر حملہ کیا اور ہمایوں کو شکست دے کر تمام ملک پر قبضہ کر لیا اور اپنا لقب شیر شاہ رکھا شیر شاہ نے ہندوستان کا جیسا انتظام کیا کسی بادشاہ نے نہیں کیا۔

شیر ماھی:

ایک مچھلی ہے جس کا گوشت چھوٹی مچھلیوں سے نسبتاً اچھا ہوتا ہے یہ مچھلی حلال ہے اس کو مہا شیر کہتے ہیں۔

شیر دہج:

فن سپہ گری کے ایک ٹھاٹھ کا نام ہے۔

شیر دھاں کے کڑے:

اُس طلائی یا نقرئی کڑے کو کہتے ہیں جو ہندوستانی عورتیں چوڑیوں کے ساتھ کلائی میں پہنتی ہیں اس کے کونوں پر شیر کا منہ بنا ہوتا ہے۔

شیر شاہ:

نارتھ ویسٹرن ریلوے لائن پر ایک اسٹیشن ہے جو لالہ موسیٰ سے ملتان کے سفر میں واقع ہے۔

اسد آباد:

مملکت ایران کا ایک شہر ہے جو خانقین سے قم کے راستے میں واقع ہے۔

ادبیات:

۱): ''ایک تو شیر دوسرے بکتر پہنے'' یعنی جرأت تو قدرتی ہے اُس پر مزید سامان جنگ اور خطرناک ہے۔

۲): دل شیر ہے۔ جس کو اطمینان قلب حاصل ہو۔

۳): شیر ہو کے چھیچھڑے کھاتے ہیں۔ خلاف شان بات۔

۴): فقیری شیر کا برقع ہے۔ یعنی اس وضع میں سب طرح کے لوگ ہوتے ہیں۔

افعی

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
افعی	مار		ناگن

مترجم عجائب المخلوقات نے افعی کا ترجمہ ناگن کیا ہے یہ سب سانپوں میں خبیث اور زہریلا ہوتا ہے۔ اس کی گردن اور دم پتلی سر چوڑا ہوتا ہے آنکھ میں خلاف دیگر حیوانات کی آنکھوں کے کسی قدر دراز ہوتی ہیں۔ عرب اس کو ابو یحییٰ کہتے ہیں اس لیے کہ مشہور ہے ہزار سال تک زندہ رہتا ہے، گرمی کے سبب سے چار مہینہ زمین میں پوشیدہ رہتا ہے، انسان کا سخت دشمن ہے زہر اس کا بہت جلد جسم میں اثر کرتا ہے، جانوروں کو بھی نقصان پہنچاتا ہے۔

حزوینی نے عجائب المخلوقات میں لکھا ہے کہ افعی نے کسی اونٹنی کے ہونٹ میں کاٹا بچہ اُس کا دودھ پی رہا تھا پہلے وہ ہلاک ہوا پھر اونٹنی ہلاک ہوئی۔

ابن وردی نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ زمرد کی ایک ایسی قسم ہے:

إِذَا نَظَرَتْ إِلَيْهِ الْأَفَاعِيْ سَالَتْ أَحْدَاقُهَا

جب افعی اُس پر نظر کرتا ہے تو آنکھیں اُس کی نکل آتی ہیں (خریدۃ العجائب)۔

غالبؔ دہلوی نے نہایت لطف سے اس مطلب کو نظم کیا ہے۔

سبزۂ خط سے، ترا کاکلِ سرکش نہ دبا　　　یہ زمرد بھی، حریفِ دمِ افعی نہ ہوا

شیعہ احادیث میں افعی کا بکثرت ذکر ہے۔ حضرت عیسیٰؑ ایک مرتبہ ایک ایسے گروہ کی طرف سے گذر رہے تھے جو مسرت کے مظاہرے کر رہا تھا، پوچھا یہ کون لوگ ہیں، کہا فلاں شخص کی فلاں عورت سے شادی ہوئی ہے اور یہ رخصتی کی رات ہے، عیسیٰؑ بن مریم نے فرمایا کہ اس وقت خوشیاں ہو رہی ہیں اور کل روئیں گے، کسی نے پوچھا کیوں، فرمایا عروس آج کی رات مر جائے گی، جو لوگ ایمان لائے تھے اُنھوں نے کہا کہ خدا اور اُس کے رسول کا فرمان صحیح ہے، منافقوں نے کہا عنقریب غلط بیانی کھل جائے گی۔ جب دوسرا دن ہوا تو منافق عورت کے گھر پر گئے اور حالات دریافت کر کے کہا اے روح اللہ جس عروس کے مرنے کی خبر دی تھی وہ تو زندہ ہے۔ حضرت عیسیٰؑ کو تعجب ہوا اور انکشاف حقیقت کے لیے عروس کے گھر تک خود تشریف لے جانے کی زحمت گوارا کی، دروازہ پر پہنچ کر دق الباب کیا شوہر باہر آیا، حضرت عیسیٰؑ نے کہا میں مکان کے اندر جانا چاہتا ہوں تا کہ تری بی بی سے کچھ پوچھوں۔

اس عیسوی سیرت سے واضح ہو رہا ہے کہ دور مسیح میں بھی بغیر اجازت زنانہ مکان میں قدم رکھنا روا نہ تھا یہ پردہ کا بہت قدیم ثبوت ہے کہ عیسیٰؑ اندر آنے کی اجازت مانگتے ہیں اور عروس جب چادر اُوڑھتی ہے اُس وقت عیسیٰؑ اندر بلائے جاتے ہیں۔

آپؑ نے پہنچ کر پوچھا شبِ گذشتہ کیا کام کیا تھا، اُس نے عرض کیا ہر شب جمعہ کو میرے گھر پر ایک فقیر آتا تھا اُس کو اس قدر خیرات دیتی تھی کہ دوسرے جمعہ تک اُس کے لیے کافی ہوتا تھا شبِ گذشتہ گھر میں سامان شادی پھیلا ہوا تھا فقیر نے پکارا کسی نے آواز نہ سنی میں پوشیدہ طور پر اُٹھ کر سائل تک گئی اور جو کچھ اُس کو دیا کرتی تھی دے دیا۔ حضرت عیسیٰؑ نے کہا بستر سے اُٹھ، عروس اپنی جگہ سے اُٹھی، زیرِ فرش سے ایک افعی نکلا جو دم اپنی اپنے دانتوں میں دبائے تھا، فرمایا دیکھ جو تصدق شب گذشتہ کیا تھا اُس کی برکت سے خدا نے اس بلا کو دفع کر دیا۔

عمر بن حمزہ علوی نقل کرتے ہیں کہ جناب امیر مسجد کوفہ کی محراب میں ایک مرتبہ تشریف فرما تھے ایک شخص آپؑ کے سامنے سے وضو کے لیے اُٹھا اور ایک گوشہ میں بیٹھ کر وضو کرنا چاہتا تھا کہ راہ میں ایک افعی نظر آیا جس کی ھیبت سے اُلٹے پاؤں واپس ہوا اور آقائے کونین سے شکایت کی آپؑ اُٹھے اور جس سوراخ میں افعی چلا گیا تھا اُس کے پاس ٹھہر گئے اور تلوار رکھ کر کچھ کہا تھوڑی دیر نہ گذری تھی کہ افعی نکل آیا۔

(مناقب آل ابی طالب جلد دوم صفحہ ۱۹۷)

سید اسماعیل حمیری، شیعی دنیا میں محتاج تعارف نہیں ہیں مدح اہل بیتؑ سے ان کو خاص شغف تھا کناسہ میں پہنچ کر اعلان کیا کہ جو شخص کوئی ایسی فضیلت امیر المومنینؑ کی بیان کرے جو میں نے نظم نہ کی

ہوتو اُس کو انعام میں اپنا گھوڑا دوں گا لوگ آتے تھے اور سید اپنے ولولہ انگیز اشعار پڑھ کر خراج تحسین و آفرین لے رہے تھے کہ ایک شخص آیا اور یہ فضیلت بیان کی:

امیر المومنینؑ نے ایک مرتبہ نماز کے لیے طہارت شروع کی موزہ پاک کر کے رکھ دیا سوئے اتفاق سے اُس میں ایک افعی تھا، آپؑ پہنا چاہتے تھے کہ ایک کوا اُڑتا ہوا آیا اور موزہ لے کر اُڑ گیا، لوگ حیران تھے کہ یہ کیا واقعہ ہے جب غراب نے موزہ گرایا تو اُس میں سے ایک افعی نکلا، سید نے حسب وعدہ انعام دے کر رخصت کیا۔

جنگ نہروان کے لیے جا رہے تھے حکماء عرب میں سے ایک حکیم سے ملاقات ہوئی اُس نے کہا کہ یہ ساعت تو نحس ہے، مطلب یہ تھا کہ سفر کے ارادہ کو بدل دیجئے آپ نے اُس سے علم نجوم کے چند استفسارات کیے اور وہ مبہوت ہو کر رہ گیا ایک جواب بھی نہ دے سکا اُس وقت آپ نے کہا کہ میں اب تجھ سے پوچھتا ہوں کہ میرے گھوڑے کے داہنے پاؤں کے نیچے کیا ہے اور بائیں قدم کے تحت میں کیا ہے۔ اُس نے کہا مجھے زمین کا علم تو آسمان کے علم سے بھی کم ہے یہ سن کر آپ نے حکم دیا کہ گھوڑے کے داہنے پاؤں کے نیچے زمین کھودی جائے مٹی ہٹائی گئی تو طلاء خالص کا خزانہ نمودار ہوا، پھر دوسری طرف زمین کھودی گئی تو ایک افعی نکلا اور حکیم کا طوق گلو ہو گیا وہ الامان الامان پکارتا تھا جس کے جواب میں فرمایا کہ امان ایمان کے بعد ہے۔

وَاِنَّ هٰذَا الْعِلْمَ لَا يَعْلَمُهُ اِلَّا نَحْنُ وَبَيْتٌ فِي الْهِنْدِ۔ (مدینۃ المعاجز)

نجومی کو اس اعجاز کاری کا تعجب ہوا تو فرمایا یہ وہ علم ہے جو صرف ہم جانتے ہیں اور ایک گھرانہ ہندوستان میں اس کا ماہر ہے۔

امام زین العابدینؑ نماز پڑھ رہے تھے حالت قیام میں تھے کہ سمتِ قبلہ سے زمین شق ہوئی ابلیس ایک افعی کی صورت میں نمایاں ہوا جس کے دس منہ، دانت نہایت تیز تھے، آنکھیں پلٹی ہوئی اس ھیبت ناک شکل میں آپؑ کی طرف بڑھا آپؑ پر نہ تو خوف طاری ہوا نہ گوشہ چشم پھرا کر دیکھا حتی کہ اُس نے پائے اقدس کی اُنگلیاں منہ میں لے کر دانتوں سے دبائیں پھر بھی آپ نے پلٹ کر دیکھا نہ قدم میں جنبش ہوئی نہ نماز میں شک ہوا نہ دل میں وہم آیا اسی کوشش میں وہ ملعون تھا کہ آسمان سے ایک شہاب ثاقب آیا اور چیختا ہوا ہٹا اور اپنی پہلی صورت میں ہو کر کہا: (یا علی انت سید العابدین) اے علیؑ آپ ہی عبادت کرنے والوں کے سردار ہیں۔ وہ شخص ابلیس ہے یہ کہہ کر وہ شقی روانہ ہوا اور آپ اس صدا پر ہی ملتفت نہ ہوئے یہاں تک کہ نماز اعلیٰ شان سے تمام کی۔

اعمش ناقل ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظمؑ کے سامنے ہارون رشید کو غیر معمولی طور پر فروتنی کرتے دیکھا اور جب سبب پوچھا تو اُس نے کہا:

رَأَيْتُ مِنْ وَرَائِي أَفْعَى تَضْرِبُ بِنَابِهَا وَ تَقُولُ: أَجِبْهُ بِالطَّاعَةِ وَإِلَّا بَلَعْتُكَ.

میں اپنے پس پشت ایک افعی کو دیکھ رہا ہوں جو غصہ سے دانت پیس رہا ہے اور کہتا ہے کہ فرماں بردارانہ گفتگو کرو ورنہ میں ابھی نگل جاؤں گا۔ اس ڈر سے میں شیریں گفتاری کے ساتھ پیش آرہا ہوں۔

ہارون رشید کا غلام رشیق نامی ناقل ہے کہ مجھ کو ہارون نے موسیٰ بن جعفرؑ کے قتل کے لیے بھیجا اور میں اُن کو دربار میں لایا کہ قتل کردوں:

آپؑ نے اپنی چھڑی جو دست مبارک میں تھی حرکت دی اور وہ لکڑی افعی کی شکل میں متشکل ہوگئی اور لپک کر ہارون رشید کی گردن میں لپٹ گئی خلیفہ کو بخار چڑھ آیا اور معافی مانگ کر اس مصیبت سے نجات پائی۔

مقداد بن اسود کندی کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ پیغمبر خدا حسنینؑ کی تلاش میں برآمد ہوئے میں ساتھ ہوگیا کچھ دور گیا تھا کہ ایک درخت نظر آیا جس کے قریب زمین پر ایک افعی بیٹھا ہوا تھا انسان کی آہٹ پاکر یہ افعی درخت سے لانبا اور شتر سے زیادہ فربہ ہوگیا اور زبان سے آگ کے شعلہ نکل رہے تھے۔ پیغمبرؐ نے گوشہ چشم سے اُس کی طرف ملاحظہ فرمایا تو وہ ہیبت نبوی سے مثل ایک ڈورے کے ہوگیا۔ پیغمبر خدا نے مجھ سے پوچھا کہ اے برادر کندی جانتے ہو کہ یہ کیا کہتا ہے، میں نے عرض کیا کہ خدا و رسولؐ بہتر جانتے ہیں، فرمایا یہ کہتا ہے کہ خدا کا شکر ہے مجھے اس وقت تک زندہ رکھا کہ میں نے فرزندانِ پیغمبرؐ کی حفاظت کا شرف حاصل کیا یہ کہہ کر وہ افعی ریگستان کی طرف چلا گیا اسی درخت کے سائے میں حسنینؑ آرام کر رہے تھے اس دن سے پہلے کبھی اُس جگہ درخت نہ دیکھا تھا اور نہ پھر کبھی مجھے وہاں درخت نظر آیا۔ (یہ روایت طویل ہے جو ناسخ التواریخ جلد ششم ص ۶ میں درج ہے)

ابراہیم بن مالک اشتر نے خون امام حسینؑ کے انتقام میں جو جنگ کی رجز میں کہتے تھے:

أَنَا ابنُ الافعی الذکر:

یہ وہ احادیث و اخبار تھے جس سے آئمہ معصومینؑ کی اعجاز کاری کا ثبوت مل رہا ہے علاوہ بریں دیگر احادیث میں بھی لفظ افعی نظر آتی ہے۔

امام جعفر صادقؑ سے کسی نے عرض کیا کہ موت کا وصف بیان کیجیے، فرمایا:

لِلْمُؤْمِنِينَ كَأَطْيَبِ رِيحٍ يَشَمُّهُ فَيَنْعَسُ لِطِيبِهِ فَيَنْقَطِعُ التَّعَبُ وَ الْأَلَمُ كُلُّهُ

عَنۡهُ.

موت مومن کے لیے پاکیزہ ترین شمیم کی طرح ہے جس کو سونگھ کر مرنے والا مست ہو جاتا ہے اور جان کنی کی زحمت جاتی رہتی ہے۔

وَلِلْكَافِرِ كَلَسْعِ الْأَفَاعِيْ وَكَلَدْغِ الْعَقَارِبِ وَاَشَدُّ. (جامع الاخبار)

اور کافر کے لیے موت ایسی ہے جیسے کسی شخص کو افعی ڈس لے اور بچھو ڈنک ماریں۔

تعبیر:

اگر سیاہ سانپ خواب میں دیکھے تو دولت ملے گی۔

خواص:

شیخ الرئیس کا قول ہے کہ اگر افعی کو دو نیم کر کے اس کے کاٹے ہوئے مقام پر رکھیں تو درد ٹھہر جائے گا۔

الحکم:

سانپ کا گوشت حرام اور زہریلا ہے۔

ادبیات:

شعراء نے تلوار کو ناگن سے یہ دی ہے۔ میر انیس کہتے ہیں۔

ضربت پہ عقل دیکھنے والوں کی دنگ تھی　　افعی کسی جگہ تو کسی جا نہنگ تھی
افعی کی طرح منہ سے نکالے تھی زباں تیغ

سانپ کو ناگ کہتے ہیں شعراء نے تلوار کو ناگ سے تشبیہ دی ہے، میر انیس فرماتے ہیں۔

بجلی تھی چھلاوہ تھی کسی جا تو کہیں ناگ

زبان اردو میں یہ مثل ہے کہ کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا'' اور شاید یہ مشاہدہ بھی ہے سانپ سیاہ نکل آئے تو چراغ بڑھ جاتا ہے۔ ذوق دہلوی کا شعر ہے۔

سچ کہا ہے آگے کالے کے نہیں جلتا چراغ　　چھپ گیا مُرخِ پہ تیرے زلف شب گوں دیکھ کر آتش۔

زلفِ زیبا ہے قریب رُخ جاناں ہونا　　گنج کا سانپ کو لازم ہے نگہباں ہونا

ناسخ التواریخ جلد ۶ میں وہ واقعہ بھی درج ہے کہ جب حسنینؑ ایک باغ میں سو گئے اور رسول تلاش

کے لیے نکلے تو دیکھا کہ باغ میں ایک افعی ان کی حفاظت کر رہا ہے۔

ابراہیم بن مالک اشترؒ نے خون حسینؑ کے انتقام میں جو جنگ کی رجز میں کہتے ہیں:

انا ابن افعی الذ کر

انعام

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
چوپائے		چہار پایان	انعام

کلامِ عرب میں انعام سے مراد وہ جانور ہیں جو چوپائے کہے جاتے ہیں۔ قرآن مجید یہ لفظ کثرت سے استعمال ہوا ہے۔

أُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيمَةُ الْأَنْعَامِ إِلَّا مَا يُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَأَنْتُمْ حُرُمٌ۔ (سورۃ المائدہ:۱)

تمہارے واسطے چوپائے جانوران کے سوا جو تم کو پڑھ کر سنائے جائیں گے حلال کر دیے گئے مگر جب تم حالتِ احرام میں ہو تو شکار کو حلال نہ سمجھنا۔

مخلوق کی یہ قسم انسان کے لیے کثیر الفائدہ اور اطاعت شعار ہے اس کو نہ تو درندوں کے ایسے ناخن دیے گئے ہیں جو خطرناک ہوں نہ دیگر جانوروں کی طرح انسان سے غیر مانوس بنایا ہے جو صورت دیکھتے ہی بھاگ جائیں، نہ دانتوں میں وہ تیزی ہے جس سے اذیت دیں بلکہ جفاکش، مانوس بنایا ہے، بار برداری کی مصیبت پر صبر کرتے ہیں اور بھوک و پیاس میں کام سے جی نہیں چراتے، خدا نے ان کو انسان کے سامنے ذلیل و خوار کیا ہے جیسا کہ فرماتا ہے:

وَذَلَّلْنَاهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ۔ (سورۃ یٰس:۷۲)

ہم نے چار پایوں کو اُن کا مطیع بنایا تو بعض اُن کی سواریاں ہیں اور بعض کو کھاتے ہیں:

دوسرے مقام پر فرماتا ہے:

وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ نُسْقِيكُمْ مِمَّا فِي بُطُونِهِ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشَّارِبِينَ۔ (سورۃ النحل:٦٦)

اس میں شک نہیں کہ چوپایوں میں تمہارے لیے عبرت ہے کہ اُن کے پیٹ میں گوبر اور خون (جو کچھ بھرا ہے) اس میں سے ہم تم کو خالص دودھ پلاتے ہیں۔

اگر حقیقت بین نظر سے دیکھے تو بھی اقتدار معرفت الٰہی کے لیے کافی ہے۔

از خون سرخ نبر سفید آور دبرون   وز خار ہائے خشک گل تر کند پدید

ایک اور مقام پر ارشاد ہوتا ہے:

وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَاۤ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ۔ (النحل:۸۰)

اُس نے تمہارے واسطے چوپاؤں کی کھالوں سے گھر بنائے جنھیں تم سبک پا کر سفر و حضر میں کام میں لاتے ہو اور ان چارپایوں کے اُون اور روئیں اور بالوں سے ایک وقت خاص تک کے لیے تمہارے بہت سے اسباب اور کارآمد چیزیں بنائیں۔

جانوروں کی کھال خیمہ ڈیرے میں اس وقت استعمال نہیں ہوتی ممکن ہے کسی وقت میں رواج ہو جس کی طرف قرآن نے اشارہ کیا ہے اس میں شک نہیں کہ اگر یہ قرآنی مشورہ عام ہو جائے تو کھالوں کے خیمے کپڑے سے کہیں مستحکم ثابت ہوں گے اور مینہ کا اثر اس کے سائے میں بیٹھنے والوں کو پریشان نہیں کرسکتا ممکن ہے مستقبل کی تحقیقات میں یہ بھولا ہوا درس پھر یاد دلایا جائے۔

اس وقت جرمنی کے سائنسدان جانوروں کے دودھ سے کپڑے تیار کرنے کی فکر میں ہیں وہاں دودھ کی فراہمی کے مسئلہ پر خاص طور سے غور کیا جارہا ہے تاکہ دودھ کی مقدار اس قدر زیادہ ہو جو غذا کے علاوہ ستر پوشی کا بھی کام دے۔ (اخبار شیعہ: ۳۸/۱۰/۸)

خداوند عالم نے کفار کو چوپاؤں سے تشبیہ دی ہے:

اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ۭ اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا۔ (الفرقان: ۴۴)

کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ ان میں (کفار) اکثر سنتے یا سمجھتے ہیں یہ تو مثل چوپاؤں کے ہیں بلکہ اُن سے بھی زیادہ راہ سے بھٹکے ہوئے ہیں۔

سورہ انعام:

اس سورہ کا بیشتر حصہ مکہ میں نازل ہوا ہے اس میں ۱۶۵ آیتیں ہیں یہ سورہ ساتویں پارے سے شروع ہو کر آٹھویں پارہ کے نصف تک پہنچتا ہے۔ امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ اگر کوئی شخص کسی قسم کا مرض رکھتا ہو کہ اُس میں خوف ہلاکت ہو تو سورہ انعام پڑھے تو اُسے اُس عارضہ سے کوئی مکروہ نہ پہنچے گا۔

اِوَزّ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
بڑی بطخ	Duck	مرغابی	اِوَزّ

بطخ پانی میں پیرنے والے پرندوں میں ہے اس کی بہت سی قسمیں ہیں سرخ، سفید ورنگین چھوٹی، بڑی کئی طرح کی ہوتی ہیں اور آسمان پر بہت بلند اُڑتی ہیں۔ جن بطخوں کی گردن لانبی ہوتی ہے وہ اُڑ نہیں سکتیں، چونچ بطخ کی عموماً چوڑی ہوتی ہے پنجہ سب کے ایک طرح کے ہوتے ہیں۔ یہ جانور گرم مزاج ہوتا ہے اس لیے پانی ڈھونڈھتا ہے اوران میں کی وہ قسم قاز کہلاتی ہے موسم سرما ختم ہونے پر گرم شہروں کو چھوڑ دیتی ہیں زیادہ تر پہاڑوں پر رہتی ہے اور جب گرمی ختم ہوجاتی ہے تو جھنڈ کے جھنڈ پھر پلٹ آتے ہیں۔ بینظیرؔ۔

اُڑے کھول کر قاز و سرخاب پر   گرے مرغ آبی وہ تالاب پر

مرغابیوں کے پر خاص طور پر چکنے ہوتے ہیں جب وہ پانی میں غوطہ لگا کر نکلتی ہے تب اُس پر ہاتھ پھیرو تو بالکل سوکھی معلوم ہوتی ہیں، پیر جھلّی دار ہوتے ہیں جس کی وجہ سے بہ آسانی تیر سکتی ہیں۔

بطخ میں یہ خاص بات ہے کہ عالم پرواز میں ابابیل کی طرح بولتی ہوئی اُڑتی ہے، مادہ انڈے خود سیتی ہے نر حفاظت کرتا ہے اوسط قد کی بطخ نو یا گیارہ انڈے دیتی ہے اور اُنیسویں دن یا پورے ایک مہینہ کے بعد بچہ نکل آتا ہے اور بچہ نکلتے ہی دریا میں شناوری کرتا ہے۔

حضرت ابراہیمؑ نے جن چار پرندوں کو ذبح کر کے زندہ فرمایا تھا اُن کا مفصل حال اپنے مقام پر انشاء اللہ آئے گا لیکن بعض روایات میں ہے کہ اُن میں بطخ بھی تھی اور اُس کے ذبح کرنے سے اشارہ اس طرف تھا کہ وہ لالچ اور حرص کا قلع قمع کرنا چاہتے تھے۔ (خصال ابن بابویہ)

براء بن عازب راوی ہے کہ ایک مرتبہ مرغابیوں کا غول اُڑتا ہوا آیا اور جناب امیر المومنینؑ کے سر مبارک کے قریب ٹھہر کر فضاء میں بولنا شروع کیا۔ اپنے اصحاب سے فرمایا کہ یہ مجھ پر اور تم پر سلام کرتے ہیں۔ ان باتوں کو سن کر نفاق پسند لوگ چشم وابرو سے اشارہ کرنے لگے۔ آقائے کونینؑ نے جب یہ حال دریافت کیا تو فرمایا: اے قنبر! مرغابیوں کو پکار کر کہو:

اَیُّهَا الْاِوَزُّ اَجِیْبُوْا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَاَخَا رَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

اے مرغابیوں امیر المومنینؑ اور رسولؐ دوسرا کے بھائی کی صدا پر لبیک کہو۔

قنبر نے پکارا اور مرغابیوں نے اپنے تئیں سر اقدس کے نزدیک پہنچا دیا۔ آپؑ نے اشارہ کیا کہ اُتر آؤ۔ حاضرین کہتے ہیں کہ ہم نے دیکھا کہ طائر پر تول کر زمین کی طرف جھکے اور صحن مسجد میں اُتر آئے اُس وقت آپ نے اُن سے ایسی گفتگو کی جو ہماری سمجھ میں نہ آئی مرغابیوں نے بھی گردنیں بلند کر کے اپنی صدا میں کچھ کہا پھر آپ نے فرمایا:

اَنْطِقْنَ بِاِذْنِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْجَبَّارِ

خدائے عزیز وجبار کے حکم سے بولو

وہ نہایت فصاحت و بلاغت کے ساتھ زبانِ حال سے گویا ہوئیں اور کہا السلام علیک یا امیر المومنینؑ وخلیفۂ رسول رب العالمین۔

واقعات سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ خود آپؑ کے گھر میں مرغابیاں پلی ہوئی تھیں چنانچہ شبِ ضربت جب آپؑ اس آخری نماز جماعت کے لیے گھر سے برآمد ہوئے تو مرغابیوں نے گھیر لیا۔ اُس وقت فرمایا: صَوَائِحُ تَتْبَعُهَا النَّوَائِحُ

ان صداؤں کے بعد نوحہ کی آوازیں بلند ہونے والی ہیں۔

اس سے اشارہ سرِ مبارک پر ابن ملجم کی زہر آلود تلوار پڑنے پر تھا۔ یہ دلیل آپ کے وفورِ علم کی ہے اور اس سے جانوروں کے احساسات کا پتہ بھی چلتا ہے۔ عشق ؎

لپٹ جاتی ہیں جب مرغابیاں پائے مبارک سے　　　　قنبر کے دستِ شفقت سے انھیں آقا ہٹاتے ہیں

تعبیر:

بطخ دیکھنا حاکم یا افسر سے نفع اُٹھانے کی دلیل ہے اور اگر بطخوں کو اپنے تئیں گھیرے ہوئے دیکھے اور بطخیں شور کر رہی ہوں تو کسی خطرہ کا سامان ہوگا جس سے بچاؤ دشوار ہے۔

شیخ الرئیس نے اپنے رسالہ تعبیر خواب میں لکھا ہے کہ ایک حاملہ عورت نے خواب میں بطخ دیکھی اور کسی سے خواب بیان کیا اُس نے تعبیر دی کہ تیرے ایک فرزند ہوگا جس کو روزی دریا سے حاصل ہوگی ایسا ہی ہوا کہ لڑکا پیدا ہوا اور اُس کا روزگار دریا میں سفر ہے۔

مرغ آبی کی صدا سننا باعث پریشانی ہے اگر مرغ آبی کو شکار کرتے دیکھے تو کسی بادشاہ یا عزیز سے انعام ملے یا برسرِ حکومت ہو اور اگر مرغابی کا گوشت کھاتے دیکھے تو مال حلال پائے مرض دور ہو دریائی سفر سے دولت ملے۔

خواص:

کہتے ہیں کہ اس کے پیٹ میں ایک پتھر ہوتا ہے اگر اُس کو گھس کر صاحب اسہال کو پلائیں نافع ہے، اس کی ہڈیاں جلا کر اعضاء کے درد میں ملنا مفید ہے، انڈے بطخ کے مقوی باہ ہیں۔

الحکم:

گوشت اس کا حلال ہے اگر بطخ فضلہ خورد ہو تو پانچ دن روکنے سے اُس کا استبرا ہو جاتا ہے۔

بطخ کی جملہ قسمیں حلال ہیں میں نے حسبِ ذیل قسمیں دریافت کی ہیں لال سر، بھتی، کرچھا، ابلق، چیتوا، پنجرا، سنگھور، گرریا، سنک بھر یہ قسمیں شاہانِ اودھ کے عجائب خانہ واقع قیصر باغ میں موجود ہیں۔ صفحہ ۲۴۸ ملاحظہ ہو۔

قَرقَرہ:

بطخ کی ایک مشہور قسم ہے جس کے اُڑتے وقت قرقر صدا آتی ہے۔ مولوی سید آل حسن صاحب مدظلہ مورانوی صدر الافاضل اس کو بطخ کی قسم اور حلال جانور بتاتے ہیں۔ میر حسن اپنی مثنوی میں کہتے ہیں۔

صدا قرقروں کی بطوں کا وہ شور　　درختوں پہ بگلے بروں پہ مور

دوسرے مقام پر خزاں کے حال میں فرمایا ہے۔

نہ بگلوں کا عالم نہ وہ قرقرے　　نہ وہ آب جوئیں نہ سبزے ہرے

اردو میں قُرقُل بھی غالباً اسی کو کہتے ہیں یا وہ دوسری بطخ ہے۔

ادبیات:

شاعروں نے شیشہ و ساغر کو بطخ سے تشبیہ دی ہے غالب کہتے ہیں:

پھر ہوا وقت، کہ ہو بال کشا، موج شراب　　دے بطِ مے کو، دل و دست شنا، موج شراب

ابن آوی

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ابن آوی	شغال	Jackal	گیدڑ، سیار

زرد رنگ کا ایک جانور ہے جو میووں کا دشمن ہوتا ہے۔ اس میں کچھ ایسا جذب ہوتا ہے کہ مرغ کی جب اس پر نگاہ پڑتی ہے تو خود سے اُس کے پاس چلا جاتا ہے اور اس کا لقمہ بنتا ہے۔ سیار کھیت اور نالہ میں رہتے ہیں زیادہ تر دیہات یا شہر کے غیر آباد حصہ میں رہتے ہیں۔ ان کے غول نظر آتے ہیں جو دوپہر کو اور دونوں وقت ملے اور رات کے مختلف اوقات میں شور کرتے ہیں۔ ایک سیار بولتا ہے تو سب چیخ اُٹھتے ہیں۔

حکایت:

نواب آصف الدولہ یحییٰ علی خان فرمانروائے اودھ بہادر، بڑے روشن خیال اور رعایا پرور تاجدار تھے۔ شاہی محل سرا محلہ کہدرے میں تھی جو پلِ پختہ کے عقب میں واقع ہے۔ موسم سرما میں شب کو سیاروں کے شور میں بادشاہ کی نیند حرام ہو جاتی تھی حاشیہ نشینوں سے شکایت کی ایک دن کسی ندیم نے عرض کی سرکار یہ سب جاڑے سے بے چین ہیں بیچین نہ تو کیا کریں۔ حکم دے دیا کہ سرمائی سامان جلد بھیجا جائے ملازمین تو یہ جانتے ہی تھے کہ اس حیلہ سے غربا کا فائدہ ہو اور شاہ کا ابر کرم برس پڑے سیکڑوں غربا کو جڑاول تقسیم ہوگی۔ دوسرے دن پھر وہی شور تھا بادشاہ نے طنزیہ وزیر سے پوچھا کہ آج کیوں چیختے ہیں۔ سنجیدہ وزیر نے برجستہ جواب دیا حضور پرنور کو دعائیں دے رہے ہیں۔ شاہانِ اودھ کے دستِ کرم کے یہ ادنیٰ کرشمہ تھے جس سے خلائق فیضیاب ہوتے تھے۔

شکاری کتے سیار کا خوب شکار کرتے ہیں۔ کلام معصومینؑ میں گیدڑ کا کئی جگہ ذکر ہے۔

امام حسینؑ نے فرمایا کہ گیدڑ اپنی بولی میں کہتا ہے:

اَلْوَیْلُ اَلْوَیْلُ لِلْمُذْنِبِ الْمُصِرِّ۔

عذاب الٰہی اُس گناہ گار کے لیے ہے جو اپنے گناہوں پر اصرار کرتا ہے۔

تعبیر:

اگر سیار کو خواب میں دیکھے تو کمزور دشمن کا مقابلہ ہو جو تاب مقاومت نہ لا سکے۔

خواص:

اس کا مغز اسخوان ضماد کرنا برص کے لیے مفید ہے۔

الحکم:

دعائم الاسلام میں جناب امیرؑ سے روایت ہے کہ:

لَا یُؤکَلُ الذِّئْبُ وَلَا النَّمِرُ وَلَا الفَھْدُ وَلَا الْاَسَدُ وَلَا ابْنُ آوَی وَلَا الدُّبُّ وَلَا الضَّبُعُ وَلَا شَیْءٌ لَہُ مِخْلَبٌ۔ (مستدرک الوسائل)

بھیڑیا نہ کھاؤ اور نہ چیتا اور نہ تیندوا نہ شیر نہ سیار نہ ریچھ نہ بجو اور نہ وہ جانور جس کے چنگل ہو۔

ادبیات:

گیدڑ بھبکیاں غیر موثر غصہ کو کہتے ہیں اور رنگا ہوا سیار اُس کو کہتے ہیں جس کا ظاہر اور باطن یکساں ہو۔ شیخ سعدی کہتے ہیں۔

صیاد نہ ہر بار شغالے بیرد   باشد کہ یکے روز پلنگش بخورد

فارسی میں ایک کتاب مفرح القلوب گیدڑ نامہ ہے جو تقی تاج الدین نے بطور قصہ تالیف کیا ہے ۱۰۰۱/۲،۶ پیمانہ پر ۴۸ صفحہ میں طبع ہوئی ہے۔

دوسری کتاب رنگے سیار ناول ہے جو محمد رضا مولف نے فسانہ آزاد سے منتخب کر کے بزبان اردو لکھی ہے۔

گیدڑ پور ہزارہ کے ضلع میں ایک مقام ہے۔

(ب)

البازی

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
البازی	باز	Hawk	

یہ جانور سب پرندوں میں سرکش اور غصہ ور ہوتا ہے۔ صاحب عجائب المخلوقات نقل کرتے ہیں کہ باز نر نہیں ہوتا اس کا نر چیل یا کوا ہوتا ہے اسی سبب سے صورت اس کی مختلف ہوتی ہے۔ صاحب غیاث

اللغات کی تحقیق یہ ہے کہ باز کے نر کا نام جُرہ ہے یہ مادہ کی نسبت قد میں چھوٹا اور کمزور ہوتا ہے۔ کیر موتیا باز کی ایک قسم ہے جو قیصر باغ کے عجائب خانہ میں موجود ہے۔ باز کے حالات علامہ علی حزین نے باز نامہ میں لکھے ہیں۔

مچھلی، چڑیاں اور چھوٹے پرندوں کا خوب شکار کرتا ہے۔ یہ جانور اپنا آشیانہ اُونچے درخت پر بناتا ہے جس کی شاخیں گنجان ہوتی ہیں اس خوبصورتی اور استحکام سے گھونسلا بناتا ہے کہ برسات کا پانی اندر تک نہیں پہنچ سکتا۔ حدیث میں ہے کہ باز کی صدا (سبحان ربیّ وبحمدہ) ہے اور امام حسینؑ کا ارشاد ہے کہ باز کہتا ہے: یَا عَالِمَ الْخَفِیَّاتِ یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ

احادیث شیعہ میں باز کا ذکر جا بجا ہے۔ عبدالسلام بن صالح ہروی کہتا ہے کہ میں نے امام رضاؑ سے سنا کہ رب العزت نے اپنے انبیاء میں سے کسی نبی کی طرف وحی کی کہ جب صبح ہو تو پہلے جو چیز تمہارے سامنے آئے اُس کو کھا لینا اور اُس کے بعد دوسری بار جو ملے اُس کو چھپانا اور پھر تیسری مرتبہ جو چیز سامنے آئے اُس کو قبول کر لینا اور چوتھی مرتبہ جس کا سامنا ہو اُس کو مایوس نہ کرنا اور پانچویں شئے سے بھاگنا۔ صبح ہوئی اور نبی گھر سے برآمد ہوئے سب سے پہلے ایک پہاڑ سیاہ رنگ کا نظر آیا دیکھ کر ٹھہر گئے اس خیال میں کہ خدا نے حکم دیا تھا جو چیز سب سے پہلے ملے اُس کو کھا جانا (پہاڑ کا لقمہ بنانا کیوں کر ممکن ہے) اس تحیر میں تھے کہ دل سے فیصلہ کیا خدا ناممکنات کا حکم نہ دے گا آگے بڑے پہاڑ چھوٹا ہونا شروع ہوا حتیٰ کہ ایک لقمہ کے برابر ہو گیا اور آپ نے بلا تکلف اُس کو نوش فرمایا تو نہایت خوش ذائقہ اور پاکیزہ لقمہ تھا آگے بڑھے سونے کا طشت ملا خیال کیا کہ خدا نے حکم دیا تھا اب جو ملے اُس کو پوشیدہ کر دینا تعمیل کے لیے بڑھے زمین میں ایک گھڑا کھود کر اُس کو دفن کر دیا آگے بڑھے تو ایک چڑیا کے پیچھے باز جا رہا تھا چڑیا نے گرد پھر کر پناہ طلب کی نبی کو خیال ہوا خدا نے حکم دیا تھا اُس کو قبول کر لینا فوراً آستین میں لے لیا۔ باز نے کہا آپ نے میرا شکار جس کے پیچھے میں کئی دن سے تھا لے لیا۔ نبی نے فرمایا میرے رب نے مجھے حکم دیا ہے اُس کو مایوس نہ کروں یہ کہہ کر اپنے پاس سے ایک گوشت کا ٹکڑا باز کو دیا اور آگے بڑھے تو ایک مردہ جسم کا پارہ گوشت جو بدبودار تھا اور کیڑے رینگ رہے تھے نظر آیا دل میں کہا کہ خدا نے مجھے حکم دیا ہے کہ اس سے بھاگوں وہاں سے چلے آئے خواب میں دیکھا کوئی کہہ رہا ہے تم کو حکم ملا تھا اُس پر عمل کیا لیکن سمجھے کہ کیا راز تھا عرض کیا نہیں فرمایا پہاڑ کو وہ غضب تھا انسان کو جب غصہ آتا ہے تو اُس کو اپنا نفس نظر نہیں آتا اور اپنے فرائض شدت غضب سے بھول جاتا ہے اور جب نفس کی حفاظت کرتا ہے اور فرائض کو محسوس کرتا ہے تو غصہ فرو ہو جاتا ہے اور انجام اُس کا پاکیزہ لقمہ کی طرح

ہوتا ہے، اب رہا طلائی طشت وہ عمل صالح تھا جسے بندہ کو پوشیدہ رکھنا چاہیے مگر خدا اُس کو اُبھارتا ہے تا کہ اُس عمل کو اس کا سبب زینت قرار دے کر اجر فراہم کرے، طائر کا مطلب یہ تھا کہ جو مرد تمہارے پاس نصیحت کے لیے آئے اُس کو قبول کرو اور باز وہ ہے کہ جو کسی حاجت کے لیے آئے تو اُس کو مایوس نہ کرو اور بدبودار گوشت غیبت ہے جس سے ہمیشہ بھاگو۔ (خصال، جلد اول ص ۱۲۸)

جناب امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ کے معاجز میں باز و کبوتر کا قصہ مشہور ہے جو تحفۂ تحقیق ہے شاعر کہتا ہے۔

وہ مفتی ہر چار دفتر ہوئے　　وہ قاضی باز و کبوتر ہوئے

رزق کی حقیقت بیان کرتے ہوئے جناب امیرؑ کا ارشاد ہے:

لَمْ يُرْزَقُوهَا بِعَقْلٍ حِينَ مَا رُزِقُوا　　لَكِنَّهُمْ رُزِقُوهَا بِالْمَقَادِيرِ
لَوْ كَانَ عَنْ قُوَّةٍ أَوْ عَنْ مُغَالَبَةٍ　　طَارَ الْبُزَاةُ بِأَرْزَاقِ الْعَصَافِيرِ

مخلوق کو جب روزی تقسیم ہوئی تو سبب عقل کے روزی نہیں ملی بلکہ اُن کی روزی مقدرات کے سبب سے ملی اگر طاقت اور غلبہ معیار ہوتا تو باز چڑیوں کی روزی لے اُڑتے۔

امام حسینؑ نے روز عاشور وقت رخصت جو اشعار اپنی دختر سکینہؑ سے وداع ہوتے وقت پڑھے اُس میں فرمایا:

لقد كان القطاء بارض نجدة　　قرير العين لم يجد الفراما
تولة　　البُزاةُ　　فهيمة　　ولو ترك القطا نفا ذماما

امام جعفر صادقؑ نے ایک موقعہ پر چند پرندوں کے ساتھ مردہ باز کو زندہ کر دیا تھا۔ یوسف بن ظبیان کہتے ہیں میں ایک گروہ اصحاب کے ساتھ امام جعفر صادقؑ کی خدمت میں حاضر تھا کہ آپؑ سے جناب ابراہیمؑ کا قول (رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتَىٰ) پوچھا۔

آپؑ نے فرمایا: کہ کیا تم چاہتے ہو کہ تم کو وہ چیز دکھاؤں جو ابراہیمؑ نے دیکھی تھی۔

سب نے عرض کیا ہاں۔

آپؑ نے فرمایا: (یا طاوس، یا بازی، یا غراب، یا دیک) اے مور، اے باز، اے کوے، اے مرغ۔

بس ہم دیکھ رہے تھے کہ مور، باز، کوا، مرغ چاروں سامنے آگئے آپؑ نے ان کو پارہ پارہ کیا اور ان کے حصہ پہاڑوں پر رکھ دیئے اور آواز دی۔ امام کی صدا کے ساتھ ہڈیاں اُڑ کر ایک دوسرے سے مل رہی تھیں گوشت گوشت سے اعصاب پٹھوں سے متصل ہو رہے تھے اور دیکھتے دیکھتے ہر طائر اپنی

پہلی صورت میں آ گیا اُس وقت فرمایا کہ میں نے وہی اعجاز دکھا دیا جو ابراہیمؑ نے دکھایا تھا ہم کو بھی وہی کرامات خدا نے دی ہیں جس کے ابراہیمؑ حامل تھے۔

دور ماضی میں بادشاہوں کو عموماً باز پالنے کا شوق ہوا کرتا تھا۔ مامون رشید کے پاس ایک سفید رنگ کا باز تھا جس کو وہ بہت دوست رکھتا تھا شکار کے موقع پر جب اُس کو چھوڑا تو دیر ہوگئی اور باز نہ آیا۔ مامون نے حکم دیا کہ خیمہ نصب ہو اور قسم کھائی کہ جب تک باز نہ آئے گا میں واپس نہ ہوں گا یہ ارادہ کر کے سردارانِ لشکر کو جستجو میں دو دو تین تین دن کی راہ پر چاروں طرف روانہ کیا اور انتظار میں ایک شبانہ روز گذرا جب دوسرا دن آیا تو وقت عصر باز واپس ہوا منقار میں اس کے ایک جانور تھا جو تڑپ رہا تھا اُس کا رنگ اس طرح چمکتا تھا جیسے دھوپ میں فولادی تلوار چمکتی ہے۔ مامون نے چھڑا کر ایک سونے کے طشت میں رکھا اور اطباء، حکماء، فقہاء، قضاۃ، حکام شہر اور دیگر سر برآوردہ لوگوں کو بلا کر پوچھا کہ آپ میں کسی نے ایسا جانور دیکھا ہے؟ سب نے کہا ہم نے ایسا جانور نہیں دیکھا اور ہم نہیں جانتے کہ یہ کیا ہے۔ یحییٰ بن اکثم اور قاضی ابو یوسف نے کہا کہ رافضیوں کے امام موسیٰ بن جعفرؑ کے سوا کوئی اس کی کیفیت بتا نہیں سکتا اُن کو طلب کرو اگر کچھ بتایا تو ہمارے معلومات بڑھیں گے ورنہ اُن کی رسوائی ہوگی۔ وہاں بارگاہِ امام میں چند مخلص آپ کے حاضر تھے حکم شاہی سن کر آپ مع احباب کے اُٹھ کھڑے ہوئے۔ مامون نے کہا کہ میں نے شوق زیارت میں طلب کیا ہے۔ فرمایا شوق لقاء تو نہیں ہے خدا نے زیر آسمان ایک بحر مکفوف اور شیریں پیدا کیا ہے جس کی موجیں اِدھر اُدھر گرتی ہیں اس کے بعد آپ نے اُس دریا کے حالات بیان کرنا شروع کیے اور فرمایا کہ اُس دریا کا طول سولہ فرسخ ہے ملائکہ کے فرسخ کے حساب سے جو گھوڑا سوار دو سو برس پیہم راستہ طے کرے اُس کے گرد وہ فرشتہ ہیں جن کی شان میں قرآن مجید میں ہے:

وَاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ۔ (سورۃ الصافات: ۱۶۵، ۱۶۶)

اس دریا میں خداوند عالم نے مچھلیوں کی طرح چھوٹے بڑے مخلوق پیدا کیے ہیں جن کے چہرے انسان کی طرح ہیں جو نر ہیں اُن کے چہروں پر مثل داڑھی کے آثار اور مادہ کے عورتوں کی طرح لمبے بال ہیں جسم اور شکم اُن کی بالکل مچھلی کی طرح ہیں اور جسم پر مچھلی کے ایسے چھلکے ہیں ہاتھ پیر انسان کے سے ہیں خدا نے تسبیح و تقدیس کے لیے اُن کو خلق کیا ہے ذکر خدا نے اُن کے جسموں میں نور کی تڑپ پیدا کردی ہے جس سے دیکھنے والوں کی نظریں خیرگی کرتی ہیں جب عبادت میں کمی کرتے ہیں تو خدا باز کو مسلط کرتا ہے وہ ان کو کھا جاتا ہے (یہ اوصاف سن کر) رشید نے کہا طشت لاؤ طشت جو کھولا تو باز نے

جست کر کے اُس کو کھالیا۔

اشہب رنگ کا باز عربستان کے سوا کہیں نہیں ہوتا۔ مامون رشید کی سواری نکل رہی تھی اور اطفال شہر کھیل رہے تھے جب بادشاہ کی آمد ہوئی تو سب بچے بھاگ گئے انہیں میں امام محمد تقیؑ بھی تھے آپؑ جگہ سے نہ ہٹے مامون آپ کو پہچانتا نہ تھا کہنے لگا اس طفل کو میرے پاس لاؤ آپ لائے گئے پوچھا صاحبزادہ تم کون ہو تم کیوں نہ بھاگے فرمایا:

مالی ذنب فأفرّ منه. ولا الطریق ضیق فاوسعه علیك۔

نہ میں نے کوئی گناہ کیا تھا جو بھاگتا اور نہ راہ تنگ تھی جو تجھے راستہ دیتا۔

پوچھا تم کون ہو؟ کہا میں محمد بن علی بن موسیٰ بن جعفر بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب علیہم السلام ہوں۔ پوچھا کچھ علم سے بھی بہرہ ہے۔ فرمایا:

سَلْنِی مِنْ اَخْبَارِ السَّمٰوَاتِ۔ مجھ سے آسمانوں کی خبریں پوچھ۔

یہ سن کر بادشاہ آگے بڑھا مامون کے ہاتھ پر ایک باز اشہب سپید سیاہی مائل تھا دور جا کر اُس کو چھوڑا باز واپس آیا تو منقار میں ایک مچھلی تھی مامون نے مصاحبوں سے کہا میرے روبرو اُس بچہ کی ذلت کا وقت آ گیا سواری واپس ہوئی اور آپؑ اُسی طرح اطفال کے جھرمٹ میں تھے مامون نے کہا:

مَا عِنْدَکُمْ مِنْ اَخْبَارِ السَّمٰوَاتِ؟ آپ کے پاس کوئی آسمانی خبر ہے۔

فرمایا: ہاں میرے باپ نے اپنے آباء طاہرینؑ سے اور انھوں نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اور آنحضرتؐ نے جبرئیل سے اور انھوں نے خدا سے روایت کی ہے کہ زیرِ آسمان ایک دریا ہے جس کی موجیں متلاطم ہیں:

فِیْهِ حَیَّاتٌ خُضْرُ الْبُطُوْنِ رُقْطُ الظُّهُوْرِ وَ یَصِیْدُهَا الْمُلُوْكُ بِالْبُزَاةِ الشُّهْبِ یَمْتَحِنُ بِهَا الْعُلَمَاءُ۔

اُس دریا میں سبز پوٹے کی مچھلیاں ہیں جن کی پشت پر چتیاں بنی ہوئی ہیں اُن کو اپنے بازہائے اشہب سے بادشاہ شکار کرتے ہیں اور علماء کا امتحان لیتے ہیں۔ مامون نے کہا سچ فرمایا آپ کے جد بھی صادق تھے اور آپ کا خدا بھی سچا ہے یہ کہہ کر گھوڑے پر بٹھالیا اور اپنی دختر کا عقد آپ کے ساتھ کر دیا۔ (مدینۃ المعاجز)

تعبیر:

باز کو حملہ کرتے ہوئے خواب میں دیکھنے سے دشمن کے مقابلے کے لیے تیار رہے۔ اگر باز ہاتھ

میں دیکھے تو حکام وقت فرماں بردار ہوں دشمنوں کے دلوں پر حکومت کرے۔

خواص:

اس کے پتہ کا سرمہ لگانا اوائل موتیا بند میں مفید ہے۔

الحکم:

باز حرام جانور ہے۔ باز کی جتنی قسمیں ہیں شکرا، بحری، بجّش، بحرہ وہ سب حرام ہیں۔

ادبیات:

۱) ادباء کے کلام میں باز کا ذکر نہایت خوبصورتی سے نظر آتا ہے کسی عرب کا مقولہ ہے:

الشیب ابھیٰ من الشباب　　فلا تھجنہ بالخضاب

ھذا غراب رداك باز　　والباز خیر من الغراب

پیری تو جوانی سے خوشنما ہے اُس کو خضاب سے خراب نہ کرو یہ کوا ہے اور وہ باز اور باز (سفید) (کالے) کوے سے بہتر ہوتا ہے۔

۲) اردو میں باز مذکر ہے شاعر کہتا ہے۔

عید کے دن یوں گلے لپٹا وہ مجھ سے دوڑ کر　　جس طرح سے باز آتا ہے کبوتر کی طرف

کسی کام میں ندامت اُٹھانے کے موقع پر کہتے ہیں "جس طرح بادشاہ باز مار کر پچھتایا اُس طرح مجھے ملال ہے۔

آتش۔

خدا نے حسن کا رتبہ کیا ہے عشق پر غالب　　جو اُس کو باز سے ہے شوق تو مجھ کو کبوتر سے

وحید۔

اک جا مقام باز و کبوتر کے ہوتے ہیں　　جا کر غزال شیر کے پہلو میں سوتے ہیں

باشق

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
باشق	باشہ		

یہ پرند شکاری جانوروں میں سب سے چھوٹا ہوتا ہے۔ باشہ چڑیا کا دشمن اور دوسری چھوٹی چڑیوں

اور فاختہ کا بھی شکار کرتا ہے اس کا ذکر حدیث امام حسینؑ میں ہے آپ نے فرمایا کہ باشق کہتا ہے ''میں تیری خدائی پر ایمان لایا ہوں اور قیامت کے دن کو برحق سمجھتا ہوں''۔

تعبیر:

باشق کو خواب میں دیکھنے سے تعبیر مثل باز کے ہے۔

خواص:

اس کا دماغ اگر ایکدرم باورنجبوہ کے ساتھ کھائیں تو خفقان کو نافع ہے۔

الحکم:

گوشت اس کا حرام ہے۔

ببغا

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ببغا	طوطا	Parrat	مٹھو

طوطا مشہور پرندہ ہے جو زیادہ تر ہرا ہوتا ہے سرخ اور زرد اور سفید اور ابلق طوطے بھی دیکھے گئے ہیں طوطا عموماً سبز ہوتا ہے جوانی پر سیاہ رنگ کا کنٹھ طوق کی طرح نکلتا ہے۔ بڑے طوطے کو کاکاتوا کہتے ہیں جو چیل کے برابر تک ہوتے ہیں چھوٹے طوطے لال کے برابر ہوتے ہیں۔ اس کی چونچ نوک دار اور گھومی ہوئی ہوتی ہے۔ طوطا آٹا اور پھل، ترکاریاں، مرچ بڑی خوشی سے اتا ہے۔ ہندوستان مین طوطے کی دوقسمیں ٹویاں اور لہبر زیادہ تر ہوتی ہیں ایک قسم سبز رنگ ہے جس کا سر وگردن نیلا ہوتا ہے یہ دھان کہلاتا ہے اور زیادہ نازک ہوتا ہے۔

طوطے کی کم از کم ۷۰ اقسمیں دریافت ہوئی ہیں۔ دنیا کے گرم ملکوں میں ہوتے ہیں طوطوں کی چونچیں بڑی مضبوط گولائی لیے ہوئے ہوتی ہیں اور اُن کا آخری حصہ آنکڑے کی طرح ٹیڑھا ہوتا ہے لیکن نوک تیز اور آگے کی طرف نکلی ہوئی ہوتی ہے جو کام آدمی کے ہاتھ کرتے ہیں وہی کام اُن کے پنجے کرتے ہیں اُن سے وہ چھوٹی چھوٹی چیزیں پکڑے رہتے ہیں اور کتر کتر کر کھاتے ہیں اُن کے پنجوں میں دو آگے اور دو پیچھے چار انگلیاں ہوتی ہیں اُن میں ناخن ہوتے ہیں اور اس لیے وہ بہت کم زمین پر اُترتے ہیں اُن کے چڑھنے اُترنے کا ڈھنگ بھی نرالا ہے وہ پاؤں اور چونچ دونوں کی مدد سے چڑھتے

اُترتے ہیں۔طوطوں کے مزاج میں اتحاد بہت ہے اُن کا جھنڈ ساتھ اُڑتا ہے۔مادہ درختوں کے کونوں یا چٹان کے سوراخوں میں انڈے دیتی ہیں۔بچے کے پورے پر تین مہینہ بعد نکل آتے ہیں۔ اگر آدمی سے کہا جائے کہ ایک ٹانگ سے کھڑے ہو تو دس منٹ ہی کھڑا رہنا مشکل ہے طوطا جب تک ایک چیز کھا نہیں لیتا ایک پاؤں سے اُس کو پکڑے دوسرے پاؤں پر کھڑا رہتا ہے۔طوطوں کی عمریں بہت بڑی ہوتی ہیں کوئی کوئی اسی برس تک جیتا ہے۔

طوطے میں یہ خاص صفت ہے کہ اگر اُس کو پڑھاؤ تو بولنے لگتا ہے اور جس بات کو رٹ لیتا ہے پھر نہیں بھولتا بوڑھا طوطا پڑھ نہیں سکتا دن بھر ٹے ٹے کیا کرتا ہے۔ہندوستان میں شاذ و نادر انسان کا نام مٹھو رکھا جاتا ہے۔کسی شاعر نے طوطے کی تاریخ حسب ذیل کہی ہے۔

میاں مٹھو جو ذاکرِ حق تھے — رات دن نام حق رٹا کرتے
اگرچہ موت نے جو آ دابا — مضطرب ہو کے اور گھبرا کے
چونچ میں داب کر سرِ کلہیا — کچھ نہ بولے سوائے ٹے ٹے

۱۰۲۸ھ

طوطا سب جانوروں میں کم خوراک ہوتا ہے اور اس کے عجائبات میں سے ہے کہ پانی نہیں پیتا۔
حدیث امام حسینؑ میں طوطے کا ذکر ہے اس کی بولی یہ ہے:
ذَکَرَ رَبَّہُ غَفَرَ ذَنْبَہُ۔ جو اپنے رب کا ذکر کرے اُس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔
اور دوسری حدیث میں ہے کہ طوطا کہتا ہے ویل من الدینا ھمہ۔وائے ہو اُس پر جو فکر دنیا میں پھنسا رہا۔

(بحار الانوار، جلد السماء والعالم)

عرب اس کو ذرّہ، طوطی بھی کہتے ہیں۔امام غزالی کی تحقیق ہے کہ طوطی اور ببغا ایک جانور ہے۔ صاحب غیاث اللغات کا خیال یہ ہے کہ ایک چھوٹا طائر ہے جو شہتوت کی فصل میں پیدا ہوتا ہے۔زبان عرب میں توت کا معرب طوطا قرار دیا ہے۔میرے نزدیک پہلا قول صحیح ہے لیکن ہندوستان میں طوطے کو طوطی کوئی نہیں کہتا۔طوطی اُس خوشنوا چڑیا کو کہتے ہیں جو سرخ رنگ کی ہوتی ہے اور اُس کو قفس پر پردہ ڈال کر تیار کرتے ہیں اُس کی آواز سُریلی ہوتی ہے۔

میں وہ طوطی نہیں گویا کرے جو آئینہ مجھ کو — وزیر الطاف ایزد سے یہ اپنی خوش بیانی ہے

غالب کہتے ہیں۔

کیا بدگماں ہے مجھ سے کہ آئینہ میں مرے　　طوطی کا عکس سمجھے ہے زنگار دیکھ کر

حکایت:

لکھنؤ کے مشہور عالم حضرت مفتی میر عباس صاحب طاب ثراہ ایام عزا میں سر سے پاؤں تک سبز کپڑے پہنے ہوئے تشریف لے جا رہے تھے چند بازاری عورتوں نے دیکھ کر ہنسنا شروع کیا اور کہا لبھر جا رہا ہے آپ نے فرمایا: ''پھر ٹانگ دو'' اس ظرافت انگیز جواب نے اس غیر مہذب طبقہ کو خاموش کر دیا۔

تعبیر:

اگر طالب علم طوطا خواب میں دیکھے تو تحصیل علم کی توفیق ہو، اگر عام لوگ طوطا دیکھیں تو کسی حافظ سے ملاقات ہو یا بے وفا دوست سے سابقہ ہو۔

خواص:

طوطے کی زبان کھانا انسان کو فصیح کرتی ہے۔ کہتے ہیں کہ گوشت اس کا تلخ ہوتا ہے۔

الحکم:

گوشت اس کا حرام نہیں ہے۔

۲): سوال: سوگا لینے طوطے کا گوشت کھانا شیعوں کو جائز ہے یا نہیں؟ **بینوا و توجروا**

ج: حرمت اُس کی ثابت نہیں۔ ہو العالم

(تحفۃ الاحباب، مسائل تاج العلماء، صفحہ ۸)

ادبیات:

۱): بے وفا آدمی کو طوطا چشم کہتے ہیں جس کی وجہ یہ ہے کہ طوطا پنجرے سے نکلنے کے بعد پھر واپس نہیں آتا۔ انشاء اللہ خان کہتے ہیں۔

بدل لی آنکھ طوطے کی طرح ٹیں ٹیں لگا کرنے　　اُڑے دنیا سے جلدی نام ایسے بے مروت کا

۲): کسی تعجب خیز اور سنسنی پھیلا دینے والی خبر کو سُن کر کہتے ہیں کہ ہاتھ پاؤں کے طوطے اُڑ گئے۔ کسی کا شعر ہے۔

اُٹھ کے دیکھا جو اُس نے سوتے سے　　اُڑ گئے آئینہ کے طوطے سے

۳): کسی مضمون کے حفظ کرنے کو کہا جاتا ہے کہ طوطے کی طرح رٹ لو۔

۴): زمانہ طفولیت گزرنے کے بعد کسی چیز کو حاصل کرنے کے وقت تعجب سے کہتے ہیں کہیں بڑھا طوطا بھی پڑھا ہے؟

۵): خودستائی کے موقع پر کہتے ہیں اپنے منہ میاں مٹھو۔

۶): انسانی نشوو ارتقا کے موقع پر کہتے ہیں کہ "طوطی بول رہے ہیں۔

۷): "نقار خانہ میں طوطی کی آواز" یہ مقولہ اُس وقت زبان پر آتا ہے جب کسی ناصح یا عاشق کی صدا پر اثر نہ ہو۔

تری مجلس میں سنتا کون ہے عاشق کی فریادیں سنی جاتی نہیں آواز نقاروں میں طوطی کی

۸): "ادوائن کا طوطا" وہ شخص جو آہستہ آہستہ چلے۔ (عزیز اللغات)

۹): "اپنے منہ میاں مٹھو" خود اپنی تعریف کرنا۔

طوطا جس وقت اُڑتا ہے اس کا رنگ اور دم اور سر صاف دکھائی پڑتا ہے یہ بہت تیزی سے اُڑتا ہے اور جب کوئی رکاوٹ سامنے آجاتی ہے تو فوراً مڑ جاتا ہے اور اپنا راستہ بدل دیتا ہے۔ طوطے کے سامنے ایک کٹوری میں پانی رکھو اور دیکھو کہ وہ کس طرح پیتا ہے تبھی معلوم ہوگا وہ چونچ میں تھوڑا پانی لے لیتا ہے اور پھر گردن اُٹھا کر تھوڑا سا پی لیتا ہے اور باقی ادھر اُدھر پھینک دیتا ہے اسی طرح بار بار کرتا ہے۔ وہ اپنا آشیانہ مکان کی دیوار یا درخت پر بناتا ہے۔ یہ اپنا گھونسلا خود نہیں بناتے بلکہ پیڑوں کے کھوکھلے میں جو سوراخ ہوتے ہیں اُن میں رہتے ہیں یا جب کوئی چڑیا آشیانہ چھوڑ کر چلی جاتی ہے تو اُسے یہ اپنا گھونسلا بنا لیتے ہیں۔ طوطے مارچ اور اپریل میں انڈے دیتے ہیں۔

(سائنس اور مطالعہ قدرت، ص ۶۰)

طوطا کہانی پر حیدر بخش دہلوی مصنف آرائش محفل کا اردو میں قصہ ہے جو ۵ جزو کی کتاب ہے۔

بحیرہ

عربي	فارسی	انگلش	ہندی
بحیرہ			کن کٹی مادہ یا اونٹ

بحیرہ اُس اونٹ کی مادہ کو کہتے ہیں جو پانچ جھول بچے جن چکی ہو اگر پانچواں بچہ نر ہو تو اُس کا کان کاٹ کر چھوڑ دیتے ہیں اور اُس کا گوشت مرد اور عورت دونوں استعمال کرتے ہیں اور اگر مادہ پیدا ہوتی ہے تو اُس کے کان کاٹ کر صرف مردوں کو اُس کا گوشت کھانا روا تھا عورتیں اُس کو حرام سمجھتی تھیں لیکن

جب وہ مرجاتا تھا تو عورتوں کے لیے حلال ہوجاتا تھا۔ قرآن مجید نے اس جہالت پر تبصرہ کیا ہے۔

مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ ۙ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۔ (سورۃ مائدہ: ۱۰۳)

بخت

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
بخت	شترفربہ		موٹا اونٹ

عرب اس شتر کو بخت کہتے ہیں جو چراگاہ میں آب ودانہ کھاتے ہوں۔ مادہ کو بختیہ کہتے ہیں اور جمع اس کی بخاتی ہے۔

حدیث داؤد رقی میں اس کا تذکرہ ہے۔ امام جعفر صادق ؑ سے عرض کیا:

جُعِلْتُ فِدَاكَ اِنَّ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ اَبِي الْخَطَّابِ نَهَانِي عَنِ الْبُخْتِ وَ عَنْ اَكْلِ لَحْمِ الْحَمَامِ الْمُسَرْوَلِ۔

میں آپ پر فدا ہوں حضرت عمر کے پیروشترفربہ اور کبوتر پاموز کے کھانے کو منع کرتے ہیں۔

فرمایا:

لَا بَاْسَ بِرُكُوْبِ الْبُخْتِ وَ شُرْبِ اَلْبَانِهَا وَ اَكْلِ لُحُوْمِهَا وَ اَكْلِ لَحْمِ الْحَمَامِ الْمُسَرْوَلِ۔

کوئی حرج نہیں اونٹ کی سواری میں اور نہ اونٹنی کا دودھ پینے میں اور اس کا گوشت کھانے میں شریعت نے روکا ہے، کبوتر پاموز کا گوشت کھانا حلال ہے۔

حدیث یونس میں اس کا ذکر ہے جس کو جد علام جناب جنت مآب طاب ثراہ اپنی تفسیر ینابیع الانوار میں نقل فرمایا ہے:

قِيْلَ لِلرِّضَا عليه السلام اِنَّكَ تَتَكَلَّمُ بِهٰذَا الْكَلَامِ وَ السَّيْفُ يَقْطُرُ دَمًا فَقَالَ اِنَّ لِلّٰهِ وَادِيًا مِنْ ذَهَبٍ حَمَاهُ بِاَضْعَفِ خَلْقِهِ النَّمْلِ فَلَوْ رَامَهُ الْبَخَاتِيُّ لَمْ تَصِلْ اِلَيْهِ۔

امام رضاؑ سے کسی نے عرض کیا آپ ایسی باتیں کرتے ہیں اور مامون کی تلوار سے خون ٹپکتا ہے۔ فرمایا خدا کا ایک جنگل (کان) ہے طلاء خالص کا اُس کی سب سے کمزور مخلوق چیونٹی سے حفاظت کی

ہے اگر بخاتی (شتر) وہاں جانا چاہیں تو وہاں تک پہنچ نہیں سکتا۔

بخاتی کا خصوصیت سے اس لیے ذکر فرمایا ہے کہ سب سے زیادہ کمزور چیونٹی کے پہرے میں قدم رکھنے سے سب سے قوی شتر بھی کامیاب نہیں ہوتا اگر مشیت ایزدی ہو۔

مجلسی علیہ الرحمہ نے حیات القلوب میں وادی نمل کے سلسلہ میں اس روایت کو درج کیا ہے۔

نہر کوثر کے وصف میں ہے کہ وہ ایک نہر ہے جو دودھ سے زیادہ سفید اور تیر سے زیادہ سیدھی ہے اُس کے سنگریزے موتی اور یاقوت کے ہیں اس چشمہ پر سبز رنگ سے پرندے اُڑتے ہوئے نظر آتے ہیں (لَهَا اَعْنَاقٌ كَاَعْنَاقِ الْبُخْتِ) اُس کی گردنیں شتر بے مہار کی ایسی لانبی ہیں۔(موجہ کوثری)

تعبیر:

بخت کو خواب میں دیکھے تو سفر در پیش ہو، دلی مرادیں پوری ہوں۔

خواص: خواص سابق کے صفحات میں گذرے۔

الحکم: حلال ہے۔

البدنہ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
البدنہ	شتر قربانی		

جرحس حمام شوری کی تحقیق ہے کہ بدنہ اس اونٹ اور گائے کو کہتے ہیں جو خانہ کعبہ کی طرف ہدیۃً لائی جائے یہ نام اس لیے قرار پایا ہے کہ اس قسم کے جانور فربہ ہوتے ہیں۔ جمہور لغویین کی رائے تو یہ ہے کہ بدنہ اونٹ اور گائے دونوں کو کہتے ہیں لیکن فقہاء نے بدنہ کو اونٹ کے لیے مخصوص قرار دیا ہے۔

قرآن مجید میں ہے:

وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ۔ (الحج:۳۶)

اور قربانی کے موٹے گدیدے اونٹ بھی ہم نے تمہارے واسطے خدا کی نشانیوں میں سے قرار دیا ہے اس میں تمہاری بہت سے بھلائیاں ہیں۔

مفسرین کہتے ہیں کہ اگرچہ عموماً ہر جانور میں فائدے ہیں مگر جتنے اونٹ میں ہیں اور کسی جانور میں کم ہیں۔اس کی کھال، اون، گوشت، ہڈی سب کام میں آتی ہے، خود سواری میں کام دیتا ہے، ریگستانی زمین میں جتنا تیز چلتا ہے دوسرا جانور چل نہیں سکتا، جیسا بوجھ یہ اُٹھاتا ہے دوسرا اُٹھا نہیں

سکتا، زمین اس سے جوتی جا سکتی ہے، بھاری بوجھل گاڑیاں کھینچتا ہے اور اس کی غذا ایسی معمولی ہے، ببول، نیم جن چیزوں کو کوئی جانور نہیں پوچھتا خوشی سے کھاتا ہے۔

جابر و ابن عباس سے روایت ہے کہ جناب رسالتمآب سو اونٹ موٹے تازے قربانی کے لیے کعبہ میں لائے (حُسنِ اتفاق سے) علی بن ابی طالبؑ بھی مدینہ سے آ گئے۔ (فَاَشْرَكَهُ فِي بُدْنِهِ بِالثُّلُثِ) آپ نے اپنے بدنہ کے ۱/۳ میں بھائی کو شریک کر لیا خود ۶۶ شتر نحر کیے اور ۳۴ اونٹ علی بن ابی طالبؑ سے نحر کرائے۔ (مناقب آل ابی طالب)

ایک دوسرے موقع کے بارے میں جناب علی مرتضیٰؑ کا ارشاد ہے:

اَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ اَنْ اَقُوْمَ عَلَى الْبُدْنِ۔

پیغمبر خدا نے مجھے حکم دیا کہ اپنی نگرانی میں اونٹ نحر کراؤں جب اونٹ نحر ہو چکے تو آپ نے اُن کا گوشت، کھال، چربی، اون سب راہِ خدا میں تقسیم کر دیا۔ (مناقب آل ابی طالب)

امام محمد باقرؑ کے حال میں ہے: (اَنَّهُ كَانَ بَادِنًا) وہ حضرت تنومند اور جسیم تھے۔

کلام عرب میں "رجل بادن" موٹے آدمی کو کہتے ہیں۔

براق

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
براق			

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مخصوص راہوار جس پر آپ معراج کے لیے گئے۔

براق جنت کے چوپاؤں میں ایک چوپایہ ہے جو سب سے خوبصورت ہے۔ یہ نام براق کے تیز رو اور شوخ رنگ ہونے کی وجہ سے رکھا گیا۔ کنیت براق کی ابو ہلال ہے۔ براق خچر سے چھوٹا حمار سے بڑا دونوں کان ہلتے ہوئے، چہرہ انسان کے چہرہ کی طرح۔

خَدُّهَا كَخَدِّ الْفَرَسِ لَهَا نَفْسٌ كَنَفْسِ الْآدَمِيِّيْنَ تَسْمَعُ الْكَلَامَ وَ تَفْهَمُهُ عَيْنَاهُ فِي حَافِرِهِ۔

رخسار گھوڑے کی طرح وہ انسان کی طرح باتیں سنتا اور سمجھتا ہے۔ آنکھیں سموں میں ہیں جب بلندی کی طرف پرواز کرتا ہے تو آگے کے پیر چھوٹے اور پچھلے پاؤں بڑے نظر آتے ہیں۔ جب اُترتا ہے تو ہاتھ بڑے اور پاؤں کوتاہ ہو جاتے ہیں۔ پشت پر دو پر ہیں اگر خدا اجازت دے تو ایک قدم میں دنیا و آخرت کو طے کر جائے۔ براق کے وجود اور اُس کے پر پرواز میں نئی روشنی کے اصحاب کو تعجب نہ

کرنا چاہیے تاریخیں دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جناب سلیمانؑ کے اصطبل میں ایسے گھوڑے موجود تھے جو پردار تھے۔

(حیات الحیوان جلد دوم ص ۱۹۸ طبع مصر ۱۳۱۹ھ)

قزوینی صاحب عجائب المخلوقات نے رنگبار کے جزیروں میں ایسے سفید و سیاہ و سبز انسان دریافت کیے ہیں جو پردار ہیں۔

(عجائب المخلوقات قزوینی لیس ۱۳۳ حاشیہ ص الحیوان)

ستیارتھ پرکاش کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ راجہ بھوج کی بادشاہت میں ایسے کاریگر موجود تھے جنھوں نے گھوڑے کی شکل کی ایک سواری بنائی تھی جو ایک گھنٹہ میں ۱/۲ ۱۷ کوس اُڑتی ہے۔

(ستیارتھ پرکاش ص ۲۳۱ مطبوعہ سند)

براق کی طاقت پرواز میں تعجب کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

برغوث

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
برغوث	کیک	Fiea	پِسّو

مثل مچھر کے ایک چھوٹا جانور ہے۔ عرب میں کثرت سے ہوتا ہے اور ان کی وجہ سے لوگ بڑی تکلیف اُٹھاتے ہیں۔ جاحظ کی تحقیق ہے کہ اس کی صورت ہاتھی کی ایسی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ پانچ دن تک زندہ رہتا ہے اور پر نکل آتے ہیں تو پروانہ ہو جاتا ہے۔ کنیت پسو کی ابوالوثاب ہے۔ پسو آدمی کا خون چوسنے کے علاوہ کپڑوں کی جوئیں بھی کھاتا ہے۔

اگر رخت خواب دھوپ میں رکھ دیا جائے تو پسو بھاگ جاتے ہیں۔ ان کی نقل و حرکت ایک فٹ سے زیادہ نہیں ہوتی کپڑے کسی بلندی پر رہیں تو ایک حد تک محفوظ رہیں گے۔ ان کا وجود زیادہ تر اپریل کے مہینہ میں ہوا کرتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ گرمی پڑنے پر پسو بھاگ جاتے ہیں۔ اس فصل میں عراق کے باشندے باریک کپڑے کا ایک تھیلا سی کر اُس میں بند ہو جاتے ہیں اس صورت سے نجات ملتی ہے۔

خدائے قادر و توانا غفلت شعار اور کمزور بندوں کو قدم قدم پر اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتا ہے اگر غرور کا سر نیچا کر رہا ہے اگر نظر بصیرت سے اب بھی کام نہ لیا جائے تو افسوس ہے انسان اشرف المخلوق

ہونے کے باوجود مچھر، پسو ایسے چھوٹے چھوٹے جانوروں سے بے بس ہے اور وہ انسانی دماغ جو خوں خوار درندوں کو اپنے پنجہ میں اسیر کرنا معمولی بات سمجھتا ہے اُس کے پاس کوئی حل نہیں نہ دربان روک سکتا ہے نہ پہرہ دار مدد کر سکتا ہے اب بھی خدا کو پہچانو کائنات میں اُس کے مخلوق پھیلے ہوئے ہیں جن کو فضاء میں حق آسائش حاصل ہے اور وہ اپنی غذا حاصل کرنے پر مجبور ہیں۔

میر شجاعت علی خندہ کہتے ہیں۔

ایک سے ایک شب ہجر میں بڑھ کر آیا — کبھی پسّو، کبھی کھٹمل، کبھی مچھر آیا

احادیث میں پسوؤں کا ذکر موجود ہے۔ سفینۃ النجاۃ اور رسالہ رفع دفع میں ہے کہ پسوؤں کے زائل ہونے کے لیے جس وقت بستر خواب پر آئے تو کہے:

يَا أَيُّهَا الْأَسْوَدُ الْوَثَّابُ الَّذِي لَا يُبَالِي بِغَلْقٍ وَلَا بَابٍ عَزَمْتُ عَلَيْكَ بِأُمِّ الْكِتَابِ أَنْ لَا تُؤْذِيَنِي وَأَصْحَابِي إِلَى أَنْ يَذْهَبَ اللَّيْلُ وَيَئُوبَ الصُّبْحُ بِمَا آبَ.

میں سفر عراق میں پسوؤں کی وجہ سے شدید تکالیف اُٹھانے کے بعد اس دعا کو پڑھا اور اُن کے شر سے محفوظ رہا اور جس کو یہ دعا تعلیم کی وہ آرام سے رہا۔

اور پسوؤں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے قدح آب پر یہ آیت سات دفعہ پڑھے:

وَمَا لَنَا أَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللَّهِ وَقَدْ هَدَانَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلَى مَا آذَيْتُمُونَا وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ۔ (سورۃ ابراہیم: ۱۲)

پھر کہے:

إِنْ كُنْتُمْ آمَنْتُمْ بِاللَّهِ فَكُفُّوا شَرَّكُمْ وَأَذَاكُمْ عَنَّا

اس کے بعد وہ پانی گرد اپنے بچھونے کے چھڑکے۔

روجھیان بھی پسو کی ایک قسم ہے جو انسان کے جسم میں کاٹتی ہے۔

تعبیر:

پسوؤں کو دیکھنا دشمنوں کی کثرت کی خبر دے رہا ہے۔ خدا اعدا کے شر سے بچائے۔

الحکم:

فقہاء کہتے ہیں:

لاباس بالشمع والعسل والحرير الممتزج و دم البق والقمل البرغوث و نحوها من فضلات امثال هذا الحيوانات مما لا لحم لها۔ (عروۃ الوثقیٰ)

بطہ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
بطہ	اردک		چھوٹی بطخ، بدبد

گذشتہ بیان سے واضح ہو چکا ہے کہ بطخ کی قسمیں بکثرت ہیں۔ کلام معصومینؑ میں اِوَزّ اور بطہ دونوں نام سے اس پرند کو یاد کیا ہے۔ عربی میں بطہ چھوٹی بڑی بطخ کو کہتے ہیں اور یہ لفظ نر مادہ دونوں کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔۔ حدیث امام حسینؑ میں ہے کہ:

اِذَا صَاحَتِ الْبَطَّةُ تَقُوْلُ غُفْرَانَكَ يَا اللّٰهُ۔

بطخ جب بولتی ہے تو اپنی زبان میں کہتی ہے اے معبود تیری مغفرت کی امیدوار ہوں۔

اگر بطخ کو چت لٹا کر پوٹے پر ایک چھوٹا سنگریزہ رکھ دو تو بطخ اُٹھ نہ سکے گی۔ انیفور، سرخاب، بیخ پر بھی بطخ ہی کی قسم سے ہیں۔ صاحب مخزون المفردات نے سرخاب کا ترجمہ چکوا چکوی کیا ہے اور لکھا ہے کہ یہ جانور ابلق رنگ قاز سے چھوٹا ہوتا ہے، گوشت اس کا مقوی بصر و مقوی باہ ہے۔ پن ڈبی بھی بطخ کی ایک قسم ہے جو پانی میں غوطہ مار کر اندر ہی اندر چلتی ہے۔ اس کی گردن سارس کی مور کی طرح خوش رنگ ہوتی ہے۔ قیصر باغ کے شاہی عجائب خانہ میں موجود ہے۔

تعبیر:

مولف رسالہ تعبیر خواب لکھتے ہیں اگر سرخاب و مرغابی و بط بیند صاحب محبت و بشارت بود۔

ادبیات:

ا۔ روغن قاز ملنا فریب دینے کے موقع کہا جاتا ہے۔ فارسی میں یہ بھی لفظیں استعمال کی جاتی ہیں دیکھو رقعات مرزا قتیل۔ مولف جامع اللغات کی تحقیق ہے کہ یہ ایک روغن ہے جو بھنگ سے کھینچا جاتا ہے اکثر معجون میں پڑتا ہے۔

۲۔ لڑکے کھیلتے وقت کہتے ہیں لنگڑی بطخ کے کباب کھانے والوں کو ثواب۔

(چکور) ایک پرند خوبصورت ہے جو چاند کے گرد عشق و محبت میں گھومتا ہے۔ آتش۔

جنون عشق میں رہتا تھا امتیاز نہ کچھ   چکور طوق گلو سے مہ کا حالا کیا کرتا

ولہ

جب شب مہ شکو اُڑتا ہے مرجاتے ہیں ہم　　چیلوں کا اپنے بھی تارہ کوئی رخسارہ تھا

ولہ

شب فرقت ہوا عنقا الٰہی روز محشر کا　　جدا ہووے نہ۔۔کی طرح سرخاب کا جوڑا

آتش ؎

چاہتا ہوں یار کو پیش نظر آٹھوں پہر　　مانگتا ہوں رات پروانے سے دن سرخاب سے

سرخاب کے پالنے والے جانتے ہیں کہ نر اور مادہ دن بھر تو ایک جا رہتے ہیں اور رات کو جدا ہو جاتے ہیں۔ ناسخ اپنی محبوب سے کہتے ہیں:

شام سے تا صبح دیتے ہو مجھے رنج فراق　　کیا رہا اب آدمی میں فرق اور سرخاب میں

بعوضہ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
بعوضہ	پشہ	Moth	مچھر

مچھر کی صورت ہاتھی سے ملتی جلتی ہے اور خلاق عالم نے مچھر میں باوجود اس قدر چھوٹے ہونے کے ہاتھی کے سارے اعضاء بنا دیئے ہیں۔ ہاتھی کے چاروں ہاتھ، پاؤں، دم، سونڈ سب چیزیں مچھر میں موجود ہیں اور دو پاؤں چار پر ہاتھی سے زیادہ ہیں۔ سونڈ اس کی جو بال کی طرح باریک اور نلی کی طرح ہے ڈنک کا کام دیتی ہے۔ مچھر اس سے انسان، حیوان کا خون چوستا ہے اور اپنی غذا فراہم کرنے میں کوئی طاقت اس کو نہیں روکتی۔ کسی شاعر نے مچھروں سے عاجز آ کر کہا ہے ؎

شب کا یہ ایذا رساں ہے، دن کا وہ ایذا رساں　　ہوں الگ بے چین میں کھٹمل سے مچھر سے الگ

اقبال کہتے ہیں ؎

رات مچھر نے کہہ دیا مجھ سے　　ماجرا اپنی ناتوانی کا

مجھ کو دیتی نہیں اک بوند لہو　　صلہ شب بھر کی تشنہ کامی کا

حالی بے حس مسلمانوں سے خطاب کر کے کہتے ہیں ؎

یارہو دنیا میں بھنگوں اور پشوں کی طرح　　جن کا ہے دنیا میں ہونا اور نہ ہونا ایک سا

وحید مرحوم ؎　　پشہ سے کم ہے پیل دماں میرے سامنے

مچھر اپنی غذا کے مواقع پہچانتا ہے اور اس قدر ہوشیار رہتا ہے کہ ہاتھ کی آہٹ کے ساتھ فوراً اُڑ

جاتا ہے۔ ہاتھی، گائے، بھینس کی سخت ترین جلد میں مچھر کاٹتا ہے۔ اس کا فلسفہ تخلیق اگر غائر نظر سے دیکھا جائے تو بے اختیار دست قدرت کی صناعی کا دم بھرنا پڑتا ہے۔ قرآن مجید میں ہے:

اِنَّ اللّٰهَ لَا یَسْتَحْیٖۤ اَنْ یَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا۔ (البقرہ:۲۶)

بیشک خدا مچھر یا اس سے بھی بڑھ کر (حقیر چیز کی) کوئی مثال بیان کرنے میں نہیں جھینپتا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں:

خدا نے مچھر کی مثال اس لیے دی کہ اس میں باوجود اس قدر چھوٹا ہونے کے ہاتھی کے تمام اعضاء موجود ہیں اور طاقت پرواز صفت مستزاد ہے۔ مقصود یہ ہے کہ اہل ایمان کو اپنی صفت اور حسن تخلیق پر توجہ دلائے۔

جناب امیرؑ اپنے خطبے میں فرماتے ہیں:

وَ لَوِ اجْتَمَعَ جَمِیْعُ حَیَوَانِهَا مِنْ طَیْرِهَا وَ بَهَائِمِهَا وَ مَا كَانَ مِنْ مُرَاحِهَا وَ سَائِمِهَا وَ اَصْنَافِ اَسْنَاخِهَا وَ اَجْنَاسِهَا وَ مُتَبَلِّدَةِ اُمَمِهَا وَ اَكْیَاسِهَا عَلٰی اِحْدَاثِ بَعُوْضَةٍ مَا قَدَرَتْ عَلٰی اِحْدَاثِهَا وَ لَا عَرَفَتْ كَیْفَ السَّبِیْلُ اِلٰی اِیْجَادِهَا وَ لَتَحَیَّرَتْ عُقُوْلُهَا فِیْ عِلْمِ ذٰلِكَ۔ (نہج البلاغہ، ص ۱۴۰، چھاپ طہران)

اگر دنیا کے سارے جانور، چرند، پرند اور جورات کو تھان پر باندھ دیے جاتے ہیں اور جو کھلے رہتے ہیں اور اُن کی تمام قسمیں غیر ذوی العقول اور ذوی العقول جمع ہوں ایک مچھر پیدا کر دینے کے لیے تو مچھر خلق نہ کر سکیں گے اور نہ سمجھ سکیں گے کہ اس کے بنانے کے راستے کیا ہیں اُن کی عقلیں اس منزل پر درجہ حیرت میں رہیں گے۔

دوسرے مقام پر اثبات واجب الوجود کے سلسلہ میں فرماتے ہیں:

وَ یَعْلَمُ مَسْقَطَ الْقَطْرَةِ وَ مَقَرَّهَا وَ مَسْحَبَ الذَّرَّةِ وَ مَجَرَّهَا وَ مَا یَكْفِی الْبَعُوْضَةَ مِنْ قُوْتِهَا وَ مَا تَحْمِلُ الْاُنْثٰی فِیْ بَطْنِهَا۔ (نہج البلاغہ، ص ۶۵، چھاپ ایران)

وہ جانتا ہے قطرہ باراں کے گرنے کی جگہ اور اُس کے جائے قرار کو اور چیونٹی جن چیزوں کو کھینچتی ہے اور اُس کی منزل کو اور جو کچھ کفایت کرتی ہے مچھر کو اُس کی روزی سے۔

بعض روایات سے واضح ہوتا ہے کہ پشہ بھی مسوخات سے ہے۔ امام رضاؑ نے فرمایا ہے کہ مچھر ایک شخص تھا جو انبیاء سے استہزاء کرتا تھا خداوند عالم نے مچھر کی شکل میں مسخ کر دیا۔

مچھر تقریباً دنیا کے ہر ملک میں پیدا ہوتے ہیں۔ ایک اعرابی نے مچھروں کی شکایت میں کیا

خوب کہا ہے۔

لیل البراغیث لیل لا نفاد له　　لا بارك الله فی لیل البراغیث
کأنهن بجسمی إذ خلون به　　قضاة سوء علی مال المواریث

تاریخ ابن خلکان میں ہے کہ علامہ زمخشری نے وصیت کی تھی کہ اُن کی قبر پہ اشعار لکھے جائیں۔

یَا مَنْ یَرَی مَدَّ الْبَعُوضِ جَنَاحَهُ　　فِی ظُلْمَةِ اللَّیْلِ الْبَهِیمِ الْأَلْیَلِ
و یری مناط عروقها فی نحرها　　و المخ فی تلك العظام النحل
امنن علی بتوبة أمحو بها　　ما کان منی فی الزمان الأول

کسی دوسرے شاعر کا مقولہ ہے۔

لاتحقرن صغیرا فی عداوته　　إن الْبَعُوضَةَ تدمی مقلة الأسد

اس چھوٹی سے چھوٹی مخلوق کے ذریعہ سے خدا نے نمرود کا عظیم الشان لشکر تخت وتاراج کردیا دشمن خلیل نمرود کا لشکر عظیم ۱۶ فرسخ تک تھا۔ ہر فرسخ میں بارہ ہزار سپاہی تھے۔ نمرود نے حضرت ابراہیمؑ سے طنزیہ کہا کہ تمہارے خدا کا بھی ایسا لشکر ہے۔ ابراہیمؑ نے بارگاہ احدیت میں عرض کیا کہ معبود لشکر نمرود کو مچھر کے ذریعہ سے ہلاک کر۔ خدا نے مچھر کو حکم دیا اور ایک پشہ لنگ یک چشم نے عرض کیا کہ مجھ سے زیادہ ضعیف تیری درگاہ میں کوئی نہیں ہے مجھے حکم دے تو دماغ میں نمرود کے داخل ہوں، خدا نے خدمت قبول کی اور جبرئیل کو حکم دیا کہ مچھر کی فوج لے کر لشکر نمرود پر حملہ آور ہوں۔ بات کہتے ہی فضاء مچھروں سے لبریز ہوگئی، ہر سپاہی پر ایک لاکھ مچھر مسلط ہو گئے۔ لباس، جسم، مال واسباب سب فنا کردیا اور نمرود کے وسیع لشکر میں کوئی نہ بچا وہ پشہ لنگ دماغ نمرود میں داخل ہوا اور چالیس سال مغز سر کھاتا رہا انتہائی اذیت پہنچانے کے بعد ہلاک کردیا۔

حدیث جناب سرور کائناتؐ میں ہے:

یَا عَلِیُّ إِنَّ الدُّنْیَا لَوْ عَدَلَتْ عِنْدَ اللهِ تَبَارَكَ وَ تَعَالَی جَنَاحَ بَعُوضَةٍ لَمَا سَقَی الْکَافِرَ مِنْهَا شَرْبَةً مِنْ مَاءٍ۔ (جامع الاخبار)

ابو نعیم کہتا ہے کہ میں ابن عمر پاس بیٹھا ہوا تھا کہ عراق کے ایک آدمی نے آکر اُن سے مچھر کے خون کی نسبت پوچھا کہ اگر کپڑے میں لگ جائے تو اُس کا کیا حکم ہے۔ ابن عمر نے کہا اس نافہم کی طرف دیکھو مچھر کے خون کی نسبت پوچھتا ہے حالانکہ ان لوگوں نے رسولؐ کے بیٹے کو قتل کردیا۔ میں نے رسولؐ سے سنا تھا:

اَلْحَسَنُ وَ اَلْحُسَيْنُ هُمَا رَيْحَانَتَایَ۔ حسنینؑ میرے دو پھول ہیں۔[1]

تعبیر:

مچھر بکثرت دیکھنا دشمنوں کی کثرت کی طرف اشارہ ہے خدا فتحیاب کرے۔

خواص:

عجائب المخلوقات میں ہے کہ اگر ببول کی گوند کی تین گولیاں بنا کر اور ہر گولی میں ایک ایک مچھر لپیٹ کر صاحب تپ ربع کو ماری کے دن کھلائے تو گولی نگل جانے سے بخار اُتر جائے گا مچھر انجیر یا سرو کے دھوئیں سے بھاگ جاتے ہیں۔

الحکم:

مچھر حشرات الارض میں ہے کھانا اس کا حرام ہے۔

بعیر

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
بعیر	شتر بار بردار		اونٹ

یہ لفظ کلام عرب میں نر و مادہ دونوں کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ فصحاء نے زیادہ تر بار برداری کے موقع پر اس کو استعمال کیا ہے۔ عرب بار برداری کے اونٹ ہکاتے وقت یہ کہتے ہیں: عاج، ہیج، حل، حاب۔

عربوں میں یہ مقولہ بھی مشہور ہے: اِذَا جَاءَ احل الْبَعِيْرَ حَوْلَ الْبِئْر (روض الاخیار)

جب اونٹ کی موت آجاتی ہے تو وہ کنوئیں کے گرد پھرتا ہے۔

احادیث میں بعیر کی لفظ کثرت سے استعمال ہوئی ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت خضرؑ سے پوچھا آپ کو سب سے محبوب کون سا چوپایا ہے؟

خضرؑ نے کہا: فرس، حمار، بعیر اور وجہ بھی خود بتادی، فرمایا گھوڑا اس لیے محبوب ہے وہ انبیاء اور اولوالعزم کی سواری ہے، اور گدھا اس لیے پسند ہے کہ اُس پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور عزیرؑ بیٹھتے تھے، اور بعیر اس لیے پسند ہے کہ وہ حضرت ہودؑ اور صالح علیہ السلام اور شعیبؑ اور جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مرکب ہے۔

---

[1]: ادب المفرد، اسماعیل بخاری، ص ۲۳ طبع قاہرہ۔ ارجح المطالب، ص ۲۵۱۔

و کیف لا احب شیئاً احیاہ اللہ بعد موتہ قبل الحشر ۔ (روض الاخیار، ص ۸۷)
میں کیوں کر اس کو دوست نہ رکھوں جس کو خدا مرنے کے بعد عام مخلوقات کے حشر سے پہلے خلعت حیات پہنائے۔

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے ایک خطبہ میں فرماتے ہیں:

یَا اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّ فِی الْقِیَامَةِ اَهْوَالًا وَ اَفْزَاعاً وَ حَسْرَةً وَ نَدَامَةً حَتّٰی یَغْرَقَ الرَّجُلُ فِی عَرَقِهٖ اِلٰی شَحْمَةِ اُذُنِهٖ فَلَوْ شَرِبَ مِنْ عَرَقِهٖ سَبْعُونَ بَعِیراً مَا نَقَصَ مِنْهُ قَالُوا یَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا النَّجَاةُ مِنْ ذٰلِكَ قَالُوا اجْثُوا رُکْبَتَکُمْ بَیْنَ یَدَیِ الْعُلَمَاءِ تَنْجُوْا مِنْهَا وَ مِنْ اَهْوَالِهَا فَاِنِّی اَفْتَخِرُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ بِعُلَمَاءِ اُمَّتِی عَلٰی سَائِرِ الْاَنْبِیَاءِ قَبْلِی اَلَا لَا تُکَذِّبُوا عَالِماً وَ لَا تَرُدُّوا عَلَیْهِ وَ لَا تُبْغِضُوهُ وَ اَحِبُّوهُ فَاِنَّ حُبَّهُمْ اِخْلَاصٌ وَ بُغْضَهُمْ نِفَاقٌ اَلَا وَ مَنْ اَهَانَ عَالِماً فَقَدْ اَهَانَنِی وَ مَنْ اَهَانَنِی فَقَدْ اَهَانَ اللّٰهَ فَمَصِیرُهٗ اِلَی النَّارِ وَ مَنْ اَکْرَمَ عَالِماً فَقَدْ اَکْرَمَنِی وَ مَنْ اَکْرَمَنِی فَقَدْ اَکْرَمَ اللّٰهَ وَ مَنْ اَکْرَمَ اللّٰهَ فَمَصِیرُهٗ اِلَی الْجَنَّةِ ۔ (جامع الاخبار، ص ۲۳)

اے گروہ مردم قیامت میں بڑے بڑے خطروں کا سامنا ہے اور اس قدر حسرت و ندامت ہے کہ انسان کے کان کی لو تک اپنے جسم کے پسینے میں ڈوب جائے گا اگر اُس کے پسینے سے ستر اونٹ سیراب ہوں تو عرق خجالت میں کمی محسوس نہ ہو گی۔

لوگوں نے عرض کیا اے خدا کے رسولؐ! اس مصیبت سے نجات کیوں کر ہو سکتی ہے؟

فرمایا: علماء کے سامنے زانوئے ادب تہہ کرو تو اُس سے نجات پاؤ گے، میں اپنی امت کے علماء پر روز قیامت فخر کروں گا جس طرح میرے پہلے تمام انبیاء فخر کرتے تھے۔ آگاہ ہو کہ کسی عالم کی تکذیب نہ کرو، اُس کی رد نہ کرو، اُس کے بغض کو دل میں جگہ نہ دو (بلکہ) اُس کو دوست رکھو، اُس کی محبت منزل اخلاص تک پہنچاتی ہے، عالم کا بغض نفاق ہے۔ آگاہ ہو کہ جو شخص کسی عالم کی توہین کرے اُس نے میری توہین کی اور میری توہین کرنے والا ایسا ہے کہ اُس نے خدا کی توہین کی اور جس نے خدا کی اہانت کی اُس کی منزل جہنم ہے۔ آگاہ ہو کہ جس نے عالم کی تکریم کی اُس نے میری تکریم کی اور جس نے میری تکریم کی اُس نے خدا کا اکرام کیا اور جس نے خدا کا اکرام کیا اُس کی بازگشت جنت ہے۔

وَفِی خَبَرٍ آخَرَ اِنَّ النَّبِیَّ قَالَ لِعَلِیٍّ اَنْتَ الذَّائِدُ عَنْ حَوْضِی یَوْمَ الْقِیَامَةِ تَذُودُ عَنْهُ الرِّجَالَ کَمَا یُذَادُ الْاَصْیَدُ الْبَعِیرُ الصَّادِی اَیِ الَّذِی بِهِ الصَّیَدُ وَ الصَّیَدُ دَاءٌ؟

يَلْوِي عُنُقَه۔ (مناقب آل ابی طالب، ص ۱۲۸)

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علیؑ تم روز قیامت میرے حوض (کوثر) کے ہکانے والے ہو۔ لوگوں کو وہاں سے اس طرح ہٹاؤ گے جیسے بیمار اونٹوں کو جن کی گردنیں اُٹھ نہ سکتی ہوں ہکاتے ہیں۔

ایک اور مقام پر آداب طعام کے سلسلہ میں فرمایا ہے:

لَا تَشْرَبُوا وَاحِدَةً كَشُرْبِ الْبَعِيْرِ وَ اشْرَبُوا مَثْنٰى وَ ثُلَاثًا وَسَمُّوا اللهَ تعالٰی۔

تم میں کوئی شخص ایک سانس میں اونٹ کی طرح پانی نہ پیئے بلکہ دو تین مرتبہ کر کے پانی پیو۔ اس موقع پر ذکر خدا سے تمہاری زبانیں ضرور آشنا ہوں۔ بار برداری کے تھکے ہوئے اونٹ جب پانی پیتے ہیں تو سیر ہوئے بغیر منہ نہیں اُٹھاتے۔ پیغمبر خداؐ اس طرح سے پانی پینے کی ممانعت فرماتے ہیں۔ یہ بہت حکیمانہ اور فلسفیانہ مسئلہ ہے اور اصول طب اسی کے ہمنوا ہیں۔

جناب امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ نے اپنے خطبہ میں توحید کی تعلیم دیتے ہوئے فرمایا ہے:

اَلْبَعْرَةُ تَدُلُّ عَلَى الْبَعِيْرِ وَ الرَّوْثَةُ تَدُلُّ عَلَى الْحَمِيْرِ وَ آثَارُ الْقَدَمِ تَدُلُّ عَلَى الْمَسِيْرِ فَهَيْكَلٌ عُلْوِيٌّ بِهٰذِهِ اللَّطَافَةِ وَمَرْكَزٌ سُفْلِيٌّ بِهٰذِهِ الْكَثَافَةِ كَيْفَ لَا يَدُلَّانِ عَلَى اللَّطِيْفِ الْخَبِيْرِ. (زین الفتیٰ، عاصمی)

اونٹ کی مینگنیاں راستہ سے اونٹ کے گذرنے کو بتاتی ہیں اور گدھے کی لید گدھے کے وجود کو ظاہر کرتی ہے اور نقش پا بتاتے ہیں کہ زمین پر سے کوئی گذرا ہے (جب یہ ناقابل انکار دلیلیں ہیں) تو یہ زمین و آسمان خدائے لطیف و خبیر کے وجود کو کیونکر ثابت نہیں کر سکتے۔

جناب امیر کا وہ ارشاد بھی مشہور و معروف ہے جس میں علوم قرآن پر توجہ دلاتے ہوئے فرمایا:

لَوْ شِئْتُ لَاَوْقَرْتُ سَبْعِيْنَ بَعِيْرًا فِيْ تَفْسِيْرِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ.

سورہ حمد اس قدر معنی خیز اور مکمل سورہ ہے کہ اگر میں چاہوں تو اس کی تفسیر ستر اونٹوں پر بار کی جاسکتی ہے۔ (مناقب آل ابی طالب، ج ۲، ص ۶۷)

دوسرے مقام پر صرف تفسیر بسم اللہ کے لیے فرمایا ہے:

لَوْ شِئْتُ لَاَوْقَرْتُ فِيْ تَفْسِيْرِ الْبَسْمَلَةِ حِمْلَ الْبَعِيْرِ. (تذکرۃ الخواص الامۃ، ص ۶۷)

اگر میں چاہوں تو بسم اللہ کی تفسیر لکھ کر ایک اونٹ کا بار تیار کر دوں۔

ان علمی کمالات ہی کا نتیجہ تھا کہ روحانیت اس حد پر پہنچ چکی تھی کہ صفین میں صف دشمن کے اونٹ

نکل کر مخالفین کے ارادوں کی خبر دیتے تھے۔ راوی کہتا ہے کہ میں اور حضرت علیؑ صفین میں تھے کہ شام کے اونٹوں میں سے ایک بعیر صفوں کو چیرتا ہوا آیا اور اپنی گردن آپ کے کاندھے پر رکھ کر ہونٹوں کو حرکت دی اور کچھ کہا جس کو علی مرتضیٰ سمجھ گئے اور حاضرین کی طرف رُخ کر کے کہا:

وَ اللّٰهِ اِنَّهَا لَعَلَامَةٌ بَيْنِي وَ بَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ قَالَ فَجَدَّ النَّاسُ فِي ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَ اشْتَدَّ قِتَالُهُمْ.

خدا کی قسم یہی پہچان مجھ میں اور پیغمبر میں ہے۔ لوگوں نے بڑی کوشش دین حق کی نصرت میں کی اور بہت بڑا رن پڑا۔

امام حسینؑ کی زبان اقدس پر بھی لفظ بعیر جاری ہوئی ہے اور کوفہ و شام کی ٹڈی دل فوج سے آپ فرما رہے ہیں:

تَسْتَحِلُّوْنَ دَمِي وَ اَبِي الذَّائِدُ عَنِ الْحَوْضِ يَذُوْدُ عَنْهُ رِجَالًا كَمَا يُذَادُ الْبَعِيْرُ الصَّادِرُ عَنِ الْمَاءِ

میرے خون کو کیوں حلال سمجھ لیا ہے میرے باپ حوض کوثر سے پیغبر کے دشمنوں کو ہٹانے والے ہیں وہ کوثر سے اس طرح لوگوں کو ہٹائیں گے جس طرح ساحل سے اونٹ ہکائے جاتے ہیں۔

حضرت ابن عباس کا قول ہے کہ:

لَوْ ضَاعَ لِي عِقَالُ بَعِيْرٍ لَوَجَدْتُهُ فِي كِتَابِ اللّٰهِ.

اگر میرے اونٹ کے باندھنے کی رسی بھی گم ہو جائے تو مجھے وہ بھی قرآن میں مل جائے گی۔

یہ قول آپ کا (مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِنْ شَيْءٍ) ہم نے قرآن میں کوئی چیز اٹھا نہیں رکھی کی تفسیر ہے جس سے قرآن کی جامعیت کا پتہ چلتا ہے۔

حضرت عمر نے ایک موقع پر خلیفہ اوّل کی مدح میں فرمایا تھا:

وَاللّٰهِ لَقَدْ كَانَ اَبُوْ بَكْرٍ اَطْيَبُ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ وَ اَنَا اَضَلُّ مِنْ بَعِيْرِ اَهْلِي.

قسم خدا کی ابوبکر خوشبوئے مشک سے بھی بڑھ کر پاکیزہ تھے اور میں تو پالو اونٹ سے بھی زیادہ گمراہ ہوں۔ (عبقات الانوار، حدیث طیر، حصہ دوم، ص ۷)

کنز العمال کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ ابو نعیم نے فضائل صحابہ میں اس قول کو درج کیا ہے اور صحت سند پر ابن کثیر کی گواہی پیش کی ہے۔ اگر اس قدر اہتمام نہ بھی کیا جاتا تو اس موخر الذکر جملہ سے کس کو اختلاف تھا یہ منزل تضلیل تھی شاہراہ ہدایت اگر دیکھنا ہو تو امام زین العابدین علیہ السلام کی سوانح

عمری میں یہ لفظ اس طرح سے نظر آتی ہے کہ جیسے اسی محل کے لیے فقط تھی۔ (كَانَتْ جَبْهَتُهُ كَثَفِنَةِ الْبَعِيْرِ) پیشانی مبارک سجدوں کی کثرت سے مثل زانوئے شتر کی ہوگئی تھی اور مواضع سجود سالانہ کاٹے جاتے تھے جس کو بعد وفات دفن کر دیا گیا۔

تعبیر:

اگر بار برداری کا اونٹ خواب میں دیکھے تو سفر درپیش ہو۔

دلی مرادیں پوری ہوں۔

نوٹ: خواص اور حکم سابق کے بیان میں گذرا۔

بغل

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
خچر	Mule	استر	بغل

یہ جانور گھوڑے اور گدھے کے جفت ہونے سے پیدا ہوتا ہے۔ اگر گدھا نر ہو تو اس کی صورت گھوڑے سے مشابہ ہوتی ہے اور گھوڑا نر ہو تو گدھے سے مشابہ ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں خچر کا ذکر ہے:

وَّالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً ۚ (سورہ النحل: ۸)

خدا نے گھوڑوں، خچروں، گدھوں کو خلق فرمایا تاکہ تم اُن پر سوار ہو اور اس میں زینت بھی ہے۔

خچر بار برداری کے کام بھی اچھی طرح انجام دیتا ہے۔ قزوینی عجائب المخلوقات میں لکھتا ہے کہ مادہ کی عمر دراز ہوتی ہے لیکن بچے نہیں جنتی۔

قِيْلَ لِلْبَغْلِ مَنْ اَبُوْكَ؟ قَالَ اَلْفَرَسُ خَالِيْ.

زمخشری نے ربیع الابرار میں حکایت لکھی ہے کہ خچر سے پوچھا تیرا باپ کون ہے؟ اُس نے جواب دیا گھوڑا میرا ماموں ہے۔

قدیم زمانہ کے بادشاہ جہاں ہر چیز کے قدردان ہوتے تھے وہاں اُن کے اصطبل میں حسین ترین خچر بھی رہتے تھے۔ خچر سواری، بار برداری میں برابر سے کام دیتا ہے۔

جناب امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ سے مروی ہے کہ جب نمرود نے آگ حضرت ابراہیمؑ کے لیے جلائی تو خچر ہی سب سے زیادہ دوڑتا ہوا لکڑیاں پہنچاتا تھا خدا نے اُس کی نسل کو قطع کر دیا۔

(رسالہ حیوانات)

جناب امیر المومنین علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ چوپائے کے اپنے مالک پر چند حق ہیں۔ جب سواری سے اترے تو اُس کو چارا دے اور جب چلنے لگے تو سیراب کرے اور منہ پر نہ مارے اس لیے کہ اُس منہ سے اپنے رب کی حمد کرتا ہے اور کبھی اُس پر سوار نہ ہو مگر خدا کی راہ میں اور اُس کی طاقت سے زیادہ اُس پر بار نہ ڈالے اس قدر چلائے جتنا کہ چل سکتا ہے۔ حضرت ام المومنین بی بی عائشہ کی شان میں حضرت علیؑ کا شعر ہے۔

تَجَمَّلْتِ تَبَغَّلْتِ وَ لَوْ عِشْتِ تَفَيَّلْتِ   لَكِ التُّسْعُ مِنَ الثُّمْنِ وَبِالْكُلِّ تَخَيَّرْتِ

آپ اونٹ پر بیٹھیں، خچر پر چڑھیں اگر زندہ رہ جاتیں تو ہاتھی پر بھی سوار ہوتیں۔ آپ کا ۱/۸ میں نواں حصّہ تھا مگر سارے پر قبضہ کر لیا۔

محقق طریحی نے اس شعر کی توضیح میں مجمع البحرین میں لکھا ہے کہ آپ خچر پر اُس وقت سوار ہوئیں تھیں جب امام حسنؑ کا جنازہ روضہ نبیؐ میں دفن کے لیے لایا گیا تو خچر پر سوار ہو کر روکنے کے لیے نکل آئیں اور بنی ہاشم نے فتنہ وفساد کے خوف سے بقیع میں دفن کر دیا۔

شام کی راہ میں اہل بیت حسینؑ بھی ایسے ہی خچر ان پر سوار تھے جیسا کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے جب اپنے پدر بزرگوار سے شام کی اسیری کو پوچھا تو سید الصابرینؑ نے فرمایا:

(وَ نِسْوَتُنَا خَلْفِي عَلَى بِغَالٍ) اور عورتیں ہمارے پیچھے پیچھے خچروں پر تھیں۔ (بحار الانوار)

مدائنی کہتا ہے کہ میں ایک شخص کو صفاء ومروہ کے درمیان میں خچر پر سوار طواف کرتے دیکھا اور جب ہم لوگ حج کر چکے تو راستہ میں وہ پیادہ چل رہا تھا یہ دیکھ کر پوچھا کہ جب ہم لوگ پیادہ تھے اُس وقت تو سوار تھا اور جب ہم سب سوار ہیں اُس وقت پیادہ ہے۔ اُس نے کہا بیشک جب لوگ پیادہ تھے میں سوار تھا:

وَ كَانَ حَقّاً عَلَى اللهِ اَنْ يرجلني حَيْثُ يَرْكَبُ النَّاس.

خدا پر حق ہے کہ مجھے پیادہ چلائے جب سب لوگ سوار ہوں۔

احمد بن حرث قزوینی ناقل ہے کہ میں اپنے باپ کے ساتھ سامرہ میں تھا کہ مستعین کے پاس ایک خچر ایسا خوبصورت دیکھا کہ ویسا استر کبھی نہ دیکھا ہوگا اُس کی حالت یہ تھی کہ نہ کسی کو زین ولجام درست کرنے کے لیے قریب آنے دیتا تھا اور نہ کوئی سوار ہو سکتا تھا۔ بعض بدسرشت مصاحبوں نے کہا کہ اے خلیفہ (امام) حسن عسکری علیہ السلام کو طلب کریا تو وہ اس پر سوار ہو گئے یا یہ اُن کو ہلاک کر دے گا اُس وقت تجھ کو راحت مل جائے گی۔ بادشاہ کے عداوت سے لبریز دل نے یہ تدبیر پسند کی اور امام حسن عسکریؑ کے

پاس آدمی روانہ ہوا۔ راوی کہتا ہے کہ میرا باپ ہمراہ رکاب تھا۔ جب آپ قصر شاہی میں داخل ہوئے تو خچر پر جو صحن قصر میں تھا ہاتھ رکھ دیا اور وہ پسینہ میں غرق ہو گیا۔ آپ مستعین کے پاس گئے اُس نے بڑی تعظیم وتکریم کے ساتھ بٹھایا۔ کہا اے ابو محمدؑ اس خچر کے لگام دید یجئے۔ امامؑ نے میرے باپ کو اشارہ کیا کہ تم لجام دے دو۔ مستعین نے کہا نہیں آپ خود زحمت کریں۔ حضرت اُٹھے اور لجام دے کر تھوڑی ہی دیر میں واپس آئے۔ بادشاہ نے کہا زین کس دیجئے۔ امامؑ نے پھر میرے باپ کی طرف اشارہ کیا اور مستعین نے کہا کہ یہ زحمت بھی آپ ہی کو ہوگی۔ ناچار آپ نے زین بھی درست کی۔ مستعین نے پوچھا کہ اس پر آپ سوار ہو سکتے ہیں؟ فرمایا ہاں، یہ کہہ کر پشت رہوار پر آئے اور خوش رفتاری کے ساتھ اُس کو کچھ دور چلایا اور اُتر آئے۔ مستعین نے کہا اس کو آپ نے کیسا پایا؟ فرمایا بہت اچھا، یہ تیرے لیے بہت موزوں ہے۔ خلیفہ نے کہا میں آپ کو دیتا ہوں۔ امامؑ نے بجائے خود قبول کرنے کے میرے باپ کو دے دیا اور وہ اس کو آسانی کے ساتھ اپنے ہمراہ لے گیا۔ آلِ محمدؑ اپنی فقید المثال سیر چشمی سے دلوں پر قبضہ کر لیتے تھے۔ انھوں نے کبھی دولت وحشمت کو آنکھ اُٹھا کر نہیں دیکھا۔

خچر پالنے سے ارباب فقر و فاقہ کو معیشت کی تنگی سے نجات ملتی ہے۔ طرخان کہتا ہے کہ میں ایسا سرگشتہ ہوا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے اپنی تنگی کی شکایت کی۔ فرمایا کہ ایک خچر خرید جس کا پیٹ، رانیں، پیشانی سفید ہوں۔ میں نے عرض کیا خدا کی قسم ایسا خچر تو میں نے نہیں دیکھا۔ ان باتوں کے بعد بارگاہ عصمت وطہارت سے اُٹھا، راستہ میں دیکھا کہ ایک لڑکا ویسے ہی خچر کو پانی پلا رہا ہے، میں نے پوچھا کہ یہ کس کا ہے۔ اُس نے کہا میرے آقا کا ہے۔ پوچھا فروخت کرو گے۔ اُس نے کہا میں سمجھ نہیں سکتا۔ میں اُس کے پیچھے پیچھے مالک تک آیا اور اُس کو خرید لیا اور خدمت میں پہنچ کر عرض کیا کہ جو صفتیں آپ نے فرمائی تھیں اُس طرح کا خچر مل گیا۔ آپ نے دُعا فرمائی۔ حضرت نے فرمایا خدا تیرے مال اور اولاد کو زیادہ کرے۔ راوی کہتا ہے کہ اس دعا کے بعد میں کوفہ کے تمام لوگوں سے زیادہ مالدار اور صاحب اولاد ہوں۔

درہم بغلی:

واضح ہو کہ درہم بغلی سے کم خون شرائط مقررہ کے بعد فقہا کے نزدیک نماز میں صاف ہے اس کو بغلی کیوں کہتے ہیں اس کی کئی وجہیں ہیں۔

۱): بعض بُغلی کہتے ہیں۔ بغل عرب کے ایک دیہات کا نام ہے اُس کی طرف درہم کی نسبت دی ہے۔

۲): اور بعض لوگ بغلی کہتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بابل میں ایک قریہ بغل نامی ہے جس کی

طرف درہم منسوب ہے۔
۳):اور بعض اہل تحقیق کا خیال ہے کہ سکہ زن کا نام بغل تھا۔
اصل حدیث میں ''دون درہم'' لفظ ہے بغلی نہیں ہے۔اس میں بھی اختلاف ہے کہ یہ درہم کتنا بڑا ہوتا ہے۔ا): کف دست کے برابر، ۲): انگشت شہادت کی پور کے برابر، ۳): انگوٹھے کا بالائی حصہ، ۴): اشرفی کے برابر۔
جناب شیخ زین العابدین مازندرانی نے ذخیرۃ المعاد میں پہلے قول کو ترجیح دی ہے۔
(ذخیرۃ المعاد، ص ۳۳۱ مطبوعہ پٹنہ ۱۲۹۶ھ)

تعبیر:

خچر کا گوشت کھاتے ہوئے اگر خواب میں دیکھے تو کسی عورت کا مال ملے مگر بخل سے صرف کرے،
خچر پر پالان بندھی دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ خادمہ ملے،
خچر پر سوار ہوتے دیکھنا درازی عمر کی نشانی ہے۔

خواص:

اگر اس کا نرمہ گوش عورت کھائے تو بانجھ ہو جائے اگر خچر کا سم یا لید یا بالوں کو جلائیں چوہے بھاگ جائیں۔

الحکم:

فاز کا گوشت کھانا مکروہ ہے اگر فاز کنوئیں میں گر کے مر جائے تو ایک کر نکالے۔
شیخ سلیمان بحرانی لی ست بول اسپ واستر کے قائل ہیں۔اُن کا ایک رسالہ اس موضوع پر ہے۔
(دیکھو نجوم السماء)

ادبیات:

آدمیوں میں لڑائی ہو جانے کے موقع پر کہتے ہیں: خون خچر ہو گیا۔

maablib.org

البقرہ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
البقرہ	گاؤ	Cow	گائے، گئو، گیا

گائے بڑی منفعت خیز ہوتی ہے۔ بنی نوع انسان کو اپنے گوشت، پوست، دودھ، سینگ، حتیٰ کہ گوبر تک سے مدد پہنچاتی ہے۔ قرآن مجید میں اس جانور کا تذکرہ ہے اور خداوند عالم نے اس کا گوشت حلال قرار دیا ہے۔ کھال مختلف ضرورتوں میں استعمال ہوتی ہے۔ دودھ خوش ذائقہ ہونے کے علاوہ تندرست اور مریضوں کے لیے برابر سے مفید سمجھا جاتا ہے۔ سینگ کی کنگھیاں بنتی ہیں۔ گوبر عام طور پر اوپلوں کی صورت میں جلایا جاتا ہے۔ کنڈوں کی آنچ بہت تیز ہوتی ہے۔ گائے کے اوپر والے دانت نہیں ہوتے، نیچے کے دانتوں سے چارہ کھاتی ہے۔ عرب گائے ہکاتے وقت (وَحْ) کہتے ہیں۔ گائے کے یکسالہ بچے کو عجل اور دو برس والے کو صحیح اسی طرح جذع، ثنی، ماربا ع، سدیس علی الترتیب چھ برس کے سن تک کہتے ہیں۔ گائے گابھن ہونے کے ۴۱ ہفتہ کے بعد ایک بچہ جنتی ہے۔ احادیث میں گائے پالنے کا بہت ثواب ہے۔

جناب سرورکائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کیا مانع ہے کہ اپنے گھر میں برکت نہیں رکھتے۔ عرض کیا برکت کیا ہے؟ فرمایا وہ گوسفند ہے جو دودھ دے، پھر فرمایا جس کے گھر میں دودھ دینے والا گوسفند یا بکری دودھ دینے والی یا گائے دودھ دینے والی ہو باعث اُس کے گھر کی برکت کا ہے۔

دوسرے حدیث میں ہے آنحضرتؐ سے پوچھا کون سا مال بہتر ہے؟ فرمایا وہ زراعت جو بوئے اور وقت اناج لینے کے حق اپنا لے اور حق خدا کا دے۔ عرض کیا بعد زراعت کے کون سا مال بہتر ہے؟ فرمایا گائے کہ صبح شام دودھ دیتی ہے۔ احادیث میں سرخ گائے کے دودھ کی فضیلت زیادہ ہے۔

مسعودی نے لکھا ہے کہ اس زمین پر حضرت آدمؑ سے پہلے ۲۸ اُمتیں مختلف شکل وشمائل کی آباد تھیں جن میں کچھ مخلوق ایسے تھے جن کے جسم پر سفید بال اور دم مثل گائے کے تھی۔ شیعی نقطہ نظر سے بھی اس کا ثبوت ملتا ہے۔ بعض اخبار میں ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بارگاہ صمدیت میں عرض کیا کہ میں جاننا چاہتا ہوں کہ دنیا کی پہلی خشت کب رکھی گئی۔ جواب ملا موسیٰ تم نے میرے غوامض علم سے سوال کیا۔ عرض کیا پالنے والے میں اس بات کو دوست رکھتا ہوں کہ اس سے واقفیت حاصل کروں۔ موسیٰ میں نے دنیا کو دس کروڑ سال میں دس دفعہ پیدا کیا۔ پچاس ہزار سال تک غیر آباد رکھا پھر آباد کیا اور

پچاس ہزار سال تک آباد رہی۔

ثُمَّ خَلَقْتُ فِيهَا خَلْقاً عَلَى مِثَالِ الْبَقَرِ يَأْكُلُونَ رِزْقِي وَ يَعْبُدُونَ غَيْرِي خَمْسِينَ أَلْفَ عَامٍ ثُمَّ أَمَتُّهُمْ كُلَّهُمْ فِي سَاعَةٍ وَاحِدَةٍ.

پھر میں نے ایک خلقت گائے کی شکل میں خلق کی، موئیٰ میں اُس کو رزق پہنچاتا تھا اور وہ میرے غیر کی پچاس ہزار سال تک پرستش کرتی رہی یہاں تک کہ میں نے ایک ساعت میں سب کو فنا کر دیا۔

یہ حدیث طولانی ہے اور جامع الاخبار میں موجود ہے۔

اہل سنت کا عقیدہ ہے کہ جب حضرت آدمؑ جنت سے آئے تو جبرئیل اُن کے پاس لال رنگ کا ایک بیل اور سرخ گائے لائے جس سے نبی خدا نے زراعت کی۔ عالم بالا کے یہ مویشی جب تھک گئے تو آنکھوں سے آنسو نکلے اور پیشاب بہانے کی ضرورت ہوئی خدا نے اُن کے آنسوؤں سے باجرا اور گوبر سے باقلا اور پیشاب سے مسور پیدا کیے۔ (سبحۃ المرجان)

شیعی نقطہ نظر سے اس کی کچھ اصلیت نہیں ہے۔ روز کا تجربہ شاہد ہے کہ مویشیوں میں ہر سال کمی اور زیادتی ہوا کرتی ہے۔ کسی سال چوپائے کثرت سے نظر آتے ہیں اور کبھی پیداوار کم ہو جاتی ہے اس کی وجہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے کتاب دانیالؑ نبی سے بیان فرمائی ہے کہ جس سال محرم کی پہلی پیر کے دن ہوگی گائیں کثرت سے پیدا ہوں گی اور جس سال ربیع الاوّل میں سورج گرہن ہوگا گوسفند اور گائیں کم نظر آئیں گی۔

(بحار الانوار، کتاب السماء والعالم)

اس مکمل روایت کو ہم نے اپنی کتاب مفتاح التاریخ میں درج کیا ہے۔

بنی اسرائیل نے جو گائے ذبح کی تھی وہ اپنی خصوصیات میں ممتاز تھی۔ اسی گائے کے قصہ کی وجہ سے سورہ کا نام بقرہ ہوا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں ایک عورت بہت خوبصورت تھی، اُس کے پاس ایک شخص نے جس کا عامیل نام تھا شادی کا پیغام بھیجا اور عامیل کے چچازاد بھائی نے بھی خواستگاری کی، اُس عورت نے عامیل کے پیام کو منظور کر لیا اور باہم عقد ہو گیا۔ ناکام عاشق نے جذبہ حسد سے مجبور ہو کر عامیل کو قتل کر ڈالا، لاش دوسرے محلہ کی مسجد کے قریب ڈال دی اور خود خون کا دعویٰ دار رہا۔ بنی اسرائیل میں اس پر اسرار قتل کا بڑا ہنگامہ برپا ہوا، ہر قبیلہ دوسرے کو خون کا ذمہ دار ٹھہراتا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے رجوع کیا گیا اور آپ نے فرمایا:

إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَذْبَحُوا بَقَرَةً.

خدا نے تم کو تاکیدی حکم دیا ہے کہ ایک گائے ذبح کرو اور اُس کے گوشت کا ایک ٹکڑا لے کر مقتول کی لاش پر مارو وہ خود زندہ ہو کر قاتل کا پتہ بتائے گا۔ بنی اسرائیل نے کہا موسیٰ تم ہم سے دل لگی کرتے ہو۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا میں خدا سے پناہ مانگتا ہوں کہ جاہلوں میں شامل ہو جاؤں۔

تفسیر میں ہے کہ اگر حکم الٰہی کے ساتھ بنی اسرائیل گائے ذبح کر دیتے تو قاتل کا نام معلوم ہو جاتا۔ اُنھوں نے اپنی ضد سے بات میں طول دیا، کہا:

ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ

اچھا تم اپنے خدا سے دعا کرو کہ ہمیں بتائے وہ گائے کیسی ہو؟

قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَلَا بِكْرٌ ۖ عَوَانٌ بَيْنَ ذَٰلِكَ ۖ فَافْعَلُوا مَا تُؤْمَرُونَ.

موسیٰ نے کہا بیشک خدا فرماتا ہے کہ وہ گائے نہ تو بہت بوڑھی ہو اور نہ بچھیا بلکہ درمیانی عمر کی ہو غرض تم کو جو حکم دیا گیا ہے اُس کو بجالاؤ۔

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا لَوْنُهَا.

وہ کہنے لگے تم اپنے خدا سے دعا کرو کہ ہمیں بتائے اس کا رنگ کیسا ہو؟

قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النَّاظِرِينَ.

فرمایا خدا کہتا ہے کہ وہ خوب زرد گہرے رنگ کی ہو کہ دیکھنے والے دیکھ کر خوش ہو جائیں۔

(نافہم) بنی اسرائیل نے پھر استفسار کیا کہ اتنا اور پوچھ دیجیے کہ وہ گائے اور کیسی ہو؟

قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُولٌ تُثِيرُ الْأَرْضَ وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا.

موسیٰ نے کہا خدا فرماتا ہے کہ وہ گائے نہ تو اتنی سدھائی ہوئی ہو زمین جوتے اور نہ کھیتی سینچے، بھلی چنگی ایک رنگ کی اُس میں کوئی دھبہ تک نہ ہو۔

ان خصوصیات کی صرف ایک گائے تھی جو خدا کے ایک دوست دار کے پاس تھی۔ بنی اسرائیل کی ذہنیت سے خدا کو منظور یہ ہوا کہ اُس مومن کا عظیم فائدہ ہو جائے، قیمت بڑھتے بڑھتے اس قدر قرار پائی کہ تمام بنی اسرائیل محتاج ہو گئے اور اس شرط پر گائے خریدی کہ جتنا سونا اُس کی کھال میں آجائے وہ جمع کرایا جائے۔

غرض گائے ذبح کی گئی اور جب گوشت کا ٹکڑا مقتول پر مارا گیا تو وہ زندہ ہو گیا اور اُس نے بتایا

کہ میرا قاتل میرا چچازاد بھائی ہے جو قصاص کا طالب ہے۔ خداوند عالم نے مقتول کو دوبارہ نعمت حیات سے سرفراز کیا۔

متوکل کے حاشیہ نشینوں میں ابن عیناء ایک مشہور دانشمند گذرا ہے۔ خلیفہ نے پوچھا تمہارا محمد بن مکرم اور عباس بن رستم کے بارے میں کیا خیال ہے۔ ابن عینا نے کہا:

هُمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ، اِثْمُهُمَا اَكْبَرُ مِنْ نَفْعِهِمَا

وہ دونوں شراب اور قمار بازی میں اُن کا نفع تھوڑا اور خرابیاں بہت زیادہ ہیں۔ متوکل نے کہا: مالک بن طوق کے بارے میں کیا رائے ہے۔ کہا:

لَوْ كَانَ فِي بَنِي اِسْرَائِيْلَ وَنَزَلَتْ اٰيَةُ الْبَقَرَه مَا ذَبَحُوْا غَيْرَهٗ.

اگر وہ بنی اسرائیل میں ہوتا تو گائے ذبح کرنے کے موقع پر اُس کو ذبح کرتے۔

(روض الاخیار، ص ۱۲۹)

گائے کا گوشت بنی اسرائیل میں کھایا جاتا تھا اور دیگر انبیاء بھی گاؤکشی پسند کرتے تھے۔ نوادر قلیوبی میں ہے کہ جناب سلیمانؑ کے باورچی خانہ میں روزانہ جو بکریاں ذبح ہوتی تھیں اُن کے علاوہ چالیس ہزار گائیں کاٹی جاتی تھیں۔ مگر حضرت سلیمانؑ جو کی روٹی اپنے ہاتھ سے پکا کر کھاتے تھے۔

(اقتباس الانوار کشکول)

لیکن اسلامی نقطہ نظر سے گائے کا گوشت کھانا ضروری نہیں ہے۔ احادیث فریقین میں اس گوشت کی مذمت وارد ہوئی ہے۔ جناب رسالت مآبؐ کا ارشاد ہے:

اَلْبَقَرُ (لبنہ) دَوَاءٌ وَلَحْمُهٗ دَاءٌ.

یعنی گائے کا دودھ دوائی اور گوشت بیماری ہے۔ (جامع اللغات)

جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام نے اس مطلب کو یوں بیان فرمایا ہے:

لُحُوْمُ الْبَقَرِ دَاءٌ وَاَلْبَانُهَا دَوَاءٌ وَاَسْمَانُهَا شِفَاءٌ.

(مستدرک نہج البلاغہ، ص ۵۴، جلد دوم)

اہل سنت نے اس مقصد کو بی بی عائشہ سے روایت کیا ہے اور دمیری نے بحوالہ صحیح نقل کیا ہے۔

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک گروہ صحابہ کے ساتھ تشریف فرما تھے کہ دو شخص جھگڑتے ہوئے آئے، ایک نے عرض کیا یا رسول اللہ میرا ایک گدھا تھا اور اس شخص کی گائے تھی، اس کی گائے نے میرے گدھے کو مار ڈالا۔ حاضرین میں ایک شخص نے کہا کہ جانوروں کے فعل کا کوئی ذمہ دار نہیں

ہوسکتا۔ سرور عالمؐ نے فرمایا: اے علیؑ تم ان دونوں کا فیصلہ کردو۔ آپؑ نے پوچھا دونوں جانور بندھے تھے یا کھلے تھے یا ان میں سے ایک بندھا تھا اور دوسرا کھلا تھا۔ عرض کیا گیا کہ گدھا بندھا تھا اور گائے کھلی تھی اور اس کا مالک اس کے ساتھ تھا۔ حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ گائے کا مالک اس کے نقصان کا ذمہ دار ہے۔ اس فیصلہ پر پیغمبر خداؐ نے اظہار مسرت کیا۔

(ارجح المطالب، ص ۱۴۱)

حدیث قدسی میں ہے:

اِنَّ زُهَّادَ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ فِيْ زُهَّادِ اُمَّتِكَ كَشَعْرَةٍ سَوْدَاءَ فِيْ بَقَرَةٍ بَيْضَاءَ.

اے پیغمبرؐ بنی اسرائیل کے زاہدوں کو آپؐ کی امت کے زاہدوں سے یہ نسبت ہوگی جیسی سفید رنگ کی گائے کے ایک سیاہ بال ہو۔

ابن عباس کا بیان ہے کہ امام حسنؑ اپنے دور امامت میں ایک مرتبہ گابھن گائے کے قریب سے گذرے اور فرمایا کہ اس کے شکم میں پڑیا ہے جس کی پیشانی اور دُم پر سفید نشان ہوگا۔ قصاب نے جب اس گائے کو ذبح کیا تو جیسا فرمایا تھا ویسا ہی ہوا۔ حاضرین نے عرض کیا خدا فرماتا ہے شکم مادر کا حال تو کسی کو نہیں معلوم آپؑ نے کیوں کر فرمایا:

اِنَّا نَعْلَمُ الْمَكْنُوْنَ الْمَخْزُوْنَ الْمَكْتُوْمَ. الَّذِيْ لَمْ يَطَّلِعْ عَلَيْهِ مَلَكٌ مُقَرَّبٌ وَ لَا نَبِيٌّ مُرْسَلٌ غَيْرُ مُحَمَّدٍ وَذُرِّيَّتِهٖ (عَلَيْهِمُ السَّلَامُ).

ہم چھپی ہوئی باتوں اور پوشیدہ اسرار کو جنھیں خدا کے فرشتے بھی نہیں جانتے ہم جانتے ہیں۔ کوئی نبی مرسل بھی محمدؐ و آل محمدؐ کی معلومات کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔

ابان بن تغلب کی روایت میں ہے کہ خدمت امام جعفر صادق علیہ السلام میں ملک یمن سے علم نجوم کا ایک ماہر سعد نامی آیا اور حضرتؑ نے اُس سے فلکیات کے مسائل پوچھنا شروع کیے۔ وہ کسی مسئلہ کا جواب نہ دے سکا۔ منجملہ اُن مسائل کے یہ مسئلہ بھی تھا۔

فَمَا اسْمُ النَّجْمِ الَّذِيْ اِذَا طَلَعَ هَاجَتِ الْبَقَرُ فَقَالَ الْيَمَانِيُّ لَا اَدْرِيْ فَقَالَ لَهٗ اَبُوْ عَبْدِاللهِ صَدَقْتَ فِيْ قَوْلِكَ لَا اَدْرِيْ.

اُس تارے کا کیا نام ہے جب وہ نکل آتا ہے تو گائیں مست ہوجاتی ہیں۔ یمانی نے عرض کیا مجھے نہیں معلوم۔ فرمایا تو اپنے قول میں بڑا سچا ہے۔ (خصال ابن بابویہ، ص ۸۶)

نوٹ:

ہندوؤں کے تمام طبقہ خواہ وہ برہمن یا چھتری یا ویش یا شودر ہوں گائے کی تعظیم کرتے ہیں صرف پست اقوام گائے کا گوشت کھانا حرام نہیں سمجھتے۔ ہندو گائے کی عقیدت میں اس قدر محو ہیں کہ اس کا پیشاب تک پیتے ہیں، گوبر کو مقدس سمجھتے ہیں۔ اس کی جان بچانے کے لیے اپنی جان قربان کر دیتے ہیں مگر گائے کی عزت کی مذہبی وجہ آج تک کوئی بیان نہیں کر سکا یہاں تک کہ گاندھی جی بھی اس کی مذہبی تاویل نہیں کر سکے۔ گائے اگر دودھ دیتی ہے تو بھینس اس سے زیادہ دودھ دیتی ہے۔ اس کے دودھ میں گائے سے زیادہ گھی ہوتا ہے مگر بھینس کی عزت نہیں کی جاتی۔ ہندو مصر کی طرف سے ہندوستان میں داخل ہوئے ہیں اور گائے کی عبادت کا عقیدہ بھی مصر سے اُن کے ساتھ آیا ہے۔

(ہندو مذہب کی معلومات، ص ۳۰)

درخت بقر:

وصف بہشت میں ہے کہ وہاں ایک درخت ہے۔ اُس کے گائے کے ایسے سینگ ہیں۔

سورہ بقر:

قرآن مجید کا سب سے بڑا سورہ ہے جو مدینہ میں نازل ہوا ہے، اس میں ۲۸۶ آیتیں، ۴۰ رکوع ہیں۔ اس سورہ مبارکہ کی تلاوت کے اجر و ثواب میں جو احادیث وارد ہوئی ہیں اُن میں جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جو شخص سورہ بقر پڑھتا ہے خدا اُس پر صلوات بھیجتا ہے اور اپنی رحمت نازل کرتا ہے اور اُس شخص کا اجر عطا فرماتا ہے جو راہ خدا میں سال بھر تک کافروں سے دیار اسلام کی حفاظت کرے۔

کسی موقع پر جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک لشکر مرتب فرما کر علم داری کا یہ معیار قرار دیا کہ جس کو قرآن مجید کا کوئی سورہ یاد ہو وہ اس جلیل عہدہ پر فائز ہو۔ ایک نو عمر لڑکا سامنے آیا اور اُس نے عرض کیا کہ مجھے سورہ بقر یاد ہے آپؐ نے علم دے دیا۔ لوگوں نے نکتہ چینی شروع کی اُس وقت آپؐ نے فرمایا: (مَعَهٗ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ) اس کے ساتھ سورہ البقرہ ہے۔ اس اعلان پر اختلاف کی آگ سرد ہو گئی۔

(امالی، التفسیر والواعظ)

ممکن ہے کہ اس واقعہ کے بعد سے لوگوں کو سورہ بقرہ یاد کرنے کا خیال ہوا ہو۔ حضرت عمر کے متعلق مختلف قول نظر آتے ہیں بعض کہتے ہیں کہ بارہ سال میں سورہ یاد ہوا۔ ابن ابی الحدید کہتے ہیں کہ جب بارہ سال کے بعد یاد ہو گیا تو آپ نے ایک شتر نحر کیا بہر تقدیر پورے قرآن کے آپ حافظ نہ تھے۔

گائے کی قسمیں:

۱): جنگلی گائے کو نیل گائے کہتے ہیں جو بہت طاقتور ہوتی ہے۔اس کا گوشت بہت اچھا ہوتا ہے۔منشی منیر شکوہ آبادی کہتے ہیں۔

چھڑ اچلا فلک پہ بہت خانہ جنگ کا　　　　چھوٹا ہے نیل گاؤ پہ کتا تفنگ کا

۲): علامہ قزوینی نے عجائب المخلوقات میں بارہ سنگھے کو بھی جنگلی گائے کی ایک قسم بتایا ہے اور بقر الوحش کا ترجمہ گوزن کیا ہے۔

شیخ علی حزین فقیہ نے اپنے رسالہ میں لکھا ہے کہ گوشت اس کا باتفاق فقہا حلال ہے۔

۳): چیتل Ax is Maculatus ہی بارہ سنگھے کی قسم ہے اس کا رنگ بھورا یا زرد اور جسم پر چھوٹے چھوٹے سفید گل ہوتے ہیں۔اس کا قد ایک گز سے زائد نہیں ہوتا۔(عالم حیوانی)

۴): سانبھر نیل گائے سے بڑا ہوتا ہے۔اس کا گوشت بہت لذیذ اور خوش ذائقہ ہوتا ہے۔

۵): سُرا گائے: پہاڑی ملکوں میں پائی جاتی ہے اس کا قد چھوٹا ہوتا ہے اور دم کے بال اکثر جھنڈوں میں لگائے جاتے ہیں۔عربی میں اس کو بقر جبلی اور الوحل کہتے ہیں۔قیصر باغ کے عجائب خانہ میں یہ گائے نہایت ہیبت ناک صورت کی قد آور موجود ہے،تبت کے شہروں میں پائی جاتی ہے۔اس کا گوشت سرد مزاج والوں بڈھوں کے لیے مفید ہے۔

۶): رام گائے: لکھنو کے زندہ عجائب خانہ میں موجود ہے اس کا قد و قامت بلی کے برابر ہے لمبان میں اُس سے کم ہے۔

تعبیر:

خواب میں موٹی گائے دیکھے تو روزی میں ترقی ہو اور دبلی گائے دیکھے تو رزق میں تنگی ہو،اگر گائے پر بوجھ لدا ہوا دیکھے تو جس سمت اُس کا رُخ ہو ادھر بیماری پھیلے۔

شیخ الرئیس کہتا ہے کہ اگر گائے کا دودھ خواب میں دیکھے تو مال حلال ملنے کی امید ہے۔

بادشاہ مصر نے جب کہ جناب یوسفؑ قید خانہ میں تھے خواب میں دیکھا تھا کہ سات موٹی گائیں ہیں جن کو دبلی گائیں کھائے جاتی ہیں اور سات ہری بالیاں دیکھیں پھر سات خشک بالیاں اناج کی نظر آئیں۔اہل دربار سے تعبیر پوچھی،حاضرین نے خواب پریشان کہہ کر تعبیر دینے سے انکار کر دیا۔ اُنھیں میں وہ ساقی بھی موجود تھا جو زندان مصر میں حضرت یوسفؑ کے کمالات علمی دیکھ چکا تھا کہنے لگا میں تعبیر بتانے پر تیار ہوں بشرطیکہ مجھے قید خانہ تک جانے کی اجازت دے جائے۔زندان میں پہنچ کر

اُس نے یوسفؑ کو پکارا:

يُوسُفُ أَيُّهَا الصِّدِّيقُ أَفْتِنَا فِي سَبْعِ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ يَأْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَسَبْعِ سُنْبُلَاتٍ خُضْرٍ وَأُخَرَ يَابِسَاتٍ.

اے بہت بڑے سچے ہمیں بتائیے کہ سات فربہ گاوں کو سات دبلی گائیں کھائے جاتی ہیں اور سات بالیاں ہیں ہری کچھ اور پھر سات سوکھی مرجھائی ہوئی۔ حضرت یوسفؑ نے جواب دیا کہ تم لوگ متواتر سات برس کاشت کاری کرتے رہو گے تو جو فصل تم کاٹو اُس کے دانوں کو بالیوں میں ہی رہنے دینا مگر تھاڑا بہت جو تم کھاؤ اُس کے بعد بڑے سخت خشک سالی کے سات برس آئیں گے۔ جو کچھ تم لوگوں نے ان سات سال کے واسطے ذخیرہ کر رکھا ہوگا سب کھا جائیں گے مگر قدر قلیل جو تم تخم ریزی کے لیے بچا رکھو گے پھر اُس کے بعد ایک سال آئے گا جس میں خوب بارش ہوگی اور انگور بھی خوب پھلیں گے اور لوگ اس سال اُنھیں شراب کے لیے نچوڑیں گے۔

حضرت یوسفؑ نے جیسا فرمایا تھا وہی ہوا۔ اہل مصر سات برس تک قحط کی سختیوں میں مبتلا رہے اور بے گناہ نبی زادہ کو اسیر کرنے کا بھگتان بھگتا۔

الخواص:

امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ سے سفیدی کے آثار کی شکایت کی۔ حضرت موسیٰ پر وحی ہوئی کہ بنی اسرائیل گائے کا گوشت چقندر کے ساتھ کھائیں۔ اطباء کہتے ہیں کہ عام طور پر گائے کا گوشت مفید نہیں ہے۔ عرب کا قول ہے:

لحم البقر داء و لبنه دواء وسمنه شفاء. (روض الاخیار، ص ۸۷)

گائے کا گوشت روگ اور دودھ دوا اور چربی شفا ہے۔

گائے کے بائیں طرف کے سینگ کی انگوٹھی اگر دستِ چپ میں پہنے تو مرگی کے آزار سے صحت ہوگی۔ اگر ایک گھڑا گلے تک زمین میں دفن کر دیں اور اُس میں گائے کی چربی ملیں تو گھر بھر کے مچھر جمع ہو جائیں گے۔ اگر گائے کے گردہ کو مریض خنازیر کے گلے میں لٹکائیں تو نفع ہوگا۔ گائے کی دم کو جس جگہ جلائیں وہاں کے رہنے والوں میں ناموافقت ہوگی۔

الحکم:

گائے وحشی و اھلی دونوں حلال ہیں۔ اگر گائے فضلہ خوار ہو تو ۲۰ دن تک اُس کی حفاظت کرنے سے استبرا ہو جاتا ہے۔ گائے کنوئیں میں گر کے مرجائے تو ایک کر پانی نکالنا چاہیے۔ اگر کسی

کے پاس تیس گائیں ہوں تو ایک بچہ گاؤ جو دوسرے برس میں داخل ہو زکواۃ نکالے اور دو کا دینا زیادہ احتیاط ہے اور جب چالیس گائیں ہوں تو ایک مادہ گاؤ جو پورے دو برس کی ہو اور تیسرے میں داخل ہوئی ہو زکواۃ دے۔

گرزِ گاؤ سر:

اگلے زمانہ میں لڑائی کے موقع پر تیر و تلوار کے ساتھ گرز گاؤ سر استعمال کیا جاتا تھا جس طرح عرب میں دست بدست لڑائی کے موقع پر ''عمود'' سے حملہ کرتے ہیں۔

گاؤ زبان:

گرم تر ایک فرحت بخش پتی ہے جو نزلہ، کھانسی، قوت قلب کے موقع پر اطباء استعمال کراتے ہیں۔

اسمِ باقر:

پانچویں امام کا لقب ہے۔ نام نامی آپ کا محمد تھا۔ باقر اس لیے کہتے تھے کہ علمی تحقیقات آپ کے مشہور ہیں۔ حدیث میں ہے:

پانچویں امام کو باقر کیوں کہا گیا، فرمایا اس لیے کہ اُنھوں نے علم کو شگافتہ کیا جو شگافتہ کرنے کا حق تھا اور اظہار کیا جو اظہار کرنے کا حق تھا۔ ولادت آپ کی یکم رجب اور وفات ۷ ذی الحجہ میں ہوئی۔ روات میں جو احادیثیں نقل کی ہیں اُن میں آپ کو کہیں ابو جعفر اور کسی جگہ ابو جعفر اول اور کہیں ''احدہما'' سے تعبیر کیا ہے یہ اُن لوگوں کا عہد تھا جب آلِ رسول کا نام لینا جرم تھا ہم شکر گذار ہیں ان علم نواز راویوں کے جنھوں نے ائمہ کے حکیمانہ ارشادات کو اپنے سینوں میں محفوظ رکھا اور اُن کی پاک زبانیں ہر موقع پر ترجمانی کے فرض کو ادا کرتی رہیں۔

عیدِ بقر:

مولف مفاتیح الجنان نے نہم ربیع الاول کے روز مسرت کا نام عید بقر قرار دیا ہے۔

ادبیات:

۱): گاؤ دم، اردو میں اُس شئ کو کہتے ہیں جس کا ایک حصہ موٹا اور دوسرا باریک ہو۔ بیوقوف انسان کو بھی گاؤ دم کہتے ہیں۔

۲): گاؤ خورد: جب ظلم کسی مظلوم کی حق تلفی کرتا ہے تو تصرف شدہ مال کے ذکر میں کہتے ہیں
"سارا مال گاؤ خورد ہو گیا"

۳): گائے کے گردے جمع کرنا: چند شخصوں کی مشترکہ کوشش سے کسی کام کو انجام دینے یا چند قسم کی مختلف چیزیں یکجا کر دینے کے موقع پر کہتے ہیں جس کی وجہ یہ ہے کہ گائے کا گردہ دیکھنے سے خود پارہ پارہ نظر آتا ہے جس کو قدرت نے ایک صورت میں جوڑ دیا ہے۔

۴): بڑا گوشت: اردو میں گائے کے گوشت کو کہتے ہیں۔

۵): فرماں بردار اور نیک بخت عورت کو گائے سے تشبیہ دیتے ہیں۔

۶): احمد کبیر کی گائے: جاہل عوام اپنی مراد پوری ہونے کے موقع پر ذبح کرتے ہیں اور احمد کبیر کو ولی سمجھ کر قربانی چڑھاتے ہیں۔

جاہل عورتوں کے حال میں شاعر کہتا ہے۔

کرتی ہیں یہ کم عقل و ناقص رائے　　　اور احمد کبیر کی کہیں گائے

شیعوں میں اس قبیح رسم کا ایک صدی سے رواج نہیں ہے، اہل سنت میں کہیں کہیں یہ رسم باقی ہے۔

۷): نفع بخش انسان سے معمولی ضرر پہنچ جانے پر کہتے ہیں "دھیلی گائے کی لات اچھی ہے"۔

۸): سیدھے آدمی کو عوام اللہ میاں کی گائے کہتے ہیں۔ خدا کے جملہ نام توفیقی ہیں میاں کا اضافہ کسی طرح درست نہیں ہے۔

۹): گاؤ زبان ایک قسم کا شیرمال ہے جو بصورت زبانِ گاؤ نان پر پکا کر یہ ایک پیسہ کا فروخت کرتے تھے۔ سامان خورد و نوش کی گرانی جب سے شروع ہوئی اب گاؤ زبان فروخت نہیں ہوتی۔ سودا مرحوم اپنے ایک شعر میں کہتے ہیں۔

مطبوخ پہ خربوزہ ہے اور طربزے پر دودھ　　　ہے دودھ پہ مچھلی تس اوپر گاؤ زبان ہے

۱۰): عید بقر: اصطلاح اہل علم میں نہم ربیع الاول کو کہتے ہیں۔ صاحب مفاتیح الجنان تحریر فرماتے ہیں: روز نہم اور عید بزرگ و روز عید بقر (یعنی شکافتن) است۔ (ص ۳۶۲)

بچھیا:

چھوٹی لائن کا ایک اسٹیشن ہے جو ناپارہ سے کڑنین گھاٹ کے راستہ میں واقع ہے۔

نوٹ: گائے مونث ہے، اقبال کہتے ہیں۔

کہنے لگے کہ اونٹ ہے بھدا سا جانور　　　اچھی ہے گائے رکھتی ہے کیا نوک دار سینگ

maablib.org

بقّہ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
ڈانس	BUG	پشہ	بقہ

عربی کی وسیع زبان میں ایک ایک جانور کو مختلف ناموں سے یاد کیا جاتا ہے۔ مچھر کو بقہ بھی کہتے ہیں۔امام جعفر صادق علیہ السلام کی زبان پر اس لفظ کا ذکر آیا ہے۔ مجلسی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں:

اَلْکَافِی عَنْ اَبِی عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ: لَا بَأْسَ بِقَتْلِ الْبُرْغُوثِ وَ الْقَمْلَۃِ وَ الْبَقَّۃِ فِی الْحَرَمِ. (بحار الانوار)

کافی میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ فرمایا آپ نے خانہ کعبہ میں پسو، جوں، مچھر مارنے میں کوئی ہرج نہیں۔

پیر کا شانی در ناسخ التواریخ ضمن احوال امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام گفتہ نیز روایت کردہ کہ رسول خدا باہر دو دست کف حسن وحسین را گرفتہ وقدم ہائے ایشان برقدم رسول خدا بود پس آنحضرت فرمود: تَرَقَّ عَیْنَ بَقَّۃٍ یعنی بالا بیا ای چشم پشہ گفتہ اند کہ از بقہ فاطمہ علیہا السلام را ارادہ فرمودہ است وخطاب کردہ است: یَاحُسَیْنُ یَاقُرَّۃَ عَیْنِ بَقَّۃٍ تَرَقَّ.

بلبل

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
	Night Angle	عندلیب ہزار	بلبل

ایک چھوٹی مشہور چڑیا ہے جو بہت تیز اُڑتی ہے اور اپنی خوشنوائی سے تمام چڑیوں میں مشہور و ممتاز ہے۔ موسم بہار میں وجد کے عالم میں نغمہ کرتی ہے اور پھولوں کی عاشق ہے۔ کبھی آشیانہ میں جفت نہیں ہوتی۔ ماہرین علم حیوان کہتے ہیں کہ پھول توڑنے سے درحقیقت اس کو تکلیف پہنچتی ہے۔ مزاج اس کا گرم ہے اس لیے پانی بہت پیتی ہے اور نہانے سے زیادہ خوش ہوتی ہے۔

کعب الاحبار سے روایت ہے کہ حضرت سلیمانؑ ایک بلبل کے قریب سے گذرے وہ بالیے سر درخت پر اپنا سر اور دُم ہلا رہی تھی۔ آپ نے اصحاب سے پوچھا کہ سمجھے بھی یہ کیا کہتی ہے۔ عرض کیا

نہیں۔ فرمایا کہتی ہے کہ میں نے نصف دانہ خرما کھالیا، دنیا پر خاک ہے۔

کعب الاحبار یہودیوں کا ایک بہت بڑا عالم تھا جس کو صحف انبیاء کا علم خصوصیت کے ساتھ حاصل تھا۔ عہد جناب امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ میں یہ اسلام لایا اور تابعین میں سب سے فاضل سمجھا جاتا ہے۔

(مجمع البحرین)

اور حدیث امام حسینؑ میں ہے کہ بلبل کہتی ہے: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حَقًّا حَقًّا۔

نغمہ سنج جانوروں میں بلبل کے بعد ققنس مشہور ترین پرند ہے۔ علم موسیقی کی ایجاد اسی کے آواز سے ہوئی ہے، اس کی عمر ہزار سال بتائی جاتی ہے، اس کو آتش زن بھی کہتے ہیں۔

شیخ علی حزین علیہ الرحمہ کی تحقیق ہے کہ یہ حرام ہے۔ مولف عجائب المعلومات کی تحقیق ہے کہ بلبل کا نغمہ (سناٹے میں) ایک میل کے فاصلے سے سنا جا سکتا ہے۔

تعبیر:

اگر بلبل کو خواب میں دیکھے تو فرحت وانبساط حاصل ہو، مریض دیکھے تو صحت ہو۔

خواص:

اس کا گوشت اگر سرطان کی آنکھ کے ساتھ بز کوہی کی کھال میں باندھیں تو جادو کا اثر نہ ہو۔

الحکم:

بلبل کی حلت وحرمت میں اختلاف ہے۔ شیخ علی حزین کے نزدیک حرام ہے اور فاضل طبسی حلال کہتے ہیں۔

ادبیات:

بلبل کا چارہ کم خوراک آدمی کی غذا کو کہتے ہیں۔ بلبل شاعروں کا نقطہ خیال اور اُن کی تخیلاتی زندگی کی روح رواں ہے۔ بلبل کو شاعروں نے مذکر ومونث دونو نظم کیا ہے۔ زکی خان رشید قدیم شاعر مثنوی میں کہتے ہیں۔

جانے لگیں بلبلیں چمن سے　　اُٹھنے لگے لوگ انجمن سے

بلبلیں قدیم زمانہ میں بٹیروں کی طرح تیار کر کے لڑائی جاتی تھیں۔ نظیر اکبر آبادی کہتے ہیں۔

چلائے مور سارس اور پھڑ پھڑائے گھگو　　گد اور چند دھاڑی اور پھڑ پھڑائے الو

کتے بھی بھونکے بھوں بھوں گیدڑ پکارے ہوہو — بھڑوے گدھے بھی رینگے کراپنی ڈھینچو ڈھینچو
سوسو طرح کی دھومیں ایکدم میں کردکھائیں — اس ڈھب سے ہم نے یاروکل بلبلیں لڑائیں

البھیمہ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
البھیمہ	چھارپایان		چوپاٹر

بھیمہ لغویین کے نزدیک ہر اُس جانور کو کہتے ہیں جو چار پیروں سے چلتا ہو خواہ دریائی ہو یا صحرائی۔ جمع اس کی بھائم ہے۔

سمیت بہیمۃ لإبہامہا من جہۃ نقص نطقہا وفہمہا، وعدم تمییزہا۔

یہ نام اس لیے رکھا گیا کہ چوپائے نطق اور جوہر عقل وتمیز سے معرا ہوتے ہیں گویا اُن کی زندگی پرایک پردہ پڑا رہتا ہے۔ شیخ سعدی کہتے ہیں۔

با سخن آرائی چو مردم بہوش — ماہنشین ہم چو بہائم خموش

قرآن مجید میں جناب باری فرماتا ہے: اُحِلَّتْ لَكُم بَهِيمَةُ الْأَنْعَامِ (مائدہ:۱)

ایمان لانے والو تمہارے واسطے چوپائے جانور حلال کردیے گئے ہیں۔

تفسیر میں ہے کہ مراد اس سے اونٹ، گائے، گوسفند ہیں۔

قَدْ رُوِيَ اَنَّ لِلّٰهِ مِائَةَ رَحْمَةٍ اَنْزَلَ مِنْهَا رَحْمَةً وَاحِدَةً بَيْنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَ الْبَهَائِمِ وَالْهَوَامِ فِيْهَا يَتَعَاطَفُوْنَ وَبِهَا يَتَرَاحَمُوْنَ۔

خدا نے رحمت کو سو نمبروں میں تقسیم کیا ہے صرف ایک نمبر جن وانس اور چوپائے حشرات الارض میں نازل کی ہے جس سے آپس میں ایک دوسرے پر لطف ومدارات سے پیش آتا ہے۔

معرفت الٰہی سے خالی نام نہاد انسانوں کو معصومین علیہم السلام کے کلام میں جابجا بھائم سے تعبیر کیا ہے۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

اُمَّتِيْ عَلٰى ثَلَاثَةِ اَصْنَافٍ صِنْفٌ يُشْبِهُوْنَ بِالْاَنْبِيَاءِ وَ صِنْفٌ يُشْبِهُوْنَ بِالْمَلَائِكَةِ وَصِنْفٌ يُشْبِهُوْنَ بِالْبَهَائِمِ۔

میری امت کے تین طبقہ ہیں، ایک انبیاء سے مشابہ ہے اور ایک ملائکہ کی تصویر ہے اور ایک چوپاؤں کی طرح ہے۔ آخر میں فرمایا ہے جو انبیاء کی طرح ہیں اُن کے مقاصد نماز، زکواۃ اور جو ملائکہ

سے مشابہ ہیں اُن کا شغل تسبیح و تقدیس و تہلیل و تکبیر اور جو چوپاؤں سے مشابہ ہیں اُن کے اوقات کھانے پینے سونے میں گذرتے ہیں۔

(جامع الاخبار، ص ۱۲۲)

دوسرے مقام پر آثار قیامت میں ہے (وَ تَصِيرُ النِّسَاءُ كَالْبُهُمِ) عورتیں چوپاؤں کی طرح (بے پردہ) ہوجائیں گی۔ یہ حدیث پیغمبر اسلامؐ کی سچائی کا ایک زبردست ثبوت ہے اور اس سے واضح ہوتا ہے آپؐ کو مستقبل کے دینی انقلابات پر واقفیت حاصل تھی ایک اور حدیث میں فرمایا ہے:

تُمْطِرُ السَّمَاءُ الْحَجَرَ كَأَمْثَالِ الْبِيضِ فَيَهْلِكُ فِيهَا الْبَهَائِمُ.

آخرزمانہ میں آسمان سے انڈے کے برابر پتھر گرینگے اور اس ژالہ باری سے چوپائے ہلاک ہوجائیں گے۔

جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام نے اہل بصرہ سے خطاب کر کے فرمایا تھا:

كُنْتُمْ جُنْدَ الْمَرْأَةِ وَأَتْبَاعَ الْبَهِيمَةِ. تم عورت کے لشکر اور چوپائے کے پیرو ہو۔

واقعہ یہ تھا کہ بی بی عائشہ کے ہواخواہ میدان نبرد میں اونٹ کے پیچھے پیچھے چلتے تھے جدھر اونٹ کا رُخ ہوجاتا تھا سپاہی بھی اُسی طرف ٹوٹ پڑتے تھے۔ آپؑ نے اُن کی بزدلی کا اس کلام میں خوبصورتی کے ساتھ نقشہ کھینچا ہے۔

دوسرے موقع پر اشعث بن قیس سے بطور تعزیت کہتے ہیں:

إِنْ صَبَرْتَ صَبْرَ الْأَكَارِمِ وَإِلَّا سَلَوْتَ سُلُوَّ الْبَهَائِمِ.

اگر صبر کر تو بزرگانِ دین کا ایسا صبر ہو ورنہ جس طرح چوپائے صدمات کو بھول جاتے ہیں اُسی طرح تو بھی دل سے مصیبت کو فراموش کردے۔

یہ وہ حکیمانہ مشورہ ہے جس سے بہتر ایک مصیبت زدہ کے لیے اور دستور عمل نہیں ہوسکتا۔

عالم کو فانی سمجھنے والی ہستیاں ہمیشہ دنیاوی راحت و آرام پر فریفتہ نہیں ہوئیں وہ صرف خدا کی عبادت میں زندگی بسر کرنا چاہتے تھے۔ کمسنی میں بھی کبھی کھیل کود میں مشغول نہیں ہوئے۔ صفوان جمال سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ امام کو کیسا ہونا چاہئے۔ فرمایا اس منصب کا مالک لہو ولعب نہیں کرتا۔ یہ باتیں ہورہی تھیں کہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام آگئے۔ آپ صغیر السن تھے:

وَمَعَهُ بَهْمَةٌ مَكِّيَّةٌ وَهُوَ يَقُولُ لَهَا اسْجُدِي لِرَبِّكِ.

ساتھ آپ کے مکہ کی ایک بکری تھی اور آپ اُس سے کہہ رہے تھے کہ اپنے رب کو سجدہ کر۔

یہ حقیقت آگین باتیں سن کر امام جعفر صادق علیہ السلام نے صاحبزادہ کو سینہ سے لگالیا۔ اور فرمایا:

بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي مَنْ لَا يَلْهُو وَلَا يَلْعَبُ. (الارشاد، شیخ مفید)

میرے ماں باپ فدا ہوں اُس سنجیدہ پر جو لہو ولعب میں اس سن میں بھی مشغول نہیں۔

حدیث جناب رسالت مآبؐ میں ہے:

لَوْلَا أَطْفَالٌ رُضَّعٌ وَشُيُوخٌ رُكَّعٌ وَبَهَائِمُ رُتَّعٌ لَصُبَّ عَلَيْكُمُ الْعَذَابُ صَبّاً.

اگر دودھ پیتے بچے اور خمیدہ پشت بوڑھے اور زمین پر گھاس چرنے والے چوپائے نہ ہوتے تو تم پر۔ (تمہاری بداعمالیوں کے سبب سے عذاب خدا انڈل آتا۔)

تعبیر:

چوپاؤں کو خواب میں دیکھنا اچھا ہے۔ حلال روزی کی امید بے روزگار کے لیے، سامان منفعت تاجروں کے لیے، مریض کے لیے دکھ اور بیماری سے نجات ہے۔

الخواص:

خواص ہر چوپائے کے نمبروار درج کیے گئے ہیں۔

الحکم:

گائے، بکری، بیل، اونٹ، بھینس حلال ہیں۔

نوٹ:

دواء البہائم والطیور حکیم احسان علی مرحوم کی مشہور کتاب ہے جو علاج احسانی کے نام سے معروف ہے اس میں چوپائے اور پرندوں کا علاج اردو زبان میں ۸۲ صفحات پر ہے۔

البوم

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
البوم	چغد	Owl	الو، کھوسٹ، گھگو

مشہور پرندہ ہے جو نگاہ کی کمزوری سے دن کو باہر نہیں نکلتا۔ جاحظ کہتا ہے کہ بزعم خود اپنے تئیں حسین ترین پرند سمجھتا ہے اس لیے دن کو نظر بد کے خوف میں نہیں اُڑتا، ہمیشہ تنہائی اور ویران مقامات

پر رہتا ہے۔ عربی میں اس کا دوسرا نام "ھامہ" ہے۔ الو ایشیائی نقطہ نظر سے منحوس ترین جانور ہے۔ اگر کسی عرب کے مکان پر الو بیٹھ جاتا ہے تو سمجھا جاتا ہے کہ یا گھر والا مر جائے گا یا کسی عزیز کی خبر بد آئے گی۔ واہمہ پرست عرب سمجھتے ہیں کہ جس مقتول کے خون کا انتقام نہیں لیا جاتا اُس کی روح الو کی شکل اختیار کر کے کہتی ہے کہ مجھے میرے قاتل کا خون پلا دو۔ جب اُس کے قاتل سے کوئی انتقام لیتا ہے تو اُڑ جاتا ہے۔ اہل عجم بھی اس خیال میں عربوں کے ہم نوا ہیں۔ شیخ سعدی کہتے ہیں۔

بلبلا مژدہ بہار

اُلو مختلف قد و قامت کے ہوتے ہیں۔ چھوٹا الو چڑیا کے برابر اور بڑا چیل کے برابر ہوتا ہے۔ پرانے الو کو کھوسٹ اور چھوٹے کو چغد کہتے ہیں۔ قیصر باغ کے عجائب خانہ میں الو اور چغد کی تیس ۳۰ قسمیں موجود ہیں جن میں کریل اور ڈنڈل بہت خوشنما الو ہیں۔

آتش۔

تیرے ہی گنجِ حسن کے سودے میں چغد کو شوق خرابہ کشور آباد سے ہوا

قزوینی مولف عجائب المخلوقات کہتا ہے کہ الو اور کوے میں دشمنی ہوتی ہے اور دوسرے جانور بھی اگر کبھی دن کو نکلتا ہے تو اس کو ستاتے ہیں۔ عرب کی واہمہ پرستی کا اثر ہندوستان میں بھی ہے اور الو کو منحوس سمجھتے ہیں۔ اگر دیوار پر بیٹھ جاتا ہے تو تالیاں بجا کر اس کو ہکاتے ہیں اور اس وقت کسی عزیز دوست کا نام نہیں لیتے۔ یورپ میں الو بہت زیادہ مبارک سمجھا جاتا ہے۔ ہندوستان کے بعد سادھو الو کے پر اپنی پگڑی میں لگاتے ہیں۔

شیعی احادیث سے ثابت ہے کہ جناب امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ نے فرمایا:

اِنَّ اللهَ عَرَضَ اَمَانَتِي وَ وَلَايَتِي عَلَى الطُّيُورِ فَاَوَّلُ مَنْ آمَنَ بِهَا الْبُزَاةُ وَ الْقَنَابِرُ وَ اَوَّلُ مَنْ جَحَدَهَا الْبُومُ وَ الْعَنْقَاءُ فَلَعَنَهُمَا اللهُ تَعَالَى مِنْ بَيْنِ الطُّيُورِ فَاَمَّا الْبُومُ فَلَا تَقْدِرُ اَنْ تَظْهَرَ بِالنَّهَارِ لِبُغْضِ الطَّيْرِ لَهَا۔ (مناقب)

خدا نے میری ولایت کو پرندوں پر پیش کا کی تو سب سے پہلے باز اور چکاک نے اقرار کیا اور سب سے پہلے الو اور عنقا نے انکار کیا خدا نے دونوں کو پرندوں میں ملعون قرار دیا اور الو دیگر چڑیوں کے دشمن ہونے کی وجہ سے دن کو آشیانہ سے نکل نہیں سکتا۔

جناب امیرؑ پیری کے دور کو دیکھ کر فرماتے ہیں:

اَيَا بُومَةً قَدْ عَشَّشَتْ فَوْقَ هَامَتِي عَلَى الرَّغْمِ مِنِّي حِيْنَ طَارَ غُرَابُهَا

اے بوم تو نے میرے سر پر آشیانہ بنایا ہے جب کہ کوا پرواز کر گیا۔

احادیث میں مسافر کے گھر سے برآمد ہوتے وقت الّو کا بولنا مبارک سمجھا گیا ہے۔ حدیث صحیح میں حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ سات چیزیں ہیں اگر مسافر کے وقت روانگی ظاہر ہوں تو بد ہیں پہلے کوے کا داہنی جانب سے بولنا، دوسرے کتے کا سامنے سے دُم اُٹھائے ہوئے آنا تیسرے بھیڑنی کا دم کے بل بیٹھنا اور مسافر کے سامنے بولنا پھر تین مرتبہ بلند و پست ہونا چوتھے ہرن کا مسافر کی داہنی طرف سے آجانا اور بائیں طرف چلے جانا پانچویں الو کا بولنا چھٹے بڑھیا عورت جس کے بال سفید ہوں مسافر کے سامنے آجائے ساتویں مادہ اُلاغ یعنی وہ گدھی جس کے کان کٹے ہوں سامنے آئے اور مسافر دیکھتے ہی خائف ہو تو کہے:

اَعْتَصَمْتُ بِكَ يَارَبِّ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ فِي نَفْسِي فَاعْصِمْنِي مِنْ ذٰلِكَ.

جب یہ دُعا پڑھے گا تو کوئی ضرر نہ پہنچے گا۔ (حلیۃ المتقین)

دوسری حدیث میں امام رضاؑ نے الّو کے ویرانوں میں رہنے کی وجہ یہ بتائی ہے کہ الّو زمانہ سابق میں گھروں میں رہا کرتا تھا اور کھانے کے وقت دسترخوان پر آتا تھا اور کھاتا تھا جب امام حسینؑ شہید ہوئے تو اس نے آبادی سے نکل کر ویرانوں، پہاڑوں، جنگلوں میں سکونت اختیار کی اور کہا تم لوگ بدترین امت ہو تم نے اپنے پیغمبرؐ کے فرزند کو شہید کر ڈالا میں تم سے مطمئن نہیں ہوں کہیں مجھے بھی قتل نہ کردو۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب سے (اُمت نے) امام حسینؑ کو شہید کیا اُلّو دن کو نہیں نکلتا رات کو نکلتا ہے۔ اُس دن سے آبادی میں رہنے کی قسم کھائی ہے دن کو روزہ رکھتا ہے اور اندوہناک رہتا ہے جب رات ہوتی ہے تو افطار کرتا ہے اور امام حسینؑ کے لیے ہمیشہ نالہ و فریاد کرتا ہے۔

مولف کہتا ہے کہ بجز اول الذکر حدیث کے اِن اخبار سے الّو کی نحوست ثابت نہیں ممکن ہے کہ ولایت علیؑ سے انکار کا جرم اُن کی اولاد کے قتل پر ہمدردی سے سبک ہو گیا ہو۔ علامہ علی بن شہر آشوب مازندرانی مناقب آلِ ابی طالبؑ میں رقم طراز ہیں:

و الطيور المختارة عندنا خمس الزاغی و الورشان و القنبرة و الهدهد و البوم و السبب فی سكونها الخراب إنه لما قتل الحسين ع درأت عليه و قالت لا سكنت بين قوم يقتلون ابن رسول الله و دخلت الخراب.

ہمارے چنے ہوئے پرندے پانچ ہیں زاغی کبوتر اور سفید کبوتر اور چکاوک اور ھدھد اور الّو جس

کے غیر آباد مقامات پر رہنے کا سبب یہ ہے کہ امام حسینؑ قتل کیے گئے اور اس نے یہ غضبناک منظر دیکھا تو کہا کہ اب میں اُس قوم میں نہ رہوں گا جس نے پیغمبر زادہ کو قتل کر ڈالا جب سے پرانے کھنڈروں میں سکونت اختیار کی۔

امام حسینؑ نے فرمایا ہے کہ الو کہتا ہے "لوگوں سے دوری اختیار کرنا مجھے سب سے زیادہ مانوس ہے"۔

عرب کے مرثیہ گو شعراء نے آلِ رسولؐ کے گھروں کی ویرانی پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا ہے کہ جن گھروں سے نماز کی صدائیں آتی تھیں وہاں الو کے آشیانے ہیں۔

اسفا علی بیت الرسالة قد خلا　　من ذکرھم و من الصلوة المسجد

و قبور ھم شتیٰ بکل محلة　　و بیوتھم للبوم فیھا مرقد

اُلو کی شکل اور چڑیوں سے مختلف ہوتی ہے۔ اس کا سر چوڑا، چپٹا اور آنکھیں بڑی ہوتی ہیں اور گردن گویا نہیں ہوتی۔ شکل بھدی ہوتی ہے۔ سب پرندوں کی آنکھیں سر کے سیدھی اور بائیں طرف ہوتی ہیں مگر الو کی آنکھیں سر کے سامنے کے حصے میں ہوتی ہیں مثل انسان کے اس کا فائدہ یہ ہے کہ یہ نزدیک کی چیز کو اچھی طرح دیکھ سکتا ہے۔ اس کی آنکھیں بڑی ہوتی ہیں اس لیے اس کو روشنی اچھی نہیں معلوم ہوتی۔ اس کے کان کے سوراخ بہت بڑے ہوتے ہیں۔ اس کی چونچ چھوٹی مگر بہت مضبوط ہوتی ہے جس سے وہ گوشت اور ہڈیوں کو توڑ ڈالتا ہے۔ اس کے پیر ریشم کی طرح ملائم ہوتے ہیں وہ جب اُڑتا ہے تو کسی طرح کی آواز نہیں ہوتی اور آہستہ سے اپنے شکار کے پاس پہنچ جاتا ہے۔ کیڑے چھپکلی، چوہے، چمگادڑ اور چھوٹی چھوٹی چڑیاں اس کی غذا ہے۔ جب یہ چوپایا اور کسی جانور کو پنجہ سے پکڑتا ہے تب وہ جانور اُس کے پیر میں کاٹتا ہے اور پیر کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا پیروں کی وجہ سے۔

(سائنس اور مطالعہ قدرت)

تعبیر:

اگر اُلو کو خواب میں دیکھے تو عزائے حسینؑ کی توفیق ہوگی، نوحہ وشیون امام میں وقت گذرے گا۔

خواص:

الو کی آواز سے سانپ بھاگتے ہیں۔ اگر الو کی داہنی آنکھ سونے والے کے سرہانے رکھ دیں تو بیدار ہوگا اور بائیں آنکھ کو انگوٹھی کے نگینے میں رکھ کر پہنیں تو نیند نہ آئے گی۔ اگر الو کا دل سوئی ہوئی عورت کے بائیں ہاتھ پر رکھ دیں تو جو کچھ اُس نے دن بھر کیا ہے کہہ دے گی۔

الحکم:

اُلو کی جتنی قسمیں ہیں وہ حرام ہیں۔

ادبیات:

اردو میں بے عقل اور سادہ لوح کو اُلو کہتے ہیں۔ میاں مشیر لکھنو کے مشہور ادیب کہتے ہیں۔

تو اُلو پرانا ہے اے بے ادب بھلا قابل وصل یہ سن تھا کب

جو شخص بہت زیادہ بیوقوف ہوتا ہے اُس کو اُلو کا پٹھا، اُلو داس، کاٹ کا اُلو کہتے ہیں۔

شاعر کہتا ہے۔

اس شاعری کے ذوق نے اے تیغ آج کل اچھے بھلے کو کاٹ کا اُلو بنا دیا

اس موقع پر اُلو کی دم فاختہ بھی کہا جاتا ہے۔ میاں مشیر فرماتے ہیں۔

تو ہنس کر پکارا وہ اُلو کی دُم

موخر الذکر الفاظ سب عامیانہ ہیں جو ارباب تہذیب کی زبان پر نہیں آتے جیسا کہ کسی شخص کی مشغولیت یا دلچسپی نہ لینے کے موقع پر بازاری لوگ کہتے ہیں: ''اُن کو اپنا اُلو سیدھا کرنے سے کب فرصت ہے''۔ اگر کسی رئیس وغیرہ کو حسن تدبیر سے کوئی قابو میں کر لیتا ہے تو کہتے ہیں: ''اُلو بنا دیا''۔

اُلو نما مچھلی:

قزوینی نے مچھلیوں کے حال میں لکھا ہے:

منها سمكة مقدار ذراع بدنها كبَدَنِ السَّمَكِ وَ وَجْهُهَا كوجه البوم ازانخله.

ایک مچھلی ہاتھ بھر کی ہوتی ہے جس کا دھڑ مچھلی کی طرح اور چہرہ اُلو کا ایسا ہوتا ہے اگر اس پر چھلکے موجود ہوں تو حلال ہے ورنہ حرام۔

کھوسٹ:

نارتھ ویسٹرن ریلوے کا ایک اسٹیشن ہے جو سبی سے کوئٹہ کے راستے میں پڑتا ہے۔

چلو میں اُلو:

ایک چلو شراب میں آدمی کی عقل زائل ہو جاتی ہے۔

(ت)

اَلتَّبِيْعُ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
اَلتَّبِيْعُ	بچہ شتر		اونٹ کا بچہ

کلام عرب میں تبیع اُس بچہ شتر کو کہتے ہیں جو پورے ایک سال کا ہو جائے۔ یہ نام اس لیے رکھا گیا کہ اس سن و سال کا بچہ اپنی ماں کے پیچھے پیچھے چراہ گاہ میں چلتا ہے۔ گائے کے بچہ کو بھی تبیع کہتے ہیں شرط یہ کہ وہ بھی سال بھر کا ہو۔

صحیحہ ابن حمران میں اس لفظ کا ذکر ہے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ:

اَلتَّبِيْعُ مَا دَخَلَ فِي الثَّانِيَةِ. تبیع وہ بچہ ہے جو دوسرے برس میں داخل ہو۔

اس کو معصوم نے دوسرے مقام پر ''حولی'' سے تعبیر کیا ہے یعنی سال بھر کا اونٹ اور گائے دونوں جانوروں کے لیے زکواۃ کے بارے میں اس کا ذکر ہے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے:

فِي الْبَقَرِ فِي كُلِّ ثَلَاثِيْنَ تَبِيْعٌ أَوْ تَبِيْعَةٌ.

گائے کی زکواۃ میں ہر تیس گائیں جب جمع ہوں تو ایک یک سالہ بچھڑا یا پڑیا زکواۃ دے۔

تعبیر:

اونٹ کے بچہ کو خواب میں دیکھنے سے رفتہ رفتہ فائدہ کی امید ہے، فارغ البالی کا منتظر رہے۔

الخواص:

خواص اس کے اونٹ کی طرح ہیں۔

الحکم:

حلال ہے۔

maablib.org

ابن تمرہ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
ایک چھوٹی چڑیا		گنجشک خودر	ابن تمرہ

کتب علم حیوان میں اس پرندکا کہیں ذکر نہیں ہے۔ حدیث مفصل میں امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس کا تذکرہ فرمایا ہے۔ یہ بہت ہوشیار چڑیا ہے۔ حدیث کی لفظیں یہ ہیں:

اَلطَّائِرُ الصَّغِیْرُ الَّذِیْ یُقَالُ لَهُ ابْنُ تُمَّرَةَ.

چھوٹا پرندہ جس کو ابن تمرہ کہتے ہیں۔ ممکن ہے کہ درخت خرما پر یہ چڑیا زیادہ رہتی ہو اس لیے یہ نام رکھا گیا۔ معصوم نے اس چڑیا کی ہوشیاری یوں بیان کی ہے کہ یہ چڑیا کسی درخت پر بیٹھی تھی کہ ایک بہت بڑا سانپ نظر آیا جس کا رُخ چڑیا کی طرف تھا سانپ منہ کھولے ہوئے چڑیا کی طرف بڑھ رہا تھا اور چڑیا اضطراب میں ہر طرف مڑ کے دیکھتی تھی دفعتاً اس کی نظر خار نبلان پر پڑی، پھرتی سے کانٹوں کو اُٹھا کر سانپ کے منہ میں ڈال دیا، سانپ کانٹوں کی اذیت سے تڑپنے لگا اور آخر کار مر گیا۔

تعبیر:

اس چڑیا کو خواب میں دیکھے تو دشمن سے بچنے کی تدبیر ذہن میں خود بخود آئے، خرمے کھانے کو ملیں۔

الخواص:

کتب طب میں اس کے خواص کہیں درج نہیں ہیں۔

الحکم:

کوئی نص میری نظر سے نہیں گذری، علامات کی طرف رجوع کریں۔

تمر ہندی:

اِملی کو کہتے ہیں جس کا کتارا ایک بالشت کا ہوتا ہے مزاج اس کا سرد و خشک ہے۔ صفرادی مادہ کو دستوں کے ذریعہ خارج کرتی ہے۔

اَلتِّمْسَاحَ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
اَلتِّمْسَاحَ	نہنگ	Crocodile	مگرمچھ

محقق طریحی مجمع البحرین میں لکھتے ہیں:

التِّمْسَاحَ وَهُوَ عَلَى مَا نقل حيوان عَلَى صورة الضب، وَهُوَ من أعجب حيوان الماء. (مجمع البحرین)

یعنی حدیث میں مگرمچھ کا ذکر ہے اور وہ جیسا کہ نقل کیا گیا ہے ایک جانور ہے سوسمار کی شکل کا اور وہ دریائی جانوروں میں سب سے عجیب تر ہے۔

مگرمچھ کا دہانہ کشادہ منہ میں ساٹھ دانت اُپر اور ۴۰ نیچے اور ہر دو دانتوں کے بیچ میں چھوٹے مربع شکل کے دانت ہوتے ہیں جو منہ بند کرنے پر ایک دوسرے سے مل جاتے ہیں۔ اس کی زبان بہت لمبی اور پشت کچھوے کی طرح ہوتی ہے جس پر لوہا اثر نہیں کرتا۔ مگرمچھ کے چار پیر اور لانبی دم ہوتی ہے۔ یہ جانور طول میں کم و بیش پانچ ہاتھ ہوتا ہے زیادہ تر مصر میں پایا جاتا ہے۔

قزوینی نے عجائب المخلوقات میں لکھا ہے کہ یہ جانور نہایت کریہہ نظر اور آدمی کا سخت دشمن ہوتا ہے۔ مادہ مرغی کی طرح انڈے دیتی ہے۔ فضلہ اس کا منہ کے راستے سے نکلتا ہے کیونکہ اس کے برز خلق نہیں کیا گیا ہے۔

آج کل کے سیاحوں نے دریافت کیا ہے کہ بڑے مگرمچھ کا سر دو گز کا قد آٹھ گز کا دُم چار گز کی ہوتی ہے۔ کھانے کے وقت بخلاف دوسرے حیوانوں کے اس کا اُوپر کا جبڑا حرکت کرتا ہے۔ منطقیین نے مثال کے طور پر اس کا ذکر کیا ہے۔

تعبیر:

مگر دیکھنا دشمن قوی سے مقابلہ ہونے کی توقع ہے یا بیمار پڑے چاہئے کہ صدقہ دے۔

اگر دریا میں اپنی طرف پشت کیے ہوئے دیکھے تو دشمن کے شر سے نجات ہو۔

اگر پانی میں غوطہ مارتے ہوئے نظر آئے تو دشمن مغلوب ہوں۔

خواص:

مگرمچھ کے دانت قوت باہ کے لیے پاس رکھنا مفید ہے۔

الحکم:

مگر کے فضلہ کی طہارت میں علماء میں اختلاف ہے۔ جناب سید طباطبائی عروۃ الوثقیٰ میں لکھتے ہیں کہ مگرمچھ کے فضلہ پر نجاست کا حکم جاری نہیں کیا جاسکتا اگرچہ شہید رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ تمام دریائی جانور خون جھندہ نہیں رکھتے مگر تمساح۔ یہ تحقیق نامعلوم ہے اور یہ کلیہ بھی غیر معلوم ہے۔

جناب سید طباطبائی نے دوسرے مقام پر فرمایا ہے:

میتة مالا نفس له طاهرة كالحية والتمساح.

جس جانور کے خون جھندہ نہ ہو اُس کا بے روح جسم پاک ہے مثل سانپ اور مگرمچھ کے۔ گوشت اس کا حرام ہے۔

ادبیات:

اردو میں ارباب ادب نے نہنگ کی فارسی لفظ ہی استعمال کی ہے۔

مرزا غالبؔ دہلوی کہتے ہیں۔

دام ہر موج میں ہے حلقہ صد کام نہنگ   دیکھیں کیا گذرے ہے قطرے پہ گہر ہونے تک

میر انیس فرماتے ہیں۔

پانی میں تھے نہنگ مگر تھی لبوں پہ جاں

کسی بڑے شخص کے مقابلے پر جس کا ہر وقت ساتھ رہتا ہو کہا جاتا ہے کہ دریا میں رہ کر مگرمچھ سے بیر۔

سونس:

سونس مگرمچھ کی ایک قسم ہے جو دریائے گنگا اور جمنا گھاگرا میں پایا جاتا ہے۔ انگریزی میں اس کو Parpoise کہتے ہیں۔ اس کی قوت بصارت کمزور ہوتی ہے اس کا تھوتن جو مثل چونچ کے ہوتا ہے سوا فٹ لانبا ہوتا ہے۔ میر حسنؔ اپنی مثنوی میں کہتے ہیں۔

خوشی سے اچھلتے تھے دریا میں سونس

جھوٹی محبت میں اشکبار انسان کو مگرمچھ کے آنسو سے یاد کرتے ہیں جو فی الحقیقت ہمدردی نہیں ہوتی۔

گھڑیال:

گھڑیال مگر کے علاوہ ایک مہیب جانور ہے جو نہایت خطرناک ہوتا ہے اس کا منہ مگرمچھ سے نسبتاً لانبا اور پتلا ہوتا ہے دونوں جبڑوں میں آری کی طرح خونخوار دانتوں کا سلسلہ دیکھنے والوں پر رعب طاری ہوتا ہے۔ چھپکلی سے اس کی صورت ملتی ہوئی ہوتی ہے۔

میرانیس فرماتے ہیں ؎

گھڑیال زیر آب تھے مضطر ادھر اُدھر — جا گہ پناہ کی کہیں ملتی نہ تھی مگر

قیصر باغ کے عجائب خانہ میں گھڑیال اور مگر حصہ زیریں میں موجود ہیں۔ گھڑیال اس قدر طاقتور ہوتا ہے کہ شیر کو پا جاتا ہے تو زیر کر لیتا ہے۔ گھنٹے کو اردو میں گھڑیال کہتے ہیں۔ شاعر کہتا ہے ؎

صدا ہے گھڑیال کی یہ ٹھن ٹھن — گھڑی میں کچھ ہے گھڑی میں کچھ ہے

التنین

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
التنین	اژدھا	Boa	اُجگر

ماہرین علم حیوان کہتے ہیں کہ تنین سانپ کی ایک قسم ہے جو ثعبان سے بہت ہی بڑا مہیب صورت اور خطرناک ہوتا ہے۔ محقق طریحی مجمع البحرین میں لکھتے ہیں:

فی فمه أنیاب مثل أسنة الرماح، و هو طویل کالنخلة السحوق، أحمر العینین مثل الدم، واسع الفم و الجوف براق العینین، یبلع کثیرا من الحیوان، یخافه حیوان البر و البحر، إذا تحرك یموج البحر لقوته الشدیدة.

اُس کے دانت منہ میں مثل سنان نیزہ کے تیز اور بڑے ہوتے ہیں، وہ طول میں خرمے کے درخت کی طرح لانبا، دونوں آنکھیں خون کی طرح سرخ، منہ چوڑا، شکم وسیع جس میں حیوانات سما جاتے ہیں۔ خشکی وتری کے جانور اُس سے ڈرتے ہیں، جب دریا میں اپنی جگہ سے حرکت کرتا ہے تو اُس کی شدید ترین قوت سے موجیں اُٹھتی ہیں اور پانی میں تلاطم پڑ جاتا ہے۔

محقق طریحی نے لکھا ہے کہ جب اس کی سرکشی سے خشکی کے جانور عاجز ہو گئے تو خداوند عالم نے ایک ملک کو بھیجا اُس نے دریا میں ڈال دیا اور جب دریائی مخلوق کو تباہ کرنا شروع کیا تو خدا نے ایک

ملک کو بھیج کر سر یاجوج و ماجوج کی طرف پھینک دیا۔

سُلّھو سانپ اس اژدہے کی ایک قسم ہے جس کے دو پاؤں ہوتے ہیں اور صورت گوہ کی ایسی ہوتی ہے۔اس کی کھال بہت سخت ہوتی ہے اور منہ کچھوے کی طرح جسم میں در آتا ہے۔اس کی ہڈی کا چھلا بواسیر کے مریض پہنتے ہیں۔قیصر باغ کے عجائب خانہ میں یہ سانپ موجود ہے۔سانپ اور اژدہے کی قسم سے زمین میں رینگنے والے جانوروں میں باہمی بھی ہے اس کے بھی مثل تنین اور سلھو کے چار پیر ہوتے ہیں۔

احادیث شیعہ میں تنین کی لفظ جا بجا موجود ہے۔حدیث میں ہے:

اَنَّ اللهَ يُسَلِّطُ عَلَى الْكَافِرِ فِي قَبْرِهِ تِسْعَةً وَ تِسْعِيْنَ تِنِّيْناً. لَوْ اَنَّ تِنِّيْناً وَاحِداً مِنْهَا نَفَخَ عَلَى الْاَرْضِ مَا اَنْبَتَتْ شَجَراً اَبَداً.

خداوند عالم کافر کی قبر میں ننانوے اژدھے اُس پر مسلط کرتا ہے اگر اُن میں سے ایک اژدھا اہل زمین کی طرف پھنکارے تو اُس کے دہن کے باد سموم سے کبھی کوئی پودا زمین پر روئیدہ نہ ہو۔

جناب امام حسینؑ کی ولادت کے موقع پر جو فرشتہ بشارت اور تعزیت کے لیے آئے اُن میں بھی ایک ملک تنین کی صورت میں تھا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام کی سیرت میں ہے کہ منصور دوانقی نے اپنے حاجب ربیع کو یہ کہہ کر بلانے بھیجا کہ میں جعفرؑ بن محمدؑ کو قتل کردوں گا۔جب آپؑ بزم دشمن میں داخل ہوئے تو منصور بڑی عزت وتوقیر کے ساتھ پیش آیا۔صحبت برخواست ہونے پر ربیع نے امید کے خلاف عزت واحترام کا سبب پوچھا۔ منصور نے کہا:

لَمَّا حَضَرْتُ الْبَابَ رَاَيْتُ تِنِّيْناً عَظِيْماً يَقْرِضُ بِاَنْيَابِهِ وَ هُوَ يَقُوْلُ بِاَلْسِنَةِ الْاٰدَمِيِّيْنَ اِنْ اَنْتَ اَسَأْتَ لِابْنِ رَسُوْلِ اللهِ لَاُفَصِّلَنَّ لَحْمَكَ مِنْ عَظْمِكَ فَاَفْزَعَنِيْ ذٰلِكَ.

جب وہ دروازہ پر پہنچے تو میں نے دیکھا کہ ایک بہت بڑا اژدھا غصہ سے اپنے دانتوں سے اپنی بوٹیاں کاٹ رہا تھا اور انسانی صدا میں کہتا تھا کہ اگر فرزند رسول خدا کی خدمت میں بے ادبی کی تو ہڈیوں سے گوشت جدا کردوں گا یہ دیکھ کر میں ڈر گیا اور جو طرز عمل تو نے دیکھا وہ اختیار کیا۔

تعبیر:

تنین کو خواب میں دیکھنا دشمن سے سامنا ہونے کی علامت ہے۔

خواص:

جالینوس کے نزدیک اس کے گوشت کو پارہ پارہ کرکے زخم پر لگانا مفید ہے۔

الحکم:

اژدھے کا گوشت حرام ہے۔

ادبیات:

شعراء نے ترکش کو اژدھے سے تشبیہ دی ہے۔ میرانیس فرماتے ہیں۔

ترکش بھی اژدھا سا دہن کھولنے لگا — نکلا عقاب تیر تو پر تولنے لگا

میرانیسؔ نے پہلوان نامی کی زبانی کہا ہے۔

موذی نے جھوم کر یہ صدا دی پھر ایک بار — میں اژدھے سے کم نہیں یا شاہ نامدار

(ث)

ثعبان

عربی	فارسی	انگلش	ھندی
ثعبان	اژدھا	Dragon	اجگر

اژدہا سانپ کی ایک تباہ کن قسم ہے جو غیر آباد جنگلوں، پہاڑوں کے دامنوں میں نظر آتی ہے، دریا میں بھی اژدھے دریافت کیے گئے ہیں۔ اژدھے کا قد وقامت مختلف ہوتا ہے بعض اژدھے میلوں تک کے ہوتے ہیں، صورت ڈرونی ہوتی ہے، اژدھا جب کسی صحرا سے گذرتا ہے تو سانس کے ساتھ کنکر پتھروں میں اضطراب پیدا ہوجاتا ہے۔ منہ سے شعلہ نکلتے ہیں۔ بسا اوقات سیاحوں نے ایسے خونخوار اژدھے بھی دیکھے ہیں جن کے دو پاؤں اور پرندوں کی طرح دونوں طرف بازو تھے، بعض کا چہرہ انسان کے چہرہ سے مشابہ اور گردن سے داہنے بائیں اور چھ گردنیں نمودار جو بہت ہی طولانی ہوتی ہیں اُن پر سانپ کا ایسا سر ہوتا ہے۔ بڑے اژدھے گائے، بھینس، گھوڑے، آدمی کو آسانی کے ساتھ نگل جاتے ہیں۔ آج کل شکاریوں نے جنگلوں کو اژدھوں سے صاف کردیا ہے۔ اژدھوں کی کھال سوٹ کیس اور دیگر چرمی سامان میں برابر صرف ہورہی ہے اور تاجر خاطر خواہ فائدہ اُٹھا رہے ہیں۔

آسام کے جنگلوں میں اس وقت بھی اژدھے ہیں۔ اژدھے جس قدر خطرناک اور زہریلے ہوتے ہیں اُسی قدر رعدوبرق سے ڈرتے ہیں چنانچہ زہریلے اژدھے جس مقام پر ہوتے ہیں وہاں آسمان ابر آلود رہتا ہے اور جب ایسے اژدھے نکلنے کا ارادہ کرتے ہیں تو رعدوبرق دیکھ کر مارے خوف کے باہر نہیں آتے۔

میر انیسؔ فرماتے ہیں۔

غار اژدروں سے چھٹ گئے شیروں سے نیستاں　　برپا تھا بحر و بر میں اک شور الاماں

حضرت موسیٰ علی نبیناوالہ وعلیہ السلام کا یہ معجزہ تھا کہ فرعونی ساحروں کے مقابلے میں اُن کے ہاتھ کی لکڑی اژدھے کی صورت میں تبدیل ہوجاتی تھی۔ اسی لکڑی کے سبب سے رب العزت نے اپنے رسول کو چھوٹے جادوگروں کے سامنے شرمندگی سے بچایا۔ قرآن مجید میں کسی مقام پر یہ زلزلہ افگن واقعہ درج ہے:

فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ۝ (سورہ الاعراف، پارہ۹)

پس موسیٰ نے اپنی لکڑی زمین پر ڈال دی یکا یک وہ آنکھوں کے سامنے اژدھا ہوگئی۔

فرعون کے دربار میں جادوگروں نے ایک میل تک رسیاں پھیلادی تھیں۔ عام خلائق کے ہجوم سے سرہی سر نظر آتے تھے۔ عصائے موسیٰ جواب اژدھا تھا تمام رسیوں کو ساحروں سمیت نگلتا ہوا منہ کھولے ہوئے فرعون کے قصر کی طرف بڑھا نتھنوں اور منہ سے آگ کے شعلے نکل رہے تھے، بارہ دانت تلوار کی طرح تیز، آنکھیں مثل برق چمکتی ہوئی، دہانہ اسی ۸۰ ہاتھ کا چوڑا تھا، جسم پر بڑے بڑے بال جو غصہ سے ایستادہ، ایک ہونٹ فرعون کے زیر قصر اور دوسرا سب سے بلند کنگرہ تک پہنچا کر چاہتا تھا کہ فرعون کو نگل جائے فرعون لرزہ براندام ہوگیا اُدھر ایک گروہ ساحروں کا توبہ کر کے سجدہ میں گرا، حاضرین میں بھگدڑ پڑگئی اور ۲۵ ہزار آدمی کچل کر ہلاک ہوئے۔ فرعون نے اُوپر کے دل سے ایمان لانے کا وعدہ کیا، رحم پسند نبی نے ہاتھ بڑھا کر اُٹھالیا تو وہی لکڑی تھی، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا یہ اعجاز یقیناً فرعونیوں کے سرتسلیم خم کرنے کے لیے ایک کھلی ہوئی نشانی تھی۔

کمال الدین بن طلحہ شافعی درنظم میں لکھتے ہیں کہ جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام نے فرمایا:

اَنَا ثُعْبَانُ الْكَلِيْمِ :موسیٰ کا اژدھا میں ہی ہوں۔

محمد شریف خان شیروانی ایم اے ڈپٹی انسپکٹر آف محمڈن اسکولس الہ آباد جناب امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ کے حال میں لکھتے ہیں:

"حضرت علیؑ نے بچپن ہی میں ایسے ایسے عجیب کام کیے کہ آپؑ کی قوت دیکھ کر لوگ حیران ہوتے تھے۔ایک دن آپ جھولے میں جھول رہے تھے کہ ایک اژدھا جھولے کے قریب آ گیا آپؑ نے اُس کو چیر کر پھینک دیا"۔

(ص ۱۲۴، اُفکار ریڈر ۱۹۳۵ء)

جناب مفتی میر عباس صاحب قبلہ طاب ثراہ اس مقام پر فرماتے ہیں:

حکیم از رسیاں چند ترسید　　　　توکشتی اژدھا در خرد سالی

ایک مرتبہ حضرت عمر اور جناب علی المرتضیٰ علیہ التحیہ والثناء باتیں کرتے ہوئے صحرا کی طرف تشریف لے گئے ایک ہاتھ میں ایک کمان تھی جب جنگل میں پہنچے تو ہاتھ سے کمان پھینک دی (فَصَارَ ثُعْبَاناً عَظِیماً) اور وہ ایک بڑا اژدھا ہوگئی، منہ کھول کر حضرت عمر کی طرف لپکی اس خطرناک موقع پر حضرت عمر کہتے تھے (طَارَتْ رُوحِیْ) خوف سے میری روح پرواز کر رہی تھی لیکن شیر مرداں ہنس رہے تھے۔حضرت عمر نے کہا، امان دیجئے آپ نے اژدھے کو پکڑا تو وہ کمان کی صورت میں آ گیا۔

(مدینۃ المعاجز)

منبر کوفہ پر ایک مرتبہ آپؑ خطبہ پڑھ رہے تھے کہ ایک اژدھا پھنکارتا ہوا آیا، فرمایا اس کو جگہ دو، وہ آگے بڑھا اور منبر پر چڑھ گیا، لوگوں نے بچشم خود دیکھا کہ اژدھا تین مرتبہ پھنکار کر چلا گیا اور آپؑ خطبہ پڑھتے رہے، جب اس راز کو دریافت کیا تو فرمایا کہ یہ قوم جن سے ہے اس کے بیٹے کو جو سانپ کی شکل میں تھا انصار میں سے کسی نے قتل کر ڈالا ہے یہ اس لیے آیا تھا کہ میں نے اُس کا خون معاف کر دیا ہے۔یہ گفتگو سن کر حاضرین میں سے ایک شخص سامنے آیا اور کہا میں نے سانپ مارا تھا اور جب سے اس وقت تک گھر میں رونے کی آوازیں اس قدر بلند ہیں کہ میں سات دن سے مسجد میں مقیم ہوں گھر میں ٹھہرنا دشوار ہے۔حضرت نے فرمایا کہ ایک ناقہ اُس مقام پر لے جا کر پئے کر اور پھر (اطمینان سے) رہ۔یہ حکیمانہ ارشاد رد بلا کے لیے اکسیر ثابت ہوا اور وہ انصاری اپنے گھر میں رہنے لگا۔اس قسم کے واقعات ہم نے اپنی کتاب المیز ان فی احکام السجان میں تفصیل سے لکھے ہیں۔

عبداللہ امرتسری حالات امام زین العابدینؑ میں لکھتے ہیں آپؑ کا لقب زین العابدین ہونے کی یہ وجہ ہے کہ آپؑ ایک رات نماز میں مشغول تھے کہ شیطان نے اژدھے کی صورت بن کر چاہا کہ آپؑ کو عبادت الٰہی سے باز رکھے۔حضرت نے مطلق اُس کی طرف التفات نہ کی یہاں تک کہ اُس نے حضرت کے پائے مبارک کی اُنگلی کو کاٹا لیکن آپ نے نماز ترک نہ کی جب نماز سے فارغ ہوئے تو

غیب سے آواز آئی (اَنْتَ زَیْنُ الْعَابِدِیْنَ) آپ ہی ہیں عبادت کرنے والوں کی زینت۔
(شواہد النبوت، جامی، ارجح المطالب، ص ۴۰۳)

احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا، اذن حضوری طلب کیا داخلِ خانہ ہوا تو دیکھا کہ ایک اژدھا اپنا منہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے کان کے قریب کیے ہوئے کچھ باتیں کر رہا ہے۔ آپ نے بھی اُسی لب ولہجہ میں جواب دیا جب واپس ہوا تو فرمایا اے احمد یہ جنوں کا پیغامبر تھا ان میں ایک مسئلہ میں اختلاف تھا مجھ سے جواب پوچھنے آیا تھا میں نے مسئلہ حل کر دیا۔

تعبیر:

اگر اژدھا دیکھے تو دشمن سے گزند پہنچے، فکرمندی کی علامت ہے۔

خواص:

اژدھے کی کھال اپنے پاس رکھنے سے حیوانات مسخر ہوتے ہیں۔

الحکم:

اژدھے کا گوشت باتفاق فقہا حرام ہے۔

ادبیات:

شیخ سعدی شیرازی جاہل رفیق سفر کے خطرناک فتنہ سے بچنے کے لیے نصیحت کرتے ہیں۔

ترا گر اژدھا بود یار غار　　　　ازان بد کہ جاہل بود غمگسار

شعراء نے تلوار کو ثعبان سے تشبیہ دی ہے۔ تعشق شمشیر امام حسینؑ کی مدح میں کہتے ہیں۔

یہاں سحر بھی چلے نہ کبھی اہل شام کا　　　　ثعبان ہے کلیم علیہ السلام کا

اژدھا پیکر توپ:

ریاست حیدر آباد دکن میں ضلع عثمان آباد کے قلعہ کی مشہور توپ کا نام ہے۔ اس قلعہ کا نام قلعہ پرنیڈہ ہے جو ہندوؤں کی گذشتہ عظمت کی یادگار ہے اس قلعہ میں دو توپیں بہت مشہور ''ملک میدان'' اور ''اژدھا پیکر'' موجود ہیں۔ ان توپوں کو اکبر بادشاہ کے لیے تیار کرایا گیا تھا۔ اژدھا پیکر توپ کو عرب انجینئر محمد حسین نے ۴ جلوس میں بنایا تھا اس سے اکبر نے کئی مہمیں سر کی تھیں اس کا طول ستر فٹ تین انچ ہے، دھانے کے چاروں طرف خط نستعلیق ابھرے ہوئے حرفوں میں نقش ہے۔

تا صراحی خندہ تعلیم از لب دلبر گرفت　　　　آتشے جست از جہان داد بہ مجلس در گرفت

بہر میدان بیک گولہ در صد صف شکن دارم   خدر کن ای غنیم از من کہ آتش در دہن دارم

اس نوشتہ کے ساتھ توپ کا نام اور کاریگر کا نام اور بادشاہ کا نام بھی ثبت ہے۔ ''محمد ابو المظفر محی الدین عالم گیر بادشاہ غازی۔''

۱):اژدھے کے منہ میں تھے= کسی بڑی مصیبت سے نجات پائی۔

۲):اجگر کے داتا رام= بہت فربہ انسان کو کہتے ہیں۔

ثعلبہ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
لومڑی	Fox	روباہ	ثعلبہ

لومڑی ایک مشہور جانور ہے جو دیکھنے میں مہیب اور طاقتور تو نہیں ہے مگر حیلہ بازی میں بڑے بڑے جانور اس کی ہمسری نہیں کر سکتے۔ لومڑی کی کنیت ابو النجم اور ابو حصین ہے۔ لومڑی بہت ہوشیار ہوتی ہے اپنی ہٹ میں ہمیشہ دو راستے رکھتی ہے تا کہ اگر ایک طرف کوئی دشمن پہنچ جائے تو دوسری طرف سے نکل جائے۔ اس کے رونگٹے ہر سال گر جاتے ہیں اسی وجہ سے بال خورہ کو (دَاءُ الثَّعلَب) کہتے ہیں جب وہ مکو کھاتی ہے تو بال جم جاتے ہیں اسی وجہ سے مکو کا نام عربی میں (عِنَبُ الثَّعلَب) ہے۔ لومڑی حاملہ ہونے کے ۹ ہفتہ بعد پانچ چھ بچے جنتی ہے۔ احادیث میں لومڑی کا جا بجا ذکر ہے۔ خبر امام حسینؑ میں جو کتاب الاسماء والعالم میں پوری درج ہے امام نے فرمایا:

اِذَا صَاحَ الثَّعْلَبُ يَقُوْلُ الدُّنْيَا دَارُ غُرُوْرٍ.

جب لومڑی بولتی ہے تو کہتی ہے کہ دنیا دار فریب مکاریوں کا گھر ہے۔

گرمی سے لومڑی پر بھی اثر ہوتا ہے۔ خواجہ حالی کہتے ہیں۔

تھیں لومڑیاں زبان نکالے   اور لو سے ہرن ہوئے تھے کالے

آتش۔

مائل معشوقہ خرد نہ ہو اے کوہ کن   شیر کے جھوٹے کو کھانا کام ہے روباہ کا

دیوان منسوب امیر میں ہے۔

يُعْطِيكَ مَا فَوْقَ الْمُنَى بِلِسَانِهِ   وَ يَرُوْغُ عَنْكَ كَمَا يَرُوْغُ الثَّعْلَبُ

تجھ کو زمانی امید سے زیادہ عطیہ دیتا ہے پھر وقت پر تجھ سے ایسا پھر جاتا ہے جیسے لومڑی دھوکا

دیتی ہے۔

ابن مسعود نقل ہیں کہ جناب سرور کائناتؐ نے فرمایا ہے کہ لوگوں ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ کسی دین دار کا دین سالم نہیں رہے گا مگر یہ کہ وہ پہاڑوں کی چوٹی پر بھاگتا پھرے اور سوراخ میں جانوروں کے لومڑی کی طرح چھپے۔ اصحاب نے پوچھا یہ کب ہوگا؟ فرمایا جب لوگوں کی روزی صرف کسب حرام میں رہ جائے گی اُس وقت مرد کو مجرد رہنا مباح ہوگا۔ اصحاب نے عرض کیا آپؐ نے کیا ہم کو شادی کرنے کا حکم نہیں دیا ہے۔ فرمایا حکم تو دیا ہے لیکن جب وہ زمانہ آئے گا تو اولاد اپنے ماں باپ کے ہاتھوں سے ہلاک ہوگی اور جس کے ماں باپ ہوں گے اُس کو بی بی اور اولاد ہلاکت میں ڈالے گی اور جس کے بال بچے ہوں گے اُس کی ہلاکت عزیز داروں اور اہل ہمسایہ کے ہاتھوں واقع ہوگی۔

(کتاب التحصین، ابن فہد علیہ الرحمہ)

وَ قَالَ عَلِيٌّ فِي خُطْبَتِه: مَا اَنْتُمْ اِلَّا اُسُوْدُ الشَّرٰى فِي الدَّعَةِ وَ ثَعَالِبُ رَوَّاغَةٌ حِيْنَ تُدْعَوْا اِلَى الْبَأْسِ. (مستدرک نہج البلاغہ، ص ۱)

پیٹھی:

ایک قسم لومڑی کی ہے جس کی دم طویل ہوتی ہے۔ شملہ میں چیڑھ کے درختوں پر اس کا بسیرا ہوتا ہے، یہ مختلف رنگ کی ہوتی ہے اور انسان کے گوشت کی بھوکی ہوتی ہے راہ گیر پر بلندی سے حملہ کرتی اور گوشت نوچ کر درخت پر چڑھ جاتی ہے بڑی خوں خوار ہے۔ پردار لومڑی کا ذکر دلخواط کے نسب میں آئے گا۔

تعبیر:

اگر خواب میں لومڑی دیکھے تو اقربا کی مکاری سے نقصان پہنچے، فکر اور تردد میں بسر ہو۔ لومڑی خریدنے کی تعبیر یہ ہے کہ مقصد حاصل ہونے کی تدبیر سمجھ میں آئے، لومڑی کے ساتھ بازی کرنے کی تعبیر یہ ہے کہ جس عورت کو چاہتا ہو ہاتھ آئے یا اولاد پیدا ہو جس سے راحت پائے۔

الخواص:

لومڑی کا خون جس کے پاس ہو اُس پر کسی کا مکر و حیلہ نہ چلے گا۔

الحکم:

لومڑی کا گوشت حرام ہے۔ اگر لومڑی کنویں میں گر جائے تو ۴۰ ڈول نکالے۔

ثعلبی:

ابو اسحاق ثعلبی اہل سنت کے کثیر التصانیف تبحر عالم کا لقب ہے جن کی ۱۱ ر محرم ۴۲۸ھ میں وفات ہوئی۔ ان کی تصانیف میں سب سے اہم تفسیر ثعلبی ہے جس کے حوالے کتابوں میں برابر ملتے ہیں۔ اس تفسیر کا نام "الکشف والبیان" ہے۔ پہلی جلد اس کی جو سفر ثانی تک ہے محمد بن علی بن محمد قہری قشتانہ قلندری نے ۴ ر محرم ۹۰۶ھ میں لکھی جو برٹش میوزیم میں موجود ہے اور دوسری جلد جو اول سے کرم خوردہ ہے حذیو مصر کے کتب خانہ میں ہے۔ لندن اور مصر دونوں کتب خانے اس کی مکمل جلدوں کے محتاج ہیں لیکن الحمدللہ کہ اس تفسیر کا مکمل اور قدیم ترین نسخہ خرے کی روشنائی سے لکھا ہوا جد امجد جناب ممتاز العلماء جنت مآب طاب ثراہ کے کتب خانہ میں موجود ہے۔

ثعلب مصری:

ایک قسم کی جڑ ہے لسدار جس کا رنگ سفید اور ذائقہ پھیکا ہوتا ہے، مزاج اس کا گرم تر ہے، قوت باہ کو زیادہ کرتی ہے، فالج اور لقوہ کو بھی مفید ہے۔

منزل ثعلبیہ:

مکہ کی راہ میں ایک منزل ہے۔

الثور

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الثور	گاؤ نر	Bullaek	بیل

بیل کو عربی میں ثور کہتے ہیں، کنیت اس کی ابو مزاحم ہے اگر حقیقت بین نگاہ سے دیکھا جائے تو گائے سے زیادہ بیل میں فوائد ہیں۔ بیل سینگ دار جانور ہے اور زراعت کی روح رواں ہے اس سے زمین مزروعہ کی درستی آب کشی کی جاتی ہے۔ بار برداری میں بھی بیل کام میں لایا جاتا ہے بعض بیل قدو قامت میں بڑے ہوتے ہیں وہ گراں قیمت میں فروخت ہوتے ہیں۔ بیل گاڑی میں بھی جوتے جاتے ہیں، بیل گاڑی ہندوستان کی پرانی سواری ہے جو ریلوے کی بنیاد قائم ہونے سے پہلے ہندوستان میں جاری تھی اور اس کے ذریعہ سے ہزاروں میل کا سفر کیا جاتا تھا، بیل جگہ جگہ بدلے جاتے تھے۔ اچھے بیل کی پہچان یہ ہے کہ قد سڈول، رنگ چمکدار، سینگ برابر ہوں ایک بڑا ایک چھوٹا نہ ہو،

ماتھا نہ بہت چوڑا ہو نہ بہت تنگ اور بیچ میں ذرا گہرا ہو، آنکھیں بڑی اور خوبصورت ہوں، چہرہ دیکھنے میں اچھا معلوم ہوتا ہو اور بدصورت نہ ہو، ناک کے نتھنے گول اور چوڑے ہوں، گردن موٹی ہو، دونوں کندھے ابھرے ہوئے ہوں، سڈول سینہ چوڑا، پیٹھ لمبی، پٹھا گول اور چوڑا ہونا چاہیے، پاؤں سب برابر اور مضبوط گٹھے ہوئے ہوں، دُم لمبی اور نوک دار ہو۔

میکسکو میں دستور ہے کہ صبح کو کاشتکار ایک رنگ کے اور شام کو دوسرے رنگ کے بیلوں سے کام لیتے ہیں وہ اس دستور کی کوئی وجہ نہیں بیان کر سکتے، کہتے ہیں کہ ہمارے بزرگ ہمیشہ سے ایسا کرتے چلے آئے ہیں۔

جنوبی افریقہ میں چھکڑا گاڑیوں کو بیل چلاتے ہیں ایک گاڑی میں سولہ سولہ اٹھارہ بیل جوتے جاتے ہیں۔ ان بیلوں کی سینگ نہایت ہی خوفناک اور لانبے ہوتے ہیں بعض بیلوں کے سینگ آٹھ آٹھ فٹ لانبے ہوتے ہیں اور ۶ فٹ سے تو کسی کے کم نہیں ہوتے لیکن یہ بیل بہت محنتی، جفاکش اور سیدھے ہوتے ہیں۔ (عجائب المعلومات)

حضرت آدمؑ جب دنیا میں آئے تو کاشت کے لیے جنت سے ایک سرخ بیل لایا گیا تھا۔ احادیث فریقین سے ثابت ہوتا ہے کہ زمین کا وسیع فرش اسی مخلوق پر قائم ہے۔ ابان بن تغلب نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ زمین کس چیز پر قائم ہے فرمایا مچھلی پر، پوچھا مچھلی کس چیز پر ٹھہری ہوئی ہے فرمایا پانی پر، عرض کیا پانی کس چیز پر رکھا ہوا ہے فرمایا پتھر پر، پوچھا پتھر کس پر نصب ہے فرمایا: (عَلٰی قَرْنِ ثَوْرٍ اَمْلَسَ)

بیل کے سینگ پر جو سخت اور ٹھوس نہیں ہے، پوچھا یہ بیل کس پر قائم ہے فرمایا بھیگی (ثریٰ) ہوئی مٹی پر، عرض کیا مٹی کی منزل کہاں ہے فرمایا: (هَيْهَاتَ عِنْدَ ذٰلِكَ ضَلَّ عِلْمُ الْعُلَمَاءِ) یہ وہ جگہ ہے جہاں پہنچ کر علماء اگر عقل آرائی کریں تو اُن کے خیالات گمراہی تک پہنچ جائیں۔ اس گاؤ زر کا نام "کیوتا" ہے۔

عبداللہ بن سلام نے جناب رسالت مآبؐ سے زمین کے اندرونی حالات دریافت کرتے ہوئے پوچھا کہ مجھے بتائیں زمین کے نیچے کیا ہے؟ فرمایا ثور اور ثور پتھر پر ہے، اُس نے پوچھا اس بیل کی کیفیت ارشاد ہو فرمایا اس کے چار پاؤں اور ۴۰ سینگ اور ۴۰ گھان ہیں سر اس کا مشرق میں اور دُم مغرب میں ایک سینگ سے دوسرے سینگ تک پچاس ہزار سال کی راہ ہے یہ سن کر عبداللہ نے عرض کیا صدقت یا محمدؐ۔ (خریدۃ العجائب، تاریخ اہل سنت)

ایک عابد نے گوشہ نشینی اختیار کی اور دامن کوہ میں رہنا شروع کیا اور کئی برس تک راتوں کو بیداری اور دن کو روزے رکھتا رہا، اتفاق سے مدت کے بعد شہر کی طرف پلٹا تا کہ صلہ رحم کا اجر لے، راستہ میں ایک کھیت کی طرف سے گذر ہوا اور بالی توڑ کر سات دانے گیہوں کے کھائے اُس وقت ملتفت ہوا کہ مالک سے اجازت نہ لی تھی ندامت سے استغفار کرنا شروع کیا اور خدا کی بارگاہ میں عرض کیا کہ پالنے والے مجھ کو دنیا میں اس کی سزا دے، خدا نے مسخ کر دیا اور دعا کے ساتھ عابد بیل بن گیا اُس وقت زمیندار کے پاس پہنچا اور زمیندار نے بیل سے سات برس زراعت میں مدد لی حتیٰ کے بیل مر گیا اور اُس کا گوشت درندوں اور کتوں نے کھایا ہڈیاں باقی رہ گئیں تھیں کہ ایک دن چور گذرا اور اُس نے زراعت میں چوری کا ارادہ کیا تھا کہ بیل کے استخواں سر سے آواز آئی اے چور میں نے سات دانے کھائے تھے تو یہ حال ہوا اب تو نے چوری کا ارادہ کیا ہے۔ (موعظ الساکی)

عیون اخبار رضا میں ایک طویل حدیث ہے جس میں جناب امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ نے شامی کے استفسارات کے سلسلہ میں جب اُس نے پوچھا کہ گائے بیل عموماً گردن جھکائے کیوں رہتی ہیں، فرمایا: حَیَاءً مِنَ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ لَمَّا عَبَدَ قَوْمُ مُوسٰی الْعِجْلَ نَکَسَ رَأْسَهُ.

جب سے قوم موسیٰ علیہ السلام نے گوسالہ کی پوجا شروع کی تو خدائے برتر سے شرم کی وجہ سے بیل گردن جھکائے رہتا ہے۔

جاماسپ یہودیوں کی کتاب کا نام ہے دنیا کی سب سے بڑی کتاب تھی۔ محقق طریحی لکھتے ہیں کہ (کَانَ یَقَعُ فِی اثْنَیْ عَشَرَ اَلْفَ جِلْدِ ثَوْرٍ) وہ بارہ ہزار بیل کی کھالوں پر لکھی ہوئی تھی یہودیوں نے اُس کو جلا دیا۔

نقاس نے ذوالقرنین کہ وجہ تسمیہ میں تحریر کیا ہے کہ اُن کو ذوالقرنین اس لیے کہتے ہیں کہ اُن کی سواری کا جانور ایسا عجیب وغریب تھا کہ اُس کا سر مثل بیل کے سر کے اور سینگ مثل شاخ گاؤ نر اور تمام جسم مثل گھوڑے کے تھا۔ (عیون معانی)

امام حسین علیہ السلام نے اپنے حکیمانہ ارشادات میں فرمایا ہے کہ بیل کہتا ہے:

مَهْلًا مَهْلًا یَا ابْنَ آدَمَ اَنْتَ بَیْنَ یَدَیْ مَنْ یَرٰی وَلَا یُرٰی وَهُوَ اللّٰہُ.

اے آدم زاد تو اُس با اقتدار کے سامنے ہے جو ہم کو خود تو دیکھتا ہے لیکن اس کو کوئی دیکھ نہیں سکتا خدا وہی ہے۔

احادیث فریقین سے ثابت ہوتا ہے کہ بعض فرشتوں کو خدا نے گائے بیل کی صورت میں پیدا کیا

ہے۔امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو فرشتے عرش الٰہی کو اُٹھائے ہیں اُن میں ایک ملک بیل کی صورت میں ہے جو چوپاؤں کے لیے خدا سے روزی مانگتا ہے اور جس وقت سے بنی اسرائیل نے گوسالہ پرستی کی سراپنا جھکائے رہتا ہے۔(خصال)

امام حسینؑ کی ولادت کے موقع پر جو ملائکہ جناب سرور عالمینؐ کی خدمت میں تبریک اور تعزیت کے لیے آئے اُن میں سے بھی ایک ملک بیل کی شکل میں تھا۔

جناب امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ نے جب جنگ جمل سے قبل ابن عباس کو زبیر کے پاس بھیجا تو ابن عباس نے کہا تھا:

لَا تَلْقَيَنَّ طَلْحَةَ فَإِنَّكَ إِنْ تَلْقَهُ تَجِدْهُ كَالثَّوْرِ عَاقِصاً قَرْنَهُ يَرْكَبُ الصَّعْبَ وَيَقُولُ هُوَ الذَّلُولُ وَلٰكِنِ الْقَ الزُّبَيْرَ فَإِنَّهُ أَلْيَنُ عَرِيكَةً.

(دیکھو) طلحہ سے نہ ملنا اگر اُس سے ملاقات بڑھاؤ گے تو اُس کو (مرکھنا) بیل پاؤ گے جس کے سینگ کانوں کے گرد جھکے ہوئے ہیں (طلحہ کے فطری غرور ونخوت کی طرف اشارہ ہے) وہ سرکش راہوار پر سوار ہوتا ہے اور (خلاف واقع) کہتا ہے کہ یہ تو دھیرا ہے۔ مراد یہ ہے کہ طلحہ اہم کاموں کا ارادہ کرتا ہے اور اُن کو آسان سمجھتا ہے لیکن زبیر سے ملنا اُس کی طبیعت میں نرمی ہے۔ زبیر کی ماں آپؐ کی پھوپھی صفیہ تھیں لہٰذا آپ اُس کی خو بو سے واقف تھے۔

سعد بن طھمان فقرانی کہتے ہیں کہ میں نے ابو معاویہ سے سنا کہ بنی امیہ کے زمانہ میں جب ایک بادشاہ کے بعد تخت سلطنت پر دوسرا بیٹھتا تھا تو جمعہ کے خطبہ میں حضرت علی بن ابی طالبؑ کی سب وشتم کیا کرتا تھا۔ میں واسط کی جامع مسجد میں تھا کہ ایک خطیب نے اثناء کلام میں سب وشتم شروع کی دفعۃً دروازہ مسجد سے ایک ایک بیل نمودار ہوا اور صفوں سے گذرتا ہوا منبر کے قریب پہنچا اور اپنے سینگ خطیب کے پیٹ میں بھوک دیئے اور دیوار سے رگڑ کر کام تمام کر دیا پھر مسجد کے باہر ہوا لوگوں نے پیچھا کیا اور دجلہ تک لوگ اُس کو گرفتار کرنے کے لیے گئے بیل پانی میں داخل ہو گیا تعاقب کرنے والوں نے کشتیاں ڈالیں مگر پتہ نہ چلا کہ کیا ہوا۔

محمد بن علی بن عمر برخی کہتا ہے کہ میں نے امام محمد تقی علیہ السلام کو دیکھا کہ بیل سے باتیں کر رہے ہیں اور وہ سر ہلا رہا ہے۔ میں نے چاہا کہ بیل (عربی میں) باتیں کرے فرمایا ہم کو بیل کی بولی بھی معلوم ہے نہایت فصاحت کے ساتھ بیل نے کلمہ پڑھا آپ نے سر پر ہاتھ پھیرا۔

ایک طویل حدیث میں ہے کہ خدا نے کوئی کتاب نازل نہیں کی اور نہ کوئی مخلوق کو پیدا کیا مگر یہ کہ

اُس کا ایک سردار قرار دیا۔ قرآن تمام آسمانی کتابوں کی سردار اور ماہ رمضان مہینوں کا سردار اور شب قدر تمام راتوں کی سردار اور دعا ہونے والی گھڑی تمام گھنٹوں کی سردار اور بیل بھائم کی سردار اور شوربے میں بھیگے ہوئے روٹی کے ٹکڑے کھانے میں سب کے سردار اور دودھ پینے والی تمام چیزوں کا سردار، جبرئیل فرشتوں کے سردار اور میں انبیاء کا سردار اور علیؑ اوصیاء کا سردار، فاطمہؑ تمام عالموں کی عورتوں کی سردار اور میرے دونوں فرزند حسنؑ و حسینؑ جوانان جنت کے سردار ہیں۔ اسی طرح انسان کے اعمال میں بھی ایک عمل سردار ہوتا ہے اور سید الاعمال علی بن ابی طالبؑ کی دوستی ہے۔

تعبیر:

اگر بیل کو خواب میں دیکھے تو روزی میں وسعت ہوگی اناج کثرت سے پیدا ہوگا۔

خواص:

ابن وردی جریدۃ العجائب میں لکھتا ہے کہ بلیناس کا قول ہے کہ آدمی کے پیشاب میں بیل کا پیشاب ملا کر اگر چوتھے دن کے بخار والے مریض کے ہاتھ پاؤں میں لگا دیں تو بخار اُتر جائے گا۔ شاذ و نادر ایسا ہوا ہے کہ تین مرتبہ یہ عمل کرنا پڑا ہو۔ مریض کے ہاتھ پاؤں نجس سمجھنا چاہئے اور طہارت اس عمل کے بعد ضروری ہے۔

حکم:

اگر بیل کنویں میں گرے تو سارے پانی کو نکال ڈالیں۔ بیل کا گوشت حلال ہے۔

نادیا بیل:

اُس غیر مستوی الخلقہ چھوٹے بیل کو کہتے ہیں جس کی پشت پر زبان کی طرح ایک گوشت کا لوتھڑا ہوتا ہے اکثر ہندو فقیر اس کو لیے پھرتے ہیں اور بھیک مانگتے ہیں۔

سانڈ:

اُس بیل کو کہتے ہیں جس کو ہندو خرید کر مذہبا چھوڑ دیتے ہیں۔

انڈو بیل:

جو کھیتی کے لائق نہ ہو (سانڈ، جامع اللغات)

برج ثور:

آسمان کے بارہ برجوں میں ایک برج ہے جس میں ۸ رصفر ۵۶ کو بعد نیم روز سورج داخل ہوا تھا۔ چاند بھی اس برج میں آتا ہے۔ غالب کہتے ہیں۔

ماہ نے چھوڑ دیا ثور سے جانا باہر　　زہرہ نے ترک کیا حوت سے کرنا تحویل

ادبیات:

۱): موے بیل کے بڑے بڑے دیدے:۔ عورتیں اُس مقام پر بولتی ہیں جہاں کسی تلف شدہ مال یا مفقود چیز کی غیر صحیح تعریف کی جائے۔

۲): موہوم امید کے تذکرے میں کہتے ہیں:۔ جب باوا مریں گے تو بیل بٹیں گے۔

۳): طفلانہ حرکات جس سے سرزد ہوں اُس کو کہتے ہیں کہ سینگ کٹا کے بچھڑوں میں شامل ہو گیا

۴): تیلی کا بیل:۔ جفاکش آدمی جو رات دن کام کرتا رہے۔

۵): تیلی کے بیل کو اپنا گھر پچاس کوس معلوم ہوتا ہے:۔ جو خانگی معاملات میں اُلجھا رہے اور راحت نہ اُٹھائے۔

۶): رانڈ کا سانڈ:۔ بیوہ عورت کا لڑکا جو سرپرست نہ ہونے سے بدچلن ہو جائے۔

۷): چلتے بیل کو آر لگانا:۔ کام کرنے والے آدمی کو ناحق پریشان کرنا۔

(ج)

الجانّ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الجانّ	مار سپید		سفید سانپ

قرآن مجید میں عصائے موسیٰ کے بارے میں ہے:

فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ. (پارہ ۲۰، رکوع ۶)

پھر جب دیکھا کہ وہ اس طرح بل کھا رہا ہے گویا زندہ اژدہا ہے۔

کلام عرب میں ''جان'' کے معانی میں اختلاف ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ وہ سانپ ہے جس کی

سرگیں آنکھیں ہوتی ہیں اور ریگستان میں پایا جاتا ہے۔ دوسرا قول ہے کہ سفید سانپ کو جان کہتے ہیں اور ابن عباس کا قول یہ ہے کہ زرد رنگ کا سانپ مراد ہے جس کے گھوڑے کی طرح ایال بھی ہوں۔ عصائے موسیٰ کو قرآن مجید میں تین لفظوں سے یاد کیا گیا ہے۔ حیہ، جانّ، ثعبان۔ حیہ اس لیے فرمایا ہے کہ دشمن کے لیے مثل مار تھا اور جان اس لیے فرمایا ہے لہر میں حیرتناک تھا اور ثعبان اس لیے فرمایا ہے کہ نگلنے میں اژدھے کی طرح تھا۔ مفسرین کہتے ہیں:

لَمَّا اَلْقَیٰ مُوسَیٰ الْعَصَا صَارَتْ جَانّاً فِی الْاِبْتِدَاءِ، ثُمَّ صَارَتْ ثُعْبَاناً فِی الْاِنْتِهَاءِ.

جب حضرت موسیٰ ؑ نے عصا ہاتھ سے چھوڑا تو پہلے جان کی شکل اختیار کی پھر اژدھا معلوم ہو رہا تھا۔ اس کے دونوں ہونٹوں کے درمیان میں ۸۰ گز کا فاصلہ تھا اور ایک میل تک زمین سے اونچا ہوا اور دُم کے بل کھڑا ہو گیا۔ منہ کھول کر ایک ہونٹ زیر قصر دوسرا بالائے سقف تھا۔

وَیُقَالُ کَانَتِ الْعَصَا حَیَّةً لِمُوسَیٰ وَ ثُعْبَاناً لِفِرْعَوْنَ وَجَانّاً لِلسَّحَرَةِ.

کہا جاتا ہے کہ وہ عصا موسیٰ کے لیے سانپ اور فرعون کے لیے اژدھا اور جادوگروں کے لیے جان تھا۔

(مجمع البحرین)

الجاموس

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الجاموس	گاؤمیش	Buffallow	بھینسا

بھینسا بڑا طاقتور جانور ہے۔ بار برداری کے سخت سے سخت کام انجام دیتا ہے۔ اس کا رنگ بھورا، سیاہ اور سینگ لمبے ہوتے ہیں۔ بھینس دودھ دینے والے جانوروں میں سب سے زیادہ دودھ دیتی ہے۔ اس کا بچہ جب مر جاتا ہے تو کھال میں گھانس بھر کر دودھ دوہنے کے وقت سامنے رکھ دیتے ہیں اور بھینس اس کو زندہ سمجھ کر آسانی سے دودھ دوہنے دیتی ہے۔ بھینس عموماً دریا میں پیرتی اور پانی سے بہت خوش ہوتی ہے۔ کہتے ہیں کہ اس کے دماغ میں ایک کیڑا ہوتا ہے جو ہمیشہ حرکت کیا کرتا ہے اسی وجہ سے یہ کبھی سوتی نہیں۔ بھینس گھڑیال کی دشمن ہے۔ فارسی میں میش کہتے ہیں۔ واجد علی شاہ بادشاہ

بہ بلبل بہ زاغ و بہ میش و بہ شیر　　امان میر ساند امیر کبیر

اگلے زمانہ میں ہندوستان کے شوقین مزاج بادشاہ بھینسے کو تیار کر کے لڑاتے تھے اور جنگجو بھینسے کی بڑی قدر کی جاتی تھی۔ بھینسے میں یہ خصوصیت ہے کہ وہ اپنی ماں سے جفت نہیں ہوتا۔

سلطان عالم محمد واجد علی شاہ سابق تاجدار اودھ ترجمہ حیات القلوب میں لکھتے ہیں کہ اگر بھینسے کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر نادانستہ اُس کی ماں پر چھوڑ دیں جب آنکھ کی پٹی کھلے گی اور اپنی ماں کو دیکھے گا تو پہلے پٹی باندھنے والے کا خاتمہ کر دے گا پھر اپنا جسم دانتوں سے کاٹ کر مر جائے گا۔

عمادالدین زکریا نے بھی عجائب المخلوقات میں اس خصوصیت کو تسلیم کیا ہے۔

جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام نے اپنی ایک طویل حدیث میں جابر سے فرمایا ہے:

إِذَا صَاحَ النَّاقُوسُ وَ كَبَسَ الْكَابُوسُ وَ تَكَلَّمَ الْجَامُوسُ فَعِنْدَ ذَالِكَ ظَهَرَ الْعَجَائِبُ.

آخر زمانہ کی پیشن گویوں کے سلسلہ میں فرمایا کہ اے جابر جب سونے والے عالم خواب میں بڑائیں اور مرگی کا مریض اپنے گریبان میں منہ ڈالے اور بھینس (قدرت خدا سے) باتیں کرنے لگے اُس وقت عجائب ظاہر ہوں گے۔ (مشارق الانوار)

ارنا بھینسا:

بہت زیادہ مہیب شکل اور اس کے سینگ بہت بڑے ہوتے ہیں۔ انگریزی میں اس خونخوار بھینسے کو (Bubabsbuffalow) کہتے ہیں۔ یہ ہمالیہ، سندربن، بنگال، آسام میں پایا جاتا ہے۔

میر حسن اپنی مثنوی میں کہتے ہیں۔

کھڑے ارنے ہوتے ہیں سر جوڑ جوڑ   کہ جی کون لیتا ہے بد بد کے موڑ

بھینسے کی اور بھی قسمیں ہیں جو عالم حیوانی میں درج ہیں۔

تعبیر:

بھینسے کو خواب میں دیکھنا دشمن کے مقابلہ کے لیے تیار رہنا چاہئے، اگر دودھ دینے والی بھینس کو خواب میں دیکھے تو رزق حلال پہنچے گا۔ مولف نے ایک مرتبہ کانپور کے سفر میں خواب میں دیکھا کہ ایک سیاہ بھینس حملہ آور ہے، صبح کو معلوم ہوا کہ ایک سیاہ فام متکلم جلسہ میں تقریر کریں گے۔ مولف کی تقریر بفضل خدا بہت کامیاب ہوئی۔

الخواص: اس کی چربی نمک میں ملا کر ملنا خارش کے لیے مفید ہے۔

الحکم: بھینس کا گوشت حلال ہے۔

ادبیات:

۱): ہندوستان میں طاقت اور غلبہ کے موقع پر کہا جاتا ہے "جس کی لاٹھی اُس کی بھینس" یعنی جو قوی ہے وہی کامیاب ہے۔

۲): نافہم شخص کے سامنے باتیں کرنے والے کو الزام دیتے ہوئے کہتے ہیں "بھینس کے آگے بین بجائی وہ منہ چلاتی رہی"۔

۳): عقل بڑی کہ بھینس: بچوں سے امتحاناً پوچھتے ہیں۔

۴): جس شخص کو شدت کا بخار چڑھا ہو تو کہتے ہیں کہ بھینسوں بخار چڑھا ہے۔

۵): بھینسیا داد سخت قسم کا ایک داد ہے جس میں خارشت سے مریض کو سخت تکلیف ہوتی ہے۔

۶): بجیلے کی بھینس: سست اور کاہل آدمی۔

بھینسا کنڈ:

لکھنو کا ایک محلہ ہے جس کو بنلر گنج بھی کہتے ہیں۔

جَدِیْ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
جَدِیْ	بزغالہ		بکری کا بچہ

بکری کا وہ بچہ جو چھ سات مہینہ کا ہو اُس کو عرب جدی کہتے ہیں بکری کا بچہ تمام جانوروں میں خوبصورت ہوتا ہے۔ بکری کبھی ایک رنگ اور کبھی مختلف رنگوں کے بچے دیتی ہے جو پیدا ہوتے ہی بولتے اور اپنے پیروں پر کھڑے ہو جاتے ہیں اور رفتہ رفتہ طاقت آ کر دوڑتے اور کلانچیں بھرتے ہیں۔ اپنی ماں کو خوب پہچانتے ہیں، بکری بچہ کی صدا پر دوڑتی ہے اور بچہ ماں کی آواز سن کر اُس کو ڈھونڈتا ہے۔ بچہ کا گوشت ملائم اور زود ہضم ہوتا ہے۔

حدیث امام حسینؓ میں ہے کہ بچہ بکری کا کہتا ہے "موت قریب ہے اور گناہوں کا بازار گراں ہے"۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مناجات میں عرض کیا کہ میرے معبود تو نے مجھے اپنا کلیم کیوں بنایا؟ خطاب ہوا کہ اے موسیٰ جب تم شعیبؑ کی بکریاں چراتے تھے اور گرمی کی شدت سے جنگل تنور کی طرح

تپ رہا تھا اُس وقت ایک بزغالہ تمہارے پاس سے بھاگا تم نے اُس کا پیچھا کیا وہ تم کو دوڑاتا رہا، بڑی تعب اُٹھانے کے بعد تم نے اُس کو کوئی اذیت نہ دی اور اپنی گود میں لے کے واپس ہوئے (فَبِرَحْمَتِكَ عَلٰى خَلْقِيْ اِصْطَفَيْتُكَ بِالنُّبُوَّةِ) میری مخلوق پر ترحم کرنے سے میں نے تم کو نبوت کے لیے منتخب کیا۔ (مجالس المتقین)

امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب یوسفؑ کو اُن کے بھائیوں نے فروخت کیا تو پیراہن یوسفؑ میں بکری کے بچہ کا خون لگا کر یعقوبؑ کے پاس آئے۔ (صافی)

سفیان بن یحییٰ جابر سے روایت کرتے ہیں کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں تھا ایک شخص کو دیکھا کہ بزغالہ ذبح کرنے کے لیے لے جا رہا ہے۔ بزغالہ نے امام کو دیکھ کر آواز دی آپؑ نے پوچھا اس کی کیا قیمت ہے اُس نے عرض کی چار درہم آپ نے قیمت دے کر اُس کے ہاتھ سے بزغالہ کو چھڑایا تھوڑی دور آپ گئے تھے صقر (باز ایک قسم کا) تیتر پر جھپٹا اور تیتر نے فریاد کی آپ نے صقر سے اشارہ کر کے ضرر پہنچانے سے روک دیا۔ جابر نے رحم و کرم کا یہ نظارہ دیکھ کر اظہار تعجب کیا آپ نے فرمایا جب بزغالہ نے مجھے دیکھا تو کہا میں پناہ مانگتا ہوں آپ سے اے اہل بیتؑ۔ اسی طرح تیتر نے بھی کہا اگر شیعہ ہمارے جادہ مستقیم پر رہیں تو میں ضرور اُن کو جانوروں کی بولیاں سنا دوں۔

جدی:

آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک برج کا نام ہے جس میں ۱۸ رشوال ۱۳۵۶ء، ۱۱ بجے دن کو آفتاب داخل ہوا تھا۔

تعبیر: بکری کے بچہ کو خواب میں دیکھے تو اولاد ہو۔

الخواص: گوشت اس کا بہت زیادہ زود ہضم ہے۔

الحکم: حلال ہے۔

جَدَعاء

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
جَدَعاء	گوش بریدہ شتر		کن کٹا اونٹ

کلام عرب میں جدعاء اُس اونٹ کو کہتے ہیں جس کے کان کسی وجہ سے کٹ گئے ہوں۔ سیرت

معصوم میں اس کا تذکرہ ہے: (اَنَّهُ خَطَبَ عَلٰی نَاقَتِهِ الْجَدْعَاءِ) حضرت نے گوش بریدہ اونٹنی پر خطبہ پڑھا۔ بعض اہل تحقیق کہتے ہیں کہ یہ ناقہ گوش بریدہ نہ تھا بلکہ اس کا نام یہی تھا۔

تعبیر: کن کٹا اونٹ خواب میں دیکھے تو مستقبل کے فوائد میں تھوڑی کمی واقع ہو جائے۔

الخواص: خواص اس کے بھی مثل اونٹ کے ہیں۔

الحکم: حلال ہے۔

جذاء

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
جذاء	گوش بریدہ مویشی		کن کٹے جانور

کلام امام میں گوش بریدہ جانوروں کو "جذاء" کے لفظ سے بھی یاد کیا ہے۔ محقق طریحی نے جذ کی لغت میں لکھا ہے: وَفِي حَدِيثِ الْأُضْحِيَةِ "نَهَى عَنِ الْجَذَّاءِ" وَهِيَ الْمَقْطُوعَةُ الْأُذُنِ۔
آداب قربانی میں امام نے ممانعت کی ہے کہ جانور کا کان کٹا ہو۔

تعبیر: گوش بریدہ جانور خواب میں دیکھے تو نقصان اُٹھائے۔

جَذَعُ

عربی۔	فارسی	انگلش	ہندی
جَذَعُ	شتر پنج سالہ		اونٹ کا بچہ

کلام عرب میں جذع اُس بچہ شتر کو کہتے ہیں جو پانچویں برس میں داخل ہو اور گائے بکری میں جذع کا اطلاق اُس پر ہے جو دوسرے برس میں داخل ہو اور بعض اہل لغت کا قول ہے جذع بکریوں میں اُس کو کہتے ہیں جو برس دن کی ہو اور بھیڑوں میں آٹھ مہینہ کی جو بھیڑ ہو اور دمیری کی تحقیق ہے کہ جذع بھیڑیوں میں اُس بھیڑ کو کہتے ہیں جو پورے سال بھر کی ہو۔ محقق طریحی کہتے ہیں کہ یہی علماء امامیہ میں صحیح اور مشہور قول ہے۔

لأنها تجذَعُ مقدم أسنانها: أي تسقط.

صحیحہ زرارہ میں اس کا ذکر ہے جیسا کہ انشاء اللہ آئندہ معلوم ہوگا۔

تعبیر: اگر پنج سالہ شتر کو خواب میں دیکھے تو دولت مند ہو۔

الخواص: خواص اس کے مثل شتر کے ہیں۔

الحکم: حلال ہے۔

الجراد

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
ٹڈی، ٹیٹری	Lacust	ملخ	الجراد

ماہرین علم حیوان کہتے ہیں کہ ٹیٹری دو قسم کی ہوتی ہے ایک سوار ایک پیادہ۔ سوار فضاء میں پرواز کرتی ہے اور پیادہ صرف جست کرتی ہے۔ ٹڈی ہمیشہ نرم زمین پر ٹھہرتی ہے اور اپنی دُم سے زمین کھود کر انڈے چھپا دیتی ہے جب بچے نکلنے کا زمانہ آتا ہے تو وہاں پہنچ کر زمین سے انڈے نکال لیتی ہے اور اُن کو توڑتی ہے تو ذروں کے برابر بچے نکلتے ہیں وہ پرورش پا کر بڑے ہوتے ہیں۔ اور ایک قول یہ ہے: اِنَّهُ يَتَوَلَّدُ مِنَ الْحِيْتَانِ كَالدِّيْدَانِ فَيَرْمِيْهِ الْبَحْرُ اِلَى السَّاحِلِ.

حدیث ابن عباس سے اس کی تائید ہوتی ہے وہ کہتے ہیں۔

اَلْجَرَادُ نَثْرَةُ حُوْتٍ. ٹڈی مچھلی کی چھینک سے پیدا ہوتی ہے۔

سُمِّيَ بِذٰلِكَ لِاَنَّ يَجْرُدُ الْاَرْضَ. ٹیٹری کو عربی میں جراد اس لیے کہتے ہیں کہ زراعتیں کھا کر زمین کو خالی کرتی ہے۔

جلال الدین سیوطی امام اہل سنت نے لکھا ہے کہ (خَلَقَ الْجَرَادُ مِنْ طِيْنَةِ آدَمَ) ٹیٹری حضرت آدمؑ کی طینت سے خلق کی گئی ہے۔ شیعی روایات میں اس کا کوئی اثر نہیں ہے۔

عباس بن نور الدین حسینی مکی کہتا ہے کہ ٹڈی کے مختلف رنگوں کے چھ پیر ہوتے ہیں جو مثل آری کے دندانے دار ہوتے ہیں۔ اس جانور میں دس جانوروں کے نمونے ملتے ہیں۔ چہرہ گھوڑے کی طرح، گردن بیل کی، سینگ پہاڑی بکری کے، سینہ شیر کا، شکم بچھو کا، بازو گدھ کے، رانیں اونٹ کی، پاؤں شتر مرغ کے، دُم سانپ کی۔ (نزہۃ الجلیس، اقتباس الانوار ملقب بہ کشکول)

ماہرین علم الحیوان میں آج تک کسی محقق نے ٹیٹری کے فلسفہ تخلیق پر ایسی مکمل بحث نہیں کی جیسے

جناب امیر المومنینؑ نے اپنے خطبہ میں فرمائی ہے:

إِذْ خَلَقَ لَهَا عَيْنَيْنِ حَمْرَاوَيْنِ وَ أَسْرَجَ لَهَا حَدَقَتَيْنِ قَمْرَاوَيْنِ وَ جَعَلَ لَهَا السَّمْعَ الْخَفِيَّ وَ فَتَحَ لَهَا الْفَمَ السَّوِيَّ وَ جَعَلَ لَهَا الْحِسَّ الْقَوِيَّ وَ نَابَيْنِ بِهِمَا تَقْرِضُ وَ مِنْجَلَيْنِ بِهِمَا تَقْبِضُ يَرْهَبُهَا الزُّرَّاعُ فِي زَرْعِهِمْ وَ لَا يَسْتَطِيعُونَ ذَبَّهَا وَ لَوْ أَجْلَبُوا بِجَمْعِهِمْ حَتَّى تَرِدَ الْحَرْثَ فِي نَزَوَاتِهَا وَ تَقْضِيَ مِنْهُ شَهَوَاتِهَا وَ خَلْقُهَا كُلُّهُ لَا يُكَوِّنُ إِصْبَعاً مُسْتَدِقَّةً فَتَبَارَكَ اللَّهُ الَّذِي يَسْجُدُ لَهُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَ الْأَرْضِ.

(ص ۱۳۸)

خدا نے اُس کو دو سرخ آنکھیں عطا کی ہیں اور پھر ان دونوں کو دو روشن اور چمکتے ہوئے حلقوں میں جگہ دی اور اُس کے کان کے سوراخ کو اس چھوٹے پن کے ساتھ پیدا کیا ہے تا ہم نہایت تیزی سے سننے کی اُس کو قوت دی گئی ہے اس چھوٹی قسم کی مخلوق کو کشادہ دہن بھی کیا اور تمام قوائے حسی بھی ملے ہیں اس کے منہ میں دو تیز دانت کاٹنے کی غرض سے دیئے ہیں اور دو پاؤں چیزوں کی مستحکم گرفت کے لیے عطا فرمائے ہیں زراعت کرنے والے لوگ اپنے کھیتوں میں (اتنی زرا سی مخلوق سے) ڈرتے ہیں اور اپنی کسی ترکیب اور تدبیر سے اُسے دفع نہیں کر سکتے اور باوجود تمام عقل وفہم انسانی کے اُس کے مقابلہ کی تاب نہیں لا سکتے وہ لوگ ہر چند آپس میں مل کر اُس کی مدافعت کی تمام تدبیریں عمل میں لاتے ہیں مگر اُن کی کوئی تدبیر کارگر نہیں ہوتی یہاں تک کہ وہ ٹڈیاں پیٹ بھر کے اُن کے کھیتوں کو چر جاتی ہیں اور آرزوؤں کو پامال کرتی ہیں اور اُن کی حقیقت یہ ہے کہ اُن میں سے کوئی بھی انسان کی چھوٹی اُنگلی کے برابر نہیں ہے۔

طاؤس کہتا ہے کہ میں ابن عباس کے دستر خوان پر تھا اور محمد بن حنفیہ بھی موجود تھے کہ ایک ٹیڑی دستر خوان پر آئی۔ محمد نے اُس کو پکڑ لیا اور کہا اس کے پروں پر جو نقطے بنے ہیں ان کو سمجھتے ہو۔ میں نے کہا خدا اور رسولؐ جانتے ہیں۔ کہا مجھ سے میرے والد ماجد امیر المومنینؑ نے خبر دی ہے جناب رسالت مآبؐ کی زبانی کہ ٹیڑی کے بازو پر لکھا ہوا ہے:

إِنِّي أَنَا اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ خَلَقْتُ الْجَرَادَ جُنْداً مِنْ جُنُودِي أُصِيبُ بِهِ مَنْ أَشَاءُ مِنْ عِبَادِي.

میں تمام کائنات کا معبود ہوں میں نے ٹیڑیوں کو اپنا لشکر قرار دے کر خلق کیا ہے جن کے سبب سے اپنے بندوں میں جسے چاہتا ہوں سزا دیتا ہوں۔

بنی اسرائیل پر خداوند عالم نے جو مختلف عذاب نازل کیے اُن میں ٹڈیاں بہت ہی تباہ کن ثابت ہوئیں۔ سورہ اعراف میں ہے:

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ.

تب ہم نے اُن پر طوفانِ آب اور ٹیٹریوں اور جوؤں اور مینڈکوں اور خون (کا عذاب) بھیجا کہ سب جدا جدا ہماری قدرت کی نشانیاں ہیں۔ (پ۹ع۶)

ٹڈیوں نے ساری زراعتوں، میووں کو کھالیا، درختوں میں پتے بھی باقی نہ چھوڑے اُس وقت درو دیوار کا رُخ کیا اور دروازہ چھتیں کھالیں، آہنی کیلوں کو فنا کر دیا، کپڑے اور دیگر سامان تباہ کر دیا۔ بنی اسرائیل کے ساز و سامان میں کوئی چیز نہ چھوڑی، بنی اسرائیل بھوک سے مرنے لگے۔

(مجمع البحرین)

قدرت کا یہ سلوک تو نافرمان بندوں کے ساتھ تھا۔ جناب ایوبؑ کے حال میں ہے کہ اُن پر خداوند عالم نے آسمان سے سونے کی ٹیٹریاں برسائیں اور ہمارے امام آخر الزماں عجل اللہ ظہورہ کے عہد کرامت میں بھی آسمان سونا نچھاور کرے گا اور ملخ طلائی کی بارش ہوگی۔

(حسن القلوب جلد ا ص ۳۴۲)

احادیث شیعہ میں اس جانور کا کثرت سے ذکر ہے جناب امیر فرماتے ہیں:

اِنَّ دُنْيَاكُمْ عِنْدِيْ لَاَهْوَنُ مِنْ وَرَقَةٍ فِيْ فَمِ جَرَادَةٍ تَقْضِمُهَا مَا لِعَلِيٍّ وَلِنَعِيْمٍ يَفْنٰى وَلَذَّةٍ لَا تَبْقٰى. (نہج البلاغہ ص ۹۱)

تمہاری دنیا میرے نزدیک اُس پتّی سے بھی حقیر ہے جو ٹڈی اپنے منہ میں لیے ہوئے ہو، علی کو فانی نعمتوں اور اُن لذتوں سے جو باقی رہنے والی نہیں ہیں کوئی سروکار نہیں۔

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام مدینہ میں داخل ہو رہے تھے اور ابراہیم آپ کے صحابی عازم قبا تھے۔ امام نے پوچھا ابراہیم کہاں جاتے ہو، عرض کیا قبا کی طرف، فرمایا کس لیے، عرض کیا ہر سال خرموں کی فصل خریدتا ہوں (تعجب سے) فرمایا کیا ٹڈیوں کی طرف سے مطمئن ہو (مطلب یہ تھا کہ اگر ٹیٹریاں آگئیں تو نقصان عظیم اُٹھانا پڑے گا) ابراہیم نے فوراً ارادہ تبدیل کر دیا اور وہی ہوا کہ اس کثرت سے ٹیٹریاں آئیں کہ خرمے کی فصل تباہ ہوگئی اور امام کی صداقت روحانیت کا مزید یقین ہوا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے کتاب دانیالؑ نبی سے بیان کیا ہے کہ جس سال نوروز ہفتہ کے دن ہوگا یا

جب ماہ رجب میں سورج گرہن ہوگا تو ٹڈیاں کثرت سے آئیں گی مگر موخر الذکر موقع پر فصل کو نقصان ہوگا۔

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ابتدائی دور میں جب مکہ سے شام کا قصد کیا تو ایک منزل پر آپ مقیم تھے کہ دو سو یہودیوں نے تلواریں کھینچ کر آپ پر حملہ کیا، خداوند عالم نے آپ کے قدموں کے نیچے ٹڈیاں ظاہر کیں جنھوں نے اُن تمام دشمنوں کو فنا کر دیا۔

دشت کربلا میں فرزند رسول الثقلین حضرت امام حسینؑ کے نرغہ اعدا میں گھر جانے کو واقعہ نگاروں نے اس طرح بیان کیا ہے:

فَقَدْ دنوا سَنَةٍ مِن كُلِّ جَانِبٍ كَالْجَرَادُ الْمُنْتَشِرُ. (ریاض المصائب، ص ۲۹۳)

دشمن ہر طرف سے قریب آگئے تھے یہ معلوم ہوتا تھا جیسے ٹڈیاں فضاء میں پھیلی ہوئی ہوں۔

میدان حشر کے مجمع کو قرآن مجید نے سورہ قمر میں یوں بیان کیا ہے:

يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ كَأَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنتَشِرٌ. (پ ۲۷ ع ۸)

مرنے والے قبروں سے نکل پڑیں گے گویا وہ پھیلی ہوئی ٹڈیاں ہیں۔

خواص: شیخ الرئیس کا قول ہے کہ ٹڈی کی ٹانگ کا ضماد مسّوں کو دور کرتا ہے۔

تعبیر: ٹڈی دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ بلند عہدہ ملے اور نامور ہو۔

الحکم: گوشت اس کا حلال ہے اور ذبح کرنا ٹڈی کا یہ ہے کہ زندہ اُس کو پکڑے خواہ ہاتھ سے یا دام سے یا کسی آلہ سے اور اس میں مسلمان کا صید کرنا اور بسم اللہ کہنا شرط نہیں۔

(تحفہ احمدیہ، جلد دوم، ص ۸)

ادبیات:

ایک اعرابی نے کسی عورت کو ٹڈی کھاتے ہوئے دیکھا تو کہا میں نے ٹڈیوں کو تو زراعتیں کھاتے برابر دیکھا ہے لیکن زراعت کو ٹڈی کھاتے کبھی نہ دیکھا تھا۔ (عورت کو عربی میں حرث کہتے ہیں)۔

آدمیوں کی کثرت اور ہجوم خلائق کے موقع پر کہتے ہیں "ٹڈی دل مجمع تھا"، یعنی بے شمار لوگ تھے شعراء اردو کے کلام میں بھی ملخ کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ (تعشق)

پھرتے تھے بھاگتے ہوئے نامرد چارسو — تھا منتشر ملخ کی طرح لشکر عدو

کلام غالب میں ملخ کا لفظ اس طرح استعمال کیا گیا ہے۔

غالب کچھ اپنی سعی سے کہنا نہیں مجھے　　　خرمن جلے اگر نہ ملخ کھائے کشت کو

حالی کہتے ہیں۔

قوم میں گنتی ہو گر مور و ملخ سے بھی سوا　　　مر گئے جب قوم کے دل قوم میں پھر کیا رہا

آنکھ پھوڑ ٹڈا:

بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہ ایک قسم کا بوٹ ہے۔ مگر مفتی غلام سرور کی تحقیق ہے کہ یہ ایک پردار جانور ہے، بہت چھوٹا جو چلتے چلتے آدمی کی آنکھ میں پڑ جاتا ہے۔ (جامع اللغات جلد اول)

اور مولف عزیز اللغات کی تحقیق یہ ہے کہ اصل اس کی آگ پھوڑ ٹڈا ہے۔ ہندی میں مدار کو آگ کہتے ہیں یہ بوٹ اکثر مدار میں ہوتا ہے۔

گھوا:

ایک جانور ہے مثل ٹڈی کے جس کے پر نہیں ہوتے اُس کو دبان اور سوال بھی کہتے ہیں، اس سے بلبل پکڑتے ہیں۔ (علاج الغرباء)

ٹڈا یا بوٹ: Grass Hopper

یہ ایک کیڑا ہوتا ہے جو ہری گھانس اور پتوں پر بیٹھتا ہے اور چر چر آواز آتی ہے، اس کے پیر ہرے رنگ کے ہوتے ہیں اور گردن پر کالے نیلے داغ ہوتے ہیں، پیٹ پر زرد اور نیلی دھاریاں ہوتی ہیں، اس کی دو آنکھیں اور چھ ٹانگیں ہوتی ہیں، ہر ٹانگ میں تین تین جوڑ ہوتے ہیں، ان جوڑوں کی وجہ سے یہ اُچکتا ہے، اس کے منہ میں دو ہونٹ ہوتے ہیں اوپر کا بڑا اور نیچے کا چھوٹا، اس کے دو پر اور دو مونچھیں (Peelers) ہوتی ہیں، اس کی غذا گھانس ہے، مادہ انڈے دیتی ہے تو زمین میں سوراخ کر لیتی ہے جب انڈے پھٹتے ہیں تو بغیر پر کے کیڑے نکلتے ہیں یہ کیڑے کھال بدلتے ہیں اور آہستہ آہستہ باہر نکل آتے ہیں۔

جریث

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
جریث	مار ماہی		بانب

یہ ایک قسم ہے مچھلی کی جو سانپ سے مشابہ ہے۔ ابن اثیر کہتا ہے کہ مار ماہی اسی کو کہتے ہیں۔ ابن

عباس سے جریث کو پوچھا تو کہا: (هُوَ نَوْعٌ مِنَ السَّمَكِ يُشْبِهُ الْمَارَمَاهِي) وہ مچھلی کی ایک قسم ہے جو مار ماہی سے مشابہ ہے۔ حدیث میں ہے کہ گوہ (ضب) اور جریث بنی اسرائیل کے فرقہ ہیں جنھوں نے مائدہ نازل ہونے پر ایمان نہ قبول کیا خدا نے مسخ کر دیا۔ محقق طریحی کہتے ہیں جری بھی اسی کا نام ہے۔

تعبیر: جری کو خواب میں دیکھنے سے ناشکر گذار لوگوں سے ملاقات کی توقع ہے۔

خواص: اگر گھوڑا مجنون ہو جائے تو اس کا پتہ سعوط کرایا جائے گھوڑا اچھا ہوگا۔

الحکم: جناب تاج العلماء مولانا السید علی محمد صاحب قبلہ طاب ثراہ سے اس کے بارے میں جو استفسار ہوا ہے وہ بعینہ درج ہے۔

(س ۳۸): ماہی بام کا کھانا کہ ہم شکل مار ماہی کے ہوتی ہے جائز ہے یا نہیں لیکن ماہی بام سہرہ دار ہوتی ہے اور مشہور ہے کہ مار ماہی حرام ہے آیا مار ماہی بام کو کہتے ہیں یا وہ دوسری ہے؟

(جواب): عجب نہیں کہ مار ماہی کوئی قسم بام سے ہو لہٰذا نہ کھانا اُس کا بہتر و مناسب بلکہ احوط و لازم ہے ہو العالم۔ (ص ۸، تحفۃ الاحباب)

اسی رسالہ کے آخر میں جناب تاج العلماء نے ایک دوسرے سوال کے جواب میں مار ماہی کا نام "بام" بتایا ہے۔

(س ۱۶۹): مار ماہی حلال است یا حرام و یکدام صفت او را تو ان دانست و در ہندی نامش چیست و ماھی گو بحہ کہ سفل دار و مثل دانہ سر شف حلال است یا نہ بینو او تو جرواج مار ماہی حرام است و ہندی نامش بام است و دیگر ہر چہ بے فلس باشد حرام است وھو العالم

(تحفۃ الاحباب، ص ۴۹)

الجریّ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الجریّ	مار ماہی		بام

یہ مچھلی تقریباً دنیا کے ہر دریا میں پائی جاتی ہے۔ قزوینی عجائب المخلوقات میں لکھتا ہے کہ جری کو فارسی میں مار ماہی کہتے ہیں۔ یہ مچھلی اور سانپ سے پیدا ہوتی ہے، اس کے جسم پر چھلکے نہیں ہوتے۔

جاحظ کی تحقیق ہے کہ جنگلی چوہے اس کی غذا ہے، جب رات کو چوہے پانی پینے آتے ہیں تو یہ کمیں گاہ سے نکل کر انھیں کھا جاتی ہے۔ یہ مختلف شکل کی ہوتی ہے۔

احادیث شیعہ میں مختلف موقعوں پر اس مچھلی کا ذکر ہے۔ حبابہ والبیہ جو متمسکین اہل بیتؑ میں ایک مشہور خاتون تھیں بیان کرتی ہیں کہ میں نے جناب امیر المومنینؑ کو بازار میں ایک دُرہ لیے ہوئے جس کی دو شاخیں تھیں دیکھا۔ آپ اس دُرے سے جری، زمار، مار ماہی بیچنے والوں کو مار رہے تھے اور فرماتے تھے اے بنی اسرائیل اور لشکر بنی مروان کے مسخ شدہ (نفوس) کو بیچنے والو۔ فرات بن احنف اُٹھا اور پوچھا کہ جند بنی مروان کون ہیں؟ فرمایا یہ وہ قوم ہے جو ڈاڑھیاں منڈواتے تھے اور مونچھیں بڑھا رکھی تھیں خدا نے ان کو مسخ کیا۔ علماء شیعہ نے اس روایت سے ڈاڑھی منڈوانے کی حرمت پر استدلال کیا ہے۔

اصبغ بن نباتہ کہتا ہے کہ چند منافق امیر المومنینؑ کی خدمت میں مار ماہی لیے ہوئے آئے اور گستاخانہ لب ولہجہ میں کہا کہ آپؑ اسی کو حرام کہتے ہیں؟ فرمایا ہاں۔ کہا جب تک ہم کو کوئی دلیل نہ دکھائی جائے گی یقین نہ کریں گے۔ آپؑ اُن کو لیے ہوئے فرات پر آئے اور حناس حناس کہہ کر پکارا، مار ماہی نے لبیک کہہ کر جواب دیا، آپؑ نے پوچھا تو کون ہے؟ عرض کیا اُن جانوروں میں جن پر آپ کی ولایت پیش کی گئی تھی اور انکار کرنے پر خدا نے مسخ کر دیا، فرمایا اپنا قصہ بیان کر، کہا ہم بنی اسرائیل کے ۲۴ قبیلے تھے جنھوں نے سرکشی اختیار کی اور جب آپ کی ولایت پیش کی گئی تو مختلف شہروں میں پراگندہ ہو گئے تھے کہ ایک آنے والا جس کو آپ ہم سے بہتر جانتے ہیں آیا اور بلند آواز سے پکارا جس کے اثر سے سب قبیلے سمٹ آئے، پھر دوسرا نعرہ کیا اور کہا (کُونُوا مُسُوخاً بِإِذْنِ اللهِ) ہم مختلف صورتوں میں مسخ ہو گئے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام کی حدیث سے جس میں آپ نے مسوخات پر تبصرہ کیا ہے واضح ہوتا ہے کہ جری ایک چغل خور شخص تھا جس کو زمانہ سابق میں خدا نے اس شکل میں مسخ کیا۔

اور ایک روایت میں ہے کہ دیوث تھا اپنی بیوی کے پاس غیر مردوں کو پہنچاتا تھا۔ اور مستدرک میں ہے کہ یہ خرمہ فروش تھا ترازو اور پیمانہ میں خرمے کم دیتا تھا۔ ظاہر نظر میں اگرچہ ان روایات میں اختلاف ہے لیکن اس کا جمع کرنا بہت ممکن ہے ہوسکتا ہے کہ مختلف فرقے مختلف جرموں کی پاداش میں ایک عقوبت میں مبتلا کیے گئے ہوں۔ ایک قوم وہ ہو جس نے ولایت علیؑ سے انکار کیا تھا اور ایک قوم وہ ہو جو ڈاڑھی منڈواتی تھی اور ایک شخص وہ ہو جو چغل خور تھا اور ایک وہ ہو جو دیوثی کرتا تھا۔ علیٰ ہذا القیاس

ان سبھوں کو اپنے اپنے عہد میں مار ماہی کی صورت میں مسخ کیا ہو۔

تعبیر: مار ماہی کو خواب میں دیکھنے سے کمینہ دشمن کا سامنا ہو۔

الخواص: اس کا قیمہ اگر تُشن پر لگائیں جو اکثر انسان کے جسم میں نکل آتا ہے تو اثر اُس کا جاتا رہے۔

الحکم: مار ماہی اور وہ تمام مچھلیاں حرام ہیں جن کے چھلکا نہ ہو۔ نئی روشنی کا تجدد پسند طبقہ جو ہر شرعی حکم کی لم دریافت کرتا ہے مار ماہی کا باب پڑھنے کے بعد غالباً اب حرمت کی وجہ نہ پوچھے گا۔

گنئو ابام: نسبتاً بڑا اور سیاہ رنگ کا ہوتا ہے، یہ بھی حرم ہے۔

الجرز

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الجرز	موش بزرگ		بڑا چوہا

بڑے قد کے چوہے کو عربی میں جرذ کہتے ہیں۔ اس قسم کے چوہے سے خداوند عالم نے قوم سبا کو ہلاک کیا تھا۔ مترجم حیات القلوب رقم طراز ہیں:

علی بن ابراہیم نے روایت کی ہے کہ حضرت سلیمانؑ نے اپنے لشکر کو حکم دیا کہ ایک خلیج دریائی شہر میں سے ہندوستان کی طرف بنائیں اور ایک لانبی دیوار بھی بنائی جائے جس سے قوم سبا کے شہروں میں پانی جاری ہو۔ خلیج اور دیوار تیار ہوئی، دیوار میں کئی راستے ایسے رکھے تھے جس سے جب چاہیں پانی جاری کریں اور جب چاہیں بند کر دیں۔ جب اس قوم کے گناہ بڑھے تو خداوند عالم نے اس قوم پر بڑے چوہے مسلط کیے۔ ہر موش کئی سنگ کلاں کو کندہ کرتا تھا اور دور پھینک دیتا تھا یہ وہ پتھر تھے جن کو ایک طاقت ور آدمی بھی اُٹھا نہیں سکتا تھا۔ چوہے دیوار کی بربادی میں مشغول رہے حتیٰ کہ دیوار کو گرا دیا اور پانی کی سیل نے جو دیوار کے سبب سے رُکا ہوا تھا اس قوم کو غرق کر دیا۔

(ترجمہ اردو حیات القلوب، ص ۶۰۴)

محقق طریحی نے لغت سبا میں اس واقعہ کو کہہ کر بتایا ہے یہ یہ چوہے "جرذ" تھے جنھوں نے دیوار و درحتیٰ کہ درختوں کو بھی نہ چھوڑا۔

تعبیر: اس چوہے کو خواب میں دیکھے تو غیبی مدد پہنچے، دشمن ہلاک ہو۔

الحکم: حرام ہے۔

جزور

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
پانچ برس کا اونٹ		شتر پنج سالہ	جزور

جو اونٹ پانچ برس پوری کر کے چھٹے سال میں داخل ہو اس کو کلام عرب میں جزور کہتے ہیں خواہ نر ہو یا مادہ۔ محقق طریحی نے فرمایا ہے کہ اس کا حدیث میں ذکر ہے۔

عَنْ اِبْرَاهِيْمَ السَّمَّانِ قَالَ: مِنْ تَمَامِ الْاِسْلَامِ حُبُّ لَحْمِ الْجُزُرِ.

(مکارم الاخلاق)

تعبیر: اس سن وسال کے اونٹ کو خواب میں دیکھے تو امیدیں پوری ہوں۔

جمل

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
اونٹ		شتر نر	جمل

عرب شتر نر کو جمل کہتے ہیں جس کی جمع جمال اور جمالات بھی آئی ہے۔ قرآن مجید نے نہایت فصاحت و بلاغت سے لفظ جمل کو اپنی آیتوں میں جگہ دی ہے:

اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ (پ ۸ ع ۱۲)

بیشک جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور اُن سے سرتابی کی نہ اُن کے لیے آسمان کے دروازے کھولیں جائیں گے اور نہ وہ بہشت میں داخل ہونے پائیں گے یہاں تک کہ شتر نر سوئی کے ناکہ میں ہو کر نکل جائے۔

اس آیہ کی تفسیر میں محقق طریحی لکھتے ہیں:

عَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ قَالَ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فِيْ طَلْحَةَ وَالزُّبَيْرِ وَالْجَمَلُ جَمَلُهُمْ.

امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ یہ آیت طلحہ و زبیر کے بارے میں نازل ہوئی اور مراد جمل

سے اُن کا شتر ہے۔

قرآن مجید میں جہنم کے شراروں کو جمل سے تشبیہ دی ہے:

اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ، كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ (پ۲۹، ع۲۱)

جہنم سے اتنے اتنے بڑے انگارے برستے ہوں گے جیسے گھر وہ گویا زرد رنگ کے اونٹ ہیں۔

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک اونٹ پر لعنت بھیجی ہے، چنانچہ امام حسنؑ نے ایک موقع پر حاضرین کو مخاطب کر کے فرمایا میں تم لوگوں کو قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ ابوسفیان اونٹ پر سوار تھا اور معاویہ اُونٹ کو آگے سے کھینچ رہا تھا اور اُس کا بھائی یزید (معاویہ کے بھائی کا نام بھی یزید تھا) پیچھے سے ہکار رہا تھا کہ پیغمبر خداؐ نے فرمایا:

لعن الله الجمل وقائده وراكبه وسائقه.

خدا اس اونٹ پر اور جو اس پر سوار ہے یعنی ابوسفیان اور جو کھینچ رہا ہے یعنی معاویہ اور جو ہکار رہا ہے یعنی یزید ان سب پر لعنت کرے۔

هذا كله لك يا معاوية.

اے معاویہ یہ تیری تعریف ہے۔ (تذکرۃ الخواص، علامہ سبط ابن جوزی)

اونٹ ہی پر بی بی عائشہ کی عماری تھی۔ جمل کی لڑائی میں نام نہاد مسلمانوں کے جوش کا آلہ تھی اور اسی وجہ سے اس مشہور لڑائی کو جنگِ جمل کہتے ہیں۔ خدا برا کرے تعصب کو جس سے آخر تک اہل اسلام کی آنکھ نہ کھلی۔ شیر خدا علی مرتضیٰؑ قدم قدم پر اپنی حقیقت کا ثبوت دے رہے تھے۔ امام اہل سنت شیخ ابو اسحاق برھان الدین ابراہیم بن یحییٰ بن علی کتبی مشہور عالم نے اقرار کیا ہے کہ فتح کے بعد حضرت علیؑ نے اپنی چھڑی ہودج پر لگا کر کہا اے حمیرا کیا پیغمبر خداؐ نے تم کو یہی حکم دیا تھا، کیا تم کو گھر میں بیٹھنے کا حکم نہیں دیا تھا خدا کی قسم جن لوگوں نے تم کو گھر سے باہر نکالا اُنھوں نے انصاف نہیں کیا اپنی بیویوں کی تو حفاظت کی اور تم کو باہر لے آئے۔

اسی جنگ میں آٹھ ہزار سپاہی بی بی عائشہ کی حمایت میں کام آئے اور ایک ہزار مجاہد لشکر امیر المومنینؑ کے شہید ہوئے (غرر الخصائص، ص ۲۰۰)

افسوس کہ (عَلِيٌّ مَعَ الْحَقِّ وَالْحَقُّ مَعَهٗ) کی حدیث کسی کو یاد نہ رہی۔ شیر حق کے دست و بازو کی وہ بے پناہ طاقت جس کو آپ اسلام کی نصرت میں استعمال میں لاتے رہے اصل میں اس خانہ جنگی کا سبب تھی۔ عرب کے تمام قبیلے خون کے پیاسے تھے اگر بفرض محال عہد رسولؐ میں آپ پیغمبرؐ کی آواز پر

خاموش رہتے اور اپنے مستقبل کو سنہرا بنانے کے لیے کسی کافر کے خون میں ہاتھ رنگین نہ کرتے تو اس وقت حکومت پر قبضہ آسان تھا لیکن علیؑ ایسے با اخلاق تاجر کے لیے یہ ناممکن تھا کہ پیغمبر کو دشمنوں میں گھرا ہوا دیکھ کر ہر موقع پر اپنی جان بچا کر آئندہ کی اسکیمیں بنائیں۔ اسی محیر العقول تبلیغ کے جرم میں پیغمبرؐ کی آنکھ بند ہوتے ہی انتقام کی آگ بھڑک اٹھی اور صبر وتحمل سے فائدہ اٹھا کر آپ کو بیعت کے لیے مجبور کیا گیا اس سنسنی پھیلا دینے والے واقعہ کو اپنی نہج البلاغہ میں فرمایا ہے:

اِنِّی کُنْتُ اُقَادُ کَمَا یُقَادُ الْجَمَلُ الْمَخْشُوشُ.

مجھ کو (نامرد) اس طرح کھینچتے تھے جیسے نکیل والے اونٹ کو کشاں کشاں لیے پھرتے ہیں۔

طبری مشہور مورخ کی رائے ہے کہ حضرت عثمان کا خون تین حصوں پر تقسیم ہوا ہے ایک حصہ خون کا ہودج والی عورت کی گردن پر اور ایک حصہ اُس پر ہے (ثلثہ علی صاحب الجمل) جو لال رنگ کے اونٹ پر سوار ہے۔

حدیث میں ہے کہ شتر زجب بولتا ہے تو کہتا ہے: (سُبْحَانَ مُذِلِّ الْجَبَّارِیْنَ سُبْحَانَہٗ)

پاک ومنزہ ہے وہ خدا جو جباروں کو ذلیل کرتا ہے وہی لائق تسبیح ہے۔

پیغمبر اسلامؐ کے کاندھے پر جس وقت اُن کے دونوں نواسے حسنؑ وحسینؑ نظر آتے تھے تو اصحاب کہتے تھے (نِعْمَ الْجَمَلُ جَمَلُکُمَا) اے شاہ زادو تمہارا اونٹ بہت اچھا ہے، اُس وقت آپ فرماتے تھے (نِعْمَ الرَّاکِبَانِ) یہ کہو کہ کیا اچھے سوار ہیں۔

خاندان رسالتؐ کی یہ سیاست تھی کہ خود مظلوم بن جاتے تھے مگر رعیت میں کسی کا مظلوم بننا پسند نہ تھا۔ عمار یاسر کہتے ہیں کہ میں مسجد کوفہ میں جناب امیرؑ کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک شور بلند ہوا، آپ نے مجھ سے فرمایا کہ عمار ذوالفقار لا دیے، ذوالفقار حاضر کی یہ کہہ کر حکم دیا کہ عمار جاؤ اور ظالم کو منع کرو کہ عورت پر ظلم نہ کرے اگر اپنے ارادہ سے باز رہے تو خیر ورنہ میں ذوالفقار کے زور سے منع کروں۔ عمار کہتے ہیں کہ میں باہر آیا تو دیکھا کہ ایک مرد عورت اونٹ کی مہار میں لپٹے ہوئے جھگڑ رہے ہیں، عورت کہتی ہے جمل میرا ہے، مرد کہتا ہے میرا ہے۔ میں نے مرد سے کہا کہ امیر المومنینؑ نے اس عورت پر ظلم کرنے سے منع کیا ہے، مرد نے جنگ بصرہ میں مسلمانوں کی خونریزی پر طعن کرتے ہوئے مکروہ الفاظ شان میں استعمال کیے اور کہا کہ اونٹ میرا ہے عورت جھوٹی ہے۔ عمار کہتے ہیں کہ میں خدمت میں حاضر ہو رہا تھا کہ واقعہ بیان کروں دفعتاً آپ مسجد سے خود برآمد ہوئے چہرہ پر آثار غضب تھے فرمایا وائے ہو تجھ پر عورت کے اونٹ کو دے دے، اُس نے کہا اونٹ میرا ہے، فرمایا تو جھوٹا ہے کہا کیا ثبوت

ہے فرمایا: (اَیُّھَا الْجَمَلُ لِمَنْ اَنْتَ) اے اونٹ تو کس کا ہے اُس نے بزبان فصیح کہا یا امیر المومنین و سید الوصیین میں دس سال سے اس عورت کے قبضہ میں ہوں یہ سن کر آپ نے اونٹ عورت کے حوالے کیا اور مرد کو ذوالفقار سے دو نیم کیا۔

الجواد

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
گھوڑا		اسپ تیز رو	الجواد

ارباب لغت کہتے ہیں الجواد الفرس الرائع السریع الجری کلام عرب میں جواد تیز رو گھوڑے کو کہتے ہیں جس کی رفتار غیر معمولی ہو۔ قرآن مجید میں انھیں معانی میں یہ لفظ قصہ سلیمانؑ نبی میں بصیغہ جمع آیا ہے: اِذْ عُرِضَ عَلَیْهِ بِالْعَشِیِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِیَادُ (پ ۲۳ ع ۱۲)

ایک دفعہ تیسرے پہر کو خاصے کے اصیل گھوڑے اُن کے سامنے پیش کیے گئے۔

جناب سلیمانؑ نے دمشق اور نصیبین کے کفار پر چڑھائی کے لیے سامان جنگ فراہم کرنا شروع کیا اور آپ کو کسی نے چند قیمتی گھوڑے تحفہ میں بھیجے تھے اُن کو جب طلب کیا تو دیکھنے میں ایسے محو ہوئے کہ وظائف کا وقت جاتا رہا آفتاب غروب ہو گیا اس ملال میں آپ نے اُن گھوڑوں کی قربانی کر دی اور گوشت فقراء و مساکین کو تقسیم کر دیا۔

میر انیس کہتے ہیں: شبیر بھی سخی تھے فرس بھی جواد تھا

زیارت ناحیہ کلام امام ثانی عشرین بسلسلہ شہادت مظلوم کربلا میں اس کا ذکر ہے:

حَتّٰی نَکَسُوْكَ عَنْ جَوَادِكَ فَهَوَیْتَ اِلَی الْاَرْضِ جَرِیْحاً۔

یہاں تک کہ دشمنوں نے آپ کو گھوڑے سے گرا دیا اور آپ زمین پر زخمی ہو کر گرے۔

فَلَمَّا رَاَیْنَ النِّسَاءُ جَوَادَكَ مَخْزِیاً، وَ نَظَرْنَ سَرْجَكَ عَلَیْهِ مَلْوِیاً، بَرَزْنَ مِنَ الْخُدُوْرِ، نَاشِرَاتِ الشُّعُوْرِ۔

جب بیبیوں نے آپ کے گھوڑے کو سراپا غم دیکھا اور زین ڈھلا ہوا تو خیموں سے باسر عریاں نکل آئیں۔ جناب ام کلثومؑ نے اس محل پر نوحہ پڑھا تھا اُس میں کا ایک شعر یہ ہے۔

جاء الجواد فلا اهلا بمقدمه الا لوجه حسین طالب الثار

جواد: امام محمد تقی علیہ السلام کا لقب ہے۔

(ح)

حام

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
			حام

شاہ عبدالحق لکھتے ہیں کہ جس اُونٹ کے صلب سے دس اونٹ سواری کے لائق پیدا ہو چکے تو اس کو بار برداری اور سواری کی زحمت نہ دیتے اور چارے پانی پر سے نہ ہانکتے۔ قرآن مجید میں اس اونٹ کا ذکر ہے:

مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنۡۢ بَحِيۡرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيۡلَةٍ وَّلَا حَامٍ ○

الحُباری

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
		چرز	الحُباری

یہ پرندہ مرغابی کے برابر مٹیالے رنگ کا ہوتا ہے سر اور پوٹا مٹیالے رنگ کا ہوتا ہے، شکم اور بازو بٹیر کے رنگ کے، گردن کسی قدر لانبی ہوتی ہے اُڑنے میں بہت تیز ہے۔ جس وقت دوسرے طائر کا انڈا دیکھتا ہے اپنے انڈے چھوڑ کے اُس کو سینا شروع کر دیتا ہے اس لیے لوگ اس کو احمق کہتے ہیں، اس کی گردن لانبی ہوتی ہے اُڑنے میں سب جانوروں سے زیادہ مشق رکھتا ہے اور اپنی روزی حاصل کرنے میں سب پرندوں سے ہوشیار اور حیلہ باز ہوتا ہے لیکن ہمیشہ بھوکا ہی مرتا ہے۔ حدیث میں ہے لا بَاسَ بِاَکْلِ الحُبَارَی. چرز کا گوشت کھانے میں کوئی حرج نہیں۔ اور دوسری حدیث میں ہے کہ اس کا گوشت کھانا بواسیر کے لیے نافع اور درد پشت کے لیے مفید ہے اور قوت باہ لاتا ہے۔

تعبیر: چرز کو خواب میں دیکھنے سے بواسیر میں صحت ہو اور تندرست دیکھے تو اس مرض میں مبتلا نہ ہو۔

خواص: چرز کے انڈے خضاب میں استعمال کیے جاتے ہیں۔

الحکم: گوشت اس کا مکروہ ہے۔ طرق اہل سنت سے ثابت ہے کہ جو پرندہ پیغمبر خداؐ کے سامنے بھنا ہوا لایا گیا تھا وہ یہی تھا جیسا کہ ترمذی نے روایت کی ہے

اُهْدِیَ اِلَی النَّبِیِ طَیْرٌ مَشْوِیٌّ مَا اَرَاهُ الاحباری فَقَالَ اَللّٰهُمَّ ائْتِنِی بِاَحَبِّ خَلْقِكَ اِلَيْكَ يَأْكُلُ مَعِي مِنْ هٰذَا الطَّيْرِ فَجَاءَ عَلِيٌّ فَحَجَبْتُهُ فَقُلْتُ اِنَّ رَسُولَ اللهِ

حَجَلْ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
حجل	کبک	Partridge	

حجل عربی میں کبک کے نر کو کہتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ کبوتر کے برابر ایک پرندہ ہے جس کی سرخ رنگ کی چونچ ہوتی ہے اُس کو ریگستانی تیتر کہتے ہیں۔ کلام جناب امیر المومنینؑ میں اس کا ذکر ہے جس کو سلیمان بن خالد نے امام محمد باقرؑ کی زبانی بیان کیا ہے:

قَالَ فِي كِتَابِ عَلِيٍّ مَنْ اَصَابَ قَطَاةً اَوْ حَجَلَةً اَوْ دُرَّاجَةً اَوْ نَظِيْرَهُنَّ فَعَلَيْهِ دَمٌ بَعْدَ تَحَلِّ الدم (جواہر الکلام، کتاب الحج، ص ۳۹۱)

مِنْ حَدِيثِ الطَّيْرِ اِنَّهُ اُهْدِيَ اِلَی النَّبِیِ اَللّٰهُمَّ ائْتِنِي بِاَحَبِّ خَلْقِكَ اِلَيْكَ يَأْكُلُ مَعِي مِنْ هٰذَا الطَّيْرِ فَجَاءَ عَلِيٌّ فَحَجَبْتُهُ الْخَبَرَ.

تعبیر: حجل واب میں دیکھے تو مسرت ہوگی۔

الخواص: خواص اس کے آئندہ قبج کے ذیل میں بیان ہوں گے۔

الحکم: گوشت اس کا حلال ہے۔

الحِدا

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الحدا	کرکرہ		

ارباب لغت میں اختلاف ہے کہ حِدا کو اردو میں کیا کہتے ہیں۔ اُحد الدین بلگرامی مولف نفاس

اللغات کی تحقیق ہے کہ حِدا۔ حداۃ۔ شہاجر چیل کے عربی نام ہیں۔ مترجم عجائب المخلوقات اور مولف رسالہ حیوانات نے بھی حِداکا ترجمہ چیل ہی کیا ہے لیکن میری تحقیق یہ ہے کہ کُرگرہ کو حداء کہتے ہیں یہ ایک جانور ہے سارس سے کسی قدر مشابہ اور چھوٹا ہوتا ہے۔ قیصر باغ کے عجائب خانہ میں یہ پرندہ موجود ہے۔

حِداء کے لغت میں محقق طریحی نے لکھا ہے۔ (هُوَ طَائِرُ الْخَبِيْثُ) وہ بڑا بدخو جانور ہے۔ حدیث میں اس کے مارڈالنے کا حکم ہے چنانچہ خصال میں ابن بابویہ علیہ الرحمہ نے لکھا ہے کہ جناب امیرفرماتے ہیں کہ پیغمبر خداؐ نے پانچ جانوروں کے مارنے کی اجازت دی ہے:

اَلْغُرَابِ وَالْحِدَاءِ وَالْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ وَالْكَلْبِ الْعَقُورِ.

مجلسی علیہ الرحمہ نے حلیۃ المتقین میں ترجمہ کیا ہے کوا، کورکورہ، سانپ، بچھو اور کتا جو کاٹتا ہو۔

دوسری حدیث میں ہے: لَا بَأْسَ بِقَتْلِ الْحِدَاءِ لِلْمُحْرِمِ.

احرام باندھنے والے حاجی کے لیے بھی کورکورہ کے مارنے کی اجازت ہے۔

کعب الاحبار کہتا ہے کہ کورکورہ کہتا ہے: كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا اللهُ.

اور احادیث امام حسینؑ میں ہے کہ کورکورہ کہتا ہے: خدا پر توکل کرتا کہ وہ تجھ کو روزی دے۔

تعبیر: کورکورہ کو خواب میں دیکھے تو کسی بدسرشت دشمن سے سامنا ہو۔

الخواص: خاکستر استخوان زخم پر لگانے سے جراحت سے مندمل ہوتی ہے۔

الحکم: حرام گوشت ہے۔

ادبیات:

۱): چیل جھپٹا کرنا: بہ جبر کسی چیز کو حاصل کرنا۔

۲): چیل کی طرح منڈلاتے پھرنا: بے قراری کے عالم میں کوشش کرنا۔

۳): چیل کا پیشاب: نایاب چیز۔

۴) چیل ڈانگر: لانبا آدمی۔

۵): دوپہر کی چیل وہ شریر لڑکے: جو دوپہر کو بھی گھر میں نہ بیٹھیں۔

۶): چیل: بنارس اور مرزا پور کے مابین ایک سٹیشن ہے۔

منڈلا رہی ہیں کیوں یہ ہما چیل کی طرح   شاید دہانِ سنگ سے مرا استخوان گرا

آتش

الحرباء

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الحرباء	آفتاب پرست		گرگٹ

یہ جانور چھپکلی سے بڑا مگر پتلا ہوتا ہے، اس کی دُم لانبی ہوتی ہے، دن کو منہ آفتاب کی طرف کیے رہتا ہے اور اُس طرف پھرتا رہتا ہے جدھر سورج گھومتا ہے، حرارت آفتاب اسکو کبھی زرد کبھی سبز اور سرخ کر دیتی ہے، عرب اس کو سام ابرص بھی کہتے ہیں وجہ تسمیہ یہ ہے کہ گرگٹ جہاں نمک پاتا ہے وہاں لوٹ جاتا ہے جو کوئی اُس نمک کو کھاتا ہے مرض برص میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

عبدالرشید حسینی مدنی اپنی لغت میں ابرص کے لغت میں لکھتے ہیں: وسام ابرص وزغ بزرگ باشد کہ بپارسی آنرا آفتاب پرست وحربا گویند وتحقیق انیست کہ آنرا آفتاب پرست وحربا گویند وتحقیق انیست کہ آنرا پشر مردہ گویند لغات قتال است۔ (منتخب اللغات شاہجہانی ص ۷ ۳، نول کشور)

احادیث شیعہ میں گرگٹ کا ذکر مختلف موقعوں پر آیا ہے۔ ابو بصیر سے روایت ہے کہ میں امام محمد باقرؑ کی خدمت میں حاضر تھا اور آپ وضو کر رہے تھے دیوار پر گرگٹ تھا فرمایا تم جانتے ہو یہ مسخ کیا کہتا ہے؟ میں نے عرض کیا نہیں۔ فرمایا مجھے معلوم ہے کہ کیا کہتا ہے۔ ابو بصیر کو گرگٹ کی صدا سننے کا شوق ہوا۔ آپ نے فرمایا کہ یہ کہتا ہے اگر تم عثمان پر تبرّا بھیجو گے تو میں تمہارے خلیفہ کی سب وشتم کروں گا یہ کہہ کر حکم دیا کہ اس کو مار ڈالو یہ ہمارا دشمن ہے یہ کہہ کر آپ نے بتایا کہ بنی اسرائیل میں ایک سرکش تھا جو انبیاء کو قتل کر ڈالتا تھا خدا نے اس کو اس شکل میں مسخ کر دیا وہ ہمارا دشمن اس لیے ہے کہ ہم اولاد انبیاء ہیں۔ آخر میں آپ نے گرگٹ کے مارنے کا اجر بیان کیا۔

تعبیر:

گرگٹ کو خواب میں دیکھنے سے کسی دشمن آل رسولؐ کا سامنا ہو جو مختلف طریقوں سے ضرر پہنچانے پر تیار ہو۔

خواص: اگر اس کو زمین میں دفن کر کے اس کا پوست گاؤں یا کھیت میں کسی بلندی پر آویزاں کر دے تو زراعتوں کو ٹڈیاں نقصان نہ پہنچائیں گی۔

الحکم: سمی جانوروں میں ہے گوشت اس کا حرام ہے اگر کنویں میں گرے تو تین ڈول نکالنا چاہیے۔

ادبیات:

کسی شخص کی یکساں حالت نہ رہنے پر کہتے ہیں کہ وہ گرگٹ کے ایسے رنگ بدلتا ہے۔

جاں صاحب کہتے ہیں۔

گرگٹ کی طرح رنگِ زمانہ بدل گیا

حرباء کا لفظ بھی اردو شعراء نے نظم کی ہے۔

طاؤس زیست گلشن ہستی کو چھوڑ دے　　حرباء بھی آفتاب پرستی کو چھوڑ دے

میاں عشق

داغ پہلو ہے جو پہلو میں آہ یہ پیکر نہیں　　چشم حرباء میں پری بن جائے یا حور آفتاب

آتش

حِقّہٌ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
حِقّہٌ	بچہ شتر		اونٹ کا بچہ

کلام عرب میں حقہ اونٹ کے اُس بچہ کو کہتے ہیں جو تین برس پورے کر کے چوتھے میں داخل ہو۔ یہ نام اس لیے رکھا گیا ہے کہ اس عمر میں اونٹ بار برداری کے لائق ہو جاتا ہے۔ اونٹوں کی زکواۃ میں معصوم کی زبان پر یہ لفظ جاری ہوئی ہے

صحیحہ زرارہ میں امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ:

مَنْ وَجَبَتْ عَلَيْهِ جَذَعَةٌ وَ لَمْ تَكُنْ عِنْدَهُ وَ كَانَتْ عِنْدَهُ حِقَّةٌ دَفَعَهَا وَ دَفَعَ مَعَهَا شَاتَيْنِ أَوْ عِشْرِينَ دِرْهَماً.

جس شخص پر چار برس کا بچہ شتر دینا واجب ہو اور اُس کے پاس نہ ہو بجائے اُس کے تین سال کا اونٹ ہو تو اُس کو زکواۃ میں دے لیکن اُس کے ساتھ دو بکریاں یا ۲۰ درہم بھی دے۔

تعبیر: حقہ کو خواب میں دیکھے تو دولتمند ہو۔

الخواص: خاصیت اس کی مثل اونٹ کے ہے۔

الحکم: حلال ہے۔

حمار

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
حمار	خر	Donkey	گدھا

عرب گدھے کو ابوزیاد کہتے ہیں، گدھا سب جانوروں میں احمق سمجھا جاتا ہے اُس کی عقل اتنی کمزور ہے جب شیر کو دیکھتا ہے اُس کی طرف دوڑتا ہے۔ کہتے ہیں حافظہ اس کا قوی ہوتا ہے جس راستہ کو ایک مرتبہ دیکھتا ہے پھر کبھی فراموش نہیں کرتا۔ عرب گدھے کی سواری میں اُس کو ہکاتے وقت بجز اور بلاتے وقت شعر کہتے ہیں۔ نوادر قلیوبی میں ہے کہ گدھی ۴۳ ہفتہ کے بعد ایک بچہ جنتی ہے۔ وحشی گدھے کو فارسی میں گورخر کہتے ہیں جو گدھے سے قد میں بڑا اور خوبصورت ہوتا ہے، اُس پر لمبی لکیریں بنی ہوتی ہیں، ان کا جنگلوں کے سوا آبادی میں گذر نہیں ہوتا۔ انگریزی میں اس کو زیبرا (Zebra) کہتے ہیں۔

یہ بھیڑ کی طرح ایک دوسرے سے مل کر چلتے ہیں۔ انبیاء کی سواری میں زیادہ تر زیر ران گدھا رہتا تھا۔ عرب میں آج تک گدھے کی سواری میں عار نہیں، مسافر قریبی راستہ اسی پر طے کرتے ہیں، کاروباری سامان تجارت بار کرتے ہیں۔

جناب عزیرؑ نبی کا حال قرآن مجید میں موجود ہے۔ جب بخت نصر بادشاہ ہوا اُس نے بنی اسرائیل کا قلع قمع کر دیا، اُن کی لاشوں کو درندوں نے کھالیا تو حضرت عزیر کا اُدھر سے گذر ہوا، تعجب سے فرمانے لگے کیا اس اُجڑی ہوئی بستی میں آبادی ہوسکتی ہے؟ خدا نے اُن کی روح قبض کر لی اور سو برس تک مردہ رکھا اور اُن کی خوراک اور دودھ جو ساتھ تھا خراب نہ ہوا، جب زندہ کیا تو پوچھا اے عزیر تم کتنے دن تک پڑے رہے؟ عرض کیا (لَبِثْتُ يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ) ایک دن یا اس سے بھی کچھ کم پڑا رہا۔ (قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ) فرمایا نہیں تم سو برس پڑے رہے۔ (فَانْظُرْ إِلَىٰ طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ وَانْظُرْ إِلَىٰ حِمَارِكَ) ذرا اپنے کھانے پینے کو دیکھو کہ اپسا تک نہیں اور ذرا اپنے مردہ گدھے کو دیکھو، عزیرؑ نے جو نظر کی تو گدھا مردہ پڑا تھا، گوشت کا پتہ نہ تھا ہڈیوں کا ڈھیر تھا۔ خدا نے حکم دیا (وَانْظُرْ إِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوهَا لَحْمًا) اچھا اب اس گدھے کی ہڈیوں کی طرف دیکھو ہم کیوں کر اس کا ڈھانچہ بناتے ہیں پھر اُس پر گوشت چڑھاتے ہیں دیکھتے دیکھتے گدھا زندہ ہوگیا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ بہشت میں بہائم نہ ہوں گے مگر بلعم بن باعور کا الاغ اور حضرت صالح علیہ السلام کا ناقہ اور حضرت یوسف کا بھیڑیا اور اصحاب کہف کا کلب۔

(تحفہ احمدیہ، جلد اول، ص ۹۷)

بلعم حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں تھا اس کو اسم اعظم یاد تھا اور جب وہ اس کے ذریعہ سے دُعا کرتا تھا تو دُعا اُس کی قبول ہوتی تھی۔ فرعون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا پیچھا کیا تو اس سے فرمائش کی کہ تم دُعا کرو کہ موسیٰ علیہ السلام اور اُن کے ساتھی ہمارے قبضہ میں آجائیں۔ یہ سنتے ہی بلعم اپنے گدھے پر سوار ہوا مگر خدا کی شان اُس نے ہر چند کوشش کی گدھے نے ایک قدم بھی نہ اُٹھایا جب اُس نے مارنا شروع کیا تو خدا کی قدرت سے گدھا فصیح زبان سے کہنے لگا تجھ پر وائے ہو تو مجھے کیوں مارتا ہے کیا تو چاہتا ہے کہ میں تیرے ساتھ چلوں اور تو خدا کے رسول اور مومنین کے لیے بددُعا کرے آخر اس نے نہ مانا اور گدھے کو اس قدر زدوکوب کیا کہ وہ مر گیا اس ظلم کی سزا میں اسم اعظم اُس کی زبان سے نکل گیا اور دُعا کا اثر جاتا رہا انجام خراب ہوا خدا نے کافروں میں محسوب کیا۔ (قرآن مجید مولانا فرمان علی صاحب طاب ثراہ)

جنابِ ابراہیمؑ کی شان میں ہے: كَانَ اِبْرَاهِيْمُ يَرْكَبُ عَلٰى حِمَارِهٖ.

حضرت ابراہیم گدھے پر سوار ہوتے تھے، جناب عیسیٰؑ پشت خر پر بیٹھتے تھے، جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری میں بھی گدھا رہتا تھا۔ جناب امیر فرماتے تھے:

وَلَقَدْ كَانَ صلی اللہ علیہ وسلم يَأْكُلُ عَلَى الْاَرْضِ وَيَجْلِسُ جِلْسَةَ الْعَبْدِ وَيَخْصِفُ بِيَدِهٖ نَعْلَهٗ وَيَرْقَعُ بِيَدِهٖ ثَوْبَهٗ وَيَرْكَبُ الْحِمَارَ الْعَارِيَ وَيُرْدِفُ خَلْفَهٗ وَيَكُوْنُ السِّتْرُ عَلٰى بَابِ بَيْتِهٖ فَتَكُوْنُ فِيْهِ التَّصَاوِيْرُ۔ (نہج البلاغہ، ورق ۵۴)

وہ حضرت زمین پر بیٹھ کر کھانا کھاتے تھے اور غلاموں کی طرح بیٹھتے تھے اپنے ہاتھوں میں اپنے جوتے لیتے تھے اور کپڑے خود اٹھاتے تھے، گدھے کی ننگی پیٹھ پر سوار ہوتے تھے اور آپ کے عقب میں بھی کوئی بیٹھا ہوتا تھا آپ کے دروازہ پر جو پردہ تھا اُس میں تصویریں بنی تھیں۔

سیرت نبوی میں ایک موقع ایسا بھی ملتا ہے کہ حمار نے آپ سے باتیں کیں جو گدھا سواری میں رہتا تھا اُس نے عرض کیا: میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں میرے باپ نے مجھ سے اپنے باپ کی زبانی اور اس نے اپنے دادا سے اور اُس نے اپنے اسلاف سے سن کر کہا ہے کہ حضرت نوحؑ کی کشتی میں جو گدھا تھا نوحؑ نے اُس کے پٹھے پر ہاتھ پھیر کر فرمایا:

يَخْرُجُ مِنْ صُلْبِ هٰذَا الْحِمَارِ حِمَارٌ يَرْكَبُهٗ سَيِّدُ النَّبِيِّيْنَ وَخَاتَمُهُمْ.

اس گدھے کے صلب سے وہ گدھا پیدا ہوگا جس پر سردار انبیاؐ اور خاتم النبیین سوار ہوگا۔ گدھا کہتا ہے کہ میں شکر کرتا ہوں خدا نے یہ شرف مجھ کو دیا۔

ایک یہودی نے خدمت نبوی میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ گدھا کیا کہتا ہے فرمایا: یَلْعَنُ الْعَشَّارُ چونگی میں دسواں حصہ لینے والوں پر لعنت کرتا ہے۔

مالک بن سیف بارگاہ نبوی میں حاضر ہوا اور کہا کہ میں چاہتا ہوں میری بساط نبوت کی گواہی دے۔ ابولبابہ بن منذر نے کہا میری خواہش یہ ہے کہ میرا تازیانہ گواہی دے۔ کعب بن اشرف نے کہا کہ میری آرزو یہ ہے کہ میرا گدھا گواہی دے۔ خداوند عالم نے ان آنے والوں کی خواہشات کو پورا کیا پہلے مالک کا رخت خواب گویا ہوا اور کہا میں گواہ ہوں کہ خدا وحدہ لاشریک ہے اور آپ اُس کے بندہ خاص اور رسول اور علیؑ وصی رسول ہیں۔ پھر تازیانہ نے گواہی دی، پھر گدھا گویا ہوا اور نبوت و امامت کی گواہی دی، گدھے نے اپنے مالک سے یہ بھی کہا:

بِئْسَ الْعَبْدُ اَنْتَ، شَاهَدْتَ آيَاتِ اللّٰهِ وَ كَفَرْتَ بِهَا۔

تو خدا کا بدترین بندہ ہے خدا کی نشانیاں دیکھ کر بھی ایمان نہیں لاتا، جناب رسالتمآبؐ نے فرمایا کہ تیرا گدھا تجھ سے بہتر ہے پھر اُس گدھے نے کعب کو اپنی پشت پر کبھی سوار ہونے نہ دیا اور ثابت بن قیس کے ہاتھ فروخت کر دیا۔

احادیث شیعہ میں کثرت سے لفظ حمار نظر آتی ہے۔ فضائل نماز میں رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے: اَمَا يَخَافُ الَّذِي يُحَوِّلُ وَجْهَهُ فِي الصَّلَاةِ اَنْ يُحَوِّلَ اللّٰهُ وَجْهَهُ وَجْهَ حِمَارٍ۔

جو شخص اپنے منہ کو نماز میں کسی طرف پھیرے تو خوف اس امر کا ہے کہ حق تعالیٰ منہ اُس کا مثل گدھے کے منہ جیسا کر دے۔ اس حدیث میں مراد یہ ہے کہ اُس کے وجہ قلب کو مثل وجہ حمار کے کر دیا جائے یعنی جس طرح قلب حمار امور عالیہ سے مطلع نہیں ہوتا یہی حال اُس شخص کا بھی ہو جائے۔

(امالی التفسیر والواعظ)

ابن حجر عسقلانی ناقل ہے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کہ:

مَا بَقَاءُ النَّاسِ بَعْدَهُمْ قَالَ بَقَاءُ الْحِمَارِ اِذَا كُسِرَ صُلْبُهُ۔

اہل بیتؑ کے بعد لوگوں کی زندگی کس طرح بسر ہوگی فرمایا اُن کی زندگی ایسی ہوگی جیسے اس گدھے کی زندگی جس کی ریڑھ کی ہڈی ٹوٹ چکی ہو۔

(کتاب المراجعات، عبدالحسن شرف الدین موسوی عاملی)

وَ ذُکِرَ فِي مَقَامٍ آخَرَ اَنَّهُ قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مَا بَقَاءُ النَّاسِ بَعْدَ هُمْ قَالَ بَقَاءُ الْحِمَارِ اِذَا كُسِرَ صُلْبُهُ. (صواعق محرقہ)

دوسرے مقام پر ابن حجر لکھتے ہیں کہ سرور کائنات سے پوچھا گیا کہ اہل بیت کے بعد لوگوں کی زندگی کس طرح بسر ہوگی فرمایا اُن کی زندگی بس ایسی ہی ہوگی جیسے اس گدھے کی زندگی جس کی ریڑھ کی ہڈی ٹوٹ چکی ہو۔ (کتاب المراجعات، عبدالحسن شرف الدین موسوی عاملی)

دوسری حدیث میں ہے کہ جب کتے بھونکنے کی صدا اور گدھے کے چلّانے کو سنو تو کہو:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.

اس لیے کہ جو وہ دیکھتا ہے تم نہیں دیکھتے تم کو چاہیے کہ حکم کی تعمیل کرو۔

اُلو کے حال میں گذرا ہے کہ مادہ الاغ کا مسافر کے گھر سے نکلتے وقت آنا مبارک نہیں ہے۔

حکایت:

علامہ جزائری کہتے ہیں کہ ایک شخص نے جس کو میں ثقہ سمجھتا ہوں مجھ سے بیان کیا کہ ایک مردسنی نے شیعہ سے کہا کہ تم سمجھتے ہو گدھا کیا کہتا ہے، شیعہ نے کہا نہیں، سنی نے کہا وہ حضرت عمر و ابوبکر پر درود بھیجتا ہے، شیعہ نے کہا اسی لیے خدا فرماتا ہے:

اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ. سب سے بری آواز گدھے کی ہے۔ (پ ۲۱ ع ۱۱)

(منابر الاسلام)

تعبیر:

گدھا دیکھنا محبت اور دولت کی علامت ہے۔ اگر سامان بار ہو تو فارغ البال ہونے کی توقع ہے اگر گدھے کی پیٹھ پر لیٹتے دیکھے تو خوش بختی کی امید ہے۔ گدھے سے اُترنے کی تعبیر یہ ہے کہ مرادوں میں کامیاب ہو۔ اگر گدھے کو اندھا دیکھے تو دفینہ گم ہو جائے اور رزق میں تنگی ہو۔ گدھے کو خچر بن جاتے دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ سفر میں نفع حاصل ہو۔ گدھے کو کٹورا بجاتے دیکھنا مرتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے۔ گدھے کی آواز سننا مورد آفات ہونے کی علامت ہے۔ گدھی کا دودھ پینا نفع حاصل ہونے کی نشانی ہے بیماری سے صحت ہوگی۔

خواص: اگر اس کا سم پانی میں گھس کر مرگی والے کو پلائیں تو نافع ہے۔

الحکم: گدھے کا گوشت مکروہ ہے۔ اگر گدھا کنویں میں گر کے مرجائے تو ایک کر پانی نکالے۔

ادبیات:

جس طرح ہندوستان میں ناسمجھ آدمی کو گدھا کہتے ہیں اسی طرح کلام عرب وعجم میں جاہل اور احمق آدمی کو حمار، خر کہتے ہیں۔ فارس بن یوسف شدیاق نے اس کو صرف عرب کی خصوصیت لکھتا ہے

قال بعض ائمة اللغه ان من خصائص لغتنادون عمرها هال للرجل الجاهل الحمار۔ (الساق علی الساق، ص ۳۲۳)

ائمہ لغت کہتے ہیں کہ صرف زبان عرب میں یہ خصوصیت ہے کہ جاہل کو حمار کہتے ہیں۔

قرآن مجید میں اس کے نمونے موجود ہیں:

مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ۝

جن لوگوں پر توریت بار کرائی گئی پھر انھوں نے اُس کے بار کو نہ اُٹھایا اُن کی مثل گدھے کی سی ہے جس پر بڑی بڑی کتابیں لدی ہوں۔ (پ ۲۸ ع ۱۱)

کسی چیز کے غائب ہوجانے پر کہتے ہیں فلاں چیز ایسی گم ہوئی جیسے گدھے کے سر سے سینگ گے۔

حسن وخوبصورتی کے اظہار پر کہتے ہیں جوانی پر گدھی بھی اچھی معلوم ہوتی ہے۔ ناز کہتے ہیں۔

جوانی میں ہر اک صورت حسین معلوم ہوتی ہے ۔۔۔ دلہن بن جائے گی جس دن گدھے پر بھی شباب آیا

آتش۔

خوف نافہمی مردم سے مجھے آتا ہے ۔۔۔ گاؤ خر ہونے لگی صورت مردم پیدا

غصہ کے وقت دشمن کی کمزوری ثابت کرنے کے لیے کہتے ہیں گدھا تاپے بھی دیکھا ہے۔

جو شخص کہا نہ مانے اور پھر خود ہی کسی کام کے لیے آمادہ ہوجائے ایسے شخص کے لیے کہتے ہیں گدھے والے سے کہو کہ گدھے پر چڑھے تو کبھی نہ چڑھے گا مگر جب اپنا دل چاہے گا۔

اسی طرح کابل کے گدھے بھی اپنے محل پر استعمال ہوتا ہے۔

اپنی غرض کے لیے کسی کو ہمدرد بنانا ہو تو کہتے ہیں۔

شریف گالیاں کھاتے ہیں اپنے مطلب کو ۔۔۔ گدھے کو باپ بناتے ہیں اپنے مطلب کو

اردو میں گدھے کے بولنے کو رینکنا کہتے ہیں۔ سودا کہتے ہیں۔

رینکے ہے گدھا آٹھ پہر گھر میں خدا کے ۔۔۔ نے ذکر نہ صلوات نہ سجدہ نہ اذاں ہے

حمیرا:

بی بی عائشہ کا لقب ہے: سُمِّيَتْ بِذٰلِكَ لِبَيَاضِهَا. اُن کے گورے پن سے یہ نام رکھا گیا۔

میر جی کی گدھی:

ایک مشہور کھیل ہے جو ہندوستان کے غیر تعلیم یافتہ لڑکے کھیلتے ہیں۔ شاعر کہتا ہے۔

طواف کعبہ بھی کر کے مقدس جو نہیں ٹھہرا — خر عیسیٰ نہ ہو گا میر جی کی وہ گدھی ہو گی

گدھا لائن:

لکھنو اسٹیشن میں پلیٹ فارم نمبر ۷ کو کہتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ جدید عمارت کے افتتاح کے دن اس پڑی پر انجن سے گدھا کٹ گیا تھا۔

حمار:

مروان بن محمد اموی تاجدار کا لقب حمار تھا یہ بنی امیہ کا چودواں خلیفہ تھا اس کے مرنے کے بعد بنی امیہ کی خلافت ختم ہو گئی۔

۱): کیا قاضی کی گدھی چرائی ہے ہمیں کس بات کا ڈر ہے۔

۲): گدھوں سے ہل چلیں تو بیل کیوں بسائیں نادانوں سے اگر ہنر مند کا کام نکلے تو صاحب ہنر کیوں پوچھے جائیں۔

۳): گدھے کا کھایا نہ پن نہ پاپ: ایسے شخص کو فائدہ پہنچانا جو اُس سے فائدہ نہ اُٹھائے۔

۴): وقت پر گدھے کو باپ بنانا پڑتا ہے: ضرورت کے وقت ادنیٰ آدمی کی خوشامد کرنا پڑتی ہے۔

حمام

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
حمام	کبوتر	Pigaon	قبوتر

کبوتر کی قسمیں بہت ہیں جو مختلف قدو قامت اور مختلف رنگ کے ہوتے ہیں۔ گرا باز، خوردنوکا، چوا چندن، جنگلی، لقا، بگی، شیرازی، لوٹن کبوتر کی مشہور قسمیں ہیں۔ کبوتر بازوں نے رنگوں کے اعتبار سے بھی ہر رنگ کے کبوتر کا علیحدہ نام رکھا ہے مینا زاغ، جوگیا، کابرا، عنبر سرا۔ کبوتر دانہ بہت جلدی کھاتا ہے ایک منٹ میں قریب سو دانے کے چگ لیتا ہے مگر کھیتوں کو نقصان نہیں پہنچاتا کیونکہ یہ سڑکوں پر پڑا ہوا اناج چگتا ہے۔ کبوتر درختوں میں اپنا آشیانہ نہیں بناتا بلکہ مکانوں اور چٹانوں پر بسیرا کرتا ہے اور بعض اوقات کسی بڑے کنویں میں بھی دیوار کے روشن دانوں میں انڈے دیتا ہے بعض اوقات یہ دیکھا

گیا ہے کہ کنویں کے اندر ڈھیلا پھینکنے سے کبوتر اُڑتا ہے۔ کبوتر کے بھی طوطے کی طرح آنکھ سے کچھ دور دو سوراخ ہوتے ہیں جو کان کا کام دیتے ہیں۔ کبوتر کے پنجہ میں چار انگلیاں ہوتی ہیں اور ہر انگلی میں ناخن ہوتے ہیں۔ کبوتر چونچ ڈبو کر بڑے بڑے گھونٹ پانی کے پیتا ہے اور پھر پانی نگل جاتا ہے۔ چھوٹا کبوتر فاختہ کے برابر ہوتا ہے اور شیرازی بڑا ہوتا ہے۔ کبوتر کی کنیت ابو عکرمہ ہے۔ یہ پرندوں میں بڑا ہی ذکی جانور ہے، اپنے گھر کو خوب پہچانتا ہے اور دور سے اُڑتا ہوا آکر اپنی جگہ پہنچتا ہے اور اپنی شہر کی نشانیوں کو فراموش نہیں کرتا۔ کسی زمانہ میں نامہ بری کی خدمت کبوتر سے لی جاتی تھی۔

کسی شاعر نے کہا ہے ۔

خط کبوتر کس طرح لیجائیں بام یار تک پر کترنے کو قینچیاں لگی ہیں دیوار میں

یورپ کے متمدن ممالک نے بھی فی زمانہ کبوتر سے یہ خدمت لینا شروع کی ہے، اس قسم کے کبوتر کو نامہ بر کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ جس مکان میں بچوں کی فوت ہوا کرتی ہو وہاں کبوتر پالنا چاہئے اس کے پروں کی ہوا جس مکان میں ہو وہ اطفال کے لیے مفید ہے نیز سرطوب مقامات کی ہوا کو بھی کبوتر درست کر دیتے ہیں۔

نر و مادہ میں باہمی ہمدردی اس قدر ہوتی ہے کہ انڈوں کی حفاظت دونوں برابر سے کرتے ہیں اور جب یہ بچے نکلتے ہیں تو ماں باپ باری باری بھرا کر بڑا کرتے ہیں۔ بھری کبوتر کی دشمن ہوتی ہے جو اڑنے کے کبوتر کو شکار کرتی ہے بعض چالاک کبوتر زخمی ہو کر اس کے پنجہ سے نکل جاتے ہیں۔ کبوتر کی ایک قسم کو عرب مرعش کہتے ہیں اور جنگلی کبوتر کو یمامہ کہتے ہیں۔

احادیث میں کبوتر پالنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ایک شخص نے جناب رسالت مآبؐ سے تنہائی کی شکایت کی، فرمایا ایک جوڑا کبوتر کا گھر میں رکھ۔ دوسری حدیث میں ہے کہ جناب سرور کائناتؐ کے گھر میں ایک جوڑا سرخ رنگ کے کبوتر کا تھا۔ جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ خوب ہے گھر میں رکھنا حیوانوں کا مثل کبوتر اور مرغ اور بچہ نر کے اس لیے کہ جنوں کے بچے اُن سے کھیلیں اور تمہارے لڑکوں سے نہ کھیلیں اور امام جعفر صادق علیہ السلام نے رمایا کہ کبوتر جانور پیغمبروں کے ہیں جناب اسماعیلؑ نے کبوتر پالے تھے اور مکہ میں جو کبوتر ہیں یہ اُسی نسل سے ہیں۔ جناب یوسفؑ کے گھر میں بھی کبوتر تھے بعد حضرت یوسفؑ کے گم ہونے کے کبوتروں نے کھانا پینا چھوڑ دیا کبھی دیوار پر بیٹھتے کبھی گر پڑتے تھے۔ حضرت نوحؑ کی جب کشتی کوہ جودی پر ٹھہری کوے کو بھیجا کہ خبر لائے وہ مردار کھانے میں مشغول ہو گیا جب دیر ہوئی تو آپ نے عقب میں کبوتر کو روانہ کیا کبوتر نے کوے سے پہلے آکر خبر دی آپ نے

اس کے لیے دُعا کی خدا نے اُس کبوتر کو ایک طوق دیا جو اُس کی نسل میں ہے۔ جناب امیرؑ زمانہ کی تفرقہ پردازی پر فرماتے ہیں:۔

كُنَّا كَزَوْجِ حَمَامَةٍ فِي أَيْكَةٍ   مُتَمَتِّعِينَ بِصِحَّةٍ وَ شَبَابٍ
دَخَلَ الزَّمَانُ بِنَا وَفَرَّقَ بَيْنَنَا   إِنَّ الزَّمَانَ مُفَرِّقُ الْأَحْبَابِ

ہم کبوتر کے جوڑے کی طرح مرغزار میں صحت و سلامتی کے ساتھ تھے زمانہ نے مداخلت کر کے ہمارے درمیان میں تفرقہ ڈال دیا زمانہ تو دوستوں کو ایک دوسرے سے جدا کرتا ہی ہے۔

روز عاشور جب امام حسینؑ رخصت آخر کے لیے خیمہ میں تشریف لائے اور سکینہ مضطربانہ انداز میں روتی ہوئی سامنے آئیں امام نے بیٹی کے آنسو پونچھ کر فرمایا۔

سَيَطُولُ بَعْدِي يَا سُكَيْنَةُ فَاعْلَمِي   مِنْكِ الْبُكَاءُ إِذَا الْحِمَامُ دَهَانِي
لَا تُحْرِقِي قَلْبِي بِدَمْعِكِ حَسْرَةً   مَا دَامَ مِنِّي الرُّوحُ فِي جُثْمَانِي

احادیث میں ہے کہ خبر شہادت حسینؑ بھی چند کبوتروں نے مختلف مقامات پر پہنچائی۔ دلگیر۔

اک کبوتر دیکھ کر خوں سے بھرا   فاطمہ صغریٰ نے نانی سے کہا
اب میری دیوار پر بیٹھا ہوا   ہے یہ شاید نامہ بر شبیرؑ کا

امام جعفر صادق علیہ السلام کو بعض رواۃ نے دیکھا کہ کبوتروں کے لیے روٹی توڑتے تھے۔ عبدالکریم صحابی آپ کے جب حاضر ہوئے تو دیکھا کہ گھر میں تین کبوتر سبز رنگ کے پلے ہیں، عرض کیا یہ گھر کو کثیف کرتے ہیں، فرمایا ان کا گھر میں رکھنا مستحب ہے۔ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے گھر میں ایک جوڑا کبوتر کا تھا کہ نر اُس کا سبز تھا اُس پر سفید بُنکیاں تھیں اور مادہ سیاہ تھی۔ احادیث میں ہے کہ کبوتر اہل بیت کو دوست رکھتے ہیں اور صاحب خانہ کے لیے دُعا کرتے ہیں کہ خدا تم کو برکت دے۔ حضرت امیر المومنینؑ سے کسی شامی نے پوچھا کہ کبوتر راعبی کیا کہتا ہے؟ فرمایا کہ آلات لہو کے مالکوں اور گانے والی عورتوں پر نفرین کرتا ہے۔ (حق الیقین)

داؤد بن مرقد کہتا ہے کہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں گیا تو گھر میں راعبی کبوتر دیکھے وہ بہت بولتے تھے، فرمایا جانتے ہو یہ کیا کہتے ہیں؟ عرض کیا نہیں، فرمایا قاتلان امام حسینؑ پر نفرین کرتے ہیں ان کو اپنے گھروں میں پالو۔ حدیث امام حسینؑ میں ہے کہ کبوتر خانگی کہتا ہے:

"اگر میرا گناہ نہ بخشے گا تو میں شقی و بدبخت ہوں گا"۔

اور ایک حدیث میں ہے کہ کبوتر کہتا ہے: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلَى مِلْأُ سَمٰوَاتِهٖ وَأَرْضِهٖ.

پاک و منزہ ہے وہ خدا جس کے انوار قدرت سے آسمان و زمین لبریز ہیں۔

جانور پالنے کے فضائل جن احادیث میں ہیں اُس کا منشا یہ ہے کہ خوشنودی خدا کے لیے خدا کی مخلوق کے آب و دانہ کا خیال رکھے اور اُن کی نگہداشت سے غافل نہ رہے۔ اس کے معنی یہ نہیں ہیں کہ کبوتر باز بن جائے اور اس شغل میں واجبات ترک ہو جائیں یا کم از کم یہ ہو کہ نماز وقت پر نہ ہو اگر یہ رنگ اختیار کیا ہو تو کبوتر بازی بھی دیگر منہیات کی طرح جائز نہ ہوگی۔ کبوتر بازی کی ممانعت میں حدیثیں بھی وارد ہوئی ہیں۔ جناب سرور کائناتؐ نے فرمایا ہے کہ کبوتر بازی قوم لوط کا عمل ہے۔

دوسری حدیث میں آپ نے فرمایا ہے: اَلْحَمَامَاتُ الطَّيَّارَاتُ حَاشِيَةُ الْمُنَافِقِيْنَ.

اُڑنے والے کبوتر منافقین کے حاشیہ بردار ہیں۔

وَاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ رَاٰى رَجُلًا يَطْلُبُ حَمَاماً فَقَالَ شَيْطَانٌ يَطْلُبُ شَيْطَاناً.

پیغمبر خداؐ نے ایک شخص کو کبوتر ڈھونڈتے ہوئے دیکھا تو فرمایا ایک شیطان دوسرے شیطان کو ڈھونڈ رہا ہے۔

عرب کے بعض دانشمند کہتے ہیں:

مَنْ لَعِبَ بِالْحَمَامِ لَمْ يَمُتْ حَتّٰى يَذُوْقَ اَلَمَ الْفَقْرِ.

جو کبوتر کے ساتھ بازی کرے وہ مرنے نہ پائے گا جب تک کہ فقیری کا مزہ نہ چکھے۔

کبوتر کی خدمات بھی اہم ہیں۔ زید بن ارقم اور انس راوی ہے کہ جب پیغمبر خداؐ نے شب ہجرت غار میں پناہ لی تو خدا کے حکم سے غار کے منہ پر ایک درخت اُوگا اور مکڑی نے جالا لگانا شروع کیا اُدھر صحرائی کبوتر نے آکر دہن غار پر آشیانہ لگایا۔ یہ اہتمام اس لیے تھا کہ لوگ سمجھیں غار میں کوئی نہیں ہے۔

احادیث میں کبوتر کا جا بجا ذکر ہے۔ جابر بن سمرہ نے مہر نبوت کا حال بیان کرتے ہوئے کہا:

رَاَيْتُ خَاتَمَهٗ غُضْرُوْفَ كَتِفَيْهِ مِثْلَ بَيْضِ الْحَمَامَةِ.

میں نے مہر نبوت کو پیغمبرؐ کے دونوں شانوں کے درمیانی جلد پر دیکھا مثل کبوتر کے انڈے کے برابر تھی۔

جناب امیرؑ نہج البلاغہ میں فرماتے ہیں:

فَوَاللّٰهِ لَوْ حَنَنْتُمْ حَنِيْنَ الْوُلَّهِ الْعِجَالِ وَدَعَوْتُمْ بِهَدِيْلِ الْحَمَامِ لَكَانَ قَلِيْلًا فِيْمَا اَرْجُوْ لَكُمْ مِنْ ثَوَابِهٖ.

خدا کی قسم اگر تم خدا کی عبادت میں اس طرح نالہ و فریاد کرو جیسے وہ اونٹنی جو اپنے بچے سے بچھڑ

جائے جنگل میں بلبلاتی ہے اور خدا کو اُس طرح پکارو جیسے کبوتر گونجتا ہے تو مجھے تمہارے لیے جو امید ثواب ہے اُس کے مقابلہ میں یہ رویہ بہت پست ہے۔

عمل کبوتر:

دعاؤں کی کتابوں میں عمل کبوتر موجود ہے جو شخص بیمار ہو چاہیئے کہ اُس کا اور اُس کی ماں کا نام مندرجہ ذیل دُعا کے ساتھ لکھ کر پارچہ کاغذ کو آٹے کی گولی میں رکھ کر صحرائی کبوتر کو کھلائے اور دُعا کو تین مرتبہ پڑھ کر کبوتر پر دم کر کے مریض پر سے تین مرتبہ اتارے، تین دن اس عمل کو کرنا چاہیئے۔ دُعا یہ ہے:

بسم الله الرحمٰن الرحيم اللّٰهم هٰذا الطير فدية من فلاں بن فلانه لحمه بلحمه، دمه بدمه، و عظمه بعظمه و شعره بشعره و جلده بجلده و مخه بمخه و مهجه بمهجه فتقبّل من فلاں بن فلانه و اشفه سيرهاً بمحمد و اله صلوات الله وسلام عليهم اجمعين۔

تعبیر: اگر خواب میں کبوتر دیکھے تو کنیز ملے، رفع ملال ہو، بہتری اور بہبودی ہو۔

کبوتر کا گوشت کھاتے دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ عورت سے منفعت ہو۔

کبوتروں کا غول اپنی طرف دیکھنا نفع کثیر کی نشانی ہے۔

خواص: کبوتر کا گوشت اکثر کھانا ذہن کو ذکی کرتا ہے، کبوتر زیرہ کو بہت دوست رکھتا ہے جس مقام پر زیرہ چھڑک دیں کبوتر جمع ہو جائیں گے اور جس خانہ میں ڈال دیں کبوتر اُس کو نہ چھوڑیں گے اگر برگ سراب کبوتر کے خانہ میں رکھی جائے تو چلی نہ آئے گی۔

الحکم: کبوتر سب قسم کے حلال ہیں اگر کبوتر کنوئیں میں گر کر مر جائے تو سات ڈول نکالے۔ کبوتر لڑانے کی اجازت فقہائے نہیں دی ہے۔ شہید رابع مجالس المتقین میں لکھتے ہیں: اما کبوتر پرانیدن بجہۃ تفرج پس مکروہ است وحلی و ابن حمزہ تصریح نمودہ اند با ان یکہ دلالت کند بر بز قلت مروۃ خارج است ازعدالت۔

(مجالس المتقین، ص ۳۱۰)

ادبیات:

(۱) ہم مذاق لوگوں کے رشتہ اتحاد کو دیکھ کر کہتے ہیں۔

کبوتر با کبوتر باز با باز　　کند ھم جنس با ہم جنس پرواز

(۲): خون کبوتر سرخ رنگ کی چیز کو کہتے ہیں۔ جاویدؔ مرحوم کہتے ہیں۔

شریک رنج تحیر اس طرح سے ہونا مناسب ہے　　میری آنکھوں میں سرخی رہ گئی خون کبوتر کی

شراب سے بھی کنایہ ہے۔

زگلشن چمن گشتہ طاؤس دم　　برون آر خون کبوتر زخم

امان علی سحر کا قطعہ بھی اس محل پر آب زر سے لکھنے کے قابل ہے۔ آج سے بہت پہلے لکھنو جب ارباب کمال سے چھلک رہا تھا اور تحسین کی مسجد واقع چوک میں شام کے وقت مختلف علوم وفنون کے کملا جمع ہوتے تھے، شعرا کی بزم بھی آراستہ ہوتی تھی امان علی سحرؔ نے اپنی حالت کا نقشہ کھینچا ہے۔

احباب کی صحبت سے دل اپنا نہ اُٹھے گا　　لکڑی کا کبوتر ہے یہ تنہا نہ اُٹھے گا

اللہ کے گھر میں بھی میں گھوروں گا جتوں کو　　تحسین کی مسجد سے مصلے نہ اُٹھے گا

(۳): گنجی کبوتری محل میں ڈیرا: اُس عورت کی نسبت کہتے ہیں جو بدصورت ہو کر گھر میں رہتی ہو

فائدہ:

کبوتر کو سید کہتے ہیں اس تشبیہ میں راز یہ ہے کہ جس طرح کبوتر کو گربہ صحرائی شکار کرتی ہے اور وہ برخلاف دیگر جانوروں کے خاموش رہ کر جان دے دیتا ہے اسی طرح ظالم حکومتوں کے دور میں سادات قتل ہوئے اور اُنھوں نے اُف نہ کی۔

کبوتر کی غربت مشہور ہے۔ واجد علی شاہ اخترؔ شاہ اودھ۔

بغربت کبوتر بجنگاہ شیر　　بعظمت ہما و بصورت دلیر

میر اُنسؔ احمد کوفی کی روایت میں کہتے ہیں۔

اُس نامہ سربستہ کو ناگہ وہ کبوتر　　غائب ہوا دامان یداللہ میں رکھ کر

انکشاف حقیقت:

نواب سید محمد شفیع علی خان صاحب مرحوم رئیس گھساری منڈی لکھنو کے عزا خانہ میں منجملہ تبرکات ایک کبوتر کا پر ہے جو عشرہ کے دن سرخ ہو جاتا ہے موصوف کے صاحبزادگان دسویں محرم کو اس کی زیارت کراتے ہیں۔

حُمَّرَہ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
حُمَّرَہ	کنجشک سرخ		چڑیا

حمرہ ایک قسم کی چڑیا ہے جس کی جمع حُمرہ ہے۔ حدیث مفضل میں اس کا ذکر ہے۔ حمرہ کے حال میں لکھا ہے: ''ضرب من الطیر کالعصفور'' پرندوں کی ایک قسم ہے مثل چڑیا کے ممکن ہے کہ شاما چڑیا کو عرب حمرہ کہتے ہوں۔

ابن مسعود راوی ہے کہ میں خدمت نبی میں حاضر تھا کہ ایک شخص نے جھاڑی میں جا کر حمرہ کا سرخ رنگ کا ایک انڈا نکال لیا چڑیا آئی اور پیغمبر خداؐ اور اصحاب کے سروں پر منڈلانے لگی۔ پیغمبر خداؐ نے پوچھا کہ تم میں سے کس نے اس کا دل دکھایا ہے اُس مرد نے کہا اے پیغمبر خداؐ میں نے اس کے انڈے نکال لیے ہیں۔

تعبیر: اس کو خواب میں دیکھے تو اشرفیاں ملنے کی امید ہے۔

الخواص: کتب طب میں اس کا ذکر نہیں ہے۔

الحکم: کوئی نص میری نظر سے نہیں گذری ہے۔

حُوَارُ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
حُوَارُ	بچہ شتر		اونٹ کا بچہ

حوار اُس بچہ شتر کو کہتے ہیں جو سال بھر کے اندر ہو اس سن کا بچہ ماں سے جدا نہیں ہوتا جب سال بھر کا ہو جاتا ہے تو ماں کی زیادہ ضرورت نہیں رہتی اور ماں سے الگ بھی چرنے کے لیے نکلتا ہے اس وقت اس کو فصیل کہتے ہیں۔ محقق طریحی نے صراحت کی ہے کہ یہ لفظ حدیث میں وارد ہوا ہے۔

تعبیر: اونٹ کے بچے کو خواب میں دیکھے تو امیدوں میں نمو پیدا ہو، کامیابی کا دن قریب پہنچے۔

حواصل

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
پڑیاڈھیک	Pelican		حواصل

ایک بہت بڑا پرند ہے جو سارس کی شکل کا ہوتا ہے اس کی چونچ بہت چوڑی ہوتی ہے اور گردن میں جو کھال لٹکتی ہے وہ اس قدر مضبوط ہوتی ہے کہ سخت سے سخت چیزوں کو نگل جاتا ہے۔ یہ پرند اطراف مصر میں بہت پایا جاتا ہے اس کے پوٹے میں بھی حیرت ناک گنجائش ہوتی ہے۔ حواصل دو رنگ کا ہوتا ہے سیاہ و سفید۔ سفید زیادہ خوبصورت ہوتا ہے، اس کے جسم میں بدبو آتی ہے۔ حواصل کوتاہ عمر ہوتا ہے۔ ہوم راے، ماجانگل، بھی حواصل اور سارس سے ملتے جلتے دو جانور ہیں جو چشموں اور تالاب کے کنارے نظر آتے ہیں۔ قیصر باغ کے عجائب خانہ میں ان کی قسمیں موجود ہیں۔ عرب میں اس کے پر لحاف تو شک میں بھرے جاتے ہیں۔

منصور دوانقی نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو جب قتل کے لیے طلب کیا اور آپ نے الٰہی اقتدار سے کام لے کر اس کے سخت دل کو نرم کر دیا اور منصور مجبور ہوا کہ باز وتھام کر تخت پر جگہ دے۔ خود موؤدب ہو کر پوچھا کہ آپ کی کیا خواہش ہے؟ فرمایا میری آرزو یہ ہے کہ مجھے اپنے دربار میں کبھی نہ بلا۔ اس اعجاز کاری کی حکایت راوی نے حسب ذیل الفاظ میں کی ہے:

وَخَرَجَ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مِنْ عِنْدِهٖ فَدَعَا الْمَنْصُوْرُ بِالدَّوَاوِيْجِ وَالْفَنَكِ وَالسَّمُّوْرِ وَالْحَوَاصِلِ وَهُوَ يَرْتَعِدُ فَنَامَ تَحْتَهٗ فَلَمْ يَنْتَبِهْ اِلَّا فِيْ نِصْفِ اللَّيْلِ.

(مدینۃ المعاجز، ص ۳۳۰)

اُدھر صادق آل محمد علیہ السلام اُس کے دربار سے اُٹھے اُدھر منصور نے لبادے طلب کیے جس میں حواصل وغیرہ کے بال بھرے تھے اور منصور ان کو اوڑھ کر بھی کانپ رہا تھا اسی عالم میں بے خبر سویا اور نصف شب تک بیدار رہا۔

تعبیر: حواصل کو خواب میں دیکھے تو امیدیں بڑھیں۔

خواص: گوشت اس کا بساندہ دیر ہضم ہوتا ہے۔

حکم: حواصل کے گوشت میں اختلاف ہے۔ محقق طبسی حسینی حسنی لکھتے ہیں کہ حواصل میں دو قول

ہیں اظہر یہ ہے کہ حلال ہے۔ جناب شیخ زین العابدین مازندرانی صاحب ذخیرۃ المعاد کی تحقیق یہ ہے کہ حرام ہے۔ ذخیرۃ کی عبارت ملاحظہ ہو:

س: نماز در پوست خر و سنجاب و حواصل خوارزمیہ جائز است یا نہ؟

ج: اقوی جواز صلوۃ در پوست و موو کرک مذکورات است اگرچہ از حیواں غیر ماکول اللحم است و اما در غیر پوست و مو چون استخوان و نحو آں پس اگر ملصق با مصلی باشد جائز نیست نماز دران۔

(ذخیرۃ المعاد، ص ۲۱۷)

بوتیار:

جس کو اردو میں بگلا کہتے ہیں بہت قسم کے ہوتے ہیں۔ سفید اور رنگین دراز گردن عموماً ہوتے ہیں۔ سفید چیزوں کو اردو میں بگلے کے پر سے تشبیہ دیتے ہیں۔ چنانچہ ؎

بگلے کی طرح عشق میں چہرہ سفید ہے — چلنے لگا ہوں چال انیفور کی طرح

بگلے جھیل اور تالاب کے کنارے چھوٹی مچھلیوں کا شکار کرتے ہیں مکھی اور چوہیا پالو بگلے کی خاص غذا ہے۔ دریا کے بگلے کے بارے میں مولوی سید آل حسن صاحب مورالوی صدر الافاضل کی تحقیق یہ ہے کہ حلال ہے، موصوف نے اس کا سنگدانہ دیکھا ہے۔ گوشت اس کا حرام ہے۔ بگلے دریا کنارے اکثر منظم ہو کر کھڑے ہوتے ہیں۔ بینظیر ؎

گھٹا میں وہ بگلوں کی ہر سو قطار — کہ ظلمت میں آب حیاتِ آشکار

بگلے کی ایک قسم بوزا ہے جو چھوٹے قد کا ہوتا ہے اس کی چونچ خط قوس کی طرح جھکی ہوئی ہوتی ہے، اس قسم کے اکثر پرند قیصر باغ کے عجائب خانہ میں موجود ہیں جن کے متعلق تحقیق نہیں ہے کہ بگلے کی قسم ہے یا قازکی۔ ٹمٹما، گدیرا، سورما، گلندرا، گیہ والا بگلے سے ملتے جلتے جانور ہیں۔ ایک بگلہ مینا کی صورت کا مینا کے برابر ہوتا ہے۔

سارس:

دراز گردن، دراز پا حواصل سے بڑا مشہور جانور ہے جو مختلف رنگوں کا ہوتا ہے، قیصر باغ کے عجائب خانہ میں سارس کی شکل کے مختلف پرندے موجود ہیں جن کے نام حسب ذیل ہیں: گونگلا، منڈ، نری۔ اس کے متعلق مجھے ذاتی تحقیق نہیں کہ حلال ہیں یا حرام۔ مولانا آل حسن صاحب مورالوی صدر الافاضل سارس اور لوہا سارس کو حلال سمجھتے ہیں، موصوف کی تحقیق ہے کہ اس کے سنگدانہ ہوتا ہے۔

ادبیات:

پرخوراک آدمی کو حواصل سے تشبیہ دیتے ہیں۔ تمنا کہتے ہیں۔

زخمِ دل کا میرے دنیا میں کوئی مرہم نہیں　　غم کے کھانے میں حواصل سے لیکن ہرگز کم نہیں

حوت

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
حوت	ماہی	Fish	مچھلی

مچھلی کے عربی میں بہت سے نام ہیں اور قسمیں ہیں جن کو آج تک کوئی سیاح دریافت نہیں کرسکا۔ فصحائے عرب کے کلام پر نظر کرنے سے واضح ہوتا ہے کہ عربی میں سمک چھوٹی مچھلی کو اور حوت بڑی مچھلی کو کہتے ہیں چنانچہ نہج البلاغہ میں جناب امیرؑ نے ہاتھی کے ساتھ حوت کا لفظ استعمال کیا ہے۔

بڑی مچھلیاں پانچ سو گز کی لمبی ہوتی ہیں جس کی ضرب سے جہازوں کے غرق ہوجانے کا خطرہ رہتا ہے۔ بڑی مچھلیوں کے استخوان سے پل بنائے جاتے ہیں۔ سائبیریا کے باشندے "اسکمو" اپنے مکانات میں وہیل مچھلی کی ہڈیاں لکڑی کی دھنیوں کی جگہ استعمال کرتے ہیں یہ سب سے بڑی مچھلی ہے جو جہازوں کو غرق کردیتی ہے۔ وہیل مچھلی بھی بڑی ہوتی ہے جو قطب شمالی میں پائی جاتی ہے۔ اس نام کی ایک مچھلی جو تقریباً ۲ فٹ کی ہے قیصر باغ کے عجائب خانہ میں موجود ہے اس کی صورت مچھلی سے بالکل جداگانہ ہے، اس کے چار پاؤں ہیں غالباً اس مچھلی کے بارے میں عجائب المعلومات کے مولف نے لکھا ہے کہ کالیفورنیا میں ایک مقام ہے جہاں ایک قسم کی مچھلی بجائے تیرنے کے اپنے پیروں پر چلتی ہے۔

بعض مچھلیاں اتنی چھوٹی ہوتی ہیں کہ دیکھنے میں جھینگر معلوم ہوتی ہیں، بعض کا چہرہ شکم میں اور سر ڈھال کی طرح ہوتا ہے، بعض ڈوبتے ہوئے انسان کو اپنی پشت پر لے کر ساحل تک پہنچاتی ہیں، بعض فضاء میں پرواز کرتی ہیں۔ اُڑنے والی مچھلیاں جزائر ایسٹ انڈیا کے قریب پائی جاتی ہیں۔

(نگار، اردو۔ از مخمور اکبرآبادی)

بعض اڑنے والی مچھلیوں کو تیتری مچھلیاں کہتے ہیں، بعض ایسی ہیں جو درختوں پر چڑھتی ہیں، بعض ایسی ہیں کہ اگران کو ریزہ ریزہ کیا جائے تو ہر ٹکڑا حرکت کیا کرتا ہے، بعض کے سر پر ایک برچھی لگی ہوتی ہے، بعض کے دُم پر ایک ڈنک ہوتا ہے جس سے دوسرے جانوروں کو اذیت دیتی ہیں۔ مچھلیاں

ایک دریا سے دوسرے دریا میں دورہ کیا کرتی ہیں اور آب شور سے شیریں میں آتی رہتی ہیں۔ جاحظ نے اس کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ مچھلیوں کے لیے شور پانی مثل نمک کے اور شیریں مثل شیرینی کے ہے۔ جب نمکین غذا سے گھبرا جاتی ہیں تو شیرینی ڈھونڈھتی ہیں۔ مچھلیاں اپنے راحت و آرام کو بھی خوب سمجھتی ہیں دوپہر کو سطح آب پر نہیں آتیں۔ ماہرین علم الحیوان کہتے ہیں کہ مچھلی کے پھیپھڑا نہیں ہوتا اسی وجہ سے اُس کو ہوا کی ضرورت نہیں ہے اور پانی میں بغیر ہوا کے زندہ رہتی ہیں جیسے زمین پر جانور اور ہوا میں چڑیاں اُڑتی ہیں اُسی طرح پانی میں مچھلیاں رہتی ہیں۔ اُن کے رنگ بھی طرح طرح کے ہیں کوئی اتنی سفید اور چمکدار ہے جیسے چاندی، کوئی سرخی یا پیلا پن یا سیاہی لیے ہوئے بعض کے جسم پر چھلکے ہیں بعض چکنی بے چھلکے کی بعض لمبی بعض چپٹی بعض سانپ کی شکل کی۔

مچھلی کے منہ اور دھڑ کے بیچ میں ایک جال دار سرخ رنگ کی چیز ہے اُس کو گل پھڑا کہتے ہیں۔ مچھلی اپنے منہ میں پانی بھرتی ہے اور گل پھڑے کے راستے نکال دیتی ہے۔ مچھلی کے داہیں بائیں دونوں پہلوؤں میں پتلی پتلی جھلیاں لگی ہوتی ہیں یہ پر کہلاتے ہیں۔ یہی ہر مچھلی کے اُوپر نیچے آنے جانے میں کام دیتے ہیں۔ انھیں پروں کی وجہ سے مچھلی پانی پر ٹھہرتی ہے پر کاٹ دو تو مچھلی ڈوب جائے۔ اس کی دُم بھی بڑے کام کی چیز ہے اُس کے سہارے آسانی سے جدھر چاہے گھوم جاتی ہے۔ بعض شکاریوں کو دیکھا گیا ہے کہ وہ سطح آب کے قریب کان لگا کر مچھلیوں کی صدا سے بتا دیتے ہیں کہ مچھلیاں آرہی ہیں۔

مچھلیاں ایک ساتھ ہزاروں انڈے دیتی ہیں یہ انڈے خشخش کی طرح آپس میں ملے ہوتے ہیں۔ جب انڈے دینے کا وقت آتا ہے تو ریت میں انڈے دیتی ہیں پھر مچھلی کو اُن سے کوئی غرض نہیں رہتی۔ سورج کی گرمی سے انڈوں سے بچے نکل آتے ہیں اور آپ ہی آپ پانی میں تیرتے ہیں۔

پالو مچھلیاں جو شوقین اصحاب بڑے بڑے حوضوں میں پالتے ہیں کیلے کے پتہ میں انڈے دیتی ہیں اُن کے محفوظ کرنے کا بھی طریقہ ہے کہ کیلے کے پتہ سطح آب پر ڈال دیے جائیں۔ مچھلیاں انڈے دیتے وقت خوش طبعی کرتے ہوئے پتہ پر اپنی دُم مارتی ہیں۔ جب پتہ پر انڈے جم جائیں تو ان کو مچھلیوں سے خالی حوض میں ان کو پانی پر ڈال دینا چاہئے اس تدبیر سے جو بچے نکلیں گے اُن کو مچھلیاں کھانے نہ پائیں گی۔

چھوٹی مچھلیاں تو پانی میں کیڑے مکوڑے کھاتی ہیں اور بڑی مچھلیاں چھوٹی مچھلیوں کو کھا جاتی ہیں۔ سانپ کی طرح مچھلی بھی جس چیز کو کھاتی ہے پورا نگل جاتی ہیں بعض مچھلیوں کے منہ کے پاس

کانٹے ہوتے ہیں اُن سے وہ ڈنک کا کام لیتی ہیں اور اگر کسی کو یہ کانٹا ماریں تو اُس کو ایسی تکلیف ہوتی ہے جیسے ڈنک سے ہوتی ہے۔

بڑے حوض اور تالابوں میں لوگ مچھلیاں پالتے ہیں اور آٹے کی گولیاں کھانے کو دیتے ہیں تو غول کے غول جمع ہو جاتے ہیں اور مچھلیاں دوڑ دوڑ کے گولیاں کھاتی ہیں۔ گرمیوں میں جب گڈھوں اور تالابوں کا پانی خشک ہو جاتا ہے تو مچھلیوں کی قضا آجاتی ہے گاؤں کے شوقین لوگ تالاب کے تھوڑے پانی کو چھوٹی چھوٹی مینڈھوں سے الگ کر لیتے ہیں اور اُن ٹکڑوں کا پانی اُلچ کر پھینک دیتے ہیں جب پانی نہیں رہتا تو کیچڑ سے مچھلیوں کو پکڑ لیتے ہیں۔ جال اور کانٹے سے بھی مچھلیاں شکار کی جاتی ہیں۔ انگریزی اخبارات دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مچھلیوں کا کوئی مرکز عالم بالا میں بھی ہے۔ امریکہ کی نہر پاناما میں جو مابین کرسٹوبول بندرگاہ کے ہے ۱۹۳۳ء میں مچھلیوں کی بارش ہوئی تھی۔

انگریز سیاحوں نے مچھلیوں کی اب تک نو ہزار قسمیں دریافت کی ہیں جن میں ''جیلی فش'' جس کے چلنے سے دریا میں روشنی ہو جاتی ہے ان میں کی چھوٹی قسم اس قدر مختصر ہوتی ہے کہ پندرہ بیس مچھلیاں ہاتھ میں آجاتی ہیں اور بڑی اس قدر عظیم الجثہ ہوتی ہے کہ ہاتھی کو شکار کر سکتی ہے۔ میرنگ ایک قسم کی مچھلی ہوتی ہے جو عمر میں ۴۵ ہزار انڈے دیتی ہے۔ لب فش ایک دوسری قسم ہے جو ایک لاکھ ۵۵ ہزار انڈے دیتی ہے۔ ھیلی پٹ ۳۵ لاکھ اور کاڈفش ۹۰ لاکھ انڈے دیتی ہے۔ لنگ پندرہ کروڑ انڈے دیتی ہے۔ ''Place Fish'' پلیس فیش کو فلیٹ فش بھی کہتے ہیں یعنی چپٹی مچھلی، یہ دوسری مچھلیوں کی طرح تیرتی نہیں بلکہ کاغذ کے پرزے کی طرح بہتی ہے۔ میاکرل (Mackerel) سب مچھلیوں میں تیز دوڑتی ہے اس کا جسم خوبصورت سڈول ہوتا ہے، یورپ و امریکہ والے اس کا گوشت بہت پسند کرتے ہیں۔ اڑنے والی مچھلیوں کو فلائنگ فش (Flying Fish) کہتے ہیں، فلائنگ فش گرم ملک کے سمندروں میں پائی جاتی ہے، قد ایک فٹ لمبا اور دُم غیر معمولی طور پر پھیلی ہوئی، دو پر نہایت طاقتور ہوتے ہیں جن سے یہ اڑتی ہے۔ اس مچھلی کو ایک میل تک مسلسل اُڑتے ہوئے دیکھا گیا ہے۔ ایک قسم سکنگ فش (Sucking Fish) ہے۔ شہسوار مچھلی، اس کی پیٹھ میں گردن سے لے کر دُم تک چھوٹی چھوٹی تشتریاں ڈھانچوں کی بنی ہوتی ہیں یہ جس پتھر یا جانور سے چمٹ جاتی ہے پھر چھڑائے نہیں چھوٹتی۔ پائپ فش (Pipe Fish) اس طرح کی ہوتی ہے کہ اس کے منہ میں ایک طویل نل لگا ہوتا ہے۔ مڈاسکپر (Mud Skippers) درخت پر چڑھنے والی مچھلی کو کہتے ہیں۔ سورڈفش تلوار مارنے والی مچھلی کو کہتے ہیں جس کا اُوپر ذکر آچکا ہے۔ ایک قسم شفاف مچھلی کہی جاتی ہے

جس کا جسم مثل آئینہ کے ہوتا ہے۔

بجلی سے ہلاک کرنے والی مچھلیاں بھی دریافت ہوئی ہیں ان کی تین قسمیں ہیں ۔(۱) ریز (Rays)،(۲) اسکیٹس (Skates)،(۳) ایل (Eel) یہ دراصل دریائی شیر کی ایک قسم ہیں جیسا کہ سابق کے بیان میں گذرا مچھلیوں میں سب سے بڑی مچھلی وہیل (Whale) ہے انگریزی میں اس کے مختلف نام اور مختلف قسمیں دریافت کی گئیں ہیں اسکا کلہ ۲۰ فیٹ کا اور اگر منہ کھول دے تو ایک عمارت اندر سما جائے۔ایک مرتبہ انگلستان میں ایک مردہ وہیل مچھلی کو لا کر نمائش میں رکھا گیا تھا تو اس کے منہ میں ایک سو پچاس سے زیادہ لڑکے کھڑے ہو سکتے تھے۔اس کے دانت نہیں ہوتے، دُم کے طمانچہ سے جہازوں کو غرق کرتی ہے، بجائے دانتوں کے منہ میں ہڈیوں کا ایک جال ہوتا ہے اور وہ اس طرح کا ہوتا ہے کہ جب چھوٹے جانوروں کو منہ میں لے کر بند کرتی ہے تو وہ ایک کٹھرے میں اسیر ہو جاتے ہیں پانی سلاخوں سے نکل جاتا ہے اور جانوروں کو نگل جاتی ہے اس کا حلق بہت چھوٹا ہوتا ہے۔(عجائبات قدرت)

قوم صالح مچھلی کی پرستش کرتی تھی قصہ اس کا حیات القلوب میں درج ہے طول کے خوف میں نظر انداز کیا۔قرآن مجید میں کئی موقعوں پر حوت کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔

بنی اسرائیل کو مچھلی کے شکار کی ممانعت:

سورۂ اعراف میں ہے:

وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِيْهِمْ ۚ كَذٰلِكَ ۚ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ○ (سورہ اعراف: ۱۶۳)

اے رسول اُس گاؤں کا حال تو پوچھئے جو دریا کنارے تھا جب وہ لوگ ہفتہ کے دن زیادتی کرنے لگے جب اُن کا عبادت کرنے والا دن ہفتہ ہوتا تھا تو مچھلیاں اُن کے پاس نہ پھٹکتیں اور چونکہ وہ بد خلق تھے اس لیے ہم اُن کی آزمائش کرتے تھے۔

بنی اسرائیل کے اس فرقہ کو ہفتہ کے دن شکار کی ممانعت ہوتی تھی اور لطف یہ تھا کہ ممانعت ہی کے دن مچھلیاں دریا میں زیادہ نظر آتی تھیں مچھلیوں کو دیکھ کر لالچ دامن گیر ہوئی اور حیلہ بازی سے شکار کرنے شروع کیا خدا نے ان کو مسخ کردیا یہ مفصل قصہ انشاء اللہ قرد کی لغت میں پیش ہوگا۔

جناب یوشع علیہ السلام کی مچھلی:

جناب موسیٰ کلیم اللہ کو جب حکم ہوا کہ سفر کریں اور دریائے روم و فارس کے ملنے کی جگہ ہمارے ایک بندہ (حضرت خضرؑ) سے ملاقات کریں اور اُس سے کچھ علم سیکھیں، اُس زمانہ کا سخت ترین سفر اور ایک گوشہ نشین شخص کو تلاش کرنا معمولی بات نہ تھی خدا نے پتا ہی بتا دیا کہ جس جگہ تمہارے ناشتہ کی بھنی ہوئی مچھلی زندہ ہو کر پانی میں چلی جائے وہی منزل مقصود ہے۔ حضرت موسیٰ نے اپنے وصی یوشع کو ہمراہ لیا اور خندہ پیشانی کے ساتھ منزلوں کی صعوبت جھیلتے ہوئے مرکز تک پہنچ گئے کوئی بتانے والا نہ تھا جو کہتا کہ منزل یہ ہے دشوار گذار راستوں کی زحمت سے تھک گئے اور دریا کا شفاف پانی دیکھ کر ایک قریبی پتھر پر بیٹھ کے ہاتھ منہ دھویا پانی کی چھینٹیں مچھلی تک جو پہنچیں زندہ ہو کر دریا میں چلی گئی۔

قرآن مجید میں اس کی طرف اشارہ ہے:

فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا

(سورہ الکہف:۶۱)

جب دونوں مجمع البحرین کی جگہ پہنچے تو مچھلی چھوٹ گئی اور اُس نے دریا میں راستہ بنا کر اپنی راہ لی موسیٰ کچھ دیر آرام کرنے کے بعد آگے بڑھے کھانے کا وقت آیا تو بھائی سے ناشتہ مانگا یوشع نے واقعہ بیان کر دیا اب سمجھے کہ آب حیات کا چشمہ وہی تھا اور خضرؑ کی منزل گذر گئی۔

ابو حامد اندلسی کہتا ہے کہ بحرین کے شہر سبتہ میں اس مچھلی کی نسل اب تک موجود ہے اور عرب حوت صرف اس مچھلی کو کہتے ہیں۔ سیاح مذکور کا یہ بھی بیان ہے کہ موسیٰ و یوشع نے ۱/۲ مچھلی کھائی تھی اور ۱/۲ باقی تھی خدا نے باقی ماندہ کو زندہ کر دیا اب تک اس کی نسل اُسی شکل و شمائل کی ہے یعنی صرف ایک آنکھ اور نصف سر موجود ہے معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے آدھی مچھلی کھائی ہے۔ یہ مچھلی ایک ہاتھ کی لانبی اور ایک بالشت کی چوڑی ہے ایک طرف اس کے کانٹے اور ہڈیاں ہیں اُس پر باریک کھال ہے جو جسم کی محافظ ہے لوگ اس کو مبارک سمجھ کر تحفہ میں رئیسوں کے پاس لے جاتے ہیں، یہودی اس مچھلی کو نہیں کھاتے، ہندوستان میں عام طور پر جو رواج ہے کہ ناشتہ میں مسافر کے ساتھ مچھلی کر دی جاتی ہے ممکن ہے یہ اُسی یادگار کا اثر ہو۔

جناب یونس علیہ السلام کی مچھلی:

جناب یونسؑ کا مچھلی کے پیٹ میں جانا وہ اہم واقعہ ہے جو صفحہ تاریخ سے کبھی محو نہ ہوگا۔ قرآن مجید نے کئی موقعوں پر اُس کی حکایت کی ہے اور اُس مچھلی کا ذکر کیا ہے جس نے یونسؑ کو حکم خدا سے نگلا۔

واقعہ یہ تھا کہ آپ اپنی قوم پر غضبناک ہو کر دریا کی طرف چلے ایک کشتی نظر آئی اُس پر بیٹھ گئے، تھوڑا راستہ طے کیا تھا کہ ناؤ طوفان میں پھنس گئی اُدھر کشتی اضطراب میں اور اُدھر مچھلیاں موجوں کے تھپیڑوں میں منتشر، دُعا میں ہے:

ظَهَرَتْ حِيتَانُهُ يُنَادِيكَ بِاخْتِلَافِ لُغَاتِهَا اِلٰهَنَا وَسَيِّدَنَا مَا الَّذِي نَزَلَ بِنَا وَ مَا الَّذِي حَلَّ بِبَحْرِنَا.

مچھلیاں چادر آب تک آگئیں اور اپنی اپنی بولیوں میں جو ایک دوسرے سے جدا جدا تھیں عرض کرنے لگیں، اے معبود اور سردار ہمارے سر پر کون سی مصیبت نازل ہوئی ہے اور ہمارے دریا میں کون اُتر آیا ہے۔

فَقُلْتَ لَهَا اسْكُنِي سَاُسْكِنُكِ وَلِيًّا وَاُجَاوِرُكِ عَبْدًا زَكِيًّا.

(اے معبود) تو نے فرمایا ساکن ہو جاؤ میں عنقریب تم میں اپنے ولی کو ٹھہراتا ہوں اور تمہارے ہمسایہ میں اپنے پاک بندہ کو لاتا ہوں، موجوں کے اضطراب کو دیکھ کر ملاح نے کہا کوئی غلام آقا سے بھاگ کر جاتا ہے اسی وجہ سے کشتی گرداب میں پھنسی ہے۔ کشتی عموماً ایسے موقع پر آفت میں پھنس جاتی ہے، قرعہ ڈالا گیا تو حضرت یونسؑ کے نام نکلا تین مرتبہ جب ایسا ہوا اور اہل کشتی نے سمجھ لیا کہ یونسؑ کی ذات سے بیڑہ ڈوب رہا ہے اُس وقت یونسؑ نے اپنے تئیں دریا میں ڈال دیا، ایک مچھلی منہ کھولے کھڑی تھی اُس نے نگل لیا اُدھر خدا نے وحی کی:

اِنِّي لَمْ اَجْعَلْ عَبْدِيْ رِزْقًا لَّكَ وَلٰكِنِّي جَعَلْتُ بَطْنَكَ لَهُ مَسْجِدًا فَلَا تَكْسِرَنَّ لَهُ عَظْمًا وَّلَا تَخْدِشَنَّ لَهُ جِلْدًا.

میں نے اپنے بندہ کو تیری روزی بنا کر نہیں بھیجا ہے بلکہ تیرے شکم کو اُن کی مسجد قرار دیا ہے یونسؑ کے استخوان جسم نہ ٹوٹیں، جلد پر خراش نہ آئے۔

ابو اسحاق ثعلبی نے اس مقام پر کہا ہے:

وابتلع الحوت حوت آخر فأهوى به إلى سكنه في البحر فالتقمه حوت آخر.

جب یونسؑ مچھلی کے پیٹ میں پہنچ گئے تو ایک دوسری مچھلی نے اُس مچھلی کو نگل لیا اور قصر دریا میں اپنی جگہ پر لے چلی کہ تیسری مچھلی سدراہ ہوئی اور اُس نے اس کو بھی نگل لیا یہ ہیں تین تاریکیاں جن میں یونسؑ فروکش ہیں۔

يُقَالُ اِنَّ اللّٰهَ رَقَّقَ لَهُ جِلْدَ الْحُوْتِ حَتّٰى كَانَ يَرٰى جَمِيْعَ مَا فِي الْبَحْرِ.

بعض واقعہ نگار یہ بھی کہتے ہیں کہ خدائے قادر و توانا نے مچھلی کی جلد کو ایک آئینہ بنا دیا تھا جس سے وہ دریائی مخلوق کو دیکھ رہے تھے۔ قرآن مجید میں اس واقعہ کی اس طرح حکایت کی گئی ہے:

وَاِنَّ یُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ. اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ. فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِیْنَ. فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِیْمٌ (سورہ الصافات: ۱۳۹ تا ۱۴۲)

اس میں شک نہیں کہ یونس پیامبروں میں سے تھے (وہ وقت یاد کرو) جب وہ بھاگ کر ایک بھری ہوئی کشتی کے قریب پہنچے تو (اہل کشتی نے) قرعہ ڈالا تو (انہیں کا نام نکلا اور) یونس نے زک اٹھائی (اور دریا میں گر پڑے) تو اُن کو ایک مچھلی نگل گئی اور یونس خود اپنی ملامت کر رہے تھے۔

فَلَوْلَاۤ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِیْنَ. لَلَبِثَ فِیْ بَطْنِهٖۤ اِلٰى یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ

(سورہ الصافات: ۱۴۳، ۱۴۴)

پھر اگر وہ خدا کی تسبیح نہ کرتے تو قیامت تک مچھلی ہی کے پیٹ میں رہتے۔

اس تسبیح کو دوسری آیت میں بتایا ہے:

فَنَادٰى فِی الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ. فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۔ (پ ۱۷، ع ۶)

پس یونس گھٹا ٹوپ اندھیرے میں پکارے (پروردگار) تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک و پاکیزہ ہے میں ہی قصوروار ہوں تو ہم نے اُن کی دُعا قبول کی اور انہیں رنج سے نجات دی۔

مفسرین میں اختلاف ہے کہ مچھلی کے پیٹ میں آپ کتنے دن رہے۔ مقاتل بن حیان کا قول تین دن ہے اور عطاء سات دن اور ضحاک ۲۰ دن اور سدی و کلبی و مقاتل بن سلیمان ۴۰ دن بتاتے ہیں۔

فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِیْمٌ. وَاَنْۢبَتْنَا عَلَیْهِ شَجَرَةً مِّنْ یَّقْطِیْنٍ

(سورہ الصافات: ۱۴۵، ۱۴۶)

پھر ہم نے اُن کو مچھلی کے پیٹ سے نکال کر ایک کھلے میدان میں ڈال دیا وہ بیمار نڈھال ہو گئے تھے اور ہم نے اُن پر سایہ کے لیے کدو کا درخت اُگا یا مچھلی کے پیٹ میں رہنے سے حضرت یونس کا لقب ''ذوالنون'' قرار پایا:

وَمِنْ ثُمَّ قَالَ بَعْضُ الْعَارِفِیْنَ وَیَكْفِی الْحُوْتَ شَرَفًا اَنْ كَانَ وِعَاءً وَمَسْكَنًا لِنَبِیِّهٖ یُوْنُسَ بْنِ مَتّٰی.

یہی جگہ وہ ہے کہ بعض عارفین نے کہا ہے مچھلی کے لیے یہ شرف کافی ہے کہ وہ نبی خدا کا مسکن اور

قیام گاہ رہی۔

جناب امیر المومنینؑ یہودی کے جواب میں کہا:

اَمَّا الْقَبْرُ الَّذِیْ سَارَ بِصَاحِبِهٖ فَالْحُوْتُ سَارَ بِیُوْنُسَ فِیْ بَطْنِهٖ الْبِحَارَ السَّبْعَةَ (خصال)

وہ قبر جس نے اپنے مکین کے ساتھ سیر کی وہ مچھلی ہے جس نے یونسؑ کو لیے ہوئے دنیا کے سات بڑے دریاؤں کا چکر لگایا۔

امام زین العابدین علیہ السلام نے اس مچھلی سے باتیں کی ہیں اور یہ منظر اپنے دور میں عبداللہ بن عمر کو بچشم خود دکھایا ہے:

رَأْسُهٗ مِثْلُ الْجَبَلِ الْعَظِیْمِ۔

سر اس کا مثل کوہ بزرگ کے ہے۔

یَمْکُثُ یُوْنُسُ فِیْ بَطْنِهٖ اَرْبَعِیْنَ صَبَاحًا یَطُوْفُ فِی الْبِحَارِ فِیْ ظُلُمَاتٍ ثَلَاثٍ۔

یونسؑ اس کے شکم میں ۴۰ روز ٹھہرے وہ تھری تاریکیوں میں دریاؤں کا طواف کرتی رہی۔

تنبیہ:

یہ حدیث تفسیر نور الثقلین اور مدینۃ المعاجز وغیرہ میں موجود ہے اس کو دیکھ کر یہ شبہ نہ کرنا چاہئے کہ جناب یونسؑ کے عہد سے زمانہ امام چہارم تک یہ مچھلی زندہ کیوں کر رہی ممکن ہے کہ جب وہ اس قدر قوی الجثہ ہے تو عمر بھی غیر معمولی ہو یا پھر اس کو مردہ مان لیا جائے اور آپؑ کے ندا دینے کی وجہ سے خدا نے زندہ کر کے دوبارہ خلعت حیات پہنایا ہو جیسے آنحضرتؐ کی دعا سے مردے زندہ ہوا کرتے تھے بہر حال حدیث میں استبعاد عقلی کو گنجائش نہیں ہے۔

مچھلیوں کو روٹیاں توڑ کر دینا سنت انبیاء ہے۔ جناب عیسیٰ بن مریم اپنے ہاتھ سے پارہ نان مچھلیوں کو دیتے تھے۔ (اوراد المومنین، ص ۱۱۹)

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت سے کفار قریش میں عداوت کی لہر دوڑ گئی تھی اور یوں تو دشمنوں کی تعداد سیکڑوں سے تجاوز تھی مگر پانچ شخص سخت ترین عداوت پر آمادہ رہتے تھے۔ ولید بن مغیرہ مخزومی، عاص بن وائل سہمی، اسود بن عبد یغوث زہری، اسود بن مطلب، اسود بن طلاطل ثقفی۔ جناب باری نے وعدہ کیا: اِنَّا کَفَیْنٰکَ الْمُسْتَهْزِئِیْنَ

اور یہ پانچوں شخص باری باری اچانک حادثوں سے ہلاک ہوئے ان میں اسود بن حرث کا واقعہ یہ تھا۔

اَكَلَ حُوتاً مَالِحاً فَاَصَابَهُ غَلَبَةُ الْعَطَشِ فَلَمْ يَزَلْ يَشْرَبُ الْمَاءَ حَتّٰى انْشَقَّ بَطْنُهُ فَمَاتَ وَهُوَ يَقُولُ قَتَلَنِي رَبُّ مُحَمَّدٍ.

اس نے نمکین مچھلی کھائی اور پیاس بھڑک اُٹھی پانی پیتے پیتے پیٹ پھٹ گیا اور یہ کہتے کہتے ہلاک ہو گیا کہ مجھے محمدؐ کے خدا نے قتل کر ڈالا۔ (خصال)

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جب امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام صفین سے واپس ہو رہے تھے تو فرات کے کنارے ٹھہر گئے اور ایک سبز رنگ کی چھڑی چادر آب پر لگائی فوراً بارہ چشمہ جاری ہو گئے اور کچھ آہستہ سے فرمایا جو حاضرین کی سمجھ میں نہ آیا (اس کا اثر یہ ہوا کہ) مچھلیوں نے اپنے سر بلند کر کے تکبیر و تہلیل شروع کی اور کہا ہمارا اسلام ہو آپؑ پر اے حجت خدا اُس کی زمین میں اور خدا کی چشم قدرت اُس کے بندوں میں (افسوس ہے کہ) آپؑ کو لوگوں نے چھوڑ دیا جس طرح ہارونؑ کو اُن کی قوم نے چھوڑ دیا تھا، اصحاب سے فرمایا کہ تم نے سنا، عرض کیا کہ یہ نشانی ہے (آپ کی حقیقت کی)۔

علم دین فضائل میں ہے:

وَاِنَّهُ يَسْتَغْفِرُ لِطَالِبِ الْعِلْمِ مَنْ فِي السَّمَاءِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ حَتَّى الْحُوتِ فِي الْبَحْرِ.

طالب علم کے لیے جو کچھ کہ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمینوں میں ہے استغفار کرتے ہیں یہاں تک کہ دریا میں مچھلیاں بھی طلب مغفرت کرتی ہیں۔

سمندر کا سفر کرنے والوں نے دیکھا ہے کہ چاند جب ایک خاص منزل پر پہنچتا ہے تو سمندر کی بعض مچھلیاں سطح آب پر آ کر رقص کرنے لگتی ہیں۔ مسٹر ہیلی ٹیلر مچھلیوں کو لڑنا سکھاتے ہیں، یورپ میں مچھلیوں کی لڑائی دیکھنے والوں کی تعداد روز بروز زیادہ ہو رہی ہے (رضا کار لاہور ۹ ۱۹۳۹ء۔۱۔۱۶)

تعبیر:

اگر مچھلی خواب میں دیکھے تو عورت سے ملاقات ہو اور بڑی مچھلی دیکھے تو مال کثرت سے ملے، بہت چھوٹی مچھلیاں دیکھنے سے پریشانی لاحق ہوتی ہے، اگر شکم ماہی سے موتی نکلتے دیکھے تو دولت ہاتھ آئے مرتبہ بلند ہو۔

خواص: طب الائمہ میں ہے کہ مچھلی کھانا مریض چشم کے لیے مضر ہے۔

الحکم:

جو مچھلیاں چھلکا نہیں رکھتی وہ حرام ہے اور فلس دار حلال ہیں اگر کافر کے ہاتھ سے زندہ مچھلی حاصل کی جائے تو حلال ہے ورنہ کھانا اُس کا درست نہیں۔ پس بڑی مچھلیوں میں رہو، ماثور، موہ، مہاشیر، پٹرا، کونج حلال ہے۔

فائدہ:

پٹرا ایک چوڑی مچھلی ہے جو چاندی کی طرح چمکتی ہے ہنگیٔ سینگی کے علاوہ ایک چھلکے دار مچھلی ہے جو انسانوں کو اپنے کانٹے سے اذیت دیتی ہے۔ چھوٹی مچھلیوں میں گرئی جھری، لال سبز مچھلیاں چھلکے دار حلال ہیں، سیگی اور بلگرا، بلوہ، پڑہن جس کو دیہات میں پچی کہتے ہیں اور جن کے چھلکا نہو وہ حلال نہیں ہے۔ فاضل مورانوی مولوی سید آل حسن صاحب صدر الافاضل حرسہ اللہ وابقاہ کی تحقیق ہے کہ جھینگا حلال نہیں ہے موصوف کو اس کے مچھلی ہونے میں عذر ہے چونکہ بخلاف دیگر مچھلیوں کے اس کے پیر ہوتے ہیں لہٰذا مجتہد سے رجوع کرنا چاہئے۔ دیگر حلال وحرام مچھلیوں کا ذکر سمک کی لغت میں آئے گا۔

ادبیات:

۱۔ مسافر کے گھر سے نکلنے کے موقع پر "دہی مچھلی" کہتے ہیں اور اس کو نیک شگون سمجھا جاتا ہے۔

۲۔ بدچلن انسان کے بارے میں کہتے ہیں "ایک مچھلی سارے تالاب کو گندہ کرتی ہے"

۳۔ کسی صاحب کمال گھرانے کے بچے جب غیر معمولی ترقی کرتے ہیں تو کہتے ہیں "مچھلی کے بچہ کو پیرنا کون سکھاتا ہے"

۴۔ مصیبت زدہ یا مریض کے کرب واضطراب کے اظہار میں کہتے ہیں "وہ مچھلی کی طرح تڑپتا ہے"

۵۔ جسم انسان میں بازوں کے گوشت کو مچھلیاں کہتے ہیں۔ جناب عباسؑ کے میدان جنگ میں آمد کے موقع پر حضرت جاوید لکھنوی کہتے ہیں۔

ان مچھلیوں کا بھی رخ ہے دریا کی طرف

۶۔ دہی مچھلی مرد کے گھر سے برآمد ہونے کے موقع پر عورتیں کہتی ہیں یہ جملہ نیک شگون سمجھا جاتا ہے۔

۷۔ دہی مچھلی کی منگنی ساچق کی ایک رسم ہے۔

برج حوت: آسمان کے بارہ برجوں میں ایک برج ہے جس میں سورج گذشتہ ۱۷ رذی الحجہ ۱۳۰۶ء کو بعد نیمروز داخل ہوا۔

خط ماہی: خوشنویسوں کی ایجاد ہے جو جلی مجوف حروف بنا کر لکھا جاتا ہے اس کی ہر کشش اور دائرہ حتیٰ کے نقطہ میں بھی مچھلی بناتے ہیں یہ صفت نستعلیق سے مخصوص ہے نسخ میں کسی اُستاد نے خط ماہی نہیں لکھا۔

سیر شم ماہی: سفید و سیاہ، تلخ و بدمزہ ایک دوا ہے جس کا مزاج گرم وخشک ہے پھیپھڑے کے لیے مفید ہے۔

ماہی مراتب: شاہی جلوس میں جو جھنڈیاں، نشان آگے آگے رہتے ہیں اُن میں اُس نقرئی چوب کو کہتے ہیں جس پر زرین مچھلی بنی ہوتی ہے۔ میر حسن اپنی مثنوی میں کہتے ہیں ۔

وہ ماہی مراتب وہ سروردان　　وہ نوبت کا دولہا کی جیسے سمان

ماہی تَوا: ایک قسم کا توا ہوتا ہے جس میں کباب تلے جاتے ہیں۔

مچھلی بندر: صوبہ مدراس کے ایک شہر کا نام ہے۔

مچھلی شہر: نواح جونپور میں ایک مقام ہے جہاں مونسؔ مشہور شاعر اور مداح اہل بیت گذرا ہے۔

مچھی بھون: لکھنؤ کی ایک مشہور عمارت کا نام ہے جو غدر ۱۸۵۷ء میں نقب کے ذریعہ سے اُڑا دی گئی۔ بنگالی زبان میں مچھلی کو ''مچھی'' اور مکان کو ''بھون'' کہتے ہیں۔

مچھلی والی بارہ دری: لکھنؤ کی اُس عمارت کا نام ہے جس میں چوک کے موجودہ پولیس اسٹیشن سے پہلے کوتوالی تھی اس کے ستون پر مچھلیاں بنی ہوئی تھیں گول دروازہ کے قریب کچھ حصہ اس عمارت کا اب بھی باقی ہے۔

نوٹ: قدیم زمانہ میں بجائے حروف کے تصویریں مستعمل تھیں ہر حروف کی جگہ ایک خاص شئی کی تصویر بنائی جاتی تھی مصر کے قدیم کتبوں میں اُس کا اثر موجود ہے اُس وقت حرف نون کی جگہ مچھلی کی تصویر بناتے تھے۔

اطلاع: بقیہ حالات مچھلی کے انشاءاللہ سمک کے لغت میں بیان ہوں گے۔

حوہ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
کالا گھوڑا		اسپ کمیت	حوہ

کمیت گھوڑے کو ''حوہ'' کہتے ہیں۔اس کی جمع ''احوی'' ہے۔فخر الدین طریحی علیہ الرحمہ ''حوا'' کی لغت میں لکھتے ہیں کہ حدیث میں ہے: خَیْرُ الْخَیْلِ الحُوُّ۔بہترین گھوڑا کمیت ہے۔

تعبیر: کمیت گھوڑے کو خواب میں دیکھے تو مقاصد میں کامیابی کی بہترین صورتیں سامنے آئیں گی۔

نوٹ: خواص اور حکم اس کا مثل گھوڑے کے ہے جو خیل کے تحت میں گذرا ہے۔

حَوَّا:

ام البشر زوجہ حضرت آدمؑ چونکہ (حی) زندہ کے لیے پیدا کی گئیں اس لیے اُن کو حوا کہتے ہیں۔ حضرت آدمؑ کی پسلی سے جناب حوا کی خلقت اہل سنت کا عقیدہ ہے شیعوں میں کوئی ذمہ دار شخص اس کا قائل نہیں ہے۔جب حضرت آدمؑ جنت سے خارج ہوئے تو حوا کوہ مروہ پر اُتریں اس پہاڑ کو مروہ اسی لیے کہتے ہیں کہ اس پر (مراۃ) عورت ٹھہری تھی۔جناب حوا حضرت آدمؑ کی بہت چہیتی بی بی تھیں آپ کا مہر صرف محمدؐ و آل محمدؐ پر درود قرار پایا تھا۔دنیا میں پہنچ کر آپ نے سب سے پہلے اپنے لباس کا سامان کیا جیسا کہ کبش کی لغت میں ہم بتائیں گے کیا جناب حوا بھی مثل آدمؑ کے معصومہ تھیں یہ ایک تشنہ تحقیق مسئلہ ہے جس پر میری نظر سے کسی محقق کا قول نہیں گذرا۔

دعائے امام جعفر صادق علیہ السلام میں بعض فقرات ایسے پائے جاتے ہیں جس سے عصمت کا ثبوت ملتا ہے، عمل ام داؤد میں ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اُمِّنَا حَوَّاءَ الْمُطَهَّرَةِ مِنَ الرِّجْسِ الْمُصَفَّاةِ مِنَ الدَّنَسِ الْمُفَضَّلَةِ مِنَ الْاِنْسِ الْمُتَرَدِّدَةِ بَيْنَ مَحَالِّ الْقُدُسِ۔ (زاد المعاد، اقبال، بلد الامین وغیرہ)

بار الہا اپنی رحمت نازل کر ہماری ماں حوا پر جو ہر گندگی سے پاک اور ہر میل سے صاف ہیں اور انسانوں میں فضیلت دی گئیں ہیں اور بزم قدس کی راہ رو ہیں۔

حضرت حوا کے شمیم گیسو ہی کا اثر ہے کہ ہندوستان برخلاف دیگر ممالک کے خوشبو کا مرکز ہے۔نسل انسانی اس مخدرہ سے جاری ہوئی۔دنیا چونکہ دار مصائب و آلام ہے اس لیے آپ کو اولاد کے داغ

اُٹھانے کے ساتھ شوہر کی جدائی بھی کرنا پڑی اور ایک برس دن بیوگی میں زندگی بسر کی، آپ کی وفات ایک سال پہلے ۱۰ محرم ۹۳۰ ہبوطی میں حضرت آدمؑ نے انتقال کیا اُس وقت آدمؑ وحوا کی نسل سے ۴۰ ہزار مرد عورتیں موجود تھیں، حوا کی عمر ۹۳۰ سال تھی، پہلوئے آدمؑ میں دفن کی گئیں۔

ادبیات:

اردو میں ھَوّا کسی ڈرونی چیز کو کہتے ہیں اکثر بچوں کو دھمکانے کے وقت کہتے ہیں ھَوّا آتا ہے۔

رووگی تم تو وہ آجائے گا بیٹا پھر ابھی　　　تم جو چپکی ہو رہی ہو آکے حوا پھر گیا

ایک دوسرا شاعر کہتا ہے۔

کیوں لگایا قد آدم آئینہ　　　شکل حوا کی نظر آنے لگی

حیدر

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
حیدر	شیر		باگھ

شجاع و بہادر عربوں نے اپنی روایتی شجاعت سے جانوروں میں بھی شجاع ہی حیوان کو پسند کیا ہے اور اُس کو مختلف ناموں سے یاد کیا ہے۔ شیر کے بکثرت ناموں میں ایک نام حیدر بھی ہے جس سے ارباب سیرت میں جناب علی مرتضیٰ روحی فدا تعبیر کیے جاتے ہیں۔

فاضل دمیری نے حیدر کی لغت میں پرزور تبصرہ کیا ہے کہ حضرت علیؑ کو حیدر کیوں کہتے ہیں، اُن کی تحریر کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ نام آپ کا اگلی کتابوں میں پایا جاتا تھا اس لیے اس نام سے مسمّٰی ہوئے۔ اور ایک قول یہ ہے کہ یہ نام ماں نے باپ کی عدم موجودگی میں نانا کے نام پر رکھ لیا تھا ابوطالبؑ نے آکر علیؑ نام رکھا اور بعض کہتے ہیں کہ بچپن ہی میں یہ نام قرار پا گیا تھا اس لیے کہ حیدر ضخیم شحیم انسان کو کہتے ہیں جو بزرگ شکم ہو اور حضرت علیؑ ان اوصاف سے متصف تھے۔ جنگ خیبر میں مرحب کے مقابل میں حضرت علی مرتضیٰ روحی فدا نے اس مطلب کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَنَا الَّذِیْ سَمَّتْنِیْ اُمِّیْ حَیْدَرَۃً۔

میں وہ مرد میدان ہوں کہ میرا نام میری ماں نے حیدر رکھا ہے۔

انجیل میں ھید رھا، حوز سے ہے۔ محقق طریحی مجمع البحرین میں لکھتے ہیں کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حام بن لاقیس بن ابلیس سے پوچھا کہ تم میری وحی کو کیا سمجھتے ہو؟ عرض کیا ایلیا

پھر کہا اے رسولؐ ان کا اس کے علاوہ ایک نام ہے فرمایا ہاں عرض کیا کتاب انبیاء میں اُن کا نام حیدر ہے اور انجیل میں حید رہے۔ (مجمع البحرین لغت مرحبا)

سر اقبال کہتے ہیں۔

مٹایا قیصر و کسریٰ کے استبداد کو جس نے وہ کیا تھا زور حیدر فقر بوذر صدق سلمانی

تعبیر اور خواص اور حکم:

اسد کے لغت میں گذرا ہے۔

حیزوم:

محقق طریحی رقم طراز ہیں کہ حیزدم جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھوڑے کا نام ہے اور تفسیر میں ہے کہ جب فرعون غرق کیا جانے لگا تو رود نیل کے قدرتی راستہ میں سپاہ فرعون کے گھوڑے قدم نہ رکھتے تھے اُس وقت رب العزت نے جبرئیل کو ایک گھوڑی پر سوار بھیجا ادھر ملک کا رہوار آگے بڑھا اُدھر لشکر کے دوسرے گھوڑے اپنی جگہ سے چلے حتیٰ کہ سارا لشکر رود نیل میں آگیا جبرئیل کے اس گھوڑے کا نام حیزدم تھا۔ حدیث میں ہے اقدم یا حیزدم اے حیزدم آگے بڑھ، اسی گھوڑے کے سموں کی مٹی فراہم کرکے سامری نے گوسالہ بنایا تھا۔

تعبیر: اگر حیزدم کو خواب میں دیکھے تو رجعت میں جناب سرور کائنات صلعم کے ساتھ محشور ہوگا۔

الحیوان

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الحیوان	جانوران	Herds	جانور

لغوی معنی کے لحاظ سے ہر ذی روح کو کہہ سکتے ہیں جو مکلف ہے اُس کا نام انسان ہے اور جو غیر مکلف ہے اُس کو جانور کہتے ہیں۔ انسان زیور عقل اور نطق سے ممتاز ہے اور جانور غیر ذوی العقل سمجھے جاتے ہیں۔ اگرچہ انسان کو حیوان ناطق کہنا صحیح ہے مگر عام طور پر یہ لفظ ہر زبان میں جانور ہی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے حتیٰ کہ جناب امیر المومنین علیہ السلام نہج البلاغہ میں اہل زمانہ کے حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

فَالصُّورَةُ صُورَةُ إِنْسَانٍ وَالْقَلْبُ قَلْبُ حَيَوَانٍ۔

اُن کی آدمی ایسی صورتیں تو ہیں مگر دل بالکل جانوروں کے سے ہیں۔

دیگر

روتے تھے ماتم سرور میں وحوش اور طیور حالت اس درد سے تغیر تھی حیوانوں کی

تعبیر: جانور کو خواب میں دیکھنے سے باعتبار اُن کی قسموں اور حالتوں کے تعبیر دی جاسکتی ہے جس کا ذکر آچکا ہے اور آئندہ اپنے محل پر تفصیل آئے گی۔

چشمہ حیوان:

آب حیات کے چشمہ کو ماء الحیوان کہتے ہیں یہ وہی پانی ہے جو حضرت خضرؑ نے پیا اور آج تک زندہ ہیں۔ حوران جنت کے وصف میں ہے: عُجِنَّ مِنْ مَاءِ الْحَيَوَانِ۔ میرا خمیر آب حیات کے چشمہ سے ہے۔ اس حدیث کو ہم نے اپنی کتاب فوائح الجنان فی تفسیر کلام اللہ المنان میں بیان کیا ہے۔

حیوان فرشتہ:

ایک ملک ہے جو امام کے بطن مادر میں آنے کے چوتھے مہینہ داہنے بازو پر لکھتا ہے:

تَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ. (مدینۃ المعاجز)

الحیہ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الحیہ	مار	Snake	سانپ

زمین پر چلنے والے جانوروں میں سب سے زیادہ خطرناک جانور ہے۔ شیر کی طرح اس کے نام سے بھی آدمی ڈر جاتا ہے۔ ہندوستان کی عورتیں رات کو سانپ کا نام نہیں لیتی، اکثر "زمین والا"، "رسی" کہتی ہیں۔ ہندو راجہ بنسی کہا کرتے ہیں بعض مواقع پر "کالا" کہنے سے بھی سانپ سمجھا جاتا ہے۔

اندھیرے سے اُس جاہ کے وہ تن نظر یوں پڑا جیسے کالے کا مَن

سانپ کی سیکڑوں قسمیں ہیں اور اُن کے رنگ اور زہر بھی مختلف درجہ کے ہیں۔ سانپ خشکی کی طرح پانی میں بھی پایا جاتا ہے اس کو پنھیر کہتے ہیں۔ سانپ کے بچہ کو سنپولیا کہتے ہیں تحقیق جدید یہ ہے کہ بچہ میں زہر نہیں ہوتا۔ سانپ آدمی کا دشمن بھی ہے اور آدمی سے بھاگتا بھی ہے بعض سانپ ایسے ہیں کہ ہرگز نہیں کاٹتے جب تک اُن پر پاؤں نہ پڑے یا اُن کے انڈے بچے کچل جائیں یا اُن کو کوئی

ستائے۔ کالا سانپ بڑا کینہ ور ہوتا ہے آدمی کو نقصان پہنچانے کا موقع ڈھونڈھتا ہے۔ بعض سانپ ایسے ہوتے ہیں جو کم بیش ایک بالشت کے ہوتے ہیں اور اُن کے سر پر سفید خطوط ہوتے ہیں، یہ سانپ جہاں سے گذر جاتا ہے وہاں کی گھانس جل جاتی اور جو آواز سن لیتا ہے مر جاتا ہے۔ ایک سانپ ایسا ہوتا ہے کہ اگر آدمی لکڑی سے مارے تو وہ آدمی فوراً مر جاتا ہے۔ بعض ایسے ہیں جن پر نظر پڑتے ہی دیکھنے والا ہلاک ہو جاتا ہے۔ بعض اتنے بڑے ہوتے ہیں جو ہاتھی کو نگل جاتے ہیں۔

(خریدۃ العجائب، ص ۹۸)

بعض اتنے چھوٹے ہوتے ہیں کہ ناک کے نتھنے میں در آتے ہیں۔ ایک سانپ کا نام طفیہ ہوتا ہے، اس کی پشت پر دو خط ہوتے ہیں یہ بڑا خطرناک ہوتا ہے، مولف نے ایک مرتبہ ایک ایسا سانپ دیکھا جو بالشت بھر سے زیادہ نہ تھا یہ معلوم ہوتا تھا کہ آگ کا شعلہ لہرا رہا ہے ناواقفیت میں ہاتھ قریب لے گیا تو قدرت کی طرف سے حفاظت کا یہ سامان ہوا کہ بے اختیار زبان پر یہ آیت جاری ہوئی:

يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ؕ

آیت پڑھتے ہی سانپ چیخ کر پرواز کر گیا اُس وقت معلوم ہوا کہ یہ کوئی بہت ہی زہریلا سانپ یا ناگن تھی جس کے شر سے قرآنی آیت نے بچایا۔

ماہرین علم حیوان کہتے ہیں کہ اگر سانپ کے زہر نہ ہوتا تو لوگ اس کو رسی بناتے اور اطفال کھیلتے۔ آسٹریلیا میں ایک قسم کا سانپ ہوتا ہے جو ۸ فٹ لمبا ہوتا ہے زردی یا سبزی مائل ہوتا ہے بے حد خوبصورت مگر اس قدر زہریلا کہ ہندوستان کے کالے ناگ سے ۵ حصہ زیادہ۔ (سرفراز ۱/۸/۱۹۳۸)

وہاں سانپ پکڑنا باقاعدہ تجارت میں داخل ہے۔ حبیب احمد سوزان نے اپنی تالیف تریاق سموم میں سانپ کی ۹۷ قسمیں لکھی ہیں لیکن طول کے خوف میں تمام ناموں کا نظر انداز کرتا ہوں، یہ کتاب منشی نول کشور کی مطبع ۱۸۷۸ء میں شائع ہوئی ہے۔ آسٹریلیا میں ایک قسم کا ایسا سانپ بھی ہے جو سوکھی لکڑی کی طرح زمین پر پڑا رہتا ہے اگر اس پر پیر پڑ گیا تو فوراً کاٹ لیتا ہے اور انسان اسی وقت مر جاتا ہے۔

بعض ادعیہ سے واضح ہوتا ہے کہ سانپ کی ۹۹ قسمیں ہیں چنانچہ دعا میں ہے:

مِنْ شَرِّ تِسْعٍ وَتِسْعِيْنَ حَيَّةٍ حَيَّاتِ الْبَرَارِيْ، حَيَّاتِ الْبُحُوْرِ، حَيَّاتِ الزُّرُوْعِ، حَيَّاتِ التُّرَابِ، حَيَّاتِ الْخَرَابِ، حَيَّاتِ الْمَاءِ، حَيَّاتِ السَّمَاءِ۔

(اقتباس الانوار، ص ۱۰۴)

(خدایا) ننانوے سانپوں کے شر سے بچا، ریگستانی جنگلوں کے سانپ، دریائی سانپ، کھیتوں

کے سانپ، مٹی کے اندر رہنے والے سانپ، گھورے پر رینگنے والے سانپ اور پنھیر سانپ اور فضاء میں اُڑنے والے سانپ (سب سے محفوظ رکھ) آخر میں سانپوں کی قسمیں بیان کی ہیں جو افسوس ہے کہ کتاب مذکور کا صحیح نسخہ نہ ملنے سے حل نہیں ہو سکتے، چند قسمیں ملاحظہ ہوں:

بظیر: موضعِ وجع کو شق کر دینے والا، اسود: سیاہ، اقب: باریک شکم، اقثم: جس کے اُوپر کے دانت آگے کی طرف جھکے ہوئے ہیں اور نیچے کے دانتوں پر ٹھیک نہ بیٹھیں، اسود الراس والذنب: سر اور دم کالی، ابو نقط: جس پر نقطہ بنے ہوں۔ آخر میں ایک قسم یہ بھی درج ہے کہ جو سال بھر بیدار رہے اور سال بھر سوتا رہے۔

مولف نے اخبار میں دیکھا تھا کہ کینا جنوبی افریقہ میں ایک مزدور سام رابرس نے کسی سوراخ میں سانپ گھستے ہوئے دیکھا اس نے اسے کھودنا شروع کیا وہ تمام دن کھودتا رہا اور اس سوراخ میں سے ایک ایک کر کے ۱۳۶۰ سانپ برآمد ہوئے اس نے سب کو مار ڈالا۔

حدیث میں ہے کہ سانپ کہتا ہے:

مَا أَشْقَى مَنْ عَصَاكَ يَا رَحْمَانُ۔

اے مہربان خدا کس قدر بدبخت ہے وہ جو تیری نافرمانی کرے۔

ابو الفرج کا قول ہے سانپ کے زہر تین قسم کے ہوتے ہیں ایک قسم وہ ہے جو فوراً ہلاک کر دیتی ہے، دوسری قسم لائق علاج ہے مگر مریض مشکل سے بچتا ہے، تیسری قسم وہ ہے جس کا تدارک آسان ہے اور مریض کو جلد صحت ہو جاتی ہے۔ اہل تحقیق کہتے ہیں کہ زہر سانپ کی زندگی کا سبب ہے جب تک سانپ کے منہ میں زہر رہتا ہے مزاج گرم رکھتا ہے اور جب منہ سے نکلتا ہے تو ماہیت سرد ہو جاتی ہے اور شدت برد سے مریض ہلاک ہو جاتا ہے۔

عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: اُهْبِطَ آدَمُ بِالْهِنْدِ، وَ هَبَطَتْ حَوَّاءُ بِجُدَّةَ، وَهَبَطَتْ اِبْلِيسُ بِدَسْتِ مِيْسَانَ مِنَ الْبَصْرَةِ عَلَى مِيَالٍ وَ هَبَطَتِ الْحَيَّةُ بِاَصْبَهَانَ وَ كَانَ لِلْحَيَّةِ قَوَائِمُ كَقَوَائِمِ الْبَعِيْرِ۔ (سبحۃ المرجان)

آزاد بلگرامی عالم اہل سنت لکھتے ہیں کہ حسن کا قول ہے حضرت آدمؑ جب بہشت سے آئے تو ہندوستان میں اور حواؑ جدہ میں اور ابلیس بصرہ سے چند میل کے فاصلہ پر اور سانپ اصفہان میں اُتارا گیا، سانپ کے اونٹ کی طرح پاؤں تھے۔

حضرت آدمؑ کے گندم کھانے کے سلسلہ میں قدرت کی طرف سے سانپ کو یہ سزا دی گئی کہ اُس کو

پیروں سے محروم ہو جانا پڑا اور پیٹ کے بل چلنے پر مجبور ہوا۔ توریت میں ہے کہ:

''خدا بمار گفت بجزای انکہ مرتکب این کار شدہ تو بیشتر از ہمہ بہائم واز ہمہ حیوانات صحرا ملعونی در تمامی عمر بر شکم خواهی رفت وخاک خواهی خورد''۔ (کتاب پیدائش از کتب خمسہ موسیٰ، ص ۵۰)

عرب میں مشہور ہے ''اَعْمَرُ مِنْ حَیَّۃٍ''. فلاں شخص سن و سال میں سانپ سے زیادہ سن رسیدہ ہے۔ یہ مقولہ اس لیے مشہور ہوا کہ سانپ بغیر مارے ہوئے نہیں مرتا۔ (روض الاخیار)

قزوینی نے عجائب المخلوقات میں لکھا ہے کہ اگر نرکل سے ایک مرتبہ سانپ کو ماریں تو وہ حرکت نہیں کر سکتا اور دوسری دفعہ نرکل سے مارنے پر پھر چلنے لگتا ہے۔

احادیث میں سانپ مارنے کے بارے میں مختلف احادیث ہیں:

اَنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الشَّجَاعَۃَ وَلَوْبِقَتْلِ حَیَّۃٍ.

خدا شجاعت و بہادری کو دوست رکھتا ہے اگرچہ سانپ کے مارنے کی وجہ سے بھی کیوں نہ ہو۔

احادیث میں ہے کہ سانپ کی ایک قسم جن ہیں:

عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ: اَلْجِنُّ عَلٰی ثَلَاثَۃِ اَجْزَاءٍ فَجُزْءٌ مَعَ الْمَلَائِکَۃِ (۱) وَ جُزْءٌ یَطِیْرُوْنَ فِی الْھَوَاءِ وَجُزْءٌ کِلَابٌ وَحَیَّاتٌ. (خصال جلد اول، ص ۷۴)

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جنوں کی تین قسمیں ہیں ایک فرشتوں کے دوش بدوش مصروف عبادت ہیں اور ایک فضاء میں پرواز کرتے ہیں اور تیسری قسم سانپ اور کتے کی شکل میں ہیں۔

ہمارے سامنے کوئی معیار نہیں ہے جو ہم شناخت کریں کہ کون سا سانپ جن ہے اور کونسا حیوان ہے اس لیے اس موقع پر بڑی احتیاط کی ضرورت ہے اور جو احادیث اس محل پر وارد ہوئی ہیں اُن میں بھی غالباً یہ خطرہ ملحوظ رکھا گیا ہے۔ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے سانپ مارنے کی بابت استفسار کیا آپ نے فرمایا جناب رسالت مآبؐ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سانپ کو اس سبب سے نہ مارے کہ مارنا اُس کا گناہ ہے وہ میری امت سے نہیں لیکن اگر اس لیے قتل نہ کرے کہ ایک حیوان ہے اور اس نے ایذا نہیں پہنچائی تو کوئی مضائقہ نہیں۔ فقیہ عراق شیخ زین العابدین مازندرانی طاب ثراہ نے جواب استفسار میں

۱: اس حدیث کا سب سے بڑا افادی پہلو یہ ہے کہ جب یہ معلوم ہوا کہ جن فرشتوں کے دوش بدوش ہیں تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ فطرس اور دردائیل کی خطا کاریاں جن میں علماء تاویلیں کرتے ہیں ایک ملک کی کارگذاری سمجھے جائیں توی احتمال یہ ہے کہ یہ فرشتے نہ تھے بلکہ جن تھے جن سے خطا کا سرزد ہونا ممکن ہے اور جس طرح سجدہ آدمؑ کے حکم میں خدا نے شیطان کو زمرہ ملائکہ میں شامل کیا تھا اُسی طرح احادیث نے بھی ان کو کثرت عبادت سے مجازاً ملک کہا ہے اس کے بعد عصمت ملائکہ اپنی جگہ ثابت رہتی ہے اور اس پر کوئی معترض اثر نہیں پڑتا۔

اس مسئلہ پر کسی قدر تبصرہ کیا ہے:

س: در کتاب مجمع البحرین و مطبع ایران مذکور است کہ فی الحدیث "نَهَى عَنْ قَتْلِ عَوَامِرِ الْبُيُوتِ اَلْعَوَامِرُ اَلْحَيَاتُ الَّتِي تَكُونُ فِي الْبُيُوتِ، وَاحِدُهَا عَامِرٌ وَ عَامِرَةٌ. سُمِّيَتْ بِهِ لِطُولِ أَعْمَارِهَا." پس ازاین حدیث عدم جواز قتل مارہائے خانگی معلوم می شود این حدیث نزد ان قبلہ صحیح و قابل اعتبار ہست یا نہ و بفرمایند کہ از کدام امام ماثور است و عوامر مطلق مار خانگی یا آنکہ حیہ خاصہ مراد است۔

ج: بسم اللہ و لہ الحمد انچہ در خاطری آید انیست کہ این حدیث از نواھی نبوی است و در من لا یحضرہ الفقیہ ذکر کردہ و این حدیث در کتاب حلیۃ المتقین در خاتمہ اش گفتہ و نقل از معصوم نہ کردہ پس گفتہ کہ در حدیث است۔ (ذخیرۃ المعاد، ص ۸۳۳)

احادیث ائمہ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جس سال نوروز دوشنبہ یا ہفتہ کو ہوتا ہے اُس سال سانپ کثرت سے پیدا ہوتے ہیں۔ سانپ مارنے والے کو ہمیشہ یہ چاہئے کہ اُس کے بائیں طرف سے حملہ کرے کیونکہ سانپ داہنی طرف جلد پلٹ آتا ہے اور بائیں سمت پلٹنے میں دیر لگتی ہے۔

ملک العلماء قاضی شہاب الدین دولت آبادی کہتے ہیں کہ کعبہ میں دو سانپ رہا کرتے تھے جن کو معیار الولد کہتے تھے جو بچہ مکہ میں پیدا ہوتا تھا تیسرے دن اُس کو کعبہ میں لاتے تھے اور رکھ دیتے تھے سانپ دیواروں سے ظاہر ہو کر بچہ کو سونگھتا تھا اگر بچہ حلالی ہوتا تو چلا جاتا اور اگر حرامی ہوتا تو وہ پھنکار مارتا جس سے وہ بچہ غش کھا جاتا لوگ سمجھ جاتے کہ حرامی ہے۔ جب شاہ ولایت علی کرم اللہ وجہہ کعبہ میں پیدا ہوئے تو روایت ہے کہ دونوں سانپ نیچے اُترے اور سونگھنا چاہتے تھے کہ شاہ ولایت نے دونوں کو چیر ڈالا اور ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے اس واقعہ کو تمام و کمال ہم نے اپنے رسالے علی و کعبہ میں لکھا ہے۔

جناب علی مرتضیٰ شیر خدا کی طفلیت کا دوسرا واقعہ بھی بہت مشہور ہے جب آپ گہوارے میں تھے اُس وقت ایک سانپ آپ کی طرف چلا ماں نے ہاتھ قماط میں باندھ دیئے تھے اپنا داہنا ہاتھ نکال کر اُس کا گلا گھونٹ دیا اُنگلیاں گوشت میں اُتر آئیں اور سانپ مر گیا جب ماں نے دیکھا تو چیخ اُٹھیں اور حیدر نام رکھا اس طاقت کو دیکھنے کے لیے سرداران قریش جمع ہو گئے۔

جناب امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ نے سلمان فارسی کو اپنے مکتوب گرامی میں تحریر فرمایا ہے:

فَإِنَّمَا مَثَلُ الدُّنْيَا مَثَلُ الْحَيَّةِ لَيِّنٌ مَسُّهَا قَاتِلٌ سَمُّهَا فَأَعْرِضْ عَمَّا يُعْجِبُكَ

فِيهَا. (نہج البلاغہ، ص ۱۲۱)

دنیا کی مثال سانپ کی ایسی ہے کہ چھونے میں تو ملائم ہے لیکن زہر اُس کا جان لیوا ہے پس اُس میں کی جو چیزیں تجھے تعجب میں ڈالیں اُن کی سمت سے منہ پھیر لے۔

عرب پانی کی چمک کو شکم مار سے تشبیہ دیتے ہیں چنانچہ روز عاشور یزیدی فوج کے بہیمیت نواز ظلم شعار نام نہاد انسان فرزند رسول امام حسینؑ سے کہتے تھے:

اَمَا تَرَوْنَ اِلٰی مَاءِ الْفُرَاتِ يَلُوحُ كَاَنَّهُ بُطُونُ الْحَيَّاتِ.

(امالی، صدوق، طبع ایران، ص ۸۲)

اے حسینؑ دیکھ رہے ہو کہ فرات کا پانی شکم مار کی طرح چمک رہا ہے۔

جب ابن زیاد حاکم کوفہ کا سر کاٹ کر مختار کے سامنے پیش کیا گیا تو ایک باریک سانپ قاتلان حسینؑ کے سروں سے گذرتا ہوا ابن زیاد کے منہ میں داخل ہوا اور سوراخ بینی سے نکلا پھر نتھنے سے داخل ہوا اور منہ سے باہر آیا اسی طرح نکلتا اور داخل ہوتا رہا حاضرین نے اعتراف کیا کہ خدا کی طرف سے یہ ایک عذاب ہے۔

(نور العین فی مشہد الحسین، قاضی صبغۃ اللہ و تحریر الشہادتین و تاریخ کامل ابن اثیر)

امام زین العابدینؑ ذکر جہنم میں فرماتے ہیں:

اَعُوذُ بِكَ مِنْ حَيَّاتِهَا الصَّالِقَةِ بِاَنْيَابِهَا.

میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اُن سانپوں سے جو پھن اپنے دانتوں سے کاٹتے ہیں۔

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جہنم میں مثل گندگی گردن شتر کے سانپ ہیں اگر ایک سانپ کسی شخص کو کاٹتا ہے تو ۴۰ سال درد اُس کا باقی رہتا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ پیغمبر خدا سے (قُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ) کے معنی پوچھے، فرمایا: فلق جہنم میں ایک راستہ ہے اُس میں ستر ہزار گھر ہیں اور ہر گھر میں ستر ہزار حجرے ہیں اور ہر حجرہ میں ستر ہزار کالے ناگ ہیں اور ہر ناگ کے پیٹ میں ستر ہزار زہر کے سبو ہیں سب اہل جہنم کو اس درہ سے گذرنا ہوتا ہے۔

دوسری حدیث میں ہے کہ غساق جہنم میں ایک صحرا ہے اُس میں ۳۳۰ قصر ہیں ہر عمارت میں ۳۳۰ گھر ہیں ہر گھر میں ۴۰ گوشے ہیں ہر گوشے میں ایک سانپ ہے جس کے پیٹ میں ۳۰۰ بچھو ہیں اور ہر بچھو کے ڈنک میں ۳۳۰ زہر کے سبو ہیں اگر اُن بچھوؤں میں سے ایک بچھو اپنا تمام زہر اہل

جہنم پر ڈال دے تو سب مر جائیں۔

علاج:

سانپ کے کاٹے ہوئے مریض کو نشہ سا معلوم ہوتا ہے اور نیند آنے لگتی ہے، ٹانگوں میں کمزوری محسوس ہوتی ہے، کبھی کبھی جی متلاتا ہے اور قے ہوتی ہے، بولنے اور نگلنے کی طاقت جاتی رہتی ہے اور آہستہ آہستہ سانس بند ہو جاتی ہے۔ بعض سانپوں کے کاٹنے سے یکبارگی بیہوشی آجاتی ہے، بدن ٹھنڈا پڑ جاتا ہے، پسینہ چھوٹنے لگتا ہے، نبض کمزور ہو جاتی ہے اور اکثر منہ اور پاخانے سے خون جاری ہو جاتا ہے۔ جس جگہ سانپ زیادہ ہوں اُن سے محفوظ رہنے کی مندرجہ ذیل تدبیریں عمل میں لانی چاہئیں۔

۱۔ چارپائی پر سونا چاہئے، رات کے وقت چارپائی پر سے اُترنے سے پہلے ہمیشہ روشنی میں دیکھ لینا چاہئے کہ زمین صاف ہے۔

۲۔ برسات میں رات کے وقت ننگے پیروں یا روشنی کے بغیر باہر نہ جاؤ۔

۳۔ اپنے مکان کے پاس گھانس پھونس اور جھاڑیاں نہ پیدا ہونے دو سانپ اکثر انہیں میں رہتے ہیں۔

۴۔ اگر ممکن ہو تو اپنے مکان کے چاروں طرف گز بھر تک کنکریاں یا روڑا بچھا دو سانپ ناہموار زمین پر سے نہیں گذرتا۔

۵۔ سانپ چوہے اور مینڈک کھاتے ہیں کوشش کرو کہ گھر چوہوں اور مینڈک سے پاک رہے۔

جولائی ۱۹۳۴ء میں ٹائمز آف انڈیا کے ایڈیٹر نے احمد نگر کے سول سرجن کی رپوٹ شائع کی تھی جس میں سول سرجن نے لکھا تھا کہ برٹش انڈیا میں ہر روز کم از کم سو جانیں زہریلے سانپوں سے ضائع ہوتی ہیں اور ہندوستان میں جتنے درندے شیر، بھیڑیا، چیتا، گھڑیال جانی نقصان کرتے ہیں اُن سب سے زیادہ خطرناک سانپ ہیں۔

مصباح کفعمی میں ہے کہ جو اول روز اول شب یہ دُعا پڑھے تو اُس شب اور اُس دن بچھو اور سانپ اور چور کے ضرر سے محفوظ رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

عَقَدْتُ زُبَانِيَ الْعَقْرَبِ وَلِسَانَ الْحَيَّةِ وَيَدَ السَّارِقِ بِقَوْلِ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

اور مجربات سے ہے کہ جب سانپ نظر آئے تو سات دفعہ یہ دو آیتیں پڑھ کر دستک دے سانپ

میں طاقت رفتار نہ رہے گی:

أَشَدُّ بَأْسًا وَّأَشَدُّ تَنْكِيلًا إِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا وَّأَكِيدُ كَيْدًا

اور جب منظور ہو کہ سانپ کھل جائے تو اس طرح کہے:

فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا اثر کیلئے کا جاتا رہے گا۔

مار گزیدہ کی دوائیں کثرت سے ہیں چند مجرب تدابیر درج کیے جاتے ہیں:

۱۔ موجودہ اصول علاج تو یہ ہے کہ اگر سانپ کاٹ لے تو زخم سے تین انچ پر رتی یا رومال یا کسی کپڑے کی پٹی خوب کس کر باندھ لو اس طرح کہ خون کا دوران بند ہو جائے پھر زخم کو نشتر یا تیز صاف چاقو سے چیر کر گہرا کر دو اور اُس میں منگنیٹ آف پوٹاس کے ریزے خوب رگڑ کر مل دو۔

۲۔ زخم کو دہکتے ہوئے کوئلے یا سرخ گرم لوہے سے داغ دو، آدھ گھنٹہ کے بعد اگر زہر کا اثر نہ ہو تو پٹی ڈھیلی کر دو، اگر مریض کا جسم ٹھنڈا ہونے لگے تو گرم گرم دودھ پلاؤ نوسادر اور چونا ملا کر سنگھاؤ، چھاتی کے بائیں طرف دل کے اُوپر رائی کا پلاسٹر لگاؤ اور جسم کے گرد گرم پانی کی بوتلیں رکھ کر اُڑھا دو، مریض کی ہوا نہ روکو نہ اُس کو چلاؤ پھراؤ بلکہ آرام سے لیٹا رہنے دو۔

۳۔ میں نے خود تجربہ کیا کہ مور کی دُم کا پر قند سیاہ میں گولی بنا کر کھلانے سے مار گزیدہ جو کانون سے بھرا ہو چکا تھا اور پیشاب بند تھا اچھا ہو گیا تین گولیاں تھوڑے فاصلے سے مریض کو دینا چاہیں اور پرطاؤس کا وہ حصہ ہو جس پر پیسہ بنا ہوتا ہے۔

۴۔ مجھ سے بعض معتبر لوگوں نے بیان کیا ہے کہ چند ہندو ایک لاش جلانے کے لیے جاتے تھے راستہ میں اتفاق سے ایک فقیر نے پوچھا کہ اس کو کیا بیماری ہوئی تھی؟ لوگوں نے کہا کہ سانپ نے کاٹا تھا فقیر نے لاش کو دیکھ کر بتایا کہ یہ زندہ ہے اور تندرست ہو سکتا ہے اگر آملہ سبز دستیاب ہو جائیں، فقیر نے اپنی جھولی سے ایک دوا سفید رنگ چاول کے برابر مریض کے منہ میں دی اور آب آملہ سبز چمچہ سے پلانا شروع کیا۔ ۴/ ا مار پانی پی کر مریض اُٹھ بیٹھا اور پھر اُسی قدر آب آملہ دینے سے بالکل تندرست ہو گیا۔ دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ وہ سفید دوا مور کے پیٹ کا سفید حصہ تھا۔

۵۔ مغز سرخ مرغ موضع وجع پر رکھے تو اثر زہر دور ہو جائے گا۔

نوٹ:

عمل طمانچہ جو سانپ کا بہترین علاج ہے۔ مولف فوائد الانسان نے اپنی کتاب میں لکھا ہے:

شَاءَ الْاِطِّلَاعَ فَلْيَرْجِعْ اِلَيْهِ۔

تعبیر:

سانپ کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ دوست نما دشمن سے نقصان پہنچے، مکروں میں مبتلا ہو۔
اور اگر سانپ کو چھت سے گرتے ہوئے دیکھے تو حاکم کی طرف سے رنج پہنچے۔
سانپ کا گوشت کھانے کی تعبیر یہ ہے کہ دشمن کی دولت پر قبضہ ہو۔
سانپ کو مطیع دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ خزانہ ہاتھ آئے، دولت دنیا سے مالا مال ہو۔
سانپ کو نیولے سے لڑتے دیکھنا جنگ و خصومت سے مظفر ہو۔

خواص:

سانپ کی کیچلی سرکہ میں پکا کر غرغرہ کرنا دانت کے درد کو مفید ہے۔
اگر سانپ والے کے پٹارے میں مولی اور نوشادر دیں تو اُس کے سارے سانپ مر جائیں۔
یورپین ڈاکٹروں کی تحقیق ہے کہ سانپ کا تیل انسانی حسن و خوبصورتی میں چار چاند لگا دیتا ہے اور ادھیڑ آدمیوں میں جوانی کے آثار پیدا ہو جاتے ہیں۔ سانپ میں چونکہ ہر سال کیچلی لینے مردہ کھال گرا دینے کی قوت ہوتی ہے اس لیے اس کے تیل سے چہرے کی جھریاں دور ہو کر آثار شباب طاری ہو جاتے ہیں۔ ولایت کی عورتیں اس تیل کو ۴۲ دن تک ملتی ہیں اس سے اُن کی جوانی قائم رہتی ہے۔
(سرفراز ۸، ۱۹۳۸ء، ۱۔۸)

حکم:

گوشت سانپ کا حرام ہے۔ اگر سانپ کنویں میں گرے تو تین ڈول نکالے۔
قَالَ السَّیِّدُ لَا یَحْکُمُ بِنَجَاسَةِ فَضْلَةِ الْحَیَّةِ لِعَدَمِ الْعِلْمِ بَانَ دمها سائل نعم حکی عن بعض السادة ان و مها سائل و یمکن اختلاف الحیات فی ذلک۔
(عروۃ الوثقیٰ)

سانپ کی بیٹ پر حکم نجاست جاری نہیں ہو سکتا اس لیے کہ یہ معلوم نہیں کہ وہ خون جہندہ رکھتا ہے ممکن ہے سانپ کی بکثرت قسموں میں کسی سانپ میں خون جہندہ ہو اور کسی میں نہ ہو۔

ادبیات:

۱۔ شاعروں نے گیسوئے محبوب کو سانپ سے تشبیہ دی ہے۔ اسد اللہ خان غالبؔ کہتے ہیں۔

کٹے تو شب کہیں، کاٹے تو سانپ کہلاوے
کوئی بتاؤ کہ وہ زلف خم بہ خم کیا ہے

۲۔ کسی چیز پر للچانے کے موقع پر کہتے ہیں "دل پر سانپ لوٹ گیا"

یاد آتی ہیں جب تیری زلفیں　　　اپنی چھاتی پر سانپ لوٹتا ہے

۳۔ کسی شخص کی ناروا حکومت کو دیکھ کر کہتے ہیں "مال پر سانپ بنا بیٹھا ہے"

۴۔ کسی شخس کی غیر معمولی خاموشی کے موقع پر کہتے ہیں "سانپ سونگھ گیا"

۵۔ موقع ہاتھ سے نکل جانے کے موقع پر کہتے ہیں "سانپ چلا گیا لکیر کو پیٹا کرو"

۶۔ کسی ناقابل برداشت خدمت پر مامور ہونے کے موقع پر کہا جاتا ہے "سانپ کی چھچھوندر ہے" وجہ یہ ہے کہ سانپ اگر چھچھوندر نگل جاتا ہے تو مر جاتا ہے اور اگر اُگل دیتا ہے تو اندھا ہو جاتا ہے۔

۷۔ "پیٹ کا سانپ" انسان کی پشت پر اگر رونگٹوں کا ایک پیہم سلسلہ ہو جس سے سانپ کی صورت نظر آئے تو عوام اس کو منحوس سمجھتے ہیں۔

۸۔ تلوار کو شعرا نے ناگن سے تشبیہ دی ہے۔

۹۔ "تیس مار خان" اُس شخص کو کہتے ہیں جو اپنی بہادری کا دعویٰ دار ہو۔

ہزار عاشقوں کا خون کیجئے لیکن　　　کہاں وہ بات جو تھی تیس مار خان کی

۱۰۔ قریبی رشتہ دار سے ضرر پہنچنے کے وقت کہتے ہیں کہ سانپ کو بھی ماموں کہو تو نہیں کاٹتا۔

۱۱۔ آستین میں سانپ پالنا دشمن کو مدد پہنچانے کے وقت کہا جاتا ہے۔ شاعر کہتا ہے۔

دل اپنا دشمنِ جاں ہے اگر خبر ہوتی　　　نہ پالتا میں کبھی آستین میں یہ سانپ

۱۲۔ "آستین کا سانپ" دوست نما دشمن کو کہتے ہیں۔

جان لے لیں گے تیری جتنے ہیں یہ مطلب کے دوست　　　مار ڈالیں گے تجھے یہ آستیں کے سانپ ہیں

۱۳۔ "رسّی کا سانپ بنانا" بے اصل بات کو فروغ دینا۔

۱۴۔ سانپ سب جگہ ٹیڑھا جاتا ہے مگر اپنے بل میں سیدھا جاتا ہے، برا آدمی ہر جگہ اینٹھتا ہے مگر اپنے گھر میں سیدھا ہو جاتا ہے۔

۱۵۔ "سانپ کا کاٹا رسّی سے ڈرتا ہے" جو کسی موقع پر تکلیف اٹھا چکتا ہے وہ خائف رہتا ہے۔

۱۶۔ سانپ کے پاؤں پیٹ میں ہوتے ہیں برے کی برائی کا اظہار دفعتہً نہیں ہوتا۔

۱۷۔ سانپ کی سی کینچلی جھاڑ نا رنگ نکالنا۔

۱۸۔ "سانپ نہیں جو مٹی چاٹ کر رہیں" ہر شخص کچھ نہ کچھ کھاتا ہے۔

ضحاک ماردوش:

مشہور ہے کہ یہ ایک بادشاہ تھا جس کے کاندھوں سے دو سانپ پیدا ہوتے تھے جو اس کا مغز سر کھایا کرتے تھے۔ میرے نزدیک تاریخی لحاظ سے اس کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ ابن دردی مشہور مورخ نے ضحاک کے حال میں اس قدر لکھا ہے کہ: کان علی نبکه

اس کے کاندھوں پر جو ڑیاں تھیں راویوں نے حاشیہ چڑھادیا۔

ناگ پھنی:

ایک کانٹے دار گھانس ہے جس کے پتے سانپ کے پھن سے مشابہ ہوتے ہیں۔

ناگپور:

ہندوستان کا ایک مشہور شہر ہے جہاں سنگترے کے باغ کثرت سے ہیں۔

آتش ؎

دل میں خیالِ گیسوئے مشکیں ہے بد بلا   یہ مرغِ روح کے سے سانپ آشیاں میں ہے

ولہ

یاد آگئی جو رات کو زلف رسائے یار   آنکھوں میں اپنی ہوگیا کالے کا منہ چراغ

(خ)

الخز

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الخز	سگِ آبی		دریائی کتا

خز دریا کا ایک چوپایہ ہے جو کتے سے مشابہ ہوتا ہے۔ دریا میں رہتا ہے اور بیرون آب زندگی بسر نہیں کرسکتا۔ کبھی کبھی چرنے کے لیے خشکی میں نکل آتا ہے۔ اس کے بالوں سے کپڑا بنا جاتا ہے۔

احادیث شیعہ میں اس کا مکرر ذکر ہے۔ معصومؑ نے فرمایا ہے:

إِنَّمَا هِيَ كِلَابُ الْمَاءِ۔   وہ دریائی کتا ہے۔

تعبیر:

اس کو خواب میں دیکھے تو فریب کار دشمن سے ملاقات ہو۔

خواص:

خواص اس کے کتب طب میں میری نظر سے نہیں گذرے۔

الحکم:

گوشت اس کا حرام اور جو کپڑے اس کے بالوں سے بنے جائیں اُن کا پہنا جائز نہیں ہے۔

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَجَّاجِ قَالَ سَأَلَ رَجُلٌ اَبَا عَبْدِ اللهِ علیه السلام عَنْ جُلُودِ الْخَزِّ وَ اَنَا حَاضِرٌ.

فَقَالَ اَبُو عَبْدِ اللهِ علیه السلام لَيْسَ بِهٖ بَأْسٌ فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ جُعِلْتُ فِدَاكَ هِيَ مِنْ بِلَادِي وَ اِنَّمَا هِيَ كِلَابٌ تَخْرُجُ مِنَ الْمَاءِ.

فَقَالَ اَبُو عَبْدِ اللهِ علیه السلام فَاِذَا خَرَجَتْ مِنَ الْمَاءِ تَعِيشُ وَ هِيَ خَارِجٌ فِي الْبَرِّ قَالَ لَا قَالَ لَيْسَ بِهٖ بَأْسٌ.

(مکارم اخلاق، ص ۶۲)

خطاف

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
خطاف	پرستوک		ابابیل، سیانی، کنھیا

خطاف ابابیل کا دوسرا نام ہے۔ عرب اس پرندے کو بہت زیادہ دوست رکھتے ہیں اور مختلف ناموں سے یاد کرتے ہیں۔ خطاف کو شفقت، رحمت کہتے ہیں اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ خداوند عالم نے خانہ کعبہ کو اسی پرندے کی وجہ سے ابرھہ کی فوج سے بچایا اور ابابیل اُن کے لیے ابر رحمت ثابت ہوئی۔ تیسرا نام زائران ہند ہے، اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ ابابیل غیر حدود عرب سے پرواز کرتی ہوئی داخل ہوتی ہے۔ چوتھا نام بہشتی چڑیا ہے، ممکن ہے اس لیے یہ نام رکھا گیا ہو کہ ابابیل زمین پر کم ٹھہرتی ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ خطاف زمین پر پیر کیوں نہیں رکھتی؟

قَالَ لِاَنَّهُ نَاحَ عَلٰى بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَطَافَ حَوْلَهُ اَرْبَعِيْنَ عَامًا يَبْكِيْ عَلَيْهِ وَلَمْ يَزَلْ يَبْكِيْ مَعَ آدَمَ فَمِنْ هُنَاكَ سَكَنَ الْبُيُوْتَ.

فرمایا: ابابیل نے بیت المقدس پر نوحہ کیا اور عمارت کے گرد ۴۰ سال طواف کیا، ابابیلیں اس گھر کی بربادی پر روتی رہیں اور اس گریہ وبکا میں حضرت آدمؑ بھی شریک تھے اُسی وقت سے ابابیل نے گھروں میں سکونت اختیار کی۔

اور مجمع البحرین میں ہے کہ حضرت آدمؑ جب بہشت سے زمین پر آئے، تنہائی سے وحشت ہوتی تھی، خدا نے ابابیلوں کو آبادی میں رہنے کا حکم دیا اُس وقت حضرت آدمؑ اُن سے مانوس ہوئے۔

مستدرک الوسائل میں ہے کہ خطاف تین آیتیں سورہ کہف سے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۝۱ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۝۲ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۝۳

اور تین بنی اسرائیل سے:

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ۝۴۵ وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۚ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ۝۴۶ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝۴۷

اور تین سورہ یٰسٓ سے پڑھتی ہیں۔

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۹ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝۱۱

کعب الاحبار کا قول ہے کہ ابابیل اپنی زبان میں کہتی ہے:

قدموا جنوا تجدوه

اچھائی کی طرف بڑھو تم اُس کو ضرور پاؤ گے۔

احادیث امامیہ میں خطاف کو مارنے کی ممانعت ہے۔ داؤد بن کثیر رقی امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک شخص آپ کے سامنے سے گذرا جس کے ہاتھ میں ابابیل ذبح کی ہوئی تھی حضرت نے دوڑ کر اُس کے ہاتھ سے ابابیل چھین لی اور اُس کو زمین پر رکھ کے تعجب انگیز لہجہ میں فرمایا: تمہارے عالم نے یہ حکم دیا تھا یا فقیہ نے؟ مجھ کو اپنے پدر بزرگوار نے اپنے جدامجد کی زبانی خبر دی ہے کہ جناب رسالت مآبؐ نے چھ جانوروں کے مارنے کی ممانعت فرمائی ہے شہد کی مکھی، چیونٹی، مینڈک، لٹورا، ھدھد، ابابیل کو کبھی نہ مارنا۔ یہ کہہ کر ہر جانور کے خصوصیات اور خدمات ظاہر فرمائے جو اپنے محل پر انشاء اللہ بیان ہوں گے۔ آخر میں فرمایا:

اَمَّا الْخُطَّافُ فَاِنَّ دَوَرَانَهٗ فِي السَّمَاءِ اَسَفاً لِمَا فُعِلَ بِاَهْلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ وَ تَسْبِيْحُهٗ قِرَاءَةُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَلَا تَرَوْنَهٗ وَهُوَ يَقُوْلُ وَلَا الضَّآلِّيْنَ.

اب رہے ابابیل وہ اہل بیت رسولؐ کے ساتھ دنیا نے جو بدسلوکیاں کیں اُس پر افسوس کرتے ہوئے فضاء میں پرواز کرتی ہے اور اپنی زبان سے سورہ حمد کی تلاوت کرتی ہے۔ کیا تم نے کبھی دیکھا ہے کہ اُس کی صدا میں (وَلَا الضَّآلِّيْنَ) نکلتا ہے۔ دوسری روایت کا تتمہ بایں الفاظ ہے:

وَيَمُدُّ الضَّآلِّيْنَ كَمَا يَمُدُّهَا الْقَارِيُ.

وہ (وَلَا الضَّآلِّيْنَ) کا مد اس طرح بڑھاتی ہے جس طرح قاری الف کو کھینچتا ہے۔

اور ابابیل کے بارے میں امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے:

فَقَالَ لَا تُؤْذُوْهُ وَهُوَ طَيْرٌ يُحِبُّنَا اَهْلَ الْبَيْتِ.

تم اس کو کبھی اذیت نہ دینا وہ پرندہ ہم اہل بیت کو دوست رکھتا ہے۔ (وسائل الشیعہ)

خواص:

ابابیل کے آشیانہ میں دو پتھر ہوا کرتے ہیں ایک سفید دوسرا سرخ جن کو حجر الخطاف کہتے ہیں۔ سفید کو مرگی والے کے گلے میں لٹکانے سے آرام ہوتا ہے، یہ پتھر قوت باہ اور چشم بد اور بچوں کے سوتے میں نہ ڈرنے کے لیے ہے، گلے میں ڈالنا چاہیے۔ اگر نماز جمعہ کے وقت ابابیل کے آشیانہ کو اُکھیڑ کے پانی میں ڈال دے اور پانی سے غسل کرے تو سحر کا اثر زائل ہو جائے گا۔ (صیدیہ، علی حزین)

الحکم:

صدر کتاب میں گذرا کہ ابابیل کا گوشت مکروہ ہے۔

فقیہ انام جناب شیخ زین العابدین مازندرانی طاب ثراہ سے ابابیل کے آگ میں جلانے کا

استفسار ہوا تھا جو مع جواب درج ذیل ہے۔

سوال: ابابیل را می کشند دمی سوزانند داز ان اجزاے دیگر سرمہ می سازند کہ بجہت روشنی چشم ہر کہ ضعف بصارت دارد بقامت نافع قاست آیا کشتن ابابیل یا زندہ سوختن آن بجہت ساختن سرمہ جائز است یا نہ وآن سرمہ کہ از ابابیل سوختہ است پاک است یا نجس؟

جواب: کشتن بمعنے ذبح کردن جائز است ولکن کلر دسہت وکشتن غیر ذبح نیز جائز است وکراھتش اشد است دسوز اندن آن اشد کراہت می باشد از ہر دو زیرا کہ سوزاندن مخصوص خدا انداست اور ہیچ حیوانی را نباید سوازاند وسوختہ اش اگر زعال شود در پاک بودنش اشکال است واگر خاکستر شود پاک و باضرورت واحتیاج قطعاً جائز است و بے ضرورت ہم جائز است ہر چند مکروہ است۔

(ذخیرۃ المعاد، ص ۸۳۹)

نوٹ:

ابن وردی نے لکھا ہے کہ ایک مچھلی کو عرب خطاف کہتے ہیں، اس کی پشت پر دو پر ہوتے ہیں جن کی مدد سے دریا سے نکل کر پرواز کرتی ہے اور جب تک چاہتی ہے اُڑتی رہتی ہے پھر پانی میں چلی جاتی ہے۔ (جریدۃ العجائب)

خفاش

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
خفاش	شب پرندہ	Bat	چمگادڑ

پرندوں میں اپنی نوعیت کا اکیلا جانور ہے جس کی بینائی دن کو کام نہیں دیتی۔ چمگادڑیں شام کو سورج ڈوبنے کے وقت نکلتی ہیں اور تاریک رات میں اپنی بصارت سے دن کی طرح کام لیتی ہیں۔ چمگادڑیں چھوٹی بڑی کئی طرح کی ہوتی ہیں۔ چھوٹی چمگادڑ چڑیا کے برابر اور بڑی چیل کے برابر ہوتی ہے جس کو ٹیریا گربھی کہتے ہیں۔ اس کی صورت چوہے کی طرح ہوتی ہے۔ پروں کے بجائے خداوند عالم نے جھلی اور گوشت کے دو بازو خلق کیے ہیں جن سے آسانی کے ساتھ پرواز کرتی ہیں۔ زرد رنگ کی چمگادڑ برما آسام میں پائی جاتی ہے۔ چمگادڑ کی خطرناک قسم وہ ہے جو سوتے ہوئے آدمی کے پیر پر بیٹھ کر انگوٹھے سے اُس کا خون چوسنا شروع کرتی ہے اور اپنے پروں سے ہوا دیتی جاتی ہے تاکہ سونے والا بیدار نہ ہو، جب خون چوس لیتی ہے تو اُڑ جاتی ہے اور مریض بیدار ہو کر اپنے جسم میں بے انتہا

کمزوری محسوس کرتا ہے، انگشت پا میں خون دیکھ کر یقین ہو جاتا ہے کہ چمگادڑ نے نقصان پہنچا دیا ہے اس قسم کی چمگادڑ کا وجود ایشیاء میں نہیں ہے۔ اس کو انگریزی میں (Vampire bat) امریکہ کی چمگادڑیں کہتے ہیں، انسان پر حملہ کرتی ہیں، اُن کے دانت طویل اور نوک دار ہوتے ہیں جن سے جسم کو مجروح کر دیتی ہیں۔ (حیوان شناسی)

علم حیوان کے ماہر چمگادڑ کے حال میں جو خصوصیات نقل کرتے ہیں اُس کے تذکرہ سے بہتر ہے کہ جناب امیر المومنین علیہ السلام کا وہ حکیمانہ خطبہ درج کر دیا جائے جس میں آپ نے چمگادڑ کے فلسفہ تخلیق سے وجود باری پر بحث کی ہے۔ نہج البلاغہ میں ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي انْحَسَرَتِ الْاَوْصَافُ عَنْ كُنْهِ مَعْرِفَتِهِ وَ رَدَعَتْ عَظَمَتُهُ الْعُقُولَ فَلَمْ تَجِدْ مَسَاغاً اِلٰى بُلُوغِ غَايَةِ مَلَكُوتِهِ هُوَ اللّٰهُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ اَحَقُّ وَ اَبْيَنُ مِمَّا تَرَى الْعُيُوْنُ لَمْ تَبْلُغْهُ الْعُقُولُ بِتَحْدِيْدٍ فَيَكُوْنَ مُشَبَّهاً وَ لَمْ تَقَعْ عَلَيْهِ الْاَوْهَامُ بِتَقْدِيْرٍ فَيَكُوْنَ مُمَثَّلاً خَلَقَ الْخَلْقَ عَلٰى غَيْرِ تَمْثِيْلٍ وَلَا مَشُوْرَةِ مُشِيْرٍ وَلَا مَعُوْنَةِ مُعِيْنٍ فَتَمَّ خَلْقُهُ بِاَمْرِهِ وَ اَذْعَنَ لِطَاعَتِهِ فَاَجَابَ وَلَمْ يُدَافِعْ وَ انْقَادَ وَلَمْ يُنَازِعْ وَمِنْ لَطَائِفِ صَنْعَتِهِ وَ عَجَائِبِ خِلْقَتِهِ مَا اَرَانَا مِنْ غَوَامِضِ الْحِكْمَةِ فِيْ هٰذِهِ الْخَفَافِيْشِ الَّتِيْ يَقْبِضُهَا الضِّيَاءُ الْبَاسِطُ لِكُلِّ شَيْءٍ وَ يَبْسُطُهَا الظَّلَامُ الْقَابِضُ لِكُلِّ حَيٍّ وَ كَيْفَ عَشِيَتْ اَعْيُنُهَا عَنْ اَنْ تَسْتَمِدَّ مِنَ الشَّمْسِ الْمُضِيْئَةِ نُوْراً تَهْتَدِيْ بِهِ فِيْ مَذَاهِبِهَا وَ تَتَّصِلُ بِعَلَانِيَةِ بُرْهَانِ الشَّمْسِ اِلٰى مَعَارِفِهَا وَ رَدَعَهَا بِتَلَأْلُؤِ ضِيَائِهَا عَنِ الْمُضِيِّ فِيْ سُبُحَاتِ اِشْرَاقِهَا وَ اَكَنَّهَا فِيْ مَكَامِنِهَا عَنِ الذَّهَابِ فِيْ بُلَجِ ائْتِلَاقِهَا فَهِيَ مُسْدَلَةُ الْجُفُوْنِ بِالنَّهَارِ عَلٰى حِدَاقِهَا وَ جَاعِلَةُ اللَّيْلِ سِرَاجاً تَسْتَدِلُّ بِهِ فِي الْتِمَاسِ اَرْزَاقِهَا فَلَا يَرُدُّ اَبْصَارَهَا اِسْدَافُ ظُلْمَتِهِ وَلَا تَمْتَنِعُ مِنَ الْمُضِيِّ فِيْهِ لِغَسَقِ دُجُنَّتِهِ فَاِذَا اَلْقَتِ الشَّمْسُ قِنَاعَهَا وَ بَدَتْ اَوْضَاحُ نَهَارِهَا وَ دَخَلَ مِنْ اِشْرَاقِ نُوْرِهَا عَلَى الضِّبَابِ فِيْ وِجَارِهَا اَطْبَقَتِ الْاَجْفَانَ عَلٰى مَاٰقِيْهَا وَ تَبَلَّغَتْ بِمَا اكْتَسَبَتْهُ مِنَ الْمَعَاشِ فِيْ ظُلَمِ لَيَالِيْهَا۔ فَسُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ اللَّيْلَ لَهَا نَهَاراً وَ مَعَاشاً وَ النَّهَارَ سَكَناً وَ قَرَاراً وَ جَعَلَ لَهَا اَجْنِحَةً مِنْ لَحْمِهَا تَعْرُجُ بِهَا عِنْدَ الْحَاجَةِ اِلَى الطَّيَرَانِ كَاَنَّهَا شَظَايَا الْاٰذَانِ غَيْرَ ذَوَاتِ رِيْشٍ وَلَا قَصَبٍ اِلَّا اَنَّكَ تَرٰى مَوَاضِعَ الْعُرُوْقِ بَيِّنَةً اَعْلَاماً لَهَا جَنَاحَانِ لَمَّا يَرِقَّا فَيَنْشَقَّا وَ لَمْ يَغْلُظَا

فَيَنْقُلَا تَطِيْرُ وَ وَلَدُهَا لَاصِقٌ بِهَا لَاجِئٌ اِلَيْهَا يَقَعُ اِذَا وَقَعَتْ وَيَرْتَفِعُ اِذَا ارْتَفَعَتْ لَايُفَارِقُهَا حَتّٰى تَشْتَدَّ اَرْكَانُهٗ وَيَحْمِلَهٗ لِلنُّهُوْضِ جَنَاحُهٗ وَيَعْرِفَ مَذَاهِبَ عَيْشِهٖ وَ مَصَالِحَ نَفْسِهٖ فَسُبْحَانَ الْبَارِئِ لِكُلِّ شَيْءٍ عَلٰى غَيْرِ مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَيْرِهٖ۔

تمام تعریفیں خدا کی ذات سے خاص ہیں وہ وہ معبود ہے کہ اُس کی کنہ معرفت (دریافت کرنے) سے صفتیں تھک جاتی تھیں اور عقلیں اُس کی بزرگی (معلوم کرنے) سے باز رہتی ہیں، عقل کو اُس کی بارگاہ تک پہنچنے کا راستہ نہیں ملتا، وہ معبود بحق صحیح معنوں میں بادشاہ (اور) اُس کا وجود ثابت اور آشکار ہے (بلکہ) ثابت تر اور آشکار تر ہے اُن چیزوں سے جن کو باصرہ دیکھتا ہے (ہماری) عقلیں اُس کی تحدید سے قاصر ہیں پھر کیوں کر اُس کو تشبیہ دیں اور اُس کی قدرت تک وہم رسائی نہیں کر سکتا تو کیسے اُس کی مثال قائم کریں۔ اُس نے مخلوق کو بغیر کسی نمونے کے پیدا کیا اور اس کارگذاری میں کوئی مشورہ دینے والا بھی نہ تھا اور نہ کسی نے ہاتھ بٹایا، تخلیق کا (اہم کام) صرف اپنی طاقت سے ختم کیا (اس اقتدار کو دیکھ کر) مخلوق اُس کی طاعت میں جبین نیاز خم کیے ہیں۔ اُس کے حکم کو مانا اور اطاعت سے عذر نہ کیا (مطیع و) نقاد ہو گئے اور کچھ بھی نہ جھگڑے اُس کی پر لطف صنعتوں اور تعجب انگیز مخلوق میں (ایک) وہ (نمونہ) ہے جو ہمارے سامنے ہے ان چمگادڑوں میں جن کی بصارت کو لے لیا ہے دن کی پھیلی ہوئی روشنی نے، (دیکھو تو) کس طرح اُس کی آنکھیں کمزور ہیں مدد حاصل کرنے میں چمکتی ہوئی سورج کی روشنی سے جو دن کو پرواز کرنے کی راہیں بتاتی۔ خدا کی بہت بڑی صنعت ہے یہ کہ چمگادڑ کو دن کی روشنی سے باز رکھا اور روز روشن میں نکلنے سے جاہائے قیام میں چھپا دیا پس وہ دھوپ کی تیزی سے پلکیں بند کیے اور رات کو اپنا چراغ قرار دیا ہے اُس کی مدد سے راستہ طے کرتی ہیں اور روزی تلاش کرتی ہیں۔ رات کا اندھیرا اُن کی تار نظر کو نہیں روکتا اور گھٹا ٹوپ تاریکی میں بھی ایک جگہ سے دوسری جگہ گذرنے میں مانع نہیں ہوتا۔ جب سورج اپنا نقاب الٹ دیتا ہے اور اُس کی روشنی نمایاں ہو کر سوسمار کے بِہٹ تک پہنچ جاتی ہے تو چمگادڑ آنکھیں بند کر لیتے ہیں اور رات کی تاریکی میں جو کچھ روزی فراہم کی ہے اُس پر اکتفا کرتی ہیں۔ تسبیح کا سزاوار ہے وہ خدا جس نے اُن کے لیے رات کو دن اور روزی کا آلہ بنایا اور دن کو راحت و آرام کی گھڑیاں مقرر کیں اور اُس کے پر گوشت کے بنائے جس میں طاقت پرواز دی اور وہ انھیں کی مدد سے اُڑتی ہیں۔ اُن کے پر ایسے ہیں جیسے انسان کے کان اُس میں استخوان کا نام نہیں ہے البتہ تم اُن کی رگوں کے مقامات دیکھو تو صاف نظر آئیں گے۔ اُس کے بازو دو ہیں مگر تنگ نہیں ہیں انھیں اُڑنے کے لیے پھٹپھٹاتی ہے یہ نہ اس قدر گندہ ہیں جو بوجھل ہوں۔ چمگادڑ اپنے بچے کو

چمٹا کر اُڑتی ہے، بچہ بھی ماں کو نہیں چھوڑتا۔ جب نیچے ہوتی ہے تو وہ بھی نیچا ہوتا ہے اور جب بلند ہوتی ہے تو وہ بھی بلند ہوتا ہے اور اُس وقت تک ماں کو نہیں چھوڑتا جب تک عضو عضو مضبوط نہیں ہو جاتا اور پروں میں اُڑنے کی قوت پیدا نہیں ہوتی اور معیشت کی راہیں سمجھ میں نہیں آتیں اور اپنی اچھائی برائی نہیں سمجھتا پس منزہ اور پاک ہے وہ خدا جو ہر چیز کا خلق کرنے والا ہے بغیر کسی نمونہ کے۔

غروب آفتاب کے بعد جب ثریا گزرتی ہے تو ان کو ہمیشہ اوتر سے دکن کی طرف جاتے دیکھا اور صبح ہوتے دکن سے اوتر کی طرف، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن کا مرکز شمال اور سیرگاہ جنوب ہے۔

بعض اہل علم و تحقیق نے چمگادڑ کے دن کو ظاہر ہونے کی بنیاد یہ بتائی ہے کہ جناب سلیمان بن داؤد علیہ السلام کے دور میں مخلوق خدا میں سے چار شکایت کرنے والوں نے شکوہ کیا، سورج نے کہا: اے نبی خدا خلاق عالم نے ہر شے کے لیے ایک جائے سکون قرار دی ہے، میں مشرق سے مغرب تک سفر کرتا ہوں اور ایک لمحے کے لیے مجھے قرار نہیں۔ سانپ نے عرض کیا اے خدا کے نبی رب العزت نے اپنی مخلوق کے دو ہاتھ پیر بنائے ہیں مگر میرے نہ ہاتھ ہیں نہ پیر، شکم کے بل چلتا ہوں دعا کیجیے کہ خدا مجھے ہاتھ پیر عطا کرے۔ ہوا نے عرض کیا یا نبی اللہ خدا مجھے اطراف عالم میں پھراتا ہے دعا کیجیے کہ میں کچھ دیر کے لیے آرام لوں۔ پانی نے کہا خدا نے مجھے سرگرداں کیا ہے اور مجھے نہیں معلوم کہ میری جگہ کہاں ہے دعا کیجیے کہ خدا مجھے کسی ایک جگہ ساکن کرے۔ جناب سلیمان علیہ السلام نے اِن شکایات کو سن کر تمام پرندوں کو ایک جگہ جمع کرنے کا حکم دیا اور جب تمام چڑیاں حاضر ہوئیں تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے سب پرندوں میں سے کمزور پرند چمگادڑ سے مشورہ کیا اور اس استصواب سے حضرت سلیمان علیہ السلام کا مطلب یہ تھا کہ عام لوگوں پر خفاش کی عقل مندی واضح ہو جائے۔ چمگادڑ نے کہا اے نبی خدا اگر سورج ایک جگہ ٹھہر جائے تو پھر دن اور رات میں تمیز نہ ہوگی، سانپ بغیر دست و پا کے انسان کا دشمن ہے اگر ہاتھ پاؤں ہوتے تو تمام دنیا کو ہلاک کر دیتا، ہوا چلنے میں خدا کی مصلحت یہ ہے کہ بوئے بد کو پراگندہ اور خوشبو کو جدھر چاہتا ہے پہنچاتا ہے، اسی طرح پانی سے بھی ہر چیز زندہ ہے پانی کسی ایک سمت ہوتا تو دوسری سمت کے لوگ مرجاتے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ سچ کہا۔ اُس وقت سے یہ چاروں مخلوق چمگادڑ کے دشمن ہو گئے۔ سورج نے کہا میں اس کے بال و پر جلا دوں گا، پانی نے کہا میں غرق آب کر دوں گا، ہوا نے کہا میں اس کے اعضاء کو چاک کر دوں گی، سانپ نے کہا میں اس کا کام تمام کر دوں گا۔ جب ان چار دشمنوں نے چمگادڑ کو فنا کر دینے کا تہیہ کر لیا تو اس نے بارگاہ احدیت میں فریاد کی، عرض کیا میرے پالنے والے میں کمزور مخلوق ہوں ان چار دشمنوں سے کیوں کر مقابلہ کر سکتی ہوں۔

حکم الٰہی ہوا کہ میں تیری حفاظت کروں گا اور جس کی میں حفاظت کروں تمام عالم اُس کو ضرر پہنچا نہیں سکتا (آج سے) تیری پرواز کا وقت تاریکی شب ہوگا تاکہ سورج تجھ کو نہ دیکھے اور تیری نگاہ اُس پر نہ پڑے اور ہوا تیری مرکب قرار دی جاتی ہے جب تک منہ میں ہوا نہ ہوگی اُڑنا ممکن نہ ہوگا، پانی کی حاجت تجھ کو نہ ہوگی۔ سینہ میں پستان خلق کیا ہے جو سالہا سال پر شیر رہتا ہے جب پیاس معلوم ہوگی تو اسی دودھ سے سیراب ہونا۔ اب رہا سانپ تو خود اُس کی ہلاکت کا ذریعہ چمگادڑ کا سرگیں ہے جس کی بو سے سانپ مرجاتا ہے۔

(مجالس المتقین، شہید برغانی)

اس واقعہ کو میں نے مذکورہ بالا حوالہ کے سوا کسی دوسری کتاب میں نہیں دیکھا ہے۔

لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ أَمْراً.

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا یہ معجزہ تھا کہ آپ اپنے ہاتھ سے مٹی کا ایک مجسمہ پرندہ بنا کر کچھ دم کرتے تھے خدا اُس میں جان ڈال دیتا تھا اور قدرت کی طرف سے طاقت پرواز مرحمت ہوتی تھی یہ اعجاز کاری بنی اسرائیل کی نظروں میں دلیل صداقت تھی چنانچہ سورہ آل عمران میں آپ کا قول موجود ہے:

اَنِّیْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰیَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّیْۤ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّیْنِ كَهَیْـَٔةِ الطَّیْرِ فَاَنْفُخُ فِیْهِ فَیَكُوْنُ طَیْرًۢا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ

میں تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے اپنی نبوت کی یہ نشانی لے کر آیا ہوں کہ میں گندھی ہوئی مٹی سے ایک پرندہ کی صورت بناؤں گا پھر اُس پر دم کروں گا تو وہ خدا کے حکم سے اُڑنے لگے گا۔ (آل عمران: ۴۹)

جناب امیر المومنین علیہ السلام مسجد کوفہ میں بالائے منبر تھے کہ ایک شخص شام کا رہنے والا کھڑا ہو گیا اور کچھ مسئلے پوچھے منجملہ اُس کے استفسار کیا کہ مجھے اُن جسد کی خبر دیجئے جو رحم مادر سے پیدا نہیں ہوئے۔

قَالَ اٰدَمُ وَ حَوَّاءُ وَ كَبْشُ اِبْرَاهِيْمَ وَ عَصَا مُوْسٰى وَ نَاقَةُ صَالِحٍ وَ الْخُفَّاشُ الَّذِیْ عَمِلَهُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ فَطَارَ بِاِذْنِ اللّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ.

فرمایا: آدمؑ و حواؑ، دنبہ حضرت ابراہیمؑ کا، عصائے موسیٰ علیہ السلام، ناقہ صالح اور وہ چمگادڑ جس کو حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے بنایا اور حکم خدا سے اُڑنے لگی۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ چمگادڑ ایک عورت تھی جس نے دودھ پلانے والی انّا پر جادو کر دیا تھا، خدا نے اُس کو مسخ کر دیا۔ (خصال)

ہاشم بن زید کہتا ہے کہ میں نے امام علی نقی علیہ السلام کو دیکھا کہ آپ کی خدمت میں ایک نابینا آیا آپؑ نے اُس کو اچھا کر دیا اور میں نے یہ بھی دیکھا کہ آپ مٹی کا ایک پرندہ بناتے تھے اور اُس میں روح پھونکتے تھے وہ اُڑ جاتا تھا۔ میں نے کہا آپؑ میں اور عیسیٰ بن مریمؑ میں کوئی فرق نہیں۔ فرمایا: میں اُن سے ہوں اور وہ مجھ سے ہیں۔

قَالَ الرَّاوَنْدِیُّ : وَ مِنْ مُعْجِزَاتِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنَّ قُبُوْرَ الْخُلَفَاءِ مِنْ بَنِي الْعَبَّاسِ بِسُرَّ مَنْ رَاٰى عَلَيْهَا مِنْ زَرْقِ الْخَفَافِيْشِ وَ الطُّيُوْرِ مَا لَا يُحْصٰى وَ يُنَقّٰى مِنْهَا كُلَّ يَوْمٍ وَ مِنَ الْغَدِ تَكُوْنُ الْقُبُوْرُ مَمْلُوْءَةً زَرْقاً وَ لَا يُرٰى عَلٰى رَأْسِ قُبَّةِ الْعَسْكَرِيَّيْنِ وَلَا عَلٰى قِبَابِ مَشَاهِدِ اٰبَائِهِمَا زُرْقُ طَيْرٍ فَضْلًا عَلٰى قُبُوْرِهِمْ اِلْهَاماً لِلْحَيَوَانَاتِ اِجْلَالًا لَهُمْ.

امام حسن عسکری علیہ السلام کا یہ معجزہ ہے کہ سامرہ میں خلفاء بنی عباس کی قبروں پر چمگادڑوں کی بیٹ نظر آتی ہے اور قبہ عسکرین پر اور نہ دروازہ پر کبھی کسی نے چمگادڑ کا فضلہ دیکھا چہ جائیکہ قبر اقدس پر یہ رویہ جانوروں کا آنحضرت کے اجلال کا پتہ دیتا ہے۔

تعبیر:

چمگادڑ کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ آنکھوں میں بصارت بڑھے گی، سحر کے اثر سے خدا محفوظ رکھے گا۔

خواص:

اگر چمگادڑ کے لٹکنے کی جگہ مہندی کی پتیاں رکھ دی جائیں تو چمادڑیں بھاگ جائیں گی اور جس جگہ چمگادڑ درخت میں آویزاں کر دی جائے اُس جگہ ٹڈیاں نہ آئیں گی۔

الحکم:

چمگادڑ مسوخات میں سے ہیں اس کا گوشت حرام ہے۔ جو مجتہدین ہر پرندہ کے فضلہ کو پاک سمجھتے ہیں وہ بھی چمگادڑ کی بیٹ سے احتیاط کرتے ہیں۔

صاحب عروۃ الوثقیٰ کا ارشاد ہے:

البول و الغائط من الطيور المحرمه الاقوی عدم النجاسه لكن الاحوط منها ايضاً الاجتناب خصوصا الخفاش و خصوصا بوله غير ما كول اللحم.

پرندوں کے فضلہ میں اقویٰ عدم نجاست ہے لیکن احتیاط یہ ہے کہ اُس سے پرہیز کرے خصوصاً چمگادڑ کی بیٹ سے اور بالخصوص اُس کے پیشاب سے۔

ادبیات:

۱): سرچشمہ فیض سے محروم رہنے والوں کے بارے میں کہتے ہیں۔

اگر نہ بیند شب پرہ چشم چشمہ آفتاب راچہ گناہ

مونس رجز مرثیہ میں کہتے ہیں۔ تو شپرک تو ہم ہیں زمانہ کے آفتاب

آتش۔

یاد میں تیرے رقیب روسیہ جاگا تو کیا مرتبہ عالی نہ ہو خفاش شب بیدار کا

۲): چمگادڑ کی مہمانی: اُس موقع پر کہا جاتا ہے جہاں مہمان کے لیے میزبان کوئی سامان فراہم نہ کر سکے۔

۳): زبان اُردو میں چمگادڑ مونث اور خفاش مذکر ہے۔

قدیم شعراء میں کسی کا مصرعہ ہے۔ کہ جیسے اُڑتے ہیں خفاش چوندھیائے ہوئے

تشفی۔

نہ بھائے جو خورشید خفاش کو بھلا نقش کیا جانے نقاش کو

جمع چمگادڑین ہیں۔ شاعر کہتا ہے۔

جلتا نہیں چراغ جو مسجد میں رات بھر چمگادڑوں نے بیٹ ٹپاٹپ گرائی ہے

اخفش: اس شخص کو کہتے ہیں جس کی بینائی کمزور ہو آئمہ نحو میں تین شخص اخفش لقب کے گذرے ہیں۔

۱): اخفش کبیر استاد سیبویہ

۲): اخفش ہم عصر سیبویہ

۳): اخفش اصغر شاگرد سیبویہ

علم نحو کی بنیاد مستحکم کرنے میں ان لوگوں نے کامیاب حصہ لیا۔

maablib.org

خنزیر

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
سور	Pig یا Baar	خوک	خنزیر

سور تمام جانوروں میں بدشکل ہوتا ہے۔ بڑا سور بکری کے برابر ہوتا ہے۔ سر اس کا بھینس کے سر

سے مشابہ اور دو دانت بڑے بڑے ہوتے ہیں جن سے زمین کھودتا ہے۔ اس کی کھال بھینسے کی طرح سیاہ اور سخت ہوتی ہے۔ معمولی حربہ جسم پر اثر نہیں کرتا، جب زخم بدن پر لگتا ہے تو خون نکلتے نکلتے دفعتاً بند ہو جاتا ہے اور چربی باہر آنا شروع ہوتی ہے۔ سور کے گوشت پر تمام جانوروں سے زیادہ چربی ہوتی ہے۔ بعض اہل ہنود سور کی پوجا کرتے ہیں۔

(ہندو مذہب کی معلومات، ص ۲۰)

سور نجس العین اور فضلہ خور جانور ہے، اکثر نالوں اور گندے مقامات پر رہتا ہے۔

قزوینی نے عجائب المخلوقات میں لکھا ہے کہ سور سانپ کھاتا ہے اور اُس کو کچھ نقصان نہیں پہنچاتا۔ سور بہت تیز رفتار اور بہادر جانور ہے، اکثر گھوڑے سوار بھی اس کے تعاقب میں تھک جاتا ہے، دشمن کے مقابلے میں کبھی منہ نہیں موڑتا اور آخر تک لڑا کرتا ہے۔ جنگلی سور کو بنڈ یلا کہتے ہیں جو انسان کو نقصان پہنچاتا ہے۔ اس کے عجیب و غریب خواص یہ ہیں کہ اگر گدھے کی پیٹھ پر باندھ دو تو جب گدھا پیشاب کرے گا سور مر جائے گا۔ اس کی مادہ چار مہینہ کے بعد ایک جھول میں ۲۰ بچے تک جنتی ہے۔

احادیث و اخبار کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ شیطان کا جسم مثل سور کے ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام کے قصہ میں فریقین نے لکھا ہے کہ اہل کشتی نے گندگی کی شکایت کی خدا نے ہاتھی کو حکم دیا اُسے چھینک آئی اور نتھنوں سے سور برآمد ہوا۔ ہاتھی جب سور کی صدا سنتا ہے تو بھاگتا ہے۔ سور مسوخ جانوروں میں ہے۔ حدیث میں ہے:

اَمَّا الْخَنَازِيْرُ فَقَوْمٌ نَصَارَىٰ سَأَلُوْا رَبَّهُمْ اِنْزَالَ الْمَائِدَةِ عَلَيْهِمْ فَلَمَّا اُنْزِلَتْ عَلَيْهِمْ كَانُوْا اَشَدَّ مَا كَانُوْا كُفْرًا وَّاَشَدَّ تَكْذِيْبًا.

حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے نصاریٰ نے مائدہ (دستر خوان) نازل ہونے کی استدعا کی تھی جب مائدہ اترا تو اُن کی نافرمانی اور بڑھ گئی اور تکذیب پر تل گئے خدا نے اُن کو سور کی صورت میں مسخ کر دیا۔

اور بعض روایات میں ہے کہ سور وہ گروہ ہے جو ہفتہ کے دن شکار کرنے کے جرم میں مسخ ہوا۔ مورخین نے صراحت کی ہے کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے اتریں گے تو سور کو اپنے ہاتھ سے قتل کریں گے۔

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ ثُمَّ قَالَ مَلْعُوْنٌ مَنْ لَعِبَ بِالْاَسْتَرِيْقِ يَعْنِي الشِّطْرَنْجَ وَالنَّاظِرُ اِلَيْهِ كَاٰكِلِ لَحْمِ الْخِنْزِيْرِ. (جامع الاخبار، ص ۹۴)

جو نرد کے ساتھ بازی کرے اُس نے خدا کا گناہ کیا پھر فرمایا جو شطرنج کھیلے وہ ملعون ہے اور اُن کی طرف نگاہ کرنے والا مثل سور کا گوشت کھانے والے کے ہے۔

دوسری حدیث میں ہے کہ روز قیامت امت بیس مختلف صورتوں میں محشور ہوگی جس میں ایک گروہ سور کی صورت میں ہوگا۔ پیغمبر خداؐ نے اس کے بارے میں فرمایا ہے:

اَمَّا الَّذِیْنَ عَلٰی صُوْرَۃِ الْخَنَازِیْرِ فَاَھْلُ السُّحْتِ۔

جو لوگ سور کی صورت میں ہوں گے وہ رشوت خور ہوں گے۔

بسند صحیح آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ میں نے شب معراج ایک عورت کو دیکھا سر اُس کا مثل سور کے سر کے تھا اور جسم اس کا مثل گدھے کے جسم کے تھا وہ ہزار ہزار طرح کے عذابوں میں مبتلا تھی۔ اصحاب نے پوچھا اُس کا گناہ کیا تھا فرمایا: وہ سخن چین اور دروغ گو تھی۔

جناب امیر المومنین علیؑ بن ابی طالبؑ کا ارشاد ہے:

وَاللّٰہِ لَدُنْیَاکُمْ ھٰذِہٖ اَھْوَنُ فِیْ عَیْنِیْ مِنْ عُرَاقِ خِنْزِیْرٍ فِیْ یَدِ مَجْذُوْمٍ۔ (نہج البلاغہ)

خدا کی قسم تمہاری دنیا میری نظر میں اُس ہڈی سے بھی حقیر ہے۔ جو کوڑھی کے ہاتھ میں ہو۔

حیات امیر المومنینؑ میں ہے کہ آپؑ نے ایک قضیہ فیصل کیا جس کے خلاف حکم کیا تھا اُس نے قسم کھا کر کہا کہ مجھ پر علیؑ نے ظلم کیا۔ حضرتؑ نے فرمایا: اگر تو جھوٹا ہے تو خدا تیری صورت کو تبدیل کردے

فَصَارَ رَاْسُہٗ کَرَاْسِ الْخِنْزِیْرِ۔

اُسی وقت سر اُس کا مثل سور کے سر کے ہو گیا۔

دوسرا واقعہ بھی کچھ کم عبرت ناک نہیں۔ ایک شخص روزآنہ ایک ہزار دفعہ اذان و اقامت کے درمیان میں حضرت علیؑ پر لعنت بھیجتا تھا اور جمعہ کے دن چار ہزار دفعہ لعنت کرتا تھا، خواب میں دیکھا کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما ہیں اور حسنینؑ پہلو میں رونق افروز ہیں اور حسن مجتبیٰ علیہ السلام ساغر آب سے لوگوں کو سیراب کر رہے ہیں، جب سب کو پانی پلا چکے تو اس شخص کی باری آئی۔ امام حسن علیہ السلام نے فرمایا: یہ تو روزآنہ میرے والد ماجد پر ایک ہزار دفعہ لعنت بھیجتا ہے اس کو سیراب نہ کروں گا۔ جناب رسالت مآبؐ نے بلا کر منہ پر لعاب دہن ڈالا اور ٹھوکر مار کر فرمایا:

غَیَّرَ اللّٰہُ مَا بِکَ مِنْ نِعْمَۃٍ۔

خدا تیری نعمت کو تبدیل کردے، خواب سے جو بیدار ہوا تو چہرہ سور کے چہرہ کی طرح ہو گیا تھا۔

امام حسین علیہ السلام پر دشت کربلا میں جب کوفیوں نے پانی بند کیا تو عمر بن حجاج نے جو فرات پر

پاسبان مقرر ہوا تھا اسلام کش لب ولہجہ میں کہا:

یا حسین هذا الماء تلغ فیه الکلاب ویشرب منه الخنازیر و الحمیرو الذئاب ولا یذوقون منه واللّٰہ قطرہ حتی تذوق الحمیم فی نار الجحیم.

اے حسینؑ اس پانی کو کتے اور جنگلی سور، گدھے، بھیڑیے پیتے ہیں، خدا کی قسم اس سے تمہارے لب تر نہ ہوں گے یہاں تک کہ (پناہ بخدا) دوزخ کے گرم پانی سے سیراب ہو۔

(تذکرۃ الخواص الامۃ ومقتل سفرائنی)

سیرت نبیؐ میں پیغمبر خداؐ کو کاذب، ساحر، مجنون کہنے والوں کا قول نقل نہ کیا جاتا تو اس انسانیت سوز آواز کو نقل کرنے کی جرأت نہ کرتے، اپنے پیغمبرؐ کی ذریت کو جو مستحق جہنم سمجھتا ہو کیا اُس کا اسلام باقی رہ سکتا ہے۔

بودند دام و دد ہمہ سیراب ومی مکید خاتم ز قحط آب سلیمان کربلاء

اٹلی کے پہاڑی علاقوں میں سور سے چرواہے گلہ کی حفاظت کرتے ہیں۔ وقت شناسی میں سور بہت زیادہ ماہر ہے شام کو بکریاں ہکا کر اپنے مقام پر پہنچا دیا کرتا ہے۔ (رضا کار، ۹ ۱۹۳۹ء، ۱۶۔۱)

تعبیر:

شیخ الرئیس کہتا ہے کہ سور کو خواب میں دیکھنا سفر اور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کی خبر ہے اور بعض مدبرین کہتے ہیں کہ کسی ظالم وحرام زادہ سے سابقہ ہوگا صدقہ دے اگر سور کا دودھ پیتے خواب میں دیکھے تو مصیبت میں گرفتار ہو، دنیا میں ذلیل وخوار ہو۔

خواص:

اگر کبوتر کے انڈے میں اس کا سرگین ملا کر لگائیں تو خنازیر کے لیے مفید ہے۔

الحکم:

سور نجس العین اور حرام ہے۔ اطباء نے لکھا ہے کہ سور کا گوشت بھی افعال اور بری عادتوں اور بے حیائی کی حرکات کا باعث ہوتا ہے انھیں وجوہ پر نظر کر کے سور کو شریعت نے حرام قرار دیا ہے۔

إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيرِ وَمَآ أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللهِ.

مردہ جانور اور خون اور سور کا گوشت اور وہ جانور جس پر ذبح کے وقت خدا کے نام کے سوا کسی اور کا نام لیا گیا ہو حرام کیا ہے۔ (سورہ بقرہ: ۱۷۳)

صحف انبیاءؑ میں بھی ہے: الخنزیر حرام نجس

سور کنوئیں میں اگر مرجائے یا زندہ نکلے ۵ پانچ ڈول نکالے اور اگر فضلہ یا خون گرے تو تمام پانی نکالے اور وہ حیوان جو ایک مرتبہ سور کا دودھ پیئے ایسے جانور کا استبراء سات دن ہے۔

ادبیات:

ملا جامی کہتے ہیں ؎

خوک باش و خرس باش و یا سگ مردار باش　　ہر چہ باشی باش لکن اند کے زردار باش

اردو میں سور کہنا گالی ہے۔ مشیر کہتے ہیں ؎

ارے او سور دشمن کردگار　　اُسی گو کو کھاتا ہے تو بار بار

فائدہ جلیلہ:

شریعت محمدیؐ نے سور کا گوشت حرام اس لیے قرار دیا ہے کہ وہ مسخ ہے اور تمام جانور غیر ماکول اللحم ہیں اور اس کو نجس العین بھی بتایا ہے جس کی وجہ ظاہر ہے اس کے مزاج میں گندگی کی طرف میلان ہے اور سور فضلہ خوار ہوتا ہے یہ سبب بھی اس کے گوشت حرام ہونے کا ہو سکتا ہے۔ تیسری خاص بات یہ ہے کہ ماہرین علم حیوان نے طے کیا ہے کہ صرف سور میں یہ ذمیم خصلت ہے کہ جب مادہ نر سے سیر نہیں ہوتی تو نر دوسرے سور کو لا کر اُس سے جفت کراتا ہے۔ سور کا گوشت کھانا اگر جائز قرار دیا جائے تو گوشت کھانے والے میں بے حیائی پیدا ہونا ضروری ہے اور قوای شہوانیہ اعتدال سے تجاوز کر جائیں۔ سور کے اس جذبہ بے حیائی کی مثال کسی جانور میں نہیں ہے بخلاف اس کے ہم دیکھتے ہیں کہ اگر کبوتر جوڑا کھاتا ہے تو دوسرا کبوتر مزاحم ہوتا ہے اور مرغ کا بھی یہی دستور ہے۔

خنفا

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
خنفا	سرگین گردان	Grubs	گوبرورا

سیاہ رنگ کا ایک چھوٹا بدبودار کیڑا ہے جو گوبر میں پیدا ہوتا ہے۔ مترجم عجائب المخلوقات کی تحقیق یہ ہے کہ اسی کا نام گوبرورا ہے۔ عرب گڑگڑانے کے موقع پر کہتے ہیں: (الح من الخنفاء) فلاں شخص خنفاء سے زیادہ منتیں کرتا ہے۔ جمع اس کی خنافس ہے۔ اس کی ایک قسم عرب جُعَل کہتے ہیں جس

میں خاص بات یہ ہوتی ہے کہ اگر کیچڑ میں ڈال دیں تو حرکت نہیں کرتا، گوبر میں آکر چلنے لگتا ہے۔

فاضل الرشید نے جعل کی لغت میں لکھا ہے کہ یہ کالے رنگ کا کیڑا ہمیشہ گندگی میں پیدا ہوتا ہے اور خوشبو سے اس کو اس قدر تکلیف پہنچتی ہے کہ مر جاتا ہے۔

محقق طریحی نے بھی خنفا کے ذیل میں اس کی طرف اشارہ کیا ہے۔

قد تکرر ذکرها فی الحدیث وهی اصغر من الجعل۔

اس کا حدیث میں مکرر ذکر آیا ہے یہ جعل سے چھوٹا ہوتا ہے۔

فاضل میر حسن نے القس النفائس میں جعل ہی کو گوبرورا کہا ہے: واللہ یعلم

عِیسَی بْنِ حَسَّانَ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللهِ قَالَ: کُنْتُ عِنْدَهُ اِذْ اَقْبَلَتْ عَلَیْهِ خُنْفَسَاءُ فَقَالَ نَحِّهَا فَاِنَّهَا قِشَّةٌ مِنْ قِشَاشِ النَّارِ. (وسائل الشیعہ)

تعبیر:

گبرورا دیکھنا خواب میں دنیاوی ترقی اور حصول مال و زر کی علامت ہے۔

خواص:

اس کو روغن میں جوش دے کر بواسیر پر ملنا مفید ہے۔

الحکم:

حشرات الارض میں ہے جو حرام ہیں۔ سید طباطبائی علیہ الرحمہ عروۃ الوثقیٰ میں فرماتے ہیں:

شیئاً لا یدری انه بعرة او بعرة الخنفاء ففی جمیع هذه الصورة یبنی علی الطهارة۔

جب کوئی چیز دیکھے اور یہ نہ سمجھ سکے کہ چوہے کی مینگنی ہے یا گوبرورا کی تو ایسی صورتوں میں طہارت پر بنا کرے۔

الخیل

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
گھوڑا	Horse	اسپ	الخیل

گھوڑا تمام جانوروں میں خوبصورت، ہوشیار اور وفادار جانور ہے۔ سڈول جسم، بڑی بڑی

آنکھیں، کمانی دار گردن، لمبے لمبے بال، گچھے دار دم، پاس جاؤ تو اپنے کان کھڑے کر لیتا ہے۔ مالک کو خوب پہچانتا ہے۔ گھوڑا گھانس، پتہ، گاجر، شلجم وغیرہ کھاتا ہے۔ اُس کو کوئی چیز کھلا کر دیکھو تو اُس کو ملائم ہونٹوں سے پکڑ کر اگلے دانتوں سے سمیٹ لے گا اور پھر ٹکڑے ٹکڑے کر کے ڈاڑھوں سے خوب پیسے گا۔ اس کا منہ کھول کر دیکھو تو کاٹنے والے چھ دانت اُوپر اور چھ دانت نیچے دکھائی دیں گے لیکن وہ بڑے پیسنے والے دانت نظر نہ آئیں گے جو جبڑے کے نیچے ہوتے ہیں ہاں وہ جگہ نظر آتی ہے جو سامنے اور پیچھے کے دانتوں میں خالی رہتی ہے اسی میں گھوڑے کے لگام دی جاتی ہے۔ گھوڑا گائے کی طرح جگالی نہیں کرتا، اُس کے منہ میں ایک دفعہ جتنی گھانس آتی ہے وہ اُس کو چبا کر نگل جاتا ہے۔ گھوڑے کی آنکھیں منہ کے سامنے نہیں ہوتیں بلکہ اِدھر اُدھر ذرا ہٹ کر ہوتی ہیں یہی سبب ہے کہ وہ ہر طرف دیکھ سکتا ہے۔ گھوڑے کی ٹاپ گائے کے کھر کی طرح بیچ سے پھٹی ہوئی نہیں ہوتی بلکہ اُس کے گرد ایک خول ہوتا ہے۔ پالو گھوڑوں کے نعل باندھ دیتے ہیں اس سے گھوڑے کے سم میں چوٹ نہیں آتی اور وہ پکی سڑکوں پر گھسنے سے بھی بچے رہتے ہیں، جنگل میں اس کی ضرورت نہیں ہوتی وہ گھانس اور پولی زمین پر دوڑتے پھرتے ہیں۔ گھوڑے کئی قسم کے ہوتے ہیں، کچھ سواری کے کام دیتے ہیں، کچھ بار برداری کا، کچھ گھوڑے دوڑ کے ہوتے ہیں، کچھ اپنے سواروں کو شکار کھلاتے ہیں، کچھ گاڑیوں میں جوتے جاتے ہیں۔

عرب اپنے گھوڑوں کو مثل عزیزوں کے سمجھتے ہیں اور کبھی نہیں مارتے صرف اپنی آواز اور لگام سے کام لیتے ہیں، اُن کے بچے گھوڑوں کے ساتھ کھیلتے ہیں مگر ایسا نہیں ہوتا کہ کوئی گھوڑا لات مار بیٹھے۔ عرب گھوڑے کو ابوالحطل بھی کہتے ہیں اور جب گھوڑے پر غصہ کرتے ہیں تو ھلا اور جب بلاتے ہیں تو اِو کہتے ہیں۔ گھوڑی ساتویں مہینہ ایک یا دو بچے جنتی ہے۔ مطارح الانظار کا مولف لکھتا ہے کہ گھوڑا ۳۲ سال سے زیادہ زندہ نہیں رہتا۔

دریائی گھوڑا نہایت مہیب صورت اور خطرناک ہوتا ہے۔ اس کا عظیم الشان سر قیصر باغ کے عجائب خانہ میں موجود ہے، دانت خوں خوار درندوں کے ایسے ہیں۔

خدا نے بنی نوع انسان کی راحت و آرام کے جو سامان مہیا فرمائے ہیں اُن میں گھوڑے کی بلند حیثیت ہے۔ عمدہ نسل کے گھوڑے اپنے مالک کو پہچانتے ہیں اور کسی دوسرے کو اپنے اُوپر سوار ہونے نہیں دیتے۔ سوار کے اشارے پر چلتے ہیں۔ ہنود میں بعض لوگ گھوڑے کی بھی پرستش کرتے ہیں۔

اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَ جَلَّ خَلَقَ الْخَيْلَ مِنْ اَرْبَعَةِ اَشْيَاءَ مِنَ الْبَحْرِ الْاَعْظَمِ الْمُحِيْطِ

بِالدُّنْيَا وَمِنَ النَّارِ وَمِنْ دُمُوعِ مَلَكٍ يُقَالُ لَهُ اِبْرَاهِيْمُ وَمِنْ بِئْرٍ طَيِّبَةٍ. (خصال)

گھوڑے کو خدا نے چار چیزوں سے پیدا کیا ہے۔ بحر اعظم سے جو دنیا کو گھیرے ہوئے ہے اور آگ اور ابراہیم فرشتے کے اشک چشم اور ایک پاکیزہ کنوئیں سے۔

چھوٹے قد کے گھوڑے کو ٹٹو کہتے ہیں۔ چناں کہتے ہیں۔

یار نے بندھوا دیا جس دن سے ٹٹو باغ میں ہوگئی تیار کھا کھا کر میلے عندلیب

گھوڑا عرب میں اس قدر بھاگوان سمجھا جاتا ہے کہ گھوڑے کو بجائے خیل کے خیر کہتے ہیں اور یہ مقولہ عرب میں مشہور ہے:

اَلْخَيْرُ مَعْقُوْدٌ بِنَوَاصِي الْخَيْلِ.

خیر و خوبی گھوڑوں کی پیشانی سے وابستہ ہے۔

جس گھوڑے کے ناک کا حصہ اور اُوپر کا ہونٹ سفید ہو اُس کو عرب ارثم کہتے ہیں۔ صاحب زینت الخیل نے اپنی کتاب میں گھوڑوں کے حالات پر مکمل تبصرہ کیا ہے۔ یہ کتاب ۱۹۳ صفحات پر ۱۸۷۷ء مطبع نول کشور لکھنؤ میں چھپی ہے۔

ملا الحسن کاشانی کا ایک رسالہ وصف الخیل کتب رجال میں ملتا ہے جس میں گھوڑے کی پہچان اور وہ احادیث جمع کی ہیں جن میں راہوار کے فضائل ہیں۔

عصر جناب ابراہیمؑ سے پہلے گھوڑے مثل وحشی جانوروں کے جنگلوں میں پھرتے تھے۔ سب سے پہلے جناب اسماعیلؑ نے گھوڑے پر قابو پایا۔ خداوند عالم نے گھوڑوں کو اُن کے لیے مسخر کیا۔ فریقین کی احادیث میں گھوڑا پالنے کا اجر و ثواب وارد ہوا ہے۔

رُوِيَ الزَّمَخْشَرِيْ فِي كِتَابٍ عَنِ النَّبِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَلَيْكُمْ بِاِنَاثِ الْخَيْلِ فَاِنَّ ظُهُوْرَهَا حِرْزٌ. وَبُطُوْنُهَا كَنْزٌ.

جناب رسالت مآبؐ نے فرمایا کہ گھوڑیاں پالو اس لیے کہ اُس کی پشت سوار کے لیے حرز ہے اور شکم خزانہ ہے یعنی گھوڑی پالنے میں اُس کے بچوں سے کافی فائدہ اُٹھایا جا سکتا ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے ابن طیفور سے پوچھا کہ تو کس پر سوار ہوتا ہے؟

اُس نے کہا الاغ پر۔

فرمایا: کتنے کا خریدا ہے؟

عرض کیا تیرہ اشرفی کا۔

فرمایا: یہ اسراف ہے کہ اس قیمت کا الاغ خریدا جائے اور یابو نہ خریدے۔

اُس نے عرض کیا یابو کا خرچ زیادہ ہے۔

فرمایا: جو خدا الاغ کا خرچ پہنچاتا ہے وہی یابو کا بھی پہنچاتا ہے، تو نہیں جانتا کہ جو گھوڑا رکھے اور انتظار ہم اہل بیتؑ کے خروج کا کرے اور ہمارے دشمنوں کو خشم میں لائے تو اُس گھوڑے کے رکھنے سے خدا روزی اُس کی پہنچائے گا اور سینہ اُس کا کشادہ کرے گا اور مرادیں اُس کی پوری کرے گا اور اُس کی حاجتوں میں اُس کا مددگار ہوگا۔

دوسری حدیث میں ہے کہ جو ایسا گھوڑا باندھے کہ ماں باپ اُس کے عربی ہوں، ہر روز نامہ عمل سے اُس کے تین گناہ مٹائے جائیں گے اور گیارہ ثواب لکھیں جائیں گے اور جو ایسا گھوڑا باندھے کہ ماں باپ اُس کے عربی نہ ہوں تو ہر روز دو گناہ اُس کے نامہ عمل سے مٹائے جائیں گے اور سات ثواب واسطے لکھے جائیں گے اور جو ایک یابو اپنی زینت کے لیے اصطبل میں باندھے یا اپنے کاموں کے پورا ہونے کے لیے یا دشمنوں کے دور ہونے کے لیے تو ضرور ایک گناہ اُس کے نامہ عمل سے مٹایا جائے گا اور چھ ثواب اُس کے واسطے لکھے جائیں گے۔

تیسری روایت میں انھیں حضرت سے منقول ہے کہ جو ایسا گھوڑا رکھے کہ بال اُس کے سرخ، پیشانی سفید، چاروں ہاتھ پاؤں سفید ہوں تو میرے نزدیک نہایت اچھا ہے۔ جس گھر میں ایسا گھوڑا ہوتا ہے فقر و پریشانی اُس گھر میں آنے نہیں پاتی اور جب تک وہ گھوڑا اس شخص کی ملک میں رہتا ہے ظلم اُس گھر میں داخل نہیں ہوتا۔ بیان اسپ و الاغ وغیرہ کا اور اُن کی دہشت اور اُن پر سوار ہونے کا احادیث شیعہ میں بہت ہے بلحاظ اختصار اسی قدر اکتفا کی گئی۔

جناب اسماعیلؑ و ابراہیمؑ نے جب خانہ کعبہ کی تعمیر شروع کی اور کعبہ کے پایہ بلند ہوئے اس خدمت کے صلہ میں وحی ہوئی کہ اے ابراہیمؑ ہم نے تم کو ایک خزانہ مرحمت کیا ہے جو تم سے پہلے کسی کو نہ دیا تھا۔ یہ سن کر نبی خدا مسرور ہوئے اور جناب اسماعیلؑ کو لے کر ایک پہاڑ پر جس کا نام جیاذ تھا چڑھ گئے، بلندی پر پہنچ کر عرب کے سرکش گھوڑوں کو جن کی پشت پر اُس وقت تک کوئی سوار نہ ہوا تھا آواز دی، تمام گھوڑے جمع ہو گئے۔ فَاَوَّلُ مَنْ رَكِبَ الْخَيْلَ اِسْمَاعِيْلُ۔

گھوڑوں کی قسمیں باعتبار رنگ کے مختلف ہوتی ہیں۔ ادہم، کمیت، ابیض، ابلق۔ جنگ بدر میں جناب باری عزاسمہ نے اپنے حبیبؐ کی نصرت میں جو سفید پوش ملک بھیجے وہ ابلق گھوڑوں پر سوار، آگے آگے جبرئیل امینؑ تھے، اُن کے رہوار کا نام خیر دم تھا۔

مجاہدین راہ خدا کے گھوڑے اُن کے ساتھ ساتھ داخل بہشت ہوں گے۔حدیث میں ہے:

خُيُوْلُ الْغُزَاةِ خُيُوْلُهُمْ فِي الْجَنَّةِ.

مجاہدین کے گھوڑے بہشت میں بھی اُن کی سواری کی خدمات انجام دیں گے۔

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو جس کا نام اُس کی بہادری کے سبب زید الخیل تھا آپؐ نے نام تبدیل کر کے زید الخیر نام رکھ دیا۔امام حسین علیہ السلام کی سخاوت اور یتیم نوازی کے سلسلہ میں جو روایت گھوڑے پیدا کرنے کی مشہور ہے وہ مجالس المتقین کے سوا میں نے کسی معتبر کتاب میں نہیں دیکھی۔

ملا حسن واعظ کاشفی مشہور عالم اہل سنت روز عاشور کے واقعات اور آل رسولؐ کی قربانی پر تفصیل سے بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

شاہزادہ نجواست کہ حملہ کند ناگاہ گردے وغبارے پدید آمد چنانچہ ہیچکس رانمی دید مقارن ابن حال شخصے مہیب باشکلے عجیب بر مرکبے نشستہ کہ سر ودستش وتن اسپ می مانست پائش مشابہ پائے شیر بود پیش امیر المومنین حسین آمد وسلام کرد بدین عبارت السلام علیک وعلی جدک وابیک امیر المومنین حسین جواب سلام داد وگفت تو چہ کسی است اے نیک بخت کہ درچنین وقتے بر مظلومان بے چارہ وغریبان آوارہ سلام می کنی گفت یا بن رسول اللہ من مہتر پایانم ومولای سید آخر الزمانم وچاکر شاہ مردانم مرا زعفر راھدمی گویند۔(روضۃ الشہداء)

فرزند امیر المومنینؑ چاہتا تھا کہ حملہ کرے،ایک گرد بلند ہوئی جو کبھی کسی نے نہ دیکھی تھی اور دامن گرد چاک ہو کر ایک مہیب شخص عجیب شکل وشمائل کا آیا جس کی سواری از سرتا کمر گھوڑے کی طرح اور پیر شیر کے پیروں سے ملتے ہوئے تھے،امیر المومنین حسینؑ کے سامنے پہنچ کر اس طرح سلام کیا کہ آپ پر اور آپ کے اب وجد پر میرا سلام ہو،امیر المومنین حسینؑ نے جواب سلام دیا اور فرمایا اے نیک بخت تو کون ہے جو ایسے وقت میں مجھ مظلوم وبے چارہ ومسافر پر سلام کرتا ہے۔عرض کیا اے پیغمبر زادہ میں جنوں کا حاکم اور پیغمبر آخر الزمان کا غلام اور شاہ مرداں کا خادم زعفر راہد ہوں۔

ہم نے اس واقعہ کو اپنی کتاب المیزان فی احکام الجان میں تفصیل سے لکھا ہے۔

ایک شخص نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے شکایت کی کہ چوپایہ میرا وقت رفتار دفعتاً ٹھہر جاتا ہے۔

حضرتؑ نے فرمایا: اس آیہ کو اُس کے کان میں پڑھ:

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ، وَ ذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ، وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۔

کیا ان لوگوں نے اس پر بھی غور نہیں کیا کہ ہم نے ان کے فائدہ کے لیے چار پائے اُس چیز سے پیدا کیے جسے ہماری ہی قدرت نے بنایا تو یہ لوگ اُن کے مالک بن گئے اور ہم نے چار پاؤں کو اُن کا مطیع بنا دیا تو بعض اُن کی سواریاں ہیں اور بعض کو کھاتے ہیں۔ اور چار پایوں میں اُن کے بہت سے فائدے ہیں اور پینے کی چیز (دودھ بھی ہے)۔ (سورہ یس: ۷۱ تا ۷۳)

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص کسی سفر میں ہو اور چوروں یا درندوں سے ڈرے تو گھوڑے کی یال پر لکھے: لَا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى. ضرر بحکم خدا دور ہوگا۔

راوی نے کہا میں سفر حج میں تھا ایک بیابان میں ایک جماعت عرب آئی اور قافلہ کو مارا، میں بھی اُس قافلہ میں تھا، میں نے اس آیہ کو اپنے گھوڑے کی یال پر لکھا، قسم اُس خدا کی جس نے حضرت رسولؐ کو مبعوث برسالت کیا اور حضرت امیرؑ کو بامامت مشرف کیا خدا نے دشمنوں کو میری طرف سے اندھا کر دیا اور کوئی ضرر اُن کا مجھ کو نہ پہنچا۔

امام رضا علیہ السلام کی خدمت میں ایک شریر گھوڑا آیا، کسی کی جرأت نہ ہوتی تھی کہ سوار ہو، سات برس کا ایک بچہ اُٹھ کھڑا ہوا اور عرض کرنے لگا یا ابن رسول اللہ مجھ کو حکم ہو تو میں اس پر سوار ہوں۔ فرمایا کیوں کر سوار ہوگا؟ عرض کیا سوار ہوتے وقت آپ اہل بیتؑ کی محبت کی تجدید کر لوں گا اور سو مرتبہ درود پڑھ کر سوار ہوں گا، یہ کہہ کر طفل ماہر سوار ہوا اور گھوڑے کو اتنا دوڑایا کہ گھوڑے نے عرض کیا یا ابن رسول اللہ میری خطا معاف کیجئے، اس سوار سے مجھے بڑی تعجب ہوئی، بچہ شکایت سن کر کود پڑا۔ امامؑ نے ہمت افزائی فرمائی اور کہا کہ (انعام میں) میری سواریوں اور لونڈی، غلاموں میں سے جو پسند ہو وہ لے لے۔

فَاِنَّكَ مُؤْمِنٌ قَدْ شَهِدَكَ اللهُ بِالْاِيْمَانِ. (مدینۃ المعاجز)

(نوٹ): گھوڑے کے مزید حالات انشاء اللہ فرس کی لغت میں بیان ہوں گے۔

تعبیر:

گھوڑے پر سوار دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ دولتِ بے اندازہ پائے، دلی مرادیں پوری ہوں۔

گھوڑے کی خوبی اور خوش رفتاری سے حکومت مراد ہے اور عیب سے نقصان اور فساد۔

سیاہ گھوڑا خواب میں دیکھنا سرداری کی علامت اور کمیت دیکھنا خوشی کی نشانی اور اشہب دیکھنا پریشانی رفع ہونے کا مژدہ اور ابلق دیکھنا دلاوری کی نشانی ہے، زرد گھوڑا دیکھنا بیماری کی آمد ہے۔

گھوڑا دوڑاتا دیکھے تو مراد حاصل ہو، علم میں کمال ہو، مرتبہ بلند ہو۔

گھوڑی دیکھنا عورت ملنے کی علامت ہے۔ گھوڑی کا دودھ پینا مال و دولت کی نشانی ہے، بیماری

سے صحت ہوگی۔

اگر اپنے یا کسی دوسرے کے گھوڑے کو مردہ دیکھے تو نقصان پہنچے گا صدقہ دے اور اگر بہت سے گھوڑے دیکھے تو روزی فراخ ہوگی۔

خواص:

عربی گھوڑے کا دانت اگر بچے کے گلے میں ڈالے تو دانت سہولت سے نکلیں گے۔

الحکم:

سید طباطبائی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

یکرہ سور مکروہ اللحم کالخیل والبغال والحمیر. (عروۃ الوثقیٰ)

گھوڑے اور گدھے اور خچر کا گوشت مکروہ ہے اور ان جانوروں کا جھوٹا کھانا بھی کراہت سے خالی نہیں۔

علامہ اصفہانی مدظلہ کا فتویٰ ہے کہ مادہ اسپ میں بھی زکواۃ واجب ہے۔ (ذخیرۃ الصالحین)

اگر کنوئیں میں گھوڑا مر جائے تو ایک کر نکالے۔

ادبیات:

فارسی میں مثل مشہور ہے:

اسپ و شمشیر و زن وفادار کہ دید۔ گھوڑا، تلوار، عورت کو کس نے وفادار دیکھا۔

یہ بھی مشہور ہے: بر اسپ چوبین سوار است۔ فلاں شخص لکڑی کے گھوڑے پر سوار ہے۔

اردو میں اس محل پر کہتے ہیں کہ فلاں شخص ہوا کے گھوڑے پر سوار ہے۔

ٹیکے نہ کبھی پاؤں مری قبر پہ آ کے ۔۔۔ رہتے ہیں سوار آپ تو گھوڑے پہ ہوا کے

ضرر رساں خط و کتابت کے تذکرہ میں طنزیہ کہتے ہیں: آپ تو کاغذی گھوڑے دوڑاتے ہیں۔

اجی کس ڈول سے بن جائے ہے گھوڑا کاغذ ۔۔۔ ہم بھی دوڑانے لگیں لاؤ نہ تھوڑا کاغذ

قلیل نفع ہونے اور اپنی حیثیت سے زیادہ امید لگانے کے موقع پر کہتے ہیں ہیں: جس خدا نے کوڑا دیا ہے وہ گھوڑا بھی دے گا۔

غافل نیند سونے والوں سے کہتے ہیں کہ تم گھوڑا بیچ کر سوئے۔

نامعلوم شے کے شرائط بیع و شرح طے کرنے کے موقع پر کہتے ہیں: گھر گھوڑا نخاس مول۔

ہندی کی مثل ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ صبح (بہور) کے وقت صرف گھوڑا، مور، چور پانی پیتے ہیں۔ چور رات بھر کی تعب کے بعد گھر پہنچ کر پیاسا ہوتا ہے، مور شب بھر چیخنے کے بعد پانی پیتا ہے، گھوڑا پانی پی کر دن بھر چلنے کے لیے تیار ہوتا ہے۔

گھوڑی چڑھانا: ختنہ سے پہلے حجام جسم اطفال کو کاٹنے کے قابل کرنے کے لیے ایک کلپ لگا دیتے ہیں اُس کے بعد ختنہ آسانی سے ہوتا ہے۔

پرتل کا ٹٹو: محنتی مزدور کو کہتے ہیں۔

لُبّی گھوڑی: ایک کیڑا ہے جو برسات میں پیدا ہوتا ہے اس کی دو قسمیں ہیں۔ چھوٹا یک انچ کے قریب اور بڑا دو انچ کا ہوتا ہے۔

گھوڑکی: نارتھ ویسٹرن ریلوے کا ایک اسٹیشن ہے جو لاہور سے کراچی کے سفر میں مسافروں کو ملتا ہے۔

گھوڑا استھان: چھوٹی لائن کا ایک اسٹیشن ہے جو دربھنگا سے نرکٹیا گنج کے راستہ میں پڑتا ہے۔

(د)

دابّۃ الارض

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
دابّۃ الارض			

آسٹریلیا میں پلاٹیپس (Platypus) سب سے عجیب جانور ہے۔ اس کے پرندوں کی طرح چونچ ہوتی ہے لیکن جسم چار پائے کی طرح ہوتا ہے اور انڈے دیتا ہے۔

علامات قیامت میں دابۃ الارض کا ظہور بھی ہے۔ قرآن مجید میں اس کی طرف اشارہ ہے:

وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ ۙ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ. (نمل: ۸۲)

یعنی جب ان لوگوں پر قیامت کا وعدہ پورا ہوگا تو ہم ان کے واسطے زمین سے ایک چلنے والا نکال کھڑا کریں گے جو ان سے یہ باتیں کرے گا کہ لوگ ہماری آیتوں کا یقین نہیں رکھتے تھے۔

حدیث میں ہے کہ دابۃ الارض کوہ صفا سے نکلے گا اور اس کے پاس حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی،

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا ہوگا اور انگوٹھی سے مومنوں کے چہرہ پر نشان کرے گا تو اس کا چہرہ نورانی ہو جائے گا۔ اور یہ لکھا نظر آئے گا کہ یہ مومن ہے اور کفار کے چہروں پر عصا سے نشان کرے گا تو اُس کے چہرہ پر لکھا جائے گا کہ یہ کافر ہے اُس وقت مومنوں کی خوشی اور کفار کے صدمہ کی کوئی حد نہ ہوگی۔ یہ علامات آفتاب کے مغرب سے نکلنے کے بعد ظاہر ہوگی، جب توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا۔ فریقین کی احادیث میں ہے کہ مراد دابۃ الارض سے جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام ہیں جن کے ہاتھ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصاء اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی ہوگی۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے جو پیغمبر خداؐ کی طرف نسبتی ہوتی ہے۔ ایک مرتبہ جناب امیر علیہ السلام مسجد میں آرام کر رہے تھے اس شان سے کہ مٹی جمع کر کے اُس پر سر رکھا تھا، پیغمبر خداؐ نے ٹھوکر سے جگایا اور فرمایا: قُمْ يَا دَابَّةَ اللهِ، اے دابۃ اللہ اُٹھو۔ اصحاب میں سے ایک مرد نے استفسار بہ لب ولجہ میں پوچھا کہ اے پیغمبر ہم آپس میں ایک دوسرے کو دابۃ اللہ کہہ سکتے ہیں۔ فرمایا نہیں خدا کی قسم یہ مخصوص ہے علیؑ کے لیے، یہ وہ دابہ ہیں جن کا قرآن میں خدا نے ذکر کیا ہے: وَإِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ، الآیہ۔ پھر آپ نے بھائی سے خطاب کر کے فرمایا:

إِذَا كَانَ آخِرُ الزَّمَانِ أَخْرَجَكَ اللهُ فِي أَحْسَنِ صُورَةٍ، وَمَعَكَ مِيْسَمٌ تَسِمُ بِهِ أَعْدَاءَكَ.

جب قیامت کا دن ہوگا تو تم کو خدا حسین ترین صورت میں باہر لائے گا اور تمہارے پاس خاتم سلیمانؑ ہوگی جس سے دشمنوں پر مہر کر دیں گے۔

سواد اعظم کی روایتوں میں دابۃ الجنہ سے آپ کو تعبیر کیا ہے۔

عبداللہ امرتسری کفایۃ الطالب فی اسماء الی الائمہ میں لکھتے ہیں:

عن عمر بن حموح ان رسول الله ﷺ قال عمر بن الخطاب هل اريت دابة الجنه تاكل الطعام و تشرب الشراب و تمشي في الاسواق. قال هذا دابة الجنه و اشار الى على (اخرجه ابصرانى فى الكبير)

عمر بن حموح سے روایت ہے کہ تحقیق کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عمر بن الخطاب سے فرمایا: تمہیں جنت کا چارپایہ دکھائیں جو کھانا کھاتا ہے اور پانی پیتا ہے اور بازاروں میں چلتا ہے، پھر فرمایا یہ ہے جنت کا چوپایہ اور جناب علیؑ کی طرف اشارہ کیا۔ (ارجح المطالب، ص ۵۲)

حدیث مفضل میں ہے کہ دابۃ الارض کعبہ کے رکن ومقام سے ظاہر ہوگا۔ زمانہ ظہور امام دوازدہم

میں سفیانی کے ظاہر ہونے سے پہلے۔

جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام کے علم کی شان میں علامہ ابن شہر آشوب لکھتے ہیں:

ومن وفور علمه أنه عبر منطق الطير والوحوش والدواب.

اُن جناب کے وفور علم کی یہ بات تھی کہ چڑیوں کی بولی اور ہر وحشی و چوپائے کی زبان جانتے تھے۔

مالک بن دینار کہتا ہے کہ میں نے حج کے راستے میں ایک کمزور چوپائے پر ضعیف العمر عورت دیکھی جس سے لوگ کہہ رہے تھے کہ تیرا راحلہ راستہ طے نہیں کر سکتا، اُتر پڑ، چنانچہ نصف راہ طے ہو جانے کے بعد سواری نے ساتھ چھوڑ دیا، اُس وقت اُس ضعیفہ نے سر آسمان کی طرف بلند کیا اور عرض کیا: نہ تو نے مجھے اپنے گھر تک پہنچایا اور نہ میرے گھر میں رہنے دیا، تیرے عزت وجلال کی قسم اگر تیرے سوا کوئی ایسا سلوک کرتا تو تجھ سے شکایت کرتی۔ یہ شکوہ ختم نہ ہوا تھا کہ اُسی صحرا سے ایک شخص مہار ناقہ لیے ہوئے نمودار ہوا اور بڑھیا سے کہا کہ اس پر سوار ہو جا، اُس نے پشت ناقہ پر جگہ پالی اور ناقہ بجلی کی طرح چمک کر نظروں سے غائب ہو گیا۔ جب میں مکہ پہنچا تو اُس عورت کو طواف کرتے ہوئے دیکھا، میرے تعجب کی کوئی انتہا نہ رہی اور قسم دے کر پوچھا کہ تم کون ہو، اُس نے کہا میں شہرہ دختر مسکہ بنت فضہ کنیز زہراؑ ہوں۔ (مناقب آل ابی طالبؑ)

امام زین العابدین علیہ السلام نے اہل ثغور کی دُعا میں دشمنان دین کے نیست و نابود ہونے کی دعا کرتے ہوئے فرمایا ہے:

اَللّٰهُمَّ عَقِّمْ اَرْحَامَ نِسَائِهِمْ، وَ يَبِّسْ اَصْلَابَ رِجَالِهِمْ، وَ اقْطَعْ نَسْلَ دَوَابِّهِمْ وَاَنْعَامِهِمْ.

خداوندا ان کی عورتوں کے رحموں کو بانجھ کر دے اور مردوں کے صلبوں کو خشک کر دے اور ان کے چارپاؤں کی نسل کو منقطع کر دے اور اونٹوں کی (نسل بھی نہ پھیلے)۔

یہ دُعا کسی انتقامی جذبہ میں نہیں ہے بلکہ آپ اپنے دور کے مظلوم شیعوں کی کسمپرسی دیکھ کر چاہتے ہیں کہ دشمن اُن کے دنیا سے مٹ جائیں اور اُن کا نام ونشان، مویشی بھی نہ رہیں جن سے پسماندگان فائدہ اٹھا کر حق کے خلاف مورچہ بندی کریں۔

نوٹ: چوپاؤں کو خدا نے پنجشنبہ کے دن پیدا کیا ہے۔ (مجمع البحرین)

ادبیات:

دوپایہ سے چوپایہ آنا: عورت کا گھر آنا، مجرد مرد کی شادی۔

الدَباء

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
ٹڈی کا بچہ		ملخ کوچک	الدَباء

کلام عرب میں دَباء ٹیڈی کے اُن بچوں کو کہتے ہیں جن میں باز وتو پیدا ہو گئے ہوں مگر طاقت پرواز نہ آئی ہو۔ اردو، فارسی، انگریزی میں اس کے لیے کوئی مخصوص لفظ نہیں ہے۔

کلام معصومین علیہم السلام میں اس کا تذکرہ ہے۔ امام سے پوچھا گیا: ہَلْ يَحِلُّ أَكْلُهُ. آیا اس کا کھانا روا ہے؟ آپ نے فرمایا: قَالَ لَا يَحِلُّ أَكْلُهُ حَتَّى يَطِيرَ. جب تک قوت پرواز پیدا نہ ہو حلال نہیں ہے۔

(بحار الانوار)

تعبیر:

اگر خواب میں دیکھے تو دشمنوں کی خفیہ طاقت کے برسرپیکار ہونے کا خوف ہے، صدقہ دے۔

الدب

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
ریچھ، بھالو	Bear	خرس	الدب

بڑا تنومند اور خونخوار درندہ ہے جو کسی جانور سے سوائے شیر کے مغلوب نہیں ہوتا۔ جب لڑتا ہے تو ہاتھ، پیر، دانت اپنی تمام طاقتیں صرف کر دیتا ہے۔ گائے، بیل کا دشمن ہوتا ہے۔

ریچھ کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ سیاہ اور سفید، بادامی۔ ہندوستان میں صرف کالا ریچھ ہی پایا جاتا ہے۔ یہ پہاڑوں کے غاروں میں رہتا ہے اور خوراک کے لیے رات کے وقت نکلتا ہے۔ یہ بیل، پتی اور جڑ اور شہد کھاتا ہے۔ سفید ریچھ ایشیاء کے شمال میں ملتا ہے۔

حدیث میں ریچھ کو بھی مسخ جانوروں میں شمار کیا ہے:

وَاَمَّا الدُّبُّ فَكَانَ رَجُلًا يَسْرِقُ الْحَاجَّ.

بھالو حاجیوں کا مال چراتا تھا خداوند عالم نے اُس کو مسخ کر دیا

شاعر کہتا ہے۔

برائی یہ ادنیٰ ہے اس فعل کی ہوئے مسخ اس سے بہت آدمی
کوئی ریچھ بن کر غضب میں پڑا کوئی ہو کے ہاتھی تعب میں پڑا

(تحفۂ جعفری)

اور دوسری حدیث میں ہے:

فَكَانَ رَجُلًا مُؤَنَّثًا يَدْعُو الرِّجَالَ اِلٰى نَفْسِهٖ.

وہ عورت کی طرح تھا لوگوں کو بدکاری کے لیے اپنی طرف بلاتا تھا۔

اور مستدرک میں ہے کہ اس کے مسخ ہونے کا واقعہ یہ ہوا کہ مسافروں کو راہ بھلا دیتا تھا، نہ پردیسی پر رحم کھاتا تھا، نہ مفلس پر ہر شخص کو لوٹ لیتا تھا۔

ممکن ہے کہ تینوں واقعات صحیح ہوں اور ہر جرم کے عوض میں خدا نے لباس انسانیت اُتار لیا ہو۔

ریچھ زیادہ تر سیاہ فام یا بھورے ہوتے ہیں، سارے جسم پر بڑے بڑے بال ہوتے ہیں۔ ہمالیہ کے جنگل کا ایسا بھالو بھی دیکھا ہے جو سفید اور بغیر بالوں کا مگر زیادہ ہیبت ناک تھا۔ بھالو درخت پر بھی چڑھ جاتا ہے۔ غصہ کے وقت بڑی ڈرونی آواز سے چیختا ہے۔ اس کا دہانا دیگر درندوں کی بہ نسبت زیادہ لانبا ہوتا ہے اور ناخن نوک دار ہوتے ہیں۔ تلوے اور ہتھیلیوں پر بال نہیں ہوتے۔

امام زین العابدین علیہ السلام کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور تعجب آمیز لہجہ میں پوچھا کہ ہم کو آپؑ کے دشمنوں پر کس لیے فضیلت حاصل ہے حالانکہ ہم اور وہ برابر ہیں بلکہ اُن میں ہم سے زیادہ جمیل اور خوبصورت موجود ہیں؟

فرمایا: چاہتے ہو کہ میں تمہارا مرتبہ دکھاؤں؟

عرض کیا ہاں۔

فرمایا میرے قریب آؤ۔ میں نزدیک گیا اور آپؑ نے میری دونوں آنکھوں پر ہاتھ پھیر کر فرمایا دیکھو تو کیا نظر آتا ہے۔ اب جو مسجد رسولؐ کی طرف دیکھتا ہوں تو بندر، سور، ریچھ، سوسمار ہر طرف نظر آرہے ہیں۔ میں نے عرض کیا میں فدا ہوں آپؑ پر مجھے پہلی حالت کی طرف پلٹا دیجیے، یہ بڑا سخت منظر ہے، حضرتؑ نے ہاتھ پھیرا اور میں اصلی حالت پر آگیا۔

دریائی ریچھ کو آج کل کے تحقیق پسند سیل مچھلی کی قسم بتاتے ہیں، اس کے کان باہر نکلے ہوئے ہوتے ہیں اور دونوں پاؤں برخلاف سیل کے ملے نہیں ہوتے بلکہ جدا جدا ہوتے ہیں۔ دریائی

ریچھ کی ایک قسم ممالک متحدہ امریکہ کے شمال مغربی ساحل پر اور مشرقی ایشیاء کے برف بستہ علاقہ کے نواح مین پائی جاتی ہے۔ (عجائب قدرت، جلد اوّل)

تعبیر:

ریچھ کو خواب میں دیکھنا دشمن قوی کے مقابلہ کی دلیل ہے، مغموم ہو، صدقہ دے۔

الحکم: گوشت اس کا حرام ہے۔

خواص:

قزوینی نے عجائب المخلوقات میں لکھا ہے کہ اگر اس کا چمڑا بد اخلاق آدمی اپنے پاس رکھے تو خوش اخلاق ہو جائے۔

ادبیات:

بد سرشت آدمی کو ریچھ سے تشبیہ دیتے ہیں۔

تعریف سن کرے دادِ ادب بھولتا ہے اور　　　مانند خرس دشمنِ دین پھولتا ہے اور

(انسؔ مرحوم)

الدَّبر

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الدَّبر		Wasp	شہد کی مکھی

کلام عرب میں دبر شہد کی مکھیوں کی جماعت کو کہتے ہیں: سمیت بذلک لتدبیر ہا فی عمل العسل.

یہ نام اس لیے رکھا گیا کہ مکھی شہد کی تدبیر میں مصروف رہتی ہے۔ یہ لفظ حضرت سکینہؑ بنت الحسینؑ کی زبان پر جاری ہوئی ہے۔ بحار، کتاب صید و ذبائح میں ہے کہ سکینہؑ بنت الحسینؑ زمانہ طفولیت میں اپنی ماں ربابؑ کے پاس روتی ہوئی آئیں اور ربابؑ نے پوچھا کہ تم کو کیا ہوا؟ سکینہؑ نے کہا کہ میرے قریب سے ایک شہد کی مکھی گذری اور اس نے اپنا ڈنگ مار دیا۔

تعبیر، خواص اور حکم نحل کی لغت میں بیان ہوگا۔

تیش سے لگتے ہیں ہجر یار میں تار شعاع　　　آسمان نیلگوں چھتا ہے زنبور آفتاب

(آتشؔ)

دجاج

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
دجاج	ماکیان	Hen	مرغی

عربی میں مرغی کو دجاج یا دجاجہ کہتے ہیں۔ بعض ارباب لغت کو غلط فہمی ہوئی ہے کہ مرغ کی عربی دیک اور مرغی کی دجاجہ ہے، ایسا نہیں ہے۔ مروز آبادی نے قاموس میں صراحت کردی ہے۔ دجاج نر و مادہ دونوں کو کہتے ہیں اور یہی درست بھی ہے۔ عرب میں مرغی کو بلاتے وقت دج کہتے ہیں۔ ہم مرغ کا حال انشاءاللہ آئندہ لکھیں گے اس مقام پر مرغی کے حال سے ابتدا کرتے ہیں۔

دانشمندوں کا قول ہے کہ مرغ مرغی انسان کے معاش و معاد دونوں کے لیے مفید ہیں۔ مرغ سے سونے والے بیدار ہوتے ہیں اور مرغی کے انڈوں سے ناشتہ کیا جاتا ہے۔ انڈوں کو جس طرح چاہے کھاؤ، کچے انڈے بھی طاقتور اور بہت زیادہ مفید سمجھے جاتے ہیں، پختہ خوش ذائقہ ہوتے ہیں اور نیم برشت انڈے نفع خیز ہیں۔

مرغیوں کی قسمیں بکثرت ہیں۔ پہاڑی، سبزواری، ریشم پری، ولایتی، یمنی، منارکہ وغیرہ۔ بعض مرغیاں زیادہ تعداد میں انڈے دے کر کڑک ہوتی ہیں، بعض کم انڈے دیتی ہیں۔

زمخشری نے ربیع الابرار میں لکھا ہے کہ جب مرغی دن کو دو انڈے دے تو یہ اس کی موت کی نشانی ہے۔

مرغی کے بچے کو اردو میں چنگنا کہتے ہیں جس کی یخنی مریضوں کو دی جاتی ہے۔ یخنی بنانے کے موقع پر اردو میں اس کے لیے چوزے کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔ مرغی کے بچوں کو "تی تی" اور مرغی کو "کٹ کٹ" کہہ کر بلاتے ہیں۔ پانی کی مرغی کو جل مرغی کہتے ہیں۔

حدیث میں ہے کہ جب مرغی کڑکڑاتی ہے تو کہتی ہے:

یَا اللّٰہُ یَا حَقُّ اَنْتَ الْحَقُّ وَ قَوْلُكَ الْحَقُّ.

اے معبود، اے حق تو ہی حق ہے اور تیرا قول بھی حق ہے۔

کبھی کبھی مرغی بھی اذان دیتی ہے جو ہندوستان میں بدشگونی کی علامت ہے، ایسی مرغی کو چیری دیتے ہیں۔

مرغی کے انڈے میں زردی، سفیدی دو الگ چیزیں ہیں مگر قدرت نے اثر جداگانہ ودیعت کیے ہیں۔ بڑے بڑے ڈاکٹر اس مکسچر کی ماہیت دریافت نہیں کرسکے۔ کوئی زردی کو زیادہ مفید کہتا ہے، کسی

محل پر سفیدی فائدہ میں بڑھی ہوئی نظر آتی ہے، کوئی ایک کو دوسرے کا مصلح اور جزء لاینفک سمجھ کر استعمال کرتا ہے۔ اطباء کہتے ہیں کہ بچہ انڈے کی سفیدی سے نکلتا ہے زردی اُس کی غذا ہوتی ہے جس سے وہ پرورش پاتا ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام ایک مرتبہ بیان فرما رہے تھے کہ بہشت کی نہریں اس طرح جاری ہوں گی کہ ایک دوسرے سے مخلوط نہ ہوں گی۔ شیر و شہد و شراب نہروں میں برابر سے رواں ہوگا۔

خدمت عالی میں ایک ملحد موجود تھا اُن سے کہا اس کو تو کوئی عاقل قبول نہ کرے گا۔ چند چیزیں برابر جاری ہوں اور ایک دوسرے سے نہ ملے۔

حضرت نے فرمایا کہ تو نے نہیں دیکھا کہ انڈے میں دو رقیق چیزیں جمع ہیں زردی و سفید ایک دوسرے سے رنگ، مزہ، اثر میں مختلف ہے مگر ایک دوسرے سے مخلوط نہیں ہوتا، یہ سن کر وہ مبہوت ہو گیا اور کچھ جواب نہ دے سکا۔ (امالی التفسیر والواعظ)

ابو شاکر دیصانی امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا عرض کی مجھ کو میرے معبود کی طرف راہنمائی کیجئے۔ حضرت نے فرمایا بیٹھ جا، ناگاہ ایک لڑکا سامنے سے گذرا اُس کے ہاتھ میں انڈا تھا۔ فرمایا اے بچے یہ تخم مرغ مجھ کو دے۔ حضرت نے اُس سے لے کے زندیق سے خطاب کیا اور انڈے کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: یہ قلعہ مستحکم ہے، سرتاسر حصار کھچا ہوا ہے، اس کے اندر کا حال غیروں کی نظر سے مخفی ہے، اس کے اُوپر سخت چھلکا ہے، نیچے پتلی جھلّی ہے جو (زردی، سفیدی) کو گھیرے ہوئے ہے، اُس کے نیچے طلاء و نقرہ رواں ہے یعنی زردی سفیدی، نہ طلاء نقرہ سے مستہلک ہوتا ہے نہ نقرہ طلاء سے، ان میں سے ہر ایک کو قدرت کاملہ قرار دیا ہے اور باوجود روانی کے ایک کو دوسرے سے ملنے سے بچایا، چاہے کتنی ہی حرکت کیوں نہ دو ہلانے سے بھی ایک دوسرے سے نہیں ملتا، کوئی مصلح نہ تو اندر سے باہر پہنچا اور فساد کرنے والا نہ باہر سے اندر گیا، اصلاح کا کوئی ذریعہ نہیں مگر خدائے قدیر جو ظاہر و باطن کا ماہر ہے اور اُس کے سوا کوئی خالق نہیں، نہ کوئی جانتا ہے کہ اس میں سے نر پیدا ہوگا یا مادہ (یہ قدرت ہی کا کرشمہ ہے کہ) بچہ اندر ہی اندر تیار ہوتا ہے اور چھلکے کو توڑ کر باہر آتا ہے۔ (امالی التفسیر والواعظ)

روز قیامت کے حال میں ہے کہ حساب کے لیے زمین کی پستی اور بلندی مسطح کر دی جائے گی، نہ پہاڑ نظر آئے گا نہ ٹیلا، زمین سفید لباس پہن لے گی۔ حدیث میں ہے کہ:

لو وضعت بیضۃ فی المشرق رأیت فی المغرب، فیبقی سبحانہ علی ھذا الحال

مقدار أربعين سنة.

اگر تخم مرغ مشرق میں رکھ دیا جائے تو مغرب کے رہنے والے اُس کو دیکھ سکیں گے، اس عالم میں ۴۰ برس گذریں گے اُس وقت ۴۰ روز آسمان سے بارش ہوگی اور مردے زندہ ہوں گے۔

(منابر الاسلام)

ایک شخص نے جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو مہمان کیا۔ جب آپ اُس کے گھر میں تشریف لے گئے تو دیکھا کہ مرغی نے انڈا دیا اور وہ اُوپر سے گر کے ایک میخ پر رک گیا اور ٹوٹنے نہیں پایا۔ آپ کو بہت تعجب ہوا۔ اُس شخص نے عرض کیا کہ آپ اس انڈے سے تعجب فرماتے ہیں اُس خدا کی قسم جس نے آپ کو مبعوث برسالت کیا آج تک مجھے کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ یہ سنا تھا کہ مرسل اُٹھ کھڑے ہوئے اور دسترخوان پر کچھ نہ کھایا۔

آج کل کے سائنسدانوں نے ایسی مشین ایجاد کی ہے جو مقررہ پیمانے پر گرمی پہنچا کر انڈوں سے بچے نکالتے ہیں لیکن ان بچوں میں وہ طاقت وتوانائی نہیں ہوتی جو مرغی کے سینے سے بچہ میں فطرتاً ہوا کرتی ہے۔ مشہور ہے کہ جو انڈے کبوتر کے نیچے رکھ دیئے جاتے ہیں اُن کے بچے اپنے پنجوں سے انسان پر حملہ کرتے ہیں۔

مرغی ہر رنگ کی ہوتی ہے اور سب طرح کا اناج، گوشت، روٹی، کیڑے، پتنگے کھاتی ہے۔ بسا اوقات چھوٹے سانپ بھی مار کر کھا جاتی ہے۔ سبز پیروں کی مرغی ہندوستان میں عموماً منحوس سمجھی جاتی ہے۔ مرغی، مرغ کے لیے بلی، نیولے، سیار سے اندیشہ رہا کرتا ہے۔ خانگی مرغیوں کو بلی زیادہ تر نقصان پہنچاتی ہے۔

تعبیر:

ابن سیرین (جو تعبیر خواب میں نہایت ماہر تھا) کے پاس ایک شخص آیا اور کہا میں نے شب کو خواب میں دیکھا ہے کہ ایک خشک لکڑی کے نیچے انڈے جمع کر رہا ہوں۔ ابن سیرین نے کہا تم کتنا پاپ کرتے ہو، وہ شرمندہ ہو کر سامنے سے چلا گیا، حاضرین میں سے کسی نے سبب پوچھا تو ابن سیرین نے کہا کہ منافقین کے لیے قرآن میں ہے: (كَأَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ) اور عورت کے لیے ہے: (كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُونٌ) لہٰذا معلوم ہوا کہ خواب اُس کی پوشیدہ حالت کو آشکار کر رہا ہے۔

اگر مرغی خواب میں دیکھے تو غم واندوہ کا سامنا ہوگا اور بعض کہتے ہیں کہ روزی فراخ ہوگی اور اگر انڈا خواب میں دیکھے تو خزانہ ہاتھ آئے گا۔

الحکم:

مرغ کی جتنی قسمیں ہیں وہ حلال ہیں۔ اگر مرغ فضلہ خور ہو تو اُس کو تین روز بند کرے اور نجاست کھانے نہ دے اُس وقت استبراء ہو جائے گا۔ بن مرغی، جل مرغی حلال ہے۔ مرغی کے خاکی انڈے اور وہ انڈے جو ذبیحہ کے شکم سے برآمد ہوں حلال ہیں۔ (تحفۃ الاحباب)

ادبیات:

۱): روز کے آنے والے آدمی یا اپنے گھر کے کسی شخص کی نسبت جب اُس کی قدرو منزلت نہ کی جائے تو، کہا جاتا ہے: گھر کی مرغی دال برابر۔

۲): کسی ایک چیز کے دو حصہ دار ہوں اور معاملہ طول پکڑے تو کہتے ہیں: دو ملاؤں میں مرغی حرام۔

۳): عوام مرغی کے گو کو نجس سمجھتے ہیں حالانکہ ماکول اللحم جانور کا فضلہ پاک ہوتا ہے لہٰذا وہ اپنے نقطہ نظر سے نجس ترین چیز کو تشبیہ دیتے ہوئے کہتے ہیں: گو در گو مرغی کا گو۔

۴): کنجوس رؤسا (جن کا تمول روز افزوں ہو) کو کہتے ہیں: مرغی جتنی موٹی ہوتی جائے اسی قدر ..... چھوٹی ہوتی جائے۔

۵): ہندوستان کے لڑکے کابلی لوگوں کو دیکھ کر کہتے ہیں: آغا مرغی لے کر بھاگا۔

۶): مرغی والا۔ مرغی کا: اردو زبان میں گالی ہے۔

۷): مرغی کو تکلے کا داغ بہت ہے۔ کمزور کو ستانے کو تھوڑی سی ایذا بہت ہے

فائدہ جلیلہ:

برطانیہ عظمی میں صرف انڈوں کا اس قدر خرچ ہے کہ سال میں اسی لاکھ روپیہ کے انڈے غیر ملکوں سے آتے ہیں۔ ۱۸۹۸ء میں انڈوں کی کل تعداد ۳۶۴۵۹۰۳ تھی۔ وہاں سو کے ۱۲۰، انڈے شمار کیے جاتے ہیں۔ سلطنت متحدہ میں ہر سال ایک ارب اڑسٹھ کروڑ چالیس لاکھ انڈے کی درآمد ہوتی ہے۔ دنیا میں سب سے بڑا انڈا پیرس کے عجائب خانہ جارڈن ڈیسل پلانٹس میں ہے اس کا محیط ایک گز اور وزن ۲ گیلن ہے۔ (عجائب المعلومات، ص ۱۵، ۴۳، ۱۹)

دُرّاج

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
تیتر	Partnidge		دُرّاج

محقق طریحی لکھتے ہیں کہ تیتر مبارک پرندہ ہے۔ مادہ اس کی ایک جگہ اپنے انڈے نہیں رکھتی مختلف مقامات پر رکھتی ہے تا کہ کسی کو پتہ معلوم نہ ہو، یہی وجہ کہ اس کے بہت بچے ہوتے ہیں۔ حافظ نے تیتر کو کبوتر کی قسم قرار دیا ہے اس لیے کہ وہ بھی بچوں کو بازوں کے نیچے سیتا ہے، مجھے اس سے اتفاق نہیں ہے۔ تیتر کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں جو مختلف قدو قامت اور مختلف رنگ کے ہوتے ہیں، گہرے نیلے رنگ کے تیتر شاذ و نادر نظر آتے ہیں عموماً بٹیر کے رنگ کے کثرت سے ملتے ہیں۔ آواز ان کی پاردار ہوتی ہے۔ دکن کے تیتر ہندوستان بھر میں اچھے ہوتے ہیں۔ ایک قسم بہٹ تیتر ہے۔ تیتر بٹیر کی طرح خوب لڑتا ہے۔ تیتر باغوں کے سوا گھر میں مادہ سے جفت نہیں ہوتا۔ اپنے مالک کو خوب پہچانتا ہے، آواز پر دوڑتا ہے۔

حدیث میں ہے کہ تیتر کہتا ہے: اَلرَّحْمٰنِ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى

سلمان فارسیؓ سے روایت ہے کہ میں خدمت جناب امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام میں ایک بے آب و گیاہ صحرا میں تھا کہ ایک تیتر نظر آیا، آپؑ نے اُس سے پوچھا کہ تو اس جنگل میں کب سے ہے اور تیرے آب و دانہ کا کیا نظام ہوتا ہے۔ اُس نے عرض کیا کہ میں اس جنگل میں جب بھوکا ہوتا ہوں تو آپ پر صلواۃ بھیج کر سیر ہو جاتا ہوں اور جب پیاسا ہوتا ہوں تو آپ کے دشمنوں کے لیے دعائے بد کرتا ہوں تشنگی دور ہو جاتی ہے۔

امام حسن علیہ السلام کے حال میں بھی ایک ایسا ہی واقعہ ہے جس کو بخوف طول درج نہیں کیا۔

نوٹ: میر حسن نے دراج کا فارسی نام تیہو لکھا ہے، میرے نزدیک وہ دوسرا جانور ہے جس کا حال انشاء اللہ اپنے مقام پر عنقریب آئے گا۔

تعبیر:

تیتر خواب میں دیکھنا مبارک ہے، دلی مرادیں پوری ہوں گی۔

خواص: تیتر کا گوشت قوت فہم کو بڑھاتا ہے۔

الحکم:

تیتر کا گوشت حلال ہے اور چوکہ تیتر اور کنتاس جس کی سرخ چونچ ہوتی ہے وہ بھی حلال ہے۔

ادبیات:

اردو میں کسی چیز کے نامکمل یا بے ترتیب ہو جانے کے موقع پر کہتے ہیں: آدھا تیتر آدھا بٹیر

اردو دان شعراء نے بھی دراج کو اپنے کلام میں استعمال کیا ہے۔ جعفر لکھنوی سفر عراق کے حالات میں نظم کرتے ہیں۔

کبک اور درّاج و مرغِ آبی، فاز و فاختہ   نہر اور باغات ہیں سیر و شکار کربلا

جمیل بن درّاج: امام جعفر صادق علیہ السلام کے صحابی کا نام ہے، نیز دراج امام رضا علیہ السلام کے صحابی کا نام ہے جن کے بیٹے نوح تھے۔

۲): تیتر کے منہ کھجے: ناممکن الحصول چیز کے پا جانے کے وقت کہتے ہیں۔

۳): بچوں کو لوری دیتے وقت عورتیں کہتی ہیں: آغوں غنغے، دو تیتر پکے، دو بھونے، دو چکھے، دو میاں کے لیے رکھے۔

دعموص

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
دعموص			

محقق طریحی کہتے ہیں کہ یہ سیاہ رنگ کا ایک کیڑا ہے جو پانی میں ڈوبکیاں کھاتا رہتا ہے اور گندگی میں بھی پایا جاتا ہے اور قزوینی کی تحقیق یہ ہے کہ سرخ رنگ کا ایک کیڑا ہے جو اکثر ساگ میں ہوتا ہے، جب پر نکل آتے ہیں تو پروانہ ہو جاتا ہے۔ دمیری نے حیات الحیوان میں لکھا ہے کہ یہ ایک چھوٹی مچھلی مثل دریائی سانپ کے۔

قول اول صحیح ہے عربی قواعد کے لحاظ سے اس کی جمع دعامیص اور دعامص ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام کی حدیث میں اس کو مسوخات میں شمار کیا ہے اور اس کے بارے میں فرمایا ہے کہ یہ ایک مرد زناکار تھا جو کسی عورت کو زنا کیے بغیر نہ چھوڑتا تھا، خدا نے دعموص کی شکل میں مسخ کر دیا۔ (خصال ابن بابویہ)

اور مستدرک الوسائل میں اس کے مسخ کیے جانے کا قصہ یہ ہے کہ جب عورتوں سے نزدیکی کرتا تھا

تو غسل جنابت نہ کرتا تھا اور نماز پڑھنا چھوڑ دی تھی، خدا نے پانی میں اُس کی جگہ قرار دی تا کہ قیامت تک ٹھنڈک سے نقصان پہنچتا رہے۔

حدیث شب معراج میں اس کا ذکر ہے آنحضرتؐ نے فرمایا کہ جب میں شب معراج آسمان پر گیا تو میرے پسینہ سے گلاب کا درخت روئیدہ ہوا اور جب پھول دریا میں ڈالا گیا تو مچھلی نے چاہا کہ اُس کو نگل جائے ادھر عموص نے چاہا کہ وہ لے لے خدا نے ایک فرشتہ کو بھیجا کہ وہ دونوں میں حَکَم ہو اور نصف نصف آپس میں تقسیم کردے، گلاب کے پھول میں مچھلی کی دُم اور دعموص کی دم سے مشابہ پتیاں ہیں، آدھا مچھلی سے آدھا عموص سے ملتا ہوا ہے۔

جناب فاطمہؑ بنت الحسینؑ نے جو فاضلانہ خطبہ راہ کوفہ میں پڑھا اُس میں حمد وثنا کے سلسلہ میں دشمنوں کی سفاکی اور آل محمدؐ سے حسد کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا ہے:

فَمَا ذَنْبُنَا اِنْ جَاشَ دَهْراً بُحُورُنَا   وَبَحْرُكَ سَاجٍ مَا يُوَارِي الدَّعَامِصَا

(ناسخ التواریخ، ص ۳۲۲، ج ۶)

تعبیر:

اس کیڑے کو خواب میں دیکھنے سے کسی مرد فاسق سے سابقہ ہونے کی امید ہے۔

الحکم:

سوخات کُل حرام ہیں۔

دلدل

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
دلدل			

دلدل عربی میں بڑے قد کی سیاہی گوتھی ہیں جو شام وعراق میں پائی جاتی ہے۔ اسی کے نام پر جناب رسالت مآبؐ کے خچر کا نام دلدل رکھا گیا ہے۔

فاضل رشید الدین مدنی لکھتے ہیں کہ دلدل اُس استر کا نام ہے جو سفید سیاہی مائل حاکم اسکندریہ نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر کیا تھا اور امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام اُس پر سوار ہوتے تھے۔ (منتخب اللغات، ص ۱۷۴، چھاپہ نول کشور ۱۸۹۱ء)

شاعر کہتا ہے۔

رواں آگے دلدل پہ یعسوب دین   قدم با قدم پیچھے سب مومنین

(تحفہ جعفری)

شیخ سعدی کہتے ہیں ۔

اگر دانی بگوئی جز علی نیست   کہ دلدل زیر رانش بود خوشتر

اسی دلدل اور پیغمبرؐ کے متروکہ کے لیے بعد جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضرت عباسؓ نے دعویٰ کیا تھا کہ میرا حق ہے۔ حضرت علیؑ ایک گروہ اصحاب کو لیے ہوئے مسجد میں آئے اور حکم دیا کہ پیغمبرؐ کے تبرکات حاضر کیے جائیں ۔ زرہ، تلوار، عمامہ، دلدل لایا گیا۔ آپؑ نے عباسؓ کو اپنے ہاتھ سے زرہ پنھائی، سر پر عمامہ رکھ کر، تلوار حمائل کی، آلات حرب کا وہ گراں وزن تھا کہ عباسؓ جگہ سے اُٹھ نہ سکے جب تک عمامہ اُتار نہیں لیا اور ذوالفقار رکھ نہیں دی، جب دلدل کے قریب آئے تو ہیبت سے چیخ مار کر غش کر گئے، مجبور ہو کر عباسؓ نے اپنا دعویٰ واپس لیا اور وہی آلات حرب جو عباسؓ ایسا بہادر جسم پر آراستہ کر کے اُٹھ نہ سکتا تھا جب شیر خدا کے جسم تک پہنچے تو آپ مسلح ہو کر مسجد میں ٹہلے اور آخر میں اُس عمامہ اور زرہ اور ذوالفقار سے اپنے کمسن شہزادوں (حسنینؑ) کو آراستہ ہونے کا حکم دیا اور دونوں فرزند باری باری راہوار پر بیٹھے دلدل نے سرتابی نہ کی۔

تعبیر:

اگر دلدل کو خواب میں دیکھے تو انتظار فرج آل محمد کرے۔

دُلفین

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
دُلفین	خوک آبی	Dalfen	سونس

یہ جانور مبارک سمجھا جاتا ہے جب کسی ڈوبتے ہوئے مسافر کو دیکھتا ہے اپنی پشت پر لاد کر ساحل تک پہنچا جاتا ہے۔ یہ مچھلی دریائے شور میں پائی جاتی ہے اور دیکھنے والوں کو کی نگاہ سے ایک مشک پر آب معلوم ہوتی ہے۔

حدیث مفضل میں اس مچھلی کا ذکر ہے اور صادق آل محمدؐ نے فرمایا ہے کہ یہ مچھلی اپنا شکار عجیب طرح سے فراہم کرتی ہے یعنی مچھلی کو مار کر چھوڑ دیتی ہے جب وہ تیرنے لگتی ہے تو اُس کی آڑ میں پوشیدہ ہو کر جو جانور اُس مچھلی کو اپنا لقمہ بنانے آتا ہے اُس کو پکڑ لیتی ہے۔

بعض اہل تحقیق ڈلفین کو خوک آبی کہتے ہیں۔

تعبیر:

اس مچھلی کو خواب میں دیکھنا آفات سے محفوظ رہنے کی خبر ہے، غیب سے مدد پہنچے گی۔

خواص:

کتب طب میں اس کے خواص نہیں ہیں۔

الحکم:

مری نظر سے کوئی نص اس مچھلی کے بارے میں نہیں گذری اگر فلس ہوں تو حلال ہے ورنہ حرام۔

آج کل نئے تعلیم یافتہ افراد ہی اس تحقیق قدیم کے ہمنوا ہیں چنانچہ انگریزی میں اس کو پارپائس اور ڈالفن سن اس کی ایک قسم ناروہیل بھی ہوتی ہے جس کے سر میں گینڈے کی طرح باہر نکلے ہوئے دانت ہوتے ہیں اور یہ ہاتھی دانت کی طرح قیمتی سمجھے جاتے ہیں۔ میرے نزدیک ڈلفین کا خوک آبی ہونا صحیح نہیں ہے اسی طرح مجھے نفائس اللغات کے مولف کی رائے سے بھی اتفاق نہیں ہے وہ اس کا اردو نام سوس کہتے ہیں، سوس خود خطرناک جانور ہے جو ڈوبتے ہوئے انسان کو لقمہ بناتا ہے نہ کہ اُس کی محافظت کرے۔ واللہ یعلم

الدوبسی

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الدوبسی			لال کبوتر

جنگلی کبوتر کی ایک قسم ہے جو قمری سے مشابہ سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔

حدیث امام حسنؑ میں ہے کہ یہ کبوتر کہتا ہے: میرا خدا تو ہی ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں اے خدا

تعبیر:

اس پرند کو خواب میں دیکھنے سے ذکر خدا کی توفیق ہو۔

خواص:

گوشت اس کا فالج کے مریضوں کو مفید ہے۔

maablib.org

الحکم:

گوشت اس کا حلال ہے۔

دود

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
دود	کرم	Warm	کیڑے

کیڑوں کی قسمیں بہت ہیں۔ پانی کے کیڑے، بیماریوں کے کیڑے، کپڑے میں لگنے والے کیڑے، پھلوں میں جو کیڑے پیدا ہوتے ہیں، اناج میں جو کیڑے پیدا ہوتے ہیں، ریشم کا کیڑا وغیرہ وغیرہ۔ کیڑوں کی قسمیں بہت زیادہ ہیں جن کا شمار نہیں ہوسکتا اور نہ سب ایک طرح کے ہوتے ہیں، غور کرنے سے سب کی شکلیں مختلف نظر آتی ہیں۔ پانی کے کیڑوں کی شکل، ریشمی کپڑوں میں جو کیڑا لگتا ہے اُس کی صورت، کاغذ میں جو کیڑا لگتا ہے وہ شکل وشمائل میں جدا جدا ہیں۔ دانت میں جو کیڑا لگتا ہے، معدہ اور آنتوں کی کرم بیماریوں میں، جسم مریض کے کیڑے، مردہ جسموں کے کیڑے، کتے کے جسم میں جو کیڑا پیدا ہوتا ہے اُس کو کِلّی کہتے ہیں وغیرہ وغیرہ کے ذکر سے احادیث شیعہ خالی نہیں ہیں تفصیل میں طول کلام کا خوف ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جس سال ربیع الاوّل میں چاند گہن ہوگا کوہستانی شہروں کی زراعت میں کیڑے پڑ جائیں گے۔

اپنے خطبہ میں معصوم فرماتے ہیں:

وَاحزَنَاهُ اِذَا انقَطَعَ ذِکرُنَا عَن خَوَاطِرِ الاَحِبَّاءِ وَالاَقرِبَاءِ وَاَکَلَتُ الدِّیدَانُ مَحَاسِنَنَا وَتَصَرَّمَتِ الاَعضَاءِ۔

افسوس اُس وقت کہ جب ہماری یاد عزیزوں، دوستوں کے دلوں سے جاتی رہے اور ہمارے جسم کی خوبصورتیاں کیڑے کھا جائیں اور اعضاء ایک دوسرے سے جدا ہوں۔

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ شب معراج میں نے بہشت کے چھٹے دروازہ پر لکھے ہوئے دیکھا:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰهِ مَن اَحَبَّ اَن یَکُونَ قَبرُهُ وَاسِعاً فَسِیحاً فَلیَبنِ المَسَاجِدَ وَمَن اَحَبَّ اَن لَا تَاکُلَهُ الدِّیدَانُ تَحتَ الاَرضِ فَلیَکنُسِ

اَلْمَسَاجِدَ.

(مستدرک الوسائل، ص ۲۰۳)

کوئی معبود برحق خدا کے سوا نہیں محمد پیغمبر خدا اور علیؑ ولی خدا ہیں جو شخص چاہے کہ اُس کی قبر وسیع ہو جائے اُس کو چاہئے کہ مسجدیں بنائے اور جو چاہے کہ اُس کی لاش زیر زمین کیڑے نہ کھائیں وہ مسجد میں جھاڑو دے۔

حدیث میں ہے کہ قبر صدا بلند کرتی ہے:

اَنَا بَيْتُ الدُّوْدِ وَبَيْتُ الْوَحْدَةِ وَبَيْتُ الْغُرْبَةِ وَبَيْتُ الظُّلْمَةِ هٰذَا مَا اَعْدَدْتُ لَكَ فَمَا اَعْدَدْتَ لِيْ.

یعنی میں کیڑوں کا گھر ہوں اور میں تنہائی کا گھر ہوں، میں پردیس ہوں، میں اندھیرا مکان ہوں میں نے تیرے لیے یہ سب چیزیں مہیا کی ہیں تاکہ تو نے میرے لیے کیا سامان فراہم کیا ہے۔

اور دوسری حدیث میں ہے کہ طالب علم خدا کا حبیب ہے اور جو شخص علم وفن کو دوست رکھے اُس پر بہشت واجب ہے اور وہ صبح وشام خدا کی خوشنودی کے عالم میں کرتا ہے اور دنیا سے جاتا ہی نہیں مگر کوثر سے سیراب ہو کر اور جنت کے میوے کھا کر:

وَلَا يَاكُلُ الدُّوْدُ جَسَدَهٗ وَيَكُوْنُ فِي الْجَنَّةِ رَفِيْقَ الْخَضِرِ. (معالم زلفی)

اور کیڑے اُس کے جسم کو نہیں کھاتے اور وہ بہشت میں حضرت خضر نبی کا ساتھی ہوگا۔

حرص وہوا کو سینہ میں غافل جگہ نہ دے مطلب کو فوت کرتا ہے کیڑا کتاب کا

آتش

بعض اخبار میں دیکھا گیا ہے کہ جو شخص ہمیشہ غسل جمعہ کیا کرے اُس کے جسم میں قبر میں کیڑے نہیں پڑتے۔ قصہ حضرت یوسفؑ میں ہے کہ جب آپ نے اپنے ساتھی سے کہا: اُذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ۔ اپنے بادشاہ کے سامنے میرا ذکر کر دینا۔ جبرئیلؑ نازل ہوئے اور اپنا پر زمین پر مارا ساتویں زمین تک حجاب اُٹھ گئے تو کہا دیکھو حضرت یوسفؑ کو ایک پتھر دکھائی دیا، اُس کے دو ٹکڑے کیے اور یوسفؑ نے دیکھا تو ایک کیڑا نظر آیا جس کے منہ میں ایک سبز (ہری) پتی تھی جبرئیلؑ نے کہا حق تعالیٰ فرماتا ہے اس کیڑے کا اس پتھر میں کون مونس ہے جو ساتویں زمین کی گہرائی میں ہے تم سمجھے کہ میں تم کو بھول گیا۔

امام محمد باقرؑ کے عہد میں ایک دہریہ تھا جعد نامی اُس نے ایک شیشی میں مٹی اور پانی ڈال کر

رکھا۔ فاستحال دوداً دھواماً۔ وہ چھوٹے چھوٹے کیڑوں کی صورت میں ہو گیا تو بصد افتخار کہنے لگا ان کو میں نے خلق کیا ہے اس لیے کہ میں ان کے وجود میں آنے کا سبب ہوں، یہ تعلّی آمیز دعویٰ لوگوں نے امامؑ کے کان تک پہنچایا، آپؑ نے برجستہ فرمایا کہ اس سے پوچھو جب تو ہی ان کا خالق ہے تو بتا کہ یہ تعداد و شمار میں کتنے ہیں اور ان میں نر کتنے ہیں مادہ کتنے ہیں اور ہر ایک کا کتنا وزن ہے۔ اس حکیمانہ جواب کے بعد دھریہ مبہوت ہو گیا اور پھر دعویٰ کی ہمت نہ ہوئی۔

محمد بن ہردن نے اپنے سلسلہ سند سے روایت کی ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام ایک پہاڑ کے قریب وسے گذر رہے تھے جس میں کیڑے تھے اُن کو دیکھ کر آپؑ نے فرمایا: میں اس کو جانتا ہوں جو ان کیڑوں کی تعداد اور ان کے نر و مادہ کو جانتا ہے۔ یہ کہہ کر فرمایا کہ کتاب خدا اس کو بھی بتاتی ہے اُس میں ہر مسئلہ کی شرح موجود ہے۔ (مدینۃ المعاجز، ص ۳۵۳)

تعبیر:

اگر کیڑے دیکھے تو دشمن کی کثرت کا اندیشہ ہے، اندرونی اعداء سے ہوشیار رہے۔

الحکم:

حشرات الارض کل حرام ہیں اور خبائث میں داخل ہیں۔ بیر بہوٹی جس کو عربی میں کاعنہ اور فارسی میں گل انار ہونے کے سبب سے کرم عروسک کہتے ہیں، شروع برسات میں نکلتی ہے۔

خواجہ حالی کہتے ہیں۔

تھے ریت کے جس زمین پر انبار ہے بیر بہوٹیوں سے گلنار

اور دہن کئی جوشب کو جگنو کہی جاتی ہے یہ رات کو چراغ کی طرح چمکتا ہے۔ جاوید کہتے ہیں۔

ہاتھ میں جگنو نظر تاروں پہ دل میں لاکھ داغ کیا ستارہ رات کو چمکا مری تقدیر کا

جگنو بھی حشرات الارض کے حکم میں داخل ہیں۔

روشنی تعلیم کی کچھ کچھ جو یاں پاتے ہو تم سب یہ جگنو کی سی چمکارے ہیں اے اہل نظر

(فائدہ): جگنو ایک زیور کا نام ہے جو گلوبند کی طرح گلے میں پہنا جاتا ہے۔

ادبیات:

کسی شخص کی پیہم گفتگو سے نازک دماغ کہتے ہیں کہ تم دماغ چاٹ گئے۔ اس مطلب کو مرزا سعادت خان رنگینؔ نے یوں ادا کیا ہے۔

مغز کے بس اُڑاؤ نہ کیڑے　　ستاؤ نہ اپنی یہ بولی کھارو

رزق کا کیڑا انسان کو کہتے ہیں۔

جو رزق کا کیڑا ہے ملے کیوں نہ اُسے رزق　　رزاق سے پاتا ہے غذا سنگ میں کیڑا

ریشم کا کیڑا (Silk Warm)

یہ مفید کیڑا ہے جو ریشم تیار کرتا ہے۔ یہ کیڑا زیادہ تر جاپان، چین، اٹلی میں پایا جاتا ہے اور شہتوت کے درخت پر پرورش کیا جاتا ہے۔ کیڑے کی زندگی کے چار حصہ ہوتے ہیں۔ مادہ کیڑا شہتوت کے پتوں پر قریب ۳۰۰ انڈے دیتی ہے جو بیج کی طرح معلوم ہوتے ہیں۔ انڈے سے ایک چھوٹا کیڑا نکلتا ہے جو 1/4 انچ لمبا ہوتا ہے اور شہتوت کے پتے بہت کھاتا ہے۔ یہ موٹا اور بڑا ہوتا جاتا ہے اور چار کینچلی بدلتا ہے جب یہ بڑھ کر چار پانچ ہفتہ بعد قریب ۳ انچ لمبا ہو جاتا ہے تب کھانا بند کر دیتا ہے۔ اس کے جسم پر قریب قریب بارہ حصے (Segments) ہوتے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے سولہ پیر اور دو سوراخ یا نلیاں ہوتی ہیں جن سے ریشم نکلتا ہے۔ اس حالت کے بعد وہ اپنے چاروں طرف ایک خول بناتا ہے جس میں وہ آرام کر کے تیسری حالت میں آسکے اس خول کی شکل انڈے کی طرح ہوتی ہے اور ریشم کے ڈورے کا بنا ہوتا ہے، اس کا رنگ زرد ہوتا ہے، سوراخوں سے ایک شی نکلتی ہے جو ریشم میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ایک لاروا (Larva) سے قریب ۱۲۰۰ گز ریشم نکلتا ہے۔

آدمی گیند بنانے میں پہلے اندر کا حصہ تیار کرتا ہے اور پھر باہر کا لیکن ریشم کا کیڑا پہلے باہر کا حصہ تیار کرتا ہے پھر اندر کا۔ یہ کیڑا آخر میں ایک خوبصورت تتلی کی طرح ہو جاتا ہے جس کی لمبائی قریب ایک انچ ہوتی ہے، اس کے پر سفید ہوتے ہیں جن میں کالی دھاریاں پڑی ہوتی ہیں۔

جب کیڑا باہر نکلتا ہے تو پھٹ جانے سے ریشم خراب ہو جاتا ہے اس لیے کیڑے کے باہر نکلنے سے پہلے اُس کو گرم کر کے کیڑے کو مار ڈالتے ہیں اور پھر ریشم کی لپیٹ کھول لی جاتی ہے۔ یہ ریشم سب سے پہلے چین میں تیار ہوا۔ یہ کیڑا اکتوبر میں انڈے دیتا ہے۔ (سائنس اور مطالعہ قدرت، ص ۴۲)

کلام امام محمد باقر علیہ السلام میں اس کا ذکر ہے:

مثل الحريص على الدّنيا مثل دودة القزّ كلّما زادت من القزّ على نفسها لفّا كان أبعد لها من الخروج حتّى تموت غمّا.

کرم ابریشم بر دو خود می تند خلاصی از اں مشکل تر می شود تا اینکہ او را ہلاکی نماید، ص ۸۷

دیک

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
دیک	خروس	Cock	مرغا

طیور میں مرغ کی حیثیت بہت ہی ممتاز ہے۔ وہ ایک بہادر اور وقت شناس، باحمیت، ایثار پسند جانور ہے جو لڑائی میں اپنی پوری طاقت صرف کر دیتا ہے اور زخمی ہو جانے پر بھی لڑتا رہتا ہے ممکن نہیں کہ اُس کے سامنے دوسرا مرغ مادہ کے قریب جا سکے۔ بغیر مرغی کو دانہ دیئے خود نہیں کھاتا۔ بیچ میں مرغ اور آس پاس مرغیاں اپنی چونچ سے دانہ چگتی ہیں۔ مرغ کے سر پر تاج ہوتا ہے جس کو کیس کہتے ہیں اور چونچ کے نیچے ڈاڑھی لٹکتی ہے۔ مرغ کا تاج اور ڈاڑھی مرغ سے چھوٹا ہوتا ہے۔ مرغی مرغ سے چھوٹی ہوتی ہے، اس کی دم بھی ویسی گول اور خوبصورت نہیں ہوتی جیسے مرغ کی۔ مرغ کا رنگ مرغی کی بہ نسبت شوخ ہوتا ہے، چونچ سخت اور نوکدار ہوتی ہے، پنجوں کی پشت پر جو خار ہوتا ہے اُس سے دشمن کو اپنے زخمی کر دیتا ہے۔

مرغ کی یہ خصوصیت ہے کہ اُس کو چاہے کتنا ہی اندھیرے میں رکھو مگر آثار صبح سے اُس کو خبر ہو جاتی ہے اور اذان دے کر سونے والوں کو بیدار کرتا ہے۔ سفید مرغ سے شیر بھاگتا ہے۔

مرغ طرح طرح کے ہوتے ہیں اور قد و قامت، رنگ بھی ان کے مختلف ہوتے ہیں۔ سفید، لاکھی، سیاہ، زرد، اکثر پہاڑی جنگلوں میں نیلے رنگ کے مرغ بھی ہوتے ہیں جن کی دم مور کی طرح دراز ہوتی ہے۔ عربوں نے مرغ کی کنیت ابوسلیمان رکھی ہے۔

جناب امیرالمومنینؑ کا ارشاد ہے کہ مرغ کہتا ہے:

اُذْكُرُوا اللهَ يَا غَافِلِينَ. اے غافلو ذکر خدا کرو۔

اور حدیث امام حسینؑ میں ہے کہ مرغ کہتا ہے:

مَنْ عَرَفَ اللهَ لَمْ يَنْسَ ذِكْرَهُ. جو خدا کو پہچانتا ہے اُس کی یاد سے غافل نہیں ہو سکتا۔

جناب امیرالمومنینؑ سے روایت ہے کہ خداوند عالم نے ایک فرشتہ بصورت مرغ کبود رنگ ابلق خلق فرمایا ہے جس کے پنجے ساتویں زمین میں اور کیس زیر عرش ہے، اس کے دو بازو ہیں ایک پورب میں ایک پچھم میں، جو پچھم میں ہے وہ برف کا ہے اور جو پورب میں ہے وہ آگ کا ہے جب نماز کا وقت قریب ہوتا ہے تو اپنے پنجوں پر ایستادہ ہو کر گردن بلند کر کے مرغ کی طرح دونوں پر پھٹ پھٹاتا ہے

نہ آگ کو برف بجھاتی ہے اور نہ برف کو آگ پگھلاتی ہے، پھر بلند آواز سے کہتا ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود نہیں سوائے خدائے برتر کے اور میں اس بات کی شہادت دیتا ہوں کہ محمدؐ اُس کے بندے اور رسول ہیں جن پر نبوت ختم ہوئی ہے اور اُن کے وصی بہترین اوصیاء ہیں۔

سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ

اس ندا کو سن کر زمین پر کوئی مرغ باقی نہیں رہتا جو جواب نہ دے۔ اہل سنت کے طرق سے بھی یہ روایت وارد ہوئی ہے۔

حدیث میں ہے کہ جو فرشتے عرش کو اُٹھائے ہیں اُن میں ایک مرغ کی صورت کا ہے جو تمام پرندوں کے لیے خدا سے روزی مانگتا ہے۔

حضرت ابراہیمؑ نے جن چار پرندوں کو ذبح کر کے زندہ فرمایا تھا (اُس کا ذکر آگے آئے گا) اُن میں مرغ بھی تھا اور مرغ کو ذبح کرنے سے اشارہ اس طرف تھا کہ وہ خواہشات نفس کو فنا کر دینا چاہتے تھے۔

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ مرغ کو دشنام نہ دو اس لیے کہ وہ لوگوں کو نماز کے لیے جگاتا ہے۔

جناب امیرؑ سے روایت ہے کہ بانگ مرغ اُس کی نماز ہے اور پر پھٹ پھٹانا اُس کے رکوع و سجود ہیں۔

حدیث میں ہے کہ خدا کو تین صدائیں پسند ہیں۔ قرآن پڑھنے والے کی صدا، پچھلے پہر استغفار کرنے والوں کی آواز اور مرغ کی بانگ۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ ایک مرغ سفید جس گھر میں ہو وہ گھر اور سات گھر گرد اُس کے بلاؤں سے محفوظ رہیں گے اور ایک مرتبہ پر بجا ناد و رنگ کے کبوتر کا بہتر ہے سات مرغ سفید سے۔

اور دوسری حدیث میں ہے کہ مرغ سفید میرا اور ہر مومن کا دوست ہے۔

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ مرغ میں پانچ خصلتیں انبیاء کی ہیں۔ سخاوت، شجاعت، اوقات نماز کا پہچاننا، عورتوں سے نزدیکی کرنا، غیرت دار ہونا۔

عرب بہادر آدمی کو مرغ سے تشبیہ دیتے ہیں۔ طرماح بن عدی جب امیر المومنینؑ کی رسالت (پیغام رسانی) کا فریضہ انجام دینے کے لیے دربار معاویہ میں پہنچے اور معاویہ نے کہا کہ علیؑ سے کہہ دینا کہ باجرے کے دانوں کے برابر لشکر جمع کر چکا ہوں جو آمادہ پیکار ہیں۔ طرماح نے جواب دیا علیؑ کے پاس ایک مرغ ہے جس کا اشتر لقب ہے وہ نیزہ کی نقار سے ان سب دانوں کو چگ لے گا۔ اس برجستہ جواب سے معاویہ شرمندہ ہو گیا۔

حضرت عمر نے خواب میں دیکھا کہ ایک مرغ نے اُن کے زیر ناف تین مرتبہ چونچ ماری۔ یہ خواب اسماء بنت عمیس نے جب سنا تو کہا کہ کہہ دو آپ کا وقت آخر آگیا ہے جو کچھ وصیت کرنا ہو کردیں۔ (النجم، کربلا نمبر، ص ۲۹)

شیخ عبدالسلام بصری عالم اہل سنت نے ولایت کا دعویٰ کیا اور مریدوں نے پرچم پر (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰہِ عبدالسلام وَلِیُّ اللّٰہِ) لکھ دیا۔ ایک دن شیخ نماز پڑھا رہے تھے اثناء نماز میں کخ کخ کہا جب نماز ختم ہوئی حاضرین نے پوچھا یہ کیا۔ فرمایا: میں نے دیکھا کہ کتا کعبہ میں پہنچ گیا ہے اُس کو وہاں سے ہکا دیا۔ حاضرین کو اس کرامت سے بڑا تعجب ہوا کہ بصرہ سے کعبہ کا کتا دیکھ لیا۔ ایک شخص نے مریدوں میں سے اپنی بی بی سے یہ واقعہ بیان کیا اُس نے شیخ کی دعوت کی اور جب دستر خوان بچھایا گیا تو ہر شخص کے سامنے پلیٹ میں مرغ رکھا گیا لیکن شیخ کے مرغ کو چاولوں میں پوشیدہ کردیا۔ شیخ نے جب اپنی پلیٹ کو خالی دیکھا تو غصہ آگیا اور ہاتھ کھینچ لیا، کہا میرے لیے مرغ کیوں نہ آیا، میزبان کی زوجہ نے پس پردہ سے جواب دیا کہ شیخ تم نے بصرہ سے کعبہ کے کتے کو دیکھ لیا اور نماز توڑ ڈالی لیکن مرغ نہیں نظر آتا۔ شیخ نے کہا یہ عورت مجھے رافضی معلوم ہوتی ہے۔ (منابر الاسلام)

ابن ابو بویہ علیہ الرحمہ نے امام محمد باقر علیہ السلام اور جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ فرمایا: غنا آشیانہ مرغ اور شراب ہر بدی کی کنجی ہے۔ (نہج الیقین)

تعبیر:

اگر مرغ کو صحن خانہ میں اذان دیتے ہوئے دیکھے تو ایک فرزند پیدا ہوگا جو اذان دے گا۔

خواص:

اگر مرغ کا مغز سر مار گزیدہ کے مقامِ درد پر رکھے تو مریض کو فائدہ ہوگا۔ سنگ دانہ اس کا مقوی معدہ ہے۔ روغن بید انجیر میں مرغ کی گردن ڈبونے سے کبھی مرغ اذان نہیں دیتا۔

الحکم:

مرغ حلال ہے۔ اگر کنوئیں میں گرے تو سات ڈول نکالے اور اگر خون مرغ گرے تو ۲۰ یا ۳۰ ڈول۔ فضلہ خور مرغ کو تین دن تک روکنا چاہئے اُس وقت گوشت اس کا پاک سمجھا جاسکتا ہے۔

ادبیات:

شاعروں نے مرغ سے دل کو تشبیہ دی ہے۔ کلیم کہتا ہے۔

اے مرغ دل بھر طرفے بال و پر مزن　　افتادہ بدام طپیدن چہ فائدہ

۲): قبلہ نما میں جس سے سفر و حضر میں قبلہ دریافت کیا جاتا ہے مرغ بنا ہوتا ہے۔ اُس کی چونچ ہمیشہ قبلہ کی طرف رہتی ہے۔ ناسخ مرحوم کہتے ہیں۔

آرام سے نہیں ہے جو پھیرے خدا سے منہ　　دیکھو ہے مرغ قبلہ نما اضطراب میں

میر انیس فرماتے ہیں مدح اسپ میں۔

طائر قبلہ نما تھا کہ پھڑکتا ہی رہا

۳): اجالا شاہ کا مرغ: اہل سنت کے ایک پیر اجالے شاہ تھے جن سے عوام دعائیں مانگ کر جب مراد آتی ہے تو مرغ پکاتے ہیں۔

۴): ضدی انسان جب اپنی بات پر اڑا رہتا ہے تو کہتے ہیں: مرغ کی ایک ٹانگ۔

۵): ہٹیلے کا مرغ: یہ مرغ بھی کسی ضدی پیر کی طرف منسوب ہے جن کو اپنا حاجت روا سمجھ کر عورتیں مرغ پکاتی تھیں۔۔ جعفری قدیم شاعر کہتے ہیں۔

کھیں ہٹیلے کے مرغ مانے ہیں　　اور اُسے اپنا پیر جانے ہیں

۶): عقل سے مرغا حلال کرنا۔

(ذ)

ذئب

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ذئب	گرگ	Wolf	بھیڑیا

بھیڑیا سب درندوں میں زیادہ مکار ہوتا ہے، اس کی جست بہت کم خطا کرتی ہے، چلتے وقت پیروں کے جوڑوں سے صدا آتی ہے۔ بھیڑیوں میں آپس میں اعتماد نہیں ہوتا ہے تو ایک آنکھ کھلی رہتی ہے۔ بھیڑیا جب بیمار ہوتا ہے تو سب بھیڑیے اُس کو کھا ڈالتے ہیں۔ مادہ بہ نسبت نر کے زیادہ غارت گر ہوتی ہے۔ علامہ حزین کہتے ہیں کہ بھیڑیا سال میں ایک مرتبہ جفت ہوتا ہے اور مادہ دسویں مہینے پانچ یا چھ بچے جنتی ہے۔

عرب بھیڑیے کو مصمص بھی کہتے ہیں۔ کنیت اس کی ابو جعدہ ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بھیڑیا

جب بیمار پڑتا ہے تو ایک گھانس ہے جس کو جعدہ کہتے ہیں اُس کو کھا کر اچھا ہو جاتا ہے۔

حدیث میں ہے:

اِذَا صَاحَ الذِّئْبُ يَقُوْلُ مَا حَفِظَ اللهُ فَلَنْ يَضِيْعَ اَبَداً۔

جس چیز کی خدا حفاظت کرے وہ کبھی ضائع نہیں ہوتی۔

بھیڑیا مویشی کو زیادہ نقصان پہنچاتا ہے۔ بھیڑیا بکری کو پیٹھ پر لاد کر لے جاتا ہے۔

سیاحوں کا خیال ہے کہ اگر پہلے بھیڑیے پر انسان کی نظر پڑ جائے تو اُس سے ضرر نہ پہنچے گا اور اگر پہلے بھیڑیا دیکھ لے تو پھر اُس سے بچنا مشکل ہے۔ بھیڑیا آدمی کو دیکھ کر پنجوں سے خاک اُڑانا شروع کرتا ہے اس تدبیر سے انسان کو گھبرا کر مغلوب کر لیتا ہے۔

بھیڑیا تیر، تلوار سے نہیں ڈرتا، لکڑی اور پتھر سے ڈرتا ہے۔ بھیڑیے اور بجو سے جو جانور پیدا ہوتا ہے اگر بجو نر ہو تو اُس کے بچے کو سمع کہتے ہیں جس کی اردو لکڑ بھگا ہے اور اگر بھیڑیا نر ہو تو اُس کے بچہ کو عسبار کہتے ہیں۔ اسی طرح بھیڑیے اور کتے سے بھی بچے ہوتے ہیں۔

حدیث میں ہے کہ بھیڑیا مسخ ہے یہ کسی زمانے میں ایک اعرابی تھا جو دیوثی کرتا تھا خدا نے اُس کی بے غیرتی کے سبب سے مسخ کر دیا۔ سابق کے بیان سے معلوم ہوا کہ مسافر کے سامنے گھر سے برآمد ہوتے وقت بھیڑیے کا آنا مبارک نہیں ہے۔

قصہ یوسفؑ میں خداوند عالم نے برادران یوسفؑ کو بھیڑیے سے یاد کیا ہے۔ یوسفؑ کی گمشدگی سے پہلے حضرت یعقوبؑ نے خواب میں دیکھا تھا کہ دس بھیڑیے یوسفؑ پر حملہ آور ہیں ان میں کا بڑا بھیڑیا دوسرے بھیڑیوں کو روکتا ہے دفعتاً زمین شق ہوئی اور یوسفؑ اُس کے اندر چلے گئے۔ اس خواب کی دہشت جناب یوسفؑ کے دل میں تھی، جب یوسفؑ کو بھائیوں نے اپنے ساتھ لے جانا چاہا تو یعقوبؑ نے کہا:

اَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ۔ (یوسف: ۱۳)

میں ڈرتا ہوں کہ تم سب بے خبر ہو جاؤ اور یوسفؑ کو بھیڑیا کھا جائے۔

فرزندان یعقوبؑ نے جواب دیا کہ جب ہماری پوری جماعت ہے تو اس پر بھی بھیڑیا کھا جائے تو ہم لوگ یقیناً بڑے گھاٹا اُٹھانے والے ٹھیریں گے۔

جناب یعقوبؑ نے اُن کی کینہ پروری دیکھ کر جیسا خیال کیا تھا وہی ہوا کہ وہ بناوٹ سے روتے ہوئے رات کے وقت آئے اور کہا:

يَا أَبَانَا إِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوسُفَ عِندَ مَتَاعِنَا فَأَكَلَهُ الذِّئْبُ۔

(یوسف:۱۷)

اے بابا ہم لوگ تو دوڑ لگانے لگے اور یوسفؑ کو اپنے اسباب کے پاس چھوڑ دیا تھا اتنے میں آ کر بھیڑیا اُسے کھا گیا۔

العیاشی عَنِ الصَّادِقِ عَلَیْهِ السَّلَامُ: لَمَّا أُوتِيَ بِقَمِيصِ يُوسُفَ عَلَى يَعْقُوبَ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَقَدْ كَانَ ذِئْباً رَفِيقاً حِيْنَ لَمْ يَشُقَّ الْقَمِيصَ قَالَ وَكَانَ بِهِ نَضْحٌ مِنْ دَمٍ. (الصافی)

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جب پیراہن یوسفؑ جناب یعقوبؑ کے سامنے لایا گیا تو آپ نے فرمایا: میرے معبود بھیڑیا ایسا رفیق تھا کہ اُس نے اپنی عادت کے خلاف کرتے کو پھاڑا بھی نہیں۔ اس کرتے میں مصنوعی خون بھرا ہوا تھا۔

حضرت یعقوبؑ کا یہ کلام انتہائی حکیمانہ تھا اور اس سے واضح ہے کہ جناب یعقوبؑ سمجھتے تھے کہ درندہ اپنے شکار کو پارہ پارہ کر ڈالتا ہے، کرتہ کا سالم رہنا ناممکن ہے۔ پدری محبت، یا بشری حالت یا بیٹوں پر حجت قائم کرنے کے لیے آپ نے بھیڑیئے سے پوچھا وہ قدرت خدا سے گویا ہوا کہ میں آپ کی بکریوں کے قریب نہیں جاتا آپ کے فرزند کو کیوں کر کھا سکتا ہوں۔ تاریخ میں ہے کہ جب یہ گرگ جناب یعقوبؑ کے پاس سے رخصت ہوا تو پہاڑ پر پہنچ کر تمام بھیڑیوں کو جمع کیا، آواز پر ہزار بھیڑیئے سٹ آئے اور وہ ان کو لے کر یعقوبؑ کے پاس آیا، اُن سب نے کہا اے نبی خدا ہم نے آپ کے فرزند کو نہیں کھایا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ بھیڑیئے نے کہا:

ان لحوم الانبیاء محرّمة علینا

ہم پر انبیاء کا گوشت حرام ہے۔ (امالی التفسیر والواعظ)

سابق میں گذرا کہ بھیڑیا یوسفؑ والا اہل بہشت سے ہے۔ ممکن ہے کہ ایک دردرسیدہ نبی کے سامنے درندہ کے تشفی آمیز کلمات کی خدا یہ قدر کرے کہ اُس کو بہشت میں جگہ دے۔

حکایت:

بنی اسرائیل میں قحط پڑا اور کئی سال خشک سالی کی زحمت میں گذری کسی عورت کے پاس صرف ایک لقمہ روٹی کا تھا اُس نے چاہا کہ نوالہ منہ تک لے جائے اتنے میں ایک فقیر آیا اور بھوک کی شکایت کی، عورت کو خیال ہوا کہ اس سے بہتر وقت خیرات کا کوئی نہیں، منہ سے لقمہ ہٹا کر سائل کو دے دیا۔

اس عورت کے ایک کمسن لڑکا تھا جو جنگل میں لکڑیاں چن رہا تھا کہ بھیڑیا آیا اور اُس کو اُٹھا لے گیا، دیکھنے والوں نے شور مچایا، عورت بھیڑیئے کے پنجوں کے نشان پر چلی، ادھر خدا نے جبرئیلؑ کو بھیجا اور جبرئیلؑ نے بچہ بھیڑیئے کے منہ سے نکال کر ماں کے پاس پہنچایا اور کہا:

يَا أَمَةَ اللهِ أَرَضِيتِ لُقْمَةً بِلُقْمَةٍ.

اے کنیز خدا اُس لقمہ کے عوض میں اس لقمہ گرگ سے راضی ہوئے۔

جناب امیرؑ درندہ صفت انسان کے حال میں فرماتے ہیں:

وَلَيْسَ الذِّئْبُ يَأْكُلُ لَحْمَ ذِئْبٍ وَيَأْكُلُ بَعْضُنَا بَعْضاً عِيَاناً

بھیڑیا بھی ایک دوسرے کو نہیں کھا جاتا لیکن ہم میں ایک دوسرے کو ظاہر بظاہر نوش جان کرتا ہے۔

محمد بن مسلم کہتا ہے کہ میں امام محمد باقر علیہ السلام کے ساتھ سفر میں تھا کہ پہاڑ پر سے بھیڑیا اُترا اور قریب پہنچ کر قربوس زین پر پنجے رکھ دیئے، گردن بڑھا کر امامؑ سے کچھ کہا۔ فرمایا: جا تیرا کام ہوگیا۔ بھیڑیا یہ سن کر پھلانگیں مارتا ہوا اپنی جگہ کی طرف واپس ہوا۔ میں نے پوچھا اے میرے سردار یہ کیا واقعہ تھا۔ فرمایا: درد زہ کی سختی میں اس کی مادہ مبتلا ہے یہ دعا کی خواہش کرنے کے لیے آیا۔ میں نے دعا کی ہے کہ خدا بچہ دے مگر میرے شیعوں کو نقصان نہ پہنچے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام چند اصحاب کے ساتھ کہیں تشریف لے جاتے تھے کہ سامنے سے بھیڑیا نمودار ہوا، ہمراہیوں نے شکایت کی، فرمایا آنے دو اُس کو ایک ضرورت ہے، وہ قریب آیا اور اپنا پنجہ رہوار پر رکھ کر گردن بڑھائی کچھ کہا اور دُم ہلانا شروع کی۔ آپؑ نے بھی اُسی لب ولہجہ میں جواب دیا۔ جب پلٹ گیا تو اصحاب نے عرض کیا کہ آج تو عجیب وغریب کرشمہ دیکھا۔ فرمایا اس نے آکر کہا کہ اس پہاڑ کے عقب میں ایک غار ہے جس میں اس کی مادہ بچہ جننے کی تکلیف میں مبتلا ہے، یہ آیا تھا کہ میں دعا کروں کہ خدا اُس کو نر بچہ عطا کرے، یہ میرا دوست دار ہو۔ میں بھیڑیئے کی حاجت کا ضامن ہوگیا۔ یہ کہہ کر جب آپؑ وہاں تشریف لے گئے تو دیکھا کہ بچہ ہو چکا ہے، حسن اتفاق سے امامؑ نے ایک مہینہ وہاں قیام کیا اور جب روانہ ہونے لگے تو بھیڑیا اپنی مادہ اور بچہ کو لیے ہوئے ہمہمہ کرتا ہوا نکلا۔ امامؑ نے اُس کی زبان میں پھر اُس سے گفتگو کی اور اصحاب سے پوچھا کہ تم جانتے ہو اس نے کیا کہا؟ عرض کیا نہیں۔ فرمایا میرے اور تمہارے لیے دعائے خیر کی اور میں نے حکم دے دیا ہے کہ میرے کسی دوست دار کو اذیت نہ پہنچائے۔

امام حسن عسکری علیہ السلام اور دیگر ائمہؑ کے حالات میں بھی بھیڑیئے کی اطاعت شعاری کا ذکر ہے جو

بخوف طول ترک کیا جاتا ہے۔

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے واعظانہ کلام میں زمانہ آخر کے بارے میں پیشن گوئی فرمائی ہے کہ میری امت پر عن قریب ایک زمانہ آئے گا کہ لوگ اہل علم سے اس طرح بھاگیں گے جیسے بکریاں بھیڑیئے سے بھاگتی ہیں، جب لوگوں کا یہ رویہ ہوگا تو خدا تین چیزوں کے ساتھ اُن کا امتحان لے گا۔ دولت سے برکت اُٹھ جائے گی، ظلم وجور کرنے والا حاکم مسلط ہوگا، وہ بغیر ایمان کے دنیا سے گذریں گے۔ (جامع الاخبار)

دوسرے موقع پر ایک طویل خطبہ میں زمانہ کی حالت پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا ہے کہ دنیا اُن کے سروں پر سایہ فگن ہوگی، علم پیروں کے نیچے روندا جائے گا، جھوٹ بات چیت قرار پا جائے گا، مرد عورتوں کی اطاعت کریں گے، یہ وہ وقت ہوگا کہ آدمیوں کے چہرہ تو انسان ایسے معلوم ہوں گے لیکن دل شیطان کے ایسے ہوں گے، اُن کی باتیں شہد سے زیادہ شیریں ہوں گی لیکن وہ حنظل سے زیادہ کڑوے ہوں گے، وہ بھیڑیئے ہوں گے جن پر انسانیت کا لباس پردہ پوش ہوگا۔

(جامع الاخبار)

ایک اور موقع پر فرمایا ہے لوگوں پر ایسا وقت آئے گا کہ چہرہ تو آدمیوں کے ایسے ہوں گے لیکن دل شیطان کے ہو جائیں گے، اُن کی مثال بہت زیادہ نقصان پہنچانے والے بھیڑیوں کی ہے جو خون بہاتے ہیں اور برائی سے نہیں باز آتے۔

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ اہل جہنم آگ میں مثل کتے اور بھیڑیوں کے بسبب شدت عذاب الٰہی فریاد کرتے ہیں۔

زیارت ناحیہ میں واقعہ کربلا پر تبصرہ کرتے ہوئے حجت خدا فرماتے ہیں:

اَلسَّلَامُ عَلَى الْاَجْسَامِ الْعَارِيَةِ فِي الْفَلَوَاتِ، تَنْهَشُهَا الذِّئَابُ الْعَادِيَاتُ.

تاج العلماء نے اس فقرہ کا یہ ترجمہ کیا ہے:

سنسان جنگل کی اُن ننگی لاشوں کو تسلیم، خونخوار بھیڑیئے جنھیں بھنبھوڑے کھاتے تھے۔

اس کلام معصوم میں جو شبہات ہیں اُن کو علیحدہ رسالہ میں بیان کریں گے صحیح یہ ہے کہ کلام عرب میں بد شرست آدمی کو بھیڑیا کہتے ہیں۔

حالی قوم کی زبوں حالت پر کہتے ہیں۔

بھیڑیا نوبت بہ نوبت گوسفندوں کو شکار　　کر رہا ہے اور نہیں کچھ گوسفندوں کی خبر

تعبیر:

اگر خواب میں بھیڑیا دیکھے تو بادشاہ ظالم یا دشمن سے صدمہ پہنچے، کسی مکار کا سامنا ہو اور اگر بھیڑیے کو قتل کیے ہوئے دیکھے تو مرتبہ بلند ہو، غیب سے دولت ہاتھ آئے۔

خواص:

اگر عورت بھیڑیے پر پیشاب کردے تو بانجھ ہو جائے۔

مسجد الذئب:

عرب میں ایک متبرک جگہ ہے جس کا ذکر ابن شہر آشوب علیہ الرحمہ نے مناقب میں بسلسلہ مشاہد کیا ہے۔

الحکم:

بھیڑیا مسوخات سے ہے۔ مسخ اور درندے، دونوں قسم کے جانوروں کا گوشت حرام ہے۔

ادبیات:

تجربہ کار اور بوڑھے آدمی کو گرگ باران دیدہ کہتے ہیں۔

بھیڑیا کنکوا:

رنگین پٹیوں سے جو کنکوا جوڑ کر بنایا جائے اُس کو بھیڑیا کہتے ہیں۔ کسی ظرافت پسند شاعر نے کنکوے بازوں سے ناصحانہ خطاب کرتے ہوئے کہا ہے۔

اے معین المہام لھو و لعب — قوم کی فاقہ مستیوں کا سبب
صدر آرائے رزم گاہ پتنگ — پون تاوا نواز تکل جنگ
بھیڑیا قدر مانگ دار الملک — جمد ہر الدولہ و کثار الملک

ذباب

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ذباب	مگس	Fly	مکھی

مکھی بدبو سے پیدا ہوتی ہے اور بعض کہتے ہیں کہ چار پایوں کی لید سے پیدا ہوتی ہے۔ حق تعالیٰ

نے اس کی پلکیں نہیں بنائی ہیں اسی وجہ سے مکھی ہمیشہ اپنے دونوں ہاتھوں سے آنکھوں کو صاف کیا کرتی ہے۔ اس کی ایک سونڈ بھی ہوتی ہے جب خون چوسنا چاہتی ہے تب باہر نکالتی ہے اور جب سیر ہو جاتی ہے تو منہ کے اندر کر لیتی ہے۔ بعض مکھیاں ایسی ہیں جو بھنبھناتی ہیں اُن سے آواز نکلتی ہے۔ مکھی رفتار پر قادر نہیں ہے اس لیے کہ اس کے جوڑ بند نہیں ہیں۔ مکھی ہمیشہ مچھر کا شکار کرتی ہے اور اسی سبب سے دن کو مچھر کم نکلتے ہیں اور مکھی کی دشمن مکڑی ہے وہ بڑی کوشش سے مکھی کو اپنے جالے سے نکل کر شکار کرتی ہے۔ عاقل کا شعر ہے۔

مباش از فریب گوشہ گیران جہاں غافل   مگس را عنکبوت آرد بدام آہستہ آہستہ

مکھی کے ۶ پاؤں ہوتے ہیں۔ وہ سب جانوروں سے زیادہ ناسمجھ ہے جان بوجھ کر اپنے تئیں ہلاکت میں ڈالتی ہے۔ مکھی کی ہر ٹانگ میں دو دو انگلیاں ہوتی ہیں، ان انگلیوں میں چھوٹے چھوٹے بال ہوتے ہیں، بالوں میں سے کوئی لسدار چیز نکلتی ہے جس سے وہ چکنی دیواروں پر بھی چل سکتی ہے، اُس کے جسم میں چھوٹے چھوٹے سوراخ ہوتے ہیں انھیں سوراخوں سے وہ سانس لیتی ہے۔ مکھی بہت تیز اُڑتی ہے اور فی گھنٹہ ۲، ۳ میل پرواز کرتی ہے اور ایک مکھی ایک وقت میں سو سوا انڈے دیتی ہے۔
(دیسی زبان کی پہلی کتاب، مولفہ جلال الدین جعفری)

مکھیوں کی قسمیں بہت ہیں، بعض گوشت کی بو پر دوڑتی ہیں، بعض مٹھائیوں پر نظر آتی ہیں، بعض مخصوص جانوروں ہی پہ بیٹھتی ہیں۔ کتے، گدھے، شیر پر علیحدہ علیحدہ قسم کی مکھیاں بیٹھتی ہیں جن کی غذا اُن جانوروں کے جسم کی رطوبت ہے۔

شیخ علی حزین علیہ الرحمہ صیدیہ میں لکھتے ہیں کہ مکھی کے عجائبات سے ہے کہ جس سفید چیز پر بیٹھتی ہے سیاہ دھبے پڑ جاتے ہیں اور جس سیاہ چیز پر بیٹھتی ہے سفید دھبے پڑتے ہیں۔

مکھی میں یہ واحد خصوصیت ہے کہ وہ جفت ہونے کے عالم میں بھی پرواز کرتی ہے، یہ بات کسی جانور میں نہیں ہے۔ بگلا مکھی کا دشمن ہے۔ اُس کی غذا خداوند عالم نے مکھی ہی قرار دی ہے۔ عرب مکھیاں ہکاتے وقت ''حاز باز'' کہتے ہیں۔ اور مکھی کی کنیت ابو جعفر رکھی ہے۔ کفار قریش نے خانہ کعبہ کے سامنے دروازہ کے روبرو یغوث نامی بت نصب کیا تھا اور داہنی جانب یعوق اور بائیں طرف نسر۔ جب کفار اندر جاتے تھے تو پہلے یغوث کے سامنے سجدہ کرتے تھے اُس کے بعد اور بتوں کے پاس، اُس کے بعد تلبیہ کرتے اور بتوں پر مشک وعنبر وشہد مل دیتے تھے جن کو مکھیاں چاٹ جاتی تھیں۔ اس موقع پر خداوند عالم نے کفار کو احمق بتاتے ہوئے یہ آیت نازل کی:

يَاأَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوا لَهُ. إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَن يَخْلُقُوا ذُبَابًا وَلَوِ اجْتَمَعُوا لَهُ. وَإِن يَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا لَّا يَسْتَنقِذُوهُ مِنْهُ.

(الحج: ۷۳)

اے لوگو! ایک مثل بیان کی جاتی ہے اُسے کان لگا کے سنو خدا کو چھوڑ کر جن لوگوں کو تم پکارتے ہو وہ لوگ سب کے سب اگر اس کام کے لیے اکٹھا ہو جائیں تو بھی ایک مکھی پیدا نہیں کر سکتے اور اگر مکھی کہیں اُن سے کچھ چھین لے تو اُس سے چھڑا نہیں سکتے۔

حدیث میں ہے کہ اگر نوروز دوشنبہ کو ہوگا تو اُس سال مکھیوں کی پیداوار کم ہوگی۔ مکھی زخم کے لیے بڑی خطرناک ہے جس کسی انسان یا حیوان کے زخمی جسم پر بیٹھ جاتی ہے، جراحت کو سخت نقصان پہنچتا ہے، اس کی بیٹ سے کیڑے پیدا ہو کر زخم کو خراب کر دیتے ہیں۔ یہی وجہ تھی کہ جب حضرت یونس شکم ماہی سے برآمد ہوئے تو خداوند عالم نے اُن پر درخت کدو کا سایہ کیا، اس کے سایہ میں مکھی نہیں آتی، شکم ماہی میں رہنے سے جسم کی کھال اس قدر نازک ہوگئی تھی کہ مکھی بیٹھتی تو زخم پڑ جاتا، جب تک جسم میں توانائی نہیں آئی وہ پودا سبز رہا، جب نشست و برخواست کی قوت پیدا ہوگئی تو دیکھا کہ وہ درخت خشک ہوگیا۔ حضرت یونسؑ کو اس کا بہت افسوس ہوا۔

قدرت کا یہ راز ہے کہ یونسؑ پر مکھی نہ بیٹھنے کے لیے پتوں کا سایہ کیا جاتا ہے یہ بھی ممکن تھا کہ مکھی کو حکم الٰہی مل جاتا کہ نبی کے جسم تک نہ آئے مگر ایسا نہیں ہوا یہ خصوصیت اپنے حبیبؐ کے لیے رہنے دی۔ آنحضرتؐ کے جسم اقدس پر کبھی مکھی نہیں بیٹھی۔ میر انیس فرماتے ہیں۔

ہوتا نہ تھا مگس کا تن پاک تک گذر سایہ کبھی نہ جسم کا پڑتا تھا خاک پر

جناب رسالت مآب ﷺ کا ارشاد ہے کہ مکھی کی عمر ۴۰ روز ہے اور سب مکھیاں جہنم میں جائیں گی سوائے شہد کی مکھی کے۔ اس حدیث کے بارے میں اہل تحقیق کہتے ہیں کہ مکھیاں آتش جہنم میں معذب ہونے کے لیے نہ جائیں گی بلکہ مکھیوں کے سبب سے اہل جہنم کی تکلیفیں بڑھائی جائیں گی۔

فریقین کی متفق علیہ حدیث ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا جب مکھی کھانے کے برتن یا پانی میں گر پڑے تو اُس کو غوطہ دے کر نکالو کہ اُس کے ایک پیر میں زہر ہے اور ایک میں شفا۔ مکھی زہردار پر کھانے اور پانی میں ڈال دیتی ہے تم دوسرے پر کو بھی غوطہ دو کہ تم کو ضرر نہ پہنچے۔ (حلیۃ المتقین و سنن ابن ماجہ)

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر مکھی کھانے پر نہ بیٹھتی تو سب لوگ جذام کے مرض میں مبتلا ہو جاتے۔ احمد بن مقدام رازی منصور دوانقی کے دربار میں حاضر تھا کہ مکھی بادشاہ پر آ کر بیٹھی، وہ ہٹاتا

تھا اور کبھی پھر بیٹھ جاتی تھی۔ بادشاہ غصہ میں تھا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام تشریف لائے، منصور نے کہا:

يَا اَبَا عَبْدِ اللهِ لِمَ خُلِقَ الذُّبَابُ؟

اے ابو عبداللہ مکھی کیوں پیدا کی گئی؟

قَالَ لِيُذِلَّ بِهِ الْجَبَابِرَةَ.

فرمایا: اس لیے کہ سرکشی کرنے والے ذلیل کیے جائیں۔

افسوس ہے کہ اس واقعہ کو زمخشری نے ربیع الابرار میں ابوھذیل کی طرف غلط نسبت دی ہے۔

سفیان ثوری نے نبیذ منگوا کر پی اور جو بچ گئی اپنے سامنے رکھ دی۔ کسی نے کہا:

اخشی الذباب ان تقع فی البنیذ.

ہم کو ڈر ہے کہ اس میں مکھی نہ گر پڑے۔ کہا اگر مکھی اپنے تئیں گرنے دے تو خدا اُس کا بُرا کرے۔ (عقد الفرید، جلد ۴، ص ۳۳)

سَأَلْتُ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللهِ اَيَتَبَاكَى الرَّجُلُ فِي الصَّلَاةِ؛ قَالَ بَخٍ بَخٍ وَلَوْ مِثْلَ رَأْسِ الذُّبَابِ. (ابواب الجنان)

امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ انسان نماز میں (غیر ضروری اُمور کے لیے) رو سکتا ہے؟

فرمایا: سر مکس کے برابر بھی گریہ نہ ہو۔

حکماء کہتے ہیں کہ جس طرح مکھی ہمیشہ زخم پر بیٹھتی ہے اور جسم کے تندرست حصہ کو چھوڑ دیتی ہے اسی طرح بدکردار لوگ بری باتوں میں دلچسپی لیتے ہیں اور اچھی چیزوں کو نظر انداز کرتے ہیں۔

(کشکول)

برمنگھم کے مسٹر ڈبلو ایچ ایچ ڈارلٹن نے مکھیوں کی خرید و فروخت شروع کی ہے، مسٹر موصوف مکھیوں کے بعض نمونے سائنسدانوں کو خاص تحقیقات کے لیے قیمتاً بہم پہنچاتے ہیں۔

(رضا کار لاہور ۹ ۱۹۳ء، ۱۔۱۶)

تحقیق جدید ہے کہ مکھی دو منٹ میں دو انڈے دیتی ہے چونکہ وہ چار پانچ سال زندہ رہتی ہے لہٰذا پندرہ لاکھ انڈے دیتی ہے۔ (عجائب المعلومات)

تعبیر:

مکھی خواب میں دیکھنے سے کسی لالچی اور طماع سے ملاقات ہوگی۔

اگر جسم میں مکھیاں بھنکتے دیکھے تو بیماری کا خوف ہے۔

خواص:

موورازی کے لیے اس کا تیل مفید ہے۔

الحکم:

مکھی خبائث میں ہے اس لیے اس کا کھانا درست نہیں۔ مکھی جس کھانے یا پانی میں گرے وہ پاک رہتا ہے۔

ادبیات:

۱): جو شخص ترقی نہ کرے اُس کی گمنامی کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں: وہ مکھیاں مارتا ہے۔

اکبر الہ آبادی کہتے ہیں۔

تعلیم کی بدولت اُن کو بھی ارتقا ہے　　جو مارتے تھے مکھی اب مارتے ہیں چوہے

کسی حق دار کو اُس کے حق سے محروم کرانے کے موقع پر کہتے ہیں: دودھ کی مکھی کی طرح نکال دیا۔

نکالا بزم سے یوں آپ نے ہم کو کوئی جوں ہو　　اُٹھا کر دودھ میں سے اے ستمگر پھینک دے مکھی

۲): جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی: دیدہ و دانستہ کسی غلطی کا شکار ہونا۔

زہر کھاتے ہو جان بوجھ کر کیوں　　جیتی مکھی کو کیوں نگلتے ہو

ذر

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ذر	ذرچہ کوچک		چھوٹی قسم کی چیونٹی لال رنگ کی

چیونٹی دو طرح کی ہوتی ہے سیاہ اور سرخ۔ لال چیونٹی بہت چھوٹی ہوتی ہے۔ لغت میں ہے:

اَلذَّرُّ: النَّمْلُ الْاَحْمَرُ الصَّغِيْرُ. الْوَاحِدَةُ: ذَرَّةٌ.

ذر لال چیونٹی کو کہتے ہیں جو چھوٹی ہوتی ہے، ذر کا واحد ذرہ ہے۔

قرآن مجید میں ہے:

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ. وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ.

جس شخص نے ذرہ برابر نیکی کی اُسے دیکھ لے گا اور جس شخص نے ذرہ برابر بدی کی ہو تو اُسے دیکھ لے گا۔ (زلزال: ۷، ۸)

اس آیہ کی تفسیر میں ہے:

والذَّرَّۃُ بتشدید الراء النملة الصغيرة التی لا تکاد تُرٰی۔

ذرہ ذال کی تشدید کے ساتھ اُس چھوٹی چیونٹی کو کہتے ہیں جو باصرہ سے دکھائی نہ دے۔

انہیں معنوں میں حدیث میں ہے:

اَلذَّرَّۃُ تَخرُجُ مِن جُحرِھَا تَطلُبُ رِزقَھَا۔

چیونٹی اپنے سوراخ سے نکلتی ہے اور اپنی روزی ڈھونڈھتی ہے۔

مراد اس سے چھوٹی چیونٹی ہے۔ چیونٹی کا حال انشاء اللہ آئندہ نمل کی لغت میں تفصیل سے آئے گا۔

دُعا میں ہے:

یَابَارِیَ الذَّرِّ وَالنَّسَمِ۔

اے خلعت ہستی پہنانے والے چیونٹی اور انسان کے۔

نہج البلاغہ میں جناب امیر فرماتے ہیں۔

سُبحَانَ مَن اَدمَجَ قَوَائِمَ الذَّرَّۃِ وَالھَمَجَۃِ۔ (نہج البلاغہ، خطبہ طاوسیہ)

پاک ہے وہ خدا جس نے چھوٹی قسم کی چیونٹی اور پشہ کے برابر والی مکھی کے پیروں کو استوار کیا۔

سرائر ابنِ ادریس میں عبد بن زرارہ سے منقول ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ لال چیونٹی کے مارنے کی بابت آپ کیا کہتے ہیں؟

فرمایا اُسے مارڈالو خواہ تمہیں وہ اذیت دے یا نہ دے۔ (بحار کتاب السماء والعالم)

غالباً یہی چیونٹی مسخ ہے۔ اصحاب سبت کے قصہ میں ہے کہ جب اس قوم پر عذاب نازل ہوا تو جو لوگ شکار کرتے تھے وہ بندر ہو گئے اور جو نہ شکار کرتے تھے نہ منع کرتے تھے وہ چیونٹیوں کی صورت میں ہو گئے۔ اس لیے کہ خدا کے حکم کو حقیر جانتے تھے۔ (حیات القلوب، ص ۵۶۸)

کافی میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ شب جمعہ آسمان سے موافق چیونٹیوں کے عدد کے فرشتے نازل ہوتے ہیں اور اُن کے ہاتھوں میں سونے کے قلم اور چاندی کی تختیاں ہوتی ہیں اور نہیں لکھتے شب شنبہ تک مگر صلوات نبیؐ اور آل نبیؐ پر پس محمدؐ و آل محمدؐ پر بکثرت صلوات بھیجو۔

تعبیر:

لال چیونٹی کو دیکھنا دشمن کی کثرت اور اُن کی خفیہ ریشہ دوانی سے خطرہ پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

الحکم:

اُوپر گذرا کہ اس چیونٹی کو مارنے میں کوئی حرج نہیں۔

ابوذر غفاری:

جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشہور صحابی ابوذر غفاری گذرے ہیں جن کی شخصیت آفتاب کی طرح روشن ہے ان کے فرزند کا نام ذر تھا اس وجہ سے کنیت ان کی ابوذر قرار پائی، نام نامی جندب بن سکن تھا۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابوذر کی بڑی قدرومنزلت کرتے تھے۔ ابوذر کی شان میں کثرت سے حدیثیں اور کچھ آیات قرآن میں وارد ہوئی ہیں۔

مَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ وَلَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ عَلٰی ذِیْ لَهْجَةٍ اَصْدَقَ مِنْ اَبِیْ ذَرٍّ۔

پیغمبر خدا نے فرمایا کہ آسمان نے کسی مخلوق پر سایہ نہیں کیا جو ابوذر سے زیادہ سچا ہو۔

ابوذر کی شان میں یہ بھی ہے کہ وہ اُن مقدس ہستیوں میں ہیں جن کے سبب سے آسمان سے ابر رحمت برستا ہے اور خلائق کو روزی پہنچتی ہے۔

آنحضرتؐ کے بعد اہل بیتؑ بھی اُن کی عزت کرتے تھے۔ سلمان فارسی کا بیان ہے کہ وفات نبی ؐخدا کے دس روز گذرنے کے بعد میں گھر سے نکلا تو راہ میں امیر المومنین علیؑ بن ابی طالبؑ سے ملاقات ہوئی، مجھ سے فرمایا کہ سلمان فاطمہ زہراؑ کے گھر جاؤ وہ تمہاری منتظر ہیں۔ سلمان یہ مژدہ سنتے ہی جلد جلد دولت سرا معصومہؑ پر حاضر ہوئے، خاتون جنتؑ نے کہا سلمان وحی کا آنا منقطع ہو گیا، ملائکہ کی آمد و رفت ترک ہے میں گھر میں غمگین بیٹھی تھی کہ دروازہ کھلا اور تین لڑکیاں حسین وجمیل اندر داخل ہوئیں، میں نے ایسی خوبصورت عورتیں کبھی نہ دیکھی تھیں، میں نے اُن کی تعظیم کی اور پوچھا کہ تم اہل مکہ سے ہو یا مدینہ سے؟ جواب دیا کہ اے دختر رسولؐ ہم اہل زمین سے نہیں ہیں، ہم کو خدا نے (عالم بالا) بہشت سے آپ کی خدمت میں بھیجا ہے، ہم آپ کے بہت مشتاق تھے۔ (جناب سیدہ فاطمہ زہراؑ فرماتی ہیں کہ) میں نے اُن میں سے جو بڑی لڑکی تھی اُس سے نام پوچھا، اُس نے کہا مقدودہ، میں نے کہا یہ نام کیسا، کہا میں مقداد بن اسود کے لیے خلق کی گئی ہوں۔ دوسری سے پوچھا اُس نے کہا ذرہ، میں نے سبب پوچھا، اُس نے کہا میں (آپ کے باپ کے صحابی) ابوذر غفاری کے لیے خلق کی گئی ہوں۔ تیسری سے پوچھا کہ کیا نام ہے، کہا سلمٰی میں نے سبب پوچھا، کہا میں آپ کے بابا کے آزاد کردہ غلام سلمان فارسی کے لیے پیدا کی گئی ہوں۔

ڈاکٹر حسن ابراہیم حسن استاد تاریخ نے ابوذر کو اہل صفہ میں شمار کیا ہے۔

(تاریخ الاسلام سیاسی، ج ا، ص ۳۴۷، طبع مصر)

نئی حکومتوں کے دور میں جہاں اسلام کا ورق پلٹ دیا گیا وہاں پیغمبرؐ کے مخصوص اصحاب و انصار پر بھی ظلم و ستم کی بجلیاں کوندنے لگیں، ابوذر کو جلاء وطن کر دیا۔ صاحب روضۃ الاحباب نے بھی اس دست درازی کا دبی زبان میں اقرار کیا ہے، وہ کہتے ہیں:

گویند در زمان خلافت امیر المومنین عثمان بن عفان ابوذر رضی اللہ عنہ را بجہت مصلحت از مدینہ بیرون کردہ بہ ربذہ فرستادند۔ (روضۃ الاحباب، ص ۴۹۳، چھاپہ لکھنؤ)

جب یہ حکم ابوذر کو پہنچا اور وہ مدینہ چھوڑنے پر مجبور ہوئے تو اہل ایمان میں ہر طرف اس جلاوطنی کا چرچہ تھا۔ لوگوں نے چاہا کہ ضعیف العمر صحابی رسولؐ کو شجرۃ الوداع تک پہنچا دیں مگر حکومت پر مسلمانوں کی یہ ہمدردی بھی شاق ہوئی اور حکم امتناعی صادر ہو گیا کہ ابوذر کی مشایعت کو جانے والے مجرم ہیں۔ اس قہر آلود فرمان کے بعد کس میں دم تھا جو پہنچانے جاتا۔ شیر خدا علی مرتضیٰ روحی فداہ اس ضرورت کو محسوس کر کے اُٹھے، آپؑ کے ساتھ ساتھ دونوں فرزند حسنؑ و حسینؑ اور آپ کے بھائی عقیلؑ اور داماد عبداللہ بن جعفرؑ اور عمار یاسر تھے، ان چند نفوس نے رسولؐ کے صحابی کو رخصت کیا۔ ابوذر کو پھر زندگی میں مدینہ آنے کی اجازت نہ تھی۔ پردیس میں ۳۲ھ میں بقیہ عمر کو ختم کر دیا۔ صاحب روضۃ الاحباب لکھتے ہیں کہ ابوذر کے وقت انتقال اُن کی بی بی اور غلام کے سوا کوئی موجود نہ تھا۔ ابوذر نے وصیت کی تھی کہ جب مجھے غسل و کفن دے چکنا تو شتر سواروں کا پہلا قافلہ جو راستہ سے گذرے اُس سے جا کر کہنا کہ پیغمبرِ خدا کے صحابی ابوذر نے رحلت کی ہے اُس کے دفن میں ہمارا ہاتھ بٹاؤ۔

حسب وصیت سرِ راہ پہنچ کر جو دیکھا تو عبداللہ بن مسعود اہل عراق کے کچھ لوگوں کے ساتھ عمرہ بجا لانے کے لیے جا رہے تھے، غلام نے پکار کر کہا یہ جنازہ رسولؐ خدا کے صحابی ابوذر کا ہے آن کے آخری خدمات میں ہماری مدد کرو۔ عبداللہ بن مسعود بلند آواز سے رونے لگے اور کہا کہ پیغمبرِ خدا نے سچ فرمایا تھا: اے ابوذر تم تنہا نکالے جاؤ گے اور تنہائی میں انتقال کرو گے اور تنہا ہی محشور ہو گے۔ ابن مسعود یہ کہتے ہوئے سواری سے اُترے اور ابوذر غفاری کو سپرد خاک کر دیا۔ اس موقع پر ابن مسعود کے اشکبار ہونے سے واضح ہوتا ہے کہ پیغمبرِ خدا نے مرنے والوں پر آنسو بہانے کی ممانعت ہرگز نہیں کی تھی اگر میت پر رونا حکم خدا اور رسولؐ کے خلاف ہوتا تو ابن مسعود ایسا جلیل صحابی ہرگز نہ روتا۔ حضرت ابوذر کی وفات عثمان کی حکومت کے آٹھویں سال ہوئی۔ (تنبیہ الغافلین)

حضرت ابوذر کے بقیہ حالات خلافت سویم اور ''صبل'' کے لغت میں بیان ہوں گے۔ ربذہ کی طرف ہجرت کو فاضل دمیری نے حیوۃ الحیوان میں ذکر کیا ہے۔

تاریخ عرب میں بنوغفار ابوذر کے گھرانے کے لوگوں کا نام ہے۔(مجمع البحرین)

ذود

عربی	فارسی	انگلش	ھندی
ذود	گلہ شتر		

ذود عربی میں تین سے دس اُونٹوں تک اور بقولے پانچ سے نوشتر تک کو کہتے ہیں۔ عمر بن عبد العزیز خلیفہ وقت کے پاس چند شخص بیٹھے تھے اور جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام کو کلمات ناسزا کہہ رہے تھے۔ خلیفہ نے منبر پر جا کر خدا کی حمد وثنا شروع کی اور جناب امیرؑ کے فضائل اور آپؑ کے سابق الاسلام ہونے کو بیان کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سے عراک بن مالک غفاری نے ام المومنین ام سلمہ کی زبانی بیان کیا کہ وہ فرماتی تھیں: ایک روز سرور عالم میرے گھر میں تشریف رکھتے تھے کہ جبرئیلؑ نازل ہوئے اور وحی اترنا شروع ہوئی، پیغمبر خدا نے تبسم فرمایا۔ میں نے مسکراہٹ کا سبب پوچھا فرمایا مجھے جبرئیلؑ نے خبر دی ہے:

اَنَّهُ مَرَّ بِعَلِيٍّ وَهُوَ يَرْعَى ذَوْداً لَهُ وَهُوَ نَائِمٌ قَدْ اَبْدىٰ بَعْضَ جَسَدِهٖ قَالَ فَرَدَدْتُ عَلَيْهِ ثَوْبَيْهِ فَوَجَدْتُ بَرْدَ اِيْمَانِهٖ قَدْ وَصَلَ اِلىٰ قَلْبِي.

وہ علیؑ کے پاس سے گذرے درآنحالیکہ وہ اونٹ چرا رہے تھے اور تھک کر سو گئے تھے جسم کا کچھ حصہ کھل گیا تھا تو میں نے لباس برابر کیا اُن کے ایمان کی ٹھنڈک میرے دل میں محسوس ہونے لگی۔

ذوالجناح

عربی	فارسی	انگلش	ھندی
ذوالجناح			

پیغمبر خدا کی سواری کے گھوڑے کا نام ہے جس کے متعلق مشہور ہے کہ روز عاشورا امام حسینؑ کی سواری میں تھا۔ سروش ملیح آبادی:

سرم نثارِ سُم ذوالجناح پاک بگفش پائے تو جانم فدا سلام علیک

سپہر کاشانی نے اس سے اختلاف کیا ہے اور میری رائے میں بھی ذوالجناح آپؑ کی آخری سواری

نہ تھی بلکہ یہ گھوڑا قدر شناس امامؑ نے اپنے فرزند علی اکبرؑ شبیہ پیغمبرؐ کو دیا تھا تاکہ تصویر رسول غریبِ رسولؐ پر نصرت کرے۔

صاحب ابصار العین فی انصار الحسینؑ نے جناب علی اکبرؑ کے حال میں لکھا ہے:

وَهُوَ عَلٰی فَرَسٍ یُدْعٰی ذُوالْجَنَاحِ

وہ اُس وقت اُس گھوڑے پر سوار تھے جو ذوالجناح کہہ کر پکارا جاتا تھا۔

یہ تحقیق ہماری آئندہ بیان سے مختلف ہے جس میں ناظرین کو یہ ملے گا کہ اسپ علی اکبرؑ کا نام عقاب تھا ممکن ہے کہ ذوالجناح کو سرعت رفتار سے عقاب بھی کہتے ہوں بہر حال میری نظر میں قول اول ہی معتبر ہے۔

ذوالجناحین:

جناب جعفر طیارؑ کا لقب ہے۔ آپؑ حضرت علیؑ کے منجھلے بھائی تھے۔ جناب ابو طالبؑ قحط سالی کے زمانہ میں کثیر العیال ہونے سے مالی کشمکش میں تھے کہ جناب رسالت مآب ﷺ نے حضرت عباسؑ کے مشورہ سے جعفرؑ کو اُن کے حوالہ کر دیا اور حضرت علیؑ کو خود لے لیا چنانچہ جعفرؑ کی پرورش عباسؑ کے سایہ عاطفت میں ہوئی اور حضرت علیؑ پیغمبرؐ کی آغوش میں پلے۔ ابو طالبؑ نے صرف بڑے بیٹے عقیلؑ کو پالا۔ پیغمبرؐ خدا کو ان سے بھی غیر معمولی محبت تھی اور یہ بھی حضرت کو بے حد دوست رکھتے تھے۔ بعثت سے بہت پہلے جب کہ پیغمبرؐ خدا ابو طالبؑ کے زیر تربیت تھے اور حضرت ابو طالبؑ کو کفار قریش سے بھتیجے کی جان کا خطرہ تھا تو حفاظت کا یہ عنوان اختیار کیا تھا کہ شب کو پیغمبرؐ کے بستر پر کبھی جعفرؑ کو سلاتے تھے کبھی علیؑ کو۔ جب صبح بعثت پہلی وحی پیغمبرؐ پر نازل ہوئی اُس وقت میں جعفرؑ سرور کائناتؐ کے پہلو میں آرام کر رہے تھے۔ داہنی طرف علیؑ، بائیں طرف جعفرؑ، پائینتی حمزہؑ۔ بنی ہاشم کے ان مخصوص افراد کے چہروں سے وہ اجلال ظاہر تھا کہ ملائکہ نے جو وحی لے کر پہلے مرتبہ حاضر ہوئے تھے جبرئیلؑ سے پوچھا کہ ان چاروں شخصوں میں ہم کس کی طرف بھیجے گئے ہیں۔ جبرئیلؑ نے رسول اکرمؐ کی طرف اشارہ کیا اور کہا کہ تمام انبیاء کے سردار محمدؐ یہی ہیں اور یہ اوصیاء کے سردار علیؑ بن ابی طالبؑ ہیں اور وہ جعفرؑ بن ابی طالبؑ ہیں جو دو پروں سے بہشت میں پرواز کریں گے اور وہ حمزہؑ ہیں جو شہیدوں کے سردار ہیں۔

(النبوۃ: ۴۹)

شہادت کی خبر زندگی ہی میں مل چکی تھی۔ اصحاب و انصار جانتے تھے کہ جعفرؑ شہادت کے بہت بڑے درجہ تک پہنچیں گے۔ جناب جعفر طیارؑ کی شان میں مختلف حدیثیں ہیں، ایک روایت ابن عباس

سے ہے، وہ ناقل ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ خدا نے کلام میں سے چار کلمات کو اختیار کیا ہے اور ملائکہ، انبیاء، صادقین، شہداء، صنف نازک، دن تاریخ میں بھی چار نبی، صادق، شہید، عورتیں خدا کے انتخاب کیے ہوئے ہیں۔

کلام نبیؐ سے خدا نے (سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ) کو اختیار کیا اور ملائکہ میں سے جبرئیلؑ، میکائیلؑ، اسرافیلؑ، عزرائیلؑ اور انبیاءؑ میں سے ابراہیمؑ کو خلیل بنایا، موسیٰ علیہ السلام کو کلیم، عیسیٰ علیہ السلام کو روح، محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حبیب اور صدیقین میں سے یوسفؑ بن یعقوبؑ، حبیب نجار، علیؑ بن ابی طالبؑ اور شہداء میں سے یحییٰؑ بن ذکریا، جرجیسؑ، حمزہؑ و جعفر طیارؑ اور عورتوں میں سے مریمؑ بنت عمران، آسیہؑ دختر مزاحم زوجہ فرعون، خدیجہؑ بنت خویلد اور فاطمہ زہراؑ اور مہینوں میں سے رجب، ذی قعدہ، ذی الحجہ، محرم اور یہی مہینے حرمت اور تعظیم کے ہیں اور تاریخوں میں عید فطر، عرفہ، بقرعید، جمعہ۔ ممکن ہے کہ انھیں پیشین گوئی سے جعفرؑ ہر دل عزیز ہوں۔

۲۴ رجب فتح خیبر کے دن جعفر طیارؑ ہجرت حبشہ سے واپس ہوئے ایک تو قلعہ خیبر کا فتح ہونا یہودیوں کی شکست مستقل مسرت تھی پیغمبر خدا کے لیے اس پر طرہ یہ ہوا کہ پردیس سے دور افتادہ بھائی آ گئے، اس مسرت بالائے مسرت میں حضور اکرمؐ نے خیبر کی فتح اور بھائی کی واپسی کو ہم وزن خیال کر کے فرمایا کہ میں ان دو مسرتوں میں کس پر زیادہ خوش ہوں، فتح خیبر پر اظہار مسرت کروں یا جعفرؑ کے آنے پر۔ افسوس کہ ابو طالبؑ کا یہ چشم و چراغ جمادی الاوّل ۸ھ میں بمقام موتہ ۴۲ سال کی عمر پا کے شہید ہو گیا۔ پیغمبر خدا نے فرمایا کہ میں دیکھ رہا ہوں جعفرؑ و زید و عبداللہ موتی کے ایک خیمہ میں ایک تخت پر بیٹھے ہیں۔ زید و ابن رواحہ کی گردنیں خم ہیں اور جعفرؑ استقامت کے ساتھ بیٹھے ہیں۔ سعید بن مسیب نے سبب پوچھا تو فرمایا کہ جب پیام اجل آیا تو عبداللہ و زید نے موت کے مقابلہ میں منہ پھرا لیا مگر جعفرؑ (خندہ پیشانی سے) موت پر تیار رہے۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ: رَاَیْتُ جَعْفَرَ یَطِیْرُ فِی الْجَنَّۃِ مَعَ الْمَلٰئِکَۃِ۔

میں نے خود دیکھا کہ جعفرؑ بہشت میں پرواز کر رہے ہیں۔ جب آنحضرتؐ کو بھائی کی خبر مرگ پہنچی تو سنائی سن کر آپؐ نے حکم دیا کہ جعفرؑ کے بچوں کے لیے کھانا بھیجا جائے۔ (مشکوۃ المصابیح مطبوعہ ممبئی ۱۲۷۱ھ، ص ۹۹)

ارباب تاریخ نے لکھا ہے کہ شیر خدا علی مرتضیٰ علیہ السلام کو جب غصہ آتا تھا تو کوئی شخص بات تک نہ کر سکتا تھا مگر جب جعفر طیارؑ کے حق کی قسم دی جاتی تھی تو غصہ فرو ہو جاتا تھا۔

(تذکرۃ الخواص، ص ۱۵)

فضائل جعفرؑ:

احادیث رسولؐ میں جناب جعفر طیارؑ کی مدح وثناء کثرت سے ہے۔ جناب سرور کائناتؐ نے جعفرؑ کی شان میں فرمایا: اَشْبَهْتَ خَلْقِيْ وَخُلُقِيْ تمہاری خلقت اور خلق میرا ایسا ہے۔

(ارجح المطالب، ص ۵۱۹)

عَنْ اَنَسٍ ان رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ نَحْنُ وُلْدُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ سَادَاتُ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَنَا وَحَمْزَةُ وَعَلِيٌّ وَجَعْفَرٌ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ وَالْمَهْدِيُّ۔

(اَخْرَجَهُ الْحَاكِمُ وَالدَّيْلَمِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

انس کہتے ہیں کہ تحقیق کہ جناب رسالت مآب ﷺ نے فرمایا ہے کہ ہم اولاد عبدالمطلبؑ اہل بہشت کے سردار ہیں، میں اور حمزہؑ اور علیؑ اور جعفرؑ اور حسنؑ وحسینؑ اور مہدیؑ۔

اور روایت علی بن ہلالی میں ہے کہ پیغمبر خدا نے فاطمہ زہراؑ سے فرمایا:

قَدْ اَعْطَانَا اللهُ سَبْعَ خِصَالٍ لَمْ يُعْطِ اَحَداً قَبْلَنَا وَلَا يُعْطِي اَحَداً بَعْدَنَا اَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ وَاَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَى اللهِ وَاَنَا اَبُوْكِ وَوَصِيِّيْ خَيْرُ الْاَوْصِيَاءِ وَاَحَبُّهُمْ اِلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ بَعْلُكِ وَشَهِيْدُنَا خَيْرُ الشُّهَدَاءِ وَاَحَبُّهُمْ اِلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَهُوَ عَمُّ اَبِيْكِ وَعَمُّ بَعْلِكِ وَمِنَّا مَنْ لَهُ جَنَاحَانِ اَخْضَرَانِ يَطِيْرُ فِي الْجَنَّةِ مَعَ الْمَلَائِكَةِ حَيْثُ يَشَاءُ وَهُوَ ابْنُ عَمِّ اَبِيْكِ وَاَخُوْ بَعْلِكِ وَمِنَّا سِبْطَاهٰذِهِ الْاُمَّةِ وَهُمَا ابْنَاكِ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ وَهُمَا سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ۔

اہل بیتؑ کو خدا نے سات باتیں ایسی عطا کی ہیں کہ نہ ہم سے پہلے کسی کو دی گئیں اور نہ ہمارے بعد کسی کو دی جائیں گی۔ میں خاتم النبیین اور خدا کا سب سے زیادہ محبوب ہوں اور میں تمہارا باپ ہوں اور میرا وصی سب وصیوں سے بہتر اور خدا کے نزدیک اُن سب سے محبوب تر ہے اور وہ تمہارا شوہر ہے اور ہمارا شہید سب شہیدوں سے افضل ہے اور اُن سب سے خدا کے نزدیک محبوب تر ہے اور وہ حمزہؑ بن عبدالمطلبؑ تمہارے باپ اور شوہر کا چچا ہے اور ہم میں سے ایک وہ ہے جس کے دو سبز پر ہیں اور فرشتوں کے ساتھ جہاں چاہتا ہے بہشت میں اُڑتا پھرتا ہے اور وہ تمہارے باپ کا ابن عم اور شوہر کا بھائی ہے اور اس امت کے اسباط بھی ہم میں سے ہیں اور وہ دونوں تمہارے بیٹے حسنؑ وحسینؑ ہیں جو جوانان جنت کے سردار ہیں۔ (ارجح المطالب، ص ۴۴۰)

یہ حدیث طولانی تھی میں نے مقدار ضرورت درج کی ہے۔

ذوالطفتین

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
سانپ		مار	ذوالطفتین

مذکورہ بالا نام اُسی سانپ کا ہے جس کی پشت پر دو کالی لکیریں سرتا سر ہوتی ہیں۔ حدیث میں اس سانپ کے مار ڈالنے کا حکم ہے۔ معصومؑ نے فرمایا:

اُقْتُلُوا مِنَ الْحَيَّاتِ ذُو الطُّفْيَتَيْنِ. اس طرح کے سانپ کو مار ڈالو۔

تعبیر:

اس کو خواب میں دیکھے تو دوہری طاقت کے دشمن سے سابقہ ہو۔

الحکم:

حرام ہے۔

(ر)

راویہ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
		شترآب بردار	راویہ

الرَّوَايَا من الإبل: الحوامل للماء. جمع "رَاوِيَةٍ" فشبهها بها. (مجمع البحرین)

یہ لفظ امام حسینؑ کی زبان مبارک پر واقعہ کربلا میں جاری ہوئے ہیں اور ملاقات حرؑ کے وقت جب لشکر کو سیراب فرما رہے تھے تو علی بن طعان کی پانی پیتے وقت اضطراری حالت دیکھ کر فرمایا:

أَنِخِ الرَّاوِيَةَ. اس شتر کو جس پر پانی ہے بٹھالے۔

اہل شام کی اصطلاح میں راویہ مشک کو کہتے تھے وہ حجاز کا محاورہ نہ سمجھا تو دوبارہ فرمایا:

يَا ابْنَ الْأَخِ أَنِخِ الْجَمَلَ. اے برادرزادہ اونٹ کو بٹھا۔

الربیثا

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الربیثا	ماہی		مچھلی

ایک مچھلی ہے جس میں بہت خفیف چھلکے ہوتے ہیں۔ مجلسی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ میرے پاس جو کتابیں علم لغت وحیوان کی ہیں اُن میں کہیں ربیثا کا ذکر نہیں ہے صرف کلام فقہا اور احادیث میں اس کا ذکر ہے۔

احادیث بھی مختلف ہیں بعض احادیث سے واضح ہوتا ہے کہ اربیان اور ربیثا ایک مچھلی ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ اربیان اور ربیثا دو مختلف مچھلیاں ہیں۔ ربیثا کی حلت وحرمت میں بھی احادیث میں اختلاف ہے۔

عمرو بن حنظلہ کی روایت میں ہے کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں سوکھی ہوئی ربیثا تھیلی میں بھر کر حاضر ہوا اور اس کے بارے میں سوال کیا۔ فرمایا اُس کے چھلکا موجود ہے تم شوق سے کھاؤ۔

اور عمار ساباطی کی روایت میں جو امام جعفر صادق علیہ السلام تک پہنچتی ہے یہ ہے کہ حضرتؑ نے کھانے کی ممانعت فرمائی۔ اس موخر الذکر روایت کو جناب شیخ علیہ الرحمہ نے ھدایہ میں نقل فرمایا اور اس نہی کو کراہت پر محمول کیا ہے۔

تعبیر:

اس مچھلی کو خواب میں دیکھنے سے حلال روزی ملنے کی امید ہے۔

خواص:

اس کے مخصوص حالات کتب طب میں نہیں ہیں۔

الحکم:

فقہانے اس کے گوشت کو مکروہ شمار کیا ہے۔ حرمت کے بارے میں کوئی نص وارد نہیں ہوئی ہے۔

رخم

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
چیل	Pelican	زغن	رخم

علم حیوان کے ماہرین میں اختلاف ہے کہ رخم اور نسر ایک جانور ہے یا دو مختلف طائر ہیں۔

منتخب اللغات میں ہے: ''رخم بفتحتین مرغیست مردار خوار کہ اتر الفارسی گرگس گویند واحد رخمہ۔''

مترجم عجائب المخلوقات نے بھی رخمہ کا ترجمہ گرگس کیا ہے جو صحیح نہیں ہے میرے نزدیک صاحب صراح کا قول جس کو محقق طریحی نے اختیار کیا ہے درست ہے اُن کے الفاظ یہ ہیں:

الرخمہ طائر ابقع یشبہ النسر فی الخلقہ رخمہ۔

کالی اور سفید پرند ہے جو گدھ سے مشابہ ہوتا ہے، یہ فضلہ خوار جانور ہے جس کو حالت احرام میں قتل کرنے سے فدیہ دینا نہیں پڑتا میرے نزدیک رخم چیل کو کہتے ہیں۔ کلام معصومؑ سے واضح ہوتا ہے کہ یہ طائر مسوخات سے ہے۔

محمد بن مسلم نے امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ میں نے خدمت میں عرض کیا کہ میں توبہ کرتا ہوں چنڈول کھانے سے۔ آپؑ نے فرمایا وائے ہو تجھ پر اُس کو نہ کھا اور نہ ورشان اور ہدہد اور نہ چنگل مارنے والے جانور اور رخم کا گوشت کھانا، رخم مسخ ہے۔ اصل الفاظ حدیث کہ یہ ہیں:

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ اَنَّهُ قَالَ فِي حَدِيثٍ: فَقُلْتُ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ يَا مَوْلَايَ مِنْ اَكْلِ الْقَنَابِرِ فَقَالَ لِي وَيْحَكَ لَا تَاْكُلْهَا وَلَا الْوَرَاشِيْنَ وَلَا الْهُدْهُدَ وَلَا الْجَارِحَ مِنَ الطَّيْرِ وَلَا الرَّخَمَ فَاِنَّهَا مُسُوْخُ الْخَبَرِ.

ہوائی جہاز پر سفر کرنے والے سیاح بتاتے ہیں کہ بسا اوقات اُڑتی ہوئی چیلوں کے قریب سے طیارہ گذرتا ہے اور وہ نہایت اطمینان سے اُڑتی رہتی ہیں حالانکہ ہوائی جہاز کی آواز سے پرند بھاگتے ہیں اور فضاء میں جو تموج پیدا ہوتا ہے وہ دور دور طائروں کو ٹھہرنے نہیں دیتا، چیلوں کی اس حالت کو دیکھ کر یہ رائے قائم کی ہے کہ بعض اوقات چیلیں ہنگام پرواز میں سو جاتی ہیں اور جس وقت وہ سوتے میں اُڑتی ہیں اُس وقت طیارہ کی صدا کان میں نہیں جاتی ممکن ہے کہ پرندوں کے اس عالم کو قرآن مجید نے پرزور لفظوں میں بیان کر کے فرمایا ہے:

مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ. خدا کے سوا کون ان کو روکتا ہے۔

چیل کی نگاہ بہت تیز ہوتی ہے وہ ہمیشہ کسی بلند درخت کی چوٹی یا منارہ پر آشیانہ بناتی ہے۔ عوام کہتے ہیں کہ چیل کا بچہ آنکھ نہیں کھولتا جب تک کوئی طلائی چیز اُس کو دکھائی نہیں جاتی، بسا اوقات سونے کے زیورات چیل کے آشیانہ سے نکلتے ہیں۔ اس کے پنجہ میں بڑی طاقت ہوتی ہے۔ علم حیوان کے ماہر کہتے ہیں کہ چیل ایک سال نر اور ایک سال مادہ رہتی ہے اور کبھی عقاب چیل ہو جاتا ہے اور چیل عقاب ہو جاتی ہے۔ عقاب اور چیل کی صورت میں کوئی خاص فرق نہیں ہوتا۔ چیل گوشت کی عاشق ہے، ہندوستان میں مریضوں پر سے گوشت کی بوٹیاں صدقے کر کے اکثر چیلوں کو دیتے ہیں اور وہ "چیل چلہور" کہنے یا انڈے بچے والی چیل چلہور کہنے سے جمع ہو جاتی ہیں۔ لاگو چیل ہر شئ پر جھپٹا مارتی ہے، خوانچہ والے اپنے ٹوکرے میں آتشدان یا چند سینکیں لگا کر اس سے بچتے ہیں۔

چیلوں کی مختلف قسمیں ہیں۔ دھوبیا چیل، بات چیل، شاہو تیلا چیلیں قیصر باغ کے عجائب خانہ میں موجود ہیں۔ مچھریا اور بیہو بھی چیل ہی کی صورت کا ایک پرندہ ہے یہ بھی عجائب خانہ مذکور میں موجود ہے۔

شہداء کربلا کی یہ محیر العقول شخصیت ہے کہ اُن کی لاشوں پر مردار حور پرندہ اپنی فطرت کو بھول کر پہرہ دیتے تھے۔ زجر بن قیس فوج یزید کے ایک سپاہی نے یزید کے سامنے جو بیان دیا اُس میں یہ الفاظ ہیں:

فَهَاتِيكَ اَجْسَادُهُمْ مُجَرَّدَةٌ وَ ثِيَابُهُمْ مُرَمَّلَةٌ وَ خُدُودُهُمْ مُعَفَّرَةٌ تَصْهَرُهُمُ الشَّمْسُ وَتَسْفِي عَلَيْهِمُ الرِّيَاحُ زُوَّارُهُمُ الْعِقْبَانُ وَ الرَّخَمُ.

اُن سبھوں کے جسم بے کفن ہیں اور کپڑے خون میں تر ہیں اور رخساروں پر خاک ہے، آفتاب ان کو اذیت دے رہا ہے اور ہوا اُن پر گرد ڈال رہی ہے، اُن کی زیارت کرنے والے عقاب اور چیلیں ہیں۔

اخبارات طوال میں اس مطلب کو یوں اور کہا ہے: **وُفُوْدُهُمُ الرَّخَمُ.**

مفہوم دونوں عبارتوں کا ایک ہے۔ بحار الانوار و مقتل ابو مخنف میں بھی یہ عبارت ہے۔

تعبیر:

چیلیں منڈلاتی ہوئی دیکھے تو بیمار کو صحت ہو۔ چیل بولتے ہوئے سنے تو خبر بد سے محفوظ رہے۔ چیل پکڑ لے تو دشمن پر قابو پالے۔

خواص: اس کی بیٹ کا حمول موجب اسقاط حمل ہے۔

الحکم: حرام ہے۔

maablib.org

ادبیات:

۱): قوی نظر انسان کو کہتے ہیں کہ چیل کی آنکھ ہے۔

۲): گرمی کی شدت ظاہر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں "چیل انڈا چھوڑتی ہے"۔

رِق

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
رِق	نگر		

دریائی چوپاؤں میں ایک جانور ہے جو مگرمچھ سے مشابہ ہوتا ہے اور بعض محققین کہتے ہیں کہ بڑے کچھوے کو رق کہتے ہیں جس کی جمع رقوق ہے۔ حدیث اصبغ میں اس کے مسخ ہونے کا تذکرہ ہے جو انشاء اللہ آئندہ ورک کی جائے گی۔ کلام شعراء میں اس کا ذکر ہے۔ میر انیسؔ فرماتے ہیں ؎

کھینچے میان آب نہنگوں نے اپنے سر ماہی چھلہ پوش تھی چھپنے لگے مگر

تعبیر:

تماح کی لغت میں تعبیر گذر چکی، خواص اور حکم اس کا مثل تماح کے ہے۔

راقصات

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
راقصات			

کلام عرب میں تیز دوڑنے والی اونٹنی کو راقصات کہتے ہیں۔ امام زین العابدینؑ نے کوفہ میں جو خطبہ پڑھا اُس میں فرمایا:

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ اَيُّهَا الْغَدَرَةُ الْمَكَرَةُ حِيْلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ شَهَوَاتِ اَنْفُسِكُمْ اَ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَأْتُوْنَ اِلَيَّ كَمَا اَتَيْتُمْ اِلٰى اَبِيْ مِنْ قَبْلُ كَلَّا وَ رَبِّ الرَّاقِصَاتِ فَاِنَّ الْجُرْحَ لَمَّا يَنْدَمِلْ.

افسوس اے بے وفا مکاروں تمہاری عقل کو خواہشات نے چھپا دیا کیا تم یہ چاہتے ہو کہ میں بھی تمہارے پاس آجاؤں اور جو تم نے میرے والد کے ساتھ کیا وہ کرو، تیز رفتار اونٹنیوں کی قسم میرے

باپ کے قتل کا زخم مندمل نہیں ہوا۔

رماخ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
		مچھلی	رماخ

ایک مچھلی ہے بغیر چھلکے کی جس کو معصومؑ نے مسوخات کے سلسلہ میں یاد کیا ہے۔

علامہ فخر الدین طریحی علیہ الرحمہ "موز" کے لغت میں لکھتے ہیں:

وفی الحدیث المارماهی والجری والرماخ مسوخ من طائفة بنی اسرائیل۔

حدیث میں ہے کہ مارماہی اور جری اور رماخ بنی اسرائیل کے ایک گروہ میں سے مسوخ جانور ہیں۔

میرے پاس علم حیوان اور لغت کی جو کتابیں ہیں اُن میں رماخ کا کہیں ذکر نہیں ہے۔

تعبیر: جو شخص اس مچھلی کو خواب میں دیکھے تو نادر چیزیں دستیاب ہوں۔

خواص: العلم عنداللہ

الحکم: حرام ہے۔

رِکاب

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
			رکاب

عرب بار برداری کے اونٹ کو رکاب بھی کہتے ہیں:

وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَیْهِ مِنْ خَیْلٍ وَّلَا رِكَابٍ۔

جو مال خدا نے اپنے رسولؐ کو لوگوں سے بغیر لڑے دلوایا اُس میں تمہارا حق نہیں ہے کیونکہ تم نے اس کے لیے کچھ کوشش تو کی نہیں نہ گھوڑوں سے نہ اونٹوں سے۔ (الحشر:٦)

(ز)

زرافہ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
اونٹ گائے	Giraffe	شترگاؤ	زرافہ

یہ جانور اونٹ اور جنگلی گائے کے جفت ہونے سے پیدا ہوتا ہے۔ سر و گردن اس کا اونٹ کے سر سے مشابہ اور جسم تیندوے کی طرح اور گردن گھوڑے کی ایسی لیکن زیادہ لانبی اور گائے کی طرح دو سینگ ہوتے ہیں۔ دونوں ہاتھ بہ نسبت پیروں کے لمبے اور دم ہرن کی طرح ہوتی ہے۔

حدیث میں ہے:

إِذَا صَاحَ الزَّرَافَةُ تَقُوْلُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ.

جب زرافہ بولتا ہے تو کہتا ہے کوئی معبود نہیں سوائے معبود برحق کے وہی واحد و یکتا ہے۔

زرافہ کے لیے ایک مہلک کیڑا Tse-Tse-Fly زی۔زی مکھی اذیت رساں ثابت ہوا ہے جو دیگر چوپاؤں کو بھی نقصان پہنچاتا ہے۔

تعبیر:

اگر اس کو خواب میں دیکھے تو کسی کمینہ شخص سے سابقہ ہو جو حسب و نسب میں شریف نہ ہو۔

خواص:

گوشت اس کا خلط سوداوی پیدا کرتا ہے، گرم مزاج والوں کو خصوصیت سے مضر ہے۔

الحکم:

فاضل طیبی نے اس کو غیر ماکول اللحم کہا ہے۔

(ژ)

ژندہ پیل

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
			ژندہ پیل

اس جانور کا نام قصص الانبیاءؑ کے سلسلہ میں علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے بتایا ہے اگرچہ کلام معصومؑ میں اس کا وجود نہیں ہے مگر روایت اس کی طرف راہنمائی کرتی ہیں ۔ترجمہ حیات القلوب کی خلاصہ عبارت ملاحظہ ہو:

ابن بابویہ علیہ الرحمہ نے اسحاق بن ابراہیم طوسی سے روایت کی ہے کہ اُن سے ۹۷ سال کی عمر میں یحییٰ بن منصور کے سامنے بیان کیا کہ میں نے ہندوستان میں ایک بادشاہ دیکھا کہ جس کو سربا بک کہتے تھے۔ اس کی قیام گاہ شہر صبوح تھا۔ یہ مسلم فرماں روا نو سو پچیس برس کا بڈھا تھا اس کا بیان ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب میں دس شخصوں کو مثل حذیفہ بن یمان، اسامہ بن زید، صہیب، سفینہ (غلام) کو بھیج کر مجھے دعوت اسلام دی اور میں نے حضرتؐ کے نامہ پر بوسہ دیا اس طرح ایمان لایا میں نے پوچھا اس ضعف میں نماز کیوں کر پڑھتا ہے؟ کہا خداوند عالم فرماتا ہے:

الَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰهَ قِیٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِهِمْ.

پوچھا خوراک کیا ہے؟ کہا یخنی گندنے کے ساتھ کھاتا ہوں۔

دانتوں کو پوچھا تو کہا کہ ۲۰ مرتبہ دانت گرے اور پھر نکلے۔

میں نے اُس کے طویلہ میں ایک چار پایہ دیکھا جو ہاتھی سے بڑا تھا اُس کو ژندہ پیل کہتے تھے۔ میں نے پوچھا کہ اس جانور سے کیا کام لیتا ہے؟ کہا خدمت گاروں کا لباس اس پر لاد کر دھوبیوں کے پاس دھونے کو لے جاتے ہیں۔ (شفاالصدور والکروب، ترجمہ اردو حیات القلوب جلد اوّل، ص ۸۰۹)

تعبیر:

اس جانور کو خواب میں دیکھے تو امید سے زیادہ کامیاب ہو، سرکش دشمن مسخر ہوں۔

الحکم: واللہ یعلم

(ز)

زنبور

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
زنبور	مگس گزندہ	Wasp	بھڑ

بھڑ زہریلی مکھی ہے جو مما کی طرح ڈنگ مارتی ہے۔ایام سرما میں نظر نہیں آتی۔یہ سرخ، وزرد رنگ کی ہوتی ہے،لال میں زہر زیادہ ہوتا ہے۔اگر کوئی اس کے چھتے کو چھیڑ دے تو اُس کے سارے جسم میں بھڑیں لپٹ جاتی ہیں۔اس کے ڈنگ سے اکثر ورم ہو جاتا ہے۔قدرت نے اس کو ایسا سلیقہ دیا ہے کہ نہایت خوبصورت گھر بناتی ہے اور آج تک تحقیق نہیں ہوسکا کہ یہ گھر کس چیز کا ہوتا ہے۔کاغذ کے چھوٹے چھوٹے خانہ،ایک دوسرے سے ملے ہوئے برابر کے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کسی مہندس نے پرکار سے ناپ کے بنائے ہیں۔بھڑ میں جاڑے کے موسم میں زہر باقی نہیں رہتا اکثر بچے اس کو ہاتھ سے پکڑ لیتے ہیں۔

حدیث میں ہے کہ یہ بھی مسخ ہے۔ابتدائے زمانہ میں ایک انسان تھا جو گوشت بیچتا تھا۔ترازو میں کم تولنے کی خطاء پر خدا نے اس کو مسخ کر دیا۔

زنبور کی جمع زنابیری۔دیہات میں اس کو "برین" کہتے ہیں۔بھڑ کی ایک قسم کمہاری ہے جس کا گھر مٹی کا ایسا معلوم ہوتا ہے اسی وجہ سے اُس کو کمہاری کہتے ہیں۔ہندوستان کے واہمہ پرست عورتیں کہتی ہیں کہ جس گھر میں کمہاری مدور گھر بنائے گی اُس گھر کی حاملہ کے لڑکی ہوگی اور اگر مستطیل گھر ہوگا تو لڑکا پیدا ہوگا۔کمہاری جھینگر کی دشمن ہوتی ہے اور اکثر اپنا گھر بنا کر بھول جاتی ہے۔

مرزا دبیر صاحب فرماتے ہیں۔

سرگشتہ یوں تھے سینہ میں پیکان بے جگر زنبور جیسے ڈھونڈتی پھرتی ہے اپنا گھر

زبور میں ہے کہ اے داؤدؑ اُس بادشاہ کو حال بنی اسرائیل کو سناؤ جس کے زیر نگیں تمام روئے زمین تھی اور وہ سر بلند عمارتیں قلعہ بنانے میں مشغول تھا،اُس کے خزانے زر و جواہر سے چھلک رہے تھے،وزیر سے کہا کہ ایک مجلس طرب منعقد کر جس میں رنج و غم کا نام نہ ہو،وزیر نے جلسہ کیا،حریر و دیبا کا فرش بچھایا گیا،خوش رو غلام،گانے والی کنیزیں،آلات لہو،پھل،میوے،خوشبوئیں تمام سامان عیش

وعشرت جمع کر دیا۔ بادشاہ مجلس میں داخل ہوا تو بادشاہ نے اپنے زیرنگیں حاکموں پر فخر شروع کیا۔ خدا نے ایک زنبور کو جو شہد کی مکھی سے چھوٹی اور مچھر سے بڑی تھی حکم دیا کہ اس کو اذیت دے، اُس نے ڈنک مارا اور جسم پر ورم شروع ہوا، چہرہ زرد، آنکھوں سے ریم جاری ہوا، بدن کا گوشت کٹ کٹ کے گرنے لگا، بدبو سے اہلِ محفل سرکنے لگے، زہر کے اثر سے استخوانِ سر خاکستر ہو گیا تو عزیز واقربا نے جسم بے سر کو دفن کر دیا۔ خدا نے وحی کی:

لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ عِبْرَةٌ لَمَنَعَهُمْ هٰذِهِ عَنْ مَعْصِيَتِيْ لٰكِنَّهُمْ مُشْتَغِلُوْنَ لَعِبَ الدُّنْيَا تُخَلِّيهِمْ حَتّٰى يَصِلَ اِلَيْهِمْ اَمْرِيْ.

اگر فرزند آدم کے لیے ذرائع عبرت ہوں تو پھر وہ میری نافرمانی سے باز رہیں، کہیں وہ لہو ولعب میں مصروف رہتے ہیں یہاں تک کہ میرا حکم (موت) اُن تک پہنچ جاتا ہے۔

ابو دجانہ انصاری سے منقول ہے کہ وہ بیان کرتے ہیں میں خدمت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں نے ایسی چیز دیکھی ہے کہ آواز اُس کی مثل چکی کے اور صدا زنبور کی تھی اور اُس سے بجلی کی سی چمک ظاہر ہوتی تھی اور وہ میرے گھر کے آنگن میں دراز اور بلند ہوتی تھی جب میں اُس کے پاس گیا اور چاہا کہ اُس کی جلد پر ہاتھ پھیروں تو جلد کو مثل ساہی کی جلد کے پایا، اُس نے ایک شئ مثل شرارہ آتش میرے منہ پر پھینکی۔ حضرت نے فرمایا اے ابو دجانہ وہ تیرے مکان کا عامر ہے، یہ کہہ کر حضرت امیر المومنینؑ کو بلایا اور فرمایا کہ لکھو:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هٰذَا كِتَابُ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اِلٰى مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَ الزُّوَّارِ اِلَّا طَارِقاً يَطْرُقُ بِخَيْرٍ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَ لَكُمْ فِي الْحَقِّ سَعَةً فَاِنْ تَكُ عَاشِقاً مُوْلَعاً اَوْ فَاجِراً مُقْتَحِماً فَهٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَرُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا وَ انْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَزْعُمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهاً اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهُ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَتْ اَعْدَاءُ اللّٰهِ وَ بَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ.

ابو دجانہ کہتے ہیں میں نے اُس نوشتہ کو لیا اور سوتے وقت اپنے سرہانے رکھا جب میری آنکھ کھلی تو

میں نے دیکھا کہ کوئی فریاد کرتا ہے اور کہتا ہے کہ اے ابودجانہ تو نے مجھ کو اپنے حرز سے جلا دیا جب تک میں زندہ ہوں تیرے گھر میں نہ آؤں گا اور نہ اُس جگہ آؤں گا جہاں یہ حرز ہوگا۔ فاضل دمیری نے بھی اس حرز کو دوسرے مقام پر درج کیا ہے۔

فرشتۂ رعد کی کیسی صورت ہے اور وہ کتنا بڑا ہے اس کے بارے میں حدیث میں ہے:

اَکْبَرَ مِنَ الذُّبَابِ وَاَصْغَرَ مِنَ الزُّنْبُوْرِ۔

وہ مکھی سے بڑا اور زنبور سے چھوٹا ہے۔ (ینابیع الانوار)

اس مختصر قد و قامت پر یہ زلزلہ افگن آواز شان کبریائی ہے۔ جو لڑائیاں غزوہ احد اور خندق کے درمیان میں ہوئیں اُن میں غزوۂ جیع، اس جنگ میں لشکر اسلام کے مجاہد عاصم بن ثابت کو دشمن نے قتل کیا اور چاہتے تھے کہ اُن کے سر کو جسم سے جدا کریں، خدا نے زنبور کو مقرر کیا جس نے سر کی حفاظت کی اور کوئی مشرک سر کے قریب نہ آسکا۔ (نفحۃ الریاحین، ص ۱۲۷)

تعبیر:

بھڑوں کو دیکھنا دشمن کی کثرت کی خبر ہے۔

خواص:

سرخ بھڑوں کا چھتہ کنٹھ مالے میں اطباء استعمال کرتے ہیں۔

الحکم:

بھڑ مسوخات اور کمی جانوروں میں ہے اس کا کھانا حرام ہے۔

ادبیات:

لڑاکا مرد یا عورت کو بھڑ کا چھتہ کہتے ہیں۔

حکیم بندہ مہدی صاحب مرحوم شہر کے مشہور اور فیاض رئیس تھے سو اتفاق سے بھڑ نے کاٹا اور انتقال کر گئے، کسی شاعر نے تاریخ کہی۔

بھڑ نے کاٹا بندہ مہدی مر گئے

۱۰۸۴ھ

فائدہ:

بھونرا بھی بھڑ کی ایک قسم ہے جو گرمی کی آمد میں دکھائی دیتا ہے۔ بھونرے کی سیاہی ضرب المثل

ہے۔ بھونرا کبھی آبادی میں چھتہ نہیں بناتا۔ آتش ۔

کمالِ دوستی اندیشہ دشمن نہیں رکھتا	کسی بھونرے سے کس دن کوئی ماریا من بگڑا

بھونرا ہر پھول پر بیٹھ کر اُس کا رس چوس لیتا ہے مگر چھپا پر نہیں بیٹھتا۔ شاعر کہتا ہے ۔

نا پسند آئی اسے جانے ادا کیا تیری	بات بھونرے نے نہ پوچھی کبھی چمپا تیری

اسی طرح چھنید ابھی بھڑ کی ایک خطرناک قسم ہے مگر آج کل کے ڈاکٹر کہتے ہیں کہ اس کی کوئی بنیاد نہیں ہے۔ واقعات مرزا قتیل میں اس کا ذکر ہے۔ وہ رقعہ ۱۴۰ میں کہتے ہیں: آج چوتھی ربیع الاول ۱۲۲۴ھ کو رتیا بھیڑے کوچ کرکے شہر گومتی کے کنارے پہنچا، یہاں ایک چھوٹا پرواز جانور جس کا چھونده نام ہے کثرت سے نظر آتا ہے، اس کا ڈنک ایک ساعت میں انسان کو ختم کر دیتا ہے، اس کا علاج سوائے کالے تیتر کے پیروں کے اور کچھ نہیں ہے، اس کا طریقہ یہ ہے:

از اسر قلیان گذاشته قلیان رابقوت تمام بکشند تا زہر آن از بدن بیرون آرد۔

چلم پر رکھ کر بقوت تمام حقہ پیئے ایسا کرنے سے زہر کا اثر جاتا رہے گا۔

الحمدللہ کہ کثرت کے باوجود قافلہ میں کسی کے نہ کاٹا، اس بے پیر کا فائدہ یہ ہے کہ خود سے کبھی نہیں کاٹتا جب تک ہاتھ کے نیچے نہیں آتا۔

(رقعات مرزا قتیل، ص ۱۰۸، مطبوعہ نظامی کانپور ۱۲۹۰ھ)

مشہور ہے کہ سانپ کے جو انڈے سڑ جاتے ہیں اُن میں سے چھونده پیدا ہوتا ہے اس کی پشت پر ۶ بنکیاں بنی ہوتی ہیں۔

ابو العلا ء کابلی قادری ابن شاہ مدار اللہ اپنی کتاب کلکتہ کا جادو میں لکھتے ہیں کہ چھنید ا ایک پردار کیڑا ہے، بھونرے کے مثل اس کی پشت پر چھ سنہری بنکیاں ہوتی ہیں یہ جس کو کاٹ لیتا ہے اگر مادر زاد نامرد ہو یا سوا سو برس کی عمر کا بوڑھا ہو تو جوان ہو جاتا ہے اور باہ مدت العمر نہیں جاتی اور ساتھ ہی اس کے تمام جسم کے روئیں بھی کھڑے ہو جاتے ہیں۔ ایک گڈھا بہت چوڑا کھود کر چاروں طرف کنڈے سلگا دیئے جائیں اور گڈھے کے اندر وہ شخص بیٹھ جائے جب گرمی معلوم ہو تو باہر نکلے اثر زہر جاتا رہے گا اور جوانی ہمیشہ باقی رہے گی۔ (ص ۶۳ طبع مجیدی کانپور ۱۹۳۹ء)

زنبور:

لکڑی میں چھید کرنے کا ایک اوزار ہے جس کو بڑھئی کام میں لاتے ہیں۔ تحفہ جعفری میں جو ایک قدیم مثنوی ہے حدیث شب معراج کو سلسلہ نظم میں منسلک کرتے ہوئے فاضل شاعر نے اس لفظ کو

استعمال کیا ہے۔

کئی عورتیں درمیان جحیم　　نظر آئیں صرف عذاب الیم
فرشتے کھلاتے تھے وقت عذاب　　اُنہیں کے بدن کے اُنہیں کو کباب
جو پوچھا اُدھر سے سنا یہ مقال　　یہ نامحرموں کو دکھاتیں جمال
کئی عورتوں کے بندھے دست و پا　　بندھے دست و پا بھی جدا چار جا
پکڑ بوٹیاں اُن کی زنبور سے　　ملک کھینچتے تھے کھڑے دور سے

زنبوک:

ایک قسم کی بندوق جس کو شترنال بھی کہتے ہیں۔

زمیر

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
زمیر			حرام مچھلی

ایک قسم کی مچھلی ہے جس کے چھلکے نہیں ہوتے۔ کلام معصومینؑ میں اس کی حرمت وارد ہوئی ہے اور کسی موقع پر ارشاد ہوا: "لَا تَأْكُلِ الزِّمِّيْرَ" زمیر نہ کھاؤ۔

اور کہیں ارشاد فرمایا ہے: نھاکم عن الزمیر۔

حدیث اصبغ بن نباتہ میں جو عرضان کی لغت میں درج کی جائے گی اس کو معصومؑ نے زمار سے تعبیر کیا ہے اور فرمایا ہے کہ یہ مسخ ہے۔

تعبیر: اس کو خواب میں دیکھے تو حرام کا مال ملے چاہئے کہ اس سے نفع نہ اُٹھائے۔

الحکم: حرام ہے۔

زُہرا

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
زُہرا			

بحر محیط کا ایک جانور ہے، جو احادیث میں مسوخات میں شمار کیا گیا ہے، اس کے بارے میں قول

معصوم ہے کہ یہ ایک نصرانی عورت تھی، ناہیل نامی، جو شاہان بنی اسرائیل کے قبضہ میں تھی، اس نے اُس زمانہ کے دو عابدوں کو جن کے نام ہاروت و ماروت تھے اپنے فتنہ سے تباہ کر دیا تھا، خدا نے اس کو مسخ کر دیا۔ یہ جانور بہت ہی کم نظر آتا ہے اور وہاں تک عام طور پر کشتیاں نہیں پہنچتیں، چونکہ لوگوں نے اس کو نہیں دیکھا تو اپنی جہالت سے یہ رائے قائم کر لی یہ ستارہ زُہرا ہے جو مسخ ہے، اس کو ہاروت و ماروت فرشتوں کو گمراہ کرنے کے جرم میں خدا نے مسخ کر دیا۔ اس مقصد کی تکمیل میں عوام نے جو قصہ گڑھا ہے اُس میں جھوٹ کے پل باندھ دیئے ہیں اور ہاروت و ماروت کے بارے میں بزعم خود یہ خیال کیا ہے کہ یہ دو فرشتے تھے۔ یہ داستان جو اسلامی عقائد کے بالکل خلاف ہے افسوس ہے کہ بعض ذمہ دار ہستیوں کے قلم سے بھی مسامحۃً نکل گئی جس طرح فرشتہ معصوم ہیں اُسی طرح آسمان کے تارے مسخ نہیں ہو سکتے۔ حقیقت امر یہ ہے کہ:

جس طرح آسمان پر جو برج ہیں اُن کے نام ثور، سرطان، اسد، حوت، عقرب ہیں اور اُنہیں ناموں پر جانوروں کو ثور، سرطان، اسد، حوت، عقرب نام رکھنے میں کسی کو یہ توہم نہیں ہوا کہ یہ پہلے ستارہ تھے اب مسخ کر دیئے گئے ہیں اُسی طرح اس دریائی جانور کا نام زُہرا ستارہ زُہرا کے نام پر ہے یہ غلط فہمیاں ہماری کوتاہ بینی اور تحقیق سے تغافل کا نتیجہ ہے۔ اجرام سماویہ عذاب و عقاب کی منزل پر نہیں آسکتے۔

اب رہا یہ شبہ کہ قرآن مجید نے ہاروت و ماروت کو "مَلَکَیْنِ" کیوں کہا۔ اس کا راز یہ ہے کہ چونکہ اُن دو شخصوں کو اُن کی عبادت کے سبب لوگ مَلَکْ (فرشتہ) کہتے تھے اس لیے قرآن نے نقل قول کیا جب کہ "اَبِیْہِ اٰزَرَ" فرمایا ہے۔ ابراہیمؑ چونکہ چچا کو باپ کہتے تھے اس لیے وہ لفظ ناقابل ترک تھے یا جس طرح فرعون کی الوہیت کا ذکر کیا ہے یہ تمام چیزیں نقل قول کی حد میں ہیں۔ ہمارا بیان خصال ابن بابویہ اور تفسیر صافی کے بعض ذمہ دارانہ اقتباسات سے ماخوذ ہے۔

ممکن ہے اس جانور کا نام انگریزی میں Midget ہو یہ ایسا چھوٹا جانور ہوتا ہے جو صرف خردبین سے دکھائی دیتا ہے۔ (عجائب قدرت، جلد اول)

تعبیر: زہرا کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ ساحرہ سے سابقہ ہو۔

خواص: اس جانور کے نادر الوجود ہونے کی جہت سے خواص کا علم نہیں۔

الحکم: مسوخات سب حرام ہیں۔

زھو

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
مچھلی		ماہی	زھو

بے چھلکے کی ایک مچھلی ہے جس کا ذکر امام رضاؑ کی حدیث میں ہے۔ آپؑ کے عصر کا مچھلی فروش اسحاق کہتا ہے کہ میں ایک مچھلی لے کر نکلا اور امام رضاؑ مدینہ سے برآمد ہو رہے تھے۔ آپؑ کا قصد بھی سفر تھا۔ امامؑ نے فرمایا وائے ہو تجھ پر شاید تیرے پاس مچھلی ہے۔ میں نے کہا اے میرے سردار میں آپ پر نثار ہوں بیشک مچھلی ہے یہ سن کر ساتھیوں سے فرمایا کہ گھوڑوں سے اُترو، پھر امامؑ نے علم لدنی سے کہا شاید وہ مچھلی زہو ہے۔ میں نے کہا جی ہاں، یہ کہہ کر مچھلی دکھائی، آپؑ نے ہمراہیوں سے فرمایا کہ سوار ہو جاؤ اس مچھلی کی ہم کو ضرورت نہیں اس کے چھلکا نہیں ہے۔

تعبیر: زہو اگر خواب میں دیکھے تو نقصان پہنچے، صدقہ دے۔

خواص: اس کے خواص کتب طب میں نظر نہیں آئے۔

الحکم: حرام ہے۔

(س)

السَّامَّہ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
زہریلی جانور		جانور زہر دار	السّامّہ

سامہ اسم فاعل کا صیغہ ہے جس کے معنی زہریلی جانور کے ہیں۔ ہر زہریلے جانور کو جس کا زہر قتال نہ ہو مثل بچھو، بھڑ وغیرہ کے سامہ کہتے ہیں اس کی جمع سوام ہے۔

دعاؤں میں زبان معصومؑ پر اکثر جاری ہوا ہے:

نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ السَّامَّةِ وَالْعَامَّةِ.

اس کے معنی یہ ہیں کہ ہم ہر خاص و عام کے شر سے پناہ مانگتے ہیں۔

ارباب تحقیق کہتے ہیں کہ جس دعا میں (مِنْ شَرِّ السَّامَّةِ وَ الْعَامَّةِ) ہے وہاں تو مذکورہ بالا معنی مراد ہیں اور جہاں (مِنْ شَرِّ السَّامَّةِ وَ الْهَامَّةِ) ہے وہاں زہریلے جانور مقصود ہیں۔

تعبیر: زہریلے کیڑوں کو خواب میں دیکھے تو اذیت رساں دشمن سے سابقہ پڑے۔

خواص: ہر جانور کے خواص جداگانہ ہیں جو اپنے محل پر بیان کیے گئے ہیں۔

الحکم: حشرات الارض کا حکم ہے۔

سام بن نوحؑ:

جناب نوحؑ کے فرماں بردار اور محبوب ترین فرزند تھے ان کی ماں عمورہ دختر ضران بن حضرت ادریس تھیں۔ حضرت نوحؑ کے بعد سام خلیفہ و جانشین ہوئے۔ یہ اس قدر خوبصورت تھے کہ حدیث میں ہے کہ چہرہ مثل چودویں رات کے چاند کے چمکتا تھا۔ حضرت سام اُن انبیاء میں ہیں جو ختنہ بریدہ پیدا ہوئے۔ اہل شام میں سے کسی نے امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام سے جو سوالات کیے تھے اُس میں یہ بھی سوال تھا کہ کتنے پیغمبر ختنہ کیے ہوئے پیدا ہوئے۔ فرمایا آدم، شیث، ادریس، نوح، سام ابراہیم، داؤد، سلیمان، لوط، اسماعیل، موسیٰ، عیسیٰ، محمد مصطفیٰ علیہم السلام۔

سام کے دو بھائی حام اور یافث بھی تھے یہ دونوں حضرت نوحؑ کے دشمن تھے، کشتی نوحؑ میں جب حضرت نوحؑ آرام فرماتے تھے اور آپ کا پیراہن ہوا سے اُٹھ جاتا تھا تو حام و یافث قہقہہ مارتے تھے، سام ڈھانپتے تھے تو یہ دونوں پھر پیراہن کو ہٹا دیتے تھے، نوحؑ نے بددعا کی کہ خداوندا حام کی نسل میں سوائے کالوں کے کوئی گورا پیدا نہ ہو، حبش کے رہنے والے حام ہی کی اولاد ہیں ان کے علاوہ جو لوگ سرخ و سفید ہیں وہ سام کی نسل میں ہیں۔ ہندوستان اور سندھ اور حبشہ حام کی نسل میں ہیں اور عرب و عجم وغیرہ فرزندانِ سام ہیں۔

عبدالرشید مدنی کی تحقیق یہ ہے کہ لفظ سریانی میں یہ نام شام ہے، زبانِ عرب میں شین سین سے تبدیل ہو گیا چنانچہ شام مشہور ملک کا نام ہے اب تک شام ہے یہ سام بن نوحؑ کا بنا کردہ شہر ہے۔

حضرت سام کی قبر مسجد کوفہ میں محراب سے قریب ہے، جناب ختمی مرتبتؐ کے دور میں اہل یمن کے ایک گروہ نے خواہش کی تھی کہ اگر سام بن نوحؑ کو ہمیں دکھا دیا جائے تو ایمان لے آئیں، جناب امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ نے ان کو بقدرت خدا زندہ کیا تھا اور اہل یمن نے اپنے صحیفوں میں حلیہ دیکھ کر تصدیق کی کہ سام یہی ہیں۔ اس واقعہ کو ہم نے اپنی کتاب فوائح الجنان میں لکھا ہے۔ حضرت سام کی وفات ۶۰۰ سال کی عمر میں ۲۷۰۳ (غالباً بعد ہبوط آدم) میں ہوئی۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

حدیث منزلت میں حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام کو سام بن نوحؑ سے بھی تشبیہ دی تھی اور فرمایا تھا:

أَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ سَامٍ مِنْ نُوحٍ.

تم کو مجھ سے وہ منزلت حاصل ہے جو سام کو نوحؑ سے تھی۔ (اثبات الھدایہ، ص ۳۸۸)

سائبہ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
سائبہ			اونٹ

عرب سائبہ اُس اونٹ کو کہتے تھے جس کے بارے میں وہ منت مانتے تھے کہ جب ہم پردیس سے پلٹ کر آئیں گے یا بیماری سے اچھے ہوں گے تو ناقہ کو چھوڑ دیں گے اور اُس سے کوئی فائدہ نہ اٹھائیں گے۔

قرآن مجید میں ہے:

مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَائِبَةٍ. (المائدہ: ۱۰۳)

حدیث عمار بن احوص میں اس لفظ کا پتہ چلتا ہے جب کہ اُس نے سائبہ سے سوال کیا۔ حضرت نے فرمایا کہ جو شخص اپنے غلام کو یہ کہہ کر آزاد کردے کہ جدھر چاہے چلا جا تیرا مجھ پر کوئی بار نہیں اور نہ تیری خطاؤں کا میں ذمہ دار ہوں اور اس گفتگو پر دو شخصوں کو گواہ کردے۔

تعبیر:

سائبہ کو خواب میں دیکھنے سے اگر مسافر ہے تو گھر خیریت سے پلٹ کر آئے گا اور مریض ہے تو تندرست رہے گا۔

ابوسائبہ:

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابی عثمان بن مظعون کی کنیت رکھی تھی۔

maablib.org

السبع

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
السبع	درندہ	Carmuorans	

درندے اپنی سرکشی اور تباہ کن ہونے کی وجہ سے زمین پر چلنے والے تمام جانوروں سے خطرناک سمجھے جاتے ہیں۔ان کے مزاج میں کبر و نخوت کی آمیزش ہے،خونریزی پر بہت جلد تیار ہو جاتے ہیں۔ چار پایوں سے ان کا مزاج بالکل بدلا ہوا اور عادات و افعال مخالف ہیں۔قدرت نے اُن میں آب و دانہ فراہم کرنے کے لیے ہیبت ناک صورت، بے پناہ طاقت کے ساتھ ناخن،سینگ ایسے دیئے ہیں جس کے سامنے دوسرے جانور نہیں ٹھہرتے۔پھرتی اور چالاکی بھی درندوں کا حصہ ہے،بات کہتے کے دشمن پر قابو پاتے ہیں۔قدرت کے اختیارات بھی دیکھنے کے لائق ہیں چونکہ درندے فساد اور خوں ریزی کی بنیاد ہیں لہٰذا ان میں سے برکت اُٹھالی گئی ہے اگرچہ بعض درندے ایک جھول میں سات بچے جنتے ہیں اور بعض سال میں دو مرتبہ حاملہ ہوتے ہیں مگر پھر بھی ان کی نسل بڑھنے نہیں پائی اگر ایسا ہوتا تو مخلوق تباہ ہو جاتی اور زمین پر درندے ہی درندے نظر آتے،بخلاف اس کے حلال جانوروں میں وہ برکت ہے کہ جتنے بھیڑیں،بکریاں ذبح کی جائیں اُتنا ہی خدا ان کو فراہم کرتا ہے۔

محقق طریحی فرماتے ہیں کہ درندہ ہر اُس جانور کو کہتے ہیں جو نوکدار دانتوں اور پنجوں سے شکار کو پارہ پارہ کرتا ہے مثل بھیڑیے،چیتے،تیندوے،شیر ببر کے لومڑی کا درندوں میں شمار نہیں ہے اگرچہ اُس کے درندوں کے ایسے دانت موجود ہیں لیکن وہ دانتوں اور پنجوں سے شکار کو پھاڑتی نہیں،اسی طرح بجو بھی درندوں میں داخل نہیں ہے۔

جناب امیر نہج البلاغہ میں فرماتے ہیں:

اِنَّ الْبَهَائِمَ هَمُّهَا بُطُونُهَا وَ اِنَّ السِّبَاعَ هَمُّهَا الْعُدْوَانُ عَلٰی غَيْرِهَا وَ اِنَّ النِّسَاءَ هَمُّهُنَّ زِيْنَةٌ.

چوپاؤں کی ساری کوشش پیٹ کی فکر میں رہتی ہے اور درندوں کے سارے ارادے اپنے سوا دوسرے جانوروں پر زیادتی کرنے کے رہتے ہیں اور عورتوں کو ہر وقت بناؤ سنگار کی فکر رہتی ہے۔

عرب درندے کو ہکاتے وقت جاہ کہتے ہیں۔ہمارے ہادیانِ ملت کی خدمت میں بارہا درندوں نے اظہار عقیدت کیا ہے اور جب کسی معصومؑ کی خدمت میں کسی درندہ کا گذر ہوا تو سرکش انسان سے کہیں زیادہ اخلاص کا اظہار کیا۔

(۱): راشد بن مرید اُن لوگوں میں ہے جو امام حسینؑ کے مکہ سے سفر کے وقت ہمراہ رکاب تھا اور منزل قطقطانہ تک حاضر رہا،یہاں پہنچ کر فرزند رسولؐ سے رخصت ہو رہا تھا اور امامؑ نے واپس جانے کی اجازت بھی دے دی تھی کہ (قَدِ اسْتَقْبَلَهُ سَبُعٌ عَقُوْرٌ) ایک لاگو درندہ سامنے آکر ٹھہر گیا۔امام

حسینؑ نے بکمال خندہ پیشانی اُس سے گفتگو شروع کی:

امام حسینؑ: کوفہ کے لوگوں کا کیا حال ہے؟

درندہ: ظاہر تو یہ کرتے ہیں کہ دل سے آپؑ کے ساتھ ہیں مگر اصلیت یہ ہے کہ تلواریں اُن کی آپؑ کے خون کی پیاسی ہیں۔

امام حسینؑ: کوفہ میں کس کو حاکم چھوڑا ہے؟

درندہ: ابن زیاد کے ہاتھ میں عنان کوفہ ہے اور فرزند عقیل تہ تیغ ہو چکے ہیں۔

امام حسینؑ: تو کس طرف جاتا ہے؟

درندہ: میں عدن کی سمت جا رہا ہوں۔

اس مکالمہ سے واضح ہوتا ہے کہ درندے بھی واقعات حاضرہ سے باخبر رہتے ہیں۔

(۲): امام رضاؑ کی عبادت کے حال میں ہے کہ جب آپ محراب عبادت میں کھڑے ہوتے تھے:

فَيَجْتَمِعُ الطَّيْرُ وَالسِّبَاعُ تَعَجُّباً لِصَوْتِهِ وَإِنَّ قِرَاءَتَهُ كَشِبْهِ مَزَامِيرِ دَاوُدَ.

تو پرندے اور جنگل کے درندے اکٹھا ہو کر آواز سنتے تھے اور حسن صوت سے محوِ حیرت ہو جاتے تھے، امام کی قرأت کا انداز حضرت داؤدؑ کے لب ولہجہ سے ملتا ہوا تھا۔

(۳): امام عصر حضرت حجتؑ کے حال میں واقعہ نگاروں کی پیشین گوئی ہے:

تأمن السباع فی زمنه. (صواعق المحرقہ)

آپؑ کے زمانہ میں درندے بے خوف زندگی بسر کریں گے۔

(۴): اصحاب امام حسینؑ میں بعض بہادروں نے شب عاشور آخری خطبہ سن کر اظہار وفاداری میں عرض کیا تھا:

أَكَلَتْنِي السِّبَاعُ حَيّاً إِنْ فَارَقْتُكَ.

اگر میں آپؑ کو چھوڑ دوں تو مجھے جیتے جی درندے پھاڑ کھائیں۔

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آخر الزمان کے متعلق پیشین گوئی فرمائی ہے، اُس طویل سلسلہ میں فرمایا ہے:

وَفِي الْأَرْبَعِينَ بَعْدَهَا سَلَّطَ عَلَيْهِمُ السِّبَاعَ. (جامع الاخبار)

اور چالیسواں برس گذر کے اُن پر خدا درندوں کو مسلط کرے گا۔

حدیث میں ہے کہ جو مسافر ایسے مقام پر اُترے کہ جہاں درندوں کا خوف ہو تو یہ دُعا پڑھے:

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَلَهُ الْحَمْدُ بِیَدِهِ الْخَیْرُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ سَبُعٍ.

جب یہ دُعا پڑھے گا تو جب تک اُس منزل سے روانہ ہوگا درندوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

جناب امیرؑ کا ارشاد ہے: زبان ایک درندہ ہے جس کو اگر کھلا چھوڑ دیا جائے تو کاٹنے لگتا ہے۔

سقراط سے کسی نے پوچھا کہ: (ای السباع احسن) درندوں میں کون خوبصورت ہے؟
اُس نے جواب دیا کہ عورت۔ (کشکول بہائی)

یہ جواب عورت کے ضرر رساں ہونے کے لحاظ سے ہے چونکہ صنف نازک مرد کے لیے ناک ہے اس لیے یہ تشبیہ ایک حد تک درست ہے۔

ایک اعرابی نے اپنے بیٹے کو وصیت کی:

یا بنی کن سبعا خالصا أو ذئبا حائسا أو کلبا حارسا و لا یکن انسانا ناقصا.

زیارت ناحیہ میں بسلسلہ واقعات کربلا امام عصرؑ فرماتے ہیں:

تَخْتَلِفُ اِلَیْهَا السِّبَاعُ الضَّارِیَاتُ.

تاج العلماء علیہ الرحمہ اس فقرہ کے ترجمہ میں فرماتے ہیں: درندوں کا لاشوں کے گرد پھرنا حفاظت کی غرض سے تھا، جمال کے ظلم کے بعد حافظ حقیقی نے یہ غیبی سامان کیا اور لاشیں مزید مظالم سے محفوظ رہیں۔

تعبیر:

درندوں کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر دشمنوں سے مقابلہ ہونے کی دلیل ہے۔ اگر مسخر دیکھے تو دشمن پر جلد قابو پائے گا۔ اگر حملہ آور دیکھے تو صدقہ دے خدا دشمن کے شر سے بچائے۔

خواص:

درندوں کے اجزاء جسم کے خواص فرداً فرداً گذرے اور آئندہ انشاء اللہ العزیز اپنے محل پر بیان ہوں گے۔

الحکم:

درندے حرام گوشت ہیں اور نہ ان کی کھال سے نماز صحیح ہے لیکن غیر حالت نماز میں استعمال اس

کا مضائقہ نہیں رکھتا بشرطیکہ اُس کو ذبح کیا ہو اور وہ قابلیت ذبح بھی رکھتا ہو، مثلاً شیر۔ اگر شیر کو پائے اور اُس کو ذبح کرے بطور شرعی تو کھال اور گوشت اور چربی اُس کی پاک ہو جاتی ہے اور اگر کھال اُس کی دباغت کر کے استعمال کرے تو زیادہ احتیاط ہے لیکن اس کو پہن کر نماز نہیں پڑھ سکتا۔

بئر سبع:

بنی اسرائیل کا ایک متبرک کنواں ہے جس کو بادشاہ وقت نے اپنے قبضہ میں کر لیا تھا، اس کنویں کو حضرت ابراہیمؑ نے کھودا تھا اس لیے جب آپ بیابان فاران میں پہنچے تو باہم حلف ہوا کہ ابراہیمؑ سات گوسفند کے عوض میں کنویں پر قابض ہو جائیں۔ آپؑ نے سات گوسفند دے دیئے اور کنویں پر قابض ہو گئے، اس وجہ سے اس کنویں کو بئر سبع، چاہ سوگند کہتے ہیں۔ (کتب خمسہ موسیٰ)

ظلل الرحمہ میں ہم نے اس کنویں کے مفصل حالات لکھے ہیں۔

سحاب

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
سحاب	ابر	Cloud	بادل

سحاب کا نام دیکھ کر ممکن ہے کہ ناظرین کو یہ خیال پیدا ہو کہ حیوانات کے سلسلہ میں اس کا تذکرہ بے محل ہے۔ فاضل دمیری نے بھی اس پر کوئی توجہ نہیں کی مگر ہم نظر انداز نہیں کر سکتے۔ اگر بادل کا ذی روح ہونا آج کل کے تعلیم یافتہ نہ مانتے ہوں تو از جملہ مخلوق ہونے میں تو کسی کو عذر نہ ہوگا، ہم یہ ثابت بھی کرنا نہیں چاہتے کہ بادل ذی روح ہے۔ قرآن مجید اس کے ذکر سے اور احادیث لبریز ہیں۔

قرآن مجید میں سات جگہ سحاب کا ذکر ہے، ایک مقام یہ ہے:

وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ۔ (فاطر:۹)

خدا ہی وہ ہے جو ہواؤں کو بھیجتا ہے تو ہوائیں بادلوں کو اُٹھائے پھرتی ہیں پھر ہم اُس بادل کو مردہ شہر کی طرف ہکا دیتے ہیں۔

قدیم حکماء کہتے ہیں کہ آفتاب جب پانی اور زمین پر اپنی شعاعیں ڈالتا ہے تو لطیف اجزاء تحلیل ہو کر بخار اور دھواں پیدا ہوتا ہے، ہوا اُس کو ایک طرف سے دوسری طرف لے جاتی ہے یہ فضاء میں معلق رہ جاتے ہیں اور پہاڑ سد راہ ہوتے ہیں، مذکورہ بالا جس قدر اُونچے ہوتے ہیں بعض بعض سے ملتے جاتے ہیں، جب مادہ دخانی ہوا ہو جاتا ہے اور مادہ بخاری پانی ہو جاتا ہے تو قطرہ قطرہ کر کے نیچے کی

طرف گرتا ہے اس کا نام بارش ہے۔ جدید تحقیق بھی اس سے ملتی جلتی ہے۔ احادیث میں کسی جگہ حرارت کے ساتھ بادل کو ذی روح اور جسم نہیں کہا ہے، وہ مشاہدات جو بلند پہاڑوں کی سیر کرنے والے انسانوں کے ہیں کہ بسا اوقات ایک سیاح کسی اونچی چوٹی پر ہے اور نیچے مینہ برس رہا ہے، اُوپر کے رہنے والے بارش سے بے خبر ہیں۔

آئمہ معصومینؑ کے اقوال اس سے معارض نہیں ہیں۔ معصومؑ سے سحاب کے بارے میں سوال کیا گیا کہ وہ کہاں رہتا ہے، آپؑ نے سائل کے فہم و ادراک کو دیکھتے ہوئے جو ایک متکلم کا سب سے بڑا فرض ہے فرمایا:

عَلٰى شَجَرٍ كَثِيْفٍ عَلٰى سَاحِلِ الْبَحْرِ يَأْوِيْ اِلَيْهِ.

فرمایا گنجان درختوں پر جو سمندر کے کنارے ہیں وہیں اس کا مرکز ہے۔

فَاِذَا اَرَادَ اللهُ اَنْ يُرْسِلَ اَرْسَلَ رِيْحاً فَاَثَارَهٗ وَ وَكَّلَ بِهٖ مَلَائِكَةً يَضْرِبُوْنَهٗ بِالْمَخَارِيْقِ وَهُوَ الْبَرْقُ فَيَرْتَفِعُ.

خدا جب ارادہ کرتا ہے کہ ابر کو کسی قوم کی طرف بھیجے تو ایک ہوا بھیجتا ہے وہ اس کو منتشر کرتی ہے اور فرشتوں کو نگراں بناتا ہے جو اپنے حربوں سے اُس کو مارتے ہیں اور وہ حربہ بجلی ہے پس بادل بلند ہوجاتا ہے۔ (مجمع البحرین)

اگر کسی مقام پر دھواں جمع ہو اور اُس کو کسی آلہ سے منتشر کرنے کی کوشش کی جائے تو یقیناً فضاء میں تموج پیدا ہوتا ہے اور ہوا اُس دخان کو جدہر چلے اپنے ساتھ لے جاتی ہے۔ حدیث میں ہے:

جَعَلَ اللهُ السَّحَابَ غَرَابِيْلَ لِلْمَطَرِ تُذِيْبُ الْبَرَدَ حَتّٰى يَصِيْرَ مَاءً لِكَيْ لَا يَضُرَّ شَيْئاً يُصِيْبُهٗ. وَ الَّذِيْ تَرَوْنَ فِيْهِ مِنَ الْبَرَدِ وَ الصَّوَاعِقِ نَقِمَةٌ مِنَ اللهِ يُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهٖ.

خدا نے بادل کو مینہ کی چھلنی بنایا ہے جو سرد بخارات کو پانی کی صورت میں پھینکتا ہے اور تم جو اولے اور بجلیاں گرتے دیکھتے ہو یہ خدا کی طرف کا عذاب ہے وہ جس کو اپنے بندوں میں چاہتا ہے ڈراتا ہے۔

جدید تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ بادل زمین سے ۶۱/۲ میل سے زیادہ اُونچے نہیں جا سکتے۔

(انوار عالم جنتری ۱۹۳۸ء)

وہ لوگ جو بادل کو دھواں اور آبی بخارات سے زیادہ وقعت نہیں دیتے آج تک اس کا حل نہیں بتا سکے ہیں کہ بارش میں جن مقامات پر مچھلیاں یا مینڈک برسے اس کا راز کیا تھا۔ ولایتی اخبارات بھی

اس قسم کی خبروں کو شایع کرتے ہیں اور بادل کی حقیقت سمجھنے میں اُن کو مدد نہیں ملتی۔ کتاب مقدس میں بھی اس کا تذکرہ ہے۔ ''یسوع نے جواب دیا کہ بیشک وہ تمہارے زمانہ میں نہ آئے گا بلکہ تمہارے بعد کئی برسوں کے گذرنے پر جس وقت کہ میری انجیل باطل کردی جائے گی اور قریب ۳۰ مومن بھی نہ پائے جائیں گے اُس وقت میں اللہ دنیا پر رحم کرے گا پس وہ اپنے رسول کو بھیجے گا جس کے سر پر ایک سفید ابر کا ٹکڑا اقرار پذیر ہوگا وہ بتوں کی پوجا کو نابود کردے گا۔

(انجیل برنباس، ص ۱۰۹)

ادبیات:

۱): عوام میں برابر کہا جاتا ہے کہ بادل گرجتا ہے حالانکہ یہ صدا مذہبی نقطہ نظر سے ابر کی نہیں ہوتی فلسفہ کو اس رائے سے کسی قدر اتفاق ہے۔

۲): آج سے سو برس پہلے لکھنو کی جاہل عورتوں میں منت مراد کے سلسلہ میں بی بی گرج کا روٹ پکایا جاتا تھا۔ پرانے اشعار میں اس کا ذکر ہے۔ جعفری کہتے ہیں۔

اور بی بی گرج کا روٹ کہیں　　کرے ہیں اس کو کیجیو تو یقیں

۳): شعراء گیسوئے محبوب کو ابر سے تشبیہ دیتے ہیں۔ حضرت تمنا لکھنوی کہتے ہیں۔

رخ سے جب تک نس کے اُسنے زلف سرکائی نہ تھی　　یوں تڑپ کر ابر سے بجلی نکل آئی نہ تھی

ولہ۔

بھیگے بالوں میں ہے افشاں کی چمک　　یا ہے بجلی ابر دریا بار میں

۴): زلف معشوق کو گھٹا سے بھی تشبیہ دی جاتی ہے۔

پھر بہار آئی تمنا پھر اُٹھی کالی گھٹا　　اب تمہیں پھر زلف کا سودا سوا ہوجائے گا

۵): آنکھوں کے کاجل کو بھی ابر سے تشبیہ دیتے ہیں۔

اس طرف آنکھ میں کاجل ہے اِدھر بارش اشک　　ابر اُس سمت ہے بوچھار اِدھر آئی ہے

۶): ابر کے ٹکڑوں کو لکہ کہتے ہیں۔

کھینچ کر آہیں میں پھر کرنے لگا جامہ دری　　پھر ہوا کے ساتھ لکے ابر کے آنے لگے

۷): دھوئیں کے بادل اُوڑنا: جھوٹی باتیں بنانا۔

اسپنج:

میرے نزدیک یہ بھی ابر کی ایک قسم ہے۔ حیوان کے ماہر اس کو حیوانات میں شمار کرتے ہیں۔

مولف عجائب قدرت نے لکھا ہے:

اسفنج سمندر کے اُن جانوروں میں سے ہے جن میں قدرت نے آنکھ، ناک، کان، ہاتھ، پاؤں، منہ، ہڈی سے محروم رکھا ہے جیسا کہ جیلی فش کے بیان میں لکھا گیا۔ (ص ۴۶)

سرطان

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
سرطان	خرچنگ	Crab	کیکڑا

سرطان دو طرح کا ہوتا ہے بری اور بحری۔ سرطان عدیم الوجود ہے۔ دریائی سرطان کو عرب پانی کا بچھو کہتے ہیں، اس کی عجیب شکل ہوتی ہے، کھال پشت کی سخت، دانت بکثرت، دیکھنے والا یہ سمجھتا ہے کہ اس کے نہ سر ہے نہ دُم، آنکھیں شانوں پر ہوتی ہیں، پیر مکڑی کی طرح بڑے بڑے جن سے بہت تیز چلتا ہے، بعض کے آٹھ پاؤں ہوتے ہیں مگر چلتا ایک ہی پہلو سے ہے۔

کعب الاحبار کا قول ہے کہ سرطان کہتا ہے:

اَسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ يَا مُذْنِبُوْنَ.

اے گنہگاروں میں خدا سے طلب مغفرت کرتا ہوں۔

حدیث اصبغ میں سرطان کے مسخ ہونے کا ذکر ہے جو انشاء اللہ آئندہ دن میں نقل کی جائے گی۔

بڑے سرطان کو انگریزی میں (ہرمٹ کراب) کہتے ہیں۔ یہ نہایت خونخوار بڑے بڑے جانوروں پر حملہ کرتا ہے مگر فطرت نے اس کی دم کی طرف جسم کی اچھی طرح سے حفاظت نہیں کی، وہاں کوئی ہڈی اور خول ایسا نہیں ہے جس سے یہ جسم کا نرم حصہ محفوظ رہ سکے اس لیے لڑائی میں دشمن اس کی دم کی طرف سے حملہ کرتا ہے اور یہ مغلوب ہو کر فنا ہو جاتا ہے۔ (عجائب قدرت، جلد اوّل)

تعبیر:

سرطان کو خواب میں دیکھنے سے پھیپھڑوں میں قوت آئے۔

خواص:

جس شخص کے پھیپھڑوں سے خون آئے اُس کو اطباء سرطان کا گوشت استعمال کراتے ہیں۔

الحکم: سرطان خشکی کا اور دریائی دونوں حرام ہیں۔

سوال ۱۰۴: خاکستر سرطان سوختہ کا اگر کوئی طبیب مسلمان مذہب اثنا عشری کسی مریض شیعہ کو کھانا تجویز کرے تو اُس کا کھانا جائز ہے یا نہیں اور بغیر اُس کے دوسری کوئی دوا موافق اُس مرض کے اُس حکیم کے پاس نہیں ہے؟

جواب: ایسی حالت ضرورت میں استعمال اس کا جائز ہے۔ (تحفۃ الاحباب، ص ۴۰)

برج سرطان:

آسمان پر ایک برج ہے جس میں سورج ۱۲/ ۴ ربیع الآخر ۱۳۵۶ھ کو داخل ہوا تھا۔

سرطان:

ایک قسم کا خطرناک پھوڑا ہے جس سے مریض بہت کم اچھا ہوتا ہے۔ انگریزی میں اس کو (کاربکل) کہتے ہیں۔ اس پھوڑے کے لیے کوئی خاص مقام جسم میں مقرر نہیں۔ جبڑے کے سرطان سے زیادہ خطرناک اور لا علاج کوئی قسم نہیں ہے۔ عوام الناس میں مشہور ہے کہ یہ مرض بادشاہ یا فقیر کو ہوتا ہے، یہ بھی غلط ہے۔ امجد علی شاہ تاجدار اودھ نے سرطان میں انتقال کیا۔ کسی شاعر نے مادہ تاریخ کہا۔

سرطان سے وہ مہر جہاں تاب نہ نکلا ۱۲۶۴ ہجری

سقا

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
سقا			

ایک بہت بڑے پرندے کا نام ہے جس کا ذکر بعض اخبار میں ہے۔ اس کے زیر حلقوم مشک کی طرح کھال لٹکتی ہے اور اسی وجہ سے اس کو مرغ سقا کہتے ہیں۔ اس کا کام یہ ہے کہ جو پرندے پانی نہ ملنے سے جنگلوں میں مضمحل ہو کر گر جاتے ہیں یہ اُن کو پانی پلاتا ہے۔ خداوند عالم کے حکم سے اُن صحراؤں میں جاتا ہے جہاں پانی کا وجود نہیں ہوتا۔ تشنہ لب پرندے اس کو پہچانتے ہیں اور گرد جمع ہو جاتے ہیں اور یہ اُن کو دیکھ کر زمین پر اُتر آتا ہے اور اپنے منقار کھول دیتا ہے، پرندے باری باری سیراب ہوتے ہیں۔

تعبیر:

اس پرند کو خواب میں دیکھے تو غیبی مدد پہنچے اور مشکلیں آسان ہوں۔

سقنقور

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
			سقنقور

محقق جلیل شیخ علی حزین رسالہ صیدیہ میں لکھتے ہیں کہ سقنقور تماح (گڑیال) کی نسل سے ہے۔ جو انڈے پانی میں رہ جاتے ہیں وہ نہنگ اور جو خشکی میں رہتے ہیں اُس سے سقنقور پیدا ہوتے ہیں۔ سقنقور کی دو قضیب ہوتی ہیں اور مصر کے دریا میں پائے جاتے ہیں۔ اس کی بہترین قسم وہ ہے جو موسم بہار میں شکار کی جائے۔ اگر سقنقور آدمی کو کاٹے اور وہ اپنے لعاب دہن سے اُس زخم کو تر کردے تو سقنقور دریا میں جانے سے پہلے مرجائے اور اگر زخم کو نہ دھوئے اور سقنقور دریا میں چلی جائے تو وہ آدمی مرجائے۔ جس قدر اس کا قد و قامت بڑا ہوتا ہے اُسی قدر مقوی ہوتی ہے۔ اطباء ضعف باہ کے مریضوں کے لیے اس کو اکسیر سمجھتے ہیں۔ فارس میں مثل مشہور ہے: انچہ در ماہی سقنقور است ہمہ در مغز عصفور است۔ ماہی سقنقور کین ایسی مقوی غذا سرِ کنجشک کے سوا نہیں ہے۔

حدیث امام یازدہم میں اس کا ذکر ہے۔ احمد بن اسحاق کہتا ہے کہ میں نے امام حسن عسکریؑ کی خدمت میں لکھا کہ سقنقور قوت باہ کی دوا میں دی جاتی ہے اُس کے چنگل اور دُم ہوتی ہے اُس کو مریض پی سکتا ہے؟

فرمایا: اگر چھلکا ہے تو کوئی حرج نہیں۔

تعبیر:

اگر سقنقور کو خواب میں دیکھے تو اعضاء رئیسہ میں قوت پہنچے گی، کسی ذریعہ سے خلاف امید نفع ہوگا۔

خواص: گوشت اس کا بھی اور مقوی ہے۔

الحکم: فقہانے اس کے گوشت کو حرام قرار دیا ہے۔

السکب

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
گھوڑا		اسپ	السکب

سکب جناب رسالت مآب ﷺ کے گھوڑے کا نام تھا، وہ خاص گھوڑا ہے جس پر آپ میدانِ نبرد میں تشریف لائے، اس کا نام سکب اس لیے رکھا گیا کہ سکب کے معنی پانی گرانے کے ہیں۔ یہ اس قدر تیز رفتار تھا کہ سواری میں معلوم ہوتا تھا بلندی سے پانی گر رہا ہے۔

تعبیر:

اس گھوڑے کو خواب میں دیکھے تو روضۂ نبیؐ کی زیارت ہو۔

سُلحفاۃ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
سُلحفاۃ	سنگ پشت	Hedgehog	کچھوا

کچھوا خشکی اور تری میں برابر سے رہتا ہے۔ قزوینی نے عجائب المخلوقات میں لکھا ہے کہ بعض کچھوے اتنے بڑے ہوتے ہیں کہ اُن کی پشت ۲۰ گز چوڑی ہوتی ہے اور مادہ ایک مرتبہ میں ہزار انڈے دیتی ہے۔ اور سیاحوں نے ایسے کچھوے بھی دیکھے ہیں جن کی پشت کو جزیرہ سمجھ کر قافلہ اُتر پڑا۔

کچھوا جب چاہتا ہے اپنے ہاتھ، پاؤں، گردن سمیٹ لیتا ہے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک ظرف زمین پر اوندھا ہے۔ اس کی پشت پر کوئی چیز اثر نہیں کرتی، خدا نے اس کو حفاظت کا یہی آلہ دیا ہے۔ جس زمانہ میں تلوار سے لڑائی ہوتی تھی، ڈھال اس کی پشت کی بناتے تھے۔ کچھوا سانپ کا دشمن ہوتا ہے، سانپ کی دُم منہ میں دبا لیتا ہے اور سانپ اس کی پشت پر اپنا جسم پٹک پٹک کر مر جاتا ہے۔ چھوٹے کچھوے دریا، ندی، تالاب اور نالہ میں دکھائی دیتے ہیں۔

کچھوا بڑا ہوشیار جانور ہوتا ہے اگر اس کو پکڑنا چاہو تو بہت دشواری سے ہاتھ آتا ہے، انسان کی آہٹ پا کر فوراً پانی میں چلا جاتا ہے۔ اگر دریا کنارے آٹے کی گولیاں بنا کر پانی میں ڈالو تو کچھوے جمع ہو جاتے ہیں اور دوڑ دوڑ کر کھاتے ہیں۔ کچھوا دریا سے نکل کر زمین پر بھی آتا ہے۔

مسعودی نے بعض علماء کا قول نقل کیا ہے کہ حضرت آدمؑ سے پہلے دنیا میں جو (۲۸) امتیں آباد تھیں اُن میں ایک گروہ وہ تھا جس کا چہرہ انسان کا سا اور پشت کچھوے کی طرح اور سر میں ایک سینگ اور آواز اُن کی مثل کتے کے بھونکنے کے تھی۔ بعض روایات میں ہے کچھوا بھی مسخ ہے۔

عمار یاسر کہتے ہیں کہ جناب امیر المومنینؑ کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک شخص داخل ہوا اور کہا

اے امیر المومنینؑ میں اپنے افکار کی شکایت آپؑ کے پاس لایا ہوں۔ فرمایا تیرا واقعہ کیا ہے؟ عرض کیا ابن دولب صیرفی نے میری بی بی کا اغوا کیا ہے۔ فرمایا اُس فاسق کو لاؤ۔ حکم کی دیر تھی کہ جستجو شروع ہو گئی بازار سے گرفتار ہو کے ملزم آیا، آپؑ کے ہاتھ میں درخت عوسج کی ایک لکڑی تھی، صورت دیکھتے ہی فرمایا

اَمَا تَعْلَمُ اَنِّیْ اَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ.

تجھے نہیں معلوم کہ جو کچھ دلوں میں ہے اور آنکھ سے جس کا اشارہ کیا جاتا ہے سب جانتا ہوں میں زمین پر خدا کی حجت بندوں میں ہوں۔ (اے شقی) کیا تو سمجھتا ہے کہ ایک مومن کی عورت سے بدکاری کے بعد سزا نہ پائے گا۔ یہ کہہ کر عمار کو حکم دیا کہ کپڑے اس کے اُتارو۔ عمار نے تعمیل حکم کی، آپؑ اُٹھے اور فرمایا:

وَالَّذِیْ فَلَقَ الْحَبَّةَ وَبَرَاَ النَّسَمَةَ لا یأخذ قصاص المومن غیری.

جس نے دانہ کو شگافتہ کیا اُس قادر و توانا کی قسم میرے سوا کوئی قصاص نہیں لے سکتا۔ آپؑ نے اُس کے جگر پر چھڑی رکھی اور فرمایا بیٹھ جا خدا تجھ پر لعنت کرے، یہ کہتے ہیں وہ کچھوا ہو گیا۔ آپؑ نے فرمایا کہ اب تیری جگہ جنگل اور صحرا ہے، ہر چالیس دن کے بعد ایک جرعہ آب خدا نے تیرے لیے مقرر کیا ہے یہ سزا اُس کی ہے جو کسی مومن کی بے عزتی کرے۔

موجودہ تہذیب میں کچھوؤں کی دوڑ ایجاد ہوئی ہے اور کچھوؤں کی پیٹھ پر بجائے سواروں کے کھلونے رکھ دیے جاتے ہیں اور بلیرڈ کی میزوں پر دوڑائے جاتے ہیں۔

تعبیر:

کچھوا خواب میں دیکھنا کسی عالم باعمل سے نفع ہو، دولت دنیا ہاتھ میں آئے۔

خواص:

اس کے انڈے کی زردی ۳ مثقال شیر گاؤ میں پلانا کھانسی کے لیے مفید ہے۔

الحکم:

کچھوے کے انڈے اور گوشت حرام ہے۔

کچھوا روڈ:

چھوٹی لائن کا ایک اسٹیشن ہے جو بنارس کنٹونمنٹ سے الہ آباد سٹی کے راستہ میں واقع ہے۔

سَلْوٰی

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
لُوا		ورتج	سَلْوٰی

مشہور پرندہ ہے جو محقق طریجی کی رائے میں بٹیر سے مشابہ ہوتا ہے۔اس کی گردن اور پیر لانبے ہوتے ہیں۔کوے زیادہ تر موسم بارش میں نکلتے ہیں اور مٹی میں خوب لوٹتے ہیں۔بنی اسرائیل پر خدا نے جو نعمتیں نازل کی تھیں اُن میں یہ بھی ایک نعمت تھی کہ وہ بلا کسی زحمت کے گھر بیٹھے ان پرندوں کے گوشت سے سیر ہوتے تھے۔

قرآن مجید میں ہے:

وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى۔ (بقرہ:۵۷)

ہم نے تم پر بادل کا سایہ کیا اور من وسلویٰ اُتارا۔

صاحب منتخب اللغات اور عجائب المخلوقات کی تحقیق یہ ہے کہ سلویٰ کو سمانیٰ بھی کہتے ہیں۔میرے نزدیک عرب سمانیٰ بٹیر کو اور سلویٰ لوے کو کہتے ہیں۔دمیری نے بھی سلویٰ وسُمانیٰ دو طائر مانے ہیں اور سمانیٰ کی تحقیق میں کہا ہے۔"ھو طائر شبه السُمانى" وہ ایک پرندہ ہے جو سمانیٰ سے مشابہ ہے۔

تعبیر:

اگر خواب میں لوا دیکھے تو رزق میں وسعت ہوگی، جس جگہ سے امید نہ ہو وہاں سے روزی ملے گی۔

خواص: گوشت اس کا دماغ اور جگر کو قوت دیتا ہے اور فالج میں مفید ہے۔

الحکم: لوے کا گوشت حلال ہے۔

سُمانیٰ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
بٹیر	Qufil		سُمانیٰ

موسم بہار میں بٹیریں نکلتی ہیں جن کو لوگ شکار کرتے ہیں۔بٹیر کا گوشت بہت لذیذ اور مقوی ہوتا ہے۔بڑے قد کی بٹیروں کو گھاگر کہتے ہیں۔شوقین لوگ مرغ کی طرح بٹیروں کو بھی لڑاتے ہیں۔

بٹیریں تیتر کی طرح بلند آواز سے بھی بولتی ہیں۔

حدیث میں ہے کہ جب سمانی صدا بلند کرتی ہے تو کہتی ہے:

یَاابْنَ آدَمَ مَا اَغْفَلَكَ مِنَ الْمَوْتِ.

اے فرزند آدم کس چیز نے موت سے تجھ کو بے خبر کر رکھا ہے۔

چھوٹے بٹیر کو چنگ اور جس محفل میں بٹیریں لڑائی جاتی ہیں اُس کو پالی کہتے ہیں۔ بٹیر بازی کی قبیح رسم کے انسداد میں شاعر کہتا ہے۔

تیتر، بٹیر، مرغ، کبوتر کے شوق نے　　　بازی ہماری ساتھ غضب کی لگائی ہے

تعبیر:

بٹیر کو خواب میں دیکھے تو رزق حلال پائے۔

خواص:

گوشت اس کا مقوی اور عمدہ غذا ہے۔

الحکم:

حلال ہے۔

سمانہ:

امام رضا علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام سمانہؓ اور کنیت ام البنین تھی۔

ادبیات:

اندھے کے ہاتھ بٹیر: اس وقت کہتے ہیں جب کوئی شخص خلاف امید کامیاب ہو۔

سمک

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
سمک	ماہی		مچھلی

عربی کی وسیع زبان میں ایک ایک معنی کے لیے کئی کئی لفظیں اور ایک لفظ کے بکثرت معنی ہوا کرتے ہیں۔ مچھلی کو عموماً حوت، نون، اور سمک بھی کہتے ہیں۔ حوت کی لغت میں مچھلی کے حالات پر کافی

تبصرہ ہو چکا ہے اور مخصوص مچھلیوں کے حالات بھی ہدیہ ناظرین ہو چکے ہیں۔ دریائی حیوانات میں سب سے بڑی آبادی مچھلیوں کی ہے جو مختلف قدوقامت، مختلف صورتوں، مختلف رفتار کی ہوتی ہیں۔ ٹیپ ران مچھلی کی رفتار ۸۰ میل فی گھنٹہ بتائی جاتی ہے۔ اُڑنے والی مچھلی ۱۵۰ گز ایک دفعہ میں اُڑتی ہے۔

(انوار عالم جنتری، ۱۹۳۸ء)

ذیل میں ہم وہ احادیث واخبار درج کرتے ہیں جو سمک کے لفظ کے ساتھ وارد ہوئے ہیں۔

جناب سلیمانؑ نے ایک مرتبہ یہ ارادہ کیا کہ تمام حیوانات کو دعوت دی جائے۔ حکم ہوا کہ خورد ونوش کا سامان فراہم ہو۔ ایک مدت تک کھانے کا سامان جمع ہوتا رہا، جب سامان تیار ہوا تو حکم الٰہی ہوا کہ ایک مچھلی سے ابتدا ہو۔ حضرت سلیمانؑ دریا کے کنارے تشریف لائے اور ایک سمک نے سر باہر نکالا جتنا سامان پختہ اور خام تھا سب کھالیا اور مچھلی سیر نہ ہوئی، اُس وقت خدا نے صدا دی اے سلیمانؑ مچھلی سے پوچھو کہ سیر ہوئی یا نہیں۔ سلیمانؑ نے پوچھا اور مچھلی نے جواب دیا کہ ابھی کہاں سیر ہوئی، خدا تو روزانہ مجھ کو اس سے تین حصہ زیادہ دیتا ہے۔

خداوند عالم کی رزاقیت کا یہ ایک نمونہ ہے کہ جانور بھی بھوکے نہیں رہتے، جانور تو اُس کے فرماں بردار ہیں نافرمان کافروں کو بھی وہ مدد پہنچاتا ہے۔

دو بادشاہ مومن و کافر تھے، فرماں روا بیمار ہوا، اطباء نے اُس کے لیے ایک ایسی مچھلی تجویز کی جو اُس فصل میں دریا میں نہ تھی، لوگ زندگی سے مایوس تھے، خدا نے ایک فرشتہ کو بھیجا کہ مچھلی کو دریا میں پہنچا دے، جب مچھلی دستیاب ہوئی تو کافر اچھا ہو گیا۔ اب بادشاہ مومن اُس مرض میں مبتلا ہوا، اطباء کو اطمینان تھا کہ مچھلی آج کل دریا میں موجود ہے، خدا نے فرشتہ کو بھیجا کہ مچھلی کو دریا سے نکال کر ایسے مقام پر پہنچا دے جہاں سے دستیاب نہ ہو۔ قدرت کے اس طرز عمل سے آسمان کے فرشتوں کو تعجب ہوا۔ خدا نے اُس زمانہ کے نبی کو وحی کی میں کریم ہوں مجھ کو کسی کے کچھ دے دینے میں نہ ضرر پہنچتا ہے، نہ کسی کو نہ دینے سے میرا کچھ نقصان ہوتا ہے۔ کافر کو اُس کی نیکی کی جزاء دنیا ہی میں دینا چاہتا ہوں، میں کسی کی اچھائی کو اکارت نہیں کرتا تا کہ حسنات سے اُس کا نامہ عمل سادہ رہے اور وہ جہنم میں جائے اور عابد کے لیے مچھلی کو اس لیے غائب کر دیا کہ اُس کی خطاؤں کا عوض اُس کو دنیا ہی میں ہو جائے اور جب دوا نہ ملے تو میرے پاس یوں آئے کہ گناہوں سے پاک ہو اور میں اُس کو جنت میں بھیج دوں۔

علامہ علی بن موسیٰ بن جعفر بن محمد بن محمد طاؤس تحریر فرماتے ہیں کہ ایک شخص سے بادشاہ وقت کے سپاہی نے زبردستی مچھلی چھین لی۔ اُس نے خداوند عالم سے شکایت کی:

رَبِّ هٰذَا عَدْلٌ مِنْكَ خَلَقْتَنِيْ وَ خَلَقْتَهُ وَ جَعَلْتَهُ قَوِيّاً وَ جَعَلْتَنِيْ ضَعِيْفاً ثُمَّ سَلَّطْتَهُ عَلَيَّ فَلَا اَنْتَ مَنَعْتَهُ مِنْ ظُلْمِيْ وَ لَا اَنْتَ جَعَلْتَنِيْ قَوِيّاً فَاَمْتَنِعَ مِنْ ظُلْمِهِ فَاَسْاَلُكَ بِالَّذِيْ خَلَقْتَهُ وَ خَلَقْتَنِيْ وَ جَعَلْتَهُ قَوِيّاً وَ جَعَلْتَنِيْ ضَعِيْفاً اَنْ تَجْعَلَهُ عِبْرَةً لِخَلْقِكَ.

گڑگڑا کر عرض کیا، اے پالنے والے تیرا ہی عدل ہے کہ مجھے بھی تو نے خلق کیا ہے اور اُس کو بھی مجھے کمزور بنایا اور اُس کو مجھ پر مسلط کر دیا۔ نہ تو تو نے اُس کو مجھ پر ظلم کرنے سے روکا اور نہ تو نے مجھے اتنا طاقتور بنایا کہ میں اُس کو ظلم سے روکتا۔ میں تجھ ہی سے سوال کرتا ہوں کہ جیسے مجھ کو اور اُس کو دونوں کو پیدا کیا ہے اور اُس کو قوی مجھے ضعیف بنایا، میرے دشمن کو عبرت گاہ خلق بنا دے۔

اِدھر مچھلی کے مالک نے یہ دعا کی اُدھر شرطی (سپاہی) نے داہنے ہاتھ سے لقمہ بنا کر چاہا کہ منہ تک لے جائے، ہاتھ میں درد پیدا ہوا اور شدت درد میں ہاتھ کا ایک حصہ کاٹنا پڑا، درد آگے بڑھا بقیہ ہاتھ بھی کاٹا، درد اور آگے بڑھا پھر ہاتھ کاٹنے کا ارادہ تھا کہ خواب میں دیکھا کہ کس لیے اپنے جسم کے عضو کاٹ رہا ہے:

اُرْدُدِ السَّمَكَةَ عَلٰى صَاحِبِهَا.

مچھلی مالک کو پلٹا دے۔ شرطی نے مچھلی واپس کر دی اور کچھ مال بھی دیا اُس وقت درد تھما۔

سیاحوں نے ایسی مچھلیاں بھی دیکھی ہیں جن پر کلمہ طیبہ قلم قدرت سے لکھا ہوا ہے۔ ابن شہر آشوب علیہ الرحمہ لکھتے ہیں کہ ایک مچھلی کسی نے شکار کی جس کے ایک کان پر (لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) اور دوسرے پر (مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ) لکھا تھا۔ (مناقب آل ابی طالب)

ایسٹ افریقہ اسٹینڈرڈ افریقہ کے اخبار نے جولائی ۱۹۱۷ء کی ایک اشاعت میں عجیب وغریب مچھلی کی دو تصویریں شائع کی تھیں اور لکھا تھا کہ ۸ رجون کے قبل یا بعد زنگبار میں ایک عجیب مچھلی پکڑی گئی، اس کی دم عجیب وغریب تھی جس پر عربی زبان میں خاص الفاظ مرقوم پائے گئے، معلوم ہوا کہ مچھلی زیادہ قیمتی نہ تھی، اُس کو ایک ماہی گیر پکڑ کے منڈی میں لایا تھا، خریدار نہ ملنے پر وہاں رکھی رہی، آخر ایک میمن نے اس کو پانچ پیسہ میں خریدا اور مچھلی کی دم پر نشانات دیکھ کر وہ ایک عربی عالم کے پاس گیا جس نے نقوش کی تحقیق کی، بعد ازاں اُسے بادشاہ کے سامنے پیش کیا اور مچھلی کی قیمت ۳ ہزار روپیہ، دوسرے دن پانچ ہزار روپیہ ملنے لگے مگر مالک نے فروخت کرنے سے انکار کیا، آخر کار اُس کو سرکاری کیمیائی خانہ میں پہنچایا گیا۔ مچھلی کی دُم کے دونوں طرف دو روشن نقوش تھے، ایک کے پڑھنے سے

(لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) اور دوسرا شان اللہ بنتا ہے۔

(دیکھو روزنامہ ہمدم، ۲۳ راگست ۱۹۱۷ء)

تصویر کا ایک رُخ درج ہے دوسرے پہلو پر شان اللہ تحریر ہے۔

احادیث شیعہ میں سمک کی لفظ مختلف مواقع پر آئی ہے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام سے کسی نے پوچھا کہ ایک سمک کا پیٹ جو چاک کیا تو دوسری سمک اُس کے شکم سے نکلی۔ آپؑ نے فرمایا کہ دونوں کو کھا سکتے ہو۔ (وسائل الشیعہ)

جابر سے منقول ہے کہ امام حسنؑ سے عرض کیا کہ میں چاہتا ہوں کوئی معجزہ دیکھوں۔ ہم مسجد رسولؐ میں تھے کہ آپؑ نے زمین پر ٹھوکر لگائی، زمین شق ہو کر ایک دریا نظر آیا جس میں کشتیاں جاری تھیں، آپؑ نے اُس میں سے ایک سمک نکال کر مجھے دی، میں نے اپنے فرزند سے کہا کہ اب مجھے گھر لے چلو میں نے تین دن تک وہ مچھلی کھائی۔

امام زین العابدین علیہ السلام کی خدمت میں ایک مرد محتاج آیا۔ آپؑ نے فرمایا کہ میرے پاس دو روٹیوں کے سوا کچھ نہیں ہے، اس کو لے لو، خدا تجھے اس کی برکت سے مصیبت سے نجات دے گا اور رزق میں وسعت دے گا۔ وہ مسکین دونوں روٹیاں لیے ہوئے داخل بازار ہوا اور اپنی پریشانی عیاں کی، بدحالی سے فکر مند تھا کہ ایک مچھلی فروش کی طرف سے گذر ہوا، اُس کی مچھلی ارزانی کے سبب سے خراب ہوگئی تھی، مسکین نے اُس کو ایک گروہ نان کے عوض میں خرید لیا، پھر آگے بڑھا تو ایک شخص کے پاس تھوڑا نمک نظر آیا۔ محتاج نے کہا کہ ہو سکتا ہے کہ یہ گروہ نان لے کر مجھے مول نمک دے، نمک والے نے منظور کیا۔ محتاج مچھلی اور نمک لے کر گھر آیا، مچھلی بنانا شروع کی، شکم سے اُس کے دو موتی برآمد ہوئے، اس نے خدا کی حمد کی۔ اسی مسرت میں تھا کہ کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا باہر آیا کہ دیکھوں کہ کون ہے، دیکھا کہ مچھلی والا اور نمک فروش کھڑا ہے کہتا ہے کہ اے بندہ خدا ہم نے اور ہمارے خیال نے بہت چاہا کہ اس روٹی کو کھائیں مگر ہمارے دانتوں سے ٹوٹ نہیں سکی، لے یہ روٹیاں حاضر ہیں اور ہم نے جو دیا تھا وہ بھی حلال کرتے ہیں۔ روٹیاں لے کر واپس ہوا تھا کہ دروازہ پر پھر صدا ہوئی دیکھا کہ امام زین العابدین کا فرستادہ سامنے کھڑا ہے، کہتا ہے کہ مولاؑ فرماتے ہیں:

قَدْ اَتَاكَ بِالْفَرَجِ فَارْدُدْ اِلَيْنَا طَعَامَنَا فَاِنَّهُ لَا يَاْكُلُهُ غَيْرُنَا.

کہ تیرا مقدر پلٹا ہماری روٹیاں واپس کر دے اُس کو ہمارے سوا کوئی دوسرا نہیں کھا سکتا۔

اس نے روٹیاں واپس کیں اور دونوں موتی زر کثیر میں فروخت کیے اُس سے اپنا قرض ادا کیا اور

اس کے بعد حالت اُس کی بہتر ہوگئی۔

ابراہیم بن سعید کہتا ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے بھنی ہوئی مسلم مچھلی دیکھی، آپؑ نے مچھلی پر ہاتھ پھیرا وہ زندہ ہو کر چلنے لگی، پھر آپؑ نے زمین کی طرف اشارہ کیا تو ایک دریا نظر آیا، دجلہ اور فرات کا منظر سامنے تھا پھر آپؑ نے مجھے آفتاب کے نکلنے اور ڈوبنے کے مقامات دکھائے۔

روایت معاویہ بن عمار میں ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ تین چیزیں انسان کو فربہ کرتی ہیں اور تین لاغری کا باعث ہیں، وہ جو موٹا کرتی ہیں ہمیشہ غسل کرنا اور خوشبو سونگھنا اور باریک کپڑے پہننا اور جو دبلا کرتی ہیں وہ ہمیشہ انڈے کھانا اور مچھلی کا زیادہ استعمال اور کچے خرے۔

سلمی بردہ فروش ناقل ہے کہ مجھ سے بعض لوگوں نے بیان کیا کہ ایک شخص صحرا میں نماز پڑھا کرتا تھا، پہلو میں ایک دیر تھا، اُوپر زوال آفتاب ہوا اور وضو کر کے نماز شروع کر دی، دیرانی نے کہا کہ یہ نماز کیسی ہے میں نے تو کسی کو اس طرح نماز پڑھتے نہیں دیکھا، کہا میں نے نبی زادہ سے اس کو سیکھا ہے، دیرانی نے کہا اُن سے تین مسئلہ پوچھنا کہ انڈوں میں کون سا حرام ہے اور مچھلیوں میں کون سی مچھلی حرام ہے اور پرندوں میں کون سا حرام ہے۔ راوی کہتا ہے کہ میں نے حج کیا اور امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں آیا اور عرض کیا کہ مجھ سے ایک شخص نے خواہش کی ہے کہ آپؑ سے تین مسئلہ دریافت کروں، پوچھا کیا، عرض کیا انڈوں میں کون سا حرام ہے اور مچھلیوں میں کون سی حرام ہے اور پرندہ کون سا حرام ہے؟ فرمایا جس کے دونوں کونے برابر نہ ہوں اُس انڈے کو کھا اور جس سمک میں چھلکے نہ ہوں اُس کو نہ کھا اور چڑیوں میں جس کے پوٹا نہ ہو اُس کو نہ کھا۔ میں مکہ سے واپس ہوا اور دیرانی کے پاس جا کر جواب بیان کیا، دیرانی نے کہا خدا کی قسم وہ نبی یا وصی نبی ہے۔ (خصال)

امام جعفر صادق علیہ السلام نے ایک اور مقام پر فرمایا ہے:

إِيَّاكُمْ وَاَكْلَ السَّمَكِ فَإِنَّ السَّمَكَ يَسُلُّ الْجِسْمَ.

کھانے میں مچھلی کی کثرت سے بچو مچھلی جسم کو لاغر کرتی ہے۔ (مجمع البحرین)

تعبیر:

شیخ الرئیس کہتا ہے کہ اگر خواب میں مچھلی کو اپنے قبضہ میں دیکھے تو مجرد شخص کی شادی ہوگی اور اگر بہت سی مچھلیاں دیکھے تو مالِ غنیمت ملے گا۔

الحکم:

حسب ذیل مچھلیاں حلال بتائی جاتی ہیں:

۱): غنگاں: یہ مچھلی سولہ سیر تک کی ہوتی ہے، یوپی کے دریاؤں میں بکثرت سے ملتی ہے، اس کی چھوٹی قسم کو جو ڈھائی سیر کی ہوتی ہے دیہات میں نمنی کہتے ہیں۔

۲): کروچھر: رہو کی ایک قسم ہے جو خوش ذائقہ ہوتی ہے۔

۳): چھنگا: اہل دیہات اُس مچھلی کو کہتے ہیں جو دریا میں جست کر کے تیرتی ہے۔

۴): سُنبھا: اس مچھلی میں کانٹے بہت ہوتے ہیں اور خاص وصف یہ ہے کہ خشکی میں میلوں چلتی ہے اور دیکھنے والوں کو معلوم ہوتا ہے کہ چراغاں ہے۔

اور حرام مچھلیاں حسب ذیل ہیں: بلوندا، منگور، سینگی، میگنا، ٹنگو

نوٹ: مچھلی کا خون پاک ہے، اُس کے نفس سائلہ نہیں ہے۔ (ذخیرۃ الصالحین)

وقال مدظلہ فی کتاب البیع لَا یجوز بَیْعُ السَّمَكِ فِی الْمَاءِ. اَلطَّیْرِ فِی الْهَوَاءِ.

اُن پرندوں کی خرید و فروخت جو فضاء میں اڑتے ہیں اور مچھلیاں جو دریا میں ہیں جائز نہیں ہے جب تک بیچنے والے کا قبضہ نہ ہو۔ (ص ۵۴۱)

مسجد السمک:

ابن شہر آشوب علیہ الرحمہ نے اس مسجد کا مناقب کے باب مشاہد میں تذکرہ کیا ہے۔

سمندل

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
سمندل	سمندر		چوہا

سمندل چوہے کی طرح کا لومڑی سے چھوٹا، سرخ آنکھوں کا ایک جانور ہے جس کی دُم لانبی ہوتی ہے۔ اس جانور کی خاص صفت یہ ہے کہ اس کو آگ جلا نہیں سکتی۔

شیخ علی حزین اپنے رسالہ حیوانات میں لکھتے ہیں کہ "سمندر مانند حوش است اکثر درمیان آتش میا شد از پوست اب لباس سازند"۔ بعض اہل فن کہتے ہیں کہ سمندر ایک پرندہ ہے جس کو آگ نہیں جلا سکتی۔ یہ رائے صحیح نہیں ہے، اس خیال کی بنا پر مولف نفائس اللغات نے سمندل کا اردو نام "اگن چڑیا" بتایا ہے۔

مرغ آتش خوار ایک دوسری چڑیا ہے جو آگ کھاتی ہے اسی کے بارے میں بعض محقق کہتے ہیں کہ اردو میں اس کو چکور کہتے ہیں۔ سمندر کو آذر شین بھی کہتے ہیں۔ (جامع اللغات از مفتی غلام سرور)

شعراء کے کلام میں بھی اس کا ذکر ہے، خالق باری میں ہے۔

سمندر ہے آگ میں جیون کیڑا

میر انیسؔ علیہ الرحمہ روز عاشور کی گرمی پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

چیلوں سے چار پائے نہ اُٹھتے تھے تابہ شام مسکن میں مچھلیوں کے سمندر کا تھا قیام

غالبؔ کہتے ہیں۔

جاری تھی اسد داغ جگر سے مرے تحصیل آتش کدہ جاگیر سمندر نہ ہوا تھا

سمندر زمین تہامہ میں کہیں کہیں نظر آتا ہے۔ جناب امیر المومنینؑ کے خطبہ میں جس کو کمال الدین بن طلحہ شافعی نے در نظم میں درج کیا ہے یہ لفظ ملتے ہیں:

اَنَا سَمَنْدَلِ الْاَفْلَاکِ.

(عبقات الانوار، حدیث مدینہ، ص ۵۵۳)

میں عالم بالا کا سمندل ہوں۔

مطلب یہ ہے کہ مجھ پر اور میرے دوستوں پر آتش جہنم اثر نہیں کر سکتی۔

خداوند عالم نے مناظر آخرت کی ایک نظیر دنیا میں چھوڑی ہے جس کا فائدہ یہ ہے کہ اگر انبیاء اور رسل اُن مناظر کو بیان کریں تو انسانی عقل کو سرخم تسلیم کرنے میں عذر نہ ہو۔ مثلاً میوہ ہائے جنت کے غیر فانی ہونے کی نظیر چراغ کی روشنی ہے کہ ایک چراغ سے جتنے چراغ روشن کرو اس کی روشنی میں ذرہ برابر کمی نہیں ہوتی یا اہل بہشت کے بول و براز سے مستثنیٰ ہونے کی نظیر جنین ہے جو شکم مادر میں تغذیہ کرتا ہے اور پیشاب، پیخانہ کی ضرورت نہیں ہوتی۔ شہد و شیر کی نہروں کا یکجا بہنا اور ایک دوسرے سے مخلوط نہ ہونے کی مثال تخم مرغ کی زردی، سفیدی ہے جو باوجود سیال ہونے کے ایک دوسرے سے ملتی نہیں وغیرہ وغیرہ۔ اسی طرح جہنم پر جو فرشتے موکل ہیں اُن کا آتش جہنم کے ضرر سے محفوظ رہنا تعجب کی بات تھی مگر اس جانور کے عناصر کچھ اس طرح ترتیب دیئے گئے ہیں کہ اس پر بھی آگ اثر نہیں کرتی۔ اب معلوم ہوا کہ خازنان دوزخ اگر آگ سے محفوظ رہیں تو کوئی تعجب نہیں دنیا میں اس کی نظیر موجود ہے۔

تعبیر:

اگر اس جانور کو خواب میں دیکھے تو حرارتِ محفوظ رہے، کپڑے نئے بنیں۔

خواص:

اس کا پتہ بال روئیدہ کرنے کے لیے بہت مفید ہے۔ ہتھیلی تک پر اس کی مدد سے بال اُگ سکتے ہیں۔

الحکم: گوشت اس کا حرام ہے۔

سَمُّور

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
سَمُّور			

ایک درندہ ہے سیاہ چمک دار رنگ کا یا سفید و سیاہ چیتے سے مشابہ۔ جو ترکستان کے جنگلوں میں پایا جاتا ہے۔ اس کے بالوں کے لبادے بنائے جاتے ہیں۔ محقق طریحی نے فرمایا ہے کہ سمور کا ذکر بھی حدیث میں ہے۔ ڈاکٹر غلام رضا خان معلم تاریخ طبعی ایران کی تحقیق ہے کہ سمور کی دوسری قسم آبی ہے جس کے پنجے بط کی طرح ہوتے ہیں۔ یہ دریا کے کناروں پر رہتے ہیں، اس کی غذا چھوتی مچھلیاں ہیں، اہل چین اس کو مچھلیاں پکڑنے کے لیے تربیت کرتے ہیں۔

الحکم:

گوشت اس کا حرام اور بالوں کے بنے ہوئے کپڑے بھی جائز نہیں ہے۔

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ قَالَ رَاَیْتُ عَلٰی اَبِی الْحَسَنِ ؑ قَلَنْسُوَۃَ خَزٍّ مُبَطَّنَۃً بِسَمُّورٍ۔
(مکارم الاخلاق، ص ۱۷)

آتش کا شعر ملاحظہ ہو۔

کسی ترک کے کلاہ کو زینت ہوئی پسند
کھینچا گیا ہے پوست ہزاروں سمور کا

سنجاب

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
سنجاب	موش ترکستان		ترکستانی چوہا

چوہے کی صورت کا ایک جانور ہے جو قد میں چوہے سے بڑا ہوتا ہے، ترکستان میں کثرت سے پایا جاتا ہے۔ دُم چھوٹی ہوتی ہے اور بال نہایت ملائم۔ عرب اس کو شدید الختل کہتے ہیں یعنی سخت ترین فریب کار۔ آدمی کو دیکھتے ہی درخت پر چڑھ جاتا ہے اور میوے کھاتا ہے۔ بالوں کی کھال کا پوستین بناتے ہیں جس کو امراء پہنتے ہیں۔ جناب امیرؑ کی شان میں میر انیس کا شعر ہے۔

پوشاک تھی نہ اور بجز کہنہ پیرہن ڈھانپا کہیں نہ قاقم وسنجاب سے بدن

قاقم:

جانورہست کہ پوستش بغات سفید وملائم باشد وازان پوستین می سازندی۔

محقق طریحی نے فرمایا ہے کہ سنجاب کا ذکر بھی حدیث میں موجود ہے۔ معصومؑ نے فرمایا:

إِذَا كَانَ لَهُ سُنْبُلَةٌ كَسُنْبُلَةِ السِّنَّوْرِ وَالْفَارِ فَلَا يُؤْكَلُ لَحْمُهُ.

اگر اُس کے بلی اور چوہے کی ایسی دُم ہوتو اُس کا گوشت نہ کھانا۔

تعبیر:

اس جانور کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ کسی مکار کا سامنا ہو۔

خواص:

اس کا گوشت کھانا دیوانگی میں مفید ہے۔

الحکم:

گوشت اس کا حرام اور بالوں کے کپڑے پہننا بھی حرام ہے۔

سِنّور (ھِرّہ)

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
سِنّور (ھِرّہ)	گربہ	Cat	بلی

جانوروں میں بلی بھی ایسا جانور ہے جو انسان سے مانوس ہوجاتا ہے۔ بلی کی کنیت ابوفراش ہے۔

احادیث سنی وشیعہ میں ہے کہ جب کشتی نوحؑ میں چوہے بڑھے اور لوگوں نے شکایت کی تو حضرت نوحؑ نے شیر کو صدا دی اور اُس کی پیشانی پر ہاتھ پھیرا، اُس کو چھینک آئی تو بلی کا جوڑا نتھنوں سے نکلا۔

(تفسیر صافی وعجائب المخلوقات)

یہی وجہ ہے کہ بلی شکل وشمائل میں شیر سے ملتی ہے جس طرح شیر شکار کو جھکایاں دے کر مارتا ہے اسی طرح بلی بھی چوہوں کا شکار کرتی ہے۔ بلی چھوٹی بڑی چڑیاں کبوتر مرغ کی بھی دشمن ہے۔ ہر وقت تاک میں رہتی ہے اور ہمیشہ گلے پر حملہ کرتی ہے۔ بلی اگر کسی موقع پر گھر جائے تو آدمی پر بھی حملہ کرتی ہے اور نرخرا چبا جاتی ہے۔ عورتیں زچہ خانہ میں چھوٹے بچے کی وجہ سے ان کی نسبت روک ٹوک کرتی ہیں

نام لینا بھی پسند نہیں کرتیں۔ بلی کو نکئی کہتے ہیں اکثر وحوش اور پرندے رات کو ست ہو کر اپنے گھروں سے نہیں نکلتے بخلاف اس کے بلی شبانہ روز چاق رہتی ہے اور دن کی طرح رات کو بھی شکار کرتی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کچھ جانور ایسے ہیں جن کو خدا نے ۲۴ گھنٹہ پیٹ کی فکر میں گرفتار کیا ہے۔

بلی مختلف رنگوں کی ہوتی ہے سیاہ، سیاہ سفید، زرد، لال وغیرہ۔ بلی گوشت، چھیچھڑے، دودھ اور دوسری چیزیں کھاتی ہے۔ دو مہینہ کے بعد اُس کے ہاں پانچ چھ بچے پیدا ہوتے ہیں۔ جنگلی بلی جس کو بن بلاؤ کہتے ہیں اس بلی سے بڑی ہوتی ہے ان میں آپس میں اتفاق اور یکجہتی بہت زیادہ ہے ایک دوسرے کی حفاظت کرتی ہے۔

شیخ سعدی کہتے ہیں۔

گربہ مسکین اگر پرداشتی   تخم گنجشک از جہان برداشتی

لیکن ابن فقیہ نے چین کے جزیروں میں ایسی بلیاں دیکھی ہیں جن کے چمگادڑ کے ایسے پر تھے اور بلاؤ بھی بلی کی ایک قسم ہے۔

قزوینی نے عجائب المخلوقات میں لکھا ہے کہ خدا نے ہاتھی کے دل میں یہ خوف پیدا کیا ہے کہ بلی سے بھاگتا ہے۔

حدیث انس میں بلی کا ذکر ہے۔ پیغمبر خدا نے فرمایا:

اَلشَّاۃُ فِی الدَّارِ بَرَکَۃٌ وَالرَّحٰی فِی الدَّارِ بَرَکَۃٌ وَالشَّاۃُ فِی الدَّارِ بَرَکَۃٌ وَالسِّنَّوْرُ فِی الدَّارِ بَرَکَۃٌ۔ (مکارم الاخلاق)

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ خدا نے ایک عورت کو اس لیے عذاب میں مبتلا کیا کہ اُس نے بلی کو باندھ دیا تھا اور وہ پیاس سے مرگئی۔ (تحفہ احمدیہ، ص ۵۴)

علامہ ابن شہر آشوب مازندرانی علیہ الرحمہ نے جناب امیر المومنین علیہ السلام کے القاب میں لکھا ہے:

مُضِیْفُ السِّنَّوْرِ وَالذُّبَابِ۔

بلی اور مکھی کو مہمان کرنے والے۔

لیکن افسوس ہے کہ موجودہ کتب مناقب میں اس واقعہ کی تفصیل میری نظر سے نہیں گذری اور علامہ موصوف کے کمالات سے پورا فائدہ اُٹھانا ممکن نہ ہوا۔

لارڈ رابرٹس اتنے بڑے سپاہی تھے لیکن بلی کو اپنا دشمن سمجھتے تھے اور اپنے روبرو کبھی کسی بلی کو آنے نہیں دیتے تھے، جس مکان کے پاس کوئی سیاہ بلی ہوتی تھی تو وہ اُس جگہ کو چھوڑ کر اُٹھ کھڑے

ہوتے تھے۔ (عجائب المخلوقات)

ایران میں ایک بلی تھی جو اپنے مالک کے لیے کبوتر کے انڈے پکڑا کر لاتی تھی۔

اگر سیاہ بلی کی زبان کفش یا موزہ میں اس طرح رکھی کہ پاؤں سے متصل ہو نہ زمین پر پڑے اور اُس جوتے کو پہن کر صحرا میں جائے تو تمام جانور مسخر ہو جائیں گے۔

مجرس:

بھورے اور سیاہ رنگ کا ایک جانور ہے جو بلی سے بڑا ہوتا ہے اور درختوں پر چڑھ کر آم، کھجوریں کھاتا ہے، اس کا منہ نیولے کی طرح لانبا ہوتا ہے اور چاروں پیر انسان کے دست و پا سے مشابہ ہوتے ہیں۔

پہوھا:

غالباً بلی ہی کی ایک قسم ہے جو آسام کے گردونواح میں پائی جاتی ہے، یہ قد و قامت میں بلی سے چھوٹی ہوتی ہے اور بال ریشم سے زیادہ خوشنما اور چکنے ہوتے ہیں، لومڑی کی طرح تیز دوڑتی ہے، اس کے پیشاب سے خشک گھانس میں آگ لگ جاتی ہے۔

تعبیر:

بلی خواب میں دیکھنے کی تعبیر یہ ہے چور یا دشمن سے مقابلہ ہو۔

اگر گوشت کھاتے دیکھے تو گم شدہ چیز ملے یا غیب سے روزی پائے۔

اگر بلی کا مُتے دیکھے تو بیماری ہو۔

خواص:

علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے حیات القلوب جلد اول کے آخر میں انبیاء بنی اسرائیل کے قصص میں لکھا ہے کہ ایک نوجوان نے ۲۰ درہم کی بلی خرید کر اُس کے سر کا خاکستر نابینا بادشاہ کی آنکھ میں بطور سرمہ لگایا اور آنکھیں اچھی کر دینے کے انعام میں بادشاہ کا داماد ہو گیا۔

الحکم:

بلی کا گوشت حرام ہے۔

۱) سوال: آب دہن شیر و گربہ در لباس مصلی مانع از صلوۃ است یا نہ۔

جواب: بالقاء رطوبت مانع است چون جز حیوان غیر ماکول اللحم واما در صورت جفاف و خشکی بنحو یکہ عینش نماند اگرچہ اثر ممانہ انوی صحت صلوۃ اوست۔

(ذخیرۃ المعاد، جناب شیخ زین العابدین مازندرانی)

۲): بلی کنویں میں گر کر مرجائے تو ۴۰ ڈول نکالے۔

۳): سوال: بلی یا کتے نے مرغی یا کبوتر کو زخمی کیا اور وہ خود تڑپتا ہے اور یقین ہے کہ اگر فوراً ذبح نہ کیا جائے تو مر جائے گا ایسی صورت میں ذبح کرنا اُس کا کیسا ہے اور اگر بعد ذبح کے فوراً سرد ہو جائے اور معلوم نہ ہو کہ صدمہ رد سے سرد ہوا یا اُس زخم سے، یقین ہلاکت کا تھا ایسی صورت میں وہ حلال ہے یا حرام اور اگر صحیح وسالم جانور کو ذبح کریں اور فوراً وہ سرد ہو جائے اور نہ تڑپے، اُس کا کیا حکم ہے۔ اور خرابی کی رو سے اکثر جانوروں کی گردن پر مکرر سہ کر رکا رد پھیرنا پڑتا ہے تو آیا یہ پھیرنا جائز ہے یا نہ۔

جواب: صورت مرقومہ میں اگر حرکت معتدبہ ہو اور خون جھندہ نکلے تو وہ حلال ہوگا اور مکرر سہ کرر پھیرنا بوجہ خرا کارد مکروہ ہے۔ (تحفۃ الاحباب، ص ۱۱)

ادبیات:

۱): گربہ کشتن روزِ اول: اُس مقام پر کہا جاتا ہے جہاں کسی فتنہ کا پہلے ہی روز انسداد کر دیا جائے

۲): بھیگی بلی: اُس شخص کو کہتے ہیں جو ضرر پہنچانے کے لائق نہ ہو۔

۳): بلی کے خواب میں چھیچھڑے: اُس موقع پر کہتے ہیں جو شخص اپنے ہی نفع کی باتیں ہر وقت سوچتا رہے۔

۴): کھسیانی بلی کھمبہ کھسوٹے: اُس مقام پر کہا جاتا ہے جب کوئی شخص جذبہ انتقام میں ناکام تدبیریں استعمال کرے۔

۵): بلی کے بختوں چھینکا ٹوٹا: اُس موقع پر کہتے ہیں جہاں کسی ناکام کی مراد کسی دوسرے شخص کی بدولت خلاف امید پوری ہو جائے۔ حالیؔ ۔

یاں گیا بلی کے بھاگوں ٹوٹ اگر چھینکا کہیں ــــ پڑ گئی پشتوں تلک واں فاقہ مستی کی بناء

۶): نہ کتے کا کھٹکا نہ بلی کا ڈر: پر امن زندگی بسر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

۷): خالہ بلی: بے وفا عورت کے وقتی اتحاد کو دیکھ کر عورتیں خالہ بلی کہتی ہیں۔

۸): نو سو چوہے کھا کر بلی حج کو چلی: کسی بدکار کے توبہ کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

عبداللہ خان اوجؔ دہلوی کہتے ہیں۔

بجا ہے شیریں اگر چھوڑ دِتی حج کو چلی ــــ مثل ہے نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی

شیریں طوائف کا نام ہے۔

۹): مصیبت زدہ شخص ظالم سے کہتا ہے بخشو بی بلی بندہ لنڈورا بھی ہو کر زندہ رہے گا۔

۱۰): دبی بلی چوہوں سے کان کتراتی ہے: کمزور طاقتور سے جب مرعوب ہو جاتا ہے۔

۱۱): بلی کی توبہ بھی ایسے ہی موقع پر کہتے ہیں۔

۱۲): کسی مسئلہ پر بے جا اتفاق ہو تو کہتے ہیں: بیچ بلی کہیں تو بلی ہی سہی۔

فائدہ:

شیا گوش Filis coracal بھی بلی کی ایک قسم ہے اس کا رنگ بھورا سرخی مائل اور دم کا سرا سیاہ ہوتا ہے۔ کان اندر سفید اور باہر سیاہ طویل دو ڈھائی فٹ، اونچان ڈیڑھ فٹ۔ یہ خرگوش اور پرندوں کا شکار کرتا ہے۔ گجرات، کچھ، مشرقی ہند، تبت و افریقہ میں پایا جاتا ہے۔

میر انیس کہتے ہیں۔

بن سے سیاہ پوش بھی بھاگے دبا کے کان　　　غل تھا یہ دام و دد میں کہ کیوں کر بچے گی جان

عین الھرہ:

چشم گربہ لہسنیا کو کہتے ہیں جو ایک مشہور پتھر ہے۔

دروازے کی بلی:

اس مخروطی شکل کی لکڑی کو کہتے ہیں جو الماری یا کسی دروازہ کے پٹ پر بجائے کنجی کے بناتے ہیں۔

باگڑ بلا:

اسلام کے بعض فتنہ پرور ظالموں کو کہتے ہیں جو عمر بھر آل رسولؐ کے دشمن رہے۔

بلی کوٹن:

مشہور بوٹی ہے جس کو بادرن جبویہ کہتے ہیں۔

ابو ہریرہ:

ابو ہریرہ ۷ ہجری میں مسلمان ہوئے، ان کے اسلام لانے کے بعد جناب سرور کائنات ﷺ صرف تین برس زندہ رہے، اس قلیل مدت میں جتنی حدیثیں ابو ہریرہ سے مروی ہیں وہ سواد اعظم کے خلفائے راشدین میں بھی کسی سے مروی نہیں ہیں۔ ابو ہریرہ کے مرویات بعض پانچ ہزار بتاتے ہیں اور بعض نے ابو ہریرہ سے روایت کرنے والوں کی تعداد ۵ ہزار بتائی ہے۔ وہ احادیث جو ان کی طرف منتہی ہوں بے شمار ہیں شاہ ولی اللہ کو بھی اس بات پر تعجب ہے وہ کہتے ہیں: از عجائب است کہ مثل

ابو ہریرہ کہ صحبت او بہ آنحضرت قلیل ودر مذہب ما از وہ پنج ہزار حدیث روایت کردہ۔

لیکن افسوس ہے کہ اس کا راز دریافت کرنے کی کوشش نہ کی یا راز معلوم تھا اور اُس سے حلقہ عقیدت کو بے خبر رکھا۔ سیرت حلبیہ میں ہے کہ جب معاویہ اور حضرت علیؑ میں جنگ ہوئی تو ابو ہریرہ حضرت علیؑ کے پیچھے نماز پڑھتے تھے اور کھانا معاویہ کے دستر خوان پر کھاتے تھے۔ جب لڑائی چھڑی تو ایک بلندی پر چڑھ کر (بالکل غیر جانب دار) نقشہ جنگ دیکھتے تھے۔ معاویہ کی سرمایہ داری سے رفتہ رفتہ وہ زمانہ آگیا کہ ابن ابی الحدید کہتے ہیں ابو ہریرہ اور سمرہ بن جندب حدیث سازی کی خدمت پر معاویہ کے بھان مامور ہوئے اور ہزار ہا حدیثیں آل رسولؐ کے خلاف وضع ہوئیں۔ اور امام ذہبی نے میزان الاعتدال میں اُن کو غیر صادق شمار کیا۔

(متعلق صفحہ ۲۲۷، لغت ہرہ)

سَوْذِنِیْق

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
سَوْذِنِیْق	شاہین		باز یا بحری ایک قسم کی

کلام عرب میں صقر اور شاہین جن کا آئندہ ذکر ہوگا کو سوذنیق بھی کہتے ہیں، حدیث امام حسینؑ میں اس کا تذکرہ ہے، آپؑ نے فرمایا کہ سوذنیق کہتا ہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ وَ آلُهٗ خِيَرَةُ اللّٰهِ

تعبیر:

اس پرند کو خواب میں دیکھے تو مدح اہل بیتؑ کی توفیق ہو۔

الحکم:

گوشت اس کا حرام ہے۔

ادبیات:

اردو میں فریب کار شخص کو بحری سے تشبیہ دیتے ہیں۔ جانؔ صاحب اپنی ریختی میں کیا خوب کہتے ہیں۔

کوٹھے پہ چڑھ کے رنڈی کرتی ہے تو جو لٹکنی — میں پیچ خوب سمجھی یہ بھی ہے جال تیرا
کوئی تو آ پھنسے گا اُلّو موا نگوڑا — ہے جلساز بحری ہا ہا بال تیرا

سہیل

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
ایک دریائی جانور			سہیل

ابن بابویہ علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ یہ بحرمحیط کا ایک مسخ جانور ہے جس کے بارے میں عوام کہتے ہیں کہ تارا تھا خدا نے مسخ کر دیا۔ چونکہ اس کو سیاحوں نے بہت کم دیکھا ہے اس لیے یہ غلط فہمیاں پھیلی ہوئی ہیں اس کا نام سہل آسمان کے تارے کے نام پر مشتق ہے۔

حدیث میں ہے کہ یہ ایک شخص تھا، یمن کا رہنے والا جو لوگوں سے دسواں حصہ چونگی کا لیتا تھا، خدا نے مسخ کر دیا۔ اور مستدرک الوسائل میں ہے کہ یہ چونگی کا محصول وصول کرتا تھا، ایک عابد اس کے قریب سے گذرا، اس نے کہا، مجھے اسم اعظم بتادو جس کی برکت سے پانی پر چلتے ہیں اور آسمان پر صعود کرتے ہیں۔ عابد نے اسم اعظم العلیم لکھ کر دیا، عشار نے کہا اب سزاوار یہ ہے کہ جو یہ اسم اعظم جانتا ہو وہ زمین پر نہ رہے آسمان پر چلا جائے، خدا نے اس کو مسخ کر دیا (اور دریائے عمیق میں جگہ دی)۔

نوٹ:

سہل اور سہیل اُن یتیم بچوں کا نام تھا جن کی اراضی پر مسجد نبوی مدینہ میں تعمیر کی گئی۔

تعبیر: اس کو خواب میں دیکھنے سے چونگی والوں سے نقصان پہنچنے کی امید ہے۔

خواص: علم طب میں اس کے افعال، خواص کا ذکر نہیں ہے۔

حکم: گوشت اس کا حرام ہے۔

(ش)

maablib.org

شاۃ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
بکری	She got	بز	شاۃ

بکری سب جانوروں میں سیدھی ہوتی ہے، اس کا گوشت مریض کو بھی مضر نہیں ہوتا، بکری دودھ کی زیادتی اور کھال کی عمدگی کے لحاظ سے بھیڑ سے بہتر سمجھی جاتی ہے، مریضوں کو اس کا دودھ بہت نفع کرتا ہے، جن بکروں کو خصی کردیا جاتا ہے وہ تنومند ہوجاتے ہیں ان میں چربی ہی چربی ہوتی ہے۔ جمنا پار کی بکریوں کے معمولی بکریوں سے بڑے قدم ہوتے ہیں اور کان بہت لانبے ہوتے ہیں، یہ بکریاں دودھ خوب دیتی ہیں۔ چھوٹے بچے بکری کو میمیں کہتے ہیں۔ احادیث میں بکری پالنے کے فضائل وارد ہوئے ہیں۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جس مومن کے گھر میں ایک بکری دودھ دینے والی ہو ہر روز ایک مرتبہ صبح کو فرشتہ اس کو دعا دیتا ہے کہ مطہر اور پاک ہو تم اور خدا برکت دے تم کو اور تمہارا احوال ٹھیک ہو اور اچھا ہو نان و خورش تمہارا اور اگر دو بکریاں دودھ دینے والی ہوں تو ہو ہر روز دو مرتبہ دو فرشتے بھی دعا کرتے ہیں۔

حضرت سلمان علیہ السلام کے باورچی خانہ میں روز ایک لاکھ بکریاں ذبح کی جاتی تھیں اور یہ کھانا فقراء کو تقسیم ہوتا تھا۔ خود جناب سلمان علیہ السلام زاہدانہ زندگی بسر کرتے تھے اور بارگاہ احدیت میں الحاح و زاری میں شب بسر ہوتی تھی۔

امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ بنی اسرائیل میں ایک عابد تھا جس کو جریح کہتے تھے وہ اپنے صومعہ میں عبادت کیا کرتا تھا ایک دن اُس کی ماں آئی، وہ مشغول نماز تھا، ماں نے صدا دی، اُس نے جواب نہ دیا، دوسری مرتبہ ماں آئی اُس کو بلایا وہ مشغول نماز رہا اور جواب نہ دیا، تیسری مرتبہ پھر پکارا اور جب جواب نہ ملا تو ماں نے کہا میں چاہتی ہوں کہ خدا تجھ سے اس گناہ کا بدلا لے۔ دوسرے دن ایک زن بازاری آئی اور صومعہ کے قریب بچہ جن کر چلی گئی اور لوگوں سے ظاہر کیا کہ یہ اس عابد کا بچہ ہے وہ اس سے مرتکب زنا ہوا، بادشاہ نے حکم دیا کہ جریح کو سولی دی جائے، جب خبر مادر جریح نے سنی تو وہ روتی پیٹتی آئی، جریح نے کہا اے مادر خاموش رہ یہ بلا تیری ہی دعائے بد سے مجھ پر نازل ہوئی ہے، جب لوگوں نے یہ کلمہ سنا تو سبب پوچھا۔ جریح نے واقعہ بیان کیا حاضرین نے کہا ہم کیوں کر سمجھیں کہ تو سچا ہے۔ جریح نے کہا کہ لڑکے کو لاؤ، جب بچہ آیا تو جریح نے پوچھا تو کس کا فرزند ہے؟ بچہ نے بحکم الٰہی کہا کہ میں فلاں شخص کا بیٹا ہوں جو فلاں شخص کی بکریاں چلاتا ہے۔ جریح نے قتل سے نجات پائی اور قسم کھائی کہ جب تک زندہ ہوں ماں کی خدمت کروں گا اور ماں سے جدا نہ ہوں گا۔

احادیث میں بکری کا ذکر کثرت سے وارد ہے:

وفی القدسی لَا یَجُوزُنِی ظُلْمُ ظَالِمٍ وَلَوْ کَفٌّ بِکَفٍّ وَلَوْ مَسْحَةٌ بِکَفٍّ وَنَطْحَةٌ مَا بَیْنَ الشَّاةِ الْقَرْنَاءِ إِلَی الشَّاةِ الْجَمَّاءِ. (جواہر شہید، ص ۲۵۸)

جناب امیرؑ سے منقول ہے کہ پیغمبر خدا نے وصیت کرتے ہوئے فرمایا کہ اے علیؑ بکری میں سات چیزیں حرام ہیں۔ خون اور آلات تولید اور مثانہ وحرام مغز اور غدود اور تلی اور پتہ۔

دوسری حدیث میں ارشاد فرمایا ہے:

لَوْ تَعْلَمُ الشَّاةُ مَا تَعْلَمُونَهُ مِنَ الْمَوْتِ مَا اَکَلْتُمْ مِنْهَا سَمِیْناً.

اگر بکری موت سے باخبر ہوتی جس طرح تم باخبر ہو تو تم کوئی فربہ بکری کھانے کے لیے نہ پاتے۔

ابوایوب انصاری جن کے گھر میں پیغمبر اکرمؐ نے مدینہ پہنچ کر قیام کیا تھا، آپؐ کے پاس ایک بکری تھی جو جناب فاطمہ زہراؑ کی شادی میں ذبح کی گئی، جب کھانا تیار ہوا تو پیغمبر خدا نے حکم دیا کہ خدا کا نام لے کر سب کھائیں مگر استخوان ٹوٹنے نہ پائے، جب سیر ہو گئے تو پیغمبرؐ نے دعا کی کہ پالنے والے ابوایوب ایک محتاج شخص ہے، تو ہی نے بکری کو پیدا کیا اور تو ہی فنا کرتا ہے۔ اے حی وقیوم تو قادر ہے کہ اس کو پھر زندہ کر دے، خدا نے زندہ کر دیا، مدینہ کے مریض اس بکری کے دودھ سے تندرست ہوتے تھے۔

ام معبد خزاعیہ کی ضعیف بکری کے تھن پر حضور ختمی مرتبتؐ نے ہاتھ پھیر کر فرمایا:

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَهَا فِی شَاتِهَا.

پالنے والے اس کی بکری میں برکت دے۔ اسی وقت دودھ جاری ہو گیا اور اصحاب وانصار کثیر تعداد میں سیراب ہوئے۔

صحیح بخاری میں حضرت عائشہ سے مروی ہے کہ پیغمبر خدا کی بیویوں میں کسی بی بی پر مجھے ایسا رشک نہیں ہوا جیسا کہ خدیجہؑ پر ہوا، گو میں نے ان کو نہیں دیکھا تھا مگر چونکہ رسول اللہؐ اکثر اُن کا ذکر فرماتے تھے اور اگر کوئی بکری ذبح ہوتی تھی تو اُس کے گوشت کے ٹکڑے خدیجہؑ کی دوستدار عورتوں کو بھیجتے تھے تو میں کہتی تھی کہ خدیجہؑ کے سوا دنیا میں کوئی عورت ہی نہیں۔ آنحضرتؐ فرماتے تھے کہ بیشک وہ ایسی ہی تھیں، میری کل اولاد انہیں سے ہوئی۔

جناب امیرالمومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام نے اپنی ۷۰ ستر منقبتیں جس میں کوئی دوسرا شریک نہ تھا بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ چودھویں (فضیلت یہ ہے کہ) پیغمبر خدا نے مجھے حکم دیا کہ میں اپنا ہاتھ بکری کے خشک پستان پر پھیروں۔ میں نے عرض کیا کہ آپ اپنا دست مبارک پھیریں تو بہتر ہوگا،

اُس وقت فرمایا کہ اے علی تمہارا فعل میرا فعل ہے، میں نے اپنا ہاتھ پھیرا اور پستان میں شیر چھلک آیا، پیغمبر خدا کو اُس دودھ سے میں نے سیراب کیا۔

عمار ساباطی کہتے ہیں کہ امام حسینؑ کی شہادت کے بعد میں نے دیکھا کہ محمد حنفیہ امام زین العابدینؑ کے پاس آئے اور کہا کہ میں تم سے سن میں بڑا ہوں پھر کیوں کر تم کو مجھ پر فضیلت حاصل ہے۔ امامؑ نے فرمایا اے چچا خدا کی گواہی میرے لیے کافی ہے۔ محمد بن حنفیہ نے تعجب سے کہا کہ غائب کی گواہی۔ آپؑ نے فرمایا اچھا جو حاضر ہے اُس کی گواہی سنئے، گھر میں حضرتؑ کی بکری پلی تھی، فرمایا: (اَللّٰهُمَّ اَنْطِقْهَا) پالنے والے اس کو گویا کر دے۔ بکری نے کہا اے علی بن الحسینؑ خدا نے اپنا علم آپؑ میں ودیعت کیا ہے، خادمہ کو حکم دیجئے کہ میرے لیے چارہ لائے۔ محمد حنفیہ غش کھا کر منہ کے بل گرے اور کہا اور کنی یا ابن اخی۔ پھر آپؑ نے اپنا ہاتھ اُن کے شانے پر رکھ کر فرمایا:

اهتدا هدالك الله۔

امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے راحلہ پر سوار مدینہ تشریف لیے جا رہے تھے کہ ایک گلہ گوسفند کی طرف سے گذر ہوا اُس گلہ سے بکری نکلی اور سواری کے پیچھے پیچھے چلی اور اپنے تئیں سواری کے قریب پہنچایا۔ امامؑ نے سر سے اشارہ کر کے اپنی طرف بلایا، اُس نے حاضر ہو کر عرض کیا کہ میرے گلہ بان کے درمیان میں انصاف کر دیجئے، وہ مجھ پر سختی کرتا ہے۔ یہ شکایت سن کر گلہ بان قریب آیا اور آپؑ نے کہا کہ تو بکری پر سختی کرتا ہے، گلہ بان واقف نہ تھا لاعلمی میں کہنے لگا تم کوئی جن ہو یا فرشتہ یا نبی یا رسول، فرمایا تجھ پروائے ہو میں نہ جن ہوں نہ نبی نہ رسول میں فرزند رسولؐ ہوں اگر تو بہ کر تو تیرے لیے استغفار کروں اور اگر منکر ہے تو تیرے اُوپر لعنت کروں۔ عرض کیا یا ابن رسول اللہؐ میں تائب ہوں میرے لیے استغفار کیجئے۔ آپؑ نے فرمایا کہ اے بکری گلہ کی طرف جا تیرے مالک نے مجھ سے اقرار کیا ہے کہ اب سختی نہ کروں گا۔ بکری یہ کہتی ہوئی چلی:

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّكَ حُجَّةُ اللّٰهِ فَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ ظَلَمَكُمْ وَ جَحَدَ وَلَايَتَكُمْ۔

میں گواہ ہوں کہ خدائے برحق کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور آپؑ خدا کی حجت ہیں خدا لعنت کرے اُس پر جنھوں نے آپؑ پر ظلم کیا اور آپؑ کی ولایت سے انکار کیا۔

علی بن اسباط کہتا ہے کہ میں امام محمد تقی علیہ السلام کے ساتھ کوفہ سے نکل رہا تھا کہ بکریوں کے ایک گلہ کی طرف سے گذر ہوا، بکری گلہ سے نکلی اور امام کی سواری کے ساتھ ہوگئی، حضرتؑ نے پکار کر کہا کہ اے گلہ بان یہ بکری تیرا شکوہ کرتی ہے اور کہتی ہے کہ دودھ دوہنے میں تو اس پر ظلم کرتا ہے، اس رویہ کو چھوڑ

ورنہ میں تیرے لیے بددعا کروں گا۔ گلہ بان نے کہا:

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَ اَنَّكَ وَصِيُّهٗ.

مجھے بتایئے کہ یہ آپ کو کس نے بتایا؟ فرمایا ہم خزینہ دار ہیں علم الٰہی کے اور اُس کے انبیاء کے وصی ہیں اور وہ بندے ہیں جس کا اُس نے اکرام کیا ہے۔

تعبیر: اگر بکری خواب میں دیکھے تو حلال روزی پہنچے۔

خواص: بکرے کی ڈاڑھی کا باندھنا چوتھے دن کی تپ والے مریض کے لیے مفید ہے۔

حکم: بکری جنگلی اور اہلی دونوں حلال ہیں۔

ادبیات:

۱): آنے والی مصیبت کے موقع پر کہتے ہیں "بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی یعنی ایک دن چھری کا سامنا ضروری ہے۔"

۲): اپنے ہاتھوں کسی مصیبت میں گرفتار ہونے کے موقع پر کہتے ہیں جس کو غم نہ ہو وہ بکری پالے۔

۳): دنیا والوں کی بے جا غفلت کے محل پر کہتے ہیں: کسی کی بکری کون ڈالے گھانس۔

۴): بھیڑ بکری چرانے والے کو گڈریا کہتے ہیں۔

بیان کر کے نیکی کی صورت تمام ہوئی اس گڈریے سے یوں ہم کلام

شیخ سدو کا بکرا:

اہل سنت کے کوئی پیر تھے اُن کے نام پر سنی بکرا ذبح کرتے ہیں۔ ص ۵۹ نور الھدایہ ترجمہ اردو شرح وقایہ میں بھی اس کا ذکر ہے، شیعی نقطہ نظر سے اس کا کوئی وجود نہیں۔

شاہین

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
شاھین			بحری

صاحب مخزن المفردات نے شاہین کا اردو ترجمہ "بحری" کیا ہے اور لکھا ہے کہ یہ ایک پرند چیل

کے برابر باز کی قسم سے ہے، اس کا رنگ بھورا اور گوشت سرخ ہوتا ہے، شاہین کبوتر کا دشمن ہے، کبوتر جب اُس کو دیکھتا ہے تو مارے ڈر کے اُس کی طاقت پرواز کم ہو جاتی ہے۔ کچھوا بھی اس سے ڈرتا ہے اور شاہین کی صورت دیکھتے ہی پانی میں چھپ جاتا ہے۔

حدیث میں ہے کہ شاہین کہتا ہے: (سُبْحَانَ اللهِ حَقاً حَقاً) شاہین تقریباً ہر پرندہ پر حملہ کرتا ہے۔ انیس فرماتے ہیں۔

غل ہوا شہپر شاہیں کے تلے قاز آئی
اُڑ گیا طائر جاں اور نہ آواز آئی

دوسرے مقام پر کہا ہے۔

شاہین و کبک چھپ گئے اک جا ملا کے سر
اُڑ کر گرے جزیروں میں جنگل کے جانور

گھوڑے کی سرعت رفتار کو شعراء نے شاہین سے تشبیہ دی ہے۔ مونس کہتے ہیں۔

اُڑتا ہے رخش صورت شاہین تیز پر

منشی اسیر فرماتے ہیں۔

تیرے تیرے کوئی طائر نہ چھوٹا دہر میں
رہ گیا تو ایک شاہیں ترازو رہ گیا

ترازو کی ڈنڈی کو بھی شاہین کہتے ہیں۔

تعبیر: اگر شاہین کو اپنے قبضہ میں دیکھے تو دشمن مسخر ہوں گے، خوشی حاصل ہوگی، بزرگوں سے انعام ملے گا۔

خواص: گوشت اس کا طاقتور ہے، تر مزاج اور بلغمی طبائع کے لیے مفید ہے۔

حکم: حرام ہے۔

شبل

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
شبل	بچہ شیر	Cubs	بگھیلا

کلام عرب میں شبل اُس بچہ شیر کو کہتے ہیں جو شکار کرنے کے لائق ہو جائے۔ یہ لفظ معصومہ عالم جناب فاطمہ زہرا صلوات اللہ علیہا کی زبان پر نظماً جاری ہوا ہے۔ اُس وقت حسنینؑ کی منت کے روزے رکھے اور پہلے دن سائل یتیم کی صورت میں آیا، پنجتن نے اپنی روٹیاں خدا کی راہ نذر کر دیں، سیدہ

کوئینؑ نے سائل کو گردہ نان دیتے وقت شوہر سے کہا۔

اِنِّیْ اُعْطِیْہِ وَ لَا اُبَالِیْ وَ اُوْثِرُ اللّٰہَ عَلٰی عِیَالِیْ
اَمْسَوْا جِیَاعاً وَّھُمْ اَشْبَالِیْ اَصْغَرُھُمْ یُقْتَلُ بِاغْتِیَالِیْ
لِلْقَاتِلِ الْوَیْلُ مَعَ الْوَبَالِیْ

میں روٹیاں سائل کو دیتی ہوں اور مجھے کچھ پرواہ نہیں ہے اُنھوں نے رات یوں کی ہے کہ وہ گرسنہ ہیں حالانکہ وہ بچہ شیر ہیں اور اُن میں کا چھوٹا قتل کرڈالا جائے گا۔

تعبیر: بچہ شیر کو خواب میں دیکھے تو آنے والی آفت سے محفوظ رہے۔

حکم: شیر کے بچہ کا گوشت بھی حرام ہے۔

شِفُنین

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
شفنین	تیرک	Pigeon	کبوتر

یہ پرندہ کبوتر کے برابر خاکی رنگ کا ہوتا ہے۔ جاحظ نے اس کو کبوتر کی قسم تسلیم کیا ہے اور بعض اہل تحقیق کہتے ہیں کہ عرب اس کو یمامہ بھی کہتے ہیں۔ اس کی آواز نہایت دلکش ہوتی ہے اور خاص بات یہ ہے کہ جب مادہ مرجاتی ہے تو نر دوسری مادہ کی طرف رُخ نہیں کرتا اور جب نر مرجاتا ہے تو مادہ دوسرے نر سے جفت نہیں ہوتی یہاں تک کہ مرجاتی ہے۔

حدیث امام حسینؑ میں ہے کہ جب شفنین بولتا ہے تو کہتا ہے:

لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

تعبیر: اس کو خواب میں دیکھنے سے اگر مجرد ہے تو ترویج ہوگی۔

خواص: اس کی چربی کان میں ڈالنا بہرے پن کو مفید ہے۔

حکم: گوشت اس کا حلال ہے۔

شَقراق

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
شَقراق	سبز قباء		نیل کنٹھ

یہ پرندہ سبز رنگ، سیاہ منقار کبوتر سے چھوٹا ہوتا ہے۔ بازوں پر کہیں کہیں سیاہی ہوتی ہے۔ منتخب اللغات میں ہے کہ اس پر سرخ و سبز و سفید نشان ہوتے ہیں اس وجہ سے عرب اس کو اخیل کہتے ہیں اور منحوس سمجھتے ہیں۔ میر حسن لکھنوی نے انفس ضمائس میں اس کا ترجمہ نیل کنٹھ کیا ہے۔ یہ شہد کی مکھی کا دشمن ہوتا ہے، جب اس کا پیٹ شہد کی مکھیاں کھانے سے بھر جاتا ہے تو باقی ماندہ کو ہلاک کرنا شروع کر دیتا ہے۔ وسائل الشیعہ میں ہے کہ ایک دن پیغمبر خدا مشی فرما رہے تھے کہ نیل کنٹھ آپ کا موزہ لے کر اُڑا موزہ سے سانپ نکلا۔

حدیث امام حسینؑ میں ہے کہ شقراق کہتا ہے: مَوْلَایَ اَعْتِقْنِی مِنَ النَّار
اے میرے مولا مجھے جہنم سے بچالے۔

تعبیر: نیل کنٹھ کو خواب میں دیکھے تو شہد کی مکھیوں سے محفوظ رہے۔

خواص: اس کی بیٹ کا لیپ چہرہ کی جھائیاں دور کرتا ہے۔

حکم: معصوم سے شقراق کے گوشت کو پوچھا گیا، فرمایا مکروہ ہے اس لیے کہ اُس کے پوٹہ میں سانپ بھی ملتے ہیں۔

شہبا

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
شہبا	استر		خچر

(اشہبا) کلام عرب میں اشہب سیاہ و سفید چیز کو کہتے ہیں۔ جس میں سفیدی غالب ہو چنانچہ عنبر اشہب، یوم اشہب (سرد کے دن کو اشہب کہتے ہیں) فرس اشہب اسی وجہ سے کہتے ہیں۔

محقق طریحی تحریر فرماتے ہیں کہ شہبا جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خچر کا نام ہے۔ اور حدیث

امیر المومنینؑ میں اس کا ذکر ہے۔

اَمْسَكْتُ لِرَسُولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الشَّهْبَاءَ۔ نبی مرسلؐ سے شہبا حاصل کیا۔

ابن شہر آشوب نے جناب علیؑ مرتضیٰ علیہ السلام کی سواریوں کے حال میں اسی کا نام دلدل تجویز کیا ہے۔ وَكَانَ لَهُ بَغْلَةٌ يُقَالُ لَهُ الشَّهْبَاءُ وَدُلْدُلُ اَهْدَاهَا اِلَيْهِ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

اور آنحضرتؐ کے پاس جو خچر تھا اُس کو شہبا اور دلدل کہتے تھے یہ پیغمبر خدا نے اُن کو مرحمت کر دیا تھا۔

تعبیر: اگر شہبا کو خواب میں دیکھے تو تابعین امام عصرؑ میں محسوب ہونے کی امید ہے۔

(ص)

الصّافن

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الصّافن	اسپ		گھوڑا

صافن عربی میں اُس گھوڑے کو کہتے ہیں جو بندھے رہنے کی حالت میں کسی وجہ سے ایک پاؤں اٹھائے اور تین پیروں پر کھڑا ہو اور ایک سم کا صرف سرا زمین سے لگا ہو۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے جو گھوڑے لائے گئے اُن کی ثناء و حقیقت میں قرآن مجید میں ہے:

اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ

تعبیر: اگر ایسا خواب میں دیکھے تو امام زمانؑ کے تابعین میں محسوب ہو۔

الصّبل

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الصّبل	اژدھا		اجگر

کلام جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام میں یہ لفظ نظر آتا ہے۔ حضرتؑ نے ابوذر غفاری یا عثمان بن مظعون کی شان میں اس کو استعمال کیا ہے چنانچہ نہج البلاغہ میں فرماتے ہیں:

وَكَانَ لِيْ أَخٌ فِيْ مَا مَضٰى أَخٌ فِي اللّٰهِ وَكَانَ يُعَظِّمُهُ فِيْ عَيْنِيْ صِغَرُ الدُّنْيَا فِيْ عَيْنِهٖ وَكَانَ خَارِجاً عَنْ سُلْطَانِ بَطْنِهٖ فَلَا يَشْتَهِيْ مَا لَا يَجِدُ وَلَا يُكْثِرُ إِذَا وَجَدَ وَكَانَ أَكْثَرَ دَهْرِهٖ صَامِتاً فَإِنْ قَالَ بَذَّ الْقَائِلِيْنَ وَ نَقَعَ غَلِيْلَ السَّائِلِيْنَ وَ كَانَ ضَعِيْفاً مُسْتَضْعَفاً فَإِنْ جَاءَ الْجِدُّ فَهُوَ لَيْثٌ عَادٍ وَ صِلُّ وَادٍ۔

دور ماضی میں میرا ایک بھائی تھا جس کو صرف خدا کے لیے میں نے بھائی بنایا تھا میں اپنی نظروں میں اُس کی بڑی عظمت کرتا تھا، وہ دنیا کو حقارت کی نظر سے دیکھتا تھا، وہ شکم پروری کی حدود سے باہر تھا، جو چیز اس کو نہ ملتی تھی اُس کی آرزو نہ کرتا تھا اور جو پا جاتا تھا اُس کو اکثر استعمال میں نہ رکھتا تھا، وہ بیشتر دنوں میں خاموش رہتا تھا مگر جب بولتا تھا تو اچھے اچھے بولنے والوں پر غالب آجاتا تھا اور علمی استفسارات کے متوالوں کی پیاس بجھا دیتا تھا، وہ کمزور اور تواضع پسند شخص تھا لیکن جب (میدان نبرد میں) جدوجہد کا وقت آجاتا تھا تو وہ حملہ آور شیر اور جنگل کا اژدھا معلوم ہوتا تھا۔

تعبیر: اژدھے کو خواب میں دیکھے تو کسی بہادر سے ملاقات ہو۔

حکم: اژدہا حرام ہے۔

صدف

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
صدف	گوش ماہی	Malher-olBarl	سیپی

سیپی دریا کے کنارے نظر آتی ہے، یہ مختلف قد و قامت کی ہوتی ہے، پشت اس کی بلند گنبدی ہوتی ہے یہ بھی جب چاہتی ہے ہاتھ پاؤں منہ اندر سمیٹ لیتی ہے۔ نیساں کے مہینہ میں جب پانی برستا ہے تو مینہ کے قطرے اس کے پیٹ میں جا کر موتی بن جاتے ہیں جو غوطہ خور مقررہ وقت پر دریا سے نکالتے ہیں۔

صدف ثمین، چاقو کا دستہ اور بہت سی چیزوں میں کام میں آتی ہے۔ میٹھے پانی کی صدف دریائے شور سے بہتر سمجھی جاتی ہے۔ جناب امیر المومنینؑ دیوان میں فرماتے ہیں۔

أَرَى الْإِحْسَانَ عِنْدَ الْحُرِّ دَيْناً وَ عِنْدَ الْفَنِّ مَنْقَصَةً وَ ذَمّاً
كَقَطْرٍ صَارَ فِي الْأَصْدَافِ دُرّاً وَ فِيْ شِدْقِ الْأَفَاعِيْ صَارَ سَمّاً

اس مفہوم کو کسی شاعر نے فارسی میں نظم کیا ہے۔

نیکی بکسی کن بود اہل کرم　　با مردم بد مکن کزاں یابی غم

آن قطرہ کہ در صدف شود گوہر پاک　　چوں در دہن مار کنی گر دو سم

کھونگا بھی صدف کی ایک قسم ہے اس کو انگریزی میں Snails کہتے ہیں۔کوڑی بھی ایک قسم ہے جو مختلف قد کی ہوتی ہے۔بڑے قد کی کوڑی پر سرخ وسیاہ بنکیاں بنی ہوتی ہیں، یہ مرغی کے انڈے کے برابر ہوتی ہے۔چھوٹی کوڑی میں جو زردی مائل ہوتی ہے اُس کو ٹیان کہتے ہیں۔کوڑی کو فارسی میں خرمہرہ کہتے ہیں۔

تعبیر: اگر صدف کو خواب میں دیکھے تو دفینہ ملنے کی امید ہے۔

خواص: پارہ صدف کو کپڑے میں رکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے تو دانت سہولت سے نکلیں گے۔

حکم: (س) اگر بوتام صدف در قباء دختہ باشد نماز دران صحیح است یا نہ؟

(ج) از جناب شیخ مازندرانی رحمۃ اللہ: تمکہ و بوتام صدف در نماز و غیر آں خرز ندارد۔

یہی فتویٰ مجتہدی سرکار علامہ سید ابوالحسن اصفہانی کا بھی ہے اور سید طباطبائی طاب ثراہ فرماتے ہیں:

کذا الصدف هم معلومیته کوند جزء من الحیوان

اسی طرح صدف میں بھی نماز درست ہے اس لیے کہ اُس کا کسی جاندار کا جز ہونا ثابت نہیں۔

ادبیات:

شعرا نے صدف سے مختلف چیزوں کو تشبیہ دی ہے۔تمنا۔

خوشی نے آج یوں پہلو میں میرا دل کیا روشن　　صدف کے بطن میں جیسے کہن دُرِ عدن چمکا

میر وحید کہتے ہیں۔

مینڈھے ہیں مضطرب کہ نہ کٹنے لگیں گلو　　پنہاں ہیں دُر صدف میں کہ رہ جائے آبرو

کوڑی کے تین تین اُس مقام پر کہتے ہیں جہاں تذلیل مقصود ہو۔نظیر اکبر آبادی کہتے ہیں۔

کوڑی کے سب جہاں میں نقش رنگین ہیں　　کوڑی نہ ہو تو کوڑی کے پھر تین تین ہیں

فضول خرچ انسان کی تباہ کاریوں میں کہتے ہیں کہ کفن کو کوڑی نہ رکھی۔

دل کی خوشی کی خاطر چکہ ڈال مال ذہن میں　　گر مرد ہے تو عاشق کوڑی نہ رکھ کفن کو

گھونگا کھپرا: دیہات میں اُس کھپرے کو کہتے ہیں جو دو کھپروں پر رکھ کر بند کیا جاتا ہے۔

صرد

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
صرد	شیر تخشک		لٹورا

یہ ایک پرندہ ہے جس کا سر کسی قدر بڑا، چونچ چوڑی، پوٹہ سفید، پشت سبز ہوتی ہے۔ چڑیا اور دوسرے جانوروں کو شکار کرتا ہے۔ قیصر باغ کے عجائب خانہ میں اس کی چند قسمیں موجود ہیں۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانی چھ جانوروں شہد کی مکھی، چیونٹی، مینڈک، لٹورا، ھدھد، ابابیل کے مارنے کی ممانعت فرمائی ہے۔ اور سلسلہ کلام میں ہر جانور کی خدمات پر تبصرہ فرمایا ہے۔ لٹورے کی بابت فرمایا ہے کہ اس نے حضرت آدمؑ کی سراندیپ سے جدہ تک راہنمائی کی تھی۔

اور وسائل میں روایت جناب امیرؑ میں ہے کہ پہلا حج جو حضرت آدمؑ نے کیا تو آپ کے ساتھ ساتھ لٹورا تھا اور پانی کے مقامات کو بتاتا جاتا تھا۔ لٹورا آپ کے ساتھ بہشت سے آیا تھا۔ اور دوسری حدیث میں ہے کہ لٹورہ حضرت آدمؑ کا قاصد تھا اور سراندیپ سے جدہ تک جو ایک مہینہ کی راہ ہے جناب حواؑ تک پیام آدمؑ کا پہنچاتا تھا۔

حضرت ابراہیمؑ کو جناب باری نے جب آسمان وزمین کی سیر کرائی تو آپ نے دریا کے کنارے ایک مردہ کو دیکھا کہ جس کا آدھا بدن پانی میں اور آدھا خشکی میں تھا۔ پانی کے حصہ کو دریا کے جانور اور خشکی کے جسم کو صحرا کے درندے کھا رہے تھے، یہ دیکھ کر حضرت ابراہیمؑ نے عرض کی:

رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی.

اے پروردگار تو مجھے بھی دکھادے کہ تو مُردوں کو کیوں کر زندہ کرتا ہے۔

فرمایا کیا تم اس کا ایمان نہیں رکھتے۔

عرض کیا مگر آنکھ سے دیکھنا چاہتا ہوں۔

فرمایا کہ چار پرند لو اور اُن کے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالو اور ہر پہاڑ پر اُن کا ایک ایک ٹکڑا رکھ دو، اُس کے بعد اُن کو بلاؤ، وہ تمہارے پاس دوڑتے ہوئے آئیں گے۔

حضرت ابراہیمؑ نے ہدہد، لٹورا، مور، کوا لیا اور ذبح کر کے سب کو میدہ بنا ڈالا، جب سب ایک ذات ہو گئے تو اُس کے دس حصہ کیے اور ہر پہاڑ پر ایک حصہ رکھ دیا۔ آپ نے ہر جانور کی چونچ اپنے

پاس رکھ لی تھی اور ہاتھ میں نقارے کر جب پکارا تو اجزاء ہر جانور کے اپنی جگہ سے اُڑے گوشت گوشت سے ہڈیاں ہڈیوں سے پر پروں سے مل گئے اور ہر طائر اپنی چونچ کی طرف لپکا اور اپنی نقار لے کر اصلی حالت پر آ گیا اور سامنے جو دانہ پڑا ہوا تھا اُس کو چگنے لگا۔

راوندی علیہ الرحمہ نے جناب رسالت مآبؐ سے روایت کی ہے کہ آپؐ نے فرمایا: ھدھد کو نہ مارو اُس نے سلیمانؑ کی رسالت کی گواہی دی اور مینڈک کو بھی نہ مارو وہ ابراہیمؑ کی خدمت میں آتش نمرود بجھانے کے لیے بڑھا تھا اور نہ چیونٹی کو مارنا اُس نے اپنی قوم کو ڈرایا تھا اور شہد کی مکھی بھی تمہارے ہاتھ سے قتل نہ ہو اس میں شفا (شہد) ہے اور لٹورے کو بھی ہلاک نہ کرو وہ تعمیر کعبہ کے وقت راہنمائی کرتا تھا۔
(مستدرک الوسائل)

لٹورا ہندوستان میں بھی پایا جاتا ہے۔ نظیرؔ اکبر آبادی اپنے مشہور قطعہ میں کہتے ہیں ۔

مینا بیا لٹورا اور لطلے کا بچہ تیتر بٹیر سارس شکرے لوے کا بچہ
سب بیچتے ہیں آکر چیتے کدے کا بچہ ہم بیچتے ہیں یارو اژدھے کا بچہ

تعبیر: لٹورا خواب میں دیکھے تو حج کی توفیق شامل حال ہوگی۔

حکم: گوشت اس کا مکروہ ہے۔

ادبیات:

اردو میں نافہم انسان کو لٹورا کہتے ہیں۔ مشیرؔ مرحوم کا شعر ہے۔

یہ علم و عمل اُس لٹورے کا تھا جواب نساء بھی نہ وہ دے سکا

صَعْوَہْ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
صَعْوَہْ	سر بچہ		ممولا

دمیری کی تحقیق یہ ہے کہ یہ ایک چھوٹی چڑیا ہے جس کا سر لال ہوتا ہے۔

صاحب جواہر فرماتے ہیں کہ (ھو عصفور صغیر لہ ذنب طویل یرمح بہ) یہ ایک چھوٹی چڑیا ہے جس کی دم لانبی ہوتی ہے اور وہ اس کو ہلایا کرتی ہے۔

مخزن المفردات کے مؤلف نے اس کا اردو ترجمہ پھیکی اور ممولا کیا ہے۔ اوحد الدین بلگرامی بھی

موخر الذکر کی رائے سے اتفاق کرتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں مُمولا بفتح اول ضم دوم وسکون واو مجہول ولام با الف مرغسیت بمقدار کنجشک خطہائے سیاہ بر پشت دارد ودم خود را بر زمین زند بھرلی انرا صعوہ بفتح صاد مہملہ وسوکن عین مہملہ وفتح واؤ و۔ (انفس اللغات، ص ۴۴)

اس پرندے کے فارسی میں کئی نام ہیں جن کو ارباب لغات نے لکھا ہے۔ اس کو ماوراء النہر میں دختر صوفی اور بعض مرغ فاطمہ بھی کہتے ہیں۔

شعرانے رزمیہ اشعار میں کمزور پہلوان کو اس جانور سے تشبیہ دی ہے۔ مونس

صعوہ کجا و پنجۂ گبرائے شاہباز | آہو وہ اور یہ اسد بیشۂ حجاز

حدیث امام جعفر صادق علیہ السلام میں اس کا ذکر ہے، آپؑ نے فرمایا ہے:

اَلْقُبَّرَۃُ وَالصَّعْوَۃُ وَالْعُصْفُوْرُ اِذَا قَتَلَہُ الْمُحْرِمُ فَعَلَیْہِ مُدٌّ مِنْ طَعَامٍ۔

(جواہر الکلام کتاب حج)

چنڈول اور ممولا اور چڑیا حالت احرام میں اگر کوئی حاجی مار ڈالے تو اُس پر کفارہ ایک مد گیہوں دینا واجب ہے۔

مد تین پاؤ اور دو ماشہ کا ہوتا ہے۔

خواص: گوشت اس کا زود ہضم اور بے ضرر ہوتا ہے، پیشاب لاتا ہے۔

حکم: مؤلف زین المتقین نے اس کو حلال جانوروں میں شمار کیا ہے۔

مسجد ممولا:

لکھنو محلہ پاٹ نالہ کے متصل ایک مختصر مسجد ہے جو مسجد ممولا سے مشہور ہے۔ اس کو ایک طوائف ممولا نامی نے تعمیر کرایا ہے واللہ علیم بحقیقۃ الحال۔

صِقر

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
صِقر	چرخ	Hawk	باز

اگرچہ عرب ہر شکاری جانور مثل باز وشاہین وددشاب کو صقر کہتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ نام چرخ کا ہے اگر دو چرخ کسی ہرن یا نیل گائے کی طرف چھوڑے جائیں تو ہر ایک اُس کے سر پر پہنچ کر

اُس کے ڈھیلے نکال لیتا ہے اور شکاری جا کر شکار کر لیتے ہیں۔ یہ باوجودیکہ کلنگ سے چھوٹا ہوتا ہے مگر کلنگ کا بھی شکار کرتا ہے۔ محاسن برقی میں ہے کہ عمر بن عاص نے امام حسینؑ سے پوچھا کہ اے فرزند علیؑ ہماری اولاد آپ کے فرزندوں سے زیادہ ہے اس کا کیا سبب ہے۔ آپؑ نے فرمایا۔

بُغَاثُ الطَّيْرِ اَكْثَرُهَا فِرَاخاً وَ اُمُّ الصَّقْرِ مِقْلَاةٌ نَزُورٌ

(مناقب آل ابی طالب، ص ۷۷)

واقعہ کربلا میں اکثر رواۃ نے امام حسینؑ کی سرعت رفتار کو چرخ سے تشبیہ دی ہے۔ جب آپؑ اپنے بھتیجے اور نو داماد قاسم بن حسنؑ کی لاش پر پہنچے تو راوی نے یوں ترجمانی کی ہے۔

ثم حمل القاسم بن الحسن بن علی وبیدہ السیف فھمل غلبہ عمر بن سعدبن نفیل الازدی فضرب راسہ بالسیف فقط القاسم الی الارض لوجھہ وقال یا عماہ فانقض الحسین الیہ.

پھر قاسمؑ بن حسنؑ بن علیؑ نے حملہ کیا۔ اُن کے ہاتھ میں تلوار تھی۔ اس نو عمر بچہ پر عمرو بن سعد بن نفیل ازدی نے حملہ کیا اور سر پر تلوار لگائی قاسمؑ منہ کے بل زمین پر گرے اور کہا اے میرے چچا میری خبر لیجئے۔ امامؑ اُن کی طرف جھپٹے (کالصقرا) جس طرح شکاری پرندا اپنے شکار پر گرتا ہے۔

(تاریخ ابن کثیر شامی)

اس تاریخی واقعہ پر ہم نے اپنی کتاب عبائرالانوار میں شرح و بسط سے روشنی ڈالی ہے۔

دیوان میں ہے۔

اَنَا الصَّقْرُ الَّذِی حُدِّثْتَ عَنْهُ عِتَاقُ الطَّيْرِ تَنْجَلُ انْجِدَالا

میں وہ چرخ ہوں جس سے پرندے باتیں کرتے ہیں۔

تعبیر: اگر چرخ کو خواب میں دیکھے تو بہادر اولاد پیدا ہوگی۔

حکم: گوشت اس کا حرام ہے۔

صلصل

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
صلصل	فاختہ		پانڈک

عرب فاختہ کو صلصل بھی کہتے ہیں۔ امام جعفر صادق علیہ السلام کے صاحبزادہ اسماعیل کے پاس کسی نے بطور

ہدیہ یہ طائر بھیجا، جب امامؑ داخل بیت الشرف ہوئے تو دیکھ کر فرمایا کہ اس منحوس طائر کو نکالو یہ کہتا ہے: (فقدتم) تم نیست ونابود ہو جاؤ، (لہٰذا) اس کو نابود کر دو قبل اس کے کہ تم برباد ہو۔

(بحارالانوار)

نوٹ: تعبیر خواص فاختہ کے ذیل میں بیان ہوں گے۔

ادبیات:

فاختہ کی کوکو شعرانے بڑے طمطراق سے نظم کی ہے۔ ایک مغرور مغنیہ اس کے نغمہ پر تعرض کرتے ہوئے کہتی ہے: انشاؔ

تو قیامت بے سُری ہے حد بُرا تیرا گلا ⁂ خوش نہیں آتا ہمیں بی فاختہ تیرا گلا

الصنینات

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الصنینات	پرستوک		ابابیل

ابابیل کی ایک قسم ہے جس کو بعض اہل لغت نے سین مہملہ سے لکھا ہے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام کی ایک روایت میں اس کا تذکرہ ہے۔ حضرت نے فرمایا: اَسْتَوْصُوا بِالصِّنِیْنَاتِ خَیْراً۔

ماہرین علم طبیعات بیان کرتے ہیں کہ ابابیل ایک دن میں چھ ہزار مکھیاں کھا جاتی ہے۔

(ص ۴۴، عجائب المخلومات)

امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام نے خضرؑ سے سوالات کیے اور جواب سن لیے دیکھا کہ ایک پرستوک یعنی ابابیل اڑ رہی ہیں اور صدا بلند کر رہی ہیں، کبھی دریا میں غوطہ لگاتی ہیں اور کبھی نکل کر اڑ جاتی ہیں۔ حضرؑ نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ تم کو معلوم ہے کہ یہ ابابیل کیا کہتی ہے؟ کہا نہیں خضرؑ نے کہا کہ یہ ابابیل کہتی ہے کہ آسمانوں اور زمینوں کے پروردگار کے حق کی قسم تمہارا علم خدا کے علم کے مقابلہ میں اس قطرہ کے برابر بلکہ اس سے بھی کم ہے جو میں اپنی چونچ سے اس دریا سے اٹھاتی ہوں۔ یہ واقعہ آئندہ مسلم کے تحت میں مکمل طور پر بیان کیا جائے گا۔ (حیات القلوب)

سیاحت ذوالقرنین کے سلسلہ میں ہے کہ جب وہ سرخ رنگ کے ریگستان میں پہنچے، وہاں ایک عمارت نظر آئی، لشکر کو روک کر ذوالقرنین اُس عمارت میں داخل ہوئے تو ایک لوہے کا بہت بڑا پنجرا دیکھا جس

میں ایک سیاہ رنگ کا پرندہ گویا ابابیل یا ابابیل ہی کی صورت کا نظر آیا۔ جب اُس نے ذوالقرنین کے پاؤں کی آہٹ سنی تو پوچھا کہ کون ہے؟ کہا میں ہوں ذوالقرنین۔ اُس نے کہا جو وسیع ملک اپنے پیچھے چھوڑ آئے ہو وہ کیا کافی نہ ہوا جو یہاں آئے ہو۔ ذوالقرنین پر ایک ہیبت طاری ہوگئی۔ طائر نے خوفزدہ دیکھ کر کہا خوف نہ کرو میں جو کچھ پوچھتا ہوں اُس کے جواب دو۔ طائر نے پوچھا کہ دنیا میں اینٹ اور گچ سے مکانات بن رہے ہیں۔ ذوالقرنین نے کہا ہاں۔ یہ سن کر وہ جانور کانپا اور اتنا بڑا ہوا کہ پنجرہ کا تیسرا حصہ بھر گیا۔ پھر جانور نے پوچھا کہ لوگوں میں ساز و سرور بہت ہو رہا ہے؟ کہا ہاں۔ یہ سن کر وہ جانور اس قدر بڑھا کہ دو ثلث قفس کا مملو ہو گیا پھر پرندے نے پوچھا کہ جھوٹی گواہی کا بھی زیادہ رواج ہے؟ کہا ہاں۔ اب وہ جانور اتنا بڑا ہوا کہ سارا پنجرہ بھر گیا۔ ہر بار ذوالقرنین ڈرتے تھے اور وہ تشفی آمیز گفتگو سے خوف کو کم کرتا تھا اور پھر ایک نیا سوال کرتا تھا۔ پھر پوچھا کہ لوگوں نے نماز ترک کر دی ہے؟ کہا نہیں۔ یہ خوش خبری سن کر وہ پرند ایک ثلث کم ہو گیا اور پوچھا لوگوں نے غسل جنابت ترک کر دیا ہے یا نہیں؟ ذوالقرنین نے کہا ایسا نہیں ہے یہ سن کر وہ جانور پہلی حالت میں آ گیا۔

(حیات القلوب، ص ۲۵۷)

صُوّام

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
صُوّام			

خیالے رنگ کی ایک چڑیا ہے جس کی گردن لانبی ہوتی ہے، اکثر خرموں کے درخت یا پہاڑوں پر رہتی ہے۔ حدیث میں اس کے مارنے کی ممانعت ہے۔ سعد بن عبداللہ نے احمد بن ابی عبداللہ برقی سے اُس نے علی بن محمد کاشانی سے اور اُس نے ابوایوب مدینی سے اور اُس نے سلیمان بن جعفر جعفری سے اور اُس نے امام رضاؑ سے اور آپؑ نے اپنے آباء طاہرین سے جناب امیرؑ کی زبانی روایت کی ہے کہ: نَهٰى عَنْ قَتْلِ خَمْسَةٍ الصُّرَدِ الصُّوَّامِ وَالْهُدْهُدِ وَالنَّحْلَةِ وَالنَّمْلَةِ وَالضِّفْدِعِ۔

(خصال ابن بابویہ، ص ۱۴۳)

فرمایا پیغمبر خداؐ نے کہ لٹورے اور صوام اور ہدہد اور شہد کی مکھی اور چیونٹی اور مینڈک کو نہ مارو۔

تعبیر: اگر اس کو اپنے ہاتھ میں دیکھے تو دولت ملنے کی نشانی ہے۔

حکم: مکروہ ہے۔

(ض)

الضان

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
بھیڑ	Sheep	گوسفند	الضان

بھیڑیں گلہ میں عموماً ایک دوسرے سے مل کر چلتی ہیں اور آپس میں اتنا اتحاد ہوتا ہے کہ جدھر ایک بھیڑ جائے گی اُدھر سب کا رُخ ہو جائے گا۔ بھیڑ گردن نیچی کر کے بہت تیز دوڑتی ہے، اس کے جسم پر بڑے بڑے بال ہوتے ہیں، بھیڑ بکری کی طرح سیاہ سفید زرد سرخ ہر رنگ کی ہوتی ہے، اس کی آواز بکری سے زیادہ طاقتور اور پائیدار ہوتی ہے۔

خداوند عالم نے انسان کے لیے حلال گوشت جانوروں کے آٹھ جوڑے پیدا کیے ہیں۔

ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ۔
وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ۔

خدا نے نر مادہ ملا کر آٹھ قسم کے جوڑے پیدا کیے ہیں۔ اس کے بعد ارشاد ہوتا ہے، بھیڑوں میں سے دو اور بکریوں میں دو، اونٹوں میں دو، گائے میں دو۔

بھیڑ بکری چھوٹے جانوروں میں اور اونٹ گائے بڑے جانوروں میں ہیں جن میں اول الذکر دو قسمیں کثرت سے ذبح کی جاتی ہیں۔ سب سے زیادہ بکری پھر بھیڑ پھر گائے پھر اونٹ ذبح ہوتا ہے لیکن خدا کی قدرت ہے کہ روزآنہ ہزاروں بھیڑیں بکریاں کٹتی ہیں خصوصاً بقرعید کے موقع پر لیکن ان کی پیداوار کم نہیں ہوتی۔

حدیث میں ہے کہ جس سال محرم کی پہلی دوشنبہ کو ہوگی زیادہ پیدا ہوں گے۔ جاحظ کہتا ہے کہ بھیڑ بکری سے افضل ہے چند وجہوں سے۔

۱): خدا نے اس کو اسماعیل کا فدیہ قرار دیا۔

۲): باوصف یہ کہ سال میں ایک مرتبہ بچہ دیتی ہے اور بکری سال میں دو مرتبہ بچہ دیتی ہے لیکن بھیڑیں کم نہیں ہوتیں۔

۳): بھیڑ جب گھانس چرتی ہے تو جلد روئیدہ ہوتی ہے اور جب بکری چرتی ہے تو جلد نہیں روئیدہ ہوتی۔

۴): صوف بھیڑ کا قیمتی اور اچھا سمجھا جاتا ہے۔

۵): جب کسی کی مدح کرتے ہیں تو کہتے ہیں "ھوا کیش" وہ مینڈھا ہے اور جب مذمت کرتے ہیں تو کہتے ہیں "ھوتیس" وہ بکری ہے۔

۶): بھیڑ کا پردہ خدا نے قائم کیا ہے اُس کی دم کی وجہ سے اور بکری میں یہ بات نہیں ہے۔ اس کا سبب آئندہ بیان ہوگا۔

احادیث میں بھیڑ پالنے کے فضائل وارد ہوئے ہیں۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو صاحب مکان ایک گوسفند پالے خدا روزی اُس گوسفند کی اُس کو دیتا ہے اور اُس کی روزی بھی زیادہ کرتا ہے اور فقر اُس کا ایک منزل دور ہو جاتا ہے اور اگر دو گوسفند پالے تو خدا روزی اُس کو پہنچائے گا اور روزی پالنے والے کی بھی زیادہ کرے گا اور پریشانی اُس کی دو منزل دور ہو جائے گی۔ اور اگر تین گوسفند پالے تو خدا اُس کی روزی پہنچائے گا اور روزی پالنے والے کی بھی زیادہ کرے گا اور پریشانی اُس کی دور ہو جائے گی۔ احادیث میں سیاہ بھیڑ کے دودھ کی فضیلت وارد ہوئی ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب اہل بہشت داخل بہشت اور اہل جہنم دوزخ میں جائیں گے تو اہل منادی خدا کی طرف سے آواز دے گا کہ اے اہل بہشت اور اے اہل جہنم اگر موت کسی صورت میں تمہارے سامنے آئے تو تم اُس کو پہچانو گے؟ وہ کہیں گے نہیں بعد اُس کے موت کو مثل صورت گوسفند سیاہ و سفید کے لائیں گے اور درمیان بہشت و دوزخ کے رکھیں گے اور بحکم خدا موت ذبح کی جائے گی اُس وقت خدا فرمائے گا کہ اے اہل بہشت ہمیشہ تم بہشت میں رہو گے تمہارے لیے اب موت نہیں ہے اور اے اہل جہنم تم ہمیشہ جہنم میں رہو گے اور تم کو موت نہ آئے گی۔

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جو شخص مکان بنائے اور ایک فربہ گوسفند ذبح کرے اور گوشت اس کا محتاجوں کو کھلائے بعد اُس کے کہے:

مَرَدَةَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ وَبَارِكْ لِيْ فِيْ بِنَائِيْ.

اللہ تعالیٰ سرکش جن و انس کا حرز اُس سے دور کر دے گا اور وہ مکان اُس کے لیے مبارک ہوگا۔ علامہ کفعمی ملحقات بلد الامین میں کہتے ہیں کہ جو شخص محتاج ہو اور ایک بھیڑ جس کا سر سیاہ ہو اُس کو ذبح کرکے اُس کے دل پر سات سو مرتبہ یہ اسم پڑھے پھر اس شریف لکھ کر پرچہ کاغذ کو جوف قلب میں رکھے اور مسجد کی چوکھٹ میں دفن کرے خداوند عالم اُس کے رزق میں وسعت دے گا اسم شریف یہ ہے۔ يَا نُوْرَ كُلِّ شَيْءٍ أَنْتَ الَّذِيْ فَلَقَ الظُّلُمَاتِ نُوْرُهُ.

عمل گوسفند جو مریض کے لیے عموماً کیا جاتا ہے۔ کتب معتبر میں میری نظر سے نہیں گذرا۔
حدیث مفضل میں ہے کہ جس زمانہ میں امام عصر حضرت حجت کوفہ میں سلطنت کریں گے تو اُس وقت شہر کوفہ کی وسعت ۵۴ میل ہوگی اور کوفہ کی عمارتیں کربلائے معلّٰی کی حدود سے مل جائیں گی اس دور میں ایک گوسفند کے سور ہنے کی جگہ دو ہزار درہم میں دستیاب ہوگی۔

(رسالہ رجعت، مطبوعہ مطبع جعفری لکھنؤ، ص ۳۵)

کلام فقہاء میں آداب جماعت کے سلسلہ میں ہے کہ بہتر ہے کہ نماز جماعت کی صفوں میں فاصلہ خواب گاہ گوسفند سے کم تر نہ ہو۔

(خلاصۃ ابطاعات فی احکام الجماعات، ص ۱۳)

جنوبی امریکہ کے کوہ انڈیز کے اُونچے پہاڑی سلسلہ میں ایک قسم کا جانور دریافت ہوا ہے جس کسی قدر اونٹ اور بھیڑ سے مشابہ ہوتا ہے اس کو لاما (Lama) کہتے ہیں، ان سے بار برداری کا کام لیا جاتا ہے اور بھی چند قسم کے بالدار جانور یہاں پائے جاتے ہیں جن میں الپاکہ (Alpaca) اور (Vicuna) دسوتا بہت مشہور ہیں۔ ان کے بالوں سے عمدہ کپڑے بنائے جاتے ہیں۔

کوئنزلینڈ (اسٹریا) میں سب سے زیادہ بھیڑوں کی پیداوار ہے۔ ۱۹۳۶ء کے خاتمہ پر بھیڑوں کی تعداد ۲ کروڑ ۱۱ ہزار ۷ سو ۹۷ تھی یعنی ۱۹۳۵ء کی تعداد میں ۱۱ فیصد کا اضافہ ہوا، توقع ہے کہ یہ تعداد اور بڑھے گی۔

(اخبار رضا کار، ۲۴ر نومبر ۱۹۳۸ء)

تعبیر:

اگر کافر سفید و سیاہ بھیڑ دیکھے تو موت کی نشانی ہے، اگر مومن دیکھے تو طول عمر کی دلیل ہے، اگر گلہ گوسفند دیکھے تو قربانی کی توفیق ہوگی، اگر بھیڑیں ذبح کی ہوئی دیکھے تو حج سے مشرف ہوگا، دودھ پیتے دیکھنا رنج یا بیماری میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔

خواص:

اگر اس کے سینگ کو درخت کے نیچے رکھیں تو قبل از وقت بار آور ہو اور پھل شیریں ہوں۔ اگر شہد کے برتن کو اس کے سفید بالوں سے ڈھاکے تو چیونٹیاں قریب نہ آئیں اور اگر بھیڑ کے بالوں کو عورت حمول کرے تو حاملہ نہ ہو۔

حکم:

گوسفند حلال ہے اگر ۴۰ گوسفند کسی کے پاس ہوں تو زکواۃ اُس کی ایک گوسفند ہے اور جب ۱۲۱ ہوں تو دو گوسفند اور جب ۲۰۱ ہوں تو ۳ گوسفند اور جب ۳۰۱ ہوں تو بنا بر قول احوط ۴ گوسفند اور جب ۴۰۰ ہوں یا اس سے زیادہ تو فیصدی ایک گوسفند زکواۃ میں دے اور اگر گوسفند ذبح کرتے وقت اُس کا خون کنوئیں میں گرے تو ۲ ڈول اور احوط یہ ہے کہ ۵۰ ڈول نکالے۔

ادبیات:

۱): سوتی بھیڑیں جگانا اُس موقع پر کہتے ہیں جب کسی بے خبر کو واقعہ کی اطلاع دی جائے۔

۲): ''بھیڑیا دھسان خلقت ہے۔'' اُس وقت کہتے ہیں جب بغیر سوچے سمجھے کسی مطلب پر لوگوں کا اتفاق ہو جائے۔

الضب

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
گوہ	Lizard	سوسمار	الضب

یہ جانور بہت عقلمند اور ہوشیار ہوتا ہے۔ ہمیشہ ایسی زمین پر گھر بناتا ہے جہاں چارپایوں کے سم سے گھر کو نقصان نہ پہنچے۔ رسالہ حیوانات میں یہ ہے کہ یہ جانور سو برس تک زندہ رہتا ہے اور نر کے دو نقیب اور مادہ کے دو انہدام نہانی ہوتی ہیں۔ انڈے اس کے کبوتر کے انڈوں کے برابر ہوتے ہیں، مادہ ایک مرتبہ میں ۱۸۰ انڈے دیتی ہے اور زمین میں دفن کر دیتی ہے، چالیسویں دن بچے نکل آتے ہیں، بچوں کو جس قدر چاہتے ہیں ماں باپ کھاتے ہیں اور باقی بھاگ جاتے ہیں۔ گوہ ہمیشہ آدمی کے پیروں کے بیچ میں ہو کر گذرتے ہوئے کاٹتی ہے جس سے طاقت رفتار باقی نہیں رہتی۔ سوسمار مسخ ہے اور اس کی عقوبت کی تصریح میں احادیث مختلف وارد ہوئی ہیں۔

۱): جناب امیرؑ کا ارشاد ہے کہ سوسمار ایک اعرابی تھا جو حاجیوں کا مال چراتا تھا۔

۲): سوسمار ایک بدو تھا جو اس کے سامنے سے گذرتا تھا اُس کو قتل کر کے لوٹ لیتا تھا۔

۳): یہ اُس گروہ سے ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر مائدہ نازل ہونے کے بعد ایمان نہیں لائے۔

۴): یہ ایک بادہ نشین عرب تھا جو راستہ میں اپنا خیمہ نصب کرتا تھا اور جب کوئی قافلہ پہنچتا تھا تو اہل قافلہ سے پوچھتا تھا کہ اے بندۂ خدا کدھر کا قصد ہے اگر وہ کسی مغربی قصبہ یا دیہات کا نام لیتے تھے تو ان کو راستہ سے گمراہ کر کے مشرق کا راستہ بتاتا تھا اور اگر مشرق کی طرف جانا ہوتا تھا تو مغرب کی طرف بتاتا تھا اور آگے بڑھ کر لوٹ لیتا تھا۔ ممکن ہے کہ مختلف لوگ مذکورہ بالا مختلف جرائم کی پاداش میں سوسمار کی شکل میں مسخ ہوئے ہوں۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ فرمایا اُن حضرت نے: دس یہودی جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں اس ارادہ سے آئے کہ اُن سے کچھ سوالات کریں ناگاہ ایک اعرابی اپنے کاندھے پر عصا رکھے ہوئے آیا اور اُس کے عصا میں کوئی شئ بندھی ہوئی تھی، اُس نے کہا اے محمدؐ میں آپؐ سے سوال کرتا ہوں میرے سوال کا جواب دیجئے۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یہ یہودی تیرے سے پہلے آئے ہیں مجھ کو اجازت دے کہ پہلے ان کے جوابات دوں۔ اعرابی نے کہا میں مسافر ہوں یہ سب اہل کتاب ہیں ان کی تصدیق سے میں آپؐ پر ایمان نہ لاؤں گا میں ایک کھلا ہوا معجزہ چاہتا ہوں۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ علیؑ بن ابی طالبؑ کہاں ہیں اُن کو لاؤ۔ جب علی مرتضیٰ علیہ السلام حاضر ہوئے، اعرابی نے کہا آپؐ نے ان کو کیوں طلب کیا۔ آپؐ نے فرمایا اے اعرابی ان کا بیان تشفی بخش ہے میں علم کا شہر ہوں اور علیؑ دروازہ ہیں، جو شخص علم و حکمت چاہے وہ دروازے سے آئے۔ جناب امیرؑ سامنے آئے پیغمبر خدا نے فرمایا:

يَا عِبَادَ اللهِ مَنْ اَرَادَ اَنْ يَنْظُرَ اِلٰى آدَمَ فِي جَلَالَتِهٖ وَاِلٰى شَيْثٍ فِي حِكْمَتِهٖ وَاِلٰى اِدْرِيْسَ فِي نَبَاهَتِهٖ وَاِلٰى نُوْحٍ فِي شُكْرِهٖ لِرَبِّهٖ وَعِبَادَتِهٖ وَاِلٰى اِبْرَاهِيْمَ فِي خُلَّتِهٖ وَوَفَائِهٖ وَاِلٰى مُوْسٰى فِي بُغْضِ كُلِّ عَدُوِّ لِلّٰهِ وَمُنَابَذَتِهٖ وَاِلٰى عِيْسٰى فِي حُبِّ كُلِّ مُؤْمِنٍ وَحُسْنِ مُعَاشَرَتِهٖ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ.

اے بندگان خدا جو شخص چاہے کہ نظر کرے آدمؑ کی طرف اُن کی جلالت سمیت اور شیثؑ کی حکمت میں اور نباہت ادریسؑ میں اور نوحؑ میں اُن کی عبادت و شکر کو دیکھے اور وفا و خلت ابراہیمؑ اور موسیٰؑ اور اُن کی دشمنان خدا سے بغض اور اُن کے جہاد کو اور عیسیٰ علیہ السلام اور اُن کی محبت کو مومنین سے اُسے چاہیے کہ علیؑ بن ابی طالبؑ کو دیکھے۔

یہ سن کر ایمان مومنین کا زیادہ ہوا اور منافقین کا نفاق بڑھا۔ اعرابی نے کہا اے محمدؐ آپ نے اپنے چچازاد بھائی کی تعریف کی میں اسے قبول نہ کروں گا مگر اُس گواہی سے جس کے باطل کرنے کا شبہ بھی نہ

ہواور وہ یہ ہے کہ جو سوسمار میرے پاس ہے اس امر کی گواہی دے۔ پیغمبر خدا نے فرمایا کہ اسے نکال وہ میری نبوت اور میرے بھائی کی افضلیت کا اقرار کرے گا۔ اعرابی نے کہا میں نے اس کے شکار میں بڑی زحمت اُٹھائی ہے مجھ کو خوف اس کا ہے کہ یہ بھاگ نہ جائے۔ فرمایا تو کچھ خوف نہ کر یہ فرار نہیں کرے گا اور اگر یہ بھاگ گیا تو میری تکذیب کے لیے کافی ہے جب یہ فرار نہ کرے اور سچی گواہی دے دے تو اُس وقت تو اس کو چھوڑ دینا اس لیے کہ میں اس کے عوض میں تجھ کو اس سے بہتر دوں گا۔ یہ سن کر اعرابی نے سوسمار کو نکالا اور زمین پر سامنے آنحضرتؐ کے رکھ دیا، سوسمار کھڑا ہو گیا اور پھر منہ اپنا زمین پر رکھ دیا اور سر اُٹھا کر بقدرت خدا گویا ہوا۔

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ وَ صَفِيُّهٗ وَ سَيِّدُ الْمُرْسَلِيْنَ وَ اَفْضَلُ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ وَ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ وَ قَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَ اَشْهَدُ اَنَّ اَخَاكَ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ عَلَى الْوَصْفِ الَّذِيْ وَصَفْتَهٗ وَ بِالْفَضْلِ الَّذِيْ ذَكَرْتَهٗ وَ اَنَّ اَوْلِيَاءَهٗ فِي الْجِنَانِ مُكْرَمُوْنَ وَ اَنَّ اَعْدَاءَهٗ فِي النَّارِ خَالِدُوْنَ.

میں گواہی اس بات کی دیتا ہوں کہ کوئی معبود سوائے معبود بحق کے نہیں ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور گواہی دیتا ہوں میں اس کی کہ محمدؐ بندہ اُس کے اور رسول اور صفی خدا ہیں اور سید المرسلین اور افضل الخلق اور خاتم النبیین اور قائد الغر المحجلین ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ فضائل آپ کے بھائی علیؑ بن ابی طالبؑ کے اسی طرح ہیں جس طرح آپؐ نے بیان کیا اور دوستان علیؑ بہشت میں مکرم اور معزز ہوں گے اور دشمن اُن کے جہنم میں رہیں گے۔

یہ سن کر وہ رونے لگا اور کہا یا رسول اللہؐ میں گواہی دیتا ہوں اس کی جو اس نے گواہی دی اور میں نے جو کچھ دیکھا اور سنا اس سے مجھ کو انحراف ممکن نہیں۔ اس کے بعد اعرابی نے یہودیوں سے کہا کہ وائے ہو تم پر کون سی آیت اور کون سا معجزہ بعد اس کے تم چاہتے ہو پس وہ سب یہودی ایمان لائے اور اعرابی سے کہا کہ اے بھائی اس جانور کی برکت عظیم ہوئی۔ پھر آپؐ نے اعرابی سے فرمایا کہ اس جانور کو چھوڑ دے اس لیے کہ یہ جانور خدا اور رسول اور اُس کے بھائی پر ایمان لایا ہے قید کرنے کے لائق نہیں ہے اس کو چھوڑ دے تو خدا تجھ کو اس سے بہتر دے گا۔ یہ سن کر سوسمار نے کہا کہ مجھے اجازت دی جائے کہ میں اس کا عوض کروں۔ اعرابی نے کہا کہ مجھ کو کیا عوض دے سکتا ہے۔ اُس نے کہا جہاں تو نے میرا شکار کیا ہے وہاں جا ۸ لاکھ درہم اور ۱۰ ہزار اشرفیاں وہاں ہیں اُن کو لے لے۔ اعرابی نے کہا کہ

حاضرین نے تیرا بیان سن لیا ہے ایسا نہ ہو کہ یہ میرے سے پہلے جا کر دفینہ لے لیں۔ سوسمار نے کہا وہ خدا نے تیرے لیے ودیعت کیا ہے میرے عوض میں اُس کو کوئی نہیں لے سکتا۔

اعرابی اطمینان سے آہستہ آہستہ روانہ ہوا اور چند منافقین اُس کے پہنچنے سے پہلے پہنچ گئے مگر جس نے ہاتھ بڑھایا اُس کو ایک افعی نے نکل کر ہلاک کر دیا۔ جب اعرابی پہنچا تو سانپ نے بقدرت خدا کہا کہ خدا نے مجھ کو اس مال کی حفاظت کے لیے مقرر کیا غرض اعرابی مال اُٹھا کر رخصت ہوا۔

(امالی التفسیر والمواعظ)

ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی خدمت نبویؐ میں حاضر ہوا اور کہا میں اسلام نہ لاؤں گا جب تک یہ سوسمار اسلام نہ لائے۔ پیغمبرؐ خدا نے پوچھا کہ تیرا رب کون ہے؟ اُس نے جواب دیا وہ جس کی سلطنت آسمان میں ہے اور دلیلیں جس کی زمین میں ہیں اور جس کے عجائب دریا میں اور جس کی صنعتیں خشکی میں ہیں۔ پھر پوچھا میں کون ہوں؟ کہا آپ رسولؐ رب العالمین ہیں اور روز قیامت میں زینتِ خلق، وہ شخص کامیاب ہوا جو آپؐ پر ایمان لایا۔ اور عرابی نے کہا:

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ.

اور تبسم کر کے کہا میں جب داخل ہوا تھا تو سب سے زیادہ بغض رکھتا تھا اور جب جا رہا ہوں تو مجھے سب سے زیادہ محبت ہے۔

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں گوہ کی گواہی متواترات سے ہے اور اجمال قضیہ میں کسی کو اختلاف نہیں ہے۔ آخری واقعہ سیرت نبیؐ کا جس میں گوہ کا ذکر ہے وہ ہے کہ غدیر کا مجمع پراگندہ ہو رہا ہے اور کچھ لوگ ولایت علیؑ پر اظہار مخالفت کرتے ہوئے واپس ہو رہے تھے کہ اُن ارباب نفاق کا ایک سوسمار کے قریب سے گذر ہوا اور بدعقیدت مجمع نے کہا کہ کاش رسولؐ اس سوسمار کو ہم پر امیر بنا دیتے مگر یہ منصب علیؑ کو نہ ملتا۔ ابوذر غفاری نے یہ گفتگو سن کر پیغمبرؐ خدا کی خدمت میں واقعہ عرض کر دیا۔ آپؐ نے جاتے ہوئے مجمع کو واپس ہونے کا حکم دیا اور ابوذر کی گفتگو کی تصدیق چاہی، منافقین نے اپنی باتوں سے انکار کر دیا اور حلفاً کہا کہ ہم نے کچھ نہیں کہا تھا۔ اُس وقت وحی اُتری کہ اے رسولؐ قیامت کے دن خدا ایک قوم کو محشور کرے گا جس کے آگے آگے سوسمار ہوگا۔ (ارجح المطالب وغیرہ)

نہج البلاغہ میں جناب امیرؑ اپنے زمانہ کے نام نہاد بہادروں کے حال میں پیشین گوئی کرتے ہیں:

كَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلَیْكُمْ تَكِشُّوْنَ كَشِیْشَ الضِّبَابِ.

گویا میں تمہاری طرف دیکھ رہا ہوں کہ بھگدڑ میں ایسا شور بلند ہے جس طرح سوسمار کی کھال

کھڑکھڑاتی ہے۔

تعبیر: اگر سوسمار خواب میں دیکھے تو دولت ملے۔

خواص: اگر گھوڑے کے گلے میں اس کے پاؤں کی ہڈی باندھیں تو تیز روی میں کوئی راہوار اُس کا مقابلہ نہ کر سکے گا۔

حکم: سوسمار حرام ہیں۔

ضَبُعٌ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
بجو	IndianBadger	کفتار	ضَبُعٌ

یہ جانور نہایت بدہیئت ہوتا ہے، انسان کا گوشت اس کو بہت مرغوب ہوتا ہے، قبر کھود کر مردے نکالتا ہے، اس کی کنیت ام عامر ہے۔ کہتے ہیں کہ یہ ایک سال نر اور ایک سال مادہ رہتا ہے۔ اسے کتے سے عداوت اور بھیڑنی سے دوستی ہے۔ یہ بھی مشہور ہے کہ بجو بیمار پڑ کے اپنی موت سے نہیں مرتا سانپ کی طرح کسی حادثہ سے ہلاک ہوتا ہے۔ بجو کو اگر کوئی سونے والا کسی تنہا مقام پر مل جائے تو پیٹ چاک کر کے خون پی لیتا ہے۔

جناب امیرؑ نے نہج البلاغہ میں فرماتے ہیں:

فَمَا رَاعَنِي إِلَّا وَ النَّاسُ رَسَلٌ إِلَيَّ كَعُرْفِ الضَّبُعِ يَنْثَالُونَ عَلَيَّ مِنْ كُلِّ وَجه جَانِبٍ.

قتل عثمان کے بعد مجھے کوئی ڈر نہ تھا مگر عوام کا اقبال کر لینا اور میرے اُوپر اژدھام جو مثل بجو کے بالوں کے سخت تھا مجھ پر ہر طرف سے زغہ ہے۔

دوسرے مقام پر جہاں طلحہ و زبیر کی پیروی کے مقاصد بیان کیے ہیں، فرمایا ہے:

وَ اللهِ لَا أَكُونُ كَالضَّبُعِ تَنَامُ عَلَى طُولِ اللَّدْمِ حَتَّى يَصِلَ إِلَيْهَا طَالِبُهَا وَ يَخْتِلَهَا رَاصِدُهَا وَ لَكِنِّي أَضْرِبُ بِالْمُقْبِلِ إِلَى الْحَقِّ الْمُدْبِرَ عَنْهُ وَ بِالسَّامِعِ الْمُطِيعِ الْعَاصِيَ الْمُرِيبَ أَبَداً حَتَّى يَأْتِيَ عَلَيَّ يَوْمِي.

خدا کی قسم میں اس طرح نہیں ہو سکتا کہ جیسے بجو، جتنا اُس کو کھٹ کھٹایا جائے وہ سوتا جاتا ہے

یہاں تک کہ شکاری پہنچ جائے اور اُس پر حملہ کردے، لیکن میں اُن لوگوں کو لے کر جو حق کی طرف ہوں اور اطاعت گذار ہوں جنگ کروں گا اُن سے جو حق سے روگرداں ہیں اور نافرمان ہیں ہمیشہ یہاں تک کہ میری عمر کا آخری دن آئے۔

جنگ اُحد کی سختیوں کو نظم کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

وَظَلَّتِ الطَّيْرُ وَالضِّبْعَانُ تَرْكَبُهُ　　فَحَامِلٌ قِطْعَةً مِنْهُمْ وَ مُقْتَعِدٌ

ایک اور موقع پر اموی حکومت کے حال میں فرماتے ہیں:

إِنَّ لِبَنِي أُمَيَّةَ مِرْوَداً يَجْرُونَ فِيهِ، وَ لَوْ قَدِ اخْتَلَفُوا فِيمَا بَيْنَهُمْ ثُمَّ كَادَتْهُمُ الضِّبَاعُ لَغَلَبَتْهُمْ.

(خدا نے) بنی امیہ کو مہلت دے رکھی ہے وہ حکومت کر کے (دل کے حوصلہ نکال رہے ہیں) جو کچھ اُن کے درمیان میں ہے اگر اُس سے اختلاف کرتے ہیں۔

وقال عليه السلام في خطبه آخري: مالكم يا أهل الكوفة كلا سمعتم بمنسر من مناسر أهل الشام أظلكم انجحر كل امرىء منكم في بيته وأغلق عليه بابه انجحار الضب في جحره والضبع في وجارها. (مستدرک نہج البلاغہ، ص ۴۴)

حدیث میں ہے کہ جو شخص اپنی روزی کے لئے غمگین ہوتا ہے اُس پر گناہ نامہ عمل میں لکھا جاتا ہے۔ دانیالؑ (نبی) ایک بادشاہ جبار کے زمانہ میں تھے۔ اُس نے ان کو پکڑ کے ایک کنویں میں گرا دیا اور درندوں کو بھی اُن کے ساتھ کنویں میں ڈال دیا۔ جانورانِ درندہ اُن کے پاس نہ گئے۔ حق تعالیٰ نے اپنے کسی اور پیغمبر پر وحی نازل کی کہ دانیالؑ کے لیے کھانا پہنچاؤ۔ عرض کیا دانیالؑ کہاں ہیں۔ فرمایا جب تم شہر سے باہر نکلو گے ایک گفتار تمہارے سامنے آئے گا اُس گفتار کے پیچھے چلے جانا وہ تم کو اُس کنویں پر پہنچا دے گا اس طرح دانیال تک کنویں میں ان کے کھانا پہنچتا رہا۔

(ترجمہ حیات القلوب، ص ۷۳)

عمیر بن عبداللہ مذحجی اُن مجاہدین میں ہیں جنھوں نے سب سے پہلے کربلا میں نصرت امام حسینؑ کی اس بہادر نے اپنے رجز میں جو بحار الانوار میں ہے کہا ہے۔

قَدْ عَلِمَتْ سَعْدٌ وَ حَيُّ مَذْحِجِ　　أَنِّي لَدَى الْهَيْجَاءِ غَيْرُ مُخْرَجِ

أَعْلُو بِسَيْفِي هَامَةَ الْمُدَجَّجِ　　وَ أَتْرُكُ الْقِرْنَ لَدَى التَّعَرُّجِ

فَرِيسَةَ الذِّئْبِ الْأَزَلِّ الْأَعْرَجِ

جنگ صفین میں بشیر بن ارطاہ نے امیر المومنینؑ کے مقابلہ کا قصد کیا اور اپنے غلام لاحق سے مشورہ کیا، لاحق نے جواب دیا۔

فانت له یا بشیر ان کنت مثله　　و الّا فانّ اللیث للضبع اکل

منی تلقه فالموت فی راس رمحه　　و فی سیفه شغل لنفسك شاغل

اے بشیر اگر تو اس کے مانند ہے تو لڑائی کا قصد کر ورنہ تو خود جانتا ہے کہ شیر بجو کو کھانے والا ہے تو کب اس کے پاس جا سکتا ہے کیونکہ اس کے نیزہ کے سر میں موت ہے اور اس کی تلوار میں تیری جان کے ساتھ سروکار ہے۔

(ارجح المطالب، ص ۲۴۵)

تعبیر: اگر بجو کو خواب میں دیکھے تو کسی ظالم و مکار سے سابقہ پڑے گا۔

خواص: اس کی کھال جس کھیت میں نصب کر دی جائے وہاں ٹیڑی نہ رہے گی۔

حکم: بجو کا گوشت حرام ہے۔

ضَرُوس

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ضَرُوس			کٹنی اونٹنی

لغت میں ضروس کے معنی یہ ہیں (اَلنَّاقَةُ الَّتِی تَعَضُّ حَالِبَهَا) جو اونٹنی دودھ دوہنے والے کو کاٹ کھائے۔

کلام جناب امیر المومنینؑ میں یہ لفظ کئی بار استعمال ہوا ہے۔ اخبار غیب کے سلسلہ میں آپؑ فرماتے ہیں:

كَاَنِّی بِهٖ قَدْ نَعَقَ بِالشَّامِ وَ فَحَصَ بِرَايَاتِهٖ فِی ضَوَاحِی كُوفَانَ فَعَطَفَ عَلَيْهَا عَطْفَ الضَّرُوسِ وَفَرَشَ الْاَرْضَ بِالرُّءُوسِ.

میں گویا اُس مرد (عبدالملک بن مروان کو) دیکھ رہا ہوں کہ شام میں اپنی طرف لوگوں کو دعوت دینے میں چنگھاڑ رہا ہے اور اپنے جھنڈے بلند کر دیے ہیں، نواحی کوفہ میں بس پلٹ پڑا وہ اُن پر مثل اُس اُونٹنی کے جو دودھ دوہنے والے پر کاٹنے کے لیے منہ بڑھاتی ہے اور زمین پر سروں کا بچھونا بچھا دیا۔

دوسرے مقام پر فرماتے ہیں:

وَ ایمُ اللهِ لَتَجِدُنَّ بَنِی اُمَیَّةَ لَکُمْ اَرْبَابَ سُوءٍ بَعْدِی کَالنَّابِ الضَّرُوسِ تَعْذِمُ بِفِیهَا وَ تَخْبِطُ بِیَدِهَا وَ تَزْبِنُ بِرِجْلِهَا وَ تَمْنَعُ دَرَّهَا۔

خدا کی قسم تم اپنے لیے بنی امیہ کو میرے بعد برا حاکم پاؤ گے، اُن کی مثال اُس ناقہ کی ہے جو دودھ دوہتے وقت انسان کو کاٹ کھاتا ہے، وہ اپنے منہ سے چکٹ دیتا ہے اور سر پر آگے کے پاؤں مارتا ہے اور دولتی اُچھالتا ہے، چاہتا ہے کہ کسی طرح دودھ دوھا نہ جائے۔

تعبیر: ضروس کو خواب میں دیکھے تو نفع پہنچنے والے مقامات سے نقصان اُٹھائے۔

ضرغام

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ضرغام	شیر درندہ		باگھ

ضرغام کلام عرب میں شیر اور اُس بہادر انسان کو کہتے ہیں جو شجاع ترین مرد ہو۔ راوندی نے جو علماء اہل سنت کے ایک جلیل فرد ہیں درر السمطین میں جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام کے القاب کے سلسلہ میں لکھا ہے۔

فارس میدان الطعان و الضراب هزبر کل عرین و ضرغام کل غاب

میدان حرب وضرب کے نبرد آزما اور شیر بیشہ شجاعت اور ضرغامِ دشت (قتل وغارت)۔

(عبقات الانوار)

کلام ابن عباس میں بھی حضرت کی شان میں ضرغام کا لفظ آیا ہے جیسا کہ آئندہ ہم بتائیں گے۔
اور اس میں شک نہیں ہے کہ ابن عباس سرچشمہ ہیں علوم قرآن و اقوال نبیؐ کے خود حضرت کا ارشاد ہے:

اَنَا الَّذِی سَمَّتْنِی اُمِّی حَیْدَرَةً ضِرْغَامُ آجَامٍ وَلَیْثٌ قَسْوَرَةً

میں ہی وہ ہوں جس کی ماں نے اُس کا نام حیدر رکھا ہے (ضرغام) شیر بیشہ و شیر درندہ۔

ابو مخنف نے فرزند رسول الثقلین امام حسینؑ کی جنگ کی تصویر کشی حسب ذیل الفاظ میں کی ہے:

فلبس درعاً آخر علی ورعه الاول و نعم علی راسه بیضاء عادیه و رکب و حمل علی القوم کانه اسد ضرغام۔

میاں عشق جنگ صفین کے حال میں کہتے ہیں۔

تھا جو قلیل لشکرِ ضرغام ذو الجلال　　مولا نے چند شخص کو بھیجا پئے جدال

نوٹ: تعبیر وخواص سابق کے بیان میں گذرا۔

ضفدع

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
مینڈک	Frog	غوک	ضفدع

مینڈک دو طرح کے ہوتے ہیں، بری و بحری۔ قدوقامت کے لحاظ سے قسمیں اس کی بہت ہیں۔ بڑے مینڈک اکثر تالاب میں ملتے ہیں۔ چھوٹی مینڈکیاں مکھی کے برابر ہوتی ہیں جو برسات میں پیدا ہوتی ہیں۔

جاحظ کی تحقیق ہے کہ مینڈک بول نہیں سکتا جب تک اس کے منہ میں پانی نہ ہو۔ بری مینڈک سم قاتل ہیں جو سبز رنگ کے ہوتے ہیں اگر کوئی شخص کھائے تو ہلاک ہو جائے۔ مینڈک کی تسبیح میں دو قول ہیں۔ بعض احادیث میں ہے کہ مینڈک کہتا ہے:

اُذْكُرُوا اللهَ يَا غَافِلِيْنَ.

اے غفلت شعاروں خدا کو یاد کرو۔

اور بعض اخبار میں ہے کہ وہ کہتا ہے:

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْمَعْبُوْدُ الْمُسَبِّحُ فِي لُجَجِ الْبِحَارِ.

خواجہ حالی کہتے ہیں۔

مینڈک ہیں جو بولنے پہ آتے　　　سنسار کو سر پہ ہیں اُٹھاتے

بنی اسرائیل پر خدا نے مینڈک کا عذاب بھی بھیجا تھا جیسا کہ قرآن مجید میں ہے:

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ.

تب ہم نے اُن پر طوفان آب اور ٹیڑیاں اور جوئیں اور مینڈک اور خون بھیجا۔

ان تمام سے گھر لبریز ہو گئے۔ فرش میں مینڈک، لباس میں مینڈک، کھانے میں مینڈک حتیٰ کہ اگر کوئی اسرائیلی زمین پر بیٹھتا تو اُس کے گلے تک مینڈک ہوتے تھے اور اُنہیں اس بات کا ڈر تھا کہ مبادا بات کریں اور اُن کے منہ میں مینڈک چلا جائے۔ مینڈک کی کثرت سے کھانے اور زراعتیں سڑ گئیں، چراغ روشن نہ ہو سکے۔

حدیث میں مینڈک کے مارنے کی ممانعت ہے اور وجہ یہ بتائی ہے کہ جب حضرت ابراہیمؑ کے لیے نمرود نے آتشکدہ تیار کیا اور ابراہیمؑ آگ میں ڈالے گئے تو زمین کے تمام جانوروں نے خدا سے عرض کیا کہ حکم ہو تو اس آگ کو پانی سے بجھا دیں۔ خدا نے کسی کو مینڈک کے سوا اجازت نہیں دی، مینڈک نے دو حصہ آگ کے سرد کر دیئے اور ایک حصہ باقی رہ گیا۔

مروی ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ایک دن دریا کنارے سے گذرے اور عرض کیا کہ میرے معبود موسیٰ کے گھٹنے تھک گئے اور پیٹھ جھک گئی اور پیشانی میں دم نہیں رہا تو میرے ساتھ کیا کرے گا۔

خدا نے مینڈک کی طرف وحی کی کہ موسیٰ کو جواب دے۔ مینڈک نے عرض کیا اے عمران کے بیٹے اپنی عبادت سے خدا پر احسان رکھتے ہو، خدا نے تم کو برگزیدہ کیا، تم کو کلیم بنایا، تم کو مقام قرب میں مناجات کا شرف دیا، قسم ہے اُس خدا کی جس نے مجھ کو خلق کیا میں اس پتھر پر ۳۶۰ برس سے ہوں، شبانہ روز تسبیح کرتا ہوں اور خاموش رہنا پسند نہیں کرتا اور تین روز سے بے آب و دانہ ہوں پھر بھی ہیبت خدا سے میرا بند بند لرزتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اے مینڈک کس امید پر یہ ریاضت کر رہا ہے؟ عرض کیا میرے لیے یہی کافی ہے کہ میں تسبیح کرنے والوں میں محسوب ہو جاؤں کسی دوسری بات کی آرزو نہیں ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ حضرت داؤدؑ نے ایک مرتبہ تمام رات تلاوت زبور میں بیدار رہ کر بسر کی اور اپنی اس ریاضت پر ناز ہوا اُسی وقت مینڈک نے صدا دی کہ داؤدؑ ایک رات کی شب بیداری میں غرور کرتے ہو میں اس پتھر کے نیچے چالیس (۴۰) سال سے ہوں اور میری زبان ذکر خدا سے ابھی تک نہیں رکی۔ (بحار الانوار، جلد ۱۴)

زمخشری نے ربیع الابرار میں بھی تقریباً اسی مضمون کی روایت نقل کی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مینڈک کی عمر بہت طویل ہوتی ہے۔

حکایت:

کسی بادشاہ جابر نے ایک مقام پر صحرا میں پڑاؤ ڈالا شب کو مینڈک کی آوازوں سے نیند حرام ہوگئی۔ وزیر کو سخت ترین حکم دیا کہ مینڈکوں کو خاموش کرو ورنہ جان کی خیریت نہیں۔ وزیر نے ایک اونٹ ذبح کر کے اُس کی اوجڑی تالاب میں پھیلوا دی۔ مینڈک آنتوں کو سانپ سمجھ کر خوف کے مارے خاموش ہو گئے اور پھر نہ بولے۔ اگر ایک طشت میں چراغ روشن کر کے تالاب یا حوض میں بہا دیں اور اُس کو گردش دیتے رہیں اُس وقت بھی مینڈک خاموش رہیں گے۔

ہنگری (آسٹریا) کے علاقہ میں ایک جگہ ایک انچ لمبی مینڈکوں کی بارش ہوئی، دیکھنے والوں کو حیرت تھی کہ کلنگ کا ایک غول آیا اور اُس نے اُن مینڈکوں کو کھانا شروع کر دیا۔
(اخبار شیعہ لاہور۔ ۸ راکتوبر ۱۹۳۸ء)

تعبیر: مینڈک خواب میں دیکھے تو دشمن کے مقابلہ میں غیبی مدد پہنچے۔

خواص: جو شخص مینڈک کا خون اطراف جسم میں ملے اُس پر سردی اثر نہ کرے گی۔

حکم: مینڈک کا گوشت حرام ہے۔

ادبیات:

کسی چھوٹے آدمی کی بے جا تعلّی یا بلند ہمتی کے موقع پر طنزیہ کہتے ہیں: مینڈکی کو بھی زکام ہوا۔ یہ ایک تعجب کا فقرہ ہے۔ مینڈکی خود پانی میں بھیگتی ہے اُس کو زکام کیسے ہوسکتا ہے۔ میاں مشیر کہتے ہیں ؎

سنے گا جو کوئی کرے گا کلام　　　کہ لو مینڈکی کو ہوا ہے زکام

اردو میں مینڈک اور مینڈھک دونوں لفظیں بولی جاتی ہیں۔ مزاح پسند شاعر کہتا ہے ؎

دھڑکن سے میرا دل بھی کچھ کم نہیں مینڈھک سے　　　ادنیٰ سا کرشمہ ہے دو ہاتھ اُچھل جانا

ضیغم

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
		شیر باگہ	ضیغم

کلام عرب میں ضیغم شیر کو کہتے ہیں۔ دمیری نے حیواۃ الحیوان میں اس سے چشم پوشی کی ہے اگر چہ یہ لفظ حدیث میں ابھی تک میری نظر سے نہیں گذرا مگر زرندی نے درر السمطین میں جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام کے القاب کی فہرست میں لکھا ہے:

الضیغم الھصور و السید الوقور و البحر المسجور۔ (عبقات الانوار)
دشمن کے اعضاء کو توڑنے والا شیر اور باوقار سردار، اور بحر ناپیدا کنار۔

توضیح الدلائل میں بھی یہ لقب موجود ہے۔ میاں دلگیرؔ اپنے ایک بینیہ شعر میں کہتے ہیں ؎

کہا احمد نے رو کر میں ابھی آیا ہوں اُس جا سے　　　سپرداب ضیغم یزداں کو واں کی پاسبانی ہے

(ط)

طافی

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
مُردہ مچھلی			طافی

عربی کی وسیع زبان میں جانوروں کے حالات کے اعتبار سے بھی نام ہیں چنانچہ جو مچھلی پانی میں مرجائے اور سطح آب پر تیرے اُس کو طافی کہتے ہیں۔ حدیث سماعہ میں اس کا ذکر ہے اور امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے:

لَا تَأْكُلِ الْجِرِّيْثَ وَلَا الْمَارْمَاهِيَ وَلَا طَافِياً الجز.

جریث نہ کھانا اور نہ مار ماہی اور نہ وہ جو مچھلی پانی میں مر کے سطح آب پر تیرنے لگے۔

تعبیر: مردہ مچھلی سطح آب پر تیرتی ہوئے دیکھے تو اُس کی تعبیر یہ ہے کہ [قلمی نسخے میں جگہ خالی ہے]

حکم: حرام ہے۔

طاویہ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
			طاویہ

امام حسنؑ کے راہوار کا نام ہے جس کا واقعہ کربلا میں شمر کی زبانی حال معلوم ہوا ہے۔ حضرت عباسؑ کی جنگ میں جب مارد بن صدیف مجروح ہو کر زمین پر گرا اور لشکر شام سے دوسرا راہوار مارد کے لیے لایا گیا اُس وقت حضرت عباسؑ نے اُس غلام کو قتل کیا جو گھوڑا مارد تک پہنچا رہا تھا اور آپ اُس پر سوار ہوئے۔ مارد کو ذہنی تکلیف بھی اُٹھانا پڑی۔ شمر نے پکار کر کہا عباسؑ یہ وہی طاویہ ہے جو ملک رے کے حاکم کی سواری کا گھوڑا تھا اور اُس کو تمہارے پدر نے حسنؑ کو دیا تھا۔ مقام ساباط میں امام حسنؑ کے ساز وسامان کی لوٹ میں یہ بھی چھن گیا۔ جب خدمت امام میں طاویہ آیا تو حضرت عباسؑ سے اپنا

منہ ملتا تھا اور معلوم ہوتا تھا کہ یہ ایک دن کے لیے اس سرکار سے جدا نہیں ہوا۔

طاوس

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
مور	Peacock	فیلیا	طاوس

مور تمام پرندوں میں حسین و خوبصورت سمجھا جاتا ہے، اس کے پر و بال میں قلم قدرت سے عجیب عجیب رنگ بھرے گئے ہیں۔ مور کے سر پر تاج، گردن لانبی جس میں سانپ کی ایسی لہر، دُم دراز ہوتی ہے جس پر بادلی منظر میں تو زریں دائرے معلوم ہوتے ہیں لیکن غور کرنے سے سمجھ میں آتا ہے کہ سانپ کے پھن کی ایک دھندلی سی تصویر ہے، اس سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اس کا ہر ہر عضو مار گزیدہ کے لیے اکسیر ہے۔ مور سانپ کا دشمن ہوتا ہے اور سانپ اس کو کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ مور سانپ کو نگل جاتا ہے پھر قے کر کے ہڈیاں اُگل دیتا ہے۔

شیخ الرئیس کہتا ہے کہ مور کا پالنے والا گزندوں کے شر سے محفوظ رہتا ہے اور مشہور ہے کہ اس کی ہوا سے سانپ بھاگتا ہے۔ مور رات کو چیخا کرتا ہے، اس کی آواز پاردار ہوتی ہے، مور کی عمر ۲۵ سال کی ہوتی ہے اس عمر میں سب طرح کے رنگ اس میں پیدا ہو جاتے ہیں۔

موسم خزاں میں درختوں کی طرح اس کے بال و پر گر جاتے ہیں اور دیکھنے سے بدہیئت معلوم ہوتا ہے۔ فصل بہار تک نئے پر نکلتے ہیں۔ مور جس قدر خوبصورت ہوتا ہے اُسی قدر اُس کے پیر بدشکل اور بھدے ہوتے ہیں جن کو دیکھ کر رقص کے عالم میں خاموش ہو جاتا ہے۔ شیخ سعدی کہتے ہیں۔

طاوس را بہ نقش و نگاری کہ ہست خلق　　تحسین کنند و او خجل از پای زشت خویش

غالبؔ دہلوی نے بھی اس مضمون کو نظم کیا ہے۔

نقش ناز بت طناز بہ آغوش رقیب　　پائے طاوس پئے خامۂ مانی مانگے

جانوروں میں مور ہی وہ جانور ہے جو مخصوص انداز میں ناچتا ہے۔ شاعر کہتا ہے۔

ترانے کا بلبل کے سن سن کے شور　　لگے ناچنے وجد میں آ کے مور

معلم فطرت نے کیا تعلیم دی ہے۔ خواجہ حالیؔ کہتے ہیں۔

طاوس کو ناچنا بتایا　　کوئل کو الاپنا سکھایا

جب مور ہے ناچنے پہ آتا　　آپے سے ہے اپنے گذر جاتا

طاؤس کے حال میں بہترین تبصرہ خطبہ نہج البلاغہ ہے جس میں جناب امیر المومنین علیہ السلام فرماتے ہیں:

وَمِنْ أَعْجَبِهَا خَلْقاً الطَّاوُسُ الَّذِي أَقَامَهُ فِي أَحْكَمِ تَعْدِيلٍ وَنَضَّدَ أَلْوَانَهُ فِي
أَحْسَنِ تَنْضِيدٍ بِجَنَاحٍ أَشْرَجَ قَصَبَهُ وَذَنَبٍ أَطَالَ مَسْحَبَهُ وَإِذَا دَرَجَ إِلَى الْأُنْثَى
نَشَرَهُ مِنْ طَيِّهِ وَسَمَا بِهِ مُطِلًّا عَلَى رَأْسِهِ كَأَنَّهُ قِلْعُ دَارِيٍّ عَنَجَهُ نُوتِيُّهُ يَخْتَالُ بِأَلْوَانِهِ
وَيَمِيسُ بِزَيَفَانِهِ يُفْضِي كَإِفْضَاءِ الدِّيَكَةِ وَيَؤُرُّ بِمَلَاقِحِهِ أَرَّ الْفُحُولِ الْمُغْتَلِمَةِ
لِلضِّرَابِ أُحِيلُكَ مِنْ ذَلِكَ عَلَى مُعَايَنَةٍ لَا كَمَنْ يُحِيلُ عَلَى ضَعِيفٍ إِسْنَادُهُ وَلَوْ
كَانَ كَزَعْمِ مَنْ يَزْعُمُ أَنَّهُ يُلْقِحُ بِدَمْعَةٍ تَسْفَحُهَا مَدَامِعُهُ فَتَقِفُ فِي ضَفَّتَيْ جُفُونِهِ
وَأَنَّ أُنْثَاهُ تَطْعَمُ ذَلِكَ ثُمَّ تَبِيضُ لَا مِنْ لِقَاحِ فَحْلٍ سِوَى الدَّمْعِ الْمُنْبَجِسِ لَمَا
كَانَ ذَلِكَ بِأَعْجَبَ مِنْ مُطَاعَمَةِ الْغُرَابِ تَخَالُ قَصَبَهُ مَدَارِيَ مِنْ فِضَّةٍ وَمَا أُنْبِتَ
عَلَيْهَا مِنْ عَجِيبِ دَارَاتِهِ وَشُمُوسِهِ خَالِصَ الْعِقْيَانِ وَفِلَذَ الزَّبَرْجَدِ فَإِنْ شَبَّهْتَهُ بِمَا
أَنْبَتَتِ الْأَرْضُ قُلْتَ جَنِيٌّ جُنِيَ مِنْ زَهْرَةِ كُلِّ رَبِيعٍ وَإِنْ ضَاهَيْتَهُ بِالْمَلَابِسِ فَهُوَ
كَمَوْشِيِّ الْحُلَلِ أَوْ كَمُونِقِ عَصْبِ الْيَمَنِ وَإِنْ شَاكَلْتَهُ بِالْحُلِيِّ فَهُوَ كَفُصُوصٍ ذَاتِ
أَلْوَانٍ قَدْ نُطِّقَتْ بِاللُّجَيْنِ الْمُكَلَّلِ يَمْشِي مَشْيَ الْمَرِحِ الْمُخْتَالِ وَيَتَصَفَّحُ ذَنَبَهُ وَ
جَنَاحَهُ جَنَاحَيْهِ فَيُقَهْقِهُ ضَاحِكاً لِجَمَالِ سِرْبَالِهِ وَأَصَابِيغِ وِشَاحِهِ فَإِذَا رَمَى
بِبَصَرِهِ إِلَى قَوَائِمِهِ زَقَا مُعْوِلًا بِصَوْتٍ يَكَادُ يُبِينُ عَنِ اسْتِغَاثَتِهِ وَيَشْهَدُ بِصَادِقِ
تَوَجُّعِهِ لِأَنَّ قَوَائِمَهُ حُمْشٌ كَقَوَائِمِ الدِّيَكَةِ الْخِلَاسِيَّةِ وَقَدْ نَجَمَتْ مِنْ ظُنْبُوبِ
سَاقِهِ صِيصِيَةٌ خَفِيَّةٌ وَلَهُ فِي مَوْضِعِ الْعُرْفِ قُنْزُعَةٌ خَضْرَاءُ مُوَشَّاةٌ وَمَخْرَجُ عَنُقِهِ
كَالْإِبْرِيقِ وَمَغْرِزُهَا إِلَى حَيْثُ بَطْنُهُ كَصِبْغِ الْوَسِمَةِ الْيَمَانِيَّةِ أَوْ كَحَرِيرَةٍ مُلْبَسَةٍ
مِرْآةً ذَاتَ صِقَالٍ وَكَأَنَّهُ مُتَلَفِّعٌ بِمِعْجَرٍ أَسْحَمَ إِلَّا أَنَّهُ يُخَيَّلُ لِكَثْرَةِ مَائِهِ وَشِدَّةِ
بَرِيقِهِ أَنَّ الْخُضْرَةَ النَّاضِرَةَ مُمْتَزِجَةٌ بِهِ وَمَعَ فَتْقِ سَمْعِهِ خَطٌّ كَمُسْتَدَقِّ الْقَلَمِ فِي لَوْنِ
الْأُقْحُوَانِ أَبْيَضُ يَقَقٌ فَهُوَ بِبَيَاضِهِ فِي سَوَادِ مَا هُنَالِكَ يَأْتَلِقُ وَقَلَّ صِبْغٌ إِلَّا وَقَدْ
أَخَذَ مِنْهُ بِقِسْطٍ وَعَلَاهُ بِكَثْرَةِ صِقَالِهِ وَبَرِيقِهِ وَبَصِيصِ دِيبَاجِهِ وَرَوْنَقِهِ فَهُوَ
كَالْأَزَاهِيرِ الْمَبْثُوثَةِ لَمْ تُرَبِّهَا أَمْطَارُ رَبِيعٍ وَلَا شُمُوسُ قَيْظٍ وَقَدْ يَنْحَسِرُ مِنْ
رِيشِهِ وَيَعْرَى مِنْ لِبَاسِهِ فَيَسْقُطُ تَتْرَى وَيَنْبُتُ تِبَاعاً فَيَنْحَتُّ مِنْ قَصَبِهِ
انْحِتَاتَ أَوْرَاقِ الْأَغْصَانِ ثُمَّ يَتَلَاحَقُ نَامِياً حَتَّى يَعُودَ كَهَيْئَتِهِ قَبْلَ سُقُوطِهِ لَا

يُخَالِفُ سَائِلَ أَلْوَانِهِ وَلَا يَقَعُ لَوْنٌ فِي غَيْرِ مَكَانِهِ وَإِذَا تَصَفَّحْتَ شَعْرَةً مِنْ شَعَرَاتِ قَصَبِهِ أَرَتْكَ حُمْرَةً وَرْدِيَّةً وَتَارَةً خُضْرَةً زَبَرْجَدِيَّةً وَأَحْيَانًا صُفْرَةً عَسْجَدِيَّةً.

''اُس کی عجیب ترین مخلوق میں مور ہے جس کو بہت ہی مکمل صورت میں (اپنے پیروں پر) کھڑا کیا اور رنگوں کو بہترین ترکیب دے کر خود ترتیب دیا اُس بازو کے ساتھ جس کے (پروں) کی جڑیں ایک دوسرے سے دست وگریباں ہیں اور اُس دم کے ساتھ جو لانبی ہے۔ جب نر مادہ کے پاس آتا ہے تو لپٹی ہوئی دم کو پھیلا دیتا ہے اور سر پر بلند کر لیتا ہے گویا دارین کی کشتی کا بادبان ہے جس کو کشتیاں دائیں بائیں کر دیتی ہیں۔ وہ اپنے رنگوں پر ناز کرتا ہے۔ وہ مرغ کی طرح جوڑا کھاتا ہے اور نر مادہ سے اس طرح جفت ہوتا ہے جس طرح ایک طاقتور نر جفت ہو۔ میں تم کو حوالہ دیتا ہوں کہ خود اس منظر کو دیکھ لو میری بات اُس شخص کی ایسی نہیں ہے جو (زبردستی) غیر ذمہ دارانہ بات کہے اگر حقیقت واقعہ اُس شخص کے قول کے مطابق ہو جو بزعم خود یہ سمجھتا ہے کہ مورنی مور کی آنکھ کے آنسو سے جو اُس کی آنکھ سے ٹپکتا ہے حاملہ ہو جاتی ہے وہ اشک چشم پلکوں کے کنارے ٹھہرا رہتا ہے اور مادہ اُس کو کھا جاتی ہے پھر انڈے دیتی ہے اور یہ حالت نر و مادہ کے جفت ہونے سے نہیں ہوتی تو ایسا نہیں ہے یہ تو کوے کے آپس میں ایک دوسرے کو بھرانے سے بھی تعجب خیز ہے۔''

''مؤلف عرض کرتا ہے کہ عرب میں جو غلط فہمی پھیلی ہوئی تھی اُس کو اس خطبہ میں جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام نے محققانہ انداز سے دور کیا اور سلسلہ بیان میں اس انداز سے واہمہ پرستوں کی رد فرمائی ہے کہ ایک دوسرا مغالطہ بھی سامنے آ گیا آپؑ فرماتے ہیں کہ مور کے آنسو سے مادہ کا حاملہ ہو جانا تو کوے کے ایک دوسرے کو دانا بھرانے کے قصہ سے بھی عجیب ہے۔ ہمارے آئندہ بیان سے ناظرین کو انشاء اللہ معلوم ہوگا کہ کوے کے جوڑ کھانے کے بارے میں بھی عرب صحیح راستہ سے دور تھے۔

فاضل جلیل مولانا فتح اللہ بن شکر اللہ کاشانی شرح نہج البلاغہ میں اس فقرہ کی توضیح میں لکھتے ہیں:

''زعم عرب آنست کہ مجامعہ زاغان بمطاعمہ ذکر است وانثی یعنی رسانیدن جزئی از آب کہ در سنگدان نر است بمنقار مادہ و نہادن ہر یکی از ایشان نقار خود در منقار آن دیگر''۔

جاہل عرب یہ سمجھتے تھے کہ کوا یوں جفت ہوتا ہے کہ نر اپنے سنگدانہ سے چونچ کے ذریعہ سے مادہ کی چونچ میں پانی پہنچاتا رہتا ہے اور نر و مادہ کی نقار متصل ہونے سے کوی انڈے دیتی ہے۔

(تنبیہ الغافلین)

اس واہمہ کی بنیاد صرف یہ ہے کہ کوا کبھی کسی انسان کے سامنے منظر عام پر جفت نہیں ہوتا آگے

کے بیان سے یہ ظاہر اور صاف ہوگا ناظرین انتظار کریں۔

مور سمجھتا ہے کہ اُس کے پر سفید چاندی کے ہیں اور اُن پر جو رنگ برنگ دائرے اور سورج بنے ہوئے ہیں۔ یہ زبرجد کے ٹکڑے اور اصلی سونا ہے اگر تو مور کی مثال دی زمین (چمن) کے پودوں سے تو میں کہوں گا کہ وہ فصل بہار کے شگوفوں میں چیدہ ہے اور اگر تو ملبوسات سے تشبیہ دے تو وہ زرنگار خلعت یا یمن کا قیمتی تھان ہے اور اگر اس کی صورت زیورات میں ڈھونڈھ تو وہ مختلف رنگ کے نگینہ ہیں جن کے کناروں پر چاندنی مزین بجواہر جڑی ہوئی ہے۔ مسرت انگیز اور غرور بھری چال سے ٹہلتا ہے اور بال و پر دیکھ کر (گویا) کھل کھلا کر ہنستا ہے۔ مسرت کا راز رنگین قبائے جسم کی خوبصورتی اور طوق گلو کی رنگینی ہے۔ جب تار نظر کو پیروں تک پہنچاتا ہے تو فرط غم سے چیخ اُٹھتا ہے اور اُس کی درد بھری صدا قریب ہے کہ فریادو استغاثہ تک پہنچ جائے اور اُس کے دلی صدمہ پر گواہ بنے اس لیے کہ اُس کے پتلے پتلے پاؤں بدنما ہوتے ہیں۔ خلاسی (ٹینی) مرغیوں کی طرح (خلاسی مرغ ہندوستان اور عجم کے مرغی مرغ سے پیدا ہوتے ہیں) جن کے پیر میں عموماً ایک خار ہوتا ہے۔

مور کے پشتِ گردن پر سبز بال سلسلہ دار ہوتے ہیں جن میں نقش و نگار (دست قدرت) سے بنے ہیں، گردن سے ملا ہوا حصہ مثل ایک صراحی کے اور گردن کو کوتاہ کر لینے کی جگہ سے پوٹے تک یمن کی مہندی یا ریشمین ملبوس یا صیقل کیا ہوا آئینہ اُس کے کان کے مقام پر بابونہ کے رنگ کا ایک باریک خط ہے سفید اور روشن وہ سیاہی میں اپنی سفیدی سے چمکتا ہے۔ کوئی رنگ کم ہے ایسا جس میں سے ایک نمونہ طاؤس نے نہ لیا ہو اور وہ رنگ پروں کی چمک اور تنویر اور صفائی اور خوبی سے خوب ہی کھلا پس وہ بکھرے ہوئی کلیوں کی طرح ہے جس کو موسم بہار نے کبھی نہیں دیکھا اور نہ اُس پر چشم آفتاب پڑی۔

جب پر اُس کے گرنا شروع ہوتے ہیں تو اپنے لباس کے اُتر جانے سے برہنہ ہو جاتا ہے اور بال و پر اس طرح گرتے ہیں جیسے (پت جھڑ میں) درخت کے پتے۔ پھر نامیہ کار فرمائی ہوتی ہے اور پر نکلنا شروع ہوتے ہیں یہاں تک کہ اپنی پہلی ہیئت پر جو پر گرنے سے پہلے تھی آ جاتا ہے۔ اگلی حالت اور موجودہ حال میں کچھ بھی اختلاف نظر نہیں آتا، کوئی رنگ اپنی جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ نظر نہ آئے گا۔ اگر تم اُس کے پروں میں سے ایک پر بھی اُٹھا کر دیکھو تو کبھی تو گلاب کی سرخی نظر آئے گی، کبھی زبرجد کی سبزی اور کبھی سونے کی زردی۔

محقق طریحی کہتے ہیں کہ روایت میں طاؤس ایک حسین مرد تھا جو کسی مومن کی بی بی سے ناجائز تعلقات قائم کرنے میں کامیاب ہوا، خدا نے اُن زن و مرد دونوں کو مور کی شکل میں مسخ کر دیا۔ حدیث

میں ہے کہ طاؤس اپنی خطا سے نادم ہو کر صدائے افسوس بلند کرتا ہے۔ اس حدیث کے معنی یہ ہیں طاؤس کی خلقت حضرت آدمؑ کے دنیا میں آنے کے بعد ہوئی ہے اور دوسری حدیث میں ہے کہ طاؤس ہی نے اُس سانپ کو جس کے منہ میں شیطان پوشیدہ تھا، بہشت آدمؑ تک پہنچایا، بنابریں اوّل الذکر حدیث کی تاویل یہ ہوسکتی ہے کہ طاؤس جو جانور پہلے سے موجود تھا اُس کی صورت میں مرد زانی کو خدا نے مسخ کر دیا اور اس واقعہ کی اہمیت سے طاؤس مسخ جانوروں میں قرار پایا۔

فاضل دمیری نے مور کے حال میں لکھا ہے کہ حضرت آدمؑ نے جب انگور بوئے تو شیطان نے پیش دستی کر کے طاؤس کو ذبح کیا، اُس کے خون سے آبیاری کی اور جب کونپلیں پھوٹیں تو بندر کو ذبح کیا اور اُس کے خون سے درخت کو سیراب کیا، جب انگور لگے تو شیر کو ذبح کیا اور اس کا خون تھالے میں ڈالا، جب انگور تیار ہوئے تو سور کو ذبح کر کے اُس کا خون دیا اسی وجہ سے شرابی کی حالت نشہ میں متغیر اور تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ نشے کا ابتدائی دور سرور ہوتا ہے جب نشہ بڑھتا ہے تو میمونی حرکات ظاہر ہوتے ہیں اور جب پورا نشہ ہوتا ہے تو شرابی شیر کی طرح چیختا ہے پھر انجام میں سور کی طرح بے حس وحرکت ہو کر پڑ جاتا ہے اور نیند کا غلبہ ہوتا ہے۔ یہ واقعہ بھی اُن اخبار کا معارض ہے جن میں بندر اور سور کو بنی اسرائیل کے مسخ افراد میں شمار کیا گیا ہے چونکہ یہ روایت اہل سنت کی ہے اس لیے تاویل کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔

کعب الاحبار کا قول ہے کہ مور کی صدا یہ ہے: (کَمَا تَدِینُ تُدَانُ) جیسا کرو گے ویسا پاؤ گے۔ اور امام حسینؑ کا ارشاد یہ ہے کہ طاؤس کہتا ہے میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا اور اپنی خوبصورتی پر مغرور ہوا پس مجھ کو بخش دے۔ گزشتہ صفحات میں گذرا کہ حضرت ابراہیمؑ نے جن چار پرندوں کو ذبح کیا تھا اُس میں طاؤس بھی تھا اور مور کے اختیار کرنے کی وجہ یہ بنی کہ آپ دنیاوی زینت کا قلع قمع کرنا چاہتے تھے۔

حدیث میں ہے کہ طاؤس یمانی امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپؑ نے پوچھا تو ہی طاؤس ہے؟ اُس نے عرض کیا ہاں۔ فرمایا طاؤس ایک شوم جانور ہے جس گروہ میں داخل ہوتا ہے اُن کو آوارہ کر دیتا ہے۔

تعبیر: جو شخص طاؤس کو خواب میں دیکھے بادشاہِ عجم سے ملاقات ہو یا مال کثیر ہاتھ آئے یا حسین عورت ملے۔

خواص: اس کی ہڈی جس کے پاس ہو اُس پر نظر بد کا اثر نہیں ہوتا۔

حکم: مور کا گوشت حرام ہے۔

ادبیات:

کسی شخص کے تنہائی میں مظاہرہ کمال پر کہتے ہیں جنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا۔
معشوق کی چال کو رفتار طاؤس سے تشبیہ دیتے ہیں۔

تیری رفتار کا انداز نہ پایا ہم نے — کبک و طاؤس نے بھی اپنا چلن دکھلایا

میر وحید کہتے ہیں۔

طاؤس گم تھے کبک نہاں تھے پہاڑ میں — دہشت سے پھول چھپتے تھے پتوں کی آڑ میں

ابن طاؤس:

شیعوں کے مشہور عالم رضی الدین ابوالقاسم علی بن موسیٰ بن جعفر بن محمد بن محمد طاؤس حسینی ہیں جو اپنے کمالات میں شیعی دنیا میں آفتاب سے زیادہ مشہور ہیں۔ لقب آپ کا ''شرف آل رسولؐ'' اور ''ابن طاؤس'' تھا۔ سلسلہ نسب میں ماں کی طرف سے فاطمی تھی اور چونکہ ائمہ کے دور سے قریب تھے اس لیے اپنی کتابوں کے خطبات میں بصد افتخار فرماتے تھے:

اشهد ان جدی محمد ﷺ اسبق اهل الاکوان والازمان.

میں گواہی دیتا ہوں کہ میرے جد محمد کائنات میں سے سابق تھے۔

حافظ رجب برسی نے مشارق الانوار میں ان کی شان میں لکھا ہے:

وهو من کبراء الشیعه وازهدهم وصاحب الاسم الاعظم.

وہ اکابر فرقہ شیعہ اور زاہد ترین مردم سے تھے اُن کو اسم اعظم معلوم تھا۔

۱۵ محرم ۵۸۹ھ میں پیدا ہوئے، تاریخ ولادت اس جملہ سے ظاہر ہے ''رضوان اللہ علیہ'' علمی و عملی کمالات دیکھ کر ہلاکو خان نے نقیب بغداد مقرر کیا، چار سال کے قریب یہ خدمت انجام دی اور پندرہ سال بغداد میں رہ کر حلہ کی طرف ہجرت فرمائی۔

پچھتر سال کی عمر تالیف و تصنیف میں صرف کی اور علمی خدمات میں ایسے ایسے شاہکار چھوڑے جو چراغ ہدایت بن کر روز قیامت تک ضو دیتے رہیں گے۔ احتیاط کا یہ عالم تھا کہ باوجود کثیر التصنیف ہونے کے فقہ میں قلم نہیں اُٹھایا، فتویٰ کی ذمہ داری سے اپنے تئیں بچایا۔ میں نے جو کتابیں علامہ موصوف کی تصانیف سے دیکھی ہیں وہ حسب ذیل ہیں:

۱):اقبال۔اس کتاب میں اعمال سال نہایت شرح وبسط سے درج فرمائے ہیں۔مجلسی علیہ الرحمہ کی زادالمعاد اور کفعمی علیہ الرحمہ کی مصباح کا ماخذ یہی مقدس صحیفہ ہے۔ایران میں طبع بھی ہو چکا ہے۔

۲):امان الاخطار۔احکام سفر اور مسافروں کے بارے میں جو دعائیں وارد ہوئی ہیں اُن کو نہایت محققانہ حیثیت سے مدون فرمایا ہے میرے علم میں یہ کتاب طبع نہیں ہوئی۔

۳):جمال الاسبوع۔ایام ہفتہ کے اعمال میں بہترین ذخیرہ ہے۔

۴):دروع واقیہ۔روز آنہ کے اعمال اس رسالہ میں درج فرمائے ہیں۔

۵):طرائف۔مناظرہ کی بہت عمدہ کتاب ہے جس کو ملا محمود کے نام سے جمع کیا ہے۔

۶):مج الدعوات ونہج الفسایات۔دعا کی مشہور کتاب ہے جو مختلف مطابع میں چھپی ہے۔

۷):لہوف۔واقعہ کربلا کا مختصر تبصرہ جو کئی بار چھپ چکا ہے۔

۸):مجتنی

دیگر تصانیف کے نام کتب رجال میں درج ہیں جن کے ذکر کی ضرورت نہیں۔علامہ موصوف نے ذیقعدہ ۶۶۴ محرم میں دوشنبہ کے دن انتقال فرمایا۔سال وفات "رحمۃ اللہ علیہ" کے فقرہ سے واضح ہے۔

تخت طاؤس:

یہ تخت شاہجہاں بادشاہ نے لاکھوں روپیہ کی دولت صرف کر کے بنایا تھا جس کو ۷رصفر 1151ہجری میں نادر شاہ ایران لے گیا۔کسی شاعر نے تاریخ کہی "غصب ہند"۔جمع اللغات

طبرانی

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
طبرانی			مچھلی

ایک قسم کی مچھلی ہے جس کا ذکر نہ تو فاضل دمیری نے کیا اور محقق طریحی نے۔جرجس حمام شویری کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ طبرؔیہ دریا کے کنارے ایک شہر واقع ہے اُس کی طرف منسوب ہونے والوں کو طبرانی کہتے ہیں، یہ شہر اُس قریہ کے علاوہ ہے جو واسط میں ہے اور جس کی طرف منسوب ہونے والوں کو طبری کہتے ہیں۔(معجم الطالب)

قوی احتمال ہے کہ یہ مچھلی ساحل طبریہ میں پائی جاتی ہوگی جس کی طرف معصومؑ نے اشارہ کیا ہے۔ اس مچھلی کا ذکر صحیحہ محمد بن اسماعیل میں ہے۔وہ ناقل ہے کہ میں نے امام رضاؑ کی خدمت میں لکھا کہ

ابلامی اور طبرانی اور طمر نامی مچھلیوں کے کھانے سے بعض شیعہ منع کرتے ہیں۔ آپؑ نے جواب میں تحریر فرمایا کہ:

كُلُّهَا لَا بَأْسَ بِهِ.

ان قسموں کو کھا سکتے ہو کوئی حرج نہیں ہے۔ (مسالک الافہام شرح شرائع اسلام)

تعبیر: اس مچھلی کو خواب میں دیکھے تو نادر الوجود چیزیں ہاتھ آئیں۔

حکم: حلال ہے۔

طمر

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
طمر			

مچھلی کی ایک قسم ہے جس کا نہ کتب حیوان میں ذکر ہے نہ کتب لغت سے پتہ چلتا ہے۔ وسائل شیعہ کی ایک حدیث میں اس کا پتہ ہے۔ سہل بن محمد طبری کہتا ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں تحریر اور دریافت کیا کہ وہ مچھلی جس کو ابلامی کہتے ہیں اور وہ جس کو طمر کہتے ہیں کھا سکتے ہیں لوگوں کا خیال ہے کہ ان دونوں کو نہ کھانا چاہئے۔ آپؑ نے فرمایا کہ کھانے میں کوئی حرج نہیں۔

تعبیر: اس کو خواب میں دیکھے تو کمیاب چیزیں دستیاب ہوں۔

حکم: حلال ہے۔

طموسا

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
طموسا			

ایک عظیم الشان مچھلی ہے جس کا ذکر ارباب قلم نے جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کے سلسلہ میں کیا ہے۔ علامہ مجلسی حیات القلوب جلد دوم میں رقم طراز ہیں کہ دعائی مچھلیوں میں سے ایک مچھلی طموسا نامی ہے جو تمام مچھلیوں کی سردار اور سب سے بڑی ہے، اس کی دم میں سات سو ہزار گوشہ

ہیں اور اس کی پشت پر اسی تعداد میں گائیں چرتی ہیں۔ ہر گائے اس دنیا سے بڑی ہے اور مچھلی کو خبر بھی نہیں ہوتی۔ یہ مچھلی جناب رسول خدا کی ولادت کو سن کر اس قدر خوش ہوئی کہ اگر حق تعالیٰ اس کو روکتا نہ تو زمین الٹ جاتی۔ (حیات القلوب، جلد دوم، ص ۴۰)

تعبیر: اس مچھلی کو خواب میں دیکھے تو عجائبات عالم دیکھنے کی توفیق ہو۔

حکم: واللہ یعلم

طیر

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
پردار جانور یا پکھیرو		پرندہ	طیر

عربی میں ہر اُڑنے والے جانور کو طیر کہتے ہیں اور جمع اس کی طیور ہے۔ قرآن مجید میں یہ لفظ کئی مقامات پر موجود ہے:

اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَاءِ ۔ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ۔ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ. (النحل:۷۹)

کیا اُن لوگوں نے پرندوں کی طرف غور نہیں کیا جو آسمان کے نیچے ہوا میں گھرے ہوئے اُڑتے رہتے ہیں اُن کو تو بس خدا ہی گرنے سے روکتا ہے بیشک اس میں بھی قدرت کی ایمان داروں کے لیے نشانیاں ہیں۔

سورۂ نمل میں ہے:

وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ. (النمل:۱۷)

اور سلیمان کے سامنے اُن کے لشکر جنات اور آدمی اور پرند سب جمع کیے جاتے تھے۔

اس لشکر کی تعداد کسی کو معلوم نہیں مگر ایک روایت میں ہے کہ یہ لشکر سو کوس تک پھیلا ہوا تھا۔ پچیس کوس میں آدمی، پچیس کوس میں جن، پچیس کوس میں چوپائے، پچیس کوس میں پرند ہوتے تھے۔

سورۂ نور میں ہے:

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ۔ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ۔ (النور:۴۱)

کیا تو نے اتنا بھی نہیں دیکھا کہ جتنی مخلوق سارے آسمان و زمین میں ہیں اور پرندے پر پھیلائے اُس کی تسبیح کیا کرتے ہیں سب کے سب اپنی نماز اور تسبیح کا طریقہ خوب جانتے ہیں۔

سورۂ واقعہ میں ہے:

وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ ○ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ○ (الواقعة: ۲۱،۲۰)

اور جس قسم کے میوے پسند کریں اور جس قسم کے پرند کا گوشت ان کا جی چاہے۔

دعا میں ہے:

سُبْحَانَ مَنْ يَرَى وَقْعَ الطَّيْرِ فِي الْهَوَاءِ۔

پاک و منزہ ہے وہ خدا جو پرندوں کے فضاء سے اُترنے کو دیکھتا ہے۔

طاقتِ پرواز کا معیار خدا نے مختلف رکھا ہے بعض پرندوں کو جثہ کے لحاظ سے قوت پرواز دی۔ حشرات الارض مچھر مکھی کی قوت پرواز گھروں میں ایک جگہ سے دوسری جگہ تک محدود رہتی ہے یا بوٹ، پروانے، بھنبیری، بھنگا، دھن کٹی، جگنو میں بھی کم و بیش اسی قدر پرواز ہے۔ شہد کی مکھی اور ٹڈی بیشک اپنے ہم جنس پرندوں میں سب سے اونچی اُڑتی ہے ورنہ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ چھوٹی چڑیوں سے بڑی چڑیاں زیادہ اونچی اُڑتی ہیں۔ لال، چڑکوا، شاما، کبوتر، مارگوہ نسبتاً ایک دوسرے سے زیادہ طاقتور مانا گیا ہے۔ کبوتر سب چھوٹی چڑیوں میں اونچا اُڑتا ہے اور بسا اوقات نظروں سے غائب ہو جاتا ہے لیکن پرندوں میں گدھ سے زیادہ بلند پرواز کوئی جانور نہیں ہے لیکن بعض جانور ایسے ہیں جو اپنے جثہ کی وجہ سے سست ہیں اور اُڑ نہیں سکتے۔ یہاں ہمارا کلیہ باطل ہو جاتا ہے۔ سارس، قس، حواصل، انیفور، جانگل زیادہ بلند اُڑ نہیں سکتے، معلوم ہوتا ہے کہ صانع عالم کو صرف اپنا اقتدار دکھانا ہے کہ جس کو جو شرف چاہا دیا۔

یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ ماہرین علم حیوان نے پرندوں کو تمام جانوروں سے سبک مانا ہے اگر پرندے غیر معمولی طور پر ہلکے نہ ہوتے تو ہوا ایسی لطیف فضاء میں اُڑنا ممکن نہ تھا چونکہ قدرت کو یہ منظور تھا کہ پرندے دوسرے جانوروں سے ممتاز رہیں اس لیے دیئے گئے ہر عضو کو سبک بنایا۔ کان، دانت، مثانہ، سینگ کی جگہ جو عضو پرندوں کے لیے منتخب ہوئے وہ ہلکے، اس کے علاوہ جس جانورو کے پاؤں لانبے بنائے اُس کی گردن بھی طویل خلق کی اور جس کو کوتاہ گردن بنایا اُس کے پاؤں بھی چھوٹے رکھے تاکہ زمین پر چگنے میں دشواری نہ ہو۔

اگر غور کیا جاتا ہے تو چڑیوں میں پانچ قسم کی چڑیاں ہیں۔ مختلف الالوان جیسے مور، سرخاب وغیرہ

دوسری چھوٹی چڑیاں مثلاً لال، سینہ بند، چرکوا، قرنول، شکر خورہ، پھنگی وغیرہ، تیسرے نغمہ سرا جیسے طوطی، بلبل، پوئی، پپیہا وغیرہ، چوتھے کثیر النسل جیسے کبوتر، چڑیاں، مرغ وغیرہ، پانچویں تاجدار جیسے ہما، ہدہد، مرغ، قنبرہ، گلدم، کاکاتوا۔

""مرغیست کہ استخوان می خرد و بر سر ہر کہ سایہ افتد بدولت وسلطنت۔ (رسوم ۱۴)

میر انیس فرماتے ہیں۔

جب رن میں تیغ ابن شہ دو جہاں چلی　　　مثل ہما چباتی ہوئی استخواں چلی

یا پھر وہ چڑیاں ہیں جو اپنی خصوصیات میں نادر ہیں چنانچہ ایک جانور پالونہ ہے جو ہمیشہ اُڑا کرتا ہے، ہوا اس کی خوراک ہے، اس کو باد خورک بھی کہتے ہیں۔۔ اگر بیٹھتا ہے تو پھر اُٹھ نہیں سکتا۔

(جامع اللغات)

طائروں کی خوش الحانی کا راز جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہما السلام نے فرمایا ہے:

ثُمَّ عَرَضَهَا عَلَى الطَّيْرِ فَمَا قَبِلَهَا صَارَ فَصِيحاً مُصَوِّتاً وَ مَا أَنْكَرَهَا صَارَ أَخْرَسَ مِثْلَ الْأَلْكَن. (اقبال ابن طاؤس)

پھر خدا نے ولایت اہل بیت کو پرندوں پر پیش کیا جس نے قبول کیا وہ خوش آواز اور فصیح ہوا اور جس نے انکار کیا وہ مثل گونگے کے خاموش رہا۔ (اقبال ابن طاؤس)

حدیث میں ہے کہ پرندوں کو خداوند عالم نے بدھ کے دن خلق فرمایا۔ طائروں میں ہر قسم کی بولی ایک دوسرے سے جداگانہ ہے۔ دعائے عرفات میں واسطہ دلایا ہے اس کثرت کا (بِلُغَاتِ الطَّيْرِ) واسطہ پرندوں کی بولیوں کا۔ احادیث میں طیر کا لفظ بکثرت آیا ہے۔

انس بن مالک کہتے ہیں کہ میں پیغمبر خدا کے دروازہ پر پہرا دے رہا تھا کہ ایک شخص طبق لے کر آیا اور اندر آنے کی اجازت چاہی، اجازت دی، اُس نے وہ طبق پیغمبر خدا کے روبرو رکھ دیا، دیکھا تو اُس میں ایک بھنا ہوا پرند تھا۔ حاضر ہونے والے نے عرض کیا کہ میں چاہتا ہوں آپؐ اسے نوش فرمائیں۔ حضور اکرمؐ نے فرمایا کہ کپڑا اُڑھا دے، یہ فرما کر دونوں ہاتھ بلند کیے اور کہا بار الہا جن کو تو سب سے زیادہ دوست رکھتا ہے میرے پاس بھیج دے تا کہ وہ اس کھانے میں شریک ہو۔ انس کہتا ہے کہ میں نے جب یہ دعا سنی تو کہا کہ خدایا اس دعا کے موقع پر انصار میں سے کسی کو بھیج۔ میں اس خیال میں تھا کہ علیؑ دروازہ پر آئے، میں نے روک دیا، وہ واپس گئے، میں داہنے اور بائیں انصار کو دیکھ رہا تھا جب کوئی نہ آیا تو پھر مجھے علیؑ ہی آتے ہوئے دکھائی دیئے، پوچھا اب اجازت ہے، میں نے کہا نہیں، وہ

پھر واپس گئے اور میں تجسسانہ نظروں سے انصار کو ڈھونڈھ رہا تھا۔ پھر حضرت علیؑ آئے اور طالب اذن ہوئے۔ اُدھر پیغمبرؐ نے اندر سے صدا دی کہ علیؑ کو آنے دے، غرض حضرت علیؑ پیغمبرؐ کے ساتھ اُس طائر کے کھانے میں شریک ہوئے۔ یہ حدیث متواترات سے ہے۔

جناب سرور کائنات ﷺ کی خصائص نبوت سے ہے کہ: لَا يَطِيرُ الطَّيْرُ فَوْقَهُ.

آپؐ کے سر پر سے کوئی پرندہ کبھی پرواز کر کے گذر نہیں سکتا تھا۔ (مناقب آلِ ابی طالبؑ)

یہ شرف جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام کو رب العزت نے بعد شہادت دیا کہ روضہ اقدس پر سے کوئی پرندہ اُڑ نہیں سکتا۔ ارباب تاریخ نے بھی اس خصوصیت کا اعتراف کیا ہے۔

''منجملہ خوارق عادات علی بن ابی طالبؑ آنست کہ الآن مرغے (طائرے) از بالائے قبہ نمی پرد الا از جنب قبہ از ھیبت شیر خدا۔

(فوائح القدس، ص ۳۱۷)

امام کی خصوصیات میں ہے کہ وہ تمام پرندوں کی بولیاں سمجھتا ہو چنانچہ بصائر الدرجات میں ایک مستقل باب اس بات کے ثبوت میں موجود ہے۔ اوصاف ملائکہ میں ہے کہ خدا نے ایسے فرشتے پیدا کیے ہیں جن کی کان کی لو سے اور آنکھ تک اگر کوئی پرندہ پہنچنے کی کوشش کرے تو پانچ سو برس میں راہ طے ہو۔ (موج کوثری)

حدیث میں ہے:

مَا مِنْ طَيْرٍ يُصَادُ فِي بَرٍّ وَلَا بَحْرٍ وَلَا يُصَادُ شَيْءٌ مِنَ الْوُحُوشِ إِلَّا بِتَضْيِيعِهِ التَّسْبِيحَ.

کوئی پرندہ شکار نہیں ہوتا خشکی میں نہ تری میں اور نہ کوئی درندہ کبھی گرفتار ہو جاتا ہے مگر اس وقت جب وہ اپنی تسبیح کو فراموش کر جاتا ہے۔ (تفسیر صافی)

طرق اہلسنت سے بھی تقریباً اس مضمون کی حدیثیں وارد ہوئی ہیں۔

ایک دن جناب رسالت مآب ﷺ تشریف فرما تھے ناگاہ ایک طائر آیا اور آنحضرتؐ کی پشت دست پر آ کر بیٹھا اور کہا السلام علیک یا رسول اللہ پھر امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ کے ہاتھ پر بیٹھا اور کہا السلام علیک یا خلیفۃ اللہ۔ پیغمبر خداؐ نے حاضرین میں ایک دوسرے شخص کا نام لے کر طائر سے پوچھا کہ اُن کے ہاتھ پر کیوں نہ بیٹھا۔ وہ پرندہ قدرت خدا سے گویا ہوا اور عرض کیا کہ اے پیغمبر خدا میں اُس زمین پر قدم نہیں رکھ سکتا جس پر معصیت خدا ہوئی ہو۔ (جلاء العیون، ص ۳۷)

مطلب یہ تھا کہ پرندہ ارباب عصمت کے لیے مسخر ہیں ہر کرومہ کو اُن پر حکومت کا حق نہیں۔

جو لوگ کربلائے معلیٰ کی زیارت سے مشرف ہو چکے ہیں اُنھوں نے نواح مسیب کی آبادی میں اکثر باغات میں وہ پرندے دیکھے ہیں جو "واحسین کشتہ شد" کا نوحہ پڑھتے ہیں جس کو سن کر کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ (اعجاز حسینی، ص ۴)

اسحاق بن عمار کہتا ہے کہ میں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک شخص داخل ہوا:

فَكَلَّمَهُ بِكَلَامٍ يُشْبِهُ كَلَامَ الطَّيْرِ.

اور اس طرح باتیں شروع کیں جیسے چڑیاں باتیں کرتی ہیں۔ آپؑ نے بھی اُسی لب ولہجہ میں جواب دیا۔ وہ نووارد جب چلا گیا تو میں نے پوچھا کہ اے میرے سردار میں نے تو کبھی ایسی بولی نہیں سنی تھی۔ فرمایا یہ اہل چین کی زبان تھی، وہاں کے سب لوگ اسی طرح بولتے ہیں۔ اسحاق کو تعجب ہوا فرمایا اس سے زیادہ عجیب بات یہ ہے کہ امام تمام چڑیوں کی بولی سمجھتا ہے اور ہر ذی روح کی زبان سے واقف ہے۔ امام پر کوئی چیز چھپی نہیں رہتی۔ (مشارق الانوار)

دوسری حدیث میں اسحاق بن عمارہ کی زبانی وارد ہوا ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ مرنے والا اپنے گھر والوں کو دیکھنے کے لیے آتا ہے۔ فرمایا ہاں۔ پوچھا کتنی مدت کے بعد، کہا ایک ہفتہ یا ایک مہینہ یا ایک سال بقدر اپنے مرتبہ کے ایک مرتبہ اُس کی روح آتی ہے۔ میں نے عرض کیا کس صورت میں، فرمایا ایک لطیف طائر کی شکل میں روح اپنے اعزا و اقربا کی دیوار پر آ کر بیٹھتی ہے اور اُنھیں دیکھتی ہے اگر خیر و خوبی میں دیکھتی ہے تو شاد ہوتی ہے اور اگر امور بد میں اور پریشان دیکھتی ہے تو محزون و مغموم ہوتی ہے۔ (مسکن القلوب عند فقد المحبوب)

امام عصر حضرت حجتؑ کی خلافت اس قدر مکمل خلافت ہوگی کہ حدیث میں ہے:

يَرْضَى بِخِلَافَتِهِ الطَّيْرُ فِي الْجَوِّ.

ان کی خلافت سے فضاء میں اُڑنے والی چڑیاں بھی راضی ہوں گی۔ (صواعق المحرقہ، ابن حجر)

حدیث میں ایک موقع پر مومن کو طیر سے تشبیہ دی ہے اور فرمایا ہے:

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُ كَالطَّائِرِ وَلَهُ جَنَاحَانِ الرَّجَاءِ وَالْخَوْفِ.

مومن مثل پرندے کے ہے، اُس کے دو پر ہیں، رجاء اور خوف (عدۃ الداعی)

اس حدیث کے معنی یہ ہیں کہ جس طرح پرندا اپنے بازؤں کے بغیر پرواز نہیں کر سکتا اسی طرح مومن کا سفر دار قضا خوف و رجاء کے بغیر ممکن نہیں۔

دعائے طائر رومی:

ابن طاؤس علیہ الرحمہ کتاب مجتنیٰ میں کمیل بن مسعود زاہد طرسوی کی زبانی تحریر فرماتے ہیں کہ ایک شخص ملک اٹلی میں ۳۰ سال سے قید تھا اور زندان کے شدائد جھیلتے ہوئے مدت گذر چکی تھی، اُس نے منت مانی کہ اگر قید سے رہا ہوا تو پیادہ حج کروں گا۔ شب کو عالم رویا میں دیکھا کہ ایک سفید طائر قید خانہ کی دیوار پر بیٹھا ہوا بزبان فصیح یہ دعا پڑھ رہا ہے، اس نے دعا خواب میں حفظ کر لی اور بیدار ہو کر تین دن پیہم اس دعا کو پڑھا، خدا نے ایک فرشتہ کو بھیجا جس نے اُس کو قید خانہ سے نکال کر گھر پہنچا دیا۔

دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ يَا مَنْ لَا تَرَاهُ الْعُيُونُ وَ لَا تُخَالِطُهُ الظُّنُونُ وَ لَا تَصِفُهُ الْوَاصِفُونَ وَ لَا تُغَيِّرُهُ الْحَوَادِثُ وَ لَا تَغْشٰى عَلَيْهِ الدُّهُورُ وَ اَنْتَ تَعْلَمُ مَثَاقِيلَ الْجِبَالِ وَ مَكَائِيلَ الْبِحَارِ وَ عَدَدَ قَطَرَاتِ الْاَمْطَارِ وَ عَدَدَ وَرَقِ الْاَشْجَارِ وَ مَا اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَ مَا اَشْرَقَ عَلَيْهِ النَّهَارُ وَ لَا يُوَارِي عَنْكَ سَمَاءٌ سَمَاءً وَ لَا اَرْضٌ اَرْضاً وَ لَا جِبَالٌ مَا فِي وُعُورِهَا وَ لَا بِحَارٌ مَا فِي قُعُورِهَا اَنْتَ الَّذِي سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَ نُورُ النَّهَارِ وَ شُعَاعُ الشَّمْسِ وَ ضَوْءُ الْقَمَرِ وَ دَوِيُّ الْمَاءِ وَ حَفِيفُ الشَّجَرِ اَنْتَ الَّذِي نَجَّيْتَ نُوحاً مِنَ الْغَرَقِ وَ عَفَوْتَ عَنْ دَاوُدَ ذَنْبَهُ وَ كَشَفْتَ عَنْ اَيُّوبَ ضُرَّهُ وَ نَفَّسْتَ عَنْ يُونُسَ كُرْبَتَهُ فِي بَطْنِ الْحُوتِ وَ رَدَدْتَ مُوسٰى مِنَ الْبَحْرِ عَلٰى اُمِّهِ وَ صَرَفْتَ عَنْ يُوسُفَ السُّوْءَ وَ الْفَحْشَاءَ وَ اَنْتَ الَّذِي فَلَقْتَ الْبَحْرَ لِبَنِي اِسْرَائِيلَ حِيْنَ ضَرَبَهُ مُوسٰى بِعَصَاهُ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيمِ حَتّٰى مَشٰى عَلَيْهِ وَ شِيعَتُهُ وَ اَنْتَ الَّذِي صَرَفْتَ قُلُوبَ سَحَرَةِ فِرْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ بِنُبُوَّةِ مُوسٰى حَتّٰى قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ رَبِّ مُوسٰى وَ هَارُونَ وَ اَنْتَ الَّذِي جَعَلْتَ النَّارَ بَرْداً وَ سَلَاماً عَلٰى اِبْرَاهِيمَ وَ اَرَادُوا بِهِ كَيْداً فَجَعَلْنَاهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ يَا شَفِيقُ يَا رَفِيقُ يَا جَارِيَ اللَّزِيقَ يَا رُكْنِيَ الْوَثِيقَ يَا مَوْلَايَ بِالتَّحْقِيقِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ خَلِّصْنِي مِنْ كَرْبِ الْمَضِيقِ وَ لَا تُحَمِّلْنِي اُعَالِجُ مَا لَا اُطِيقُ اَنْتَ مُنْقِذُ الْغَرْقٰى وَ مُنْجِي الْهَلْكٰى وَ جَلِيسُ كُلِّ غَرِيبٍ وَ اَنِيسُ كُلِّ وَحِيدٍ وَ مُغِيثُ كُلِّ مُسْتَغِيثٍ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ فَرِّجْ عَنِّي السَّاعَةَ السَّاعَةَ فَلَا صَبْرَ لِي عَلٰى حِلْمِكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ لَيْسَ كَمِثْلِكَ شَيْءٌ وَ اَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا

قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

سپہر کاشانی نے بحار الانوار اور عوالم کے حوالہ سے لکھا ہے کہ جب نعش امام مظلوم بے گور وکفن ارض کربلاء پر تھی تو ایک سفید طائر فضاء سے اُترا اور اپنے بال و پر کو اُن حضرت کے خون میں رنگین کیا اور پرواز کر کے ایک درخت کے سایہ میں کچھ پرندوں کو دیکھ کر صدا دی کہ تم طلب دنیا میں مصروف ہو اور حسینؑ ذبح کیے ہوئے پڑے ہیں، وہ پرند بھی جسد بے سر پر پہنچ کر اغشتہ بخون ہوئے۔

وَطَارَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ اِلٰى نَاحِيَةٍ يُعْلِمُ اَهْلَهَا عَنْ قَتْلِ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنِ۔

اور اُن میں ہر پرند جسم مبارک کے خون سے اغشتہ ہو کر ایک ایک سمت روانہ ہوا تا کہ خبر شہادت نشر ہو۔ (ناسخ التواریخ، ص ۳۹۹)

دختر یہودی کو صحت بھی اسی سلسلہ کے ایک پرند کے خون سے ہوئی۔ جو واقعہ مشہور اور تاریخ مذکور اور دوسرے مقاتل میں موجود ہے۔ پانچ سو یہودی اس مشاہدہ پر ایمان لائے۔

شہادت حسینؑ کے دلدوز موقع پر اضطراب عالم کا بقول میر وحید یہ نقشہ تھا۔

چلائے وحش و طیر کہ جاں دار ہم بھی ہیں　　حضرت پہ صدقے ہونے کو تیار ہم بھی ہیں

اردو کلام میں لفظ طائر بھی ہے۔ اذان صبح کے اثر پر انس کہتے ہیں۔

گلہائے بوستاں ہمہ تن گوش ہو گئے　　طائر جو چہچہاتے تھے خاموش ہو گئے

تعبیر:

شیخ الرئیس کہتا ہے کہ اگر کوئی خواب میں دیکھے کہ اُس کے پر لگ گئے ہیں تو اُس کی ترقی ہوگی۔ اگر پرواز کرتے دیکھے تو سفر درپیش ہوگا۔ اگر اس طرح اُڑتے دیکھے کہ سر آسمان کی طرف اور پاؤں زمین کی سمت تو کسی اچھائی سے سرفراز ہوگا اور جتنا زمین سے دور آسمان سے قریب دیکھے گا اُسی قدر درجہ بلند ہوگا۔ اور اگر مسافر یہ خواب دیکھے تو گھر کی طرف پلٹے گا۔ اور اگر غلام دیکھے تو بھاگ جائے گا۔ اور قیدی دیکھے تو اسیری سے نجات ملے گی۔

حکم: جن پرندوں کا اپنے محل پر ذکر آچکا ہے اُن کے علاوہ ہندوستانی چڑیوں میں مندرجہ ذیل پرند حلال ہیں۔

ھریل، چھا، چلیز، لڈور، گز پاؤں (مؤلف): زین المتقین نے ان کی حلت کی صراحت کی ہے اور ضیا تکوری، ابلقہ، تراحیو، کنورا، درتیا، پیلک جو مینا کی قسمیں ہیں سب حلال ہے اور حسب ذیل چڑیوں کے بارے میں کسی فقیہ کا قول نظر سے نہیں گذرا اگر علامات حلیت ہوں تو حلال ہیں ورنہ حرام۔

مٹری، ڈھیڑ، ترمتی[1]، نیوری، سرگوٹی، شامہ، پپیہ[2]، شکرخورہ، پھکی، غوغائی، پوٹی[3]، بڑھئی، قرنول، رام گوریا، دھنواس[4]، لال، چرکوا، سینہ بند، روکیل، وڑی، چرچرا، ابابلی، پترچرتا، گندم، کستوری، دیالہ، تھرتھر کمپا، گرچوندیا، حسینی پردا، رٹیل، نورنگ، دھان چوری، ٹیٹری، ھنسرا، دھوبن[5]، دھک، پولوھا، برسری، نکری، ٹنگھر، موخرالذکر ۲۱ چڑیاں قیصر باغ کے عجائب خانہ میں موجود ہیں۔

نوٹ:

ہر چڑیا کا خواہ وہ حلال ہو یا حرام، فضلہ پاک ہے جیسا کہ خفاش کی لغت میں گذرا۔ علامہ اصفہانی ذخیرۃ العالمین میں تحریر فرماتے ہیں۔

لا باس بمضیغ الطعام بعض ولا زق الطائر ولا ذوق المرق ولا غیرھا مما لا تعدی الی الحلق

بچے کے لیے نوالہ چبانے اور پرندہ کو بھرانے اور نمک چکھنے میں کوئی حرج نہیں جب تک کہ غذا کا اثر حلق تک نہ پہنچے۔

ادبیات:

۱): عرب خاموش مجمع کو دیکھ کر کہتے ہیں۔ کَاَنَّ عَلٰی رُؤُسِہِمُ الطَّیْرُ. گویا اُن کے سروں پر پرندہ بیٹھا ہوا ہے۔ جس کے اُڑ جانے کے ڈر میں سر نہیں اُٹھاتے۔ فاضل سماوی اس کے بارے میں لکھتے ہیں:

ھذا المثل یضرب فی السکون من التحیر فان الطیر لا یقع الا علی ساکن

یہ ضرب المثل حیرت زدہ مجمع کے سکون کے موقع پر زبانوں پر جاری ہے اس لیے کہ پرندہ ہمیشہ غیر متحرک چیزوں پر بیٹھتا ہے۔

۲): پرندہ پر نہیں مار سکتا: اُس موقع پر کہتے ہیں جہاں کسی سرکار کا ہیبت یا سطوت دکھانا ہوتی ہے۔

۳): بے پر کی: غیر صحیح باتوں کو کہتے ہیں جن کی صداقت میں کلام ہو۔

۴): پر کٹی: اُس ادنے درجہ کی عورت کو کہتے ہیں جس سے مرد تعلق کرلے اور اُس کے باعصمت

۱: ترمتی ایک قسم کا شکاری جانور ہے جو ابابیل اور چھوٹی چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔ عزیز اللغات

۲: وہ کوکل غضب سے بجاتی ہوئی پپیہوں سے تانیں لڑاتی ہوئی :بینظیر

۳: عربی میں اس کو واق کہتے ہیں اس کے سر و گردن کے پر شل کاکل کے ہوتے ہیں، لکھنؤ میں یہ چڑیا مشہور ہے۔

۴: حرام ہے۔

۵: اکثر لوگ کھاتے ہیں ضعف اعصاب میں اس کا گوشت مفید ہے۔

رہنے کا یقین نہ ہو یہ نام اس لیے رکھا گیا کہ جس طرح پرند پر نکلنے کے بعد اُڑ جاتا ہے اسی طرح اس قسم کی عورتیں موقع پانے پر بھاگ جاتی ہیں۔

۵): وہ اُڑتی چڑیا پہچانتا ہے: ہوشیار انسان کے ذکر میں کہتے ہیں۔

۶): چڑیاں اور پرندے بیچنے والے کو اردو میں چڑی مار کہتے ہیں۔ یہ پیشہ بہت ذلیل سمجھا جاتا ہے۔

۷): پر پرزے سے درست ہونا: اس وقت کہتے ہیں جب ساز و سامان درست ہو جائے۔

۸): نشوو ارتقا کے وقت کہتے ہیں کہ پر لگ گئے۔

کہیں پروانہ بن کر اُڑ نہ جائے کہ مرغ دل کو اب پر لگ گئے ہیں

۹): جہاں کسی کا گذر نہ ہو وہاں کہتے ہیں پر جلتے ہیں۔

یہاں ہوگا انسان کا کیسے گذر پرندوں کے اس جا پہ جلتے ہیں پر

۱۰): تم نے اُڑائیں ہم نے بھوں بھوں کر کھائیں۔ اس مقولہ کے معنی مؤلف جامع اللغات نے لکھتے ہیں: تم نے اپنا مال برباد کیا ہم نے کھایا۔

آسٹریلیا میں ایک قسم کی چڑیا ہوتی ہے جو چوہے اور سانپ کے مار ڈالنے کے لیے مشہور ہے۔ اس کی بولی انسان کے ہنسنے کی آواز سے مشابہ ہے۔

طیہوج

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
طیہوج	تیہو		

سبز رنگ کا ایک پرندہ ہے جس کے پاؤں اور گردن لانبی، پوٹہ اور سینہ سفید ہوتا ہے۔ دمیری کی تحقیق ہے کہ مثل تیتر کے ایک پرندہ ہے جس کی چونچ، گردن، پاؤں لال اور بازوؤں کے نیچے کا حصہ سفید و سیاہ ہوتا ہے۔ صاحب غیاث اللغات کی تحقیق ہے کہ اس کو اردو میں لوا کہتے ہیں لیکن ان کو خود اپنی اس تحقیق پر اعتماد نہیں ہے جیسا کہ الفاظ سے ظاہر ہے۔ تحقیق یہ ہے کہ یہ پرندہ بقول مؤلف سراج اللغات ہندوستان میں نہیں ہوتا عرب کے مخصوص جانوروں میں ہے۔ میر انیس کہتے ہیں۔

وہ نور اور وہ دشت سہانا سا وہ فضا دراج و کبک و تیہو و طاؤس کی صدا

ہندوستان میں گز پاؤں اس سے مشابہ ایک پرندہ ہے جس کو گز بھی کہتے ہیں اس کے پاؤں لانبے اور گوشت بساندھا ہوتا ہے۔ یہ حلال ہے۔

تعبیر: تیہو کو خواب میں دیکھے تو عرب کا سفر درپیش ہو۔

خواص: اس کا گوشت مقوی باہ ہے، انسان کو فربہ کرتا ہے۔

حکم: گوشت اس کا حلال ہے۔

(ظ)

ظبی

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ظبی	آہو	Deer	ہرن

ہرن تیز فہم اور بہت تیز دوڑنے والے جانوروں میں ہے۔ عرب صبح کو اس کی طرف نظر کرنا نیک شگون سمجھتے ہیں۔ ہرن جس وقت اپنے گھر میں جانا چاہتا ہے تو داہنے بائیں دیکھ کر قدم رکھتا ہے اس خیال میں کہ کوئی شکاری دیکھتا نہ ہو۔ ہرن اپنے بچوں کو بہت چاہتا ہے۔ یہ کھاری پانی بھی پیتا ہے اور تلخی ناگوار نہیں ہوتی۔ مشک ہرن ہی کی ناف میں پیدا ہوتی ہے مگر ہر ایک ہرن سے مشک نہیں نکلتی، جس ہرن سے مشک کی پیداوار ہے اس کے دو دانت ٹیڑھے منہ کے باہر ہوتے ہیں۔ ایسے ہرن چین، تبت، تتار میں پائے جاتے ہیں۔ غالب کہتے ہیں۔

جس جا نسیم شانہ کش زلف یار ہے   نافہ دماغ آہوئے دشت تتار ہے

یہ ہرن عموماً خوشبودار گھانس چرتے ہیں۔ عمدہ مشک وہ ہے جو خود بخود نافہ سے باہر گرے۔ عرب ہرن کو پکارتے وقت ماء کہتے ہیں۔ جب تک کاغذ ایجاد نہ ہوا تھا یا کاغذ کا رواج کم تھا اُس وقت لوگ ہرن کی کھال پر لکھتے تھے چنانچہ جدید مصر کے کتب خانہ میں ایک قرآن مجید خط کوفی پوست آہو پر ہے جس کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ بعض دعائیں اور تعویذات بھی پوست آہو پر لکھے جاتے ہیں۔ ہمارے سابقہ بیان سے معلوم ہوا کہ مسافر کے سامنے ہرن کا آنا بدشگونی ہے۔ ہرن زیادہ تر سبزازار میں رہتے ہیں۔ انیسؔ۔

طائر ہوا میں مست ہرن سبزہ زار میں   جنگل کے شیر گونج رہے تھے کچھار میں

سبحۃ المرجان میں ہے کہ جب حضرت آدمؑ زمین پر آئے تھے تو صحرا کے درندے اُن پر سلام

کرنے کے لیے سمٹ آئے، آپ نے ہر جانور کو اُس کے مناسب حال دُعا دی۔ جب ہرن کا غول آیا تو آپ نے اُن کے لیے بھی دُعا کی اور اُن کی پشت پر ہاتھ پھیرا جس کی برکت سے خدا نے نافہ مشک پیدا کیا، جب یہ گروہ پلٹ کر گیا اور دوسرے گروہ نے پوچھا کہ یہ خوشبو کیسی ہے تو کہا کہ ہم نے صفی خدا حضرت آدمؑ کی زیارت کی تھی اُنھوں نے ہمارے لیے دُعا کی اور ہم پر ہاتھ پھیرا (اس اشتیاق میں) ہرن کا دوسرا غول آیا اور آپ نے اُس کے لیے بھی دُعا کی اور ہاتھ پھیرا لیکن وہ بات نہ ہوئی، اُس وقت اُن ہرنوں نے کہا کہ تمہارا عمل خالص نہ تھا اپنے بھائیوں پر حسد کیا تھا اس لیے اثر سلب ہو گیا۔ فاضل دمیری نے بھی اس واقعہ کو لکھا ہے حضرت آدمؑ کے پاس جانوران صحرا اُس وقت بھی آئے جب آپ فراق جنت میں اشکبار تھے اس مقام کو نقی صاحب طاب ثراہ نے خوب نظم کیا ہے۔

بعدہ از جانب رب غفور حکم آمد ہر وحوش و ہر طیور
تا ----- آدم کنند تا عزا پرسی در ان ماتم کنند

جوق جوق از آہو و شیر و پلنگ
از گوزن و ماہی و مرغ و نہنگ

ایک مرتبہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں کسی شخص نے بچہ آہو پیش کیا، امام حسنؑ سامنے تھے آپؐ نے بڑے نواسہ کو وہ بچہ عطا کر دیا، جب امام حسینؑ کی نظر بچہ آہو پر پڑی، پوچھا بھائی یہ بچہ کیوں کر ملا، کہا نانا نے عطا کیا ہے، امام حسینؑ مسجد میں آئے اور حضور اکرمؐ سے بچہ آہو کا سوال کیا، پیغمبرؐ متحیر تھے کہ کیا جواب دوں اور نبی خداؐ کی خاموشی سے حسینؑ قریب تھا کہ رو دیں، دفعۃً بیرون مسجد ایک شور بلند ہوا اور تھوڑی دیر کے بعد دیکھا کہ ہرنی بچہ لیے ہوئے چلی آتی ہے اس طرح کے پیچھے پیچھے ایک گرگ صحرائی ہے، ہرنی نے قریب حضرتؐ کے پہنچ کر عرض کیا کہ اے نبی خداؐ میرے دو بچے تھے، ایک بچہ کو صیاد نے شکار کیا جو آپ کے بڑے نواسہ کے پاس ہے، ایک بچہ باقی تھا اور میں صحرا میں تھی کہ غیب سے صدا آئی، اے ہرنی اپنے بچہ کو جلد پیغمبرؐ کے پاس پہنچا، حسینؑ نانا سے ضد کر رہے ہیں، حسینؑ کے آنسو نکلنے سے پہلے مسجد تک پہنچنا، فرشتوں نے اپنی عبادتیں ترک کر دی ہیں۔ میں روانہ ہوئی، خدا نے مجھ پر اس بھیڑ کو مسلط کیا ہے کہ اگر آپؐ کے پاس نہ آؤں تو مجھ کو تمام کر دے، خدا نے میرے لیے طی ارض کر دیا اور خدا کا شکر کہ حسینؑ کے آنسو نکلنے سے پہلے میں حاضر ہو گئی، یہ بچہ حاضر ہے حسینؑ کو دے دیجیے۔ پیغمبر خدا کا یہ اعجاز اور حسینؑ ابن علیؑ کی بارگاہ احمدیت میں عظمت ایک مشہور واقعہ ہے جس کو سنی شیعہ سب نے روایت کیا ہے۔

جناب امیر المومنین صفین سے واپس ہو رہے تھے زمین کربلا پر پہنچے اور مستقبل قریب کے زلزلہ افگن واقعات یاد کر کے شہادت حسینؑ کی خبر دی اور ابن عباس سے کہا کہ اُٹھ کر ہرن کی مینگنیاں تلاش کرو خدا کی قسم نہ میں جھوٹا ہوں اور نہ انھوں نے جھوٹ کہا ہے وہ زرد رنگ کی زعفرانی ہیں۔ ابن عباس نے چاروں طرف تلاش کر کے ایک جگہ مینگنیاں پائیں، پکار کر کہا اے امیر المومنینؑ جو پہچان آپؑ نے بتائی تھی ویسی مینگنیاں مجھے مل گئیں، فرمایا خدا اور اُس کے رسولؐ نے سچ کہا ہے یہ فرما کر دوڑتے ہوئے گئے اور سونگھ کر فرمایا ہاں ہاں یہ وہی ہیں، ابن عباسؓ جانتے ہو کہ یہ مینگنیاں کیسی ہیں ان کو حضرت عیسٰی علیہ السلام ابن مریمؑ نے سونگھا تھا جب وہ حوارین کے ساتھ کربلا میں پہنچے تھے تو یہاں چند ہرن دیکھے وہ ہرن حضرت عیسٰی علیہ السلام کے پاس آئے، حضرت عیسٰی علیہ السلام نے حوارین کے ساتھ قیام کیا اور ایک شور گریہ برپا ہوا، ہرنوں کو معلوم نہ تھا کہ عیسٰیؑ کیوں رو رہے ہیں جب سبب پوچھا تو مسیحؑ نے فرمایا کہ یہ وہ زمین ہے جس پر پیغمبر زادہ قتل ہوگا یہاں اُس کی قبر بنائی جائے گی، ہرن اس زمین کی فضیلت سن کر یہاں چرتے تھے اور سمجھتے تھے کہ اس زمین پر امن وامان میں رہیں گے۔ حضرت عیسٰیؑ نے اُن ہرنوں کی مینگنی کے لیے دعا کی اور کہا:

اَللّٰهُمَّ فَأَبْقِهَا أَبَدًا حَتّٰى يَشَمَّهَا أَبُوْهُ فَيَكُوْنَ لَهُ عَزَاءً.

پالنے والے ان کو باقی رکھ یہاں تک کہ حسینؑ کے باپ ان کو استشمام کریں اور وہ ذریعہ تعزیت ہو۔

محمد بن نوفل عبدی کہتا ہے کہ میں امام حسینؑ کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک شخص ہرنی لایا۔ آپؑ نے فرمایا اس کے پیٹ میں دو بچے ہیں جس میں ایک مادہ ہے اور اُس کی پتلی کج دافع ہوئی ہے، لوگوں نے تصدیق کے لیے جوذبح کیا تو جو کچھ فرمایا تھا وہ ٹھیک اُترا۔

حمران بن اعین کہتے ہیں کہ میں امام زین العابدینؑ کی خدمت میں کھڑا تھا اور حضرت کے اصحاب بھی حاضر تھے کہ ایک ہرنی آئی اور سامنے فروتنی کرنے لگی، فرمایا کہ تم سمجھے کہ یہ کیا کہتی ہے، عرض کیا ہمیں نہیں معلوم، فرمایا یہ کہتی ہے کہ میرے بچہ کو ایک شخص نے شکار کیا ہے آپؑ سفارش کر دیجئے حضرت اُٹھے اور اصحاب بھی آپؑ کے ساتھ چلے، اُس شخص کے در پر آئے اور اُس سے فرمایا کہ ہرنی کا بچہ واپس کر دے وہ مرد دیں دار دوڑتا ہوا گھر میں آیا اور بچہ حاضر کر دیا، ہرنی بچہ لیے ہوئے چلی گئی، امامؑ نے فرمایا کہ تم جانتے ہو یہ اب کیا کہتی ہے، عرض کیا نہیں، فرمایا کہتی ہے:

رَدَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ كُلَّ حَقٍّ غُصِبْتُمْ عَلَيْهِ.

خدا آپ کے اُن حقوق کو آپ تک پہنچا دے جو دشمنوں نے غصب کر لیے ہیں۔

سلیمان بن خالد کہتا ہے کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک ہرن چیختا ہوا آبدیدہ حاضر ہوا۔ حضرتؑ نے جواب میں فرمایا کہ خدا چاہے تو میں تیرا کام کرتا ہوں یہ فرما کر اصحاب سے پوچھا کہ تم سمجھے یہ کیا کہتا ہے، عرض کیا خدا اور اُس کا رسولؐ اور فرزند رسولؐ ہم سے زیادہ جانتے ہیں، فرمایا یہ اس لیے آیا ہے کہ اس کی مادہ کو بعض اہل مدینہ نے شکار کرلیا ہے، اس کے دو بچے ہیں جو ابھی چرنے کے قابل نہیں ہیں یہ وعدہ کرتا ہے کہ جب وہ بڑے ہو جائیں گے تو پھر صیاد کو اختیار ہے۔ حضرتؑ کی توجہ سے آہو کی مشکل حل ہوئی۔

ایک مرتبہ سبکتگین گھوڑے پر سوار ہو کر شکار کو روانہ ہوا، ہرن کے تعاقب میں گھوڑا اڑا لا وہ جست کر کے غائب ہو گیا، بچہ رہ گیا اُس کو اسیر کرلیا، تھوڑی راہ طے کی تھی کہ ہرنی تعاقب میں آئی اور حسرت کی نگاہ سے دیکھا۔ سبکتگین سمجھا کہ بچہ کی محبت سے بے قرار ہے، دل میں سوچا کہ یہ اگرچہ حلال ہے مگر اس کی ماں کا دل دکھانا مناسب نہیں یہ سوچ کر بچہ کو چھوڑ دیا، ہرنی نے گردن اُٹھا کر کچھ کہا، سبکتگین سمجھا کہ میرے لیے دعائے خیر کرتی ہے، شب کو پیغمبرؐ خدا کو خواب میں دیکھا کہ فرماتے ہیں اے سبکتگین جانور پر ترحم کے عوض میں خدا خوش ہوا اور تجھ کو سلطنت دی تجھے چاہئے کہ بندگان خدا پر بھی اسی طرح شفقت کر۔

بعض اہل ہنود ہرن کی پرستش کرتے ہیں۔

تعبیر: ہرن اگر خواب میں دیکھے تو لڑکی پیدا ہو یا کنیز باکرہ ہاتھ آئے۔

خواص: محمد بن زکریا کے مطب میں ہے کہ مرگی والے کو آب برگ، عشق سچاں اور آب برگ تنباکوئے سبز میں مشک حل کر کے ناس دی جائے تو افاقہ ہوگا۔

حکم: ہرن حلال ہے اور ہرن کی جتنی قسمیں ہیں وہ بھی حلال ہیں۔ کا کر بھونکنے والا ہرن ہے جو قیصر باغ کے عجائب خانہ میں موجود ہے اس کے بارہ میں مجتہد سے استفسار کرنا چاہئے، مجھے کوئی تحقیق نہیں یہ کا کڑا کے علاوہ ایک قسم ہے۔

ادبیات:

۱): فارسی میں مثل ہے، یک آہو و صد سگ۔

۲): آہو چشم: اُس شخص کو کہتے ہیں جس کی آنکھیں بڑی بڑی ہرن کی آنکھوں سے مشابہ ہوں۔

۳): نشہ ہرن ہو گیا: اُس موقع پر کہتے ہیں جب شراب کی مستی دور ہو جائے۔

maablib.org

۴): ہرن کی رفتار کو چوکڑیاں بھرنا کہتے ہیں۔

گلستاں کی طرح صحرا میں بھی جوش مسرت ہے　　وہ دیکھو چوکڑی بھرتا ہوا کوئی ہرن چھکا

چکارا:

ہرن کی ایک قسم کو چکارا کہتے ہیں۔ اس کو انگریزی میں (Antelope Dareas) کہتے ہیں۔ رنگ بھورا، قد دوفٹ سے زیادہ، سینگ ایک ایک فٹ کے، یہ سندھ راجپوتانہ میں کثرت سے پایا جاتا ہے۔ عالم حیوانی کے مؤلف نے لکھا ہے کہ اس کی آنکھیں خوبصورتی میں ضرب المثل ہیں۔

میر انیس کہتے ہیں۔

ضیغم کی جو تھی جست تو آہو کے طرارے　　آنکھوں کو چُراتے تھے خجالت سے چکارے

(ولہ)

مضطر تھے شیر و گرگ نکالے ہوئے زبان　　تاریک تھا چکاروں کی آنکھوں میں سب جہان

مؤلف مذکور کا یہ خیال ہے کہ عرب اس کو غزال کہتے ہیں اس کی کوئی بنیاد نہیں ہے۔ شوق قدوائی تلمیذ اسیر کہتے ہیں۔

کہیں چیتے پاڑے چکارے ہرن　　بھرا جانورہائے صحرا سے بن

ہرن کی ایک قسم کاکڑا اور ایک قسم پاڑھا ہے اس کا گوشت بہت عمدہ ہوتا ہے۔

ظلبیہ: اُس فتنہ پرور عورت کا نام ہے جو دجال کے آنے سے پہلے ظاہر ہوگی۔ (مجمع البحرین)

ہرن پور: نارتھ ویسٹرن لائن پر ایک اسٹیشن ہے جو لالہ موسیٰ سے ملتان کے سفر میں ملتا ہے۔

ہرنا: زین کے اُس حصہ کو کہتے ہیں جو سوار کو آگے کی سمت گرنے سے بچاتا ہے۔

میر مونس کہتے ہیں۔

چھوٹی لگام ہاتھ سے ہرنے پہ سر جھکا　　خورشید اوج عرش بریں فرش پر گرا

ہرن کی سرا: حقہ چوک لکھنؤ کے ایک محلہ کا نام ہے جہاں ہندو آبادی ہے۔

چاہ ہرن: حیدرآباد دکن میں دبیر پور کے متصل ایک محلہ ہے جہاں مجالس ہوتی ہیں۔

ظَرِبْ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
گھوڑا		اسپ	ظَرِبْ

جناب سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے تیز رفتار گھوڑے کا نام ہے۔ اُس کے کوہ پیکر قد و قامت اور ٹاپوں کے زور کے لحاظ سے یہ نام رکھا گیا ہے۔

تعبیر: اس کو خواب میں دیکھے تو سر بلندی حاصل ہو، مرتبہ بڑھے۔

(ع)

عادیات

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
جنگی گھوڑے			عادیات

دمیری نے اس کو بھی نظر انداز کر دیا ہے۔ قرآن مجید میں شاندار لفظوں میں ذکر ہے:

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا۝ غازیوں کے سرپٹ دوڑنے والے گھوڑوں کی قسم۔

عرب کے قبیلہ بنی سلیم نے مسلمانوں پر شب خون کا خطرناک ارادہ کیا تھا جس کو دریافت کر کے پیغمبر خدا نے حضرت ابوبکر کی قیادت میں ایک لشکر روانہ کیا مگر آپ واپس ہو گئے۔ دوسری مرتبہ حضرت عمر اور پھر عمرو بن عاص گئے مگر جنگ سر نہ ہوئی، آخر میں آنحضرتؐ نے حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام کو روانہ کیا، آپؓ نے پہنچ کر یادگار جنگ کی بہتیروں کو قتل کیا اور باقی شکست خوردہ دشمنوں کو زنجیروں میں باندھ کر لے آئے اسی وجہ سے اس لڑائی کا نام غزوہ ذات سلاسل ہے۔ ہم نے اپنی کتاب فواتح الجنان میں اس واقعہ پر مفصل بحث کی ہے چونکہ یہ لڑائی سورج نکلنے کے بعد اپنی نوعیت میں نمایاں جنگ تھی اور مجاہدین اسلام کے گھوڑے خاص انداز سے دشمن کی طرف بڑھ رہے تھے قدرت کو یہ منظور ہوا کہ اس کی نقشہ کشی کی جائے اور ہمیشہ دلوں پر نقش رہے۔ حضرت علیؓ فاتحانہ حیثیت سے واپس ہوئے اور خدا نے سورہ نازل کیا۔

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًاۙ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًاۙ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًاۙ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًاۙ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًاۙ

غازیوں کے سرپٹ دوڑنے والے گھوڑوں کی قسم جو فراٹے بھرتے جاتے ہیں اور سنگلاخ زمین میں ٹاپ مار کر چنگاریاں نکالتے ہیں اور تڑکے (گجردم) چھاپا مارتے ہیں تو غبار بلند کر دیتے ہیں پھر اُس وقت پروں میں گھس جاتے ہیں۔

آج کل کے بعض نام نہاد واعظین کا گمان ہے کہ یہ ثناء وصفت مجاہدین دشت نینوا کے گھوڑوں کی ہے۔ یہ تفسیر بالرائے اور ظاہر آیہ بالکل خلاف ہے لشکر حسینیؑ میں انصار حسینؑ کی طرف سے کوئی حملہ صبح عاشور نہیں ہوا اور انھوں نے دشمن کے مال واسباب کی غارت گری ہرگز نہیں کی۔

تعبیر: جنگی راہوار خواب میں دیکھے تو ثواب جہاد پائے۔

عامر

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
عامر	مارخانگی		

فاضل دمیری نے اس کا ذکر نہیں کیا ہے۔ محقق طریحی نے فرمایا ہے کہ عوامر یعنی جو سانپ گھروں میں رہتے ہیں اُن کے مارنے کی حدیث میں نہی وارد ہوئی ہے۔ عوامر پر حیہ کی بحث میں تبصرہ کیا جا چکا ہے۔

تعبیر: اگر بڑا سانپ خواب میں دیکھے تو دفینہ ہاتھ آئے اور اگر سانپ مارتے ہوئے دیکھے تو دشمن زیر ہو۔

عجل

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
عجل	گوسالہ	Calf	بچھیا، بچھڑا، بچھڑو

گائے کے بچہ کو عربی میں عجل کہتے ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام جب کوہ طور پر تیس دن کا وعدہ کر کے گئے شیطان نے بنی اسرائیل کو گمراہ کرنے کے لیے کہا کہ موسیٰ علیہ السلام اب کیا واپس ہوں گے تم اپنا خدا خود بناؤ، جب فرعون غرق ہوا تھا تو سامری نے (جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مقدمۃ الجیش تھا اور اُس وقت تک

موسیٰ علیہ السلام کے دوستوں میں تھا) دیکھا کہ اسپ جبرئیلؑ کے قدم جس جگہ پڑتے تھے مٹی میں جان پڑ جاتی تھی، سامری نے وہ مٹی ایک تھیلی میں جمع کر لی اور بنی اسرائیل پر فخر شروع کیا، جب شیطان گوسالہ بنا چکا تو سامری کو راہ راست سے گمراہ کرنے کے لیے کہا کہ وہ مٹی جو تیرے پاس ہے جا لے آ، سامری نے مٹی پیش کی، ابلیس نے وہ مٹی مصنوعی گوسالہ میں ڈال دی اور فوراً اُس میں جان پڑ گئی، اس حیرت ناک مخلوق کو دیکھ کر ۷۰ ہزار بنی اسرائیل سجدہ میں جھک پڑے اور جو لوگ بصد ہزار وقت توحید پر ایمان لائے تھے وہ بھی کافر ہو گئے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام جب کوہ طور سے واپس ہوئے تو اس انقلاب کا بڑا دکھ ہوا اور بھائی ہارونؑ سے شکوہ کیا وہ بھی مجبور تھے اور کفر و الحاد کا بڑھتا ہوا سیلاب تھم نہ سکتا تھا گوسالہ کا سامنے آنا اور بنی اسرائیل کا ہاتھ سے نکل جانا مادیت کا وہ عظیم مظاہرہ تھا جو بنی اسرائیل کی سوانح عمری میں ہمیشہ یادر ہے گا۔ احادیث شیعہ میں عجل کا لفظ اور بھی وارد ہوا ہے۔

ابوالحسن ماضی (امام موسیٰ کاظمؑ) علیہ التحیہ والثناء کی خدمت میں اسحاق نے عرض کیا میں آپ پر فدا ہوں میں نے آپ کے والد ماجد سے اُن دونوں کے بارے میں چند حدیثیں سنی ہیں۔ فرمایا اے ابواسحاق اُن میں کا پہلا شخص بمنزلہ گوسالہ کے اور دوسرا بمنزلہ سامری کے ہے۔ (جامع الاخبار)

تعبیر: گوسالہ خواب میں دیکھے تو کسی خطرناک حادثہ کا سامنا ہو، تصدق دے۔

خواص: گائے کے گوشت کی بہ نسبت اس کا گوشت زود ہضم ہوتا ہے۔

حکم: حلال ہے۔

ادبیات:

۱): ناسخ

یوں پھر رہا ہوں اُس بت کافر کے آس پاس　　پھرتا ہے بچھڑا جیسے کہ گیا کے آس پاس

۲): اپنے بچھڑے کے دانت دور سے معلوم ہوتے ہیں یعنی اپنے عزیز کا حال خوب معلوم ہوتا ہے۔

۳): موٹی بچھیا باہمن کے نام: بری چیز دوسرے کے نام۔

عجال و عجول

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
جس اونٹنی کا بچہ گم ہو جائے			عجال و عجول

جانوروں کو بھی انسان کی طرح اولاد کی محبت ہوتی ہے، اونٹنی کا بچہ جب گم ہو جاتا ہے تو وہ دیوانہ وار چاروں طرف ڈھونڈھتی ہے، عرب اس موقع کا لحاظ کر کے اُس کو عجول کہتے ہیں۔

فاضل عبدالرشید مدنی مجول کے لغت میں لکھتے ہیں۔ بالفتح نیک شتابندہ وناقہ بچہ گم کردہ۔
(منتخب اللغات)

جناب امیر المومنینؑ کے کلام میں یہ لفظ موجود ہے جیسا کہ حمام کے لغت میں گذرا۔

تعبیر: اس اونٹنی کوخواب میں دیکھے تو اولاد کی طرف سے صدمہ پہنچے، صدقہ دے۔

عباس

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
عباس	شیر درندہ		باگھ

کلام عرب میں عباس، عابس، عبوس شیر درندہ کو کہتے ہیں۔ افسوس ہے کہ فاضل دمیری نے اس لفظ کو بھی نظر انداز کر دیا۔ عرب کے رسم ورواج کے موافق جس طرح شیر کا ہر نام بہادر انسانوں کا نام ہو گیا اسی طرح اسلام میں عباس فرزند عبد المطلب کا نام تھا جو دراز قامت، حسین اور وجیہ شخص تھے، جب اسلام لائے تو ان کی قد وقامت کا پیراہن مشکل سے دستیاب ہوا۔ پیغمبر خدا کو ان کے اسیر ہونے کے موقع پر خاص طور پر رحم آیا اور جب تک عباس کے ہاتھوں سے رسیاں کھولی نہیں گئیں آنحضرتؐ کو نیند نہیں آئی۔ حضرت عباس کی ولادت پیغمبر خدا کی ولادت سے ۳ سال پہلے مکہ میں ہوئی اور ماہ رجب بقولے ماہ رمضان ۳۲ھ وبقولے ۳۳ھ میں ۸۸ یا ۸۷ سال کی عمر میں انتقال کیا۔ عباس کی قرابت اور آنحضرت کا چچا ہونے میں معاصرین کو عذر ہے اس کی تحقیق میں طول کا خوف ہے اس لیے ہم معذور ہیں۔

حضرت عباسؑ بن امیر المومنین علیؑ بن ابی طالبؑ جناب ام البنین کے بطن سے تھے، کنیت ابو الفضل اور لقب قمر بنی ہاشم تھا، آپ کی ولادت کے متعلق کوئی صحیح قول میرے پیش نظر نہیں، صوفیین کے نزدیک ولادت باسعادت ۱۳ ررجب کو ہوئی، روز عاشور جناب امام حسینؑ نے علمداری کا جلیل ترین عہدہ آپ کو مرحمت کیا۔ مظلوم کربلا کی نگاہ میں اپنے وفا شعار بھائی کی بے حد قدر ومنزلت تھی اور یہ بہادر انسان اپنے خاندانی وروایتی فضل وشرف کا حامل تھا۔ آپؑ کے بی بی اور بچے روز عاشور میدان کربلا میں ساتھ تھے۔ اپنے بھائیوں میں آپ سب سے بڑے تھے۔ جد علام حضرت مختار العلماء و طاب ثراہ کا ارشاد ہے کہ سوائے اولاد فاطمہ زہراؑ کے عباسؑ بن علیؑ اپنے سب بھائی بہنوں سے بہتر تھے میدان کربلا میں ۸۰۰ سواروں کو قتل کیا۔ ۳۲ سال کی عمر میں دشت کربلا میں لب فرات شہادت واقع ہوئی۔ مختلف حدیثوں میں آپ کا ذکر خیر ہے ہم سب کا احاطہ کرنا نہیں چاہتے۔

امام زین العابدینؑ کا ارشاد ہے:

رَحِمَ اللهُ الْعَبَّاسَ ابْنَ عَلِيٍّ فَلَقَدْ آثَرَ وَفَدَى اَخَاهُ حَتّٰى قُطِعَتْ يَدَاهُ فَاَبْدَلَهُ اللهُ تَعَالٰى بِهِمَا جَنَاحَيْنِ يَطِيْرُ بِهِمَا مَعَ الْمَلَائِكَةِ فِي الْجَنَّةِ كَمَا جَعَلَ لِجَعْفَرِ بْنِ اَبِي طَالِبٍ وَاِنَّ لِلْعَبَّاسِ عِنْدَ اللهِ مَنْزِلَةً يَغْبِطُهُ بِهَا جَمِيْعُ الشُّهَدَاءِ.

خدا عباس بن علی پر رحمت نازل کرے اُنھوں نے اپنی جان بھائی پر اس طرح نثار کردی کہ دونوں ہاتھ تک کٹ گئے اس کے عوض میں خدا نے اُن کو دو بازو عطا فرمائے ہیں جن کی مدد سے وہ فرشتوں کے ساتھ جنت میں پرواز کرتے ہیں جس طرح (اُن کے چچا) جعفرؑ کو طاقت پرواز عطا ہوئی ہے خدا کے نزدیک عباسؑ وہ بلند مرتبہ ہیں کہ تمام شہداء غبطہ کرتے ہیں۔

نوٹ: تعبیر و خواص و حکم گذر چکا۔

بنی عباس:

مراد اس سے وہ نسل ہے جو اول الذکر عباس کی دنیا میں پھیلی عباسی سلطنت کے مورث اعلیٰ حضرت عباس ہی تھے۔ دولت بنی عباس ۶۵۶ ہجری میں ختم ہوئی۔ (انیس الخاطر و جلیس المسافر)

یوم عبوس:

روز قیامت کا نام ہے۔ قرآن مجید میں ہے (اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا) ان کو اپنے پروردگار سے اُس دن کا ڈر ہے جس میں چہرے اُتر جائیں گے اور منہ پر ہوائیاں اُڑتی ہوں گی۔ (سورہ دھر: ۱۰)

ابن عرس

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ابن عرس	راسو	Mangoose	نیولا

چوہے سے مشابہ مگر لانبا موٹی دم کا ایک خطرناک جانور ہے جو پرندوں کا شکار کرتا ہے یہ سانپ اور چوہے کا دشمن ہے چوہے کے بل میں جاکر اُس کو شکار کرتا ہے جس گھر میں نیولے کی آمد و رفت ہو وہاں چوہے بھاگ جاتے ہیں۔ نیولے پر سانپ کے زہر کا بالکل اثر نہیں پڑتا، کہتے ہیں کہ کسی جڑی بوٹی کو کھا کر سانپ پر غالب آتا ہے۔ نیولے اور نہنگ میں بھی دشمنی ہے، اُس کے منہ میں داخل ہو کر

آنتوں کو کھانا شروع کرتا ہے یہاں تک کہ وہ مرجاتا ہے اور خود صحیح وسالم شکم سے نکل آتا ہے۔

طریحی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

وابن عِرْس ذکر فی الحدیث، وھی دویبة تشبه الفأر، والجمع بنات عرس۔

نیولے کا حدیث پیغمبر میں ذکر آیا ہے اور وہ چوہے کی طرح کا ایک جانور ہے۔ عربی اس کی عربی قواعد کے لحاظ سے بنات عرس ہے۔

حدیث معتبر میں ہے کہ فرمایا حق تعالیٰ نے بنی اسرائیل کے ایک گروہ کو مسخ کیا ان میں سے جو لوگ دریا میں گئے وہ جریث اور مار ماہی اور باقی تمام حیوانات مسخ شدہ ہو گئے اور جو لوگ صحرا کی طرف گئے وہ سور اور بندر اور نیولا اور سوسمار اور باقی تمام اقسام مسخ شدہ صحرائی ہو گئے۔

(حیات القلوب جلد اول، ص ۵۶۷)

تعبیر: نیولے کو خواب میں دیکھے تو کسی دشمن کا مقابلہ ہو۔

حکم: گوشت اس کا حرام ہے۔

خواص:

اگر اس کی چربی دانتوں میں مل جائے تو سب دانت گر جائیں، اگر چربی کو لکڑی میں مل کر مسواک کرے جب بھی وہی اثر ہوگا اور اگر اطفال کے مسوڑوں پر ملیں تو جلد دانت نکلیں، اگر اس کی پشت کی ہڈی عورت مباشرت کے وقت اپنے پاس رکھے تو ہرگز حاملہ نہ ہو۔

ادبیات:

عبدالرحمٰن خان دہلوی نے اپنے مزاحیہ اشعار میں نیولے کو نظم کیا ہے۔

جو سرکشی کرے آگے میرے ہما آکر　　تو اس کے نوچ کے پر شکل نیولا کردوں

عرضان

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
عرضان			

ارباب لغت کی خاموشی اور فقہا کے سکوت سے مجھے اس کے صحیح فیصلہ کی جرأت نہیں ہے کہ عرضان کسے کہتے ہیں۔ اصل حدیث کی سیاق عبارت سے اس قدر واضح ہوتا ہے کہ اس جانور کا اصل

نام کچھ اور ہے، کنیت بنت عرضان ہے۔ زبان عرب میں اس قسم کی کنیت کثرت سے استعمال کی جاتی ہے۔ وہ فالودہ کو ابو سائغ، سرکہ کو ابو نافع، سکنجبین کو ابو عاصم، شمع کو ام قلزم، بخار کو ابو مونس، مرغ کو ابو یقظان[1]، دریا کو ابو خالد کہتے ہیں۔ بنت عرضان بظاہر دریائی جانور ہے ممکن ہے کہ کسی خاص قسم کی مچھلی کو بنت عرضان کہتے ہوں۔ لغویین نے عرض کے لغت میں لکھا ہے کہ ٹڈیوں کے غول کو عرض کہتے ہیں اور فیروز آبادی کی تحریر سے واضح ہوتا ہے کہ سال بھر کی بکری کو عریض کہتے ہیں، وہ لکھتا ہے:

و العریض من المعز ماانی علیه سنه وتناول ابنت بقرض شدقه و الحانب واراد السفادج عرضان بالکسر و الضم۔

ان دونوں صورتوں میں ٹڈی اور بکری کو از جملہ مسوخات تسلیم کرنا پڑے گا جو شہرت اور حقیقت کے خلاف ہے۔ صاحب منتھی الارب نے عرض کے مادہ میں معرض بروزن معظم کے معنی بنتو لکھے ہیں یہ لفظ زبان عجم میں گائے، خچر، گھوڑے کے معنوں میں مستعمل ہے اگر عرضان کے معنی اسپ دریائی قرار دیے جائیں تو عقل سلیم قبول کرسکتی ہے ممکن ہے کہ دریائی گھوڑا مسخ ہو۔ اس کے غیر ماکول اللحم ہونے میں عذر نہیں، ماہی دریائی جانوروں میں سب سے زیادہ خطرناک اور مہیب جانور ہے جس کا حال اپنے محل پر گذرا۔

بعض اعلام نے اس حدیث میں یہ احتمال پیدا کیا ہے کہ عرباض کو کاتب نے عرضان لکھ دیا جس کے معنی شیر درندہ کے ہیں اس صورت میں بھی دریائی شیر ماننا پڑے گا۔ واللہ علیم

حدیث اصبغ میں اس کا تذکرہ ہے جو مستدرک الوسائل میں من وعن درج ہے۔ خاتمہ خیر میں ہے کہ جناب امیر المومنینؑ نے جری (مار ماہی کی ایک قسم) سے پوچھا کہ ہمارے سامنے خشکی اور تری کے مسخ جانوروں کا حال بیان کر، اُس نے عرض کیا:

اَمَّا الْبَحْرِیَّةُ فَنَحْنُ الْجِرِّیُّ وَ الرَّقُّ وَ السَّلَاحِفُ وَ الْمَارْمَاهِی وَ الزِّمَّارُ وَ السَّرَاطِیْنُ وَ كِلَابُ الْمَاءِ وَ الضَّفَادِعُ وَ بِنْتُ یَقْرِضَ وَ الْعَرْضَانُ وَ الْكَوْسَجُ وَ التِّمْسَاحُ.

جو دریائی جانور مسخ ہوئے ہیں وہ جری اور چھوٹے بڑے کچھوے اور مار ماہی اور بے چھلکے کی مچھلی اور کیکڑے اور دریائی کتے اور مینڈک اور بنت یقرض اور عرضان اور بنی بریدہ ماہی اور مگر مچھ ہیں۔

فرمایا اور خشکی کے جانور کون ہیں جو مسخ ہوئے۔ مچھلی نے جواب دیا کہ:

---

[1]: جناب امیرؑ نے اپنے ملفوظات میں عمار یاسرؓ کو ابو یقظان سے تعبیر کیا ہے۔ مستدرک نہج البلاغہ جلد دوم، ص ۸۹

هِیَ الْوَزَغُ وَ الْخُفَّاشُ وَ الْکَلْبُ وَ الذَّرُّ وَ الْقِرْدُ وَ الْخَنَازِیْرُ وَ الضَّبُّ وَ الْحِرْبَاءُ وَ الْوَرَلُ وَ الْخَنَافِسُ وَ الْاَرَانِبُ وَ الضُّبُعُ۔

چھپکلی، چمگادڑ، کتا، سرخ رنگ کی چیونٹی، بندر، سور، سوسمار، گرگٹ، ؟، گوبردار، خرگوش، بجو۔

لسان الواعظین جو عہد واجد علی شاہ آخری شاہ اودھ کی تالیف ہے، فاضل مؤلف نے اس حدیث کو نقل کیا ہے اور بجائے ضاد ضمہ کے صاد سے لکھا ہے لیکن موجودہ لغات پھر بھی حل لفظ پر کچھ مدد نہیں دیتی۔

تعبیر: اس جانور کو خواب میں دیکھے تو ایسے شخص سے سابقہ ہو جس کا ظاہر و باطن یکساں نہ ہو۔

خواص: کتب طب میں اس کا ذکر نہیں ہے۔

حکم: حرام ہے۔

عَسلان

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
عَسلان	گرگ		بھیڑیا

عسل کے معنی ارباب لغت نے لکھے ہیں (سرخبانیدن گرگ) اور جرجس حمام شویری لکھتا ہے (والذئب اضطرم فی عدوہ فخفق براسہ) یعنی بھیڑیے کی آتش غضب دشمن کو دیکھ کر جب بھڑک اٹھتی ہے اور وہ سر کو اٹھا کر حملہ کرے۔ یہ لفظ زیارت ناحیہ کے بعض نسخوں میں شہداء کربلا کی شان میں وارد ہوئی ہے، معصوم فرماتے ہیں: تَقَطَّعُهَا عُسلَانُ الْفَلَوَاتِ۔

ایک احتمال ضعیف یہ ہے کہ عسل کے معنی شبنم کے ہیں اور زخمی پر اس سے برا اثر پڑتا ہے معنی یہ ہوئے کہ جنگل کی شبنم اُن کے جوڑ بند ڈھیلے کر کے جدا کیے دیتی تھی۔ حکیم سید غلام حسنین معروف علامہ کنتوری نے مائتین میں یہی ترجمہ کیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس سے مراد مجازاً قاتلان حسینؑ ہیں۔ خود امام حسینؑ نے بھی مکہ سے سفر کے وقت فرمایا تھا: کَاَنِّیْ بِاَوْصَالِیْ یَتَقَطَّعُهَا عَسلَانُ الْفَلَوَاتِ۔

چونکہ صدر کلام میں حضرت نے اپنے تئیں حضرت یعقوبؑ سے تشبیہ دی تھی اس لیے عسلان کا لفظ استعمال کرنا ایک خوبی ہے جو کلام عرب میں ہوا کرتی ہے۔

دوسرے مقام پر جناب زینب سلام اللہ علیہا کے خطبہ میں بھی اسی نظریہ کی بناء پر ہے:

وَتِلْكَ الْجُثَثُ الطَّوَاهِرُ الزَّوَاكِي تَنْتَابُهَا الْعَوَاسِلُ.

عواسل کے لفظ نے رعایت لفظی کے لحاظ سے مجازاً (تَنْتَابُهَا) سے یاد کیا ہے۔ ورنہ حقیقت یہ ہے کہ اولاد فاطمہ کا گوشت درندوں پر حرام ہے اس لیے ہم اس ترجمہ اور تاویل پر مجبور ہیں۔

سپہر کاشانی جو محققین علماء میں نہ تھے اُنھوں نے بھی حفظ مراتب کا خیال کیا ہے اور قول سید الشہداء کا یہ ترجمہ کیا ہے (کانہ مفاصل خود را در زمین نینوا بدست گرگھائے بیابان کر و یعنی لشکر کوفہ پارہ پارہ می بینم) اس مطلب کو ہم علیحدہ رسالہ میں بتفصیل بیان کریں گے۔

تعبیر:

سابق کے صفحات میں گذرا کہ بھیڑیے کو خواب میں دیکھنے سے دشمن کی طرف اشارہ ہے۔

حکم: گوشت حرام ہے۔

عصفور

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
عصفور	گنجشک	Bird	چڑیا

چڑیوں کو شکاری جانوروں کا خوف رہتا ہے اس وجہ سے مکانات اور آبادی میں آشیانہ بناتی ہیں۔ ماہرین علم حیوان کہتے ہیں کہ پرندوں میں جو چڑیاں دانہ کھاتی ہیں وہ شکار نہیں کرتیں لیکن چڑیا بوٹ، ٹڈی، مکڑ کا شکار خوب کرتی ہے اور سانپ چڑیا کا دشمن ہے جس وقت سانپ اس کے بچوں کے کھانے کا قصد کرتا ہے تو چڑیاں شور کرتی ہیں اور کسی سانپ کو زخمی بھی کر دیتی ہیں۔

حدیث امام حسینؑ میں ہے کہ چڑیاں کہتی ہیں میں طلب بخشش کرتی ہوں ہر اس چیز سے جو خدا کو غضب میں لائے۔ احادیث میں عصفور کا لفظ بکثرت وارد ہوا ہے۔ جناب رسالت مآب ﷺ سے منقول ہے کہ جو چڑیا مار ڈالے درآنحالیکہ کوئی معقول وجہ نہ ہو تو چڑیا قیامت کے دن عرش کے گرد پھر کر فریاد کرے گی اور کہے گی کہ اے پالنے والے اس سے پوچھ کہ مجھ کو بغیر کسی نفع کے کیوں مار ڈالا۔

آنحضرتؐ تشریف فرما تھے اور ایک جن کچھ مسئلہ پوچھ رہا تھا کہ سامنے سے جناب امیر المومنین علیؑ بن ابی طالبؑ آتے ہوئے نظر آئے۔ (فتصاغر الجنی حتی صار کالعصفور) جن چھوٹا ہونا شروع ہوا یہاں تک کہ چڑیا کے برابر رہ گیا! اور خدمت نبوی میں عرض کیا کہ مجھ کو اس آنے والے

جوان سے بچائے، مرسلؐ نے پوچھا کس لیے، جن نے کہا کہ میں نے چاہا تھا کہ نوحؑ کی کشتی کو اُلٹ دوں، جب میں نے ہاتھ ناؤ کی طرف بڑھایا تو اس جوان نے میرا ہاتھ کاٹ ڈالا یہ کہہ کر اُس نے زخمی ہاتھ دکھایا اور آپ نے تصدیق کی کہ ہاں یہی وہ شخص ہے۔

ابوحمزہ ثمالی ناقل ہیں کہ میں امام زین العابدینؑ کی خدمت میں حاضر تھا، چڑیاں حضرت کے گرد چہچہا رہی تھیں، حضرتؑ نے فرمایا اے ابوحمزہ سمجھے کہ چڑیاں کیا کہتی ہیں، میں نے عرض کیا نہیں، فرمایا خدا کی تقدیس کرتی ہیں اور آج کے دن کی روزی خدا سے مانگتی ہیں۔

امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں آپؑ کے صحابی سالم حاضر تھے اور ایک غول چڑیوں کا شور مچا رہا تھا، آپؑ نے فرمایا تو جانتا ہے یہ کیا کہہ رہی ہیں، عرض کیا نہیں، فرمایا کہتی ہیں خداوندا ہم تیرے پیدا کیے ہوئے ہیں اور ہم کو تیری روزی بغیر چارہ نہیں پس ہم کو آب و دانہ عطا کر۔

احمد بن محمد غزال کا بیان ہے کہ میں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک چڑیا اُتری اور سامنے عالم اضطراب میں فریاد شروع کی، امامؑ نے پوچھا کہ تم جانتے ہو یہ چڑیا کیا کہتی ہے، عرض کیا خدا اور رسولؐ اور اُس کا ولی بہتر جانتا ہے، فرمایا یہ کہتی ہے کہ مولا سانپ میرے بچے کو آشیانہ میں آ کر کھانا چاہتا ہے میرے ساتھ جا کر اُس کو مجھ سے دفع کیجیے، حضرت اصحاب کے ساتھ جو اُٹھے تو دیکھا کہ واقعی سانپ بچوں کی تاک میں تھا، اصحاب نے سانپ مار ڈالا۔

روایت میں ہے کہ میت اپنے مرتبہ کے لحاظ سے ہر روز یا تیسرے دن یا کم از کم ہفتہ میں ایک مرتبہ زوال آفتاب کے وقت بصورت کنجشک یا کنجشک سے کوچک تر اپنے عزیز و اقارب کے دیکھنے کو آتی ہے اور اُس کے ساتھ ایک فرشتہ ہوتا ہے جو اُس میت کو وہ حالات جو اُس کے باعث سرور ہوتے ہیں دکھاتا ہے اور وہ چیزیں جو باعث اندوہ ہوتی ہیں اُسے میت کی آنکھوں سے پوشیدہ کر دیتا ہے اور روح شاد و خوش حال پھرتی ہے۔

قزوینی نے عجائب المخلوقات میں لکھا ہے کہ چڑے کی عمر کثرت مجامعت کی وجہ سے کوتاہ ہوتی ہے، چڑے کو ایک حملہ میں نو مرتبہ جفت ہوتے دیکھا گیا ہے۔ بحری، شکرا، باز بھی چڑیا کا شکار کرتا ہے۔ میر انیس کہتے ہیں۔

گھبرا کے خود اجل کے شکنجے میں آ گیا　　عصفور شاہ باز کے پنجے میں آ گیا

تعبیر: اگر خواب میں کنجشک دیکھے تو عزت و وقار بڑھے، چڑیا کا گوشت کھاتے ہوئے دیکھے تو دولت مند ہو، چڑیا کا آشیانہ تلاش کرتے دیکھے تو انتظار وصل میں سرگرداں ہو۔

خواص: مغز سر عصفور مقوی باہ ہے کمزور مریض استعمال کریں تو طاقت بڑھے۔

حکم: چڑیاں جو عموماً گھروں میں رہتی ہیں حلال ہیں اور چڑیوں کی بہت سی قسمیں ہیں جس میں علامات حِلت موجود ہیں حلال ہیں۔ برکیل چڑیا کی ایک قسم ہے جو زرد رنگ کی ہوتی ہے اور گوشت سرخ ہوتا ہے حلال او ور خون صالح پیدا کرتی ہے۔ اگر چڑیا کنویں میں گرے اور مر جائے تو ایک ڈول اور بہتر ہے کہ تین ڈول نکالے۔

ادبیات:

۱): ہاتھ سے موقع نکل جانے پر کہتے ہیں: اب کیا ہوسکتا ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔

۲): جس جگہ مجمع نہ ہو کہتے ہیں: کانی چڑیا نہ تھی۔

۳): لوگوں کی مسلمانی کے موقع پر کہتے ہیں: سونے کی چڑیا اُڑ گئی۔

۴): چڑیا والا اردو زبان میں گالی ہے جو بیوقوف آدمی کو دی جاتی ہے۔ میاں مشیر کہتے ہیں۔

بدی سے نہیں باز آتا ہے تو ... اُسے چڑیا والے بچاتا ہے تو

۵): لکھنؤ میں واہمہ پرست طبقہ بدھ کے دن مرنے والوں کے ساتھ چند چڑے دفن کرتا ہے اس کا سبب یہ ہے کہ عوام میں یہ شہرت ہے کہ جو بات ایک بدھ کو ہو وہ چار بدھ ضرور ہوگی اس لیے ایک ہی مرتبہ چار ذی روح دفن کر کے آئندہ کے خطرہ سے نجات حاصل کی جاتی ہے۔ شرعاً ایک ماکول اللحم جانور کو زندہ دفن کر دینا نہایت قبیح ہے، خدا اس مذموم رسم کو قوم سے جلد اُٹھا دے۔

۶): انگیا کی چڑیا: دونوں کٹوریوں کے جوڑ کو جہاں چنا ؤدے کے سیتے ہیں۔

۷): چڑیا جان سے گئی کھانے والوں کو کچھ ہاتھ نہ آیا: امید پر کوئی کام کرنا اور ناکام رہنا۔

نوٹ:

کنجشک کا لفظ بھی شعراء ہند نے نظم کیا ہے۔ میاں عشق کہتے ہیں۔

تم میں کوئی غنم کوئی کنجشک آز ہے ... ہم میں کوئی اسد ہے کوئی شاہ باز ہے

عظایہ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
عظایہ	آفتاب پرست		گرگشان

قزوینی عجائب المخلوقات میں رقم طراز ہے کہ یہ جانور گرگٹ کی قسم ہے اور گرگٹ سے بہت مشابہ ہوتا ہے۔ بعض ملکوں میں سرخ رنگ کا بھی دیکھا گیا ہے۔ اس کی دونوں آنکھوں میں ایک درخت سا

معلوم ہوتا ہے اگر دستر خوان پر اس جانور کا گند ہو اور کسی کھانے میں زہر ملا ہو تو اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں اسی وجہ سے بادشاہوں کے پاس اس کو تحفہ میں لے جاتے تھے۔

حدیث میں اس کا ذکر ہے، معصومؑ سے پوچھا گیا ہے کہ عظایہ دودھ میں گر پڑا اس دودھ کے بارے میں کیا ارشاد ہے، فرمایا دودھ حرام ہو گیا، پھر فرمایا اس میں زہر ہے۔ (وسائل الشیعہ)

تعبیر: اس کو خواب میں دیکھے تو زہر خوانی کی واردات سے محفوظ رہے۔

خواص: خواص اس کے مثل گرگٹ کے ہیں۔

حکم: حرام ہے۔

عقاب

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
	Eagle	مرغ شکاری سیاہ	عقاب

شکاری مرغ ہے، پرندوں اور بری جانوروں کا شکار کرتا ہے خرگوش، لومڑی کو اپنی چونچ اور پنجوں سے پھاڑ ڈالتا ہے، جس کا شکار کرتا ہے اُس کا صرف جگر کھاتا ہے۔ جاحظ کہتا ہے کہ عقاب کے چنگل میں اتنی طاقت ہوتی ہے کہ بھیڑئی کو پھاڑ ڈالتا ہے۔ عقاب بہت دن تک زندہ رہتا ہے، اس کے آشیانے پہاڑ کی چوٹی پر ہوتے ہیں اور ہمیشہ ایسے موقع پر گھونسلا بناتا ہے کہ ذرا بھی بچے حرکت کریں تو میلوں کی بلندی سے زمین پر آ رہیں لیکن بچے اس قدر ہوشیار ہوتے ہیں کہ جب تک ان کے پروں میں طاقت پرواز نہیں آتی جگہ سے نہیں ہلتے، اسی وجہ سے عرب کہتے ہیں (فلان مِنْ فَرْخِ العُقَاب) فلاں شخص کا بچہ عقاب سے بھی زیادہ تجربہ کار ہے۔

بچہ عقاب کو عرب ہیصم کہتے ہیں، عقاب کے آشیانے میں ایک پتھر ہوتا ہے جس کو حجر العقاب کہتے ہیں، یہ پتھر املی کے چینان کے برابر ہوتا ہے اور ہلانے سے آواز آتی ہے، جب کوئی عقاب کے آشیانے کا رخ کرتا ہے تو عقاب اُن سنگریزوں کو اُن کی طرف پھینکتا ہے تا کہ آنے والے جو لینا چاہتے ہیں وہ لے کر واپس ہوں۔

کعب الاحبار کا قول ہے کہ عقاب کہتا ہے (اَلْبُعْدُ مِنَ النَّاسِ رَاحَةٌ) لوگوں سے دوری میں راحت ہے۔ اور دوسری روایت میں ہے کہ (اَلْبُعْدُ مِنَ النَّاسِ اُنْسٌ) لوگوں سے دوری

میں انس ہے۔ اور حدیث امام حسینؑ میں ہے کہ عقاب کہتا ہے (مَنْ اَطَاعَ اللهَ لَمْ يَشْقَ) جو خدا کی اطاعت کرے وہ شقی نہیں ہوتا۔

علامہ شیخ علی حزین فرماتے ہیں کہ اگر عقاب کے شامہ تک بوئے عطر پہنچ جائے تو مرجاتا ہے۔

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں کسی نے کمان بطور ہدیہ بھیجی اُس پر عقاب کی تصویر بنی تھی، آپؐ نے تصویر پر ہاتھ رکھ دیا، فوراً وہ صورت محو ہوگئی۔ (مناقب آل ابی طالبؑ)

بخت نصر کو خدا نے عقاب ہی کی صورت میں مسخ کر دیا۔ (مجمع البحرین، لغت کسرم)

جناب امیر المومنین علیؑ بن ابی طالبؑ اپنے خطبہ میں فرماتے ہیں:

أنا عقاب الكفور أنا مشكاة النور انا حملة الامور.

(عبقات الانوار، حدیث مدینہ، ص ۲۸۶)

میں کافروں کے لیے عقاب اور نور کا چراغ دان اور حاملِ اسرار الٰہی ہوں۔

زرندی نے درر السمطین میں حضرت کے اسماء والقاب کے سلسلہ میں لکھا ہے:

الليث القاهر، والعقاب الكاسر۔ قہر پسند شیر، ہڈیوں کو توڑ دینے والا عقاب۔

دیوان جناب امیرؑ میں ہے۔

طَارَتْ عُقَابُ الْمَنَايَا فِي جَوَانِبِهِ   فَصَارَ مِنْ بَعْدِهَا لِلْوَيْلِ وَ الْحَرَبِ

اس شعر کے مفہوم کو کسی شاعر نے فارسی میں یوں ادا کیا ہے۔

وین طرفہ کہ خانہ می سود مسکن بوم   جون گرد عقاب مرگ انجا پرواز

حالات مختار میں ہے: فَيَنْقَضُّ عَلَيْهِ الْحُسَيْنُ كَأَنَّهُ عُقَابٌ كَاسِرٌ.

امام حسینؑ اُن کی طرف اس طرح جھپٹیں گے جیسے عقاب کاسر شکار پر جھپٹتا ہے۔ شہداء کربلا کی عظمت واقتدار یہ ہے کہ اُن کی نعشوں پر زیارت کے لیے عقاب بھی جمع تھے۔ بحار الانوار اور تاریخ طبری کا بیان زوارہم العقبان وفود علیہ الرحمہ، لغت راء میں گذرا۔

ارباب مقاتل کہتے ہیں کہ شہدائے کربلا میں حضرت علی اکبرؑ کے گھوڑے کا نام عقاب تھا۔ ملا حسین واعظ کاشفی رخصتِ حضرت علی اکبرؑ کے واقعات میں کہتے ہیں کہ جب شاہزادہ کو اذن جہاد مل چکا، امامؑ نے اپنے ہاتھ سے جسم پر آلات حرب آراستہ کیے: و بر اسپ عقابش سوار گردانید، مادر و خواہرانش از رکاب وعنانش درآویختند و بجائے آب خون از دیدہا می ریختند، امام فرمود کہ دست از وی بلا دید کہ عزیمت سفر آخرت وارد۔ (روضۃ الشہداء، ص ۳۲)

اُن کے گھوڑے عقاب نامی پر سوار کیا، ماں بہنیں رکاب اور لجام فرس سے لپٹ گئیں، آنکھوں سے آنسوؤں کے بجائے خون جاری تھا، امامؑ نے یہ حال دیکھ کر فرمایا کہ علی اکبرؑ سے ہاتھ اُٹھاؤ یہ آخرت کے سفر پر کمر باندھ چکے ہیں۔

تعبیر: عقاب کو خواب میں دیکھنا دشمن کے سامنے کی دلیل ہے۔

خواص: حجر العقاب کی خاصیت یہ ہے کہ اس کا حاملہ کے باندھنا درد زہ میں سہولت پہنچاتا ہے اور جو اس کو زیر زبان رکھے دشمن پر فتحیاب ہوگا اور کسی سے جو مانگے وہ سوال پورا ہوگا۔

حکم: عقاب کا گوشت حرام ہے۔ اسی طرح ایک پرندہ شقار نامی سفید رنگ کا ایران میں ہوتا ہے عقاب کے برابر بلکہ قوت میں عقاب سے زائد وہ بھی حرام ہے۔

ادبیات:

شاعروں نے گھوڑے کو عقاب سے تشبیہ دی ہے۔ انیسؔ کا شعر ہے۔

سیماب تھا زمیں پہ فلک پر سحاب تھا ۔۔۔ دریا پہ موج تھا تو ہوا پر عقاب تھا

کیمیا گر نوشادر کو عقاب کہتے ہیں۔

عقرب

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
عقرب	کژدم	Scorpion	بچھو

حشرات الارض میں بچھو سب سے موذی ہے، جس چیز کو پاتا ہے اُس پر ڈنک مار دیتا ہے، اس کے آٹھ پاؤں اور آنکھیں شکم میں ہوتی ہیں، تانبے کے برتن پر ڈنک مارتا ہے تو چھید ہو جاتا ہے۔ بچھو چھوٹے بڑے سرخ سیاہ زرد کئی طرح کے ہوتے ہیں۔ ایک قسم کو عرب جرادہ کہتے ہیں۔ بچھو سانپ پر بھی حملہ کرتا ہے، اگر سانپ پا جاتا ہے تو اُس کو کھا لیتا ہے، اُس وقت بچھو کے زہر کا اثر سانپ پر نہیں ہوتا ورنہ سانپ مر جاتا ہے۔

حدیث میں ہے کہ بچھو کہتا ہے (الشر شئي وحشي) بدی وحشت ناک چیز ہے۔

بچھو بھی مسخ جانور ہے۔ احادیث کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ یہ ایک مرد تھا جو لوگوں کے عیوب بیان کرتا تھا اور چشم وابرو سے اشارے کر کے بدگوئی کرتا تھا خدا نے اُس کو بچھو کی صورت میں

مسخ کردیا اور دوسری روایت میں ہے کہ اپنی باتوں سے لوگوں کے دل جلاتا تھا کوئی اُس کی زبان کے شر سے بچا نہ تھا۔

کتاب دانیال نبی میں ہے کہ جس سال نوروز دوشنبہ یا ہفتہ کو ہوگا تو بچھو بکثرت پیدا ہوں گے۔

نہج البلاغہ میں امیر المومنین علیہ السلام فرماتے ہیں: (اَلْمَرْاَةُ عَقْرَبٌ حُلْوَةُ اللَّسْبَةِ) عورت بچھو ہے اُس کا ڈنک مارنا شیریں ہے۔

صحیفہ کاملہ میں بسلسلہ ذکر جہنم امام زین العابدینؑ فرماتے ہیں:

وَاَعُوذُبِكَ مِنْ عَقَارِبِهَا الْفَاغِرَةِ اَفْوَاهُهَا.

میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے اُن بچھوؤں سے جو اپنے منہ کھولے ہوئے ہیں۔

جامع الاخبار میں جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جب روز قیامت ہوگا تو جہنم سے ایک بچھو باہر آئے گا جس کا سر ساتویں آسمان میں ہوگا اور دم تحت الثریٰ میں اور منہ مشرق سے مغرب تک پھیلا ہوا، کہے گا (اَيْنَ مَنْ حَارَبَ اللهَ وَرَسُولَهُ) کہاں ہیں وہ لوگ جو خدا اور اُس کے رسولؐ سے لڑتے تھے۔ اس ندا کو سن کر جبرئیلؑ نازل ہوں گے اور پوچھیں گے بچھو تو کس کو ڈھونڈھتا ہے، وہ کہے گا میں پانچ گنہگاروں کی تلاش میں ہوں۔ تارک الصلوٰۃ اور زکواۃ سے روکنے والے اور سود خور اور شرابی اور وہ لوگ جو مسجد میں بیٹھ کر دنیاوی باتیں کرتے ہیں۔ اس روایت کو ہم نے اپنی کتاب زفرات الخائفین میں لکھا ہے۔

دوسری حدیث میں آنحضرتؐ سے منقول ہے کہ جو شرابی کو ایک نوالہ کھانے کو دے خدا اُس کے جسم پر سانپ اور بچھو مسلط کرے گا اور جو اس کی مراد برلائے تو اُس نے (قصر) اسلام ڈہا دینے میں مدد دی اور جو اُس کو قرض دے اُس نے مومن کے قتل میں اعانت کی اور جو اُس کے ساتھ بیٹھے اُس کو خدا قیامت کے دن اندھا محشور کرے گا۔ (آخر میں فرمایا) شرابی کے ساتھ شادی بیاہ نہ کرو، بیمار پڑے تو اُس کو دیکھنے نہ جاؤ، قسم ہے اُس خدا کی جس نے مجھ کو سچا نبی بنایا شراب خوار توریت وانجیل وقرآن میں ملعون ہے۔ (جامع الاخبار)

جناب امیر المومنینؑ دشمن پر بھروسہ نہ کرنے کی نصیحت کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں۔

فَاِنَّكَ لَوْ دَارَيْتَ عَامَلَيْنِ عَقْرَباً   اِذَا اَمْكَنَتْ يَوماً مِنَ الدَّهْرِ تَلْسَع

اگر تم برسوں بچھو کے ساتھ حسن سلوک کرو جب بھی موقع پا کر کسی دن وہ ضرور تم کو ڈنک مارے گا۔

بچھو کی ایک قسم کو جرار کہتے ہیں، یہ ہمیشہ دُم نیچی کر کے چلتا ہے، بچھو کی آنکھ نہیں ہوتی۔

۱): جو شخص دعائے معراج لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے تو وہ طفل بچھو سانپ جمیع گزندوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

۲): جو نوروز کے دن مندرجہ ذیل حرز لکھے اور اپنے ساتھ رکھے تو ہر اذیت رساں حیوان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اعوذ برب السّھی و السّھیّہ من العقرب والسارق والحیّہ (یہاں جو نقش ہے وہ لکھنا باقی ہے، وہ کورل میں بن سکتا ہے)

(مرقاۃ الجنان، ص ۷۳۶)

۳): سفینۃ النجاۃ میں ہے کہ ماہ اسفندیار کی پانچویں کو نماز صبح کے بعد باوضو تک ان کلمات کے لکھنے سے فارغ نہ ہو کسی سے بات نہ کرے جب تک یہ تعویذ پاس رہے گا بچھو کے ضرر سے محفوظ رہے گا۔

بسم اللہ سحہ سحہ قرینہ قرینہ لمحہ نحو قعنا ففطاً قطعہ قطعہ تفطعم تفطعم

۴): مصباح کفعمی میں ہے کہ جو شخص چاہے بچھو اور سانپ کے شر سے محفوظ رہے تو ہر شب کہے:

سَلَامٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعَالَمِيْنَ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ۔

اور مجمع الدعوات میں ہے کہ بعد اس کے یہ کہے:

وَ خَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا. وَ عَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ۔وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا.

تعبیر: بچھو کو خواب میں دیکھنے سے کسی دشمن کا سامنا ہو۔

خواص: اگر بچھو پرانے بخار کے مریض کو کاٹے تو بخار اُتر جائے اور اگر مفلوج کو کاٹے تو فالج دور ہو۔

حکم: بچھو زہریلا جانور ہے اس کا کھانا حرام ہے۔ اگر کنوئیں میں گرے تو تین ڈول نکالے۔

س: واسطے صحت عقرب گزیدہ کے سورہ قل اعوذ برب الناس پڑھنا موثر ہے اور باعث صحت مگر اس طرح ہو کہ قل اعوذ برب النا و ملک النا تا آخر بغیر سین مہملہ کے آیا، سورہ مذکورہ اس طرح پڑھنا جائز ہے؟

ج: یہ بالکل ناجائز و حرام ہے۔

(تحفۃ الاحباب)

ادبیات:

دشمنوں کی عداوت کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

نیش عقرب نہ از پے کین است　　مقتضائے طبیعش ہمین است

الاقارب کالعقارب یعنی قرابت دار مثل بچھو کے ہیں۔ یہ مثل بھی ایسے ہی موقع پر زبان زد ہے۔

شعرانے ابروئے محبوب کو عقرب سے تشبیہ دی ہے۔

دونوں ابرو دونوں زلفیں چار موذی ہیں ہمیں　　ایک جوڑا بچھوؤں کا ایک جوڑا سانپ کا

برج عقرب:

آسمان پر جو بارہ برج ہیں اُن میں ایک برج کا نام ہے۔ چاند ہر مہینہ ڈھائی دن رہتا ہے، انھیں تاریخوں کو قمر در عقرب کہتے ہیں۔ حدیث میں ہے:

مَنْ سَافَرَ وَتَزَوَّجَ وَالْقَمَرُ فِي الْعَقْرَبِ لَمْ يَرَ الْحُسْنٰى.

جو شخص قمر در عقرب میں سفر کرے یا خواستگاری زن کرے تو انجام بخیر نہ ہوگا۔

درونج عقربی:

ایک دوا ہے جو اطباء معجونی میں استعمال کراتے ہیں۔ پلیگ کی فصل میں اگر درونج عقربی گلے میں ڈالے تو ہرگز طاعون میں مبتلا نہ ہوگا، مجرب ہے۔

عقعق

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
مہوکا		کندش	عقعق

فارسی میں اس کو عکہ اور شمشیر وینہ بھی کہتے ہیں یہ جانور کبوتر کے برابر کوے کی صورت کا سیاہ و سفید ہوتا ہے۔ اس کے پر اور دم کبوتر سے بڑی ہوتی ہے۔ ہندوستان میں اس کا وجود نہیں ہے۔ مخزن المفردات کے مؤلف نے اس کا اردو ترجمہ مہوکا کیا ہے اور لکھا ہے کہ بعض اس کو جنگلی کوا کہتے ہیں۔ مہوکا ہندوستان میں کثرت سے ہوتا ہے اس کا قد و قامت کوے کے برابر مگر دم دراز ہوتی ہے، رنگ سیاہ ہوتا ہے۔ قیصر باغ کے عجائب خانہ میں موجود ہے۔ یہ پرندہ چور ہوتا ہے۔ زیور اور جواہرات کی جو چیز پاتا

ہے لے جاتا ہے۔

حدیث امام حسینؑ میں اس کا تذکرہ ہے، آپؑ نے فرمایا کہ عقعق کہتا ہے:

سُبْحَانَ سُبْحَانَ مَنْ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ خَافِيَةٌ.

پاک ومنزہ اور قابل تسبیح ہے وہ خدا جس پر کوئی بھید پوشیدہ نہیں۔

تعبیر: اس کو خواب میں دیکھنے سے چوروں کا خوف ہے۔

خواص: اس کے پروں کا خاکستر چیونٹی کے بل میں ڈالنے سے چیونٹیاں بھاگتی ہیں۔

حکم: گوشت اس کا حرام ہے۔

علق

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
علق	زلوچہ	Leech	جونک

یہ کیڑا سیاہ رنگ کا پانی میں پیدا ہوتا ہے۔ اطباء جب چاہتے ہیں کہ کسی جگہ کا خون نکالیں تو جونک مریض کے اُس عضو پر لگا دیتے ہیں جو خون پی کر بہت لانبی ہو جاتی ہے، اس ترکیب سے خراب خون نکل جاتا ہے۔ نمک کا پانی چھڑکنے سے جونک جسم کو خود بخود چھوڑ دیتی ہے۔ دریا میں پانی پینے والے کے لیے پیٹ میں جونک کے چلے جانے کا اندیشہ رہتا ہے۔

ملا محمد صالح ترمذی کشفی جو اہل سنت کے اجلیل عالم ہیں اپنے مناقب میں (فواتح القدس کے حوالہ سے) کہتے ہیں کہ مدینہ میں ایک شخص عبداللہ نامی تھا، نہایت مشہور انسان تھا جس کے جود وسخا سے ہر شخص واقف تھا اور اہل شہر اُس کی بڑی عزت کرتے تھے۔ خداوند عالم نے اُس کو مال و دولت کے علاوہ دس فرزند اور ایک دختر بھی مرحمت کی تھی جو اپنی نیک بختی میں ممتاز تھی، یہ لڑکی ایک دن نہانے کے لیے دریا کی سمت گئی اور اثنائے غسل میں اُس کے رحم میں ایک جونک داخل ہو گئی جس کی اس کو مطلق خبر نہ ہوئی، رفتہ رفتہ وہ جونک بڑھنا شروع ہوئی اور اس کا پیٹ حاملہ عورتوں کی طرح نکل آیا، دیکھنے والے اس کی عصمت پر حملہ کرتے تھے اور چاروں طرف سے ملامت ہوتی تھی حتیٰ کہ باپ کو خبر ہوئی وہ سراپا غضب بیٹی کے پاس آیا اور کشاں کشاں کھینچتا ہوا قتل کرنے کے لیے لے چلا، دوشیزہ نے دل ہی دل میں جناب مریمؑ کی عصمت اور خاتون جنتؑ کی طہارت کا واسطہ دلا کے خدا سے دعا شروع کی

اور کوفہ کی طرف رخ کر کے کہا اے آقائے کونین علی مرتضیٰؑ اور کنی میری خبر لیجئے۔ جناب امیر منبر کوفہ پر خطبہ پڑھ رہے تھے سلسلہ وعظ کو منقطع کر کے حاضرین سے فرمایا کہ میں ایک مظلوم کی نصرت کو مدینہ جاتا ہوں، قنبر نے ہمراہی کی استدعا کی، آپؑ نے منظور فرما کر حکم دیا کہ آنکھیں بند کر لے اور میرے نقش قدم پر قدم رکھ قدرت خدا سے طی ارض کا معجزہ ظاہر ہوا اور آپ قنبر کو لیے ہوئے ٹھیک اُس وقت پہنچے جب باپ بیٹی کو تہہ تیغ کرنا چاہتا تھا، حاضرین آپؑ کی اچانک آمد دیکھ کر محو حیرت ہو گئے، لڑکی کے باپ نے کہا اے مولا اس دختر نے مجھے رسوا کیا ہے، فرمایا اندوہ گیں نہ ہو یہ عصمت دار بے خطا ہے اس کے رحم میں ۷۲ مثقال کی ایک جونک ہے جس کے سبب سے حاملہ معلوم ہوتی ہے یہ کہہ کر آپؑ نے برف منگوائی، حاضرین نے عرض کیا کہ برف ملنا ناممکن ہے اُس وقت منہ حضرتؑ نے اپنی انگوٹھی کا نقش آسمان کی طرف دکھا کر اشارہ کیا اور خود ہی برف ہاتھ بڑھا کر لائے اور ایک طشت میں برف اور گوشت کا ٹکڑا رکھ کر علیحدہ خیمہ نصب کر کے اُس لڑکی کو برف پر بٹھا دیا اور چند امین عورتیں نگہبانی کے لیے مقرر کر دیں، تھوڑی دیر کے بعد دختر کے رحم سے جونک خارج ہوئی اور دختر کا پیٹ اپنی اصلی حالت پر آ گیا، حاضرین نے اُس کو وزن جو کیا تو جیسا آپؑ نے فرمایا تھا ۷۲ مثقال وزن نکلا۔

(مناقب ترمذی کشفی قلمی، ص ۳۶۲)

یہ واقعہ کتب اہل سنت سے صرف اس غرض سے نقل کیا ہے کہ "الفضل ماشہدت بہ الاعداء" کا مقصد حاصل ہو۔ فاضل مؤلف نے آخر میں تسلیم کیا ہے کہ کتب امامیہ میں یہ واقعہ کسی قدر اختلاف کے ساتھ درج ہے میرے نزدیک بھی صحیح یہ ہے کہ یہ دختر اپنے باپ کے ہمراہ خود کوفہ آئی تھی اور مسجد کوفہ میں جم غفیر کے سامنے اس کی پاکدامنی ثابت ہوئی۔ مسجد کوفہ میں مقام بیت الطشت اسی واقعہ کی یادگار آج تک موجود ہے اگر شیعی طرق سے اس واقعہ کو دیکھنا ہو تو مدینۃ المعاجز علامہ سید ہاشم بحرینی یا مناقب آل ابی طالبؑ ملاحظہ ہو۔

تعبیر: جونک خواب میں دیکھے تو ضعیف و حقیر ہو۔

خواص: اگر حلق میں جونک چمٹ جائے تو علاج یہ ہے کہ لومڑی کے بال جلا کر اس کا دھواں حلق میں پہنچائیں جونک جگہ چھوڑ دے گی۔

حکم: اس کا گوشت حرام ہے۔

ادبیات:

جونک پتھر پر نہیں لگتی: اس وقت کہتے ہیں جب انسان سنگدل ہوجائے اور کچھ سماعت نہ کرے۔

جونک پتھر پر نہیں لگتی فغاں بے کار ہے　　ان بتوں کے دل میں کاہے کو اثر ہونے لگا

جونک ہو کے لپٹنا: ہر وقت ساتھ دینا۔

غم ہجراں پیے لیتا ہے لہو جونک کی طرح　　کیوں نہ ہو رنگِ رخِ آتش دلگیر سفید

سورہ علق:

اُن چار سوروں میں ہے جن میں تلاوت کے وقت سجدہ واجب ہے۔ یہ سورہ سب سے پہلے آنحضرتؐ پر مکہ میں نازل ہوا۔ اس میں ۱۹ آیتیں ہیں۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ جو شخص دن یا رات کو یہ سورہ پڑھے تو گویا شہید مرا، خدا اُس کو شہیدوں کے ساتھ محشور کرے گا اور مثل اس کے ہے کہ خدا کی راہ میں لشکر رسولؐ میں جہاد کیا۔

عَمَدُ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
مچھلی			عَمَدُ

یہ ایک مچھلی ہے جس کا ذکر کتب علم حیوان میں نہیں ہے۔ صادق آل محمدؐ روحی فداہ نے اپنی ایک حدیث کے تتمہ میں اس پر تبصرہ فرمایا ہے۔ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر گئے اور شمعون اور اُن کے شیعہ ظالموں کے خوف سے کسی جزیرہ میں پوشیدہ ہو گئے اور مدت دراز تک وہاں رہے، خدا نے میٹھے پانی کا چشمہ اُن کے لیے جاری کیا، میوؤں کے درخت روئیدہ کیے، چار پائے بھیجے اور ایک مچھلی کو اُن کی طرف بھیجا جس کو عمد کہتے ہیں وہ مچھلی گوشت واستخوان نہیں رکھتی صرف پوست وخون ہے اُس کو حکم دیا کہ بالائے آب آئے اور شہد کی مکھیوں کو حکم دیا کہ مچھلی پر سوار ہوں وہ مچھلی اُن کو جزیرہ میں لائے اور وہاں مکھیوں نے شہد تیار کیا۔ (ترجمہ اردو حیات القلوب، ص ۶۴۱، جلد ۱، ایڈیشن دوم)

تعبیر: اس مچھلی کو خواب میں دیکھے تو غیب سے روزی ملے۔

حکم: العلم عند اللہ

عناق

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
بکری کا بچہ		بچہ بز	عناق

بکری کا بچہ کو جو مادہ ہو عرب عناق کہتے ہیں۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مرتبہ گوشت کا ذکر فرما رہے تھے، انصار میں ایک مرد اُٹھ کھڑا ہوا اور گھر پہنچ کر بی بی سے کہا کہ پیغمبر کو گوشت پر رغبت ہے، اس عورت کے پاس بکری کا ایک ہی بچہ تھا جس کو جناب سرور عالمؐ پہچانتے بھی تھے، شوہر کے حکم سے زوجہ نے اُس بچہ کو ذبح ہونے کے بعد بریان کیا اور جب تیار ہو گیا تو خدمت نبویؐ میں پیش کیا، آپؐ نے اہل بیتؑ اور چند خاص مصاحبوں کو شریک کیا مگر حکم دے دیا کہ کھانے میں استخوان سالم رہے، سب سیر ہو گئے اُس وقت اُس کی کھال میں استخوان بھر کر زندہ کیا، گھر واپس ہوا تو وہ بچہ دروازہ پر کھیل رہا تھا۔

نوٹ:

سیاہ گوش کو بھی عرب عناق کہتے ہیں لیکن حدیث میں اس کا تذکرہ نہیں۔

تعبیر: عناق خواب میں دیکھے تو حلال روزی ہاتھ آئے۔

حکم: حلال ہے۔

عناق:

دختر حضرت آدمؑ کا نام ہے جس نے سب سے پہلے دین خدا سے انحراف کیا۔ جناب امیر المومنین علیؑ بن ابی طالبؑ نے اپنے کلام میں اس سرکش عورت کا حال بیان فرمایا: خداوند عالم نے اس کے ہاتھوں میں ۲۰ انگلیاں پیدا کی تھیں اور ہر انگلی میں دو بڑے ناخن ہنیہ کی طرح تھے جب اُس نے سرکشی کی تو خدا نے اُس کے ہلاک کرنے کے لیے ایک شیر جو ہاتھی کے برابر تھا اور ایک بھیڑیا جو اونٹ کے برابر اور گدھ جو خچر کے برابر تھا بھیجا، یہ جانور ابتدائی آفرینش میں آئے ہیں بڑے ہوتے تھے، ان سب درندوں کو خدا نے اس پر مسلط کیا اور اُن سبھوں نے اس کو ہلاک کر ڈالا۔

عوج بن عناق جس کے متعلق مشہور ہے کہ اتنا قد آور انسان تھا جو دریا کی مچھلی حرارت آفتاب میں بھون لیتا تھا، اسی کا فرزند تھا، طوفان نوحؑ کا پانی اس کے زانو تک پہنچا تھا، تین ہزار چھ سو سال کی عمر میں ۲۸ ربیع الاول کو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس کا کام تمام کیا۔

عَنْز

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
بکری، بے بے		بز	عنز

جرجس ہمام شویری لغت میں لکھتا ہے: العنز بالفتح هی الانثی من المَعزج اعنز و عنوز.

(معجم الطالب)

عنز مادہ بز یعنی بکری کو کہتے ہیں، عربی قواعد کے لحاظ سے جمع اس کی اعنز اور عنوز ہے۔ کلام عرب میں مادہ آہو اور مادہ عقاب اور مادہ کرگس اور مادہ چرز اور ایک قسم کی بطخ کو بھی عنز کہتے ہیں اور ایک بڑی مچھلی کا نام بھی عنز ہے۔ کلام معصومؑ میں اول الذکر معنوں میں یہ لفظ استعمال کی گئی ہے۔

جناب امیرؑ نہج البلاغہ میں فرماتے ہیں:

فَصَلُّوا بِالنَّاسِ الظُّهْرَ حَتّٰی تَفِیْءَ الشَّمْسُ مِثْلَ مِنْ مَرْبِضِ الْعَنْزِ.

نماز ظہر پڑھو لوگوں کے ساتھ اُس وقت جب کہ سورج اپنی جگہ (نقطہ نصف النہار) سے ایک بکری کی خواب گاہ کے برابر ہٹ جائے (یہ اول وقت نماز ظہر ہے)۔

عُنیزہ:

عرب کے مشہور ترین شاعر امراء القیس کے چچا کی بیٹی فاطمہ کا لقب ہے جس پر امراء القیس عاشق تھا اور اپنے اشعار میں اُس کے حسن و جمال کی تصویر کشی میں عمر صرف کی۔

تعبیر: بکری خواب میں دیکھے تو حلال روزی ملے۔

حکم: گوشت اس کا حلال ہے۔

عنقا

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
	A Fabulous Bird	سیمرغ	عنقا

maablib.org

عنقا تمام جانوروں میں عظیم الخلقت اور پرندوں کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔اس کو عنقا اس لیے کہتے ہیں کہ اس کی گردن میں پروں کی سفیدی سے ایک طوق بنا ہوا ہے، چہرہ اس کا انسان کے چہرہ کی طرح، دونوں پہلوؤں میں چار بازو ہیں جن سے اُڑتا ہے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ زمین وآسمان متزلزل ہے، اس کی عمر ۱۸۰۰ سو برس کی ہوتی ہے، پانچ سو برس کے سن میں جفت ہوتا ہے، انڈے اس کے کوہ پیکر ہوتے ہیں، مادہ تین سو برس کے بعد انڈا دیتی ہے اور ۳۵ سال میں اس انڈے سے بچہ نکلتا ہے۔اہل عجم اس کو سیمرغ کہتے ہیں جس کی وجہ یہ ہے کہ اُن کے نزدیک عنقا میں ۳۰ قوی ہیکل جانوروں کی طاقت ہوتی ہے۔ یہ ہاتھی، گینڈا، بھینس کو لے کر اُڑتا ہے اور اس طرح نگل جاتا ہے جیسے چوہے کا شکار کرتا ہے۔عنقا مختلف رنگوں کا ہوتا ہے، خدا نے جتنے رنگ کے جانور پیدا کیے ہیں یہ اُن سب کے رنگوں کا مجموعہ ہے۔

علامہ علی حزین لکھتے ہیں کہ بعضے عنقا بالضم کہتے ہیں۔ یہ جس جانور کو شکار کرتا ہے شکم سیر ہو کر کھالیتا ہے اور پھر چھوٹے شکار کی طرف رُخ نہیں کرتا، دیگر حیوانات آ کر اس کا شکار کھاتے ہیں اور عنقا بلندی سے تماشہ دیکھتا ہے۔

زمخشری نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ اس جانور کی خلقت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عہد میں ہوئی اور خدا نے کلیم اللہ پر وحی کی کہ میں دو عجیب طائر خلق کرتا ہوں اور ان کا رزق بیت المقدس کے گرد جو وحشی جانور ہیں اُن کو قرار دیا ہے۔ (اے موسیٰ) تم کو ان دونوں سے میں نے مانوس کیا ہے اور بنی اسرائیل کے کھانے سے جو بچ رہے وہ اس کا حصہ ہے۔ عنقا کی نسل بڑھی اور جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وفات ہوئی تو عنقا نجد و حجاز کی طرف پھینک دیے گئے، وہاں درندوں کو کھایا کرتے تھے، بچوں کو اُٹھا لے جاتے تھے یہاں تک کہ خالد بن سنان کا زمانہ آیا یہ وہ وقت ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر جا چکے تھے اور جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت نہیں ہوئی تھی۔ عنقا ایک عروس کو زیورات سمیت اُٹھا لے گیا، لوگوں نے خالد سے شکایت کی کہ نبی کی دُعا سے نسل اُس کی قطع ہوگئی۔اور ایک قول یہ ہے کہ خدا نے عنقا کو خط استوا کے نیچے سمندر کی ٹاپو میں ڈال دیا ہے یہ وہ جزیرہ ہے جہاں کوئی پہنچ نہیں سکتا۔ مرزا دبیر صاحب مرحوم کے شعر میں ایک اشارہ لطیف اس کی طرف ہے۔

پیچیدہ بانگ دف ہوئی زہرہ کی ناف میں
سیمرغ کے حواس اُڑے کوہ قاف میں

میر انیس کہتے ہیں۔

عنقائے مغربی کی بھی گردن ہوئی بلند

مسکن سے باہر آگئے ساکن پہاڑ کے — سیمرغ اُٹھ کھڑے ہوئے پر اپنے جھاڑ کے

عنقائے مغرب کہنے کی وجہ یہ ہے عنقا جس کو شکار کرتا ہے وہ ناپید ہو جاتا ہے۔ خلیل بن احمد بصری کا قول ہے کہ عنقائے مَغرب صحیح نہیں ہے صحیح عنقائے مُغرب ہے۔ یہ اقوال مورخین اور سیاحوں کے ہیں جن کا احادیث شیعہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

جناب امیر المومنینؑ کا ارشاد ہے:

اَوَّلُ مَنْ جَحَدَ وَلَایَتِی الْعَنْقَاءُ فَغَابَتْ فِی الْبِحَارِ لَا تُرَی.

پرندوں میں میری ولایت سے سب سے پہلے عنقا نے انکار کیا تو وہ دریاؤں میں غائب ہو گیا تم اُس کو دیکھ نہیں سکتے۔

اہل سنت کا عقیدہ ہے کہ جب امام عصر حضرت حجت علیہ السلام ظہور فرمائیں گے اور حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام اُن کی جانب سے جہاد کریں گے اور غیر محصور انسان قتل ہوں گے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دُعا سے عنقا آئیں گے اور اُن لاشوں کو کھا جائیں گے اور بعض کو دریا میں پھینکیں گے۔ (نیق الموعظہ)

حکایت:

تمکس خان افغان، خواجہ حافظ شیرازی کے مقبرہ میں اس ارادے سے داخل ہوا کہ اُن کی قبر کو کھود ڈالے اور مقبرہ کو منہدم کر دے، یہ خیال امیر مذکور کو اُس وقت سے پیدا تھا جب سے حافظ کے تشیع کا یقین اُن کے اشعار سے ہوا، لوگ مانع ہوئے اور نوبت یہاں تک پہنچی کہ خود دیوان حافظ سے تفاول کیا جائے، فال جو دیکھی تو یہ شعر برآمد ہوا۔

اے تمکس عرصہ سیمرغ نہ جولانگہ تست — عرض خود می بری وزحمت ما داری

(کتاب الخزائن)

تمکس خان نادم ہو کر اپنے ارادہ سے باز رہا۔

تعبیر: عنقا کو خواب میں دیکھے تو گمشدہ دستیاب ہو۔

حکم: عنقا شکاری جانوروں میں ہے اور شکاری جانور حرام ہیں۔

ادبیات:

جو چیز گم ہو جاتی ہے اور پھر نظر نہیں آتی اُس کو عنقا کہتے ہیں۔ غالب کا شعر ہے۔

میری ہستی فضائے حیرت آباد تمنا ہے — جسے کہتے ہیں نالہ وہ اسی عالم کا عنقا ہے

شاعر نے اپنی ہستی کو حیرت آباد تمنا کی فضاء کہا ہے اور چونکہ تحیر کے عالم میں انسان کے منہ سے آواز نہیں نکلتی اس لیے نالہ کو عالم حیرت کی فضاء قرار دیا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ وہ اپنی تمنا میں ایسا محو ہے کہ نالہ تک منہ سے نہیں نکلتا۔ (شرح دیوانِ غالبؔ)

عنقا:

عنقا نسل ابراہیمؑ میں ایک بزرگ کا نام تھا جو حضرت شعیبؑ نبی کے باپ تھے۔ عنقا بن ثابت بن مدین بن ابراہیمؑ ان کا سلسلہ نسب ہے۔

بانگِ عنقا: علم موسیقی کے ایک پردہ کا نام ہے۔

پورِ عنقا: یہ لقب رستم کے باپ زال کا ہے جس کا نام وستان بھی تھا، شاہ نامہ میں اس کا ذکر ہے۔

خانہ عنقا: موسیقی میں ایک نوا کا نام ہے۔ سیف سفرنگی کہتے ہیں۔

ساز توشہ رہ از ریا کہ نتوان ساخت نوائے خانہ عنقا زپردۂ زنبور

عنکبوت

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
عنکبوت	کلاش	Spider	مکڑی

مکڑی کی قسمیں بہت ہیں جو مختلف رنگوں اور مختلف قدو قامت کی ہوتی ہیں۔ قزوینی نے عجائب المخلوقات میں بعض اقسام پر تبصرہ کیا ہے۔ مکڑی کو خدا نے یہ طاقت دی ہے کہ اپنے تھوک سے اپنا گھر ایک جال کی طرح تیار کرتی ہے۔ اُس کے جسم میں چھوٹی چھوٹی نلیاں ہوتی ہیں جس سے یہ رس آتا ہے۔ جو گھر صاف ستھرے نہیں رہتے اُن میں کسی کونے میں مکڑی ضرور جالا لگا دیتی ہے۔ مکڑی جالا لگانے میں بڑی محنت کرتی ہے اور جالے کے تاروں پر پھرتی سے دوڑتی ہے۔ ہوا لگنے پر جالا مضبوط ہوتا ہے۔ جالے کے خانے کبھی مدور، کبھی ہشت پہل، کبھی دوسری طرح کے ہوتے ہیں۔

جالے کے تار بہت باریک ہوتے ہیں اور خدا کی قدرت ہے کہ ایک چھوٹی مکڑی اپنے قدو قامت سے لمبا جالا لگاتی ہے۔ گذرگاہ میں جو ایک آدہ تار جالا نظر آتا ہے وہ مکڑی کے ایک جگہ سے دوسری جگہ گذرنے کا اثر ہوتا ہے ورنہ اس کی کارگذاری مکان کے گوشے یا بلند چھت میں نظر آتی ہے۔ بلندی کے جالے اپنے رنگ پر باقی نہیں رہتے، چھتوں کا جالا دھواں ایسا یا کبھی سیاہ معلوم ہوتا ہے اس کا

سبب یہ ہے کہ گرد و غبار یا لیمپ کا دھواں اُس کو رنگ دیتا ہے۔ بعض چھوٹے خاص درختوں سے مکڑی کو دلچسپی ہوتی ہے اُن پر مکڑیاں اس طرح جالا لگاتی ہیں کہ پتے بالکل چھپ جاتے ہیں، اس جالے کو بھی گرد و غبار اصلی حالت پر باقی رہنے نہیں دیتا۔ میں نے ایسے درخت بکثرت دیکھے ہیں جو جالے میں ڈھکے ہوئے ہیں۔ ایک قسم جالے کی زردی مائل چوبی دروازوں پر روپیہ سے کچھ بڑی نظر آتی ہے، اس کو دیکھنے والا جالا نہیں کہہ سکتا بالکل ابر ریشم کی ایسی ہوتی ہے، کہا جاتا ہے کہ اس میں مکڑی کے انڈے ہوتے ہیں، اس پر زیادہ تر بڑا مکڑا بیٹھا رہتا ہے۔ مکڑی جب گھر بنا چکتی ہے تو خود کسی گوشہ میں شکار کا انتظار کرتی ہے، جس وقت مچھر مکھی جالے میں آکر پھنستا ہے فوراً اس کو پکڑ لیتی ہے اور کبھی ایسا بھی دیکھا گیا ہے کہ جالے سے نکل کر شکار تلاش کرتی ہے۔ مکڑی اپنا شکار بڑی حکمت سے کرتی ہے، اُس پر حملہ کر کے جس میں اپنے پنجے چبھو دیتی ہے اور زہر پہنچا کر الگ ہو جاتی ہے اور یہ دیکھنے لگتی ہے کہ اس کے حملہ کا اُس پر کیا اثر پڑا، جب وہ مر جاتا ہے تو جالے میں پھنسا دیتی ہے اور جب چاہتی ہے کھا لیتی ہے۔ قرآن مجید میں ہے:

مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۭ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ (عنکبوت: ۴۱)

جن لوگوں نے خدا کے سوا دوسرے کارساز تیار کیے ہیں اُن کی مثل اس مکڑی کی سی ہے جس نے ایک گھر بنایا اس میں شک نہیں کہ تمام گھروں سے بودا گھر مکڑی کا ہوتا ہے۔

خدائے قادر و توانا کا یہ اقتدار ہے کہ جب اپنے حبیب کو غار ثور میں ہجرت کی رات مہمان کیا تو باوجود اس قدر بودے گھر ہونے کے اس نے جالے کو اس قدر قوی کر دیا کہ تار عنکبوت پر آشیانہ کبوتر کی بنیاد قائم ہوئی، کبوتر نے انڈے دیئے، وزن اور بڑھا مگر ذرا جنبش نہ ہوئی:

قال بعض العارف: یکفی الْعَنْكَبُوت فخرا و شرفا نسجه علی رسول اللہ الغار۔

مکڑی کے شرف اور فخر کے لیے یہ کافی ہے کہ اُس نے رسول اللہؐ کی حفاظت کے لیے دہن غار پر جالا لگایا۔

یہ فرماتے تھے سرورِ نامدار — کہ مکڑی نے پھیلا دیئے اپنے تار
چھپانے کے سامان خدا نے کیے — کبوتر نے وہاں انڈے دیئے
یہ سمجھے جو ہوتا کوئی یہاں چھپا — تو جنگلی کبوتر نہ پھر بیٹھتا

جو ہوتے یہاں شاہِ والا بھلا لگا رہتا مکڑی کا جالا بھلا

عنکبوت بھی مسخ جانوروں میں ہے، یہ ایک بد خلق عورت تھی جو شوہر کی نافرمانی کرتی تھی، خدا نے مکڑی کی صورت میں مسخ کر دیا۔ سعید بن علاقہ کہتا ہے میں نے جناب امیرؑ کو فرماتے ہوئے سنا کہ:

تَرْكُ نَسْجِ الْعَنْكَبُوتِ فِي الْبَيْتِ يُورِثُ الْفَقْرَ. (خصال)

گھر میں مکڑی کا جالا رکھنا فقیری اور تنگدستی کا سبب ہے۔

دوسری جگہ وصف دنیا میں فرماتے ہیں۔

اِنَّمَا الدُّنْيَا فَنَاءٌ لَيْسَ لِلدُّنْيَا ثُبُوتٌ اِنَّمَا الدُّنْيَا كَبَيْتٍ نَسَجَتْهُ الْعَنْكَبُوت

دنیا فانی ہے اُس کو قرار و ثبات نہیں، دنیا اُس گھر کی طرح ہے جو مکڑی اپنے رہنے کے لیے جال کا بناتی ہے۔

ملک ایران میں ایک عجیب مخلوق:

عصر حاضر کے بعض ایرانی اخبار رقم طراز ہیں کہ مقام ناصریہ جنوبی ایران میں ایک عجیب و غریب قسم کی جاندار شئ ایک تاجر کہیں سے لایا ہے جس کا منہ اور سر نہایت ہی خوبصورت عورت کا ہے سر کے بال بھی لمبے ہیں اس کا دھڑ مکڑی کا ہے اور چھ ٹانگیں ہیں دھاگوں کا جالا بنا ہوا ہے جس پر وہ مکڑی کی طرح بیٹھی ہے، قد (۱۔۱/۲) فٹ سے زیادہ نہیں ہے، ایک ہوٹل میں بطور نمائش کے ٹکٹ لگا کر یہ عورت دکھائی جارہی ہے، اس کے مالک سے کسی نے پوچھا کہ یہ بولتی ہے تو مالک نے جواب دیا کہ ہاں خوب بولتی ہے اُس پر ایک شخص نے گفتگو شروع کیا:

تماشائی: ہندی می دانی

مکڑی: نہ

تماشائی: ایرانی می دانی

مکڑی: بلے

تماشائی: نام شما چیست

مکڑی: مریم

تماشائی: ملک شما چیست

مکڑی: افریقہ

تماشائی: پدرت کیست

مکڑی: عنکبوت

تماشائی: در افریقہ کجا بودی

مکڑی: در جنگل

تماشائی: جنگل خوب تراست یا ویران

مکڑی: خوبست

اس گفتگو سے لوگ حیران ہیں اور لوگ دیکھنے برابر آ رہے ہیں (اخبار شیعہ لاہور ۸ ردسمبر ۱۹۷۳ء)

اگر کوئی مری ہوئی مکڑی مل جائے تو اُس کی جانچ خوردبین سے کرو تو اُس میں صرف دو حصے دکھائی دیں گے، پہلے حصہ میں سر اور آٹھ ٹانگیں ہوتی ہیں، پچھلے حصہ میں چھید دار کانٹے ہوتے ہیں جس میں سے وہ تار نکلتا ہے جس کا جالا مکڑی بناتی ہے، یہ ار ہوتے ہیں۔ یہ تار شروع میں چپکتا ہوا ہوتا ہے مگر ہوا میں سوکھ جاتا ہے، اس تار کو یہ اپنی پچھلی ٹانگوں کی مدد سے بنتی ہے، مکڑی کے کچھ جالے اتنے مضبوط ہوتے ہیں کہ آدمی کو اُن کے توڑنے میں دقت معلوم ہوتی ہے۔ بنتے وقت مکڑی تار کے سرے گوند سے دیواروں یا شاخوں میں چپکا جاتی ہے۔ مکڑی کی آٹھ ٹانگیں ہوتی ہیں۔ مکڑی انڈے سے نکلتے وقت بھی مکڑی کی صورت میں ہوتی ہے۔ (سائنس اور مطالعہ قدرت)

تعبیر: مکڑی کو خواب میں دیکھے تو مکاروں کا سامان ہو۔

خواص: بڑا مکڑا اکسیر احمر کے اجزاء میں قوی جز ہے اس سے کیمیا کے ماہر سونا بناتے ہیں۔

حکم: حرام ہے۔

عنکبوتیہ: آنکھ کے ایک چمکدار پردے کا نام ہے جو مکڑی کے جالے کی طرح ہوتا ہے۔

مکڑی بازار: پشاور کے ایک محلہ کا نام ہے جہاں دو امام باڑہ ہیں۔

سورہ عنکبوت: مکہ میں نازل ہوا جس میں ۶۹ آیتیں ہیں۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص اس سورہ کو اور سورہ روم کو ماہ رمضان کی تیئسویں شب کو پڑھے تو خدا کی قسم وہ اہل بہشت سے ہے۔

ادبیات:

مکڑی کے نر کو مکڑ کہتے ہیں اور مکڑا کہنا غلط اور غیر فصیح ہے۔ افسوس ہے کہ سر اقبال نے مکڑا نظم

کیا ہے جس کی سند اساتذہ کے کلام میں نہیں ہے۔

اک دن کسی مکھی سے یہ کہنے لگا مکڑا   اس راہ سے ہوتا ہے گذر روز تمہارا

(غ)

غراب

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
کوّا	Crow	زاغ	غراب

کوا کالے رنگ کا مشہور پرندہ ہے جو صبح سویرے سے گھروں میں آتا رہتا ہے، یہ بہت ہوشیار جانور ہے اور آدمی کے قریب نہیں پھٹکتا، بہت مشکل سے پکڑا جاتا ہے۔ عجائب المخلوقات میں قزوینی نے لکھا ہے کہ اس کی عمر ہزار سال ہوتی ہے۔ دمیری نے اس کو وہم بتایا ہے۔ حافظ کا قول ہے کہ پرند اپنے بچہ کو بڑے ہونے کے بعد بھول جاتے ہیں مگر کوا کبھی نہیں بھولتا۔

کوے جھنڈ کے جھنڈ ایک ساتھ بسیرا کرتے جاتے ہیں اور شور مچاتے ہیں اور صبح ہوتے ہی روزی کی تلاش میں نکل جاتے ہیں، کوؤں کی روزی زیادہ تر آدمیوں کے جھوٹے کھانے پر ہے، کوے جانتے ہیں کہ کس کس وقت اُن کو کھانا ملے گا، جب کھانے کا وقت آتا ہے تو کوئی ہوشیار کوا دوسرے کوؤں کو خبر کر دیتا ہے۔ اگر کسی گھر سے دھواں اُٹھتے دیکھ لیتے ہیں تو فوراً پہنچ جاتے ہیں۔ جب کبھی بھیا آتی ہے تو کوے مینڈک اور کیکڑے کھاتے ہیں۔ کچھ کوے کھیتوں میں کیڑے مکوڑے تلاش کرتے ہیں، کچھ مویشیوں کے ساتھ چراگاہوں میں پہنچتے ہیں اور اُن کے جسم سے کلیاں کرید کر کھاتے ہیں۔ اگر صبح و شام کہیں پتنگے نکل پڑیں تو وہ جمع ہو کر پیترے بدل بدل کے اُن کا شکار کرتے ہیں۔ کوے اپنے بچوں کو بہت دنوں تک بھراتے ہیں۔ مرے ہوئے کوے کو دیکھ کر بہت شور مچاتے ہیں۔

کوے کی بہت سی قسمیں ہیں:

۱): عربستان میں بعض کوے سفید بھی ہوتے ہیں۔

۲): کھیتوں میں جو کوا رہتا ہے اُس کا رنگ خاکستری ہوتا ہے۔

۳): پہاڑی کوے کا قد کسی قدر بڑا اور رنگ زیادہ سیاہ چمکدار ہوتا ہے، اس کی آواز بھی بھاری ہوتی ہے۔

۴): عرب میں کوے کی ایک قسم غراب اعصم ہے جو نادر الوجود سمجھا جاتا ہے، یہ لفظ کلام عرب میں کثرت سے استعمال ہوا ہے۔ حدیث میں ہے:

مَثَلُ الْمَرْأَةِ الصَّالِحَةِ فِي النِّسَاءِ كَمَثَلِ الْغُرَابِ الْأَعْصَمِ.

تمام عورتوں میں نیک بخت عورت کی مثال ایسی ہے جیسے غراب اعصم۔ اس حدیث کو دمیری نے بھی نقل کیا ہے۔

یہ کوا کیسا ہوتا ہے اس کے بارے میں اہل تحقیق کے چند قول ہیں۔

الف: اس کا پوٹہ سفید ہوتا ہے۔

ب: اس کے بازو سفید ہوتے ہیں۔

ج: "جناب رسالت مآب ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس کوے کے ایک پاؤں سفید ہو اُس کو اعصم کہتے ہیں"۔ اس طرح کا کوا بہت ہی کم نظر آتا ہے۔ کلام عرب میں یہ مثل بھی ہے:

أعز من الغراب الأعصم. فلاں چیز غراب اعصم سے زیادہ نادر ہے۔

۵): غراب البین بینونۃ کے معنی افتراق اور جدائی کے ہیں اس کا ترجمہ فارسی میں زاغ فراق ہے۔ محقق طریحی کی تحقیق ہے کہ یہ دو قسم کا ہوتا ہے، ایک چھوٹے قد کا جو رنگ اور قد و قامت میں معمولی کوے کی طرح ہے، دوسرے وہ کوا ہے جو سرائے سے جب قافلہ چلے جاتے ہیں اُس وقت پہنچتا ہے اور مسافروں کا جھوٹا کھانا یا بقیہ سامان خرد و نوش کھاتا ہے اس لیے اس کو عرب غراب البین کہتے ہیں۔

فاضل عبدالرشید مدنی کی تحقیق یہ ہے: وغراب البین زاغ بیشہ باسرخ منقار و پا و آن زاغ دلیل فراق است۔ (صفحہ ۸۳، منتخب اللغات)

۶): کوئل بھی کوے کی قسم ہے جو صرف ہندوستان میں پائی جاتی ہے۔ صاحب مخزن المفردات نے لکھا ہے کہ اسی کو اردو میں کوکلا بھی کہتے ہیں۔ وہ تحریر کرتے ہیں کہ یہ ایک پرند ہے سیاہ رنگ کا برابر کوے کے، اس کے پر جلائے ہوئے زخموں میں بھرتے ہیں۔ اس کی آواز موسم بہار میں نہایت وجد آگین ہوتی ہے۔ باغوں میں "کوکو" کی صدا سے معلوم ہوجاتا ہے کہ کوئل موجود ہے، اس کو آم سے عشق ہوتا ہے۔ بعض عوام کا خیال ہے کہ یہ کوے کی مادہ ہے اور اس میں نر نہیں ہوتا، یہ تحقیق صحیح نہیں ہے۔ خواجہ حالی کہتے ہیں۔

کوئل کی ہے کوک جی لبھاتی   گویا کہ دل میں بیٹھی جاتی

(ولہ)

کوئل کو نہیں قرار اک پل　　ایسی کوے تو نے کوک دی کل

۷): بھجنگا بھی کوے کی قسم ہے، یہ قد میں کوے سے چھوٹا مگر دم لانبی ہوتی ہے، اس کی سیاہی دوسرے کوؤں کی بہ نسبت زیادہ ہوتی ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ بھجنگا کوئل کا نر ہے اور اسی کو پپیہا بھی کہتے ہیں۔ باغوں میں صبح صادق سے پہلے چہچہاتا ہے۔

۸): سفید کوا بھی بعض شہروں میں دیکھا گیا ہے۔ قیصر باغ کے عجائب خانہ میں موجود ہے۔

۹): پن کوا قیصر باغ کے عجائب خانہ میں ہے۔

قزوینی کی تحقیق یہ ہے کہ کوا گرمی میں پانی نہیں پیتا، تجربہ اس کے خلاف ہے۔ کوے کو برگد کے پھلوں سے بڑی محبت ہوتی ہے۔ چنانچہ کہتے ہیں۔

آتی ہے فصل خزاں پکنے کو ہیں برگد کے پھول　　دیکھنا ہو جائیں گے کوؤں کے ریلے عندلیب

کوا لالچی بہت ہوتا ہے بعض اوقات جو چیزیں کھانے کی نہیں ہوتیں وہ بھی اٹھا لے جاتا ہے۔ منشی اسیر کہتے ہیں۔

تیرہ بختی کے اثر نے شام سے گل کر دیا　　صبح کو کوے اٹھا کر شمع تربت لے گئے

کوا بہت تڑکے آشیانہ سے نکل کر اڑ جاتا ہے۔ جعفر زٹلی کا شعر ہے۔

جعفرا زاغ بہتر از تو　　کہ دم صبح می شود بیدار

کوا عموماً لوگوں کی نظروں سے چھپ کر جوڑا کھاتا ہے اور جب کوئی بچہ نکلتا ہے تو سفید رنگ کا چربی کی طرح ہوتا ہے، اُس وقت کوا اس سے نفرت کرتا ہے اور دانا نہیں بھراتا تو رزاق عالم اس کے پاس ایک قسم کے مچھر بھیجتا ہے جن کو کھا کر اس کے بال و پر میں سیاہی دوڑتی ہے اور ماں باپ اپنا بچہ سمجھ کر بھرانا شروع کرتے ہیں۔ بہت ممکن ہے کہ یہ تحقیق صحیح ہو، دمیری نے بھی اس کا اعتراف کیا ہے، اور دعا میں معصومؑ نے اسی کی طرف اشارہ فرمایا ہے:

یَارَازِقَ النَّعَابِ. اے بچہ زاغ کو رزق پہنچانے والے۔

عربی میں کوے کے بچہ کو نعاب کہتے ہیں۔ حدیث میں ہے کہ کوا کہتا ہے:

اِنَّ الْبُعْدَ مِنَ النَّاسِ اُنْسٌ. مخلوق سے دوری مجھے مانوس ہے۔

اور امام حسینؑ کا ارشاد ہے کہ کوا کہتا ہے:

یَارَازِقُ ابْعَثِ الرِّزْقَ الْحَلَالَ. اے رازق حلال روزی بھیج۔

(بحار کتاب السماء والعالم)

کیا کوّا خبر دیتا ہے:

عوام میں عموماً یہ مشہور ہے کہ کوّا گھر کی دیوار پر بیٹھ کر خبر دیتا ہے جس کو لوگ وہم پرستی سمجھتے ہیں مگر علم حیوان میں اس کا اثر موجود ہے۔ صاحب رسالہ حیوانات نے لکھا ہے کہ اگر کوّا دو آوازیں دے تو خوب ہے اور اگر تین صدائیں بلند کرے تو اچھا نہیں ہے۔ محقق طریحی نے غراب البین کے سلسلہ حالات میں لکھا ہے کہ وہ بہت زیادہ کالا کوّا ہے، مصیبت زدہ کی طرح نوحہ کرتا ہے، اپنی صدا سے دوست واحباب میں جدائی کی خبر دیتا ہے اگر کسی مجمع کو دیکھتا ہے تو اُس کے پراگندہ ہوجانے کی اطلاع دیتا ہے اور جو زمین آباد دیکھتا ہے اُس کے خراب وتباہ ہوجانے کی پیشین گوئی کرتا ہے، وہ گھر کے رہنے والے اور آنے والے مہمان سے باخبر رہتا ہے، عمارتوں کے انہدام کو پہچانتا ہے، زمین پر چلنے والوں کو وقت سوئچ نزدیک آجانے کی خبر دیتا ہے۔ (مجمع البحرین)

مفتی صاحب قبلہ مرحوم ؎

دبکہ پیش نظر شاہ گدا کوس زند　　　　زاغ کہ طعنہ تواند کہ بطاؤس زند

(قصر المومنین، ص ۱۰۰)

کیا کوّا لالچی ہے:

کوئی کی بینائی بہت زیادہ تیز ہوتی ہے، کوے کو حرص پسند اور لالچی سمجھا جاتا ہے۔

حدیث امام جعفر صادق علیہ السلام میں اس کا ذکر ہے:

اَلَا اِنَّ شِیْعَتَنَا قَدْ اَعَاذَهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ مِنْ سِتٍّ مِنْ اَنْ یَطْمَعُوا طَمَعَ الْغُرَابِ اَوْ یَهِرُّوْا هَرِیْرَ الْکِلَابِ اَوْ یُنْکَحُوْا فِیْ اَدْبَارِهِمْ اَوْ یَلِدُوْا مِنَ الزِّنَا اَوْ یُوْلَدَ لَهُمْ مِنَ الزِّنَا اَوْ یَتَصَدَّقُوْا عَلَی الْاَبْوَابِ. (خصال، ص ۱۶۳)

آگاہ ہو کہ ہمارے شیعوں کو خدا نے چھ چیزوں سے اپنی پناہ میں رکھا ہے، اس بات سے کہ وہ کوے کی طرح لالچ کریں یا کتے کی طرح بھونکیں، یا وطی فی الدبر کریں یا حرام زادے ہوں یا رئیسوں کے دروازوں پر بھیک مانگیں۔

نام نہاد مسلمانوں نے حضرت بلال کو اُن کے رنگ کی سیاہی سے غراب کہنا شروع کیا تھا جو گستاخی تھی۔

کوّے کی تعلیمات:

خداوند عالم نے ظلم پسند انسان کو سب سے پہلی تعلیم کوّے ہی کے ذریعے سے دی چنانچہ جب

حضرت آدمؑ نے اپنے بیٹے ہابیلؑ کو اپنا وصی و جانشین کرنے کا فیصلہ کرلیا تو ہابیلؑ کے بھائی قابیل نے حسد سے بھائی کو قتل کر دیا، یہ پہلا خون تھا جو بنی نوع انسان میں بڑی بے دردی کے ساتھ ہوا، بھائی کو قتل کر کے قابیل حیرت زدہ تھا کہ اس مجروح لاش کو کیا کرے، خدا نے دو کوے بھیجے اور ایک نے دوسرے کو مار ڈالا اور اپنی چونچ سے گڑھا کھود کر زمین میں دفن کر دیا۔ قرآن مجید نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے:

فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ۔

پس خدا نے کوے کو بھیجا وہ زمین کریدنے لگا تا کہ قابیل کو دکھائے کہ بھائی کی لاش کیوں کر چھپانی چاہیے۔

قابیل نے یہ روح فرسا منظر دیکھ کر کہا:

يٰوَيْلَتٰٓى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ۔ (مائدہ:۳۱)

ہائے افسوس کیا میں اس سے بھی عاجز ہوں کہ اس کوے کی برابری کر سکوں تو اپنے بھائی کی لاش چھپا دیتا۔

اس واقعہ کا سب سے بڑا افادی پہلو یہ ہے کہ واردات قتل کے موقع پر خدا اس پرند کو تعلیم کے لیے بھیجتا ہے جو سیاہ پوش ہے اس سے رسم سوگواری کی بنیاد پر روشنی پڑتی ہے۔

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے:

تَعَلَّمُوا مِنَ الْغُرَابِ ثَلَاثَ خِصَالٍ اسْتِتَارَهُ بِالسِّفَادِ وَ بُكُوْرَهُ فِي طَلَبِ الرِّزْقِ وَحَذَرَهُ. (خصال، ص۴۹)

کوے سے تین خصلتیں سیکھو۔ چھپ کر مباشرت کرنا اور تڑکے روزی کی تلاش میں گھر سے نکلنا۔

یہ حدیث جہاں ہماری معاشرتی اصلاح کی ضامن ہے وہاں اس سے بیالوجی کا ایک مسئلہ بھی حل ہو رہا ہے۔ عرب گمان کرتے تھے کہ کوا جفت نہیں ہوتا، پیغمبرؐ نے اس غلط فہمی کو رفع کر دیا اور بتایا کہ بغیر نر و مادہ کے نسل کیوں کر قائم ہو سکتی ہے، اس کا اثر یہ ہوا کہ یا تو کلام عرب میں تھا: (اَنَّ الْغُرَابِ لَا يسفد) کوا جوڑا نہیں کھاتا، یا یہ مثل مشہور ہوئی: (اَخْفٰى مِنْ سِفَادِ الْغُرَابِ) فلاں چیز کوے کے جفت ہونے سے بھی زیادہ مخفی ہے۔

حضرت عبدالمطلبؑ نے جب مکہ میں چاہ زم زم کے نشان محو ہو جانے کے بعد مصمم ارادہ کرلیا کہ اس کنویں کو دریافت کریں تو قدرت کی طرف سے آپ کو راہنمائی ہوئی اور عالم رؤیا میں چاہ زم زم کی

جگہ دیکھی، خدا نے خواب میں یہ بھی بتایا کہ جب کنواں کھودنا شروع کرو گے تو تم کو دو علامتیں ملیں گی، ایک چیونٹی کا جنگل دوسرے کوے کا آشیانہ۔ حضرت عبدالمطلبؑ نے مقررہ زمین کھودنا شروع کی تو چیونٹیاں نکلیں اور کوے کا گھونسلہ بھی اُس زمین پر ملا جس سے کوّا نکل کر پرواز کر گیا۔ جناب عبد المطلبؑ نے اُسی جگہ کنواں کھود کر چاہ زم زم بنایا۔

احادیث شیعہ میں غراب کا ذکر کئی جگہ ہے۔ بہشت کے درخت طوبیٰ کے ذکر میں ہے:

وَلَوْ طَارَ مِنْ اَسْفَلِهَا غُرَابٌ مَا بَلَغَ اَعْلَاهَا حَتّٰى يَسْقُطَ هَرِماً

اگر اس کے نیچے سے کوّا پرواز کرے تو بڈھا ہو کر گر پڑے گا اور بلندی تک نہ پہنچے گا۔

ممکن ہے کہ اس حدیث میں کوے کا اختصاص اس لیے ہو کہ بنا بر تحریر قزوینی عالم اہل سنت کوّا ہزار برس تک زندہ رہتا ہے۔

ایک شخص جناب رسالت مآب ﷺ کی موجودگی میں نماز پڑھنے لگا اور جلد جلد رکوع سجود کر کے نماز تمام کی۔ آپؐ نے فرمایا: (نَقَرَ كَنَقْرِ الْغُرَابِ)، یہ کوے کی طرح ٹھونگے مارتا ہے۔

سابق کے بیان سے ثابت ہو چکا ہے کہ مسافر کے لیے جو چیزیں منحوس ہیں اُن میں کوے کا سامنے آنا بھی ہے۔ خصال میں اس مقصد کو یوں ادا کیا گیا ہے:

اَلْغُرَابُ النَّاعِقُ عَنْ يَمِيْنِهِ النَّاشِرُ لِذَنَبِهٖ.

کوّا مسافر کے داہنی طرف سے بولے اس طرح کہ دُم پھیلائے ہوئے ہو تو سفر کرنا مبارک نہیں ہے۔

جناب سید مرتضیٰ علم الہدیٰ کی تحقیق یہ ہے کہ جب کوّا بغیر اس کے کہ گردن لمبی کر کے بولے تو اُس کو نعیق کہتے ہیں، اور جب گردن بڑھا کر بولے تو نعاب کہتے ہیں۔ (عذدرد)

کوّا اُن جانوروں میں ہے جن کے مارنے کا حکم ہے:

قال: كنت معه في طريق مكّة. فنزلنا بسرف فإذا نحن بغراب ينعق في وجهه. فقال له: مت جوعا. فبالله ما تعلم شيئا إلّا نحن نعلمه، و نحن أعلم بالله منك. ثمّ قال: إنّه يقول: سقطت ناقة بعرفات. (مدینۃ المعاجز: ص ۳۶۶)

جناب امیرؑ ایک مرتبہ خطبہ میں فرما رہے تھے:

اَلَا وَاِنِّيْ اَخُوْ رَسُوْلِ اللهِ وَ ابْنُ عَمِّهٖ وَ وَارِثُ عِلْمِهٖ وَ مَعْدِنُ سِرِّهٖ وَ عَيْبَةُ ذُخْرِهٖ مَا يَفُوْتُنِيْ مَا عَمِلَهٗ رَسُوْلُ اللهِ.

آگاہ ہو کہ میں ہی پیغمبرؐ خدا کا برادر اور اُن کا چچازاد بھائی اور اُن کے علم کا وارث اور اسرار کا معدن اور اُن کا خزینہ دار ہوں۔ پیغمبرؐ نے مجھ کو جو کچھ تعلیم کیا تھا وہ میں نے فراموش نہیں کیا۔

حاضرین میں ایک شخص کو کچھ عذر ہوا اور شان میں گستاخی کی۔ آپؑ نے فرمایا کہ شقاوت پر آمادہ ہے اس پہ کلام تمام نہ ہوا تھا کہ وہ کوے کی صورت میں مسخ ہو گیا۔

حدیث میں ہے:

وَ الْغِرْبِيْبُ مِنَ الرِّجَالِ فَلَا تَرَى لِلّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ خَلْقاً غِرْبِيْباً وَ هُوَ الَّذِى قَدْ طَالَ عُمْرُهُ فَلَمْ يَبْيَضَّ شَعْرُهُ وَ تَرَى لِحْيَتَهُ مِثْلَ حَنَكِ الْغُرَابِ اِلَّا كَانَ عَلَيْنَا مُؤَالِباً وَلِاَعْدَائِنَا مُكَاثِراً. (خصال، ص ۹۵، باب ۱۷)

بحار الانوار میں حضرت امام محمد باقرؑ نے اپنے پدر بزرگوار سے روایت کی ہے فرمایا اُنھوں نے جب روز عاشور امام حسینؑ شہید ہوئے:

جَاءَ غُرَابٌ فَوَقَعَ فِي دَمِهِ ثُمَّ تَمَرَّغَ ثُمَّ طَارَ.

اُس وقت ایک پرندہ آیا اور خون میں اُن حضرت کے لوٹا بعد اس کے پرواز کر گیا اور مدینہ پہنچ کر فاطمہ بنت الحسینؑ کی دیوار پر جو صغریٰ تھیں بیٹھا، اُس صاحبزادی نے پرند کی طرف نظر کی اور زار زار رونے لگیں۔

قَالَ الْاِمَامِ الْبَاقِرِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَنَعَتَّهُ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ فَقَالُوْا قَدْ جَاءَتْنَا بِسِحْرِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ.

امام محمد باقرؑ فرماتے ہیں جب صغریٰ نے خبر شہادت اپنے پدر کی اہل شہر سے بیان کی تو انھوں نے کہا یہ سحر خاندان عبد المطلبؑ ہے پس تھوڑے ہی دن کے بعد شہادت حسینؑ کی خبر مدینہ میں آئی۔

(بحار الانوار، ج ۱۰۔ ناسخ التواریخ، ج ۶، ص ۳۹۸، طبع بمبئی)

تعبیر: کوا خواب میں دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ پردیس کے عزیز اقربا بخیریت رہیں، کسی لالچی سے سابقہ ہو۔

حکم: کوے کی جتنی قسمیں ہیں وہ سب مذہب امامیہ میں حرام ہیں اور استثناء اُس کلاغ کا جو زراعت میں رہتا ہو اور رنگ اُس کا خاکستری ہو ثابت نہیں۔

خواص: کوے کا دل پاس رکھنا دافع تشنگی ہے، اس کے پر جلا کر مرہم لگانے سے بال روئیدہ ہوتے ہیں۔

ادبیات:

سیاہ فام انسان اور ہر کالی چیز کو کوے سے تشبیہ دیتے ہیں۔زمانہ سابق میں بادشاہوں نے چاکروں میں ایک عہدہ کوے ہکانے کا مقرر کیا تھا جو عموماً کسی عورت کو سزا کے موقع پر دیا جاتا تھا اور وہ کوے ہکنی کہلاتی تھی۔نقالی کی کوشش کرنے والے آدمی کے بارے میں کہتے ہیں کوا ہنس کی چال چلا اپنی بھولا۔میاں مشیر کہتے ہیں۔

مثل ہے یہ مشہور اے بدخصال　　　کہ کوا چلا ہنس کی جبکہ چال
تو اپنی بھی بھولا ارے بدگمان

حالی قومی انحطاط پر کہتے ہیں۔

کہتے ہیں غیر اُس کو ہم جنسوں میں اجلا دیکھ کر　　　یہ وہی کوا ہے لیکن ہنس کی چلتا ہے چال

کسی عقلمند انسان کے غلطی کرنے کی جگہ کہتے ہیں، ''سیانا کوا گو کھاتا ہے''۔

مستانہ چال چلنے والے کو آندھی کا کوا کہتے ہیں اس لیے کہ تندو تیز ہوا میں کوا اپنی طاقت پرواز میں کمی محسوس کرتا ہے اور دیوانہ وار ہوا کے جھونکے سے اُڑتا ہے۔

حناء برزاغ: سیاہ داغ جو مہندی کے سرخ رنگ میں نمودار ہو جاتے ہیں۔

دستم ز تمنائے تو اغشتہ داغ است　　　بیدرو کمالش کہ حناء بر زاغ است

صدائے زاغ کو شعراء نے ''غان'' کہا ہے۔سودا کہتے ہیں۔

کام اُن کا تیری تیغ نے ہر دم یہ کیا　　　نے عف کرے ہے سگ ہی نہ غان زاغ کو ہسار

کمان کو شعراء نے زاغ سے تشبیہ دی ہے۔

سبھے جو تیر تیر فغاں بن کے اُڑ گئے　　　زاغ کمان بھی طائر جاں بن کے اُڑ گئے

آتش کہتے ہیں۔

کلمہ پڑھیں گے دونوں مرے خانہ جنگ کا　　　زاغ کماں ہو اس میں کہ طوطہ تفنگ کا

فائدہ: حلق کے پارہ گوشت کو کوا کہتے ہیں جس کی عربی لھاۃ ہے۔

کوئی:

ایک طاقتور مچھلی ہے جو چھوٹی ہونے کے باوجود کشتیوں کو نقصان پہنچاتی ہے اس کا منہ کوے کی چونچ کا ایسا ہوتا ہے، یہ مچھلی بنگال میں زیادہ تر ہوتی ہے چونکہ چھلکا نہیں ہوتا اس لیے حرام ہے۔

کوّالی لی: ایک گھانس ہے چولائی کی طرح جو اکثر لوگ ساگ کی طرح کھاتے ہیں۔

کوّاپور: چھوٹی لائن کا ایک اسٹیشن ہے جو گھورکھپور سے گونڈہ کے راستہ میں واقعہ ہے۔

کوّا اپنے انڈوں کی حفاظت بہت کرتا ہے، اُس کو یہ ڈر لگا رہتا ہے کہ کوئی ان کے انڈوں کو چرا کر نہ لے جائے۔ اس کی چونچ لمبی نوکیلی اور مضبوط ہوتی ہے، اس کے پر کالے اور چمکدار ہوتے ہیں اور دو چھوٹی آنکھیں ہوتی ہیں، اس کی گردن سلیٹی رنگ کی ہوتی ہے، پنجے میں چار انگلیاں ہوتی ہیں تین آگے اور دو پیچھے۔ کوّا اپنا گھونسلا بہت اُونچے درخت جیسے پیپل، نیم پر بناتا ہے، گھونسلا کٹورہ کی طرح کھلا ہوتا ہے اور سوکھی ٹہنیوں کا بنا ہوتا ہے۔ کوے اپریل سے جولائی تک چار پانچ انڈے دیتے ہیں، انڈوں کا رنگ نیلا سا ہوتا ہے، کوّا ایک گھنٹہ میں قریب ۴۳ میل اُڑتا ہے۔

غزال

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
غزال	آہو برہ	Lawn	ہرنوٹا

عرب ہرن کے اُس بچہ کو غزال کہتے ہیں جو اپنے پیروں پر کھڑا ہو کر چلنے لگے اور سینگ نکل آئیں۔

حدیث میں ہے کہ جب غزال بولتا ہے تو کہتا ہے:

نَجِّنِیْ مِنَ الْاَذٰی. مجھے آزار سے نجات دے۔

جناب عبد المطلبؓ جب چاہ زم زم کھودوا رہے تھے تو کنویں سے عرب کے آثار قدیمہ جو مدفون تھے نکلنے لگے، خوش ہو کر تکبیر کہی اور یقین ہو گیا کہ یہی مقام چاہ زم زم ہے، جب کچھ اور زمین کھودی تو سونے کے دو ہرن برآمد ہوئے:

وهما الغزالان اللذان دفنت جرهم فيها حين خرجت من مكة.

یہ وہ طلائی آہو تھے جن کو جرہم نے جاتے وقت چاہ زم زم میں دفن کر دیا تھا، یہ بچہ آہو کسی زمانہ میں دروازہ کعبہ پر نصب تھے۔

خانہ کعبہ میں بنی ہاشم کی خدمات اس قدر اہم ہیں کہ مسلمان کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔

غالب کہتے ہیں۔

مشکیں لباس کعبہ علیؑ کے قدم سے جان　　　ناف زمین ہے نہ کہ یہ ناف غزال ہے

امام زین العابدین علیہ السلام کے معجزات میں ہے کہ آپؑ نے ایک مرتبہ غزال کو صدا دی وہ سامنے حاضر ہوا، فرمایا اس کو ذبح کرو، تعمیل حکم کی گئی اور ذبح کر کے گوشت بھونا گیا، فرمایا گوشت کھانا مگر ہڈی نہ ٹوٹے، جب سب سیر ہو گئے تو فرمایا کہ ہڈیاں کھال میں رکھ دی جائیں اُوپر وہ ہڈیاں رکھی گئیں اُدھر غزال زندہ ہو کر اُٹھ کھڑا ہوا۔

تعبیر: ہرن کے بچہ کو خواب میں دیکھے توحج کعبہ کی توفیق ہو۔

آتش ؎

معشوق آنکھ پھیرے نہ عاشق سے اے کریم　　　وحشی سے اپنے ہو نہ گریزاں غزال دوست

غضنفر

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
غضنفر	شیر درندہ		باگھ

باگھ کو عرب غضنفر کہتے ہیں۔ یہ لفظ بھی فاضل دمیری نے حیاۃ الحیوان میں نظر انداز کیا ہے۔ ابن فہد ہاشمی عالم اہل سنت نے غایۃ المرام در اخبار بلد الحرام میں جناب علی مرتضیٰ روحی فداہ کے القاب و اسما کے ذیل میں لکھا ہے:

مفرق الکتائب و مفرج النوائب غضنفر الهیجا بلا مریه و هزبر.

لشکروں کو پراگندہ کرنے والے، سختیوں کو بدل بہ کشائش کرنے والے، میدان نبرد کے غضنفر بلاشک اور ہزبر۔

(عبقات الانوار، حدیث سفینہ، ص ۳۳۹)

دیوان میں خود جناب امیرؑ کا ارشاد ہے ؎

صَیْدُ الْمُلُوْکِ اَرَانِبٌ وَ ثَعَالِبٌ　　　وَ اِذَا رَکِبْتُ فَصَیْدِیَ الْاَبْطَالُ

صَیْدِی الْفَوَارِسُ فِی اللِّقَاءِ وَ اِنَّنِی　　　عِنْدَ الْوَغَا لَغَضَنْفَرٌ قَتَّالٌ

بادشاہوں کے شکار لومڑیاں، خرگوش ہیں اور میں جب گھوڑے پر سوار ہو جاتا ہوں تو میرے شکار بہادر لوگ ہیں اور میں جنگ میں غضنفر قتل کرنے والا ہوں۔

غمام

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
بادل سفید رنگ کا		ابر	غمام

سفید بدلی کو غمام کہتے ہیں۔ یہ نام اس لیے رکھا گیا ہے کہ ابر آسمان کو چھپا دیتا ہے۔ قرآن مجید میں غمام کا لفظ چند مقامات پر آیا ہے۔ بنی اسرائیل کے ذکر میں ہے:

وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى۔ (البقرہ:۵۷)

ہم نے تم پر بادل کا سایہ کیا اور من وسلویٰ تم پر اُتارا۔

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ النبی صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم يَخْرُجُ الْمَهْدِيُّ وَعَلٰى رَأْسِهِ غَمَامَةٌ مُنَادِيُنَادِي هٰذَا الْمَهْدِيُّ خَلِيفَةُ اللهِ فَاتَّبِعُوهُ۔

(سیوطی فی عرف الوردی فی اخبار المہدی)

عبداللہ بن عمر روایت کرتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مہدی پیدا ہوا، اُس کے سر پر بدلی سایہ کیے ہوگی، غیب سے ندا کرنے والا ندا کرے گا یہ مہدی خدا کا خلیفہ ہے اس کا اتباع کرو۔

(کواکب المضیۂ فی فضائل العلویہ، ص ۴۳۴)

مولف عرض کرتا ہے کہ ''یخرج'' کا ترجمہ ''پیدا ہوگا'' غلط ہے اصل حدیث کے معنی یہ ہیں کہ وہ خروج کرے گا۔

تعبیر: اگر سفید ابر کو خواب میں دیکھے تو تابعین امام عصرؑ میں محسوب ہونے کی دعا کرے۔

غنم

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
بھیڑ، بکری	Sheep,Ewe		غنم

عرب بھیڑ بکری کو غنم کہتے ہیں جس کی جمع اغنام ہے۔ اس کو ہکاتے وقت اُن کی زبان سے حسب ذیل لفظیں نکلتی ہیں: اِس، ہش، ہج، قاع اور جب اپنے اغنام کو بلاتے ہیں تو کہتے ہیں بس۔

یہودیوں پر خدا نے بکری کی چربی حرام قراری تھی جس کا قرآن مجید میں ذکر ہے:

وَعَلَى الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِي ظُفُرٍ ۚ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَا إِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُورُهُمَا أَوِ الْحَوَايَا أَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ۚ ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُم بِبَغْيِهِمْ ۔ (انعام:۱۴۶)

ہم نے یہودیوں پر تمام ناخن دار جانور حرام کر دیئے ہیں اور گائے بکری دونوں کی چربی اُن پر حرام کردی ہے مگر جو چربی ان دونوں کی پیٹھ اور آنتوں پر لگی ہو یا ہڈی سے ملی ہو وہ حلال تھی ہم نے اُن کی سرکشی کی یہ سزا دی تھی۔

گوسفند اور بکریاں چرانا سنت انبیاء ہے، کوئی نبی شاید ہی ایسا گذرا ہوگا جس نے گوسفند یا بکریاں نہ چرائی ہوں۔ عصاء موسیٰ علیہ السلام سے جو خدمتیں لی جاتی تھیں منجملہ اُس کے بکریاں چرانا بھی تھا۔ کلیم خدا عرض کرتے ہیں:

هِيَ عَصَايَ أَتَوَكَّأُ عَلَيْهَا وَأَهُشُّ بِهَا عَلَىٰ غَنَمِي.

یہ میری لکڑی ہے میں اس پر سہارا کرتا ہوں اور اس سے اپنی بکریوں پر درخت کی پتیاں جھاڑتا ہوں۔

اس مقام پر بنی اسرائیل کا مہتمم بالشان قضیہ نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ عہد جناب داؤدؑ میں یوحنا نامی ایک شخص شب کو سو رہا تھا کہ اس کی بکریاں ایلیا کا کھیت چر گئیں، صبح کو ایلیا نے حضرت داؤدؑ کی عدالت میں دعویٰ کیا، یوحنا طلب ہوا اور اُس نے اپنی نیند کا عذر کیا، داؤدؑ نے نقصان کا جو اندازہ کیا تو یوحنا کی بکریوں کی قیمت کے برابر تھا، آپ نے یہ فیصلہ کر دیا کہ یوحنا اپنی بکریاں ایلیا کو دیدے۔ جب یہ دونوں باہر نکلے تو جناب سلیمانؑ سے ملاقات ہوئی، سلیمانؑ باپ کی تجویز سن کر فریقین کو لیے ہوئے باپ کی خدمت میں آئے اور نظر ثانی کی استدعا کی اور باپ کی خدمت میں عرض کیا جب تک یوحنا کھیت کی خدمت کرے اُس وقت تک اس کی بکریاں ایلیا کے پاس رہیں اور ایلیا اُس کے دودھ، اُون وغیرہ سے نفع اُٹھائے، اس کے بعد جب اس کا کھیت اصلی حالت میں آجائے تو بکریاں واپس کر دے۔ یہ فیصلہ داؤدؑ کو بہت پسند آیا اور اپنا حکم منسوخ کر دیا۔ قرآن مجید نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے:

وَدَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ إِذْ يَحْكُمَانِ فِي الْحَرْثِ إِذْ نَفَشَتْ فِيهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شَاهِدِينَ. فَفَهَّمْنَاهَا سُلَيْمَانَ ۚ وَكُلًّا آتَيْنَا حُكْمًا وَعِلْمًا. (انبیاء۷۸، ۷۹)

(اے رسول) ان کو داؤد اور سلیمان کا واقعہ یاد دلاؤ جب یہ دونوں ایک کھیتی کے بارے میں جس میں رات کے وقت کچھ لوگوں کی بکریاں گھس کر چر گئیں تھیں فیصلہ کرنے بیٹھے اور ہم ان لوگوں کے قصہ کو دیکھ رہے تھے کہ باہم اختلاف ہوا تو ہم نے سلیمان کو اس کا صحیح فیصلہ سمجھا دیا ہم ہی نے سب کو فہم سلیم

اور علم عطا کیا۔

جناب رسالت مآب ﷺ نے فخر کیا ہے کہ مجھے خدا نے پانچ چیزیں ایسی عطا فرمائی ہیں جو کسی کو نہ دی تھیں: زمین کو میرے لیے سجدہ گاہ اور سبب طہارت قرار دیا اور رعب و دبدبہ سے میری مدد کی (وَاُحِلَّ لِیَ الْمَغْنَمُ) اور بکریاں میرے لیے حلال کیں اور جوامع کلمہ مجھے مرحمت کیے اور شفاعت کا عہدہ دیا۔

وَقَالَ فِیْ خبرا آخر اَلْغَنَمُ اِذَا اَقْبَلَتْ اَقْبَلَتْ وَاِذَا اَدْبَرَتْ اَدْبَرَتْ وَالْاِبِلُ اَعْنَانُ الشَّیَاطِیْنِ اِذَا اَقْبَلَتْ اَدْبَرَتْ وَ اِذَا اَدْبَرَتْ وَ لَا یَجِیْءُ خَیْرُھَا اِلَّا مِنَ الْجَانِبِ الْاٰئمِ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللہِ فَمَنْ یَتَّخِذُھَا بَعْدَ ذَا قَالَ فَاَیْنَ الْاَشْقِیَاءُ الْفَجَرَۃُ۔

اسلام میں حکم بن ابی عاص جو صحابیِ رسولؐ تھا اس کا پیشہ یہ تھا کہ وہ بکرے اور مینڈھے کو خصی کیا کرتا تھا۔

نوف صحابیِ امیر المومنینؑ نے آپؑ کے انتقال کے بعد زمانہ کی حالتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کہا:

کُنَّا کَاَغْنَامٍ فَقَدَتْ رَاعِیْھَا تَخْتَطِفُھَا الذِّئَابُ مِنْ کُلِّ مَکَانٍ۔

ہم بکریوں کی طرح تھے جنھوں نے اپنے مالک کو گم کر دیا اور ہر طرف سے بھیڑیے اُن پر جھپٹیں اس محل پر امام کے پسماندگان میں امت کو اغنام سے تشبیہ دی ہے اور کربلا کے زلزلہ افگن واقعہ میں خود اہل بیت رسولؐ نے اپنی اسیری کو (ربقونا مثل الاغنام) کہہ کر ظاہر کیا ہے یعنی ہم کو شام میں بکریوں کی طرح رسی میں باندھا تھا۔

تعبیر: بکریوں کو خواب میں دیکھے تو حلال روزی ملنے کی توقع ہے۔

ادبیات: ابوالغنائم محمد بن علی بن محمد بن محمد مقطط کی کنیت ہے جو عمر اطرف کی اولاد میں تھی۔

غول

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
غول	بھوت پریت	Spirit	

عرب غول اُس دیو کو کہتے ہیں جو اپنے تئیں لوگوں کی نگاہ میں رنگ برنگ ظاہر کرے۔ حیوانات

کے سلسلہ میں اس کا تذکرہ موضوع سے خارج تھا مگر فاضل دمیری نے حیات الحیوان میں اس کا ذکر کیا ہے اس لیے ہم بھی لکھ رہے ہیں۔ دمیری نے غول کے معنی لکھے ہیں:

جنس من الجن و الشیاطین و سحرتھم۔

جنات اور انسان کی ایک قسم جو سحر کار ہیں۔

میاں مشیر نے انہیں معنوں میں حق و باطل کی تصویر کھینچی ہے۔

بھٹک کر رحارۂ میں وہ مثلِ غول ہوا داخلِ مکہ زوج بتول

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ: اِذَا تَغَوَّلَتْ لَکُمُ الْغُوْلُ فَاَذِّنُوا۔

جب تمہارے پاس راہ میں غول بیابان آئیں تو اذان کہو اور دوسری حدیث میں امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ شیطان محملوں اور کجاوں کے درمیان سے نکلتے ہیں اور اُونٹوں کو بھگاتے ہیں، ان کے دور ہونے کے لیے آیت الکرسی پڑھو۔

ابن شہر آشوب علیہ الرحمہ نے کتاب "ھواتف الجن" سے مناقب آلِ ابی طالبؑ میں یہ محیر العقول واقعہ نقل فرمایا ہے کہ محمد بن اسحاق نے یحییٰ بن عبداللہ بن حرث سے اور اُس نے اپنے باپ کی زبانی سلمان فارسی سے روایت کی ہے کہ ہم پیغمبر خدا کی خدمت میں تھے اور موسم بارش کا تھا دفعتہً ایک آواز غیب سے آئی، السلام علیک یا رسول اللہؐ، پیغمبرؐ نے جواب دے کر پوچھا کہ تم کون ہو، سلام کرنے والے نے عرض کیا کہ میں عرفطہ بن شمراخ بنی نجاح کے خاندان کا ایک شخص ہوں، جناب رسالت مآبؐ نام سنتے ہی پہچان گئے اور فرمایا کہ اپنی اصلی صورت میں ظاہر ہو، اُس نے تعمیل کی، اب جو حاضرین نے دیکھا تو ایک شخص اس شان سے کھڑا تھا کہ اُس کا منہ سینے میں، دانت لانبے، چہرہ پر کثرت سے بال، آنکھیں لانبی، ناخن درندوں کے پنجے کی طرح، اس مہیب شخص نے عرض کیا کہ اے پیغمبر کسی شخص کو میرے ہمراہ کیجئے تا کہ وہ میری قوم کو اسلام کی طرف دعوت دے میں اُس کو صحیح و سالم آپؐ کے پاس پہنچا دوں گا۔ جناب سرور کائناتؐ نے فرمایا کہ حاضرین میں کون شخص اس کے ساتھ جاتا ہے اور قوم جن میں تبلیغ کرنے کے لیے تیار ہے میں اُس کے لیے ضامن بہشت ہوتا ہوں، بزم میں سناٹا رہا اور تین مرتبہ پیغمبر خدا کے اس ارشاد پر جب کوئی انسان گوش بر آواز نہ ہوا تو حضرت علیؑ اُٹھ کھڑے ہوئے اور عرض کیا کہ میں جاتا ہوں، پیغمبر خداؐ نے جن سے تعارف کرایا اور کہا میں اُس شخص کو بھیجتا ہوں جو میری ہی زبان میں بات کرے گا اور وہی حکم دے گا جو میں حکم دیتا ہوں اور میری طرف سے قوم جن میں تبلیغ کرے گا۔ جن نظروں سے غائب ہوا اور جب رات کی تاریکی پھیل گئی تو سواری

لے کر حاضر ہوا جس پر پیغمبر خدا نے اپنے ہاتھ سے علیؑ کو بٹھایا اور مجھ کو آنکھوں پر پٹی باندھ کر عقب میں کر دیا اور حکم دیا کہ سلمان آنکھیں نہ کھولنا جب تک علیؑ کی آواز اذان نہ سنا۔ جس اُونٹ پر ہم سوار تھے وہ شتر مرغ کی طرح پرواز کرتا ہوا منزل تک پہنچا، میں سن رہا تھا کہ راستہ بھر علیؑ مرتضیٰ تلاوت قرآن کرتے رہے، تمام شب کے بعد سفر تمام ہوا اور شیر خدا کی آواز اذان کان میں آئی اُس وقت میں نے آنکھ کھولی اور اُونٹ سے اُترا تو جناب علی مرتضیٰ کی اقتدا میں نماز پڑھی، جب آقائے کونین نے سلام پھیرا تو دیکھتا کیا ہوں کہ ایک عظیم خلقت سامنے ہے اور مولا کھڑے ہوئے تسبیح پڑھ رہے ہیں یہاں تک کہ آفتاب نکلا اُس وقت آپؑ نے ایک خطبہ فصیح پڑھا اور جنوں کی صفیں سامنے نظر آئیں۔ آپؑ نے فرمایا کہ کیا حق کی تکذیب کرتے ہو اور قرآن سے روگرداں ہو، خدا کی نشانیوں کا انکار کرتے ہو، یہ کہہ کر اپنے گوشہ چشم سے آسمان کی طرف دیکھا اور یہ دعا پڑھی:

اَللّٰهُمَّ بِالْكَلِمَةِ الْعُظْمٰى وَ الْاَسْمَاءِ الْحُسْنٰى وَ الْعَزَائِمِ الْكُبْرٰى وَ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَ مُحْيِي الْمَوْتٰى وَ مُمِيْتِ الْاَحْيَاءِ وَرَبِّ الْاَرْضِ وَ السَّمَاءِ...... الخ

سلما کہتے ہیں کہ مجھے محسوس ہوا کہ پیروں کے نیچے کی زمین لرز رہی ہے اور فضاء میں ایک طلاطم ہے دفعۃً آسمان سے ایک آگ نازل ہوئی اور سارے جن منہ کے بل گر پڑے، میں بھی غش کھا کر گرا، جب مجھے افاقہ ہوا تو زمین سے ایک دھواں بلند تھا اور حضرت فرما رہے تھے کہ سروں کو اُٹھاؤ خدا نے ظالموں کو ہلاک کر دیا۔ اس مہتم بالشان کارگذاری کے بعد آپؑ نے پھر خطبہ شروع کیا اور فرمایا:

يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الشَّيَاطِيْنِ وَ الْغِيْلَانِ وَ بَنِيْ شِمْرَاخٍ وَ آلَ نَجَاجٍ وَ سُكَّانَ الْآجَامِ وَ الرِّمَالِ وَ الْقِفَارِ وَ جَمِيْعَ شَيَاطِيْنِ الْبُلْدَانِ اعْلَمُوْا اَنَّ الْاَرْضَ قَدْ مُلِئَتْ عَدْلًا كَمَا كَانَتْ مَمْلُوْءَةً جَوْرًا اَهٰذَا هُوَ الْحَقُّ.

اے گروہ جن و شیاطین اور غول بیابان اور بنی شمراخ و آل نجاح اور نرکلون کے جنگل اور ریگستان اور صحراؤں کے رہنے والوں اور ہر ہر شہر کے شیاطین آگاہ ہو کہ تمہاری زمین عدل سے لبریز ہو گئی جیسا کہ جور سے مملو تھی یاد رکھو حق یہی ہے، اس کے بعد یہ صدائیں آئیں کہ ہم خدا اور اُس کے رسولؐ اور رسولؐ کے پیام لانے والے پر ایمان لائے۔ جب ہم مدینہ پہنچے تو پیغمبر خدا نے پوچھا کہ کیا کیا، عرض کیا سب نے اطاعت کی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ وہ قیامت تک اب ڈرتے ہی رہیں گے۔

(مناقب آل ابی طالبؑ، ص ۱۹۹، جلد دوم)

تعبیر: غول بیابان کو خواب میں دیکھے تو سفر درپیش ہو، نئے تجربے حاصل ہوں۔

اُم غیلان: ببول کے درخت کو کہتے ہیں چونکہ عرب کا یہ خیال تھا کہ ببول پر بھوت پریت رہتے ہیں اس لیے اُس کو اُم غیلان کہنے لگے۔

(ف)

فاختہ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
فاختہ	کوکو	Dove	پانڈک

اس پرند کو عربی، فارسی، اردو تینوں زبانوں میں فاختہ کہتے ہیں۔ عربی میں فاختہ کا دوسرا نام صُلصل بھی ہے۔ عربی اصطلاح میں فاختہ اُس کو کہتے ہیں جس کے زیر گلو طوق ہوتا ہے۔ ہندوستان میں ایسی فاختہ کو قمری کہتے ہیں۔ غالب کا شعر ہے۔

گلشن میں بندوبست برنگ دگر ہے آج　　قمری کا طوق حلقہ بیرون در ہے آج

میر انیس کہتے ہیں۔

قمری کو بجز سیر و چمن کون ہے پیارا　　گردن سے کبھی طوق غلامی نہ اُتارا

فاختہ منحوس جانور ہے اس کی صدا سے سانپ بھاگتے ہیں۔ کعب الاحبار کا قول ہے کہ فاختہ کہتی ہے: کاش یہ سارے مخلوق پیدا نہ ہوئے ہوتے اور اگر خلق ہوئے تھے تو کاش جانتے کہ کس لیے پیدا کیے گئے ہیں اور جب یہ جانتے تو کاش عمل بھی کرتے۔

حدیث امام حسینؑ میں ہے کہ فاختہ کہتی ہے: یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ.

داؤد بن فرقد نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ مکان میں ہم نے فاختہ کی صدا سنی، فرمایا تم جانتے ہو فاختہ کیا کہتی ہے، عرض کیا نہیں، فرمایا یہ کہتی ہے: فقدمکم فقدمکم

پس تم اپنے ہلاک ہونے سے پہلے اس کو فنا کردو۔

دوسری حدیث میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ فاختہ نہ پالو۔

جناب اُم ہانی بنت ابی طالب علیہا السلام کا نام فاختہ تھا۔

(نورالاخبار ۳۲۲ ذریعہ ج ۱)

یہ سمجھنا صحیح نہیں ہے کہ یہ نام والدین کا رکھا ہوا ہے۔ عرب میں رواج تھا کہ بچی کی ولادت پر زچہ خانہ کے بیٹھنے والوں کی سب سے پہلے جس پر نگاہ پڑ جائے وہ نام رکھتے تھے۔ اگر چاند پر نظر گئی تو ابو ہلال، ہرن پر نگاہ پڑی تو ابوظبی۔ نص علیٰ ھذا۔ اُم ہانی کا حال سوانح حیات حضرت مسلم بن عقیلؓ میں دیکھو۔

دھتور فاختہ سے کسی قدر بڑا جانور ہے جو فاختہ ہی کی ایک قسم ہے۔ اس پر زیرِ گلو جھکیاں بنی ہوتی ہیں۔

تعبیر: اگر فاختہ خواب میں دیکھے تو بے دین عورت سے سابقہ ہو، اُس کی باتیں ناقابل اعتبار ہوں۔

خواص: گوشت اس کا دیر ہضم ہے اور نیند اُڑا دیتا ہے۔ اس کے پر کی دھونی چوتھے دن کے بخار کو نافع ہے۔

حکم: فاختہ کا گوشت مکروہ ہے۔ بہرک فاختہ کے مشابہ ایک چڑیا ہے جس کی چونچ دراز ہوتی ہے بظاہر اس کا گوشت بھی حرام نہیں ہے۔

ادبیات:

۱): دشمن کو حقیر سمجھنے کے موقع پر کہتے ہیں: وہ وقت گیا جب خلیل خان فاختہ اُڑاتے تھے۔
ذکی لکھنوی کہتے ہیں۔

وہ فاختہ نہ رہی اب خلیل خاں کے لیے

۲): اگر کسی سونے والے کے ہاتھ پر مذاق میں روئی رکھ کر جلادی جائے تو اس کو اردو میں فاختہ اُڑانا کہتے ہیں۔

۳): کسی غیر مستحق کے فیضیاب ہونے پر کہتے ہیں: دُکھ جھیلیں بی بی فاختہ کوے میوے کھائیں۔

الفارہ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الفارہ	موش	Rat	چوہا

چوہا بڑا شریر جانور ہے، اس کی کئی قسمیں ہیں۔

۱): موش اھلی یعنی جو چوہے گھروں میں رہتے ہیں ان کی بھی دو قسمیں ہیں۔ بڑے اور چھوٹے،

چھوٹی کو چوہیا کہتے ہیں جس میں نر اور مادہ برابر سے ہیں۔ سامان خورد و نوش کو ان کی ذات سے بہت نقصان پہنچتا ہے۔ چوہا اُن جانوروں میں ہے جو شبانہ روز اپنی روزی کی فکر میں سرگرداں رہتے ہیں اور انسان کو اس کی طرف سے دن رات اندیشہ رہتا ہے۔

۲): ولایتی چوہے سفید ہوتے ہیں جن کو لوگ پالتے ہیں۔ ان میں کا ایک چوہا اگر کسی گھر میں چھوڑ دیا جائے تو تمام چوہے بھاگ جاتے ہیں۔

۳): گلہری بھی چوہے کی قسم ہے، عرب اس کو فارۃ التمر یزی کا چوہا کہتے ہیں، در حقیقت پھلوں کو گلہری بہت زیادہ نقصان پہنچاتی ہے۔ گلہری رات کو نہیں نکلتی، اس کی آواز بہت بلند ہوتی ہے، گلہری بہت بھولی ہوتی ہے آسانی سے لوگ پکڑ سکتے ہیں، گلہری کو پیڑ بہت بھاتے ہیں۔

انشاء اللہ خان کہتے ہیں۔

کیوں گیلی انگلیوں سے تو مجھ کو لپٹی　　ہے ہے تری گلہری کیا مانگتی ہے پیڑا

اقبال۔

کوئی پہاڑ یہ کہتا تھا اک گلہری سے　　تجھے ہو شرم تو پانی میں جا کے ڈوب مرے

بعض گلہریاں پرواز کرتی ہیں۔ اُڑنے والی گلہری وسط اور جنوبی ہند میں پائی کاتی ہے۔

(عالم حیوانی)

۴): چھچھوندر بھی چوہے کی قسم ہے جو صرف رات کو نکلتی ہے۔ اُلو، چمگادڑ کی طرح اس کا باصرہ دن کی روشنی برداشت نہیں کر سکتا۔ اس کے جسم سے غیر معمولی بد بو آتی ہے۔ عجم اس کو موش کور کہتے ہیں۔ چھچھوندر نالے بھریوں گندے مقامات پر اکثر رہتی ہے۔

اس کی تھوتھنی بھی لمبی اور نوکیلی ہوتی ہے۔ زمین کھودنے اور اس کے اندر چلنے پھرنے کے لیے ایسا ہی بدن ہونا چاہئے۔ اُس کے پاؤں، پنجہ اور دُم دیکھو تو یہ سب اُس کے لیے زیبا ہیں۔ سامنے کے پنجے ایک طرح کے چوڑے چوڑے پھاوڑے کی طرح ہوتے ہیں جو آگے پیچھے دونوں طرف چل سکتے ہیں۔ اگر چھچھوندر کی لمبی ٹنگیں ہوتیں تو زمین میں اپنا گھر نہ بنا سکتی۔ اُس کے آگے کے پاؤں بھی انوکھے ہیں معلوم ہوتا ہے کہ اچھے خاصے ہاتھ ہیں۔ ہر پاؤں میں پانچ پانچ انگلیاں اور ہر انگلی میں لمبے تیز ناخون ہوتے ہیں۔ زمین کے نیچے چھچھوندر رہتی ہے اور اپنی غذا مٹی ہی کے اندر سے حاصل کرتی ہے۔ اُس کے بل کے پیچ در پیچ راستے ہوتے ہیں۔ چھچھوندر کی پشت ملائم اور چکنی ہوتی ہے، یہ چکناہٹ چھچھوندر کے بہت کام آتی ہے کیونکہ زمین کھودتے وقت جو مٹی گرتی ہے وہ اُس پر نہیں ٹھہرتی۔

اُس کی آنکھیں ڈھونڈنا بہت مشکل ہے وہ اتنی چھوٹی ہوتی ہیں کہ دکھائی نہیں دیتی اور روؤں میں چھپی رہتی ہیں۔کان اُس کے اس قدر تیز سنتے ہیں کہ ذرا سی آہٹ پا کر بھاگ جاتی ہے،اُس کے کان بھی بالوں میں چھپے رہتے ہیں۔وہ زیادہ تر کیچوے، گبریلے، چوہیاں، چھوٹے چھوٹے سانپ اور مینڈکیاں کھاتی ہے۔اُس کے دانت تیز اور نوکیلے ہوتے ہیں۔

۵): گھونس چوہے کی سب سے بڑی قسم ہے جو بہت زیادہ سخت جان ہوتی ہے،عجم اس کو خرموش اور عرب بلکشہ کہتے ہیں۔ہندوستان میں جب سے پلیگ پھیلا اس نے آبادی میں رہنا چھوڑ دیا اور معدوم ہوگئی۔

۶): چوہے کی ایک قسم ہے جس کو عرب خلد کہتے ہیں۔یہ چوہا فطرتاً نابینا ہوتا ہے،بجز جنگلوں کے کہیں نظر نہیں آتا،گھانس کی جڑیں کھا کر زندگی بسر کرتا ہے،اس کی مادہ جب جننے کو ہوتی ہے مرجاتی ہے،اس کو پیاز بہت پسند ہے۔فاضل میر حسن نے انفس النفائس میں اس کا ترجمہ چھچھوندر کیا ہے،یہ میرے نزدیک ناواقفیت ہے مؤلف کی۔

۷): فارۃ المسک: یہ چوہا تبت کی سرزمین پر ملتا ہے،اس کی ناف سے مشک پیدا ہوتی ہے۔

۸): ذات النطاق: اس چوہے کا اُپر کا جسم سفید اور نیچے کا دھڑ سیاہ ہوتا ہے،عرب اس کو عورت سے تشبیہ دیتے ہیں جو دو رنگ کے پیراہن پہنے ہو۔

تفسیر صافی میں ہے کہ جب نوحؑ کشتی بنانے سے فارغ ہوئے تو خدا نے حکم دیا کہ سریانی میں ندا کریں کہ تمام حیوانات جمع ہوں،کوئی حیوان باقی نہ رہا جو نہ آیا ہو اُن میں سے ایک ایک جوڑا لے لیا سوائے چوہے اور بلی کے۔کشتی پر پہنچ کر اہل کشتی نے جانوروں کی لید اور گندگی کی شکایت کی حضرت نوحؑ نے سور کو آواز دی اور اُس کی پیشانی پر ہاتھ پھیرا،اُس کو چھینک آئی،ناک سے اُس کی ایک جوڑا چوہے کا نکلا،چوہے کی نسل اسی سے قائم ہوئی۔یہ حدیث فریقیں میں مسلم ہے۔

حدیث میں ہے:

خَمسٌ فَوَاسِقَ يُقتَلنَ فِي الحِلِّ وَ الحَرَمِ: اَلْغُرَابُ وَ الْحِدَأَةُ وَ الْكَلْبُ وَ الْحَيَّةُ وَ الْفَأْرَةُ.

حیوانوں میں پانچ جانور فاسق ہیں،اُن کو حدود کعبہ میں بھی مارا جاسکتا ہے۔کوا، کورکورہ، کتا، سانپ، چوہا۔

محقق طریحی فرماتے ہیں کہ ان جانوروں کو مجازاً فاسق کہا گیا ہے چونکہ ان سے بنی نوع انسان کو

بہت نقصان پہنچتا ہے اور جو باتیں طبیعت بشری کے منافی ہیں وہ ان سے ظہور میں آتی ہیں اس لیے فاسق کہا ہے اور ''فویسقہ'' چوہے کا خاص نام ہے جو پیغمبر خداؐ نے رکھا ہے

اِنَّهَا تُوهِي السِّقَاءَ وَتُضْرِمُ الْبَيْتَ عَلَى أَهْلِهِ.

اس لیے کہ وہ پانی کی مشک دانتوں سے کاٹ کر بیکار کر دیتا ہے اور چراغ کی بتی کھینچ کر گھر میں آگ لگا دیتا ہے، گھر والے جل جاتے ہیں۔

دوسری حدیث میں جناب سرور اکرمؐ نے فرمایا کہ چراغوں کو سوتے وقت رات کو بجھا دو اس لیے کہ چوہا بتی کھینچ کر نہ لے جائے اور گھر میں آگ نہ لگا دے۔

دور نبوی میں گھروں میں چراغ جلتے تھے جن سے آگ لگنے کا خطرہ تھا اُس کو حدیث نے واضح کیا ہے۔ ممکن ہے کہ حضور اکرمؐ نے صرف ایک ظاہری نقصان پر عربوں کو توجہ دلا کر یہ حکم منوا دیا ہو ورنہ اس ضرر سے قطع نظر کر کے بھی چراغ گل کر دیتے ہیں، روغن کی بچت ہے اور بسا اوقات بند کمرے میں روشنی سے زہریلی گیس پیدا ہو جاتی ہے جو سونے والوں کے لیے سبب ہلاکت ہے اس مصلحت سے بھی اندھیرے میں سونا انسانی صحت کے لیے مفید ہے لہٰذا حدیث میں جو کچھ حکم دیا گیا ہے وہ انسانی بہبودی ہے۔

قزوینی عجائب المخلوقات میں لکھتا ہے کہ چوہا انسانی کپڑے، کاغذات، کتابیں، غلہ، میوے، سبزیاں حتیٰ کہ دیوار و در سامان چوبی ہر چیز کو نقصان پہنچاتا ہے، جن چیزوں کو نہیں کھاتا اُن کو اپنی بیٹ اور پیشاب سے خراب کر دیتا ہے۔ بعض چوہے روپیہ کے عاشق ہوتے ہیں، وہ اپنے سوراخ میں لے جا کر جمع کرتے ہیں۔ چوہا نہایت ذکی الحس جانور ہے، پلیگ کی فصل شروع ہونے سے پہلے طاعون زدہ مقامات کو چھوڑ دیتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ طاعونی کیڑے ایک فٹ سے زیادہ جست نہیں کر سکتے۔ چوہے چونکہ زمین دوز مقامات پر رہتے ہیں اس لیے سب سے پہلے وہی شکار ہو جاتے ہیں۔ چوہے کا سامعہ بھی بہت تیز ہوتا ہے۔ عرب کا مقولہ ہے:

یعرف الفارہ بجدۃ السمع ھان

اس کا حافظہ بیشک کمزور ہوتا ہے، بلی کو دیکھ کر سوراخ میں چلا جاتا ہے اور کچھ دیر کے بعد خطرہ کو فراموش کر کے پھر آ جاتا ہے۔ تحصیل معاش میں اس کی عقل دوسرے جانوروں سے تیز ہے۔

چوہا بھی مسخ ہے۔ جد اعلیٰ حضرت ممتاز العلماء طاب ثراہ نے ارشاد المبتدین میں اس کو مسوخات میں شمار کیا ہے۔ چوہے اور کنژدم سے دشمنی ہے، چوہا چاہتا ہے کہ بچھو کا ڈنک کاٹ ڈالے اور کنژدم کی کوشش ہوتی ہے کہ چوہے کو ڈنک مار دے، اگر بچھو کاٹ کے غائب ہو جاتا ہے تو چوہا مر جاتا ہے۔

من لا یحضرہ الفقیہ میں جناب سرور کائناتؐ سے مروی ہے کہ یا علیؑ نو چیزیں ہیں جو باعث فراموشی ہیں۔ کھٹا سیب، دھنیا، پنیر کھانا، اور چوہے کی کھائی ہوئی چیز کھانا اور قبروں کے پتھر پڑھنا اور دو عورتوں کے درمیان سے نکلنا اور جوں (القاء القملہ) کو پھینک دینا اور گدی میں پچھنی لگانا اور ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنا۔

حدیث میں ہے:

لَوْ كَانَ الْمُؤْمِنُ فِي جُحْرِ فَأْرَةٍ لَقَيَّضَ اللهُ فِيهِ مَنْ يُؤْذِيهِ۔

اگر مومن چوہے کے بل میں بھی چھپے تو خداوند عالم اُس کے لیے ایک اذیت رساں کو وہاں بھی بھیج دے گا۔

(جامع الاخبار، ص ۱۵۶)

آیہ کریمہ:

هُوَ الَّذِيٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ۔

وہ وہ خدا ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا تا کہ اُس کو تمام دینوں پر غالب کرے اگرچہ مشرکین برا مانا کریں۔

فصول المہمہ میں اس آیہ کی تفسیر میں سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ اس سے مراد مہدیؑ (آخر الزمان) ہیں جو اولاد حضرت فاطمہ سے ہوں گے اور اس کی تائید تفسیر امام رازی اور دُر منثور کی اس روایت سے ہوتی ہے کہ یہ اُس وقت ہوگا جب اسلام کے سوا نہ کوئی نصرانی رہے گا نہ یہودی، نہ اور مذہب والا، اُس وقت بکری بھیڑیے سے نڈر ہوگی اور گائے شیر سے بے خوف اور انسان سانپ سے مطمئن، نہ چوہے کی تھیلی کاٹنے کی مجال ہوگی اور نہ اس زمانہ میں جزیہ لیا جائے گا، صلیب توڑ ڈالی جائے گی، سور مارے ڈالے جائیں گے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نازل ہوں گے۔

بحر الکاہل جنوبی میں ایک جزیرہ ہے، میری کہا جاتا ہے۔ یہ جزیرہ صرف چوہوں سے آباد ہے، کوئی انسان یہاں پیدا نہیں اور نہ کوئی جانور ہے، سمندر کے مردہ جانور جو کنارے پر آ کر لگ جاتے ہیں ان سے یہ چوہے اپنا پیٹ بھرتے ہیں۔

مسز اے ڈی بلوارس نے ایک وسیع پیمانہ پر چوہیاں پال رکھی ہیں۔ مسز موصوفہ نے اپنے باغ میں اپنا کام دو چوہیوں سے شروع کیا تھا لیکن آج ان کی تعداد ۳۰ ہزار ہے جو مختلف رنگوں کی ہیں۔

سرخ، سفید، نیلی، کالی، اودی وغیرہ۔ چوہوں کے چمڑے سے فیشن ایبل خوتین کے لیے پوستین تیار کی جاتی ہیں۔ ایک پوستین کے لیے پانچسو چوہیوں کی کھال اُتارنی پڑتی ہے۔ مسز بلوارس کو اپنے کام سے ایک ہزار پونڈ سالانہ کی آمدنی ہے۔

(اخبار رضا کار، مورخہ ۱۶ر جنوری ۱۹۳۹ء)

عہد رسولؐ کے ابتدائی دور میں جب کہ لوگوں نے آپؐ کو نقصان پہنچانا چاہا تو رب العزت نے اُن پر جوئیں مسلط کیں اور وہ قوم فرار کر کے مکہ سے مدینہ کی طرف آئے تو پھر قدرت نے اُن پر چوہوں کو مسلط کیا، چوہے کھانے کی چیزیں کھا گئے، مشکوں میں چھید کر دیے اور جہاں پانی کا مرکز تھا وہاں زمین میں سوراخ کر کے پانی بہادیا تاانکہ وہ قوم پھر اپنے وطن میں آئی تو وہاں کے تالاب اور چشمہ بھی پانی سے خشک تھے اس طرح خدا نے اس قوم کر معذب کیا۔ (ص ۴۳۶ لغات)

تعبیر:

اگر چوہے کو خواب میں دیکھے تو کسی فاسق سے سابقہ پڑے جس کے ضرر کو خدا دفع کرے اور بعض مبصروں کا خیال ہے کہ بدسیرت عورت ملے، متفکر وملول رہے۔ چوہے کو کچھ کھاتے دیکھے تو مالدار کو پریشانی ہو۔

خواص:

ملا محسن کاشانی رسالہ دفع رفع میں تحریر فرماتے ہیں کہ لوگ کہتے ہیں اگر چوہے کو زندہ آگ میں ڈالدیں تو جتنے چوہے اُس گھر میں ہیں سب اُس آگ میں پھاند پڑیں گے اور اپنے تئیں جلادیں گے۔ یہ بھی مشہور ہے کہ اگر ایک چوہے کو اختہ کر کے چھوڑ دو تو سب چوہے بھاگ جائیں گے۔ اگر خاکستر چوب بلوط چوہوں کے بل میں چھڑک دیں تو ایک چوہا دوسرے کو کھا جائے۔

حکم:

چوہے کی جتنی قسمیں ہیں سب حرام ہیں، اگر چوہا کنویں میں گر کے مرجائے اور کھال لپٹ جائے تو سات ڈول نکالے ورنہ پانچ ڈول اور جس ظرف میں چوہا مرجائے وہ نجس ہے، چوہے کی مسک کے بارے میں علامہ طباطبائی عروۃ الوثقیٰ میں لکھتے ہیں:

فارۃ المسک المبانہ من الحی طاھرۃ علی الاقوی و ان کان الاحوط الاجتناب عنہا نعم لا اشکال فی طہارۃ ما فیہا من المسک۔

ادبیات:

۱): کسی شخص کے اضطراب اور انتشار کے موقع پر کہتے ہیں: پیٹ میں چوہے دوڑے۔

۲): انسان کی ہوشیاری کے تذکرہ میں کہا جاتا ہے: قاضی کے گھر کے چوہے بھی سیانے۔

۳): کسی بڑے ارادے اور طاقت سے زیادہ حوصلہ کے مقام پر کہتے ہیں: چاہا بل میں نہ سمائے دم میں باندھے چھاج۔

۴): پست اقوام کی ترقی دیکھ کر کہا جاتا ہے: خدا کی شان چھچھوندر بھی ڈالے چنبیلی کا تیل۔

۵): آٹے کا چراغ اندر رکھو تو چوہا کھائے، باہر رکھو تو کوا لے جائے: کوئی ضروری کام جس کے کرنے اور نہ کرنے دونوں حالت میں نقصان ہو۔

۶): چوہے کا بچہ بھی ہوا۔ لاولد

۷): باہر اتے جنے گھر میں چوہے پلّے، اُس محل پر کہتے ہیں جہاں گھر میں کچھ نہ ہو اور باہر کا ساز و سامان نمائش بکثرت ہو۔

۸): چھچھوندر چھوڑنا: لڑائی کرا دینا، فساد کرانا

۹): اور رنگ لائی گلہری یعنی جب کوئی بات کسی کے حوصلہ اور طاقت سے بڑھ کر ہو۔

اذان الفار:

ایک گھانس ہے باریک شاخوں کی جس میں زرد پھول لگتے ہیں، اس کے چھوٹے چھوٹے پتے زمین پر پھیلے ہوتے ہیں، ابابیل اس کو کھاتی ہیں۔ کہیں اس کے پھول آسمانی اور لاجوردی بھی دیکھے گئے ہیں، مرگی کے مریض کو اس کا پلانا مفید ہے۔

چوہے دَتی: ایک زیور ہے جو شکل چوڑیوں کے ہندوستانی عورتیں ہاتھ میں پہنتی ہیں۔

چوہے: ناک کی کثافت کو چوہے کہتے ہیں۔

چوہے نامہ:

بلی اور چوہے کی نظم قصہ کا نام ہے جو بہت پرانا اردو لٹریچر ہے یہ اصل میں فارسی قصہ تھا جس کو منشی رام ارمؔ نے اردو جامہ پہنایا۔ اس کا پہلا شعر یہ ہے۔

قلم پہلے لکھ حمد رب علاء مقابل میں جس کے نہیں دوسرا

یہ قصہ مثنوی کی بحر تقارب مثمن محذوف ہے: فعولن فعولن فعولن فعول وزن ہے اور ۱۲۹۱ اشعار پر

ختم ہوتا ہے۔ مقطع اس مثنوی کا یہ ہے۔

وہ بلی بھی کھا پی کے راہی ہوئی ارم یوں یہ فیصل لڑائی ہوئی

چوہے نامہ ہزاروں کی تعداد میں صدہا مرتبہ چھپا ہے لیکن افسوس ہے کہ کارپردازاں مطبع نے صحت کی طرف مطلق توجہ نہ کی ''چوہے نامہ واحد'' اس کا ضمیمہ ہے جو کسی واحد شاعر نے کہہ کر نظم کر دیا ہے۔ اس میں بھی وہ جھلک موجود ہے جس کا کلام ارم حامل ہے۔

چھچھوندر: آتشبازی کی ایک پھلجڑی ہے جو آگ دکھانے کے بعد بارود کے زور سے چاروں طرف دوڑتی ہے، فارسی میں اس کو موشک کہتے ہیں۔ شاعر کہتا ہے۔

ز آہ شرر بار خود ارغوان بسوی ہوا کرد موشک دوان

گلہری: نسب ہے سید محمد رضا بن سید محمد علی حسینی کاشانی کا جو ۱۲۷۶ھ میں موجود تھے۔

فالج

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
		شتر بزرگ	فالج

فالج تنومند اونٹ کو کہتے ہیں۔ صحیفہ جناب فاطمہؑ کی شان میں یہ لفظ استعمال کی گئی ہے:

سَبْعُوْنَ ذِرَاعاً فِي عَرْضِ الْاَدِيْمِ مِثْلُ فَخِذِ الْفَالِجِ يعنى لِضَخَامَتِهَا.

فرخ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
	Chicken	چوزہ مرغ	فرخ

فرخ کلام عرب میں ہر بچہ حیوان اور نباتات کی کوپلوں کو کہتے ہیں۔ ادباء نے اولاد کو بھی اس سے تعبیر کیا ہے۔ کلام عرب میں اس کی نظیر کثرت سے ہے۔ معصومین علیہم السلام کے ارشادات میں بھی یہ لفظ نظر آتا ہے۔ ولادت امام حسینؑ کے موقع پر ارباب سیرت نے لکھا ہے کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللهِ يُدْخِلُ لِسَانَهُ فِي فِيْهِ فَيَغُزُّهُ كَمَا يَغُزُّ الطَّيْرُ فَرْخَهُ فَجَعَلَ اللهُ لَهُ فِي ذٰلِكَ رِزْقاً فَفَعَلَ ذٰلِكَ اَرْبَعِيْنَ يَوْماً وَلَيْلَةً فَنَبَتَ لَحْمُهُ مِنْ لَحْمِ رَسُوْلِ اللهِ.

پیغمبر خداؐ اپنی زبان مبارک حسینؑ کے منہ میں ڈالتے تھے اور اس طرح بھراتے تھے جیسے پرند اپنے بچہ کو بھراتا ہے۔ اسی طرح ۴۰ شبانہ روز آپؐ نے تغذیہ لعاب دہن کے ذریعہ سے کرایا اور حسینؑ کا گوشت پیغمبرؐ کے خون سے روئیدہ ہوا۔

شان نزول ہل اتیٰ میں ہے کہ تین روزے پیہم رکھنے کے موقع پر جب آل رسولؐ نے یتیم و مسکین و اسیر کو اپنا کھانا اٹھا کر دے دیا اور روزہ پر روزہ رکھا، چوتھی صبح کو پیغمبر خداؐ جب تشریف لائے تو حسنین علیہم السلام کی یہ حالت تھی:

همایرتشان کالفراخ

دونوں صاحبزادے ضعف سے چوزہ مرغ کی طرح کانپ رہے تھے۔

ایک دوسرے محل پر جب امام حسینؑ نے مدینہ سے سفر کیا ہے اور قبر رسولؐ پر رخصت ہونے کے لیے حاضر ہوئے تو نانا پر سلام کرتے ہوئے عرض کیا:

اَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ فَاطِمَةَ فَرْخُكَ وَابْنُ فَرْخَتِكَ وَسِبْطُكَ الَّذِيْ خَلَّفْتَنِيْ فِيْ اُمَّتِكَ فَاشْهَدْ عَلَيْهِمْ يَا نَبِيَّ اللهِ اِنَّهُمْ قَدْ خَذَلُوْنِيْ.

میں ہوں حسین آپ کی بیٹی فاطمہ کا فرزند، میں آپ کا نونہال اور آپ کی نونہال فاطمہ کا پارۂ جگر اور آپ کا وہ نواسہ جس کو آپ نے اپنی امت میں چھوڑا تھا، آپؐ گواہ رہئے گا اے خدا کے نبی امت نے مجھے چھوڑ دیا۔

خاندان رسالتؐ نے شمشیر آبدار سے دین خدا کی نصرت میں جو سخت ترین جہاد کیا اُس کی تصویر کشی جناب امیر المومنینؑ کے اس شعر سے ہوتی ہے: (دیوان، ص ۲۱۰)۔

فِيْ كُلِّ مَعْرَكَةٍ تُطِيْرُ سُيُوْفُنَا   فِيْهَا الْجَمَاجِمَ عَنْ فَرَاشِ الْهَامِ

تعبیر: فرخ خواب میں دیکھے تو خوبصورت بچہ پیدا ہو۔

فیصل

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
فیصل	بچہ شتر		اونٹ کا بچہ

فیصل بچہ شتر کو کہتے ہیں۔ یہ لفظ نہج البلاغہ کلام جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام میں موجود ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

كُنْتُ اَتْبَعُهُ اِتِّبَاعَ الْفَصِيْلِ اَثَرَ اُمِّهٖ يَرْفَعُ لِيْ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ عِلْمًا مِنْ اَخْلَاقِهٖ وَ يَاْمُرُنِيْ بِالْاِقْتِدَاءِ بِهٖ.

میں پیغمبر خداؐ کے ساتھ ساتھ اس طرح رہا کرتا تھا جیسے اونٹنی کا بچہ ماں کو نہیں چھوڑتا، خلق محمدی سے ہر دن ایک نئی تعلیم حاصل ہوتی تھی جس کی پیروی کا مجھے آنحضرتؐ نے حکم دیا تھا۔

امام حسینؑ نے شہادت علی اصغرؑ کے وقت فرمایا:

اَللّٰهُمَّ لَا يَكُوْنُ ابْنِيْ هٰذَا اَهْوَنَ عَلَيْكَ مِنْ فَصِيْلٍ.

خداوندا یہ بچہ میرا تیری درگاہ میں اُس بچے سے کم رتبہ نہ ہو جس کی ماں کو قوم صالح علیہ السلام نے پے کر ڈالا تھا۔

تعبیر: فیصل کو خواب میں دیکھے تو امیدوں میں روز بروز ترقی ہو۔

فرس

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
گھوڑا	Hourse	اسپ	فرس

فرس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ (انها تفترس الارض بسرعة مشيها) وہ زمین کو قطع کرتا ہے اپنی تیز رفتاری سے۔ گذشتہ بیان سے واضح ہو چکا ہے کہ گھوڑا ایک نہایت راحت رساں جانور ہے جو اپنی خصوصیات سے سواران میں ممتاز ہے۔ عرب اپنے گھوڑوں کو مثل اولاد کے عزیز رکھتے اور اُن کی تربیت میں زحمت برداشت کرتے تھے اور کسی گھوڑے کی نسل بگڑنے نہیں دیتے تھے۔ اُن کو آدمیوں کی طرح گھوڑوں کے پشت نامے یاد تھے۔ گھوڑی چودہویں مہینہ ایک بچہ دیتی ہے۔

جناب امیرؑ فرماتے ہیں کہ گھوڑا کہتا ہے:

اَللّٰهُمَّ انْصُرْ عِبَادَكَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى عِبَادِكَ الْكَافِرِيْنَ.

میرے معبود اپنے بندوں میں اہل ایمان کو کافروں پر مظفر و منصور کر۔

گھوڑے کو صاف پانی پسند نہیں ہے، وہ گندلا پانی بڑی خوشی سے پیتا ہے، شفاف پانی میں اُس کی صورت دکھائی دیتی ہے اس لیے ڈرتا ہے اور مٹیالے پانی کو پسند کرتا ہے۔

احادیث میں گھوڑا پانے کے فضائل ہیں۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ

يَا عَلِيُّ الْعَيْشُ فِيْ ثَلَاثَةٍ دَارٍ قَوْرَاءَ وَجَارِيَةٍ حَسْنَاءَ وَفَرَسٍ قَبَّاءَ.

انسان کا عیش تین چیزوں میں ہے۔ کشادہ مکان اور خوبصورت کنیز اور ہموار شکم گھوڑی۔

اہل تحقیق کہتے ہیں کہ قَبَّاءَ کی لفظ مادہ اسپ سے خاص ہے۔

کتاب المسائل میں ہے کہ جد علام سید العلماء السید محمد ابراہیم صاحب اعلی اللہ مقامہ سے کسی نے پوچھا گھوڑے میں کوئی شرعی عیب ہے یا نہیں؟ تو آپ نے جواب دیا کہ بعض روایات میں ہے کہ شوخی گھوڑے کی یہ ہے کہ مالک کو منع کرے اپنی پشت پر سوار ہونے سے۔

جناب امیر فرماتے ہیں کہ گھوڑا ہر دن تین دعائیں کرتا ہے جو خدا پوری فرماتا ہے۔ صبح کے بعد کہتا ہے: بارالٰہا مجھ پر روزی وسیع کر، زوال آفتاب کے وقت کہتا ہے: میرے معبود میرے مالک کی نظروں میں اُس کی آل اولاد سے بھی زیادہ مجھ سے پیار کرا اور شام کو کہتا ہے: بارالٰہا میرے سردار کو میری پشت پر شہادت کا درجہ مرحمت کر۔ تمام مخلوق خدا سے لو لگائے رہتے ہیں اور رحمت الٰہی کے منتظر ہیں۔

مور و ملخ و گرگ و غزال و فرس و شیر کی جس نے خطا اُس پہ چلی عدل کی شمشیر

شہسواری خاندان رسالت کی مشہور صفت ہے جس میں وہ حضرات عام لوگوں سے زیادہ ماہر تھے۔ جناب سرور کائناتؐ نے ایک حدیث کے تتمہ میں فرمایا:

جَعَلَ فِيَّ النُّبُوَّةَ وَالرِّسَالَةَ وَجَعَلَ فِي عَلِيٍّ الْفُرُوسِيَّةَ وَالْفَصَاحَةَ.

خدا نے مجھ میں نبوت و رسالت اور علیؑ میں شہسواری و فصاحت مخصوص طور پر قرار دی ہے۔

اصطبل نبویؐ میں جو گھوڑے تھے اُن کے نام یہ ہیں:

۱): السکب: اس کو آپؐ نے بنی فزارہ کے ایک عرب سے خریدا تھا، یہ فرس ادہم تھا اور اعرابی نے اس کا نام الفرس رکھا تھا، آپؐ نے نام تبدیل کر کے السکب رکھا۔

۲): مرتجز: اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ آواز بہت اچھی تھی۔

۳): اللزاز: سہیلی کہتا ہے کہ لزاز کے معنی یہ ہیں کہ کوئی اُس پر سابق نہ ہو یعنی گھوڑ دوڑ میں سب کے آگے جائے۔

۴): الورد: یہ گھورا تمیم رازی نے خدمت نبویؐ میں نذر کیا تھا۔

۵): الظرز:

۶): اللحیف:

ان اعداد و شمار پر ارباب تاریخ کا اتفاق ہے۔ بعض مورخین نے اس کے علاوہ حسب ذیل گھوڑوں کے نام لکھے ہیں: الابلق۔ ذوالعقار۔ ذوللمہ۔ المرتجل۔ السرحان۔ الیعسوب۔ البحر۔ الادہم۔

طرق اہل سنت سے روایت ہے کہ ایک دن جناب سرور کائناتؐ نے بی بی عائشہ سے فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ عرض کیا میری (مصنوعی) بیٹیاں ہیں۔ فرمایا اور جو میں بیچ میں دیکھ رہا ہوں؟ عرض کیا گھوڑا (فرس)۔ فرمایا اس میں کیا لگا ہے؟ کہا پر۔ آپؐ نے تعجب سے فرمایا کہ پردار گھوڑا۔ عرض کیا آپؐ نے نہیں سنا کہ سلیمان بن داؤدؑ کے اصطبل میں پردار گھوڑے تھے۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہنسنے لگے یہاں تک کہ آپؐ کی داڑھیں نکل آئیں۔

امام غزالی نے احیاء العلوم جلد دوم، ص ۲۴۰ مطبوعہ مصر میں اس واقعہ کو لکھا ہے اور آخر میں تحریر کیا ہے کہ" والحديث محمول عندنا على عادة الصبيان "۔ یہ حدیث ہمارے نزدیک لڑکپن کی عادت پر محمول ہے۔

حسن بن زکریا ناقل ہے کہ ایک مرتبہ جناب سرور کائنات گھوڑے پر سوار اور جناب امیر المومنینؑ آپؐ کے ساتھ پیادہ جا رہے تھے، دونوں بزرگوار ایک چشمہ کے قریب پہنچے، وہاں ٹھہرے اور وضو کر کے نماز پڑھی۔ حضرت علیؑ کہتے ہیں کہ میں رکوع وسجود میں مشغول تھا کہ پیغمبر خداؐ نے صدا دی: اے علیؑ سر تو اُٹھاؤ، خدا کے ہدیہ کی طرف دیکھو، میں نے سر اُٹھایا تو دیکھا کہ ایک فرس زین سے آراستہ کھڑا ہے۔ فرمایا یہ خدا کا ہدیہ ہے تمہارے لیے اس پر سوار ہو پس میں پیغمبرؐ کے ساتھ اُس پر سوار ہوا۔

جانوروں میں گھوڑے کی وفا مشہور ہے، اپنے مالک کا خیال جیسا گھوڑا کرتا ہے کوئی جانور نہیں کرتا، سوار کے ارادہ پر چلنا، راستہ کے نشیب وفراز میں خود سوار کو توجہ دلانا، اگر کسی اچانک حادثہ سے سوار گر پڑے تو اُس کی حفاظت گھوڑے کی خاص عادتیں ہیں۔ واقعہ کربلا میں دشت نینوا کے گھوڑوں نے اپنی غیر معمولی وفا کا کئی موقعوں پر ثبوت دیا خصوصاً فرزند رسول امام حسینؑ کی سواری کا گھوڑا فرات پر چار ہزار سواروں کا پہرہ اور شیر خدا کا فرزند صف شکنی کرتا ہوا جب گھاٹ تک پہنچ گیا، گھوڑے کو دریا میں ڈال دیا اور فرمایا: (اشرب) اے اسپ باوفا پانی پی لے، گھوڑے نے پانی کا رُخ نہ کیا اور جب آقائے کونین شہید ہو گئے تو ۴۰ دشمنوں کو قتل کیا اور پیشانی میں خون لگا کر خیمہ پر آیا:

وَلَهُ صَهِيلٌ عَالٍ وَيَضْرِبُ بِيَدَيْهِ الْأَرْضَ.

وہ بلند آواز سے فریاد کر رہا تھا اور ہاتھ زمین پر پٹختا تھا۔

عن راس الجالوت قال كنا نسمع أنه يقتل بكربلاء ابن نبي فكنت إذا دخلتها، ركضت فرسي حتى أجوز عنها، فلما قتل الحسين، جعلت أسير بعد ذلك على هنيتي.

راس الجالوت کا بیان ہے کہ میں ہمیشہ سنا کرتا تھا کہ کربلا میں کسی نبی کا بیٹا قتل کیا جائے گا اس لیے جب میں کربلا میں پہنچتا تو ادب کی وجہ سے اپنے گھوڑے کو جلد وہاں سے لے جاتا۔ حسینؑ کے شہید ہونے کے بعد بھی میں اس طرح سے وہاں سے گذرتا رہا۔

(ارجح المطالب، ص ۳۳۶)

ابو بصیر سے روایت ہے کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک خراسانی آپؑ سے ایسی زبان میں باتیں کر رہا تھا جو سمجھ میں نہ آئیں پھر کسی قدر گفتگو میری سمجھ میں آئی اور آپ نے فرمایا اپنا پاؤں زمین پر مار، ٹھوکر پڑتے ہی ایک دریا نظر آیا جس کے کنارے زین و لجام سے آراستہ گھوڑے کھڑے تھے۔ امامؑ نے ان راہواروں کو دکھا کر فرمایا:

هٰؤُلَاءِ اَصْحَابُ الْقَائِمِ. یہی قائم آلِ محمدؐ کے ساتھی ہیں۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو چوپایہ لجام کرنے کے وقت یا اور کسی وقت سرکشی کرے یا بھاگے تو اُس کے کان میں یہ کہے یا اُس پر پڑھے:

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ. (آلِ عمران: ۸۳)

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ:

مَنْ اَتٰى قَبْرَ الْحُسَيْنِ عَارِفاً بِحَقِّهٖ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ اَجْرَ مَنْ اَعْتَقَ اَلْفَ نَسَمَةٍ وَ كَمَنْ حَمَلَ اَلْفَ فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مُسْرَجَةٍ مُلْجَمَةٍ. (جامع الاخبار)

جو زیارت حسینؑ کے لیے اس شان سے آئے کہ اُس کی معرفت بھی ہو تو اُس کے نامہ عمل میں ہزار بندہ آزاد کرنے کا ثواب لکھا جاتا ہے اور گویا وہ مثل اُس شخص کے ہے جو ہزار گھوڑوں پر زین و لجام درست کر کے خدا کی راہ میں جہاد کے لیے سوار ہوا۔

سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ کتاب مجتنیٰ میں تحریر فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے مردہ گھوڑے پر یہ دُعا پڑھی خداوند عالم نے اُس کو زندہ کر دیا:

اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ اَيَّتُهَا الْعِلَّةُ بِعِزَّةِ عِزَّةِ اللّٰهِ وَ عَظَمَةِ عَظَمَةِ اللّٰهِ وَ بِجَلَالِ جَلَالِ اللّٰهِ وَ بِقُدْرَةِ قُدْرَةِ اللّٰهِ وَ بِسُلْطَانِ سُلْطَانِ اللّٰهِ وَ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ بِمَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَ بِلَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اِلَّا انْصَرَفْتَ.

اس کا اثر یہ ہوا کہ:

فَوَثَبَ الْفَرَسُ سَالِماً. گھوڑا زندہ ہوکر کھڑا ہوگیا۔

نیو یارک میں گھوڑے رنگے جاتے ہیں۔ اگر ایک جوڑی کا ایک گھوڑا دوسرے گھوڑے کے رنگ کے مطابق نہیں ہوتا تو کیمیائی طریق سے دونوں کے رنگ ملا دیئے جاتے ہیں اور ڈانما کے باشندے گھوڑوں کے گوشت کے بھی شائق ہیں، وہاں سال میں اٹھارہ ہزار سے زیادہ گھوڑے کھانے کے لیے کاٹے جاتے ہیں۔ (عجائب المخلوقات)

شجاعت امیر المومنین علیہ السلام اور میدان جنگ میں آپؑ کے حملہ اور دشمن کو للکارنے کی تمثیل میں صاحب ینابیع المودۃ نے راوی کا بیان لکھا ہے کہ آپؑ اس طرح صیحہ فرماتے تھے:

كَمَا يُحَمْحِمُ الْفَرَسُ. (ینابیع المودۃ، طبع استنبول، ص ۵۰)

وحَمْحَمَةُ الفرس: صوته لطلب العلف دون الصهيل. ومنه "التحمحم.
(مجمع البحرین)

تعبیر: شیخ الرئیس کہتا ہے کہ اگر کسی کو کسی شخص سے کوئی حاجت ہو اور خواب میں اُس کے ایک ایسا حیوان آئے جو آدمی اور فرس کی صورت سے مرکب ہو تو مراد پوری نہ ہوگی اس لیے کہ ایسی چیز دیکھی ہے جو ممتنع الوجود ہے۔

خواص: کہا جاتا ہے کہ اگر یہ منظور ہو کہ مہینہ بھر دانت کا درد نہ ستائے تو چاند دیکھتے وقت یہ منت مانے کہ میں گھوڑے کا گوشت اور کاسنی اس مہینہ میں ہرگز نہ کھاؤں گا اور زبان کو دانتوں کے کنارے گردش دے تو اُس مہینہ میں درد نہ ہوگا، چاہیے کہ اس طرح کہے:

ان لا اكل لحم الفرس والهند باني هذا الشهر

ادبیات:

گھوڑے باندھنے کی جگہ کو عربی میں "اصطبل" اور اردو میں "تھان" کہتے ہیں۔ اس کے پیروں میں جو رسیاں باندھ دی جاتی ہیں اُن کو اگاڑی پچھاڑی، سواری کے لیے عنان کو باگ کہتے ہیں۔

باگ موڑ گئی۔ چیچک کے مریض کی حالت سنبھل جانے کے موقع پر بھی کہتے ہیں۔

کسی شاعر کا مصرع ہے۔

چیچک کے آبلوں کی میں باگ موڑتا ہوں

۱): گھوڑا گھانس سے آشنائی کرے تو کھائے کیا، تاجر اگر مروت سے کام لے تو کیا کھائے۔

۲): گھوڑے گھوڑے لڑیں موچی کا زین ٹوٹے زبردست کی لڑائی اور زیردست کا نقصان۔

۳): گھوڑے کو گھر کیا دور ہے تیز آدمی کو گھر پہنچنا آسان ہے۔

۴): گھوڑوں راج بیل اناج گھوڑے سوار بادشاہ سپاہیوں کی فوج سے راج کرتا ہے اور بیل غلہ پیدا کرنے کا ذریعہ ہیں یہ ہل نہ چلائیں تو زمین میں غلہ کیوں کر پیدا ہو۔

فرس نامہ:

(۱): علامہ شیخ علی حزین کی کتاب کا نام ہے جس میں گھوڑوں کے حالات لکھے ہیں۔

(۲): دوسری کتاب فرس نامہ رنگین، سعادت خان رنگین دہلوی کی ہے جس میں گھوڑوں کے علاج اور شناخت ہے تقریباً ۱/۲، ۱ ۔ جزء کا اردو شاہکار ہے۔

(۳): تشریح الفرس: راجہ راجیور راؤ کی تالیف ۲۸ صفحات پر اردو زبان مین ہے۔

فراش

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
فراش	پروانہ	Butter	پتنگا

ماہرین علم حیوان کہتے ہیں الفراش

پروانہ چھوٹی قسم کا ایک مچھر ہے اور بعض کہتے ہیں کہ وہ مچھر سے مشابہ ہے۔ اردو میں اس کو پتنگا کہتے ہیں۔ میر حسن اپنی مثنوی میں کہتے ہیں۔

دو رستہ جو روشن چراغاں ہوئے
پتنگے خوشی سے غزل خواں ہوئے

پروانہ چراغ پر قربان ہو جاتا ہے، اس کے نذر آتش ہو جانے کا سبب یہ ہے کہ اس کی آنکھ بہت چھوٹی ہوتی ہے جب چراغ دیکھتا ہے تو یہ سمجھتا ہے کہ تاریکی میں ہوں، چراغ کو روزن کی روشنی سمجھتا ہے، جب قریب پہنچتا ہے تو پھر آتا ہے اور سمجھتا ہے کہ میں نہیں پہنچا، اسی آمد و شد میں جل جاتا ہے۔

حقیقت سمرقندی سے منقول ہے کہ ایک دن خلیفہ معتضد باللہ کے روبرو شمع کی روشنی میں پروانے آنا شروع ہوئے، جب شمار کیا تو اُن میں بہتر قسمیں تھیں۔ دکہن کے بعض ڈھیڑ پروانوں کو تیل میں بھون کر کھاتے ہیں۔

مؤلف کہتا ہے کہ پروانوں کی قسمیں ہمارے احاطہ اور شمار سے باہر ہیں۔

قرآن مجید میں ہے:

يَوْمَ يَكُونُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ. (القارعۃ: ۴)

جس دن لوگ پروانوں کی طرح پھیلے ہوں گے۔

جناب رسالت مآب کی حدیث ہے:

إِنَّكُمْ يَتَهَافَتُونَ فِي النَّارِ تَهَافُتَ الْفَرَاشِ.

تم آگ پر اس طرح گر رہے ہو گے جیسے پروانے چراغ پر گرتے ہیں۔

حدیث مفضل میں بھی پروانوں کا ذکر ہے۔ معصومؑ نے فرمایا ہے:

اَنَّ هٰذِهِ الضُّرُوْبَ مَبْثُوْثَةٌ فِي الْجَوِّ لَا يَخْلُوْ مِنْهَا مَوْضِعٌ.

اس طرح کے پروانے فضاء میں پھیلے ہوئے ہیں، ان سے کوئی مقام خالی نہیں ہے۔ (دلیل اس کی یہ ہے کہ) جب تم چراغ روشن کر کے کوٹھے یا صحن خانہ میں رکھتے ہو تو ہر طرف سے پروانے کثرت سے سٹ آتے ہیں۔ یہ سب کہاں سے آتے ہیں۔ ماننا پڑے گا کہ کسی قریبی جگہ سے آتے ہیں اگر کہنے والا یہ کہے کہ جنگل سے آتے ہیں تو یہ کہنا درست نہیں۔ چراغ جلتے ہی دور دراز مقام سے آنا کیوں کر ہو سکتا ہے، دور سے چراغ کی روشنی کہاں نظر آتی ہے۔ گھر بہت سے گھروں میں گھرا ہوا ہوتا ہے پھر کیوں کر پروانے روشنی تک آتے ہیں یہ انداز بتاتا ہے کہ (مُنْتَشِرَةٌ فِي كُلِّ مَوْضِعٍ مِنَ الْجَوِّ) وہ فضاء کے چپہ چپہ میں پھیلے ہوئے ہیں۔

تتلیاں بھی پروانہ ہی کی ایک قسم ہے جو مختلف گہرے اور ہلکے رنگوں کی مختلف شکل و شمائل کی مختلف قد و قامت کی ہوتی ہیں۔ تتلیوں کی قسمیں بھی سیکڑوں ہیں۔

لوگ کہتے ہیں تتلیاں ان کو — پھول سمجھے ہوئے تھے ہم جن کو

حدیث مفضل میں دیگر حیوانات کا تذکرہ بھی ہے جن کو ہم نے عمداً ترک کر دیا ہے۔ بحار کتاب السماء والعالم میں یہ حدیث موجود ہے۔

تعبیر: پروانہ خواب میں دیکھے تو ارادوں میں استقلال پیدا ہو۔

خواص: پروانے پیاز کی بو سے بھاگتے ہیں۔

حکم: حشرات الارض میں داخل ہیں اُن کا کھانا درست نہیں۔

ادبیات: چاہنے والوں کو شعراء پروانہ سے تشبیہ دیتے ہیں۔ حضرتِ تمنا لکھنوی کہتے ہیں ؎

گرمئ حسن رُخ شمع شبستاں دیکھ کر — جتنے پروانے تھے محفل میں ٹھنڈے ہو گئے

نقل پروانہ: برادر نسبتی کو کہتے ہیں۔

فنک

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
فنک	روباہ		لومڑی

خشکی کا ایک جانور ہے جس کو بعض ارباب لغت لومڑی کی قسم بتاتے ہیں اور بعض کا خیال ہے کہ فنک ترکستان میں سیار کے بچہ کو کہتے ہیں۔ اس کے بالوں کے جبہ اور پوستین بنائے جاتے ہیں جو تمام قسم کے بالوں سے بہتر ہوتے ہیں۔ سور کے بالوں سے جو پوستین بنتی ہے اُن سے اس کا پوستین ٹھنڈا اور راحت رساں سمجھا جاتا ہے اور خوبصورتی میں سنجاب سے بہتر مانا جاتا ہے۔ لباس مصلی کے سلسلہ میں حدیث میں اس کا ذکر ہے۔

تعبیر: تعبیر اس کی یہ ہے کہ کسی مکار سے سابقہ ہو۔

حکم: گوشت اس کا حرام ہے اور اس کے بالوں کا جبہ حالت نماز میں پہننا درست نہیں۔

فُرعُل

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
فُرعُل			

پہلے اور تیسرے حرف کو پیش ہے۔ عرب فرعل بجو کے بچے کو کہتے ہیں اور فرعلہ مادہ کو کہتے ہیں، جمع فراعل ہے۔ جناب زینب سلام اللہ علیہا نے مجلس یزید میں جو خطبہ پڑھا ہے اُس میں اس کا ذکر کیا ہے۔

فہد

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
فہد	یوز		چیتا

بڑا غصہ ور، تنک مزاج جانور ہے، شیر اور تیندوے سے پیدا ہوتا ہے۔ مزاجہ کمزاج النمر۔ اس کی خوبو نمر کی ایسی ہوتی ہے۔ سب سے تیز دوڑتا ہے، اس کی رفتار ۵۵ میل فی گھنٹہ بتائی جاتی ہے۔ یہ جانور اپنا شکار شیر کی نذر کر دیتا ہے، جب شیر کھا کر سیر ہو جاتا ہے تب اُس کا پس ماندہ خود کھاتا ہے۔

حدیث امام حسینؑ میں ہے کہ یوز کہتا ہے: یَا عَزِیْزُ یَا جَبَّارُ یَا مُتَکَبِّرُ یَا اللّٰہُ

ابو بکر خضرمی نے امام جعفر صادقؑ سے پوچھا کہ باز اور صقر اور کتے اور چیتے کا شکار کھا سکتا ہوں۔ فرمایا:

لَا تَأْکُلْ صَیْدَ شَیْءٍ مِنْ هٰذِہٖ إِلَّا مَا ذَکَّیْتُمُوْهُ.

ان جانوروں کا شکار نہ کھانا جب تک ذبح نہ کرنا۔

جنوبی امریکہ میں چیتے کی شکل کے جو درندے پائے جاتے ہیں اُن کو جیگوار (Jaguar) اور پوما (Puma) کہتے ہیں۔

تعبیر: چیتا خواب میں دیکھے تو دشمن قوی سے مقابلہ ہو، صدقہ دے۔

خواص: اس کے ناخن اگر کسی مکان میں رکھ دیے جائیں تو وہاں سے چوہے بھاگ جائیں گے۔

حکم: سب درندوں کا گوشت حرام ہے۔

ادبیات:

۱): اردو میں معشوق کی کمر کو چیتے کی کمر سے تشبیہ دیتے ہیں۔ کسی استاد کا شعر ہے۔

آنکھ آہو کی کمر چیتے کی چہرہ حور کا اے پری پیکر ملا تجھ کو سراپا نور کا

۲): کسی کو ہم خیال بنانے کے اظہار میں کہتے ہیں کہ چیتے یار بنالیا۔

ابن فہد: جمال الدین ابوالعباس احمد بن شمس الدین محمد بن فہد اسدی حلی شیعوں کے مشہور عالم ہیں۔ جو ۷۵۷ ہجری میں پیدا ہوئے اور ۸۴۱ ہجری میں وفات پائی۔ آپ کی کثیر تصانیف میں دعاؤں میں عدۃ الداعی بہت مشہور کتاب ہے۔ خیمہ گاہ سید الشہداء روحی لہ الفداء کے متصل جو باغ ہے وہاں قبر منور ہے۔

الفیل

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الفیل	پیل	Elephant	ہاتھی

ہاتھی تمام جانوروں میں قوی الجثہ، کوہ پیکر ہوتا ہے۔ قوت میں اکثر جانوروں سے بالا

تر، رنگت میں بیشتر سیاہ خال خال بھورا اور سفید بھی دیکھنے میں آیا ہے۔ چھوٹے کو کنیڈھیا اور بڑے کو کنجل کہتے ہیں۔ اگلے زمانہ کے بادشاہ جنگی ہاتھیوں سے دشمن کا مقابلہ کرتے تھے چنانچہ آزمودہ کار ایک فیل جنگی کو لڑائی کے وقت برابر ہزار سوار جرار کے جاتے تھے۔ گھوڑا کتنا ہی چالاک ہو چالیس پینتالیس کوس سے آگے نہ چل سکے گا اور ہاتھی اسی پچاسی کوس جائے اور نہ تھکے۔ اس ڈیل پر سبک رو ایسا کہ سوار کے پیٹ کا پانی نہ ہلے اور آہٹ پاؤں کی کسی کو معلوم نہ ہو۔ خوش خرام ہاتھی کو اردو میں پائل اور سبک رو کو تجھول اور فیل بان کو مہاوت کہتے ہیں۔ (حل غوامض)

اس کی خلقت میں خدا کی جو حکمتیں پنہاں ہیں اُن کے راز ہماری کمزور عقل دریافت نہیں کرسکتی۔ تمام اعضاء اُس کے موافق ڈیل کے ہیں لیکن آنکھیں چھوٹی ہیں تاکہ خود بینی سے محفوظ رہے۔ اتنے بڑے قدو قامت پر گردن اگر کوتاہ رکھی تو سونڈ کو اتنا بڑھایا کہ زمین پر جھکنے کی ضرورت نہ رہے۔ ورندے جب زمین پر گردن جھکاتے ہیں اُس وقت اُن کی روزی پیٹ تک پہنچتی ہے۔ ہاتھی سونڈ سے جو دو بڑے دانتوں کے بیچ سے گذرتی ہے ہاتھوں کا کام لیتا ہے، اس میں وسعت اتنی ہے کہ پانی کی مشکیں سما جاتی ہیں اور طاقت اس قدر ہے کہ درخت میں اگر زور کرے تو جڑ سے اُکھاڑ لے۔ ہاتھی اپنے کانوں سے جو مثل تار کے پنکھے کے ہوتے ہیں مگس رانی کرتا ہے، اس کے کانوں کو بہت کم سکون ہوتا ہے۔ دانت بہت زیادہ بھاری ہوتے ہیں جو سن و سال کے ساتھ بڑھتے ہیں۔ ہتھنی حمل کے سات برس بعد بچہ جنتی ہے۔ عوام میں مشہور ہے کہ اگر آبادی میں ہتھنی بچہ جنے تو حاکم شہر کے لیے نامبارک ہو۔ بچہ کو اردو میں پاٹھا کہتے ہیں۔ (جامع اللغات)

ہاتھی بہت زیادہ کینہ پرور ہوتا ہے، اگر فیل بان کا دشمن ہو جاتا ہے تو موقع کا منتظر رہتا ہے، سزا دیئے بغیر نہیں چھوڑتا۔ ہاتھی جس کا پیچھا کرے اُس کو چاہیے کہ سانپ کی طرح لہراتا ہوا بھاگے، کبھی داہنی طرف، کبھی بائیں طرف۔ ہاتھی اپنی تومندی سے آخر میں تعاقب سے باز رہتا ہے۔ بسا اوقات رحم دل اتنا ہو جاتا ہے کہ اگر چھوٹا لڑکا راہ میں پڑا دیکھتا ہے تو سونڈ سے اُٹھا کر آہستہ سے راستہ سے الگ رکھ دیتا ہے۔ ہاتھی ساڑھے ایک سو سال تک زندہ رہتا ہے۔ جس وقت چنگھاڑتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ گرج رہا ہے۔ مرزا غالبؔ دہلوی ایک قطعہ میں کہتے ہیں۔

رعد کا کر رہی ہے دم بند — برق کو دے رہا ہے کیا الزام
ترے فیل گراں جس کی صدا — ترے رخش سبک عنان کا خرام

ہاتھیوں کے جنگل کو کجلی بن کہتے ہیں۔ میر انیسؔ ۔

فیل چنگھاڑ کے پنہاں ہوئے کجلی بن میں ہل گئے کوہ بھڑ کنے لگے گھوڑے رن میں

ہاتھی بھی مسخ جانوروں میں ہے جو اگلی امتوں میں سے کسی وقت انسان تھا۔ ایک روایت میں ہے کہ یہ ایک بادشاہ تھا جو زنا و لواطہ کرتا تھا، خدا نے مسخ کر دیا۔ اور دوسری روایت میں ہے کہ جانوروں کے ساتھ خواہشات نفس پوری کرتا تھا اس جرم میں مسخ ہوا۔ شاہان دہلی کے دور میں ہاتھیوں کو آپس میں لڑانا سکھایا جاتا تھا اور ہاتھیوں کی جنگ امراء کا بڑا دلچسپ مشغلہ تھا۔ اکبر اور شاہجہاں کو ہاتھیوں کی لڑائی سے خاص عشق تھا۔

سرد ملکوں میں ہاتھی پیدا نہیں ہوتے، یورپ میں اس کا وجود نہیں ہے، اسی طرح عربستان میں بھی ہاتھی بہت کم نظر آتا ہے۔ ولادت حضرت ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے ابرہہ بن صباح اشرم تاجدار حبش نے جب کعبہ کو ڈھانے کا ارادہ کیا تو ہاتھیوں کی فوج تیار کی تھی اور ایک لاکھ سپاہیوں کی جمعیت اور جنگی ہاتھی لے کر جس کا سردار محمود نامی ایک کوہ پیکر سفید ہاتھی تھا۔ طائف کی راہ سے قریب مکہ پہنچا، ادھر عبد المطلبؑ نے زنجیر کعبہ ہاتھ میں لے کر ابرہہ پر فتح و نصرت کی دعا کی اور نصرت خدا کے منتظر تھے کہ مزاج قدرت برہم ہوا اور بڑے سے بڑے جانور لے کر آیا تھا تو اپنی کبریائی دکھانے کے لیے چھوٹے سے چھوٹا پرندا ابابیل کو بھیجا جس نے بات کہتے ہی سارے لشکر کو تہس نہس کر دیا۔ یہ واقعہ اتنا محیر العقول تھا کہ اس سال کا نام عام الفیل رکھا گیا اور اس واقعہ کے کم و بیش دو مہینہ کے بعد جناب سرور کائناتؐ کی ولادت ہوئی۔ جب تک آپؐ نے مکہ سے ہجرت نہیں فرمائی اُس وقت تک یہ سن جاری رہا۔ واقعہ ہجرت نے جو مسلمانوں کی فلاح و بہبود کا پیش خیمہ تھا، اسلامی تاریخ کی ابتدا سنہ ہجری سے قرار دی۔

اس موضوع پر علماء نے مستقل کتابیں لکھی ہیں۔ اخبار الحبشہ والفیل، ابوعبداللہ محمد بن عمر واقدی المتوفی ۲۰۷ھ کی تالیف کا نام ہے۔ اصحاب فیل نے ہاتھی کے تمرد اور سرکشی کو خوب اُبھارا۔ مشہور یہ ہے کہ ہاتھی سو برس سے زیادہ نہیں جیتا مگر بعض نے ہاتھی کی عمر ۴۰۰ سال تجویز کی ہے۔

(رسالہ علامہ علی حزین)

مؤلف حل غوامض ہاتھی کی عمر طبعی ۱۲۰ سال تجویز کرتے ہیں۔ اُن کی تحقیق ہے کہ ہاتھی اگر کیسا ہی خوبصورت ہو پانچ ہزار روپیہ کا خریدا جا سکتا ہے مگر عربی گھوڑا پچیس پچیس ہزار روپیہ بلکہ زیادہ کا بکتا ہے۔

حدیث امام حسین علیہ السلام میں ہے کہ ہاتھی کہتا ہے:

لَا یُغْنِی عَنِ الْمَوْتِ قُوَّۃٌ وَّلَا حِیْلَۃٌ۔

موت کے روکنے میں کوئی طاقت کام نہیں آتی۔

کلکتہ کے عجائب خانہ میں دریائی ہاتھی نیلے رنگ کا موجود ہے۔

روایت ہے کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی بن ابی طالب علیہ السلام کو شہر عمان میں جو یمن کا ایک شہر ہے وہاں کے بادشاہ جلنداء بن کرکرحد کے قتل کے لیے بھیجا اور وہاں عظیم جنگ ہوئی۔ اُس وقت جلنداء نے اپنے غلام کو بلایا، جس کا نام کندی تھا، اُس سے کہا کہ تو سیاہ عمامے والے کے مقابلہ کو جا جو خچر پر سوار ہے اور اُن کو اسیر کرلا، اس خدمت کے صلہ میں اپنی لڑکی کا جس کی آرزو میں کتنے ہی شہزادے ہیں، عقد کردوں گا۔ کندی سفید ہاتھی پر سوار ہوا اور تیس ہاتھی لے کر اپنے لشکر سے حملہ کیا۔ جناب امیرؑ نے اُن کو دیکھا، ہاتھیوں کے قریب گئے اور اُن سے کچھ کلام کیا جس کو کوئی نہ سمجھا، اُن میں ۲۹ ہاتھی تو منہ پھیر کر اپنے لشکر پر حملہ آور ہوئے اور اُن کو پسپا کر کے ہاتھیوں نے عرض کیا کہ اے علیؑ ہم خدا اور آپؑ پر ایمان لاتے ہیں مگر یہ سفید ہاتھی محمدؐ و آلِ محمدؐ کو نہیں مانتا۔ جناب امیرؑ نے اُس کو اپنی ذوالفقار سے قتل کیا۔ وہ ہاتھی پہاڑ کی طرح زمین پر گرا اور جناب امیرؑ نے کندی کو اُس کی پشت پر سے اُتارا، یہاں جبرئیلؑ نے جناب رسالت مآبؐ کو خبر دی اور وہ حضرت بلندی پر تشریف لے گئے، آواز دی اے علیؑ اس کو مجھے دیدو۔ جناب امیرؑ اُس کے قتل سے باز آئے، اُس نے عرض کیا آپؑ نے مجھ کو کیوں نہ قتل کیا؟ فرمایا بغور دیکھ اُس نے جو نظر کی تو حجاب سامنے سے اُٹھ گئے، دیکھا کہ پیغمبر خداؐ سامنے کھڑے ہیں، پوچھا یہ کون ہیں؟ فرمایا یہ خدا کے رسولؐ ہیں۔ اُس نے عرض کیا ہمارے اور ان کے درمیان کتنا فاصلہ ہے۔ فرمایا ۴۰ دن کی راہ۔ اُس نے کہا اے ابوالحسن تمہارا رب عظیم اور تمہارے نبی کریم ہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود نہیں سوائے معبود بحق کے، محمدؐ اس کے رسول ہیں۔

جناب امیرؑ نے نہج البلاغہ میں دو موقعوں پر ہاتھی کا ذکر کیا ہے۔

۱): وَيْلٌ لِسِكَكِكُمُ الْعَامِرَةِ وَ الدُّورِ الْمُزَخْرَفَةِ الَّتِي لَهَا أَجْنِحَةٌ كَأَجْنِحَةِ النُّسُورِ وَخَرَاطِيمُ كَخَرَاطِيمِ الْفِيَلَةِ.

تم پر وائے ہو تمہارے آباد مکانات اور سجے ہوئے گھر جن کے کنگرے گدھ کے بازو اور ہاتھی کی سونڈ کی طرح معلوم ہوتے ہیں۔

۲): سُبْحَانَ مَنْ أَدْمَجَ قَوَائِمَ الذَّرَّةِ وَالْهَمَجَةِ إِلَى مَا فَوْقَهُمَا مِنْ خَلْقِ الْحِيتَانِ وَالْفِيَلَةِ.

پاک و منزہ ہے وہ خدا جس نے چھوٹی چیونٹی اور مکھی سے لے کر ان سے بڑی مخلوق مچھلیوں اور

ہاتھیوں تک کے پیروں کو استوار کیا۔

سلطان غازی الدین حیدر فرماں روائے لکھنؤ کے فیل خانہ میں ایک ہاتھی تھا جو عشرہ محرم میں نوحہ پڑھتا تھا۔ علامہ شیروانی اور دوسرے سنی عالموں نے اس واقعہ کو اس طرح بیان کیا ہے۔

علامہ شیروانی کہتے ہیں:

کیا کسی نے عرب وعجم میں اس طرح کا ہاتھی دیکھا ہے جیسا ہاتھی میں نے شاہ غازی الدین حیدر کی کوٹھی کے صحن میں دیکھا ہے۔ یہ ہاتھی صاحبانِ مصیبت کی طرح رو رہا تھا اور امام حسینؑ ایسے ذی قدر اور عالی منزلت کا نوحہ پڑھ رہا تھا۔ اس عجیب وغریب ہاتھی کا واقعہ اس طرح ہے کہ ۵ محرم ۱۲۳۲ھ کو میں بادشاہ ذی الاحترام کے دردولت پر حاضر ہوا، میں نے ایوان شاہی کے صحن میں ایک ہاتھی کو دیکھا جو تڑپ تڑپ کر رو رہا تھا اور نوحہ پڑھتا تھا اور اُس کی صورت سے حزن وملال کے آثار نمایاں تھے گویا وہ زخمی ذوالجناح تھا جو مصیبت امام مظلوم کی تلوار سے مجروح تھا، لوگ اُس گرد وپیش کھڑے حسرت سے دیکھ رہے تھے، پھر اُس نے اپنی سونڈ سے اپنا سر پیٹنا شروع کیا اور یہ عربی نوحہ حاضرین کو سنایا جو صاف طور سے لفظ بہ لفظ سمجھ میں آتا تھا۔

واحسینا واحسینا واحسینا واحسین

ہائے حسین ہائے حسین ہائے حسین ہائے حسین

واحسینا واحسینا واحسینا واحسین

ہائے حسین ہائے حسین ہائے حسین ہائے حسین

ان کربی ھاج مما قد جری فی کربلا

کربلا میں جو گذرا اُس سے میرا کرب بہت بڑھ گیا

للحسین السید المولی امام الاتقیاء

مولا حسینؑ سردار (جنت) پرہیزگاروں کے امام کے لیے

من طغاۃ خالفوا احکام خیر الانبیاء

ان سرکشوں کے ہاتھوں سے جنھوں نے احکام رسولؐ کی مخالفت کی

واذاقوا اھلبیت مرّ العناء

اور اہل بیت مصطفیٰؐ کو رنج ومصیبت میں ڈالا

آہ من جوار العدیٰ واحسینا واحسین

آہ دشمنوں کے ظلم سے ہائے حسین وائے حسین

شتتو شمل الھدیٰ واحسینا واحسین
دشمنوں نے شمع ہدایت کو پراکندہ کر دیا ہائے حسین

واھانو السعداء واحسینا واحسین
اور نیکیوں کی توہین کی ہے ہائے حسین وائے حسین

لھف نفسی لھف نفسی شھید المستھام
ہائے افسوس ہائے افسوس اُس مظلوم و شہید ستم رسیدہ پر

ما تھنا بشراب و طعام و منام
جس نے آب و دانہ اور نیند کی لذت نہ اُٹھائی

قبح اللہ اناساً حاربوا ذاك الامام
خدا بُرا کرے اُن کا جو اپنے امام سے لڑے

جدہ المختار حقاً خصمھم یوم القیام
جس کے جد احمد مختار بروز قیامت مخالفت کریں گے

ان رمع العین لم واحسینا واحسین
آنکھوں کے آنسو ہائے حسین ہائے حسین

یستقم مما الم واحسینا واحسین
اس مصیبت کی وجہ سے نہیں رُکتے ہائے حسین ہائے حسین

من کروب و الم واحسینا واحسین
ان صدمات و آلام کی وجہ سے ہائے حسین ہائے حسین

ایھا الافیال نوحوا اصبح المولی الوحید
اے ہاتھیوں نوحہ کرو تمہارا آقا تنہا رہ گیا

وبسیف الظلم مقتولاً طریحاً فی الصید
اور ظلم و ستم کی تلواروں سے ریگ گرم پر پڑا ہے

وابنہ السجاد اضحی فی قیود من حدید
اور اُس کا فرزند سید سجاد لوہے کی بیڑیوں میں جکڑا ہوا ہے

وذوات العزّ فی ذل و غم للشھید
اور اُس کی معزز عورتیں ذلیل غمگین ہو گئیں

طار من عینی الوسن واحسینا واحسین
میری آنکھوں سے نیند اُڑ گئی ہائے حسین وائے حسین

ھاج فی قلبی الحزن واحسینا واحسین
میرے دل میں غم و رنج موجزن ہے ہائے حسین ہائے حسین

للحسین والحسن واحسینا واحسین
واسطے حسین و حسن کے ہائے حسین وائے حسین

اس عربی نوحہ کے بعد علامہ شیروانی نے جو عبارت لکھی ہے اُس کا ترجمہ یہ ہے:

جب ہاتھی نوحہ پڑھ چکا اور اُس کی فریاد و زاری ختم ہوئی تو چھوٹے بڑے نہایت جوش و خروش کے ساتھ گریہ و بکا کرنے لگے اور ہاتھی کو نہایت حیرت سے تکنے لگے اور اُس کے بارے میں گفتگو شروع کی، حاضرین کو تعجب ہوا اس کا کلام سن کر اگر کوئی اور کہے کہ یہ بناوٹ کی بات ہے اس پر اعتماد نہیں ہو سکتا تو ہم جواب میں کہیں گے کہ اگر اس واقعہ میں زبردستی کا تعجب ہے تو لازم ہے کہ انکار کرنے والے لکھنؤ میں آ کر اس ہاتھی کو اپنی آنکھ سے دیکھیں اور اپنے کانوں سے نوحہ سن لیں، اگر اُن کے آنے سے پہلے ہاتھی یہاں نہ رہا تو میں بری الذمہ ہوں۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے اگر تم کو چاند دکھائی نہ دے تو جس نے دیکھا ہو اُس پر بھروسہ کرو۔

جابر جعفی کہتا ہے کہ میں نے دیکھا کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے ایک مرتبہ مٹی کا ہاتھی بنایا اور اُس پر سوار ہو کر پرواز کی اور مکہ میں پہنچے پھر واپس ہوئے۔ راوی حدیث کہتا ہے کہ مجھے یقین نہ تھا تو میں نے خود امامؑ سے پوچھا کہ جابر جعفی ایسا ایسا کہتے ہیں۔ حضرت مجھ کو لے کر بھی سوار ہوئے اور اُسی شان سے مکہ تک سفر کیا اور واپس ہوئے۔

(مؤلف) کہتا ہے کہ اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا چمگادڑ بنا کر اس میں نفخ روح کرنا خلاف عقل نہیں تو مٹی کے ہاتھی میں بھی امامؑ کی برکت سے روح دوڑ سکتی ہے، چھوٹے اور بڑے کا سوال نہیں ہے جو خدا اُس وقت آثار حیات پیدا کرتا تھا وہی اس کے بعد بھی پیکر گِل میں روح ڈالنے پر قادر ہے لہٰذا استبعاد عقلی کی گنجائش نہیں ہے خصوصاً اہل قرآن کے لیے۔

حدیث میں ہے کہ شرط لگانا جائز نہیں ہے مگر گھوڑے اور خچر اور گدھے اور اونٹ اور ہاتھی اور تیر

اندازی میں۔

(تحفہ احمدیہ، جلد اول، صفحہ ۱۴۰)

ابن ابی الحدید نے شرح نہج البلاغہ میں لکھا ہے کہ میسرۃ الحرمین دنیا کا بہت بڑا کھانے والا گذرا ہے۔ مہدی بن محمد بن منصور کے دربار میں اس نے اپنے پرخوراک ہونے کا تذکرہ کیا۔ خلیفہ نے ایک ہاتھی طلب کیا اور ایک روٹی ہاتھی کو دوسری میسرہ کو دینا شروع کی، ہاتھی سو روٹیاں کھا کر چلا گیا اور میسرہ نے کھانے سے منہ نہ موڑا، سو روٹیاں کھانے کے بعد بھی کھاتا رہا۔

ولایت میں رائل ایلیفینٹ (Royal Elephant) ٹیم ہے جس میں برما کی سرحد سے پانچ کوہ پیکر ہاتھی پہنچائے گئے تھے ان کو مسٹر سینگر کی کپتانی میں چار مہینہ تک فٹ بال کی مشق کرائی گئی اور ہاتھی گیند کو ٹانگ سے سیدھا پھینکنا، مخالف کو دکھا دینا سیکھ گئے۔

(عجائب المعلومات، ص ۲۷)

بلجیئن (کانگو) کے باشندے ہاتھیوں کا گوشت کھاتے ہیں چنانچہ اندازہ کیا گیا ہے کہ وہ ہر سال ۶۰ ہزار ہاتھیوں کو اپنی خوراک کے لیے ہلاک کرتے ہیں۔ اہل ہنود کے دیوتاؤں میں گنیش وہ تھے جن کے جسم پر ہاتھی کا سر تھا یہ رودر کے لے پالک تھے، رودر کے معنی رلانے والے کے ہیں۔

(ہندو مذہب کی معلومات، ص ۲۰)

تعبیر:

اگر ہاتھی کو اپنی طرف بڑھتے ہوئے خواب میں دیکھے تو حاکم کی طرف سے انعام پائے گا، اور اگر دیکھے کہ ہاتھی حملہ کر رہا ہے تو خوف ہے صدقہ دے، اور اگر ہاتھی پر سوار دیکھے تو دولت وحشمت تک رسائی ہوگی۔ سفید ہاتھی خواب میں دیکھے تو خوبصورت اولاد ہوگی۔

مؤلف نے جنت البقیع کی بربادی کے موقع پر ایک سیلاب عظیم میں کوہ پیکر ہاتھیوں کو بہتے ہوئے دیکھا جن کی ڈراونی صورتیں چادر آب میں چھپ رہی تھیں۔ خواب سے بیدار ہونے پر یہ تعبیر دی کہ دولتِ مجد جس نے اصحاب فیل کا کام کیا ہے مستقبل میں برباد ہوگی۔ اس خواب کی تعبیر ۵۰ برس تک ظاہر ہو سکتی ہے۔ ان شاء اللہ الجبار

خواص:

ہاتھی کا پیشاب جس گھر میں چھڑکیں وہاں چوہے نہ آئیں گے۔ اگر عورت اس کی لید کو حمول کرے تو ہرگز حاملہ نہ ہوگی۔

حکم:

ہاتھی کا گوشت حرام ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے کسی نے سوال کیا کہ روغندانی اور کنگھی ہاتھی دانت کی جائز ہے یا نہ؟

فرمایا: کچھ مضائقہ نہیں۔

کنگھی استخوان فیل کی بخار کو دور کرتی ہے۔ائمہ معصومینؑ خود استخوان فیل کی کنگھی کرتے تھے۔(تحفہ احمدیہ)

اگر کنویں میں ہاتھی گر پڑے خواہ مرجائے خواہ زندہ نکلے تو تمام پانی نکال ڈالے۔

ادبیات:

۱):جس شخص کے ظاہر و باطن میں فرق ہوتا ہے اس کے بارے میں کہتے ہیں: ہاتھی کے کھانے کے دانت اور ہوتے ہیں اور دکھانے کے اور۔

۲):کسی بڑے شخص سے مقابلہ کے وقت کہتے ہیں: ہاتھیوں سے گنّے کھانا ہیں۔

۳):اگلے زمانے میں ہاتھی مار کہ کاغذ اور ہاتھی مار کہ ململ بہت مشہور تھی۔

جان صاحب کہتے ہیں۔

معنی کے بدلے رہ گئی اب شعر میں جگت ۔۔۔ اے جانؔ پہنو انگرکھا ہاتھی کے تھان کا

ہر بڑی چیز کو ہاتھی سے تشبیہ دیتے ہیں۔اقبالؔ

ہائے کیا فرط طرب میں جھومتا جاتا ہے ابر ۔۔۔ فیلِ بے زنجیر کی صورت اڑا جاتا ہے ابر

ے

زانو پہ ہاتھ مارتا تھا اس طرح ذلیل ۔۔۔ خرطوم وقتِ غیظ پٹکتا ہے جیسے فیل

۴):ہاتھی پھرے گاؤں گاؤں جس کا ہاتھی اُس کا نام۔جس کی چیز ہوتی ہے اُسی کا نام ہوتا ہے۔

۵):ہاتھی ہزار لٹے پھر سوا لاکھ کا۔امیر کیسا ہی غریب ہو پھر بھی امیر ہے۔

۶):آئے ہاتھی کی چال جائے چیونٹی کی چال۔بیماری

میر انیسؔ نے اپنے مرثیہ میں دشمنانِ امام حسینؑ کو اصحاب فیل سے یاد کیا ہے۔

حرمت سے بے خبر ہیں امام جلیل کی ۔۔۔ کعبہ پہ پھر چڑھائی ہے اصحاب فیل کی

میر وحید لشکر شام کے حال میں کہتے ہیں۔

نعرے کرتے تھے لعیں جھوم کے یوں مقتل میں ۔۔۔ فیل جیسے کبھی چھنگاڑتے ہیں جنگل میں

موصوف ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں۔

رہا یہ خوف کہ اصحاب فیل پر جو ہوا وہی نہ ہو کہیں ہم پر عذاب کعبہ میں

میر انیس کہتے ہیں۔

اصحاب فیل آئیں تو رُخ موڑتے نہیں یہ پاؤں مثل کعبہ جگہ چھوڑتے نہیں

باب الفیل:

مسجد کوفہ کے ایک دروازہ کا نام ہے جس کو باب الثعبان بھی کہتے ہیں۔ یہ نام دور معاویہ میں اصلیت کو مسخ کرنے کے لیے رکھا گیا۔

سورہ الفیل:

پانچ آیتوں کا مختصر سورہ ہے، اس کے بارے میں جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ جو شخص اس سورہ کو پڑھے گا تو خدا زندگی میں مسخ ہونے سے محفوظ رکھے گا۔

ہاتھی گیٹ: بٹالہ ضلع گردر پور کے ایک محلہ کا نام ہے۔

داء الفیل: مشہور اور لاعلاج بیماری ہے جس میں انسان کا پاؤں ورم کر کے مثل ہاتھی کے پیروں کے ہو جاتا ہے۔ فیل پا کے مریض اکثر اس بیماری سے جاں بر نہیں ہوتے۔

اصحاب الفیل: اُس قوم کو کہتے ہیں جو کعبہ منہدم کرنے کے لیے آئے تھے۔

پیل پایہ: عمارتوں میں پھاٹک کے دونوں طرف جو مونڈھے خشت وگل کے نوکروں کے بیٹھنے کے لیے بنائے جاتے ہیں اُن کو کہتے ہیں۔

ہتیا پول:

دہلی کے قلعہ معلی میں ایک دروازہ ہے جس کو اکبری دروازہ اور دہلی دروازہ بھی کہتے ہیں۔ یہ پرانی دلی کی طرف واقع ہے۔ اکبر آباد کا راستہ بھی اسی کی سمت ہے۔ ہتیا پول اس کو اس لیے کہتے ہیں کہ سابق میں اس دروازہ کے روبرو پتھر کے دو ہاتھی تھے۔ کلائی اور مثالی میں بچ بچ کے ہاتھیوں کے برابر بنے ہوتے تھے اور اسی سبب سے ہتیا پول کہتے تھے کہ ہندی محاورہ میں پول دروازہ کے معنی میں آیا ہے یعنی دروازہ فیلان مگر عہد سلطنت محی الدین اورنگ زیب میں یہ دونوں ہاتھی توڑ ڈالے گئے۔

(حل غوامض)

فیل مرغ:

ایک مرغ ہے مور سے مشابہ جس کو فارسی میں ''خروس بوقلمون'' بھی کہتے ہیں۔(junkey)

دریائی ہاتھی:

ایک قسم کا دریائی ہاتھی ہوتا ہے جس کو انگریزی میں والرس کہتے ہیں۔اس جانور کو ایک زمانہ میں سیل سمجھا جاتا تھا مگر بعد میں تحقیق ہوئی کہ دریائی ہاتھی سے مشابہ ہے مگر سیل نہیں ہے۔اس کا قد تقریباً پندرہ فٹ ہوتا ہے اور خشکی پر لڑھکتے ہوئے چلتا ہے۔ہاتھی کے دانت کی طرح اس کے سر میں بڑے بڑے باہر نکلے ہوئے دانت ہوتے ہیں۔

(عجائبات قدرت، جلد اول)

دریائی ہاتھی کی ایک قسم ۲۰ اور ۳۰ فٹ لانبی مثل ہاتھی کے ہوتی ہے جو اپنے قدوقامت کی بزرگی سے بہت مشکل سے پھدک کر چلتا ہے۔یہ جنوبی امریکہ کے ٹھنڈے سمندر کے سوا کہیں نظر نہیں آتا۔

(ق)

قبج

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
قبج	کبک		چکور

خوبصورت اور رنگین پرند ہے جو پہاڑوں میں رہتا ہے،اس کو اردو میں کیا کہتے ہیں اس میں اختلاف ہے۔مخزن المفرادات کے مؤلف نے لکھا ہے کہ یہ ایک پرند کبوتر کے برابر خوش خرام و خوبصورت ہوتا ہے جس کو اردو میں چکور کہتے ہیں۔خالق باری کے مؤلف نے اس کا اردو ترجمہ ہنس کیا ہے لیکن اول الذکر قول کی تصدیق نہیں کرسکتا ورنہ خالق باری کے مؤلف کی رائے سے مجھے اتفاق ہے۔ہنس ایک حلال جانور ہے جس کے پاؤں غیر معمولی دراز، آنکھ زرد، چونچ کیلے کی پھلی کی طرح ہوتی ہے۔نظیر اکبرآبادی کا شعر ہے۔

آیا تھا کسی شہر سے ایک ہنس بچارہ   صحرا کے کیا پیڑ پر اُس نے گذارا

عرب اس کو حجل اور یعقوب بھی کہتے ہیں۔ یہ دو قسم کا ہوتا ہے، بڑے کو کبک دری اور چھوٹے کو کبک کو ہی کہتے ہیں۔ کبک اس قدر بھولا ہوتا ہے کہ صیاد آسانی سے شکار کر لیتا ہے۔ شیخ نے الشعاء میں لکھا ہے:

ان القبیحه تحبلها ریح تهب من ناحیة الحجل ومن سماع صوته.

مادہ نر کی طرف سے جو شمیم آتی ہے اُس سے انڈا دیتی ہے اور آواز سن کر بھی انڈا دینے کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے۔

مادہ کبک پندرہ انڈے دیتی ہے۔ آدھے نر سیتا ہے، آدھے مادہ۔ نر و مادہ دونوں خوش الحانی کے عاشق ہیں۔

حدیث امام حسینؑ میں ہے کہ کبک کہتا ہے:

قَرُبَ الْحَقُّ قَرُبَ. حق نزدیک ہے حق نزدیک ہے۔

تعبیر: کبک کو خواب میں دیکھے تو معشوق خوش خرام ہاتھ آئے۔

حکم: گوشت اس کا حلال ہے۔

خواص: اس کا جگر بریان کر کے مرگی کے مریض کو کھلانا مفید ہے۔ اس کا گوشت مستقی کو نفع پہنچاتا ہے۔ اس کے انڈے سرکے میں ملا کر دشتی پیاز کے ساتھ کھانا زہر کا اثر زائل کر دیتا ہے۔

ادبیات: شاعروں نے گھوڑے کی رفتار کو اس سے تشبیہ دی ہے۔

میر انیسؔ علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

طاؤس و کبک و نسر و عقاب و ہما سے تیز　　جانے میں اُڑ کے ہدہد شہر سبا سے تیز

القرد

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
القرد	میمون	Mankey	بندر

بندر جانوروں میں آدمی سے سب سے زیادہ مشابہ ہوتا ہے اور اس میں شک نہیں کہ اُس کی حرکتوں سے بسا اوقات انسانیت کی جھلک ظاہر ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ ڈاروِن نے اس سے غلط نتیجہ نکالا اور میمونیت کو انسان کی خشت اول سمجھا۔ اسلام اس کے عکس کا حامی نہیں اور ہادیان امت نے اپنے

حکیمانہ تحقیقات میں بتایا ہے کہ بندر پہلے انسانی لباس میں تھا، بدکرداری نے اُس کو بندر کردیا۔

حدیث میں ہے:

اَمَّا الْقِرَدَةُ فَكَانُوا قَوماً مِنْ بَنِي اِسْرَائِيلَ كَانُوا يَنْزِلُونَ عَلَى شَاطِىءِ الْبَحْرِ اعْتَدَوا فِي السَّبْتِ فَصَادُوا الْحِيْتَانَ.

بندر بنی اسرائیل کی ایک قوم تھی جو دریا کنارے اُترتے تھے اور خدا کی نافرمانی کرتے ہوئے ہفتہ کے دن مچھلی کا شکار کیا کرتے تھے۔ قرآن مجید میں اس کی طرف اشارہ ہے:

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ. (البقرہ:۶۵)

اُن لوگوں کی حالت توتم بخوبی جانتے ہو جو ہفتہ کے دن اپنی حد سے گذر گئے (باوجود روکنے کے شکار کھیلا) تو ہم نے اُن سے کہا تم راندے گئے بندر بن جاؤ۔

اس واقعہ کو ہم "حوت" کے تحت میں لکھ چکے ہیں۔ یوں تو بہت سے جانور مسخ ہوئے ہیں لیکن بندر کے فلسفہ تخلیق میں انسانی شکل کو جو باقی رکھا ہے تو ممکن ہے کہ اس سے بنی اسرائیل کے کردار بد کی جیتی جاگتی یادگار قائم کی جارہی ہو۔

بندر بڑا ہوشیار جانور ہے اور نقالی کا دلدادہ ہے، اُس کے سامنے جو کام کرو وہ بھی کرنے لگتا ہے، آپس میں اتحاد بھی ایسا ہے ایک پر اگر کوئی آفت آجائے تو بیسیوں بندر جمع ہوجاتے ہیں۔ بندر کپڑا، کھانا، پھل ہر چیز کا دشمن ہے جو چاہتا ہے لے جاتا ہے۔ جانوروں میں ایک بندر ہی ایسا ہے جس نے کبھی اپنا گھر نہیں بنایا۔ کبھی سربلند عمارتوں پر، کبھی جنگلوں میں، کبھی کھیتوں میں، کبھی درخت کی ڈال پر، چل پھر کر زندگی بسر کرتا ہے۔ جب ہی ہندوستانی عورتیں اس کو "ڈالی والا" کہتی ہیں۔ ہندو اصحاب "ہنومان جی" کہتے ہیں اور بندر کو تکلیف پہنچانا گناہ سمجھتے ہیں۔ وہ بڑی خوشی سے بندر کو چیز دیتے ہیں۔ وہ "چیچے چیچے" کہنے سے سامنے آجاتا ہے اور "لگے لگے" کہنے سے بھاگ جاتا ہے۔ جس طرح عرب میں اسماء اصوات ہیں اسی طرح ہندوستان میں بھی کچھ لفظیں ایسے مواقع کے لیے مقرر ہیں جو صاحبانِ زبان کو ہمیشہ وقت پر یاد آتی ہیں۔

بندریا قریب ایک سال کے بعد ایک یا دو بچے جنتی ہے۔ اس کا بچہ جب تک چھوٹا رہتا ہے پیٹ سے لپٹا رہتا ہے اور وہ ایک دیوار سے دوسری دیوار پر بلا خطر پھلانگ مارتی ہے۔ ایسا بھی دیکھا ہے کہ مئی جون کی گرمی میں جب ہندوستان کے درودیوار دھوپ سے تپتے ہیں تو بندریا اپنے بچہ کو نیچے رکھ کر

اُس پر بلا تکلف بیٹھ جاتی ہے۔ موٹے بندر کو جگادری کہتے ہیں۔ اہل سنت کے سربرآوردہ عالم زمخشری ربیع الابرار میں لکھتے ہیں کہ عرب میں مثل مشہور ہے: (فلان اعمر منه القرد)

فلاں شخص بندر سے بھی زیادہ بڈھا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ بندر ۷۰۰ برس تک زندہ رہتا ہے۔

ماہرین علم حیوان نے اس اخبار کی اس وقت تک تصدیق نہیں کی۔

لنگور، بن مانس بھی بندر ہی کی قسم ہے۔ یہ دونوں جانور بندر سے قد میں بڑے ہوتے ہیں اور لنگور کی دُم لانبی، منہ سیاہ ہوتا ہے۔ اس سے بندروں کا دم نکلتا ہے۔ اپنی دُم سے سونٹی کی طرح بندروں کو پیٹتا ہے۔ جنوبی امریکہ کے بندر عجیب وغریب ہوتے ہیں۔ ان میں بعض کی دُم اتنی لانبی ہوتی ہے کہ اُس کے سہارے سے وہ درختوں پر اُلٹے لٹک جاتے ہیں۔

بندر بھیڑیئے کو دیکھ کر لرز جاتا ہے، جس جنگل میں بندروں کے بیچ میں گرگ آجاتا ہے تو سب بندر اپنی آنکھیں بند کر لیتے ہیں، بھیڑیا اُن میں سے فربہ دیکھ کر اُٹھا لیتا ہے۔ بندر کو جنگل کی بوٹیاں اور اپنے نفع وضرر کی چیزوں کی بھی خوب پہچان ہے۔

۱): بعض سیاحوں نے مجھ سے بیان کیا کہ ایک بندریا کے پیٹ میں بچہ مر گیا تھا اور وہ درد سے جاں بلب تھی، گرد بندروں کا ہجوم ہوگیا آخر ایک بندر نے کھنگی کا درخت مع جڑ اُس کی کمر میں لپیٹ دیا اُسی وقت مردہ بچہ پیدا ہوگیا۔ سیاح مذکور نے دردزہ میں مبتلا عورتوں پر اس کا تجربہ کیا اور کامیاب ہوا۔

۲): ایک یورپین افسر کا بیان ہے کہ کسی غار میں بندر کو سانپ نے ڈس لیا، سب طرف سے بندر سمٹ آئے، ایک بندر نے غار میں پھاند کر پہلے تو سانپ کا پھن پکڑ کے اُس کو ختم کر دیا پھر دوسرے بندر نے دانت سے کچل کر کوئی چیز کھلائی اور وہ بندر اچھا ہو کر چلتا ہوا۔ قریب جا کر دیکھا تو آم کی گٹھلی کا مغز تھا جس نے مارگزیدہ کو صحت دی۔

جھیل تالاب سے سنگھاڑوں کا نکالنا بھی بندر کی چالاکی کا ایک کرشمہ ہے۔ یہ اپنے سر میں گیلی مٹی تھوپ کر پانی میں بلا تکلف چلا جاتا ہے اور سنگھاڑے سر میں چبھو کر نکل آتا ہے۔ جانور اگرچہ غیر ذوی العقول ہیں مگر باری تعالیٰ نے اپنی ضرورتیں پورا کرنے کے لیے اُن کو اس قدر عقل ضروری دی ہے جس سے بے پرواہ زندگی بسر کریں۔ وہ اپاہج بن کر بے روزگار انسان کی طرح دردر بھیک نہیں مانگنا چاہتے۔ عام اہل ہنود بندر کی بہت تعظیم کرتے ہیں اور بعض ان کی پوجا بھی کرتے ہیں۔

احادیث شیعہ میں قرد کی لفظ کثرت سے استعمال کی گئی ہے۔ شیطان کا حلیہ جس مقام پر بیان کیا ہے وہاں ہے کہ چہرہ اُس کا بندر کے منہ کی طرح ہے۔ اور روایت عبداللہ بن عمر میں ہے:

يحشرون اللوطيون يوم القيامة على صورة القردة والخنازير.

لواطہ کرنے والے روز قیامت بندر اور سور کی شکل میں محشور ہوں گے۔

اور جامع الاخبار میں جناب رسالت مآب ﷺ سے منقول ہے کہ میری امت کے بروز قیامت دس گروہ ہوں گے بعض بندر کی شکل کے معلوم ہوں گے جو بندر کی صورت میں ہوں گے وہ سخن چین ہوں گے۔ از انجملہ جناب رسالت مآب ﷺ کا وہ خواب ہے جس کو فریقین نے نقل کیا ہے اور فاضل دمیری بھی اُس کو اس محل پر پیش کر چکے ہیں۔ مسلم زنجی کی روایت ہے کہ جناب رسالت مآب ﷺ نے فرمایا:

رَاَيْتُ فِي مَنَامِي كَاَنَّ بَنِي الْحَكَمِ بْنِ اَبِي الْعَاصِ يَنْزُوْنَ عَلٰى مِنْبَرِي كَمَا تَنْزُوْ الْقِرَدَةُ.

میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ حکم بن ابی عاص کی اولاد میرے منبر پر اس طرح کودتے ہیں جیسے بندر۔ اس خواب کے بعد پھر کسی نے آپ کو ہنستے ہوئے نہیں دیکھا۔

سب سے پہلے ہم شکریہ ادا کرتے ہیں مؤلف حیوۃ الحیوان کا جنھوں نے اس حقیقت آگین خواب کو بلاکم وکاست نقل کر دیا۔ حکم بن ابی عاص کی اولاد کے کیا نام ہیں، اُس نے پیغمبر خدا کے بعد کیا کیا۔ یہ وہ سوال ہے جس کا جواب نہ دینا اصولی غلطی ہے جس کے لیے ایک آزاد خیال مؤلف ہرگز تیار نہیں ہوسکتا۔

حضرت ابوبکر بن قحافہ۔ خلیفہ اول:

ولادت کی تاریخ سے سنیوں کی بڑی بڑی کتابیں خالی ہیں صرف سن ولادت کا پتہ ملتا ہے کہ آپ ۳ عام الفیل میں پیدا ہوئے۔ (ملاحظہ ہو تحصیل الرجال) پیدائش کا دن نہ معلوم ہونے کا صاف نتیجہ یہ ہے کہ اسلام لانے سے پہلے دنیا میں کوئی شمار نہ تھا۔ آپ اپنے آبائی وطن مکہ کی پاک سرزمین میں پیدا ہوئے۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ سوائے اُن مخصوص ہستیوں کہ جو دین عیسوی پر قائم تھے کوئی توحید کا نام ہی نہ جانتا تھا، بت پرستی کا عام رواج تھا۔ حضرت ابوبکر بھی سن تمیز تک پہنچتے پہنچتے اپنے بائی مذہب میں پختہ ہوگئے۔ آپ کا ذریعہ معاش بزازی تھا (حیات الحیوان دمیری جلد اول، ص ۱۶۳) کپڑا بیچ کر اپنی اور عیال کی پرورش کرتے تھے بعض تاریخوں سے پتہ چلتا ہے کہ کسی زمانہ میں کفار عرب کے بچوں کو آپ نے پڑھانا بھی شروع کیا تھا (امالی التفسیر والمواعظ) اس لیے کفار مکہ آپ کا احترام کرتے تھے۔ خلفاء میں آپ سب سے زیادہ پیرانہ سال تھے۔ آپ کب اسلام لائے اس کے جواب میں اسلام کے مشہور

مؤرخ علامہ طبری کی تاریخ کا ایک نوٹ پیش کردیا کافی ہے:

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي: أَكَانَ أَبُو بَكْرٍ أَوَّلَكُمْ إِسْلَامًا؟ فَقَالَ: لَا. وَلَقَدْ أَسْلَمَ قَبْلَهُ أَكْثَرُ مِنْ خَمْسِينَ، وَلَكِنْ كَانَ أَفْضَلَنَا إِسْلَامًا.

محمد بن سعد کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سعد (بن ابی وقاص) سے پوچھا کیا ابوبکر آپ لوگوں سے پہلے اسلام لائے تو انھوں نے کہا کہ نہیں تو تحقیق کہ اُن سے پہلے پچاس سے زیادہ آدمی اسلام لا چکے تھے ہاں ہم میں اُن کا اسلام بہتر ضرور تھا۔

(تاریخ طبری جلد دوم، ص ۱۶۵)

اسلام لانے کے بعد مثل دیگر مسلمانوں کے خدمت نبوی میں حاضر رہا کرتے تھے۔ جب حضور اکرمؐ نے مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی اُس وقت بتایا جاتا ہے کہ آپ آقائے دوجہاں کے ساتھ تھے لیکن یہ پتہ نہیں کہ آپ مکہ سے ہمراہ تھے اور پیغمبر خداؐ نے قصداً رفیق سفر بنایا تھا یا راستہ سے اتفاقیہ ساتھ ہو گیا تھا لیکن یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ جب ہجرت کی منزل ختم ہوئی تو پیغمبر خداؐ اور آپ ایک ہی شخص کے یہاں نہیں ٹھہرے۔ طبری کی تحریر کے موافق حضور اکرمؐ کا قیام کلثوم بن حدم یا سعد بن حیثمہ کے یہاں رہا اور حضرت ابوبکر حبیب بن اساف یا خارجہ بن زید بن ابی زہیر کے یہاں ٹھہرے ۔اس سے واضح ہوتا ہے کہ اتفاقیہ طور پر ساتھ ہو گیا تھا اگر بحیثیت خادم و مخدوم ہجرت کی جاتی تو قیام دونوں مہاجروں کا ایک جگہ ہوتا۔

پیغمبر اسلامؐ کی روحانیت اور سچائی سے روز بروز شجر اسلام نمو پانے لگا اور دوستوں کی تعداد کے ساتھ دشمنوں کی کثرت بھی بڑھنے لگی۔ کفار قریش نے آتش حسد سے مجبور ہو کر مسلمانوں پر حملہ کا ارادہ کر دیا اور خداوند عالم نے اہل اسلام کو جہاد کا حکم دیا۔ اس منزل پر جو لوگ ثابت قدم رہے افسوس ہے کہ اُن میں حضرت ابوبکر کا نام نامی نظر نہیں آتا۔ اُن کی شخصیت کے لحاظ سے ضرورت تھی کہ میدان جنگ میں پیش پیش رہتے مگر فنون جنگ میں بدر سے حنین تک کوئی قابل ذکر حصہ نہیں لیا۔ خود رسول اکرمؐ نے بھی کوئی ذمہ دارانہ منصب سپرد نہیں کیا۔ اہل مکہ پر سورہ برأت کی تبلیغ کے لیے مامور کیا تھا مگر وحی الٰہی نے راستہ ہی میں معزول کر دیا، اگر یہ شرف حضرت ابوبکر کو حاصل ہو جاتا تو سوانح حیات میں آب زر سے لکھنے کے لائق تھے۔ پیغمبر خداؐ نے ہمیشہ دوسروں کا ماتحت رکھا یہاں تک کہ سب سے آخر میں تو عمر اسامہ بن زید کو جو غلام زادہ تھے جنگ روم کے لیے افسر بنا دیا اور اصحاب کبار میں بڑی بے چینی پھیل گئی اور نتیجہ میں آخری حکم رسولؐ سے سرتابی میں یہ لوگ کامیاب ہوئے، اس موقع پر رسولؐ

نے بہت سخت الفاظ استعمال کیے تھے جس کو گونگا بہرا بن کر ٹال دیا گیا اور یہ لشکر رسولؐ کی زندگی میں روانہ نہ ہوا۔ رسولؐ عربی کی آنکھ بند ہوتے ہی خلافت کے جھگڑے شروع ہو گئے، ثقیفہ بنی ساعدہ میں مہاجرین وانصار کا مجمع ہوا، ہر گروہ ایک نام پیش کرتا تھا، سعد بن عبادہ نے کہا:

مِنَّا اَمِيْرٌ وَمِنْكُمْ اَمِيْرٌ.

ایک امیر انصار میں ہونا چاہئے ایک مہاجرین میں۔

جس پر اختلاف رائے میں ہاتھا پائی تک نوبت آجاتی تھی۔ سعد بن عبادہ (جن کو انصار خلیفہ بنانا چاہتے تھے) کو حضرت عمر نے روند ڈالا، سعد کے ہم خیال لوگوں نے کہا کہ کہیں سعد کچل نہ جائیں، اُس پر حضرت عمر بگڑ کر بولے اسے ضرور مار ڈالو، خدا اسے قتل کرے۔ یہ کوسنے صرف اس لیے تھے کہ حضرت عمر کا ووٹ حضرت ابوبکر کی طرف تھا۔ سعد بن عبادہ نے حضرت ابوبکر کی بیعت نہیں کی۔ حاضرین کا اختلاف دیکھ کر حضرت ابوبکر سے کہا ہاتھ بڑھاؤ میں تمہاری بیعت کرتا ہوں۔

(تاریخ طبری جلد سوم، ص ۱۹۹)

وہ بولے تم ہاتھ بڑھاؤ میں تمہاری بیعت کرتا ہوں اس لیے کہ تم خلافت کے لیے مجھ سے زیادہ موزوں ہو۔ راوی کا بیان ہے کہ اس موقع پر حضرت عمر زیادہ سختی کر رہے تھے، ان دونوں میں سے ہر ایک اپنے ساتھی کا ہاتھ کھولنا چاہتا تھا کہ ہاتھ مار کر بیعت کر لے، آخر کار حضرت عمر نے ابوبکر کی مٹھی کھول دی اور بیعت کرتے ہوئے کہا کہ آپ کے ساتھ میری قوت بھی رہے گی، اس اقرار کے بعد حضرت عمر نے تعجب ہے کہ آگے چل کر صاف صاف اعلان کر دیا کہ:

فَلَا يَغْتَرَّنَّ امْرُؤٌ اَنْ يَقُوْلَ اِنَّمَا كَانَتْ بَيْعَةُ اَبِىْ بَكْرٍ فَلْتَةً وَتَمَّتْ اَلَا وَاِنَّهَا قَدْ كَانَتْ كَذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ وَقٰى شَرَّهَا.

(صحیح بخاری جلد چہارم، ص ۱۱ مطبوعہ مصر)

کسی شخص کو یہ غلط فہمی نہ ہو کہ وہ یہ کہنے لگے بیعت ابوبکر بے سوچے سمجھے ہوئی تھی اس پر بھی چل گئی آگاہ ہو کہ بیشک ابوبکر کی بیعت بے سوچے سمجھے ہوئی مگر خدا نے اُس کے شر سے اُمت کو بچایا۔ ممکن ہے کہ یہ خیال صحیح ہو مگر واقعات بالکل ساتھ نہیں دیتے، امت اور بالخصوص اہل بیتؑ کو شدید ترین نقصان اُٹھانا پڑا۔ اس موقع پر بنی ہاشم کا کوئی منبر موجود نہ تھا جو پیغمبرؐ کے کسی قرابت دار کا نام پیش کرتا، وہ مصیبت زدہ اپنے راس ورئیس کی تجہیز و تکفین میں سچے دل سے مشغول تھے اور اپنے فرائض کا سختی سے احساس کر رہے تھے۔ مولانا روم کو بھی اس ناقابل تلافی لغزش کا اعتراف ہے۔

چوں صحابہ حب دنیا داشتند　　مصطفی را بیکفن گذاشتند

فدک کا معاملہ جب سامنے آجاتا ہے تو شیعوں کا ذکر نہیں سنجیدہ اہل سنت انگشت بدنداں نظر آتے ہیں۔ پیغمبر خدا کی وہ اکلوتی بیٹی جس کے بارے میں مرسل نے فرمایا تھا:

یوذینی ما اوذی فاطمہ.

(صحیح مسلم جلد دوم، ص ۲۹۰ مطبوعہ نول کشور لکھنو)

جس نے فاطمہ کو تکلیف پہنچائی اُس نے مجھے اذیت دی۔

اُس خاتون معظمہ کی تکذیب کی جس کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ معصومہ کونین حضرت ابوبکر سے ناراض ہو گئیں۔

(تاریخ خمیس جلد دوم، ص ۱۹۳، چھاپہ مصر)

اور پھر اپنے مرتے دم تک بات نہ کی۔

(صحیح مسلم جلد دوم، ص ۲۹۱، چھاپہ نول کشور)

حضرت ابوبکر کی خلافت کی جتنی مدت تھی وہ فتنہ ارتداد اور نظام مملکت کے جھگڑوں میں صرف ہوئی اور قدم قدم پر ایسے واقعات پیش آئے جس سے آپ کے وقار میں ٹھیس لگی۔ اس سلسلہ میں میراث جدہ کا مسئلہ بہت مشہور ہے۔ جب آپ سے دادی کی میراث کے بارے میں سوال ہوا تو آپ نے فرمادیا کہ مجھے یہ مسئلہ معلوم نہیں ہاں میں لوگوں سے دریافت کروں گا چنانچہ دریافت کرنے پر مغیرہ بن شیبہ و محمد بن مسلم نے بتایا کہ دادی کو رسولؐ نے ۱/۶ کا حقدار بنایا ہے۔ قرآن مجید کی آیت "فاکہۃً وّ ابّا" کے معنی سمجھنے میں بھی ہمیشہ آپ متحیر رہے اور سمجھ میں نہ آئی وغیرہ وغیرہ۔

بائیس جمادی الآخر بقولے ۱۳ھ میں آپ نے انتقال فرمایا۔ اولاد میں محمد بن ابی بکر مشہور ترین بزرگ تھے جو اسماء بنت عمیس کے بطن سے تھے۔ اسماء بنت عمیس حضرت جعفر طیار کی زوجہ تھیں۔

(حیات الحیوان جلد اول، ص ۱۹۱، چھاپہ مصر)

جعفر کے انتقال کے بعد حضرت ابوبکر نے اُس چشمک سے جو بنی ہاشم سے تھیں بڑھاپے میں اسماء کے ساتھ عقد کر لیا اور محمد پیدا ہوئے چونکہ حضرت ابوبکر کا سن زیادہ ہو چکا تھا اس لیے دوبارہ اسماء کو بیوگی کی زحمت اُٹھانا پڑی۔ اب محمد بن ابوبکر کی پرورش کا کوئی ذریعہ بھی نہ تھا اسماء نے مجبور ہو کر جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام کے ساتھ عقد کر لیا اور محمد بن ابی بکر کی پرورش میں حضرت علیؑ نے خود حصہ لیا اور یہ ہونہار یتیم حضرت علیؑ کی آغوش میں تربیت پا کر ایک بہادر اور وفا شعار انسان مانا گیا اور

حضرت ابوبکر کا نام چلا۔

حضرت عمر بن خطاب، خلیفہ دوم:

یکم محرم روز یکشنبہ ۱۳ عام الفیل میں پیدا ہوئے۔ یہ وہ وقت ہے کہ مکہ کفر والحاد سے چھلک رہا ہے ہر طرف صنم سازی، صنم پرستی کو عروج ہے واہمہ پرست عرب مادیت کی زنجیروں میں روز بروز جکڑتے جاتے ہیں۔ حضرت عمر کی ولادت ہوئی اور آپ کو بھی فطرتاً زمانہ کی انسانیت سوز ہوا لگنا شروع ہوئی۔ ابتدا سے مزاج میں سادگی اور کشت وخون سے ڈرتے تھے، تجارت کا ذوق پیدا ہوا سرمایہ کے فقدان سے مجبور ہو کر دلالی کرنے لگے۔

(حیوۃ الحیوان دمیری، ص ۱۶۳، جلد اول چھاپہ مصر)

بڑے بڑے تاجروں کے پاس دوڑ دھوپ کر کے گاہک لاتے تھے اور یہی آپ کا ذریعہ معاش تھا۔ آغاز عمر میں کشتی کا بھی شوق ہوا اور ایک وقت وہ آیا کہ عکاظ کے دنگل میں کشتیاں لڑنے لگے۔

(ص ۱۸، الفاروق علامہ شبلی نعمانی)

تاحلی زندگی کا افتتاح ام کلثوم بنت جرول کے عقد کے ساتھ ہوا جو اس وقت کے رسم ورواج کے لحاظ سے ہوا۔

(الفاروق، ص ۲۰)

جب پیغمبر خداؐ مبعوث ہوئے اور عرب کے روشن خیال افراد جوق جوق اسلام لانا شروع ہوئے تو حضرت عمر کامل چھ سال تک دین محمدی کی رفتار دیکھتے رہے اور پیغمبر اسلامؐ سے کچھ بھی محبت پیدا نہ ہوئی۔ آپ پر توحید کی صدا بہت شاق گذرتی تھی ممکن نہ تھا کہ محمد رسول اللہ کا نام کوئی اچھے لفظوں میں آپ کے سامنے لیتا۔ خود فرماتے ہیں:

کنت من اشد الناس علی رسول اللہ۔ (اسد الغابہ، ص ۵۲، چھاپہ مصر)

میں خدا کے پیغمبرؐ پر سب سے زیادہ سختی کرتا تھا۔

ایک دن بر سبیل تذکرہ اپنی حقیقی بہن کے شوہر پر تاؤ آ گیا اور پیغمبرؐ کا نام لینے کے جرم میں بہنوئی سے دست وگریبان ہو گئے اور جب بہن بچانے آئیں تو ان کی بھی خبر لی یہاں تک کہ ان کا بدن لہولہان ہو گیا۔

(الفاروق، ص ۲۰)

قدرت خدا تھی کہ ایسے سخت گیر انسان کو اس نے رام بنایا اور بعثت کے چھٹے سال آپ اسلام لائے۔

علامہ ابن اثیر نے اس محل پر بڑی صفائی سے کام لیا ہے وہ تاریخ میں رقم طراز ہیں:

ثم اسلم عمر بعد تسعة وثلاثين رجلا وثلاث وعشرين امرأة وقيل اسلم بعد أربعين رجلا واحدى عشرة امرأة وقيل بعد أربعين رجلا واحدى عشرة امرأة وقيل اسلم بعد خمسة وأربعين رجلا واحدى عشرة امرأة.

پھر انتالیس مردوں اور تیئیس عورتوں کے بعد حضرت عمر مسلمان ہوئے اور ایک قول کی بنا پر چالیس مردوں اور گیارہ عورتوں کے بعد اور بقولے ۴۵ مردوں اور ۳۱ عورتوں کے بعد حضرت عمر مسلمان ہوئے۔

(تاریخ کامل جلد دوم، ص ۳۴، مطبوعہ مصر)

شان ایزدی ہے کہ بڑھاپے میں بت پرستی چھوڑ کر پیغمبر خداؐ کی محبت میں حاضر رہنے کا شرف ملا اور اتنے نزدیک اپنے مفید مشوروں سے پیغمبر خداؐ کو مدد پہنچاتے رہے۔ رفتہ رفتہ عقیدت کے رشتوں کو مستحکم بنانے کی کوشش میں رہے۔ آپ کی صاحبزادی حفصہ کے شوہر کا انتقال ہوگیا اور حضرت عمر کو فکر ہوئی کہ بیٹی کو اسلامی عقائد کے موافق بیوگی سے نجات دلائیں، خود حضرت عثمان سے پیام دیا انھوں نے کسی وجہ سے انکار کیا تو حضرت ابوبکر کی طرف پلٹے اُن سے کہا تم عقد کرلو انھوں نے بھی انکار کیا اُس وقت پیغمبر عربیؐ کی خدمت میں استدعا کی اور حضور دو عالمؐ نے شرف قبولیت بخشا۔

(ارشاد ساری، ص ۱۳۷ از احمد بن محمد خطیب قسطلانی)

اس رشتہ کے بعد رسولؐ سے بزرگی کا دعویٰ ہوگیا جس کا میری نظر میں کوئی وزن نہیں ہے اگر یہی معیار فضیلت کا ہو تو آنحضرتؐ کی نو بیویوں میں ہر بی بی کا باپ غیر معمولی برتری کا دعویٰ کرسکتا ہے۔

عوام الناس کی ستم ظریفی دیکھیے حضرت عمر کا اُم کلثوم بنت جرول کے ساتھ جو عقد ہوا تو عقیدت مندوں نے اس نام سے یہ غلط فائدہ اُٹھایا کہ حضرت عمر کو حضرت علیؑ کا داماد مشہور کرنا شروع کیا۔ میرے نزدیک تو سواد اعظم کے خلیفہ دوم تسلیم کرنے کے بعد اس میں کوئی شرف نہیں رہتا کہ وہ خلیفہ چہارم کے داماد تھے شائد اس میں یہ راز ہے کہ خاندان رسالت کی طرف انتساب ایک مستقل فضیلت ہے جس کی ہر کہ ومہ کوشش کرتا ہے۔ اس واقعہ کی تاریخی حیثیت سے کوئی بنیاد نہیں ہے۔ اُم کلثومؑ بنت علیؑ کا عقد محمد بن جعفر طیار سے ہوا تھا۔

(عوارف جلد دوم نیز ہفتم کالم ۲، ص ۱۴)

اور انھوں نے لاولد انتقال کیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

اسلام کا پودا ایک عظیم الشان اور گھنے درخت کی صورت میں جب آگیا اور پیغمبر خدا کے بیشمار مقامی دشمنوں نے فروغ نبوت دیکھ کر آپ کو مکہ چھوڑنے پر مجبور کیا اور آنحضرتؐ نے ہجرت فرمائی اُس کے بعد مسلمانوں کو جہاد کا سامنا ہوا میدان نبرد ایک ایسی کسوٹی تھی جس پر کسنے کے بعد کھوٹے اور کھرے کی پہچان آسان تھی۔ بدر واحد کے وسیع میدان میں مسلمان جہاد پر تیار ہوئے مگر افسوس کہ حضرت عمر میدان میں ثابت قدم نہ رہ سکے۔ میرے نزدیک تو حضرت عمر کا فرار کچھ زیادہ تعجب کی بات نہیں ہے وہ سرکار رسالتؐ سے خود کہہ چکے تھے:

أَنْتَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ إِلَّا نَفْسِي. (تفسیر در منثور، ص ۱۷۳ قلمی)

آپ سوائے میری جان کے ساری کائنات سے بہتر اور محبوب ہیں۔

اسی نظریہ کی بنا پر جان بچائی اور بدر سے حنین تک آپ کا یہ رویہ جاری رہا، فرار کا خود بھی اقرار کیا اور سواد اعظم کے مصنفین کو بھی سوائے اس کے کوئی چارہ نہیں رہا کہ وہ اعلان فرار کو لکھیں۔ جنگ احد کا فرار غیر معمولی طور پر مشہور ہوگیا۔

(الفاروق، ص ۲۹)

حضرت عمر کی بد مزاجی بھی اُن کے فرار کی شہرت کے ساتھ ساتھ بڑھتی جاتی تھی۔ بدر کے قیدیوں کو دیکھ کر آپ نے پیغمبر خدا کی خدمت میں عرض کیا کہ ان کو قتل کر ڈالا جائے تو اچھا ہے۔

(تاریخ طبری چھاپہ مصر، ص ۲۹۵)

حضرت ختمی مرتبتؐ نے غالباً انہیں سختیوں کو دیکھ کر ان لفظوں میں کہہ دیا تھا:

الشیطان لیخاف منک یا عمر۔ اے عمر تم سے شیطان بھی ڈرتا ہے۔

(اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ص ۶۴، چھاپہ مصر)

۶ ہجری میں واقعات حاضرہ دیکھ کر آپ کے خیالات میں ایک گونہ تبدیلی ہوگئی اور مسلمانوں کے سامنے باعلان کہہ دیا:

مَا شَكَكْتُ مُنْذُ أَسْلَمْتُ إِلَّا يَوْمَئِذٍ.

جب سے میں اسلام لایا کبھی آج کا ایسا شک نہیں ہوا۔

انہیں تخیلات میں جن کی تفصیل کا یہ محل نہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کا وقت آپہنچا اور رسولؐ کے آخری مرض میں تیمارداری کے موقع پر کچھ ایسے تشدد کا مظاہرہ ہوا کہ آپؐ نے شورش پسندوں کو اپنے پاس سے اُٹھا دینے کا حکم دیا اور دوات و قرطاس نہ ملنے کا صدمہ لے کر دنیا سے سدھارے۔

حضرت عمر اس موقع پر شمشیر بکف مسلمانوں کو دھمکا رہے تھے کہ یہ نہ کہو محمد عربیؐ نے انتقال کیا وہ زندہ وجاوید ہیں۔

(تفسیر در منثور قلمی، ص ۳۶۳، کتب خانہ ممتاز العلماء)

اِدھر عوام کو یہ سمجھایا اور اُدھر ثقیفہ میں آئے اور انتخاب خلافت شروع ہوگیا۔ اس الیکشن میں اگر آپ خود خلیفہ بن جاتے تو خود غرضی کا الزام لگتا مصلحت کا تقاضہ تھا کہ کسی دوسرے کے پردہ میں حکومت کریں اس لیے آپ کا ووٹ ابوبکر کی طرف تھا اگر کسی مسلمان کے حق میں رائے دی جاتی تو اُس سے بات بات پر اختلاف رائے کا اندیشہ تھا اور حضرت ابوبکر سے اس کی امید نہ تھی، پیرانہ سالی کی وجہ سے عرصہ تک اُن کے زندہ رہنے کی بھی نہ تھی اس وجوہ سے آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہوئے چنانچہ جب تک حضرت ابوبکر زندہ رہے حکومت آپ ہی کرتے رہے اور جب اُن کا آخری وقت پہنچا تو خلافت کی باگ ہاتھوں میں دے کر دنیا سے ہمیشہ کے لیے رخصت ہو گئے اور حضرت عمر کھلے خزانے سلطنت کرنے لگے غالباً اسی وجہ سے بعض مواقع پر آپ اپنے مراسلات میں:

من عمر خليفة خليفة رسول الله. (اسد الغابہ، ص ۱۷)

یعنی یہ تحریر ہے عمر کی طرف سے جو خلیفہ پیغمبر کے خلیفہ ہیں۔

درحقیقت یہ نیابت ایک روحانی تاجدار کی تھی جس کو سرمایہ داری، جاہ طلبی، ملوکیت سے کوئی لگاؤ نہ تھا اس لیے قدم قدم پر آپ کو مشکلات کا سامنا ہوتا تھا اور ہونا بھی چاہیے تھا خلافت میں کمال علم جزء اعظم ہے۔ عقائد نفسی میں لکھا ہے:

يشترط ان يكون من اهل الولاية المطلقه الكامله سائساً قادراً بعلمه و عدله على تنفيذ الاحكام و حفظ حدود دار الاسلام و انصاف المظلوم من الظالم.

ترجمہ: خلیفہ کے لیے یہ شرط ہے کہ وہ کامل ولایت کی تمام خصوصیات رکھتا ہو مسلمان، آزاد، مرد، عاقل اور بالغ ہو، انتظام کی قابلیت رکھتا ہو اور اپنے علم و عدالت کی بنا پر احکام شرعیہ کا اجراء اور دار الاسلام کی حدود کی حفاظت اور ظالم سے مظلوم کے انصاف پر قدرت رکھتا ہو۔

آزاد ہونے کے معنی یہ ہیں کسی کا محکوم نہ ہو، مرد ہونے کی ضرورت واضح ہے عورت کی عقل ناقص اور کمزور ہوتی ہے اس لیے عورت خلیفہ نہیں ہوسکتی۔ بلوغ کی قید اس لیے ہے کہ بچہ کی عقل بھی ناقص ہوتی ہے، علم روح رواں ہے خلافت کے لیے بغیر اس کے خدا اور رسول کی ترجمانی ناممکن ہے، عادل

ہونا بھی ضروری ہے اگر ظلم و جور کا عادی ہو تو اموال مسلمین کو اپنے ذاتی اغراض میں صرف کرے گا اور حقوق ناس ضائع ہوں گے۔ آگے چل کر فاضل مؤلف نے اور زیادہ وضاحت کر دی ہے:

فان قیل فلکیتف بذی شوکة یملك العامه سواء کان اماما او غیر امام فان انتظام الامور یحصل بذلك کما فی عهد الاراك قلنا نعم یحصل بعض انتظام فی الدنیا لکن یختل امر الدین وهو المقصود الاهم والعمدة العظمی۔

اگر کہا جائے کہ کوئی شخص ایسا ہو جو جاہ و حشمت رکھتا ہو اور عام افراد پر سلطنت کرے وہ کافی سمجھا جانا چاہیے خواہ امام ہو یا غیر امام کیونکہ انتظام کا مقصد اس سے حاصل ہو جائے گا جیسا کہ ترکوں کے زمانہ میں ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ہاں اس دنیاوی معاملہ کا تو کچھ انتظام ہو جائے گا لیکن دینی امور درہم و برہم ہو جائیں گے اور اہم ترین مقصد سب سے بڑا رکن بھی ہے۔

چونکہ یہ صفتیں موجود نہ تھیں اس لیے حضرت عمر کو بڑی مشکلوں کا سامنا ہوا اور علمی سیاسی گتھیاں سلجھانے کے لیے پیغمبر خداؐ کے چچازاد بھائی اور داماد حضرت علیؑ سے رجوع کرنا پڑتا تھا۔ یہ سادگی حضرت عمر کی حد درجہ قابل تعریف ہے کہ وہ چونکہ جوہر تعلیم سے خالی تھے اور علمی ماحول سے اُن کے آغاز و انجام کو کوئی تعلق نہ تھا اس لیے علمی مسائل کے حل نہ ہونے کے موقع پر بار بار کہتے تھے:

كُلُّ اَحَدٍ اَفْقَهُ مِنْ عُمَرَ. (حیوۃ الحیوان دمیری، ص ۴۳)

علم فقہ میں ہر ایک عمر سے بہتر ہے۔

اور جب حضرت علیؑ سے رجوع کرنا پڑتا تھا تو بیسیوں مرتبہ آپ نے فرمایا:

لَوْلَا عَلِيٌّ لَهَلَكَ عُمَرُ. اگر علیؑ نہ ہوتے تو عمر ہلاک ہو جاتا۔

اور کبھی خطاب کر کے یہ کہا:

أعوذ بالله من أن أعيش في قوم لست فيهم أبو الحسن.

(بدور ساخرہ فی امور الاخرہ، سیوطی، ص ۴۷۔ اسد الغابہ، ص ۳، مطبوعہ ۱۲۸۵ھ)

اے ابوالحسن میں خدا سے پناہ مانگتا ہوں کہ اُس گروہ میں زندگی بسر کروں جس میں آپ نہ ہوں۔

خلافت کے دوران میں ایسے مواقع کثرت سے پیش آئے کہ لوگوں نے علوم قرآن سے بے بہرہ سمجھا۔ آیہ تیمم سے جہل کون نہیں جانتا۔ ایک شخص نے دریافت کیا کہ مجھے غسل کی ضرورت تھی اور پانی موجود نہ تھا۔ فرمایا اس صورت میں نماز نہ پڑھو۔ عمار نے کہا کہ کیا آپ کو یاد نہیں کہ ہم اور آپ ایک غزوہ میں گئے اور ہم کو غسل کی ضرورت پیش آئی تو آپ نے نماز ہی نہیں پڑھی اور میں مٹی میں لوٹا اور

نماز پڑھ لی۔ رسول اللہؐ نے فرمایا کہ اس صورت میں خاک پر ہاتھوں کو مار کر چہرہ اور ہاتھوں کا مسح کرنا چاہئے۔ کلالہ کے معنی آپ کی سمجھ میں ہی نہ آئے۔ بسا اوقات عورتیں آپ کو محجوب کر دیتی تھیں چنانچہ آپ نے ایک مرتبہ اعلان کیا کہ عورتوں کے مہر میں کوئی زیادتی نہ کی جائے اگر ایسا ہوگا تو زیادتی کی رقم بیت المال میں داخل کر دی جائے گی۔ ایک عورت نے کہا کہ یہ حکم خدا کے خلاف ہے اور قرآن کی آیت پڑھ دی تب آپ کو اپنی لاعلمی کا اقرار کرنا پڑا۔

(الحاف السادۃ المتقین فی شرح احیاء العلوم الدین، جلد ۱، مطبوعہ مصر، ص ۲۸۹)

سچ پوچھا جائے تو آپ کو علم سے دشمنی تھی دربار خلافت میں قرآنی علوم دریافت کرنے والوں کو زدوکوب ہوتی تھی۔

(تفسیر در منثور، ص ۳۰۵ قلمی)

اس طرز عمل سے چاروں طرف بدامنی پھیلی ہوئی تھی۔

جب حضرت عمر کا پیمانہ عمر لبریز ہوگیا اور ابولولو فیروز مشہور شخص کے حملہ سے آپ زخمی ہوئے تو اہل الرائے نے خلافت کے بارے میں سوال کیا مگر حضرت عمر کو اپنا ایسا کوئی شخص دنیا میں نہ ملا جس کو اس منصب کا اہل سمجھتے۔ عبداللہ بن مسعود کا نام زبان پر آیا لیکن کسی شخص کے متعلق آپ کی رائے پختہ نہیں ہوئی (تفسیر در منثور، ص ۳۷۱)۔ آخری غذا آپ کی نبیذ تھی (اسد الغابہ، ص ۷۵، چھاپہ مصر) جو پینے کے بعد زخم شکم سے نکل گئی اور انتہائی کرب واضطراب میں ۱۰ سال حکومت کے بعد ۲۳ ذی الحجہ کو سنت ابوبکر کے خلاف بغیر خلیفہ مقرر کیے ہوئے انتقال کر گئے (سید ہاشم بحرینی نے معالم زلفی میں ۹ ربیع الاول تاریخ وفات تسلیم کی ہے)۔ صہیب نے نماز جنازہ پڑھی۔ عاتکہ بنت زید اور دوسری عورتوں نے اسلامی رواج کے موافق آپ پر نوحہ خوانی کی اور غم منایا گیا (اسد الغابہ، ص ۷۸ چھاپہ مصر)۔ ابن اثیر نے تو یہاں تک دعویٰ کیا ہے کہ حضرت عمر کے غم میں جن اشکبار ہوئے۔ اگر واقعی کسی مرنے والے پر قوم جن میں ماتم ہوسکتا ہے تو پھر فرزند رسول الثقلین امام حسینؑ کی شہادت کے موقع پر جنوں میں تلاطم محل تعجب نہ رہے گا۔

یہ مختصر خاکہ خلیفہ دوم کے عبرت انگیز حالات کا تھا جس میں بہت سے اہم پہلو بخوف طول نظر انداز کر دیئے ہیں۔ آپ نے دین ومذہب کی انفرادی حیثیت سے جو خدمت انجام دی اُن میں بیت المال کی بنیاد، درہ لے کر بازاروں میں پھرنا، دیوار پر چڑھ کر مسلمانوں کے عیوب کی تلاش (شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید معتزلی واحیاء العلوم غزالی)، ماہ صیام کی برکت آفریں تاریخوں میں نماز تراویح کا

اختراع، اذان میں الصلوٰۃ خیر من النوم کا اضافہ، متعہ کو حرام قرار دینا وغیرہ وغیرہ۔ یہ وہ چیزیں ہیں جن کا دور نبویؐ میں پتہ نہ تھا۔

حضرت عثمان بن عفان، خلیفہ سویم:

آقائے دوجہاں کی خلافت کے معزز ترین عہدہ کو اولاد حکم بن ابی عاص میں پہنچے ہوئے ۲۳ سال گذر چکے ہیں۔ حضرت ابوبکر جو مسلمانوں کے ایک مخصوص گروہ کے منتخب کیے ہوئے خلیفہ تھے ڈھائی سال حکومت کر کے اپنے قائم مقام حضرت عمر کو مقرر کر گئے۔ آپ چونکہ حکومت کے عادی ہو گئے تھے بہت آزادی کے ساتھ حکمرانی شروع کی اور موقع و محل کو دیکھتے ہوئے احکام خدا اور رسولؐ کی بھی پروانہ کی اور مذہب کو موم کی ناک بنادیا۔ وہ نقوش جو پیغمبر خداؐ نے قائم کیے تھے دھندلے پڑ گئے ،اس پر غضب یہ ہوا کہ حضرت عمر ایسے دوراندیش نے خلافت کا انتظام کیے بغیر گومگو کے عالم میں انتقال کیا اور مسلمانوں کا وہ طبقہ جو خلیفہ سازی کا خوگر ہو چکا تھا شورائی پر مجبور ہوا۔ قرعہ فال حضرت عثمان کے نام نکلا۔ آپ کی ولادت ۶ عام الفیل میں ہوئی تھی۔ لوگوں کے اصرار سے عثمان حکومت ہاتھ میں لی مگر کام سنبھلنا تھا نہ سنبھلا۔ ثقیفہ کے ممبران نے خلافت پر جو رنگ چڑھا دیا تھا وہ بھی ہلکا ہو گیا تھا اس لیے بڑی دشواری کا سامنا ہوا۔ آپ کی رائے اور ارادہ میں اتنی طاقت نہ تھی جو پھر رنگتے، کامیابی کے بجائے مسلمانوں میں ہر طرف ایک انقلاب پھیل گیا۔

آپ کا نام عثمان اور لقب ذوالنورین تھا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ نے برخلاف شیخین دو ہجرتوں کا شرف حاصل کیا تھا یا یہ کہ آپ نے قرآن مجید پہلی دفعہ عہد نبویؐ میں جمع کیا تھا اور پھر اپنی سلطنت کے زمانے میں دوبارہ جمع کیا اس لیے ذوالنورین مشہور ہوئے۔ حضرت عائشہ نے آپ پر نعثل کی پھبتی کہی تھی۔ عربی میں نعثل بجو کو کہتے ہیں اور اس نام کا ایک یہودی بھی تھا جس کی داڑھی لانبی تھی۔ بی بی عائشہ آپ کے بارے میں کہا کرتی تھیں:

اُقْتُلُوا نَعْثَلًا قَتَلَ اللّٰهُ نَعْثَلًا.

لمبی داڑھی والے کو سب مل کر مار ڈالو، خدا اُس دراز ریش والے کو قتل کرے۔

دمیری نے بھی اس عداوت کا اعتراف کیا ہے اور لکھا ہے:

وَكَانَ اَعْدَاءُ عثمان يُسَمُّوْنَهٗ نَعْثَلًا.

حضرت عثمان کے دشمن اُن کو نعثل کہتے تھے۔

سید اسماعیل حمیری نے اپنے مشہور قصیدہ میں اس لقب کی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَرَايَةٌ يَقْدُمُهَا نَعْثَلٌ لَا يَرُدَّ اللهُ لَهُ مَضْجَع

آپ کو عتیق بھی کہتے تھے۔اس لقب کی وجہ فاضل دمیری نے یہ لکھی ہے کہ آپ کی ماں کے بچے ضائع ہو جاتے تھے چونکہ عثمان جی گئے اس لیے عتیق نام رکھا یعنی بچپن کی موت سے آزاد۔

اگر دور نبویؐ میں حضرت عثمان اپنے کمال علم، بہادری، تھوڑے اخلاق سے ہر دلعزیزی پیدا کر چکے ہوتے تو ان کو اس قدر مصائب کا سامنا نہ ہوتا۔آپ اپنی نوجوانی میں حضرت ابوبکر اور طلحہ اور عبدالرحمٰن بن عوف کے ساتھ کپڑا بیچتے تھے۔

(حیات الحیوان دمیری جلد اول، ص ۱۶۳ چھاپہ مصر)

جب اسلام لائے تو کسی غزوہ میں ثابت قدم نہ رہے۔

ابن ابی الحدید معتزلی نے پرزور لفظوں میں اقرار کیا ہے کہ آپ کے فرار پر راویوں کا اتفاق ہے اور آپ کا لشکر اسلام سے فرار بہت طویل تھا۔مورخ طبری نے بھی اس فرار کی نقشہ کشی کی ہے:

وَقَدْ كَانَ النَّاس انهزموا عن رسول الله ﷺ حَتَّى انْتَهَى بَعْضُهُمْ الْمنقى دُونَ الأَعْوَصِ، وَفَرَّ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ وَعُقْبَةُ بْنُ عُثْمَانَ وَسَعْدُ بْنُ عُثْمَانَ رَجُلَانِ مِنَ الأَنْصَارِ، حَتَّى بَلَغُوا الْجَلْعَبَ جَبَلًا بِنَاحِيَةِ الْمَدِينَةِ مِمَّا يَلِي الأَعْوَصَ، فَأَقَامُوا بِهِ ثَلَاثًا ثُمَّ رَجَعُوا إِلَى رسول الله ﷺ، فزعموا ان رسول الله ﷺ قَالَ لَهُمْ: لَقَدْ ذَهَبْتُمْ فِيهَا عريضة۔

(تاریخ طبری جلد سوم، مطبوعہ مصر، ص ۲۱)

لوگ رسول اللہ کو چھوڑ کر بھاگ گئے یہاں تک کہ کچھ لوگ اعوص کے اُدھر مکان منقی تک پہنچ گئے اور حضرت عثمان بن عفان اور ان کے ساتھ دو انصاری عقبہ بن عثمان و سعد بن عثمان تو بھاگ کر کوہ جلعب تک پہنچے جو نواحی مدینہ میں مقام اعوص سے متصل ہے۔یہ تینوں شخص یعنی حضرت عثمان وغیرہ تین دن تک اس مقام پر پناہ گزین رہے اُس کے بعد جناب رسول خدا ﷺ کے پاس پہنچے ان لوگوں کو وثوق ہے کہ جناب پیغمبر خدا نے ان کے لیے طنزاً فرمایا تھا کہ اس جنگ میں تو تم لوگ بڑی دور چل دیئے۔

سبط ابن جوزی کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے احد کے دن فرار کرنے والوں میں سب سے پہلے حضرت عثمان ہی بھاگے۔

(تذکرۃ الخواص، ص ۴)

اس رویہ کے بعد پیغمبر خداؐ کی نظروں میں کیا وقعت ہو سکتی تھی اور مسلمانوں کے دلوں میں عزت قائم ہونے کی کوئی وجہ نہ تھی، یہی وجہ تھی آپ کے دور حکومت میں بھی پبلک پر کچھ رعب نہ تھا۔ مسلمانوں کا سنجیدہ طبقہ اس بات پر تیار نہ تھا کہ عوام مدح سرائی کی زحمت برداشت کریں۔ ھمام بن حارث کی معتبر ترین روایت میں ہے کہ:

اَنَّ رَجُلًا جَعَلَ یَمْدَحُ عُثْمَانَ فَعَمَدَ الْمِقْدَادُ فَجَثَا عَلٰی رُکْبَتَیْهِ وَ کَانَ رَجُلًا ضَخْماً فَجَعَلَ یَحْثُوْ فِیْ وَجْهِهِ الْحَصْبَاءَ فَقَالَ لَهٗ عُثْمَانُ مَا شَأْنُكَ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ اِذَا رَاَیْتُمُ الْمَدَّاحِیْنَ فَاحْثُوْا فِیْ وُجُوْهِهِمُ التُّرَابَ۔

(صحیح مسلم جلد دوم، ص ۴۱۴ سطر ۱۰ چھاپہ دہلی ۱۳۱۹ھ)

ھمام بن حارث کہتا ہے کہ ایک شخص حضرت عثمان کی مدح کرنے لگا، مقداد سیدھے ہو کر بیٹھ گئے وہ ایک تنومند شخص تھے دونوں گھٹنوں پر زور دے کر نصف قد سے کھڑے ہو گئے اور اُس مدح کرنے والے کے منہ پر کنکریاں پھینکنا شروع کیں، عثمان نے کہا مقداد تم کو کیا ہو گیا ہے، مقداد نے کہا کہ پیغمبر خدا ﷺ نے فرمایا ہے کہ جب صحابہ کی مدح کرنے والے لوگوں کو دیکھو تو اُن کے منہ میں خاک ڈال دو۔

مدح صحابہ کا یہ نبوی فیصلہ ہے جس کو خود سرور دو عالمؐ نے جرم قرار دے کر ایک سزا بھی مقرر کر دی تھی جس کو یاد دلا کر حضرت مقداد نے مدح صحابہ کو روک دیا۔ حضرت عثمان کو یہ حدیث یاد نہ تھی وہ اس میں خوش تھے کہ اُن کی تعریف کا نثری قصیدہ مسلمانوں کی زبان پر رہے۔

حضرت عثمان کی خلافت میں جو بڑی بڑی خرابیاں واقع ہوئیں اُن میں نہایت افسوس ناک واقعہ یہ تھا کہ مروان بن حکم کو آنحضرتؐ نے خارج البلد کر دیا تھا۔ حضرت عثمان نے ان کو بلا لیا۔

(تاریخ خمیس جلد دوم مطبوعہ مصر، ص ۲۴۲)

اور ابوذر ایسے جلیل القدر صحابی کو خارج البلد کر دیا۔ ربذہ جہاں ابوذر کو چلے جانے کا عتاب انگیز حکم ہوا تھا مدینہ سے چار فرسخ کے فاصلہ پر واقع ہے وہاں پانی کا وجود نہ تھا۔ جناب ابوذر کے حال میں ہم ان کی مہاجرت پر کسی قدر تبصرہ کر چکے ہیں اور اس محل پر یہ پُر درد داستان دھرانے پر تیار ہیں۔ ابوذر نے احکام الٰہی کی خلاف ورزی دیکھ کر شام میں قیام کیا اور دبی زبان میں حضرت عثمان کی کارستانیاں لوگوں سے بیان کرنا شروع کیں۔ امیر معاویہ حاکم شام نے سارے واقعات خلیفہ وقت کو لکھ بھیجے اور عثمان ابوذر کی جان کے دشمن ہو گئے اور معاویہ کو خط لکھا کہ فوراً ابوذر کو ننگی پیٹھ پر اونٹ کی بٹھا کر مدینہ روانہ کرو۔ ابوذر اسی حال میں مدینہ آئے راستہ کی تھکان سے رانوں کا گوشت اُڑ گیا تھا۔ ابوذر دراز

قامت مگر نحیف جسم تھے سر اور داڑھی کے بال سفید تھے، ضعف پیری میں سفر کی زحمت اُٹھانے سے اور بھی حالت خراب ہوگئی تھی۔ حضرت عثمان نے سختی سے جواب طلب کیا اور نتیجہ میں جناب ابوذر کو جلاوطن کیے جانے کا مستحکم ارادہ کرلیا۔ پوچھا کہ ابوذر سب سے بدتر مقام تم کسے سمجھتے ہو، کہا ربذہ۔ حکم دیا کہ ان کو ربذہ کی طرف جانے پر مجبور کیا جائے۔ مروان بن حکم نے برہنہ اونٹ پر سوار کر کے ان کو ربذہ پہنچادیا۔

(تنبیہ الغافلین وتذکرہ العارفین، شرح نہج البلاغہ)

خیر یہ سب تو تھا ہی آپ نے قرآن مجید جلا کر اپنے دامن تک وہ بدنما دھبہ لگا دیا جو کسی طرح چھوٹ نہیں سکتا۔ قرآن مجید کو جمع کرنا ایک مستحسن اقدام تھا لیکن چونکہ دوسرے صحابہ اس خدمت کو انجام دے چکے تھے لہٰذا آپ کے لیے کوئی خصوصیت باقی نہ رہتی اور اُن کے صحیفوں کو نیست و نابود کیے بغیر آپ کا قرآن مقبولیت کا جامہ نہ پہنتا اس لیے آپ کو قرآن جلانے کی ضرورت محسوس ہوئی تاکہ جامع قرآن ہونے کا سہرا آپ کے سر رہے اور دیگر صحابہ کی خدمات پر پانی پھر جائے۔

بعض سادہ لوح انسان پوچھ بیٹھتے ہیں کہ شیعی عقائد کے موافق جب حضرت علیؑ نے پیغمبر خدا کی وفات کے بعد قرآن جمع کرلیا تھا تو پھر اپنے قرآن کو خلیفہ وقت کے سامنے پیش کیوں نہ کیا؟

اس سوال کا جواب حضرت عثمان کے اسلام سوز رویہ سے معلوم ہوا اگر یہ قرآن مسلمانوں کے سامنے آجاتا تو عثمانی دور میں یہ بھی نذر آتش ہوجاتا اور نتیجہ میں حضرت علیؑ کی پرخلوص سعی بھی خاک سیاہ ہوجاتی اس لیے آپؑ نے نہ اُس وقت اپنے قرآن کو پیش کیا اور نہ اپنی خلافت کے زمانہ میں عثمان کے قرآن کے خلاف آواز بلند کی، اُن کی خدمت کا بہرحال احترام کیا اور اپنی وسعت خیال اور نیک نیتی کا غیر فانی ثبوت دیا۔

محمد بن ابی یعقوب بن وہب بن واضح الکاتب العباس المعروف بالیعقوبی نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ حضرت عثمان نے قرآن جمع کیا بڑے سوروں کو ایک ساتھ اور چھوٹوں کو ایک ساتھ مرتب کیا اور پروانہ جاری کیا کہ تمام اسلامی دنیا سے قرآن فراہم کیے جائیں۔ جب قرآن مجید کی کاپیاں جمع ہوگئیں اُن کو گرم پانی سے خوب مٹایا اور بعض راویوں کا قول ہے کہ سب قرآن چاک کر ڈالے کوئی قرآن باقی نہ رہا جو پھاڑ نہ ڈالا گیا ہو سوائے مصحف ابن مسعود کے۔ ابن مسعود کوفہ میں تھے وہ اپنا قرآن دینے پر راضی نہ ہوئے جب مدینہ میں آئے اور مسجد میں داخل ہوئے تو عثمان خطبہ پڑھ رہے تھے، ابن مسعود کی صورت دیکھ کر حاضرین سے کہا کہ تمہارے سامنے ایک برا شخص آرہا ہے یہ کہہ کر ابن مسعود سے سخت

کلامی کرتے ہوئے اشارہ کیا اور ابن مسعود کی ٹانگ پکڑ کر اتنا مارا کہ پسلیاں ٹوٹ گئیں۔

(عبقات الانوار، ص ۳۲۸، حدیث ثقلین)

حضرت عثمان کے اس جذبہ انتقام پر مسلمانوں میں چاروں طرف اظہار افسوس کیا جارہا ہے خصوصاً کتاب خدا کو فنا کردینا ہر شخص کی نظر میں نفرت خیز گناہ تھا حضرت عثمان نے خواہ گرم پانی سے قرآن کے حروف مٹادیئے ہوں یا چاک کرڈالا ہو یا بقول مؤلف فتح الباری نذر آتش کردیا۔

(فتح الباری کتاب التفسیر جلد نہم ص ۱۳۷)

کوئی مسلمان ایسا نہیں جو اس رویہ پر اظہار نفرت نہ کرے ممکن ہے کہ اس بے چینی کا یہ اثر ہو کہ مسلمانوں نے آپ کے انتقال کے موقع پر بھی آپ سے کوئی ہمدردی نہ کی اور جب کہ آپ نے انتقال کیا تو تین دن تک لاش مزبلہ پر پڑی رہی اور مسلمان تجہیز و تکفین کی طرف بہت دیر کے بعد متوجہ ہوئے۔

(تاریخ خمیس جلد دوم چھاپہ مصر، ص ۲۹۶)

آپ کے دوران خلافت میں بنی امیہ بڑے بڑے عہدوں پر فراز ہوئے اور بیت المال کی دولت عزیز و اقارب کی امداد میں پانی کی طرح بہادی گئی۔ حضرت عثمان کے قتل میں بی بی عائشہ کی سازش ناقابل انکار حقیقت ہے، آپ نے ام المومنین ہونے کی حیثیت سے بارہا مسلمانوں کو حکم دیا: (اقتلوا نعثلا) لمبی داڑھی والے کو مار ڈالو۔ جب عثمان بلوہ میں قتل ہوگئے تو بی بی عائشہ پچھتائیں اور سوگ میں بیٹھیں۔ حضرت عثمان کی وفات تاریخ ۱۸/ ذی الحجہ ۳۵ھ میں واقع ہوئی۔ آپ کا دور خلافت تقریباً ۱۲ سال رہا۔

امیر معاویہ فرماں روائے مملکت شام:

معاویہ کے لغوی معنی مادہ سگ کے ہیں۔ منتھی الارب کے فاضل مؤلف نے لکھا ہے

معاویہ سگ مادہ و کان ہو و ابوہ من المولفة قلوبہم۔

(منتھی الارب، ص ۲۸۲)

معاویہ کتیا کو کہتے ہیں اور حضرت معاویہ بن ابوسفیان باپ بیٹے اُن مسلمانوں میں تھے جن کا اسلام تالیف قلوب کی مصلحت سے قبول کرلیا گیا تھا۔

اسلام سے پہلے ان کے والد ماجد ابوسفیان بن حرب تیل بیچتے تھے۔

(حیواۃ الحیوان ص ۱۹۳، دمیری جلد اول)

آغاز میں تلوار لے کر پیغمبر اسلام کا مقابلہ کرتے رہے اور صدر اسلام کی بڑی بڑی لڑائیوں میں

ان کی سازش جاری رہی تھی کہ بظاہر کفر کی قید سے آزاد ہو کر مرکز اسلام تک پہنچے۔ معاویہ انہیں کا چشم و چراغ تھا، اُس کی حیثیت ملک شام کے ایک گورنر کی ایسی تھی مگر اپنی چالاکیوں سے کچھ ہی دن کے بعد خود مختار ہو گیا اور صوبہ کی زرخیزی سے عظیم الشان فائدہ اُٹھا کر رفتہ رفتہ لالچی عربوں کے دلوں پر قبضہ کرنا شروع کیا اور تخت و تاج کا مالک بن بیٹھا۔ اُس کے پاس فوج و خزانہ سب ہی کچھ تھا لیکن اسلامی تمدن کی بساط الٹ چکی تھی اور شاہی ہاتھ روحانیت سے بالکل خالی تھے۔

امیر معاویہ کی حکومت پر تبصرہ کرنے میں میں اس بات کے کہنے پر مجبور ہوں کہ اسی سلطنت کا اُلٹ پھیر تھا کہ بڑے بڑے جلیل القدر صحابی، عابد و زاہد اور دیگر گوشہ نشین ہستیاں محبت اہل بیت کے جرم میں قتل کی گئیں۔ مادیّت کے لگائے ہوئے ہودے میں نئے نئے برگ و بار پیدا ہو گئے اور جن کا نام تاریخ اسلام میں احترام کے قلم سے لکھا جاتا اور تعظیم کی آنکھ سے پڑھا جاتا تھا۔ اُن پر بالا علان تبرّا شروع ہو گیا۔ جذبہ انتقام کا استعمال اگر جائز طریقہ سے ہو تو مستحسن ہے لیکن تبلیغ مذہب کے جرم میں کسی بے گناہ رفارمر کو خار سمجھ لینا قیامت ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اقلیم ایمان کا وہ واحد تاجدار جس کا خدا اور رسولؐ کے نام کے ساتھ نام لیا جاتا تھا عام نظروں میں معاویہ کا مدمقابل سمجھا جانے لگا۔ زمانہ کی اسی ستم ظریفی کا حضرت علیؑ کو شکوہ تھا۔

انزلنی الدھر ثم انزلنی حتی قیل علی و معاویہ

مجھ کو زمانے نے اتنا گرایا کہ اب میرا نام معاویہ کے نام کے ساتھ زبانوں پر ہے۔

حنین اور نہروان کے میدان جنگ معاویہ کی عداوت پر گواہ ہیں اُس کی دلی تمنا تھی کہ آل محمدؐ کا وقار خاک میں مل جائے اور اُن کے نام لیو فقر و فاقہ میں زندگی بسر کریں۔

ابوبکر بن عبدالرحمٰن المعروف سید شہاب لکھتے ہیں:

كَتَبَ مُعَاوِيَةُ نُسْخَةً وَاحِدَةً إِلَىٰ عُمَّالِهِ بَعْدَ عَامِ الْجَمَاعَةِ أَنْ بَرِئَتِ الذِّمَّةُ مِمَّنْ رَوَىٰ شَيْئاً مِنْ فَضْلِ أَبِي تُرَابٍ وَأَهْلِ بَيْتِهِ

ثُمَّ كَتَبَ مُعَاوِيَةُ إِلَىٰ عُمَّالِهِ فِي جميع الآفاق: أن لا يجيزوا لأحد من شيعة علي وأهل بيته شهادة.

ثُمَّ كَتَبَ إِلَىٰ عُمَّالِهِ :أنظروا من قامت عليه البيّنة أنّه يحبّ علياً وأهل بيته، فامحوا اسمه من الديوان، وأسقطوا عطاءه ورزقه.

(نصائح کافیہ، ص ۷۰۔ بشارت الشیعہ، ص ۲۰)

ترجمہ: معاویہ نے عام الجماعہ یعنی ۴۰ ہجری کے بعد ایک سرکلر جاری کیا کہ ہم بری الذمہ ہیں اُس شخص سے جو علیؑ اور اُن کے اہل بیتؑ کے فضائل بیان کرے اور حکم جاری کیا تمام آفاق میں کہ شیعیان علیؑ کی کسی باب میں گواہی نہ لی جائے اور حکم جاری کیا کہ جس کی نسبت علیؑ اور اُن کے اہل بیتؑ کی محبت ثابت ہو جائے تو اُن کی تنخواہیں موقوف اور روزی بند کر کے فہرست سے نام کاٹ دیا جائے۔

حکومت کی دن رات یہ کوشش تھی کہ جھوٹی حدیثیں گڑھی جائیں اور قرآنی آیات کی غلط تفسیر دنیا کے سامنے پیش کی جائے۔ سمرہ بن جندب کو ایک لاکھ درہم دینے کا وعدہ کیا صرف اس لیے کہ شب ہجرت کی آیت:

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْرِي نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللهِ

کو ابن ملجم قاتل علیؑ کی فضیلت مشہور کرے۔ سمرہ نے انکار کیا تو ایک لاکھ درہم اور بڑھائے۔ سمرہ پھر بھی خدا کے خوف سے ڈرے اُس پر تین لاکھ درہم دینے منظور ہوئے۔ سمرہ نے پھر انکار کیا، آخر میں چار لاکھ درہم پر سمرہ نے ایمان کو فروخت کر کے اقرار کیا کہ وہ اس آیہ کو غلط طور پر ابن ملجم کا وصف مشہور کریں گے۔ فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ۔

عداوت کی یہ آخری حد تھی کہ پیغمبرؐ کے ناصروں میں شہداء بدر کی قبریں کھودنے کا حکم دے دیا۔

(شفاء الصدور شرح زیارت عاشور، ص ۶۹)

معاویہ ہی کے دور کا واقعہ ہے کہ جس بچہ کا نام علیؑ رکھا جاتا تھا تو وہ بڑی بے دردی کے ساتھ قتل ہو جاتا تھا یہ طرز عمل مدتوں جاری رہا اور کتنے ہی بے گناہ بچے ہمیشہ کے لیے موت کی نیند سلا دیئے گئے۔ صفین کے میدان میں جناب علی مرتضیٰ شیر خدا علیہ السلام نے فرمایا: اے معاویہ لڑائی میری اور تیری ہے عرب کا ناحق کام تمام کر رہا ہے تو خود میرے سامنے آتا کہ جو فتحیاب ہو میدان اُس کے ہاتھ میں رہے۔

(ارجح المطالب، ص ۲۴۴)

جب شیر خداؑ کے مقابلہ میں کامیاب نہ ہوا تو اپنے ترکش تعصب کا آخری تیر پھینکا، اپنے چند ہم نشینوں سے بیان کیا کہ تمہیں علیؑ کے علم کا امتحان کراتا ہوں، وہ کبھی باطل حرف زبان پر نہیں لاتے۔ تین معتبر آدمی بلا کر کہا کہ تم کوفہ میں جا کر میرے مرنے کی خبر اڑاؤ، جب کوفہ ایک منزل رہ جائے تو تم ایک دوسرے کے عقب میں داخل ہونا اور میرے مرنے کی خبر مشہور کرنا پھر دیکھنا علی کیا کہتے ہیں۔ تینوں شخص کوفہ کی طرف چلے جب کوفہ ایک منزل رہ گیا تو پہلا شخص داخل شہر ہوا، لوگوں نے پوچھا کہاں سے آیا ہے، کہا شام سے، کہا کوئی تازہ خبر، کہا معاویہ نے انتقال کیا۔ لوگ اُس کو جناب امیرؑ کے پاس

لے گئے اور کہا کہ معاویہ مر گیا۔ آپؑ نے سکوت اختیار کیا، اتنے میں دوسرا اسوار داخل ہوا اور اُس نے بھی معاویہ کی خبر بد سنائی، اُس کو بھی خدمت امیر المومنینؑ میں لائے اور آپؑ نے مصنوعی خبر مرگ سن کر بجز خاموش رہنے کے کچھ نہ کہا، تیسرا اسوار بھی جب داخل ہوا اور اُس نے بھی تصدیق کی اُس وقت حاضرین نے کہا: یا علیؑ اب یہ خبر بالکل پایہ ثبوت کو پہنچ چکی ہے، تیسرا اسوار بھی پہلے آنے والوں کی صداقت میں ہم نوا ہے۔ فرمایا:

كَلَّا وَ تُخْضَبُ هٰذِهٖ مِنْ هٰذِهٖ يَعْنِيْ لِحْيَتَهٗ مِنْ هَامَتِهٖ وَ يَتَلَاعَبُ بِهَا ابْنُ آكِلَةِ الْاَكْبَادِ.

معاویہ ہرگز نہیں مرا یہ میری ریش میرے خون سے رنگین ہوگی اور جگر خوار ہندہ کا فرزند میری خبر مرگ سے کھیلے گا۔

اس جواب سے دل میں ڈھنڈک پڑ چکی تھی اور خفیہ ریشہ دوانیوں میں محل و موقع کا انتظار تھا کہ خوارج کے ایک ظالم (ابن ملجم) نے حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام کے سر اقدس پر عین حالت سجدہ میں ایک زہر آلود تلوار لگائی جس کے اثر سے تین روز کے اندر آپ کی شہادت واقع ہوئی۔ خاندان رسالتؐ کے تمام مخلصین نے امام حسنؑ سے بیعت کی اور اب معاویہ کے دل میں خلف اکبر امام حسنؑ کی عداوت کی آگ بھڑکی اور طرح طرح سے بنی ہاشم پر دباؤ ڈالنا شروع کیے، زمانہ آلِ رسولؐ سے پھر چکا تھا، دشمنوں کی بے پناہ طاقت کے مقابلہ میں دوستوں کا فقدان تھا جو تھے بھی وہ اپنی اقلیت سے اکثریت کے زیر نگیں تھے۔ حکومت کی چیرہ دستیاں یوماً فیوماً بڑھتی جاتی تھیں پہلے آلِ محمدؐ کو مال و دولت سے زیر کرنا چاہا، امام حسینؑ کے پاس کچھ روپیہ بھیجا۔

(نزل الابرار، ص ۸۸)

آپؑ نے واپس کر کے بے تعلقی کا جو صور پھونک دیا اُس کی صدا آج تک بلند ہے۔ امام حسنؑ زمانہ کے رنگ کو دیکھ کر صلح پر مجبور ہوئے۔ کسی انگریز کا قول ہے:

"صلح کی کامیابیاں جنگ کی فتوحات سے کم نہیں ہیں۔"

ابھی کل کی بات ہے کہ صفین و نہروان کے میدان میں مسلمانوں کے خون کی ندیاں بہہ چکی تھیں ضرورت تھی کہ باطل نواو طاقت کو کچھ دن کی مہلت دی جائے تاکہ دنیا کو یہ کہنے کا موقع نہ رہے کہ اسلام تو تلوار سے قائم ہوا۔ حسنیؑ صبر و سکون نے دشمنوں کو حقیت کا کلمہ پڑھوا دیا اور گوشہ نشینی میں بھی دنیا روحانیت کا تاجدار آپ کو سمجھتی رہی۔ دمیری نے لکھا ہے کہ امام حسنؑ سے کسی نے پوچھا کہ آپؑ نے

خلافت کو معاویہ کے لیے کیوں چھوڑ دیا۔ فرمایا: شب قدر ہزار مہینوں کی عبادت سے بہتر ہے یعنی بنی امیہ کے ہزار مہینوں والی سلطنت سے آل محمدؐ کے لیے ایک رات کی عبادت افضل ہے۔

(حیات الحیوان دمیری، جلد اول، ص ۶۲)

درحقیقت تخت سلطنت کے لیے دوسرے لوگ پیدا ہوئے ہیں یہ حضرات عبادت کو اپنی اصلی غرضِ خلقت سمجھتے ہیں ان کو جاہ و حشمت کی لالچ ہرگز نہیں۔ معاویہ سے صلح کے بعد پہلا خطبہ جو امام حسنؑ نے پڑھا اُس میں صاف صاف کہہ دیا کہ:

إِنَّ مُعَاوِيَةَ نَازَعَنِي حَقاً هُوَ لِي فَتَرَكْتُهُ لِصَلَاحِ الْأُمَّةِ وَحَقْنِ دِمَائِهَا.

معاویہ مجھ سے جھگڑا اُس حق کے لیے جو میرا تھا، میں نے اُس کو امت کی بہبودی کے لیے چھوڑ دیا۔

اس گوشہ نشینی کے باوجود بھی امام حسنؑ کو ایک لمحہ کے لیے چین کی زندگی بسر کرنا نہیں ملی۔ معاویہ نے حضرت ابوبکر کی نواسی جعدہ سے زہر دلوا کر آپؑ کو شہید کر دیا۔ اس موضوع پر ہم نے اپنی کتاب غایۃ الطالبین فی تذکرہ المعصومین میں مکمل تبصرہ کیا ہے۔

یہ تھی حاکم شام کی سلطنت۔ اب اولیات ملاحظہ ہوں۔ امام جلال الدین سیوطی لکھتے ہیں:

أول من ركب الصفا والمروة، وأول من أظهر شرب النبيذ والغناء، وأول من أكل الطين واباحه، وكان على منبر رسول الله يأخذ البيعة ليزيد فاخرجت عائشة راسها من الحجرة وقالت صه صه هل استدعى الشيوخ بنيهم البيعة؟ قال: لا. قلت: فبمن تقتدى انت فخجل و نزل عن المنبر و بنى لها حفرة فوقعت فيها وماتت. (کتاب الاوائل)

معاویہ پہلا شخص ہے جو صفا و مروہ میں سوار ہوا اور پہلا شخص ہے جس نے کھلے خزانے نبیذ شراب پی اور گانا سنا اور پہلا شخص ہے مٹی کھائی اور مٹی کھانے کو جائز سمجھا اور پہلا شخص ہے جس نے آنحضرتؐ کے منبر پر یزید کی بیعت لی پس حضرت عائشہ نے سر نکال کر کہا چپ رہ چپ رہ کیا ابوبکر و عمر نے اپنے بیٹوں کے لیے لوگوں سے بیعت لی تھی؟ معاویہ نے کہا نہیں۔ حضرت عائشہ نے جواب دیا کہ پھر تو کس کی پیروی کرتا ہے۔ معاویہ شرمندہ ہو کر دار الامارہ کی طرف گیا اور حضرت عائشہ کے لیے ایک گڑھا کھدوا دیا جس میں وہ گر کے مر گئیں۔

تاریخ حبیب السیر میں یہ موخر الذکر واقعہ کسی قدر تفصیل سے ہے، ملاحظہ ہو:

در شہور ثمان و خمسین من الہجرۃ معاویہ بن ابی سفیان جہت بیعت پسر لعین خود بمدینہ رفتہ امام حسن

ﷺ وعبدالرحمن بن ابی بکر وعبداللہ بن زبیر را برنجامند عائشہ زبان ملامت و اعتراض بروی بکشاد و معاویہ درخانہ خویش چاہے کندہ سرانرا نجاشاک پوشیدہ کرسی انبوسی برزیر آن نہاد وانگاہ عائشہ راضیافت طلب داشتہ برکرسی نشانہ تا دران چاہ افتادہ معاویہ سرآن چاہ رابہ ایک مضبوط نمودہ ازمدینہ مکہ رفت۔

بی بی عائشہ کے خون میں اگر کسی بڑے سے بڑے صحابی رسولؐ کے ہاتھ بھی رنگین ہوتے تو دنیائے اسلام اُس کی انگشت نمائی میں کوئی دقیقہ اُٹھانہ رکھتی مگر خود کردہ راچہ علاج پر عامل رہ کر خاموشی اختیار کی اور ممکن ہے کہ امیر معاویہ کی اجتہادی خطاؤں میں اس قتل عمد کو بھی شمار کرلیا گیا ہو۔اس واقعہ کے کم وبیش ایک سال بعد امیر معاویہ نے ۲۲/رجب ۵۹ھ میں اچانک اس دنیا کو چھوڑ دیا۔اپنے فرزند یزید کی بیعت میں کافی سے زیادہ کوشش کی جاچکی تھی لہٰذا اُس خیال کے مسلمان یزیدی بیعت میں داخل ہوئے۔

یزید بن معاویہ بن ابوسفیان بن حرب:

یزید حضرت عثمان کے دور خلافت میں پیدا ہوا۔نشوونما باپ کے زیر سایہ دنیاوی جاہ وجلال کے گہوارہ میں شروع ہوئی اور بچپن کا زمانہ تمام تر عیش وعشرت میں گذرا،لڑکپن اور ابتدائی شباب میں خوب دادعیش دی،بن شعور پر پہنچتے پہنچتے اپنی پوری توجہ سیر وشکار اور خواہشات نفسانی کی جانب منعطف کردی نتیجہ یہ ہوا کہ رفتہ رفتہ انسانیت نے کنارہ کشی کی،وہ وقت آگیا کہ مذہبی زندگی کی وقعت اُس کی نظر میں ذرہ بھر بھی باقی نہ رہی۔معاویہ اپنی زندگی ہی میں بیٹے کے ہاتھ پر مسلمانوں سے بیعت لے چکا تھا اور حکومت اُس کی جانب مستانہ وار بڑھ رہی تھی۔۲۲/رجب ۵۹ ہجری کے بعد سے یزید کی خودمختارانہ زندگی کا آغاز ہوا اور معاویہ کے رشتۂ حیات قطع ہوجانے پر مادیّت نواز شامیوں نے خلافت یزید کو کامیاب بنانا شروع کیا اور نتیجہ میں نام نہاد خلیفہ رسولؐ کی چیرہ دستیوں نے اسلام کو بازیچہ اطفال کردیا۔یزید جس کو اسلام سمجھ رہا تھا وہ اُس کے واہمہ کی خیال آرائی تھی۔اُس کی زندگی کے تاریک پہلوؤں نے مذہب کے درمیان میں خط تفریق کھینچ دیا تھا جسے دیکھ کر حق نواز فردوں کے دل میں فطرتاً درد تھا۔ابوسفیان کی خفیہ ریشہ دوانیوں نے پیغمبر خدا کو میدان جنگ میں گامزن کیا اور اُس کے چشم وچراغ معاویہ نے وصی پیغمبر حضرت علیؑ کے مقابل میں صف آرائی کی۔صفین وجمل کے میدان میں مسلمانوں کے خون کی ندیاں بہہ گئیں۔اس عمل درآمد کو دیکھتے ہوئے پہلے ہی خوف تھا کہ یزیدیت حسینیت سے متصادم ہوگی اور دادا کے نقش قدم کو پوتا اُبھارے گا۔خلافت یزید کا پہلا پروانہ مروان حاکم مدینہ کے نام فرزند رسولؐ سے بیعت لینے کے لیے جاری ہوا اور آل محمدؐ کی گوشہ نشین ہستیاں

خون ریزی کے ڈر میں وطن چھوڑنے پر مجبور ہوئیں۔اس پر آشوب زمانہ میں ان مقدس نفوس کے لیے ترک وطن کے سوا کوئی چارہ نہ تھا، یا تو حاکم کو جس راہ پر چلتا دیکھتے خود بھی اُس جادہ پر گامزن ہوتے، یا اپنے لیے کوئی دوسرا راستہ اختیار کرتے، ناممکن تھا کہ متبوع تابع بن جائے۔

سر حقیقت کا انکشاف صرف اس بات پر موقوف تھا کہ حسینؑ ابن علیؑ علائق دنیوی سے آزاد ہو کر سرفروشی کے لیے کمر بستہ ہو جائیں۔انھوں نے یزیدیت کے فلک بوس قصر کو سرنگوں کرنے کے لیے جو راہ اختیار کی تھی اُس میں ہر ہر قدم پر کانٹے بچھے ہوئے تھے اور راہ رو کے لیے برہنہ پائی شرط تھی۔بنی ہاشم میں جس شخص کو بھی آبلہ پائی کا شوق تھا وہ خندہ پیشانی کے ساتھ آپؑ کے ساتھ ہو گیا۔عصمت پوش میر قافلہ کی زبان پر یہ شعر تھا۔

و ذل الحیات و ذل الممات و کلا اراہ طعاماً وبیلا
فان کان لا بد احدھما فسیروا الی الموت سیرا جمیلا

(روض الاخیار، منتخب ربیع الابرار۔زمخشری، ص ۱۳۳، چھاپہ مصر)

موت وحیات کی ذلت بہت ہی بد مزہ کھانا ہے اگر ان دونوں میں سے ایک کا سامنا ضروری ہو تو پھر بصد مسرت موت کی طرف چھل قدمی کرو۔

اس اعلیٰ ذہنیت کا مالک مدینہ رسولؐ چھوڑ کر مکہ میں سکونت پذیر ہوا اور جب وہاں بھی قتل کی تدبیریں شروع ہوئیں تو پردیس کی زندگی پر تیار ہوئے، کربلا پہنچ کر کیا ہوا دنیا جانتی ہے۔بیکسی اور غربت کی گھٹا چھائی ہوئی، یزیدی مظالم کی بجلیاں کوندرہی تھیں، مصائب وآلام کی بارش ہو رہی تھی، چند مسافروں کی شمع حیات گل کر دینے کے لیے فرات کے کنارے فوجیں ہی فوجیں نظر آتی تھیں۔شاہ محمد حسن صابر چشتی صوفی عالم کی تحقیق ہے کہ ایک بے گناہ کے قتل کے لیے یزید نے کوفہ وشام سے ایک لاکھ چالیس ہزار چار سوستاون سپاہیوں کی فوج ترتیب دے کر بھیج دی جس میں کماندار، گرز بار، شمشیر زن، نیزہ بازوں کے علاوہ ۳ ہزار (وحشی) آدم خور بھی جمع تھے۔شہداء راہ خدا نے فرداً فرداً ایک لاکھ پچیس ہزار دشمنوں کی بڑی تعداد کو قتل کر کے جہنم کی طرف پہنچا دیا۔

(آئینہ تصوف، ص ۴۲۷)

یزیدی مظالم کی فہرست طویل ہے اور میں یہ نہیں کہنا چاہتا کہ خاندان نبیؐ کی حرمت کو نہ پہچانا، اقلیت کو اکثریت نے پیس ڈالنے کی کوشش کی، بڈھوں کو بے دردی کے ساتھ تہ تیغ اور جوانوں کو موت کی نیند سلا دیا، پھول سے بچوں کا تیر کا نشانہ بنایا، عرب کی عالمگیر خصوصیت کو خاک میں ملا دیا اور مہمان

بلا کر پانی تک نہ دیا۔ شیخ عبدالفتاح بن احمد بن رسام شافعی لکھتے ہیں:

وعطشوہ قبل القتل فی یوم حار و صار والیتراؤن بکیزان البلور و فیہا الما۔

شہادت سے پہلے آلِ رسول کو گرمی کے دنوں میں پیاسا رکھا اور فوج یزید بلورین جام بھر بھر کے پیاسوں کے سامنے دکھا دکھا کر اپنی پیاس بجھاتی تھی۔

حسینؑ پیکر رحمت تھے وہ اس بربریت کا صحیح جواب دینا نہیں چاہتے تھے اُن کی شرربار تلوار اس اضطراب کے عالم میں بھی موقع اور محل دیکھ کر چلتی تھی۔

(نور العین فی مشہد الحسین، ص ۵۵)

منشی امیر احمد مینائی نے کیا خوب کہا ہے۔

کافر نے جہاں مانگی اماں رُک گئی چل کر شمشیر حسینی میں بھی خُلقِ حسنی ہے

رفتہ رفتہ یہ تشنہ لب فوج فرات کے کنارے سے کوچ کر کے عصر کے وقت تک لب کوثر پہنچ گئی۔ قدرت نے قدم قدم پر مظلوموں کی حقیقت کے ثبوت دیئے، ساٹھ ہزار درہم کی زمین کربلا خرید نے کے بعد جو اشرفیاں بچ گئیں تھیں یزیدی فوج نے جب اُن کو لوٹا اور آپس میں تقسیم کرنے بیٹھے تو دیکھا کہ ہر دینار پر ایک طرف قلم قدرت سے (لَا تَحْسَبَنَّ اللهَ) اور دوسری طرف (وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوٓا اَیَّ مُنقَلَبٍ يَّنقَلِبُونَ) لکھ گیا۔

(مجمع البحرین محقق طریحی ص ۴۰۸ چھاپا ایران)

یتیموں کے مال اور بیواؤں کی ملکیت پر ناجائز قبضہ آسان نہ تھا۔ ہمارا مقصد ان جگر سوز واقعات کی طرف اشارہ کرنے سے مخفی حقیقت سے روشناس کرنا نہیں ہے بلکہ صرف یزید کے دل دوز مظالم کی طرف ناظرین کی توجہ کو از سر نو مبذول کرانا ہے۔

شہادت عظمیٰ کی اہمیت دوستوں سے نہیں دشمنوں سے پوچھو تو معلوم ہو کہ یزیدیت اسلام کے لیے کس قدر خطرناک تھی۔ عمر بن عبدالعزیز مشہور خلیفہ وقت کا مقولہ صفحہ تاریخ پر موجود ہے خلیفہ نے کہا اگر میں قاتلان حسینؑ میں ہوتا اور (بفرض محال) مجھے بہشت میں داخل ہونے کا حکم دیا جاتا تو حدود جنان میں اس ڈر میں کبھی قدم نہ رکھتا کہ پیغمبر خدا سے مجھ سے آنکھیں چار نہ ہوں گی۔

(روض الاخیار، ص ۴۸، چھاپہ مصر)

یزید کی دلی مرادیں پوری ہوئیں اور پنجتن کا خاتمہ ہو گیا۔ فاضل دمیری نے بھی حیواۃ الحیوان میں

شہادت حسینؑ پر تبصرہ کیا ہے اُسے کہیں کہیں غلط فہمی بھی ہوئی ہے۔ سپہ سالار لشکر کا نام عبید اللہ بن زیاد لکھا ہے جو تاریخی غلطی ہے، عبید اللہ بن زیاد حاکم کوفہ تھا اور فوج کی کمان عمر بن سعد کے ہاتھ میں تھی، جو حکومت رے کی طمع میں سرگرم عمل تھا۔ اس خونچکاں داستان کو دہرا دینے کے بعد یہ سوال باقی نہیں رہتا کہ یزید کا کیا مذہب تھا وہ پکار پکار کر کہتا تھا۔

لَعِبَتْ هَاشِمُ بِالْمُلْكِ فَلَا مَلَكٌ جَاءَ وَلَا وَحْيٌ نَزَلْ

یہ بنی ہاشم کا ملک گیری کے لیے سارا کھیل تھا نہ اُن کے پاس کوئی فرشتہ آیا نہ کبھی وحی اُتری۔

(نور العین فی مشہد حسینؑ، ص ۷۷ ۳ در قاضی صبغۃ اللہ)

زنا کاری، شراب خوری اُس کے نزدیک کوئی عیب نہ تھا اُس نے اپنی عمر میں تین سو عورتوں کی عصمت دری کی اور سات سو صحابیوں کو قتل کیا، مسجد رسولؐ میں کتے چھوڑ دیے۔

(نور العین، قاضی صبغۃ اللہ، ص ۳۸۰)

یزید اپنے باپ دادا کو حسین بن علی علیہ السلام کے اجداد سے بہتر سمجھتا تھا۔ بھرے ہوئے دربار میں سید سجادؑ اور یزید میں جو گفتگو ہوئی ہے اُس کو سواد اعظم کے امام عاصمی نے تفسیر سورہ ھل اتیٰ میں آزادانہ لب ولہجہ میں نقل کر کے جو رائے قائم کی وہ ملاحظہ ہو:

شہادت حسینؑ کے بعد یتیم بچے اور رانڈیں اسیرانہ لباس میں کوفہ اور شام کے بازاروں سے پھرتی ہوئی پایہ تخت میں بے پردہ لائی گئیں۔ یزید نے ایک مدت کے بعد اپنے افعال پر نادم ہو کر آلِ رسولؐ کی آخری یادگار امام زین العابدینؑ سے گفتگو شروع کی:

یزید: میرے سامنے اپنی تین حاجتیں پیش کرو (تو میں اُن کو پورا کروں)

امام زین العابدینؑ: کم از کم میری حاجت یہ ہے کہ اہل حرم کو رسول خداؐ کے حرم (مدینہ) میں پہنچوا دے۔

یزید: یہ تم ہی کر سکتے ہو۔

امام زین العابدینؑ: ابن زیاد کو حکم دے کہ وہ ہمارا غارت شدہ سامان واپس کر دے۔

یزید: منظور ہے (کچھ اور کہو)

امام زین العابدینؑ: میرے شام سے نکلنے سے پہلے سر حسینؑ دکھا دے۔

یزید: یہ تو نہ ہوگا۔

امام زین العابدینؑ: تجھے خدا کے حق کی قسم مجھے باپ کا سر ایک نظر دکھا دے۔

یزید: ہرگز نہیں۔

امام زین العابدینؑ: رسول خداؐ کے حق کی قسم مجھے سر حسینؑ کی زیارت کرادے۔

یزید: کبھی نہیں۔

امام زین العابدینؑ: (اچھا) حسینؑ ابن علیؑ کے حق کی قسم سر حسینؑ دکھادے۔

یزید: مجھے ابوسفیان صحر بن حرب کے حق کی قسم سر حسینؑ کبھی نہ دوں گا۔

اس سخت ترین گفتگو سے امام عاصمی نے یہ نتیجہ نکالا ہے:

کان حق ابی سفیان اعظم علیہ من حق اللہ ورسولہ.

کہ جب یزید پر ابوسفیان کے حقوق، خدا اور رسولؐ سے زیادہ تھے تو اُس کے کفر میں کسے کلام ہوسکتا ہے۔

(زین الفتیٰ، تفسیر سورہ حل اتی قلمی، ص ۵۱)

میں کہتا ہوں کہ یہ گفتگو اور سر مانگنے میں اصرار صرف یزید کی ذہنیت کا جائزہ لینے کے لیے تھی ورنہ کیا طاقت تھی یزید کی جو با اقتدار امام سے سر حسینؑ کو پوشیدہ کرسکتا۔ دنیا کہ سمجھتی رہی کہ سر جنت البقیع، نجف اشرف، مصر، ایران میں دفن ہوا اور امام زین العابدین علیہ السلام باپ کی اس آخری خدمت سے محروم رہے لیکن صحیح یہ ہے کہ آپؑ نے کربلا پہنچ کر باعجاز سر بریدہ کو جسم سے ملحق کیا تھا۔ مصائب کا باب ختم ہوگیا اور نسل خلیل کے صبر و استقلال کی ایک ایک تصویر نظر کے سامنے پھر گئی۔ ہر ہوش مند سمجھ گیا کہ واقعہ کربلا مدتوں کی سازش کا نتیجہ تھا۔ اس باب کے خاتمہ میں ہم اُس مشہور معاہدہ کی نقل درج کرتے ہیں جو شہادت حسینؑ سے بہت پیشتر خلیفہ دوم اور معاویہ میں خفیہ طور پر ہوا تھا اور جس کو عبداللہ بن عمر کے ایک طعن کے جواب میں یزید نے طشت از بام کیا، افسوس ہے کہ موجودہ کتب خانوں میں تاریخ بلاذری موجود نہیں ہے جو ہم صفحہ وسط کے حوالہ سے اس کو پیش کریں۔ صاحب انوار نعمانیہ کے کتب خانہ میں یہ تاریخ موجود ہے جس کے حوالہ سے اُنھوں نے تحریر فرمایا ہے:

فبعث الی عبد اللہ بن عمر کتبۃ ابوہ الی معویہ ھذا عھد من عمر بن الخطاب الی معویہ بن ابی سفیان اعلم ان محمد قد جاء بالافک والسحر ومنعنا من اللّات والعزّٰی وحول وجوھنا الی الکعبہ التی یوم انھا قبلۃ الاسلامیہ فکان ھذا من غایۃ غلوہ و مجاربتہ فی السحر مھراتہ علی موسیٰ و عیسیٰ و کافۃ بنی اسرائیل و نحن علی الدین کنا قبلہ ذٰلک و ما ترکنا اللّات والھبل ولما

توفی محمد تواطینا مع اربعین من اهل نحتنا و شهدنا انه قال الامامة قریش و عزلنا علیا من الخلافه التی موضها الیه وجعلها مخصوصة ثم کففنا و اخرجنا به الی ابی بکر و امرفا لناس ببیعته و کنّا بظاهر بسنة محمد لئلا نهرب الناس عناد لکنا فی باطن الامر علی الدین کنا قبله ذٰلك ثم بعد ذٰلك انتقمنا من اولاده و ذریته علی حسب طاقتنا و قدرتنا و اما انت یامعویه فاوصیك ان لا تسامح فیها واقتل من اولاده و احفاده ما اتصل الیه یدك و قدرتك و لولم تقدس علی استیصال خالفته خوفا من تنفر الناس و تباعدهم منك وخروجهم علیك لکن فی باطن الامر علی دفعهم و ازالتهم عن مقامهم و انحطاط مراتبهم و لا تذهب محبة اللّٰات و العزّٰی عن قلبك فانها طریقنا و طریق اٰبائنا و اناعلی اثارهم مقتدون۔

پس لکھ بھیجا یزید نے عبداللہ بن عمر کی طرف جو اُس کے باپ نے معاویہ کو عہد لکھا تھا، جان تو اے معاویہ بے شک محمدؐ بہتان لائے اور دروغ اور منع کیا ہم کو لات وعزّیٰ سے اور ہمارا منہ کعبہ کی طرف سے اس وہم سے پھرا کہ وہ قبلہ اسلام ہی یہ تھا اُن کا غلواُن کے جادو میں مہارت ایسی تھی کہ موسیٰ و عیسیٰ کی آواز کو بھی سمندست کرتی تھی اور کافہ بنی اسرائیل کو اور ہم ویسے ہی رہے کہ جیسے پہلے تھے ہم نے لات وہُبل کو نہیں چھوڑا اور جب محمدؐ مر گئے تو ہم نے اپنے جتھے کے چالیس آدمیوں کی مدد سے روند ڈالا اور ہم نے گواہی دی کہ امام قریش سے ہوں گے اور معزول کیا ہم نے علیؑ کو خلافت سے جو اُن کو پیغمبرؐ نے سونپ دی تھی اور اُن کے لیے مخصوص کردی تھی پھر ہم نے اُس کی مشکیں کس لیں اور نکال لائے گھر سے اور ابوبکر کے پاس بیعت کے لیے لائے درانحالیکہ ہم ظاہر کرتے تھے سنّت محمدؐ کو کہ لوگ ہم سے بھاگ نہ جائیں لیکن باطن میں ہمارا ویسا ہی عقیدہ تھا جس پر ہم پہلے سے تھے پھر اُس کے بعد ہم نے انتقام کیا اُس کے بعد محمدؐ کی اولاد اور ذرّیت سے حسب قدرت خبردار ہو تو اے معاویہ وصیت کرتا ہوں میں تجھے کہ نہ سستی کرے تو اُس کام میں اور قتل کر تو اُس کی آل اولاد کو جو ہاتھ لگ جائیں اور اگر تجھے قدرت نہ ہوسکے گروہ کے استیصال کی بخوف اس کے کہ لوگ تجھ سے نفرت کریں اور دور ہوجائیں اور تجھ پر خروج کریں تو تُو باطناً اُس کام کا کرنے والا رہ تاکہ تو اُن کو دفع کرے اور اُن کو اُن کے مقام سے گرادے اور اُن کے مرتبہ میں کمی کرسکے اور محبت لات وعزّیٰ کو نہ نکال بیشک وہی ہمارا اور ہمارے آباء کا طریقہ ہے اور ہم اُنھیں کے نشانوں کے پیرو ہیں۔

یزید کی ہلاکت کس کے ہاتھ سے اور کیوں کر ہوئی اس کے جواب میں مجھے تین قول نظر آتے ہیں:

۱): یزید ایک مرتبہ شکار کے لیے نکلا اور ہرنی پر گھوڑا دوڑایا کچھ دور جا کر ہمراہوں سے جدا ہو گیا اور راستہ بھول گیا دفعۃً ایک شخص نظر آیا اُس نے کہا کہ اگر تو گمراہ ہے تو راستہ بتا دوں، اگر بھوکا ہے تو سیر کروں، پیاسہ ہو تو پانی لا دوں۔ یزید نے کہا اگر تو مجھے پہچانے تو اور زیادہ میری خاطر کرے۔ اُس نے کہا تم کون ہو، کہا وہ شخص یزید بن معاویہ ہے۔ اعرابی نے کہا خدا کی قسم میں تجھ کو قتل کروں گا جس طرح تو نے حسینؑ بن علیؑ کو قتل کیا، یہ کہہ کر اعرابی نے تلوار کھینچی اور ارادہ کیا کہ اُس کو قتل کرے، تلوار کی چمک سے گھوڑا یزید کا بھڑکا اور پشت زین سے گرا کر پامال کر دیا۔

۲): بعض اہل تحقیق کہتے ہیں کہ یزید پیاس سے ہلاک ہوا اور موکلان جہنم میں سے ایک فرشتہ عذاب اُس پر موکل ہے۔

۳): بعض روایات کہتی ہیں کہ وہ شقی تشنگی کے عالم میں ایک کوئیں پر پہنچا اور دل میں پیاس کے شعلہ بھڑک رہے تھے، اِدھر وہ سیراب ہونے کے ارادہ میں کنویں کے پاس آیا اُدھر ایک عظیم الجثہ طائر نمودار ہوا اور اُس نے یزید کو نگل لیا اور فضاء میں پرواز کر گیا پھر وہ عظیم الشان پرندہ اس کنویں کی طرف اُترا اور یزید کو اُگل دیا، وہ قدرت خدا زندہ ہو کر تشنگی کے عالم میں سیراب ہونے کے لیے بڑھا تھا کہ طائر نے اُس کے جسم کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے اور پارہ پارہ جسم کو کھا گیا، اسی طرح روز قیامت تک کرتا رہے گا۔

(مقتل ابی مخنف، چھاپ طہران)

زہیر بن قین امام حسینؑ کے مشہور صحابی جب کربلا میں شہید ہوئے تو امام نے بالیں پر پہنچتے پہنچتے فرمایا:

لا یبعدك الله یا زهیر! ولعن قاتلك لعن الذین مسخوا قردة وخنازیر.

اے زہیر خدا تم کو اپنی رحمت سے دور نہ کرے یا یہ کہ میری رفاقت سے دور نہ کرے اور بہشت میں بھی میرا رفیق قرار دے اور لعنت کرے خدا تمہارے قاتل پر جس طرح کہ لعنت کی ہے اُن لوگوں پر جن کو خدا نے مسخ کر دیا بصورت بجوں وخوک۔ (مجالس علویہ)

امام جعفر صادق علیہ السلام نے ایسے ہی لوگوں کی ذہنیت کو صدیر صیرفی کے سامنے بے نقاب کیا ہے اور عوام کو اعمال کی نقشہ کشی کی ہے، وہ کہتا ہے کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کے ساتھ عرفات میں تھا اور حاجیوں کو دیکھ رہا تھا، دل میں خطور ہوا کہ ان میں بیشتر گمراہ ہیں۔ امام جعفر صادق علیہ السلام نے صدا دی کہ ذرا تامل تو

کرواب جو دیکھتا ہوں تو بندر اور سور نظر آرہے ہیں۔ خلفائے بنی امیہ میں یزید کو بندروں سے شوق تھا۔

(شرح زیارت عاشورہ، ص ۲۸۸)

ہندوستان میں بندر کو سدھا کر غریب لوگ نچاتے ہیں اس پیشہ کا ہندوستان میں صرف وجود ہے۔ کسی شاعر کا قول ہے۔

کچھ ساتھ دو تو پیٹ بھریں مانگ کھائیں ہم   تم ڈگڈگی بجاؤ تو بندر نچائیں ہم

بندر کی عجیب وغریب قسمیں:

بندر عموماً زرد رنگ کا ہوتا ہے مگر جنگلوں میں سیاہ بندر بھی دیکھے گئے ہیں اور ماہرین علم حیوانات نے بتایا ہے کہ ایک بندر گلہری کی صورت کا چھوٹے قد کا اور بعض مکڑی کی طرح لانبے اور کمزور پیروں کے بھی دریافت ہوئے ہیں بعض بندر ایسے دیکھے گئے ہیں جن کی ناک غیر معمولی بڑی ہوتی ہے۔ میرے نزدیک یہ بن مانس ہے۔(Gorilla)

تعبیر:

بندر کو خواب میں دیکھنے سے اگر وہ کسی بلندی پر ہوں دشمنان خدا و رسولؐ سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ اگر بندر کو شکار کرتے دیکھے تو دشمن پر فتحیاب ہوگا۔ اگر بندر کا گوشت کھاتے دیکھے تو کسی مخالف سے مالی مدد پہنچے۔

حکم:

گوشت اس کا حرام ہے۔ بندر مسخ جانور ہے۔

خواص:

لنگور کا گوشت کوڑھ کی دوا ہے، شیر جب جذام میں مبتلا ہوتا ہے تو لنگور کا گوشت کھا کر اچھا ہوتا ہے۔ یورپین ڈاکٹروں کی تحقیق ہے کہ بندر کے غدود اگر ضعیف العمر انسان کے آپریشن کے ذریعہ داخل کر دیے جائیں تو جوانی پلٹ آئے۔ یہ عمل جراحی اس وقت تک کامیاب ثابت نہیں ہوا ہے۔ بعض مریضوں کو تحمل نہیں ہوتا اور وہ تکلیف سے تڑپتے ہیں۔ بعض سرطان یا تپ محرقہ دوسری سخت بیماریوں میں مبتلا ہو کر مر جاتے ہیں۔

ادبیات:

۱): بندر کی آشنائی: بیوقوف کی دوستی کے موقع پر کہتے ہیں۔

۲): کسی چیز کو تختۂ مشق بنانے کے موقع پر کہتے ہیں: بندر کے ہاتھ کا ناریل۔

۳): غیر عاقلانہ حرکات جس سے سرزد ہوں اُس کو اردو میں بندر کہتے ہیں۔

میاں مشیر کہتے ہیں۔

تو بندر ہے لنگور تھا وہ لٹر　　　فقط رہ گئی ایک دُم کی کسر

۴): طویلے کی بلا بندر کے سر: اُس وقت کہتے ہیں جب کوئی مخبوط شخص کسی دوسرے آدمی پر پڑنے والی مصیبت میں مبتلا ہو جائے۔

بندر کا گھاؤ:

اُس زخم کو کہتے ہیں جو کبھی اچھا نہ ہو کیونکہ بندر اپنے زخم کو اچھا نہیں ہونے دیتا جب کھرن بنتا ہے نوچ ڈالتا ہے۔

غزوہ ذی قرد:

جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے جو چھوٹی چھوٹی لڑائیاں ہوئیں اُن میں غزوہ ذی قرد صلح حدیبیہ سے پہلے واقع ہوا ہے۔

بندرگاہ:

بندر عربی لفظ ہے جس کے معنی لغت میں کنار دریا، جای بستن کشتی کے ہیں اس لحاظ سے سمندروں کے کنارے غیر ممالک کے جہاز رکتے ہیں، اُن کو بندرگاہ کہتے ہیں۔ ہندوستان میں کراچی بندر مچھلی بندر اسی سے نام رکھے گئے ہیں۔

بوری بندر:

وکٹوریا ٹرمینس بمبئی کی ریلوے اسٹیشن کا نام ہے جو ہندوستان کے بڑے اسٹیشنوں میں سمجھا جاتا ہے، اس اسٹیشن پر تمام ہندوستان کی گاڑیاں آتی ہیں، اس اسٹیشن کو بوری بندر اس لیے کہتے ہیں کہ اس کی روکار میں جو کثرت سے پرنالے لگے ہیں وہ بندر کی صورت کے ہیں۔

بندرابن:

ہندوستان کا ایک مشہور مقام ہے جہاں سری کرشن جی ہندوؤں کے دیوتا کے نام پر مندر بنا ہے۔ یہ مقام کرشن جی کے ظہور کی جگہ ہے۔

بندریا باغ: لکھنؤ کا ایک محلہ ہے مشرقی حصہ شہر میں جہاں گورنمنٹ ہاؤس ہے۔

بندریا: ایک گھانس ہے جو گیہوں کی بالی کی طرح دو انچ لانبی برسات میں اُگتی ہے یہ چونکہ کپڑوں میں لپٹ جاتی ہے اس لیے اس کو بندریا کہتے ہیں۔

اَلْقَرم

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
اَلْقَرم	شیرز		باگھ

عربی میں شیر کو قرم بھی کہتے ہیں۔ یہ لفظ جناب امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ کی زبان پر اس وقت جاری ہوا جب عباس اور فضل سے ربیعہ نے کہا کہ تم دونوں آنحضرتؐ کے حضور میں جا کر عرض کرو کہ آپ سب لوگوں سے زیادہ سخی ہیں اور قرابت داروں کا خیال کرتے ہیں ہم کو عامل زکوٰۃ مقرر کردیجئے چونکہ ہم جوان ہوگئے ہیں چاہتے ہیں کہ اب شادی کریں ہم میں مہر ادا کرنے کی قدرت نہیں ہے والد ہماری طرف سے مہر ادا کردیں گے۔ ابھی یہ گفتگو ہو رہی تھی کہ جناب امیر تشریف لے آئے اور ربیعہ کا ارادہ دریافت کر کے فرمایا کہ تم دونوں ہرگز نہ جانا پیغمبر خداؐ تم میں سے ایک کو بھی عامل زکوٰۃ مقرر نہ کریں گے۔ ربیعہ نے کہا کہ آپؑ جواب حسد کی وجہ سے دیتے ہیں جس وقت آپؑ کی شادی دختر رسولؐ سے ہوئی اُس وقت ہم نے تو حسد نہیں کیا۔ یہ گستاخانہ کلام سن کر جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام نے اپنی ردائے مبارک زمین پر بچھادی اور لیٹ گئے اور فرمایا:

اَنَا اَبُو الْحَسَنِ الْقَرْمُ وَ اللّٰہِ لَا اَبْرَحُ مَقَامِیْ ھٰذَا حَتّٰی یَرْجِعَ اِلَیْکُمَا اِبْنَاکُمَا بِجَوَابِ مَا بَعَثْتُمَا.

میں ابوالحسنؑ شیر نر ہوں بخدا میں اس مقام سے نہ ٹلوں گا جب تک تمہارے دونوں لڑکے پیام کا جواب نہ لائیں، تھوڑی دیر میں وہ واپس آئے تو بیان کیا کہ پیغمبر خداؐ نے انکار کیا ہے۔

عبداللہ امرتسری نے اس روایت کو کفایۃ الطالب فی اسماء ابی الائمہ میں مکمل درج کر کے القرم کو جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام کے اسماء والقاب میں شمار کیا ہے۔ ابوداؤد و نسائی و طبرانی ایسے جلیل علمائے اہل سنت نے چونکہ اس واقعہ کی توثیق کی ہے لہٰذا فاضل دمیری بھی لکھنے پر مجبور ہوئے اور ذیل میں اقرار کرتے ہیں:

وکان رضی اللہ عنہ یقول ھذہ الکلمۃ عند الاخذ فی بیان قضیۃ تشکل علی غیرہ وھو یعرفھا.

وہ جناب یہ کلمہ اُس وقت زبان پر جاری کرتے تھے جب کسی ایسے مسئلہ کو بیان کرتے تھے جو آپؑ کے غیر پر سخت ثابت ہوتا تھا اور آپ اُس کو سمجھتے تھے۔

جرجس حمام شوری نے لکھا ہے کہ قرم قابل تعظیم سردار کو کہتے ہیں۔

تعبیر و خواص و حکم: شیر کے حال میں گذرا۔

القسورہ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
القسورہ	شیرز		باگہ

قرآن مجید میں یہ لفظ شیر کے معانی میں موجود ہے۔ سورہ مدثر میں ہے:

فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِينَ. كَأَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنفِرَةٌ. فَرَّتْ مِن قَسْوَرَةٍ.

(سورہ مدثر: ۴۹،۵۰،۵۱)

انھیں کیا ہو گیا ہے جو نصیحت سے منہ موڑے ہوئے ہیں گویا وہ وحشی گدھے ہیں جو شیر سے بھاگتے ہیں۔

علامہ ابن شہر آشوب نے اس آیہ کریمہ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ جب پیغمبر خدا گھر سے برآمد ہوتے تھے تو کفار قریش کے لڑکے آپ پر سنگباری کرتے تھے اور آپ زخمی ہو جاتے تھے اُس وقت علیؑ ابن ابی طالبؑ اُن پر حملہ کرتے تھے اور دبدبہ مرتضوی سے وہ سب بھاگتے تھے اُس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔

كَأَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنفِرَةٌ. فَرَّتْ مِن قَسْوَرَةٍ. (مناقب، ص ۸۰، ج ۲)

جناب امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے رجز میں جو مرحب کے سامنے پڑھا اپنے تئیں قسورہ کہا ہے۔

أَنَا الَّذِي سَمَّتْنِي أُمِّي حَيْدَرَةً ضِرْغَامُ آجَامٍ وَ لَيْثٌ قَسْوَرَةٌ

عَبْلُ الذِّرَاعَيْنِ شَدِيدُ الْقَيْصَرَةِ كَلَيْثِ غَابَاتٍ كَرِيهِ الْمَنْظَرَةِ

وہ ہوں کہ میری ماں نے میرا نام حیدر رکھا ہے، بہادری کی بیشہ کا درندہ شیر ہوں، قوی بازو اور سخت گردن والا، جیسے کہ ڈرونی صورت والا جنگل کا شیر (ببر)۔

(کوکب المضیۃ فی فضائل العلویہ، عبداللہ امرتسری، ص ۲۲۱)

(تعبیر اور خواص اور حکم) اسد کے لغت میں گذرا۔

قُصویٰ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
اونٹنی		ناقہ	قُصویٰ

کلام عرب میں قصویٰ اُس اُنٹنی کو کہتے ہیں جس کا کان کٹا ہو۔ قصویٰ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اونٹنی کا نام تھا اس کی وجہ تسمیہ یہ تھی کہ قصویٰ بہت زیادہ تیز رفتار تھی اور سب اونٹوں کے آگے جاتی تھی۔

حدیث میں ہے: ثُمَّ رَکِبَ الْقَصْوَیٰ. پھر آپؐ پر قُصویٰ سوار ہوئے۔ (مجمع البحرین)

تعبیر: اگر اس ناقہ کو خواب میں دیکھے تو مدینہ کی زیارت ہو۔

قطا

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
بھٹ تیتر		۱۔ کتواس ۲۔ مرغ سنگخوار ۳۔ افرود	قطا

اس پرند کا نام اُس کی آواز پر رکھا گیا ہے چونکہ اس کی بولی میں قطا قطا کی صدا آتی ہے اس لیے عرب قطا کہتے ہیں۔

برہان قاطع کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ قطا کو فارسی میں اِسفرود کہتے ہیں جو کالے رنگ کا، چڑیا سے بڑا ہوتا ہے اور سر پر تاج ہوتا ہے۔

حدیث حضرت امام محمد تقی علیہ السلام میں اس کے گوشت بریان کو صاحب یرقان کے لیے تجویز کیا ہے۔ فارسی اِسفرود ہے۔ (حلیۃ المتقین)

ایک قول یہ ہے کہ قطا بھٹ تیتر کو کہتے ہیں۔ (فرہنگ کورس پنجاب)

عبدالرشید مدنی کی تحقیق یہ ہے کہ قطا مرغ سنگخوار ہے۔ محقق طریحی کہتے ہیں کہ وہ کبوتر کی ایک قسم ہے جس کے گلے میں طوق ہوتا ہے اور صورت میں فاختہ مقری سے مشابہ ہے۔ سیاحوں نے یہ پرند تین رنگ کا دیکھا ہے۔

۱): رنگ خاکستری پشت وشکم پر نقش ونگار گردن زرد۔

۲): سیاہ وسفید وسرخ تین رنگ کا۔

۳): پشت وشکم تیرہ رنگ اور جڑیں پروں کی سیاہ۔

عرب کہتے ہیں: فلان اصدق من قطاً۔ وہ انسان قطا سے زیادہ سچا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ چونکہ قطا کی زبان اس لفظ کے سوا کسی دوسری لفظ سے آشنا نہیں تو گویا جھوٹ بولتا ہی نہیں۔

قطا جنگل میں انڈے دیتا ہے اور زمین میں دفن کر دیتا ہے اور خود غائب ہو جاتا ہے چند روز کے بعد آ کر انڈے سیتا ہے اور وہ مقام بھولتا ہی نہیں اس کا حافظہ اس قدر قوی ہوتا ہے کہ پانی کی تلاش میں دس دن کی راہ تک جاتا ہے اور پھر اپنے آشیانہ واپس ہوتا ہے۔ مسافروں کو جنگل میں اس جانور کے بولنے سے معلوم ہو جاتا ہے کہ یہاں پانی موجود ہے۔ (لغات کشوری)

قول نبویؐ ہے:

مَنْ بَنَى مَسْجِداً كَمَفْحَصِ قَطَاةٍ بَنَى اللهُ لَهُ بَيْتاً فِي الْجَنَّةِ.

جوشخص آشیانہ قطاء کے برابر مسجد بنائے تو خداوند عالم بہشت میں اُس کے لیے ایک گھر بناتا ہے۔

اس حدیث کی تفسیر میں محقق طریحی فرماتے ہیں کہ مراد چھوٹی سے چھوٹی مسجد ہے نہ یہ کہ در حقیقت کسی پرند کے گھونسلے کے برابر مسجد بنانا مقصود ہے۔

حدیث امام حسینؑ میں ہے کہ قطا کہتا ہے:

مَنْ سَكَتَ سَلِمَ. جو خاموش بیٹھا رہا وہ دنیاوی آفت سے بچ گیا۔

عرب میں ضرب المثل کے طور پر بھی روزمرہ کی گفت وشنید میں قطاء کا نام آتا ہے۔

روز عاشورہ وقت رخصت جب امام حسینؑ کی خدمت میں آپؑ کی حقیقی بہن حضرت زینبؑ حاضر ہوئیں اور دشمنوں کی چڑھائی دیکھ کر عرض کرنے پر مجبور ہوئیں کہ ہم کو نانا کے شہر مدینہ میں پہنچا دیجیے، اُس وقت امام حسینؑ نے فرمایا:

لو ترك القطا لغفا ونام.

اگر صیاد کا خوف باقی نہ رہے تو قطاء اپنے آشیانہ میں غافل سوئے۔

مطلب یہ ہے کہ دشمن گھات میں ہے ہم چین کی نیند کہاں سو سکتے ہیں۔

بعد شہادت امام حسینؑ آپؑ کی ایک بی بی نے دوسری زنان بنی ہاشم کے ساتھ گریہ وزاری شروع کی اور اس حد پر غم منایا کہ آنکھوں کے آنسو خشک ہو گئے، اُس وقت کسی خاتون نے یہی پرند پکا کر

بھیجا تا کہ گریہ وزاری کی قوت پیدا ہو۔ زوجہ امامؑ نے پوچھا یہ کیا ہے؟ عرض کیا ہدیہ ہے فلاں خاتون نے گریہ وبکاء میں تعاون کے لیے پیش کیا ہے۔ فرمایا:

لَسْنَا فِي عُرْسٍ، فَمَا نَصْنَعُ بِهَا.

ہم شادی کی تقریب میں نہیں ہیں اس کا کیا کریں گے، واپس کر دیا۔

(مفاتیح الجنان، ص ۴۱۲، آداب زیارت)

تعبیر: اگر قطا کو خواب میں دیکھے تو کسی سچے سے سابقہ ہو، امور خیر کی توفیق ہو۔

حکم: حلال ہے۔

قطمیر

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
			قطمیر

کلبِ اصحاب کہف کا نام ہے جس پر ہم اسد کے لغت میں تبصرہ کر چکے ہیں۔ اہل تحقیق میں اختلاف ہے کہ اس کا کیا نام تھا۔ بعض کہتے ہیں قطمور، بعض کہتے ہیں حمران، بعض کا خیال ہے ریان۔ قدرت کو یہ منظور ہے کہ اس قصہ کے اجزاء پردہ خفا میں رہیں۔ یہ بھی قرآن مجید نے طے نہیں کیا ہے کہ کلب شمار میں چوتھا تھا یا چھٹا۔ قرآن مجید میں اختلاف کی حکایت ہے:

سَيَقُولُونَ ثَلَاثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُولُونَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُولُونَ سَبْعَةٌ وَثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ قُل رَّبِّي أَعْلَمُ بِعِدَّتِهِم مَّا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا قَلِيلٌ ۗ (کہف: ۲۲)

قریب ہے نصاریٰ نجران کہیں گے وہ تین آدمی تھے چوتھا اُن کا کتا ہے اور کچھ لوگ (عاقب وغیرہ) کہتے ہیں کہ وہ پانچ آدمی تھے چھٹا اُن کا کتا ہے غیب میں عقلی گدا لگاتے ہیں اور کچھ لوگ کہتے ہیں کہ سات آدمی ہیں اور آٹھواں اُن کا کتا ہے۔ اے رسول کہہ دو کہ ان کا شمار میرا پروردگار ہی جانتا ہے ان کو تھوڑے ہی لوگ جانتے ہیں۔

جناب امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے علماء یہود کے جواب میں اصحاب کہف کا قصہ تفصیل سے بیان کیا ہے جس کو ہم نے عرائس المجالس ثعلبی سے من وعن اپنی کتاب شموس بازغہ میں درج کیا ہے۔ جب آپؑ کی عنان سخن یہاں تک پہنچی کہ اصحاب کہف دقیانوس کی مجلس سے اُٹھ کھڑے

ہوئے اور دور دراز مسافت طے کرنے کے بعد کلب نظر آیا، اُس نے ان خدا شناس بندوں کا تعاقب کیا یہودی اُچھل پڑا اور کہا یا علیؑ اگر آپ واقعی عالم ہیں تو بتائیں اس کا کیا رنگ اور کیا نام تھا؟ فرمایا اے بھائی یہودی میرے حبیب محمد ﷺ نے خبر دی ہے کہ کلب چتکبرا سا ہی مائل تھا اُس کا نام قطمیر تھا، جوانوں نے جب اُسے آتے دیکھا تو آپس میں کہنا شروع کیا کہ یہ تو ہمارا راز فاش کر دے گا اس خیال سے پتھروں سے مارنا شروع کیا جب کلب نے یہ دیکھا تو دونوں پاؤں پر زور دے کے بیٹھ گیا اور نہایت فصیح زبان سے کہا اے قوم مجھ کو کیوں جھڑکتے ہو میں بھی اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ خدا وحدہ لاشریک ہے مجھے اجازت دو تو تمہاری حفاظت دشمنوں سے کروں وفادار کلب کی خواہش پوری کی اور وہ دروازہ پر بیٹھ گیا۔

تعبیر: اصحاب کہف کے کتے کو خواب میں دیکھے تو دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے۔

قمری

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
قمری		Turtedance	

مشہور پرند ہے جو فاختہ کی ایک قسم ہے اور قمری میں عربی مذاق کے موافق فرق یہ ہے کہ قمری کے گلے میں طوق نہیں ہوتا۔ ہندوستان میں اسی کو فاختہ کہتے ہیں۔

فاختہ کی تسبیح (سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰی) اور بروایت امام حسینؑ (يَا عَالِمَ السِّرِّ وَ النَّجْوٰى يَا اللّٰهُ) ہے۔

عرب قمری میں خاص بات یہ بتاتے ہیں کہ جب اس کا نر مرجاتا ہے تو مادہ دوسرے نر کے قریب نہیں جاتی اور عمر نوحہ وزاری میں صرف کر دیتی ہے۔ میر انیس فرماتے ہیں ؎

وہ قمریوں کا چار طرف سرو کے ہجوم
کوکو کا شور نالہ حق سرہ کی دھوم

تھے مچھلیوں کے چہروں پہ گرداب کی سپر
قمری میانِ بحر تھی بحری میانِ بر

تعبیر: اگر قمری کو خواب میں دیکھے تو نیک بخت اور وفادار عورت ملے۔

حکم: فاضل طبسی تحریر کرتے ہیں: بدانکہ از مرغان حلالست مثل قمری و موسیچہ و کبک و دراج و

للک وکبوتر وچکرتہ وکلنک وقاز وسرخاب۔

قلائد

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
قلائد			قربانی کے پٹے دار جاندار

خانہ کعبہ میں حجاج کے لیے قربانی کی جو اہم مذہبی رسم ہے اس موقع پر شناخت کے لیے عرب قربانی کے جانوروں کی گردنوں میں پٹہ ڈال دیا کرتے تھے۔ قرآن مجید نے اُس کی نقشہ کشی کی ہے:

يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ. (مائدہ:۲)

اے ایمان لانے والو خدا کی نشانیوں کی بے عزتی نہ کرو اور نہ حرمت والے مہینہ کی اور نہ قربانی کی اور نہ پٹے والے جانوروں کی جو نذر خدا کے لیے نشان دے کر منیٰ میں لے جاتے ہیں۔

حطم بن مندر کندی نے خدمت نبویؐ میں عرض کیا کہ آپ کن چیزوں کی تبلیغ کرتے ہیں؟ فرمایا خدا کی توحید، اپنی نبوت اور زکواۃ (وغیرہ)۔ اُس نے جواب دیا کہ میں مشورہ کے بعد کچھ کہوں گا یہ کہہ کر بغیر ایمان لائے وہ واپس ہوا اور قربانی کے کچھ اُونٹ چُرائے، دوسرے سال جب حضور اکرم عمرہ کے لیے مکہ سے چلے اور وادی نعیم میں پہنچے تو معلوم ہوا کہ حطم کندی چوری کے انہیں اونٹوں کی گردن میں سنہری پٹے ڈال کر خانہ کعبہ کو جارہا ہے۔ اصحاب نے چاہا کہ اُس کو قتل کرکے اونٹوں کو چھین لیں۔ آپؐ نے منع کیا، اصحاب نے کہا ہم ایام جاہلیت میں برابر ایسا کیا کرتے تھے، اُس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔

تعبیر: پٹے دار اونٹ خواب میں دیکھے تو حج بیت اللہ کی توفیق شامل حال ہو۔

قمل

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
قمل	شپش	Tleese	جوں اور چیلیم

جوں انسان کے پسینہ اور میل سے پیدا ہوتی ہے اور انڈے دیتی ہے جس کو لیکھیں کہتے ہیں۔

جوئیں ہمیشہ سیاہ بالوں میں سیاہ اور سفید میں سفید اور کھچڑی میں کچھ سیاہ کچھ سفید پڑتی ہیں۔ جی

اسرائیل پر عذاب میں خداوند عالم نے جوں بھیجی تھی اُس کے بارے میں اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ وہ گیہوں کے کیڑے کی ایسی تھی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام ایک مزبلہ کے قریب سے گذرے اور اپنی لکڑی کو اُس پر مارا، جوئیں نکلنا شروع ہوئیں جنھوں نے زراعتیں، درخت گھانس سب کو فنا کردیا۔ کپڑوں میں یہ کثرت تھی کہ جلد کو چیچک کی طرح زخمی کردیا، سر کے بال بھوں پلکوں میں جوئیں بھری ہوئی تھیں جس سے خواب وخور حرام تھا لقمہ کے ساتھ جوئیں منہ میں چلی جاتی تھیں یہ عذاب ہر طرح کی عقوبت سے بڑھ گیا تھا۔ قرآن مجید میں اسی کی طرف اشارہ ہے:

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ آيَاتٍ مُّفَصَّلَاتٍ۔ (اعراف: ۱۳۳)

احادیث میں جوں کو بھی مسوخات میں شمار کیا ہے اور قول معصومؑ ہے کہ بنی اسرائیل کا کوئی پیغمبر نماز پڑھ رہا تھا کہ ایک بے خرد نے مسخراپن کرنا شروع کیا خدا نے اُس کو جوں کی شکل میں مسخ کردیا۔

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آخر زمانہ کی پیشین گوئی کرتے ہوئے ایمان میں ثابت قدم رہنے والے مومنین کے فضائل بیان کیے ہیں اور دنیاوی مصائب میں جو اجر ان کو ملے گا اُس پر تبصرہ فرمایا ہے اور سلسلہ کلام میں ارشاد فرمایا ہے:

قَالَ يَا اَبَاذَرٍّ لَوْ اَنَّ اَحَدَهُمْ تُؤْذِيْهِ قَمْلَةٌ فِيْ ثِيَابِهِ فَلَهُ عِنْدَ اللهِ اَجْرُ اَرْبَعِيْنَ حَجَّةً وَاَرْبَعِيْنَ عُمْرَةً وَاَرْبَعِيْنَ غَزْوَةً وَعِتْقُ اَرْبَعِيْنَ نَسَمَةً مِنْ وُلْدِ اِسْمَاعِيْلَ.

اے ابوذر اگر اُن میں سے کسی ایک کو کپڑوں میں جوں اذیت پہنچائے گی تو اُس کو خدا کے نزدیک ستر حج کا ثواب اور ۴۰ عمرہ کا اجر ہے اور ستر غزوات میں جو ثواب ملتا ہے وہ نامہ عمل میں لکھا جائے گا اور گویا اُس نے جناب اسماعیلؑ کی اولاد میں ۴۰ بندے آزاد کیے۔

حدیث میں ہے کہ جس سال نوروز ہفتہ کو ہوگا تو جوؤں کی کثرت ہوگی۔ سابق کے بیان سے واضح ہو چکا ہے کہ القاء القملہ جوں کا نکلنا حافظہ کی کمزوری کا باعث ہے۔ اسد اللہ خاں غالبؔ دہلوی سوء اتفاق سے ایک مرتبہ قید ہو گئے تھے جیل کے کپڑوں میں جوئیں پڑ گئیں تھیں۔

جس دن سے کہ ہم خستہ گرفتار بلا ہیں
کپڑوں میں جوئیں بخیے کے ٹانکوں سے سوا ہیں

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کسی سفر میں دشمنوں نے قصد کرلیا کہ آپؐ کو نقصان پہنچائیں ابھی یہ ارادہ دل ہی میں تھا کہ ایک شخص نے جسم میں خارشت محسوس کی، جب بغور دیکھا تو کپڑوں میں جوئیں پڑ گئیں تھیں پس وہ اپنے ہمراہیوں سے جدا ہوا اسی طرح دوسرے شخص کا بھی یہی حال ہوا حتیٰ

کہ پانچ دن کے عرصہ میں وہ ساری جماعت ہلاک ہوگئی۔

(نفحات الریاحین، ص ۲۶

تعبیر: جوں خواب میں دیکھے تو ذلیل وحقیر ہو۔

خواص: جس کا پیشاب بند ہو اُس کے سوراخ ذکر میں جوں ڈال دے پیشاب جاری ہوجائے گا۔

حکم: خبائث میں داخل ہے۔

قنبرہ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
قنبرہ	چکاوک	Lark	چنڈول

یہ پرندہ قد میں چڑیا سے بڑا، سر پر بہت خوبصورت تاج ہوتا ہے، آواز اس کی بہت سریلی اور دلکش ہوتی ہے۔ مجلسی علیہ الرحمہ نے قنبرہ کا فارسی ترجمہ "ہوجہ" کیا ہے۔ بعض اہل لغت قنبرہ اور ابابیل کو ایک سمجھتے ہیں یہ صریح غلطی ہے، عربی میں اس کو قبرہ بھی کہتے ہیں۔ یہ خوش الحانی کا عاشق، بڑا ہوشیار جانور ہے، بہت مشکل سے شکار ہوتا ہے۔ جب آشیانہ سے نکلتا ہے تو دیکھ بھال کر پرواز کرتا ہے۔ انگوری لکڑیوں سے آشیانہ بنا کر بچے کو گھانس میں چھپا دیتا ہے تا کہ شکاری مرغ کی زد سے بچے۔

وَ قَالَ بَعْضُهُمْ حُكِيَ اَنَّ رَجُلًا صَادَ قُنْبَرَةً فَقَالَتْ مَا تُرِيْدُ اَنْ تَصْنَعَ بِي قَالَ اَذْبَحُكِ وَ اٰكُلُكِ قَالَتْ وَ اللّٰهِ مَا اَشْفِي مِنْ قَرَمٍ وَ لَا اُشْبِعُ مِنْ جُوْعٍ وَ لٰكِنْ اُعَلِّمُكَ ثَلَاثَ خِصَالٍ هُنَّ خَيْرٌ لَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَ اَكْلِي اَمَّا وَاحِدَةٌ فَاُعَلِّمُكَ بِهَا وَ اَنَا فِي يَدِكَ وَ اَمَّا الثَّانِيَةُ فَاِذَا صِرْتُ عَلَى الشَّجَرَةِ وَ اَمَّا الثَّالِثَةُ فَاِذَا صِرْتُ عَلَى الْجَبَلِ قَالَ هَاتِ الْاُوْلٰى قَالَتْ لَا تَلْهَفَنَّ عَلٰى مَا فَاتَ فَخَلَّاهَا فَلَمَّا صَارَتْ عَلَى الشَّجَرَةِ قَالَ هَاتِ الثَّانِيَةَ قَالَتْ لَا تُصَدِّقَنَّ بِمَا لَا يَكُوْنُ اَنَّهُ يَكُوْنُ ثُمَّ طَارَتْ فَصَارَتْ عَلَى الْجَبَلِ فَقَالَتْ يَا شَقِيُّ لَوْ ذَبَحْتَنِي لَاَخْرَجْتَ مِنْ حَوْصَلَتِي دُرَّتَيْنِ وَزْنُ كُلِّ دُرَّةٍ عِشْرُوْنَ مِثْقَالًا قَالَ فَعَضَّ عَلٰى شَفَتَيْهِ وَ تَلَهَّفَ وَ قَالَ هَاتِ الثَّالِثَةَ قَالَتْ اَنْتَ

قَدْ نَسِيتَ الثِّنْتَيْنِ فَكَيْفَ اُخْبِرُكَ الثَّالِثَةَ اَلَمْ اَقُلْ لَكَ لَا تَلْهَفَنَّ عَلَى مَا فَاتَكَ وَ لَا تُصَدِّقَنَّ بِمَا لَا يَكُونُ اَنَا وَ لَحْمِي وَ رِيْشِي لَا يَكُونُ عِشْرِيْنَ مِثْقَالًا فَكَيْفَ يَكُونُ فِي حَوْصَلَتِي دُرَّتَانِ وَزْنُ كُلِّ وَاحِدَةٍ عِشْرُونَ مِثْقَالًا ثُمَّ طَارَتْ وَ ذَهَبَتْ.

حدیث امام حسینؑ میں ہے کہ قنبرہ کہتا ہے:

مَوْلَايَ تُبْ عَلَى كُلِّ مُذْنِبٍ مِنَ الْمُذْنِبِيْنَ.

اے میرے معبود ہر گنہگار کی توبہ قبول کر۔

گذشتہ صفحات میں ہم لکھ چکے ہیں کہ قنبرہ اُن جانوروں میں ہے جنھوں نے سب سے پہلے ولایت علیؑ کا اقرار کیا۔ احادیث میں اس پرند کا شاندار لفظوں میں ذکر ہے۔ معصومینؑ نے فرمایا ہے کہ قنبرہ خدا کی تسبیح بکثرت کرتا ہے۔ وسائل الشیعہ میں امام زین العابدین علیہ السلام سے روایت ہے کہ وہ تاج جو قنبرہ کے سر پر ہے جناب سلیمان نبیؑ کے ہاتھ پھیرنے کا اثر ہے جب قنبرہ کے ایک جوڑے نے حضرت سلیمانؑ کے سامنے ایک دانہ خرما پیش کیا تھا اور جناب سلیمانؑ نے اس ہدیہ کو قبول کر کے حکم دیا اپنے لشکر کو کہ اس کے انڈوں کو کوئی ضائع نہ کرے آپؑ نے دست شفقت پھیر کر برکت کی دُعا بھی فرمائی۔

ایک حدیث طویل میں محمد بن مسلم نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ عصفور اور قنبرہ میں کیا فرق ہے۔ امام کو غصہ آ گیا فرمایا چڑیاں عمرؑ کی چاہنے والی ہیں اور وہ اُس سے ہیں اور قنبرہ ہم اہل بیتؑ کا دوست دار ہے۔ وہ کہتا ہے کہ اے اہل بیتؑ خدا تم میں برکت دے اور تمہارے شیعوں میں بھی دنیا و آخرت میں برکت دے اور ظالموں میں سے خدا تمہارے دشمنوں پر لعنت کرے۔ راوی نے عرض کیا میں توبہ کرتا ہوں۔ قنبرہ کا گوشت کھانے سے فرمایا بیشک اُس کو نہ کھاؤ۔

ابوحمزہ ثمالی کہتے ہیں کہ ہم ایک درخت کے نزدیک سے گذر رہے تھے اُس پر قنبرہ بول رہا تھا معصومؑ نے فرمایا ابوحمزہ سمجھے کہ قنبرہ کیا کر رہا ہے، عرض کیا اے مولا خدا کی قسم میں تو نہیں سمجھا، فرمایا اپنے رب کی تقدیس کرتا ہے اور آج کے دن کی روزی مانگتا ہے۔

طرفہ بن عبد نے اپنی طفولیت میں قنبرہ کا شکار کیا اور یہ شعر شکار کھیلتے وقت نظم کیا جس کو امام حسینؑ نے مکہ سے نکلتے وقت پڑھا۔

يَا لَكِ مِنْ قُبَّرَةٍ بِمَعْمَرِ خَلَا لَكِ الْجَوُّ فَبِيضِي وَاصْفِرِي

(ناسخ التواریخ، جلد ششم، ص ۲۰۸، چھاپ بمبئی)

روایت جناب امیر المومنینؑ میں ہے:

إِنَّ اللّٰهَ عَرَضَ وَلَايَتِيْ عَلَى الطُّيُوْرِ فَأَوَّلُ مَنْ آمَنَ بِهَا الْبُزَاةُ وَالْقَنَابِرُ.

تعبیر: قنبرہ کو خواب میں دیکھے تو ایمان کامل ہو۔ آفات دنیاوی سے محفوظ رہے۔

حکم: گوشت اس کا حرام ہے۔

ادبیات:

کسی شاعر کا قول ہے۔

بعد مدت کے پھنسا ہے یہ پرانا چنڈول　　لگی گلشن کی ہوا دم ہلانا گیا بھول

شوق قدوائی کہتے ہیں۔

مینا کہیں غل مچا رہی ہے　　بلبل کہیں بیٹھی گا رہی ہے
شاما کی صدا سے روح بے چین　　چنڈول جو بولے دل نہ لے چین
دھیڑ کیا خوب نغمہ خواں ہے　　بھنگراج ہزار داستان ہے

قنبر:

جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام کے مشہور غلام کا نام ہے جو آپؑ کے سب غلاموں میں زیادہ عزیز تھا۔ قنبر کے ابتدائی حالات سے افسوس ہے کہ تاریخیں خالی ہیں۔ فضائل مرتضویؑ میں جو مشہور واقعہ ان کے آغاز میں بیان کیا گیا ہے اُس کا معتبر کتابوں میں وجود نہیں ہے۔ لندن کے میوزیم میں ایک کتاب ''نشر اللآلی شرح دبی الانامی'' نامی موجود ہے جو ۱۱۰۹ ہجری میں تصنیف ہوئی ہے اس میں قنبر کے کچھ حالات ہیں یا مصر کی عظیم الشان لائبریری میں قنبر کے واقعات زندگی پر کچھ مواد ہے جس کی طرف مصر والے اپنے تعصب سے کتب خانہ کی فہرست میں بہت معمولی الفاظ میں اشارہ کرتے ہیں۔ علامہ ادیب شیخ احمد درویش کے نزدیک قنبر ہندوستان کے باشندے تھے اور بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے یہ اپنے مولد و مسکن کو چھوڑ کر آقائے دو جہاں کی خدمت میں مدینہ گئے۔ آفرین اس ہمت پر کہ منزلوں کی سختیاں اور راہ کی صعوبت کا مقابلہ کرنے میں مطلق پس و پیش نہ ہوا اور پردیس کی زحمت کو وطنی راحت پر ترجیح دی۔ کجا ہندوستان کجا حجاز یہ ایمان کی کشش تھی جو کفرستان سے نکل کر مرکز ایمان تک پہنچے۔

وہ پھول سر چڑھا جو چمن سے نکل گیا　　عزت ہوئی اُسے جو وطن سے نکل گیا

قنبر کا نام دنیا میں اس لیے مشہور نہیں ہے کہ وہ فرعون کے غلاموں کی طرح سونے میں زردیا

تاجدارِ ھل اتیٰ کے خادم ہونے کی وجہ سے خلعت فاخرہ میں ملبوس رہتے تھے۔ قنبر کی شہرت کا راز اُن کی سچائی، وفاداری، بہادری، دینداری، اطاعت شعاری ہے۔ مدتوں باب مدینہ علم کے در کی جبہ سائی میں مصروف رہے۔ قنبر کے کمالات اُن کو دنیا کا ممتاز ترین انسان بنا دیا تھا۔ جود وسخا کے محل پر اُن کا دست عطا ہمیشہ بلند رہتا تھا۔ شجاعت بہادری کے موقع پر اُن کا تیور، علم وعمل کی منزل پر، معلومات دیکھنے کے لائق تھی۔ سابق کے بیان میں گذرا کہ قنبر نے طائروں سے باتیں کیں، نڈر ایسے تھے کہ سانپ کو ہاتھ میں لے لیا (ص، ۹۲ دیکھو)۔

اطاعت شعاری کی اعلیٰ حد:

انسان عموماً زہریلے جانوروں سے ڈرتا ہے خصوصاً سانپ کے نام سے آدمی کے جسم پر رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں مگر قنبر ایسے اطاعت شعار تھے کہ اُن کو اپنے آقا کے حکم کی تعمیل میں جان کی بھی پروہ نہ تھی۔ حارث ابن اعور ناقل ہے کہ ایک مرتبہ جناب امیر المومنینؑ کوفہ کے منبر پر خطبہ پڑھ رہے تھے کہ گوشہ مسجد کی طرف نظر پڑ گئی، فرمایا قنبر حجرہ میں جو ملے اُس کو لے آؤ۔ قنبر نے جو دیکھا تو ایک خوبصورت سانپ تھا، جس کا دل میں خوف طاری ہوا مگر حکم کی تعمیل کی اور سانپ کو پکڑ لیا، سانپ نے تڑپ کر قنبر کے ہاتھ سے اپنے تیئں چھڑا لیا اور منبر کا رُخ کیا یہاں تک کہ شیر خدا کے قریب پہنچ کر گوش مبارک کے قریب پہنچا، آپؑ نے بھی کان بڑھایا اور دیر تک باتیں ہوتی رہیں پھر صفوں کو چیرتا ہوا جہاں سے آیا تھا چلا گیا۔ جناب امیر آبدیدہ ہو گئے، حاضرین نے سبب افسردگی پوچھا، فرمایا یہ وہ جن ہے جس نے رسول اکرمؐ کے ہاتھ پر بیعت کی تھی اور میری اطاعت کا اقرار کیا ہے افسوس ہے کہ وہ تو میرا فرماں بردار ہے مگر تم میں دو گروہ ہو گئے ہیں کوئی اطاعت کرتا ہے اور کوئی مخالفت۔ (مدینۃ المعاجز)

حُسنِ خدمات:

۱): باب مدینہ علم کے حلقہ بگوش افراد میں طرماح بن عدی عموماً سب سے زیادہ فصیح سمجھے جاتے تھے لیکن قنبر کی فصاحت بھی کچھ کم نہ تھی۔ صالح ترمذی کشفی مشہور عالم اہل سنت اپنی مناقب میں لکھتے ہیں کہ امیر المومنینؑ نے معاویہ کو حسب ذیل فصیح عبارت میں خط لکھا:

غَرَّكَ عِزُّكَ فَصَارَ قَصَارُ ذٰلِكَ ذُلَّكَ فَاخْشَ فَاحِشَ فِعْلِكَ فَعَلَّكَ تُهْدَا بِهٰذَا۔

تجھ کو تیری عزت نے مغرور کر دیا تیرا انجام (عاقبت ذلت و) خواری ہوگی۔ اپنے کردار کی بدی سے ڈر شاید کہ خدا تجھے سیدھے راستے پر لائے اس خط کو قنبر لے کر معاویہ کے دربار میں گئے، جب بادشاہ شام کے روبرو پہنچے اور اُس نے ان کے بلند و بالا قد کو دیکھا تو تمسخر کرتے ہوئے پوچھا کہ آسمان

کی بھی خبر ہے۔ قنبر نے جواب دیا:

ان العلی فی قضائك وملك الموت فی هواك.

امیر المومنینؑ تیرے تعاقب میں آ رہے ہیں اور ملک الموت تیرے گھات میں ہیں۔ معاویہ منفعل ہو گیا اور قنبر جوتے پہنے ہوئے فرش پر پہنچ گئے۔ معاویہ نے کہا جوتے اُتار ڈالو۔ قنبر نے کہا یہ وادی مقدس تو نہیں ہے۔ معاویہ سر بزانو ہو گیا اور جواب نامہ یہ لکھا:

علی قدری علی قدری.

یعنی میرے مرتبہ میں میری دیگ جوش زن ہے (مناقب ترمذی کشفی قلمی، ص ۳۰۲، باب پنجم)

۲): قنبر کے فضل و شرف میں صرف اس قدر کافی ہے کہ ایک موقع پر جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام نے اپنی حقیقت کے اثبات میں امام حسنؑ اور قنبر کو پیش کیا۔ اس طرز عمل سے شیر خدا اپنے غلام کی عزت قائم کرنا چاہتے تھے مگر افسوس ہے کہ اس پیکر صدق و صفا کی گواہی رد کر دی گئی اور شریح نے یہ کہہ کر کہ غلام کی گواہی آقا کے حق میں قبول نہیں، اپنے دامن انصاف پر نہ چھوٹنے والا دھبہ لگایا۔ مناقب آل محمد جز ۲، ص ۹۹ طبع بمبئی میں یہ واقعہ موجود ہے اور ان کے عادل ہونے پر نص ہے۔

۳): وہ لوگ جو الوہیت کا دم بھرتے تھے اُن کو نذر آتش کرنے کے موقع پر شیر خدا نے قنبر سے جو خدمت لی تھی اُس کو خود نظم فرماتے ہیں۔ (دیوان، ص ۲۴۲)

لَمَّا رَاَیْتُ الْاَمْرَ اَمْراً مُنْکَراً اَوْقَدْتُ نَارِی وَ دَعَوْتُ قَنْبَراً

ثُمَّ احْتَفَرْتُ حُفَرَ وَ حُفَراً وَ قَنْبَرٌ یَحْطِمُ حَطْماً مُنْکَراً

جب میں نے نصیریوں کی بدخیالی دیکھ لی تو میں نے آگ سلگا دی اور قنبر کو پکارا اور زمین میں گڑھے کھودے قنبر لکڑیاں جمع کر رہے تھے۔

یہ ستر (۷۰) آدمیوں کی ایک جماعت تھی آپؑ نے اُن کو جلا کر راکھ کر دیا اور پھر زندہ کیا تو اُن کی زبان پر یہ فقرہ تھا کہ

لَا یُعَذِّبُ بِالنَّارِ اِلَّا رَبُّ النَّارِ.

آگ کا عذاب تو آگ کا خدا ہی کر سکتا ہے۔

۴): میدان جہاد میں بھی قنبر پاس رہتے تھے۔ جنگ صفین میں جو معرکہ آرا جہاد کیا اُس کے مناظر قنبر اپنی آنکھ سے دیکھ چکے تھے۔ اس غزوہ میں قنبر کو آپؑ نے جب پکارا اُس کو خود نظم کیا ہے۔

(دیوان، ص ۲۵۰)

اَضْرَمْتُ نَارِی وَ دَعَوْتُ قَنْبَراً   قَدِّمْ لِوَائِي لَا تُؤَخِّرْ حَذَرا

میں نے جب آتش حرب بھڑکا دی تو قنبر کو پکارا اور کہا کہ علم لاؤ قنبر نے علم ظفر پرچم پیش کیا۔

۵): امام جعفر صادق علیہ السلام کی روایت ہے کہ جب شاہ ولایت گھر سے برآمد ہوتے تھے تو قنبر بھی تلوار لے کے پیچھے پیچھے چلتے تھے۔ ایک مرتبہ اندھیری رات میں حضرت گھر سے برآمد ہوئے تو قنبر ساتھ تھے، آپ کو خبر ہوگئی کہ وفادار غلام ساتھ ہے مڑ کر پوچھا قنبر تجھے کیا ہو گیا ہے، عرض کیا اے امیر المومنینؑ اس لیے آ رہا ہوں کہ آپؑ کے پیچھے پیچھے چلوں، فرمایا تجھ پر وائے ہو اہل آسمان سے میری حفاظت کرنا چاہتا ہے یا اہل زمین سے، عرض کیا اہل زمین سے، فرمایا جب تک آسمان سے حکم خدا نہ ہو زمین کے دشمن میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتے تم واپس جاؤ۔ (اصول کافی)

اس حکم کے بعد قنبر واپس گئے مگر اپنی بہادری اور جانبازی کی وہ مثال قائم کر دی جس کو زمانہ کبھی فراموش نہیں کر سکتا چونکہ علیؑ ایسے بہادر کے لیے یہ باعث ننگ تھا کہ غلام حفاظت کرے اس لیے سخت لہجہ میں گفتگو کی ورنہ آپؑ کا طرز عمل غلام کے ساتھ یہ تھا کہ جیسے کپڑے خود پہنتے تھے ویسے ہی قنبر کو بھی پہناتے تھے۔

قنبر کا لباس:

ابو نوا کی تاجر مدینہ کہتا ہے کہ میری دوکان پر جناب امیرؑ تشریف لائے قنبر اُن کے ساتھ تھے، آپؑ نے دو موٹے کپڑے خریدے اور قنبر کے سامنے رکھ دیے، ان میں جو پسند ہو لے لو، قنبر نے جب ایک کپڑا اُٹھا لیا اُس وقت آپؑ نے دوسرا خرید لیا۔ (ارجح المطالب)

محیر العقول ایثار:

سورہ ہل اتی کی بلند ترین منزل میں بھی قنبر شریک تھے۔ باذل علیہ الرحمہ جن کی حیثیت میری نظر میں ایک شاعر سے زیادہ بلند ہے، کہتے ہیں۔

چو زھرا بدید انکہ شیر خدا   پسندید بر خوش محتاج را
فرستاد او نیز آں قرص نان   کہ بہ حصہ اش بہر آن ناتوان
حسین و حسن نیز با ضعف تپ   کردید تبعیت اُمّ واب
دگر قنبر و فضہ ھمچان   شدن آن پیر را دامن ابتان نان

قنبر کے لیے یہ شرف کافی ہے خاتون جنان کے ہاتھ کی پکی ہوئی روٹیاں اُن کے دستر خوان کی زینت تھیں۔ دروازہ پر مسکین و یتیم و اسیر کا آنا تھا کوکب بخت کی تابندگی اور بڑھ گئی اب قیامت تک

اُن کا ایثار فراموش نہیں کیا جاسکتا۔

امام حسنؑ کے وقتِ وفات بھی قنبر حاضر تھے اور مرنے والے امامؑ کی تعمیل حکم میں غلامانہ خدمت انجام دیتے تھے۔

(ناسخ التواریخ جلد ششم، ص ۵۲)

بعض لوگوں کا گمان ہے کہ قنبر پیغمبر خداؐ کے غلام تھے اگر اس راہ سے نہ دیکھا جائے کہ ہر مسلمان رسولؐ کا غلام ہے تو یہ رائے صحیح نہیں ہے۔ رقعات مرزا قتیل میں خواجہ امام الدین سمرقندی کو یہ غلط فہمی ہوئی ہے اور زبان ترکی میں نعت کا فریضہ ادا کرتے ہوئے کہتے ہیں:

ای چوں معراج کیجہ فرق بولدی دکتہ باغی لارنی نخوت بوقدریدین خجالت سای اے چندہ غرق بولدانی براق آت اور دابی قنبر قول ابرور۔

(ص ۶، معدن الفوائد)

ترجمہ اس عبارت کا یہ ہے کہ اُس کے واسطے معراج کی رات میں پارہ ہوئیں اور بڑے بڑے باغیوں کی نخوت اُس کی قدر سے خجالت کے دریا میں غرق ہوئی براق اُس کا گھوڑا ہے اور قنبر غلام۔

افضلیتِ قنبر کا مظاہرہ اور ایک عالم دین کی شہادت:

شیعی علماء میں ابو یوسف بن اسحاق بن سکیت علم نحو کے مشہور ماہر، متوکل عباسی کے لڑکوں کو پڑھاتے تھے۔ ایک دن متوکل نے پوچھا کہ میرے دونوں فرزند معتز اور موید تم کو زیادہ محبوب ہیں یا حسنؑ و حسینؑ۔ ابن سکیت کو غصہ آگیا اور کہا میرے نزدیک قنبر خادم علیؑ تجھ سے اور تیرے دونوں فرزندوں سے بہتر ہے۔ اس جرم میں زبان گدی سے کھینچ لی گئی۔ (تاریخ ابن وردی)

قنبر کی شہادت:

حجاج بن یوسف بڑا ہی ظالم اور دشمن آل رسولؐ بادشاہ گذرا ہے۔ ۷۵ ہجری میں عبدالملک نے حاکم عراق مقرر کیا اور ۱۰ سالہ حکومت میں ایک لاکھ ۴۰ ہزار نفوس کو قتل کیا۔ قنبر بھی اسی ظالم کے ہاتھ سے قتل ہوئے۔ ایک دن کہا کہ میرا دل چاہتا ہے اگر کوئی دوست علیؑ ملے تو میں اُس کو قتل کر کے خدا کی بارگاہ میں تقرب حاصل کروں۔ لوگوں نے کہا قنبر سے زیادہ کوئی علیؑ کی خدمت میں حاضر رہنے والا نہیں ہے۔ اس نے قنبر کو طلب کیا اور پوچھا تو ہی قنبر ہے؟ کہا ہاں، کہا علیؑ کا غلام، کہا میرا مولا خدا اور ولی نعمت علیؑ ہیں۔ حجاج نے کہا تو اس کے دین سے بیزار ہو۔ قنبر نے کہا مجھے اُن کے دین سے بہتر کوئی دین بتا۔ حجاج نے کہا میں تجھے قتل کروں گا تو جس طرح قتل ہونا پسند کر۔ قنبر نے کہا میں تیرے ہی مشورہ

پر اسے چھوڑتا ہوں۔ حجاج نے اصرار کیا۔ قنبر نے کہا مجھے میرے آقا نے کہا تھا کہ تیری موت نہیں ہوگی مگر بلا وجہ ذبح ہونے سے۔ حجاج نے قنبر کو ذبح کر دیا اور رجال کشی میں ہے کہ جب قنبر کو قتل کرنے کے لیے طلب کیا اور اس نے قنبر سے پوچھا کہ تم کیا کرو گے جب میں تم کو قتل کر دوں گا۔ جواب دیا تیری شقاوت بڑھے گی اور میری سعادت۔ یہ سن کر قنبر کے قتل کا حکم نافذ ہوا اور خادم علیؑ بن ابی طالبؑ اپنے خون میں آغشتہ ہو کر راہی جناں ہوا۔ (رجال کشی)

مورخین نے سال وفات نہیں لکھا ہے۔ یہ شوال ۹۵ ہجری سے پہلے کا واقعہ ہے اس تاریخ کو حجاج کی حکومت ختم ہوئی ہے۔

حجاج نے صرف ہاتھ ہی خون میں رنگین نہیں کیے بلکہ دنیا کے سامنے اپنے بغض و عناد کا ایک غیر فانی ثبوت دیا۔ ظاہر میں تو قنبر پیرانہ سالی میں جواں مردی کے ساتھ جامِ شہادت پی کر سو گئے اور شیر خدا کی ایک یادگار بظاہر تو ظالم بادشاہ کے نجس ہاتھ سے مٹ گئی مگر جب تک آقا کا نام باقی ہے اُس وقت تک مظلوم غلام فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

دیر سے پہنچے در شاہِ نجف پر ہم فقیر　　　ایک عہدہ تھا غلامی کا وہ قنبر لے گئے

مزار قنبر:

بغداد کے محلہ یہود و نصاریٰ کے درمیان ایک محلہ حضرت قنبر کے نام سے موسوم ہے وہاں یہ وفا شعار غلام آرام کر رہا ہے۔ [1]نواب اقبال الدولہ بہادر شاہزادہ اودھ کی رباعی ایک تختہ پر لکھی ہوئی آویزاں ہے۔

ہم قطار منت قنبر من　　　مالک ہر دو ما است حیدر من
نعل و نعلین و دلدل و قنبر　　　جیغہ تاج و پر افسر من

اس مزار کے پاس پتھر کا ایک مینڈھا بنا ہوا ہے جس کے متعلق مشہور ہے کہ حاجت مند جس کام کے لیے اس مینڈھے کو اُٹھا لیتا ہے وہ کام ضرور ہوتا ہے اگر وہ کام نہ ہونے والا ہو تو مینڈھا ہرگز نہیں اُٹھتا۔ عربوں کی یہ جدت موجب صد افسوس ہے۔ جدامجد جناب غفران مآب طاب ثراہ نے بھی اس مزار کی زیارت کی تھی۔ آخر مسکن القلوب میں اس کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔

شعراء نے قنبر کا جا بجا اپنے اشعار میں ذکر کیا ہے۔ خواجہ حافظ شیرازی مدح حضرت امیرؑ میں

---

[1] یہاں مولانا کو تسامح ہوا ہے۔ مذکورہ قنبر، امام علی نقیؑ کے غلام ہیں نہ کہ امیر المومنینؑ کے۔ قنبر کی شہادت واسط میں ہوئی تھی اس لیے وہیں مزار بنا لیکن قبر تا حال پوشیدہ ہے۔ [ارتضیٰ عباس نقوی]

کہتے ہیں۔

مردے ز کنندۂ درِ خیبر پرس | اسرار کرم ز خواجہ قنبر پرس
گر تشنۂ فیض رحمتی اے حافظؔ | سرچشمہ آن ز ساقی کوثر پرس

میر انیسؔ۔

یکتا جو مداح مدام اُس کا ہوں | واحد جو ہے عبد نیک نام اُس کا ہوں
پوچھیں گے نکیرین تو کہہ دوں گا انیسؔ | قنبر کا جو مولا ہے غلام اُس کا ہوں

مولانا روم۔

انکہ او را یا علی از جہل ہمسر مکینی | نیست فخرش ہیچو فخر کنش قنبر داشتن

دیگر۔

السلام اے صاحب محراب و منبر السلام | السلام اے خواجہ سلمان و قنبر السلام

خواجہ قباؔ۔

قنبر و من خواجہ تاشے خواجہ تاشے از ازل | زاں غلام مرتضیٰ ام زان غلام مرتضیٰ

قنبرہ:

ابو محمد اسماعیل بن محمد بن اسماعیل بن ہلال مخزومی مکی کا لقب ہے۔ جو ثقہ روایت میں ہیں۔

قنفذ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
قنفذ	خار پشت	Porcupine	ساہی

ساہی تمام ملکوں میں پائی جاتی ہے۔ منہ کو چھوڑ کر اس کے تمام جسم میں کانٹے ہوتے ہیں، اُس کی ناک بڑی نازک ہوتی ہے اگر اُس میں ذرا بھی چوٹ لگ جائے مرجائے، جب کوئی اُس پر حملہ کرتا ہے تو پہلے اپنی ناک کا بچاؤ کرتی ہے پھر اپنے کانٹے سیدھے کھڑے کر لیتی ہے، کانٹے کھڑے کرتے ہی وہ بڑی خطرناک اور ڈرونی معلوم ہوتی ہے اس کے بعد بھاگ جاتی ہے اگر بھاگ نہ سکے تو سمٹ کر گیند کی طرح گول ہو جاتی ہے۔ بھوکا شیر یا چیتا بھی اس کو مار نہیں سکتا، اس کے جسم سے کانٹے بہت آسانی سے نکل جاتے ہیں اسی وجہ سے دشمن کے جسم میں ایک بار گھس کر پیچھے رہ جاتے ہیں اور درد شروع ہوتا ہے۔ کبھی کبھی مرے ہوئے جنگلی جانوروں کے جسم میں ساہی کے کانٹے چبھے ہوئے پائے

جاتے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کانٹے اتنی تکلیف دہ ہوتے ہیں کہ جانور مرجاتے ہیں۔ ساہی کسی جانور پر خود حملہ نہیں کرتی ہاں اگر کوئی اُس پر حملہ کرتا ہے تو اپنی حفاظت بڑی خوبی سے کرتی ہے۔ وہ ہمیشہ اندھیرے میں اپنے بھٹ سے نکلتی ہے اور چھوٹے چھوٹے پودے اور اُن کی جڑیں اور درختوں کی چھال کھاتی ہے، جوار اور باجرے کی فصل میں کھیتوں میں دکھائی دیتی ہے۔ مولی، گاجر، گوبھی وغیرہ ہر قسم کی ترکاریوں کو جڑ سے کھا جاتی ہے۔ کھیت والے ساہی سے بڑے پریشان رہتے ہیں کیونکہ اُس کا مارنا بڑا مشکل ہے۔ ساہی کو آندھی آنے کی خبر ہو جاتی ہے۔

ساہی کئی طرح کی ہوتی ہے، ایک ایسی ہوتی ہے جس کی دم کے سرے پر کانٹوں کا ایک گچھا ہوتا ہے اُس کے کانٹے گول نہیں ہوتے بلکہ تلوار کی طرح دھار دار ہوتے ہیں۔ ملک کنیڈا میں درخت پر چڑھنے والی ساہی بھی ہوتی ہے وہاں کے لوگ اس کے کانٹوں کی ٹوکریاں بناتے ہیں۔ بعض ملکوں میں بڑی بڑی ساہیاں ہوتی ہیں۔

قزوینی نے عجائب المخلوقات میں ایسی ساہی کا پتہ دیا ہے جو اپنے خار دشمن کی طرف تیر کی طرح پھینکتی ہے اور نشانہ خطا نہیں کرتا کام تمام کر دیتا ہے۔ مولف عجائبات قدرت نے ایک ایسی مچھلی کا ذکر کیا ہے جس کے جسم پر ساہی کی طرح کانٹے ہوتے ہیں یہ اپنے کانٹوں سے دشمن کو اذیت دیتی ہے اس کو انگریزی میں (Parcupine Fish) پار کیوپائن فش کہتے ہیں۔ اس کی دوسری قسم تھارن ہیک (Tharn Haek) ہے اس کے سرتا سر آرے کی طرح کانٹے ہوتے ہیں جس سے قریب آنے والے جانور بری طرح زخمی ہو جاتے ہیں۔

ساہی سانپ کی دشمن ہوتی ہے، اگر گردن ملی تو آسانی سے کھا جاتی ہے اگر دم پکڑلی تو جب سانپ پھن مارنا چاہتا ہے تو کانٹوں کو کھڑا کر کے زخمی کر دیتی ہے اور سانپ مرجاتا ہے۔ دریائی ساہی سب سے بڑی جسامت میں گائے کے برابر ہوتی ہے، اس کے نیچے کا دھڑ مچھلی کی طرح ہوتا ہے اور جسم پر روئیں نہیں ہوتے۔ ساہی کے مسخ ہونے میں احادیث میں دو قول ہیں۔ ایک یہ ہے کہ یہ بداخلاق آدمی تھا جس کو خدا نے ساہی کی صورت میں مسخ کیا۔ اور مستدرک میں ہے کہ یہ ایک شخص مشاہیر عرب میں تھا جب دروازہ پر مہمان آتا تھا تو اُس کے سامنے دروازہ بند کر لیتا تھا اور خادمہ سے کہتا تھا کہ کہہ دو گھر والے باہر گئے ہیں، مہمان بھوکا شب بسر کرتا تھا اور اہل خانہ سیر سیراب رات ختم کرتے تھے خدا نے اس عقوبت میں مسخ کر دیا۔

زبان عرب میں جس مجاہد کے جسم پر کثرت سے تیر پیوست ہوں اُس کو ساہی سے تشبیہ دیتے

ہیں۔ شہدائے کربلا میں جناب امام حسینؑ اور حضرت عباسؑ اور جناب مسلم بن عقیل علیہم السلام کے حال میں ارباب مقاتل نے لکھا ہے، صار جلدہ کا قنفذ، تیروں کی کثرت سے جسم ساہی کی طرح معلوم ہورہا تھا۔ جناب مفتی میر عباس صاحب قبلہ شوشتری مرثیہ میں فرماتے ہیں۔

فاصبح مولانا الحسین کقنفذ　　علیه جراحات بها الدین یثلم

پس امام حسین مثل ساہی کے ہوگئے بسبب کثرت سہام کے اور حضرت پر وہ زخم تھے جس سے دین میں رخنہ پڑ جائے۔ (شمع المجالس)

تعبیر: اگر ساہی کو خواب میں دیکھے تو اذیت دینے والے دغابازوں سے سامنا ہو اور اگر مردہ ساہی دیکھے تو دشمنوں سے بے خوف ہوجانے کی علامت ہے۔

خواص: عوام میں شہرت ہے کہ جس قوم میں ساہی کا کانٹا ڈال دیا جائے خانہ جنگی سے اُس میں جدائی پڑ جاتی ہے۔

حکم: حرام ہے۔

(ک)

کبش

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
کبش	گوسفند نر		مینڈھا

طاقتور جانور ہے اس کے سینگ پشت کی طرف گھومے ہوئے ہوتے ہیں، لوگ تیار کر کے ان کو آپس میں لڑاتے ہیں، مینڈھا بہت بہادری کے ساتھ لڑتا ہے، اپنے امکان بھر دشمن سے منہ نہیں پھراتا دوسرے مینڈھے کی چوٹ کو سینگوں پر روکتا ہے۔ دنبا جس کی دُم پر چکتی ہوتی ہے بھی اسی کی قسم ہے یہی وجہ ہے کہ لغت میں کبش کے معنی دنبہ اور گوسفند نر دونوں آئے ہیں۔ (انفس النفائس)

مینڈھا بہت قدیم جانور ہے۔ حضرت آدمؑ جب دنیا میں آئے تو جسم پر لباس نہ تھا، قدرت کی طرف سے ایک مینڈھا آیا جس کو آپ نے ذبح کیا، حوّا نے اُس کے بالوں سے ایک جبہ آدمؑ کے لیے اور پیراہن و چادر اپنے لیے بن کر تیار کی۔ مینڈھے نے حوّا کا پردہ رکھا اور اسماعیلؑ کی جان بچائی، خلیل

خدا کے سامنے بیٹے کا جو فدیہ آیا وہ دنبہ ہی تھا۔ دعاؤں میں بھی اُس کا تذکرہ ہے۔ دعائے قاف میں ہے:

بِخُلَّةِ اِبْرَاهِیْمَ بِکَبْشِ اِسْمَاعِیْلَ بِنَاقَةِ صَالِحٍ.

ابراہیمؑ کی خلعت، اسماعیلؑ کے مینڈھے، صالحؑ کی اونٹنی کا واسطہ۔

اسی موقع پر خداوند عالم نے جناب ابراہیمؑ کو شہادت حسینؑ کی خبر دی تھی۔

حدیث قدسی میں ہے کہ خداوند عالم نے فرمایا اے ابراہیمؑ ایک گروہ جو بزعم خود یہ سمجھتا ہوگا کہ میں امت محمدؐ سے ہوں اور عنقریب اُن کے فرزند حسینؑ کو اُن کے بعد بظلم قتل کرے گا (کَمَا یُذْبَحُ الْکَبْشُ) جس طرح مینڈھے کو ذبح کرتے ہیں اور اس جرم میں میری سزا کا مستحق ہوگا۔

(جواہر السنیہ، ص ۱۳۱)

بہادر آدمی کو مینڈھے سے تشبیہ دیتے ہیں۔ طلحہ بن طلحہ جب امیر المومنین علیؑ بن ابی طالبؑ کے مقابلہ کے لیے صف کفار سے باہر آیا تو اہل تاریخ نے لکھا ہے (کَانَ کَبْشُ الْکَتِیْبَہ) وہ جنگی مینڈھا تھا۔

طالبان دنیا کو حدیث قدسی میں مینڈھے سے تعبیر کیا ہے۔ جناب رسالت مآبؐ سے مروی ہے کہ کسی نبی کی طرف خدا نے وحی کی:

قُلْ لِلَّذِیْنَ یَتَفَقَّهُوْنَ لِغَیْرِ الدِّیْنِ وَ یَتَعَلَّمُوْنَ لِغَیْرِ الْعَمَلِ وَ یَطْلُبُوْنَ الدُّنْیَا لِغَیْرِ الْاٰخِرَةِ یَلْبَسُوْنَ لِلنَّاسِ مُسُوْكَ الْکِبَاشِ وَ قُلُوْبُهُمْ کَقُلُوْبِ الذِّئَابِ اَلْسِنَتُهُمْ اَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ وَ اَعْمَالُهُمْ اَمَرُّ مِنَ الصَّبِرِ.

اُن لوگوں سے کہہ دیجیے جو تحصیل علم دین کے سوا کسی ذاتی غرض سے کرتے ہیں اور باعمل طالب علموں کے سوا عام لوگوں کو تعلیم کرتے ہیں اور آخرت چھوڑ کر دنیا کو طلب کرتے ہیں اور لوگوں کے (گمراہ کرنے کے) لیے مینڈھے کا بھیس بدلتے ہیں حالانکہ اُن کے دل بھیڑیے کے ایسے ہیں اُن کی زبانیں تو شہد سے زیادہ شیریں اور کرتوت صبر سے بھی زیادہ کڑوے ہیں۔ (جواہر السنیہ، ص ۱۳۱)

سردار قوم کو بھی عرب کبش القوم کہتے ہیں چنانچہ جوہری نے جناب امیرؑ کے قول کو تائید میں پیش کیا ہے کہ آپؑ نے مروان بن حکم کو (أبو الکبش الأربعة) فرمایا ہے یعنی وہ چار سرداروں کا باپ ہے اُس کے چار بیٹے تھے عبدالعزیز والی مصر ہوا اور بشیر والی عراق اور محمد والی جزیرہ اور عبدالملک خلیفہ ہوا۔ چاروں بھائیوں کے پاس خلافت اس موقع کے سوا نہیں رہی۔ جش بن زرین کہتا ہے کہ میں نے جناب امیرؑ کو ایک مینڈھے (کبش) کی قربانی کرتے ہوئے دیکھا، عرض کیا یہ کیا ہے؟ فرمایا پیغمبر خداؐ

نے وصیت کی تھی کہ میرے لیے قربانی کیا کرنا۔ (ارجح المطالب، ص ۲۷)

ابن عباس نے آپ کے اسماء والقاب کے سلسلہ میں جس کو امام عاصمی نے زین الفتیٰ میں مفصل درج کیا ہے، اقرار کیا ہے:

اعلم من مضیٰ اکرم من مشیٰ اوجب من ولّی بعد النبی المصطفیٰ لیث الحجاز کبش العراق۔

تمام گذرے ہوئے لوگوں میں سب سے زیادہ علم والے، زمین پر چلنے والوں میں سب سے بزرگ راہرو، پیغمبرؐ کے بعد سب سے زیادہ واجب التعظیم، حجاز کے شیر عراق کے مینڈھے۔

جنگ صفین کی خون آشام رات لیلۃ الہریر کے حال میں دیوان میں ہے۔

اَللَّیْلُ دَاجٍ وَ الْکِبَاشُ تَنْتَطِحُ　　نِطَاحَ اُسْدٍ مَا اَرَاهَا تَصْطَلِحُ

رات تاریک ہے اور سپاہی کے مینڈھے سرٹکرا رہے ہیں جیسے شیر لڑتے ہیں مجھے نہیں امید کہ کامیاب صلح ہو۔

تعبیر: اگر مینڈھا خواب میں دیکھے تو کسی طاقتور دشمن کا مقابلہ ہو۔

حکم: گوشت اس کا حلال ہے۔

خواص: گوشت اس کا خون غلیظ پیدا کرتا ہے اور اعضاء کو قوت بخشتا ہے چربی سخت ورموں کو تحلیل کرتی ہے۔

ادبیات:

بھگوڑے شخص کو دمکی کہتے ہیں چونکہ شیر کے سامنے بھیڑیں بھاگتی ہیں اس لیے دمکی کی لفظ استعمال کی جاتی ہے۔

میاں مشیر کہتے ہیں۔

کدھر ہے تیری عقل او دمکی　　خرنام شخص ہے تو واقعی

میر وحید صاحب مرحوم کہتے ہیں۔

مینڈھے ہیں مضطر کہ نہ کٹنے لگیں گلو　　پنہاں ہیں دُر صدف میں کہ رہ جائے آبرو

کرکی

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
		کلنگ	کرکی

بطخ کی قسم ہے جو صاحب مخزن کی تحریر کے موافق سارس سے مشابہ ہے۔ کنار آب رہنے والا مشہور پرند ہے۔ ان میں آپس میں بہت زیادہ اتفاق ہوتا ہے اگر ایک کی بھی شکاری پر نظر پڑ جاتی ہے تو چیخ کر سب کو خبر کر یتی ہیں۔ رات کو بستی سے دور جا کر بسیرا کرتی ہیں۔ جاحظ کہتا ہے کہ کلنگ دونوں پاؤں زمین پر رکھ کر کھڑا نہیں ہوتا اس وہم میں کہ بوجھ سے زمین دھنس نہ جائے۔

امام حسینؑ کی حدیث میں ہے کہ کلنگ کہتا ہے:

اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِی مِنْ عَدُوِّی۔ خدایا مجھے میرے دشمن سے بچا۔

تعبیر: اگر کلنگ کو خواب میں دیکھے تو حلال روزی ہاتھ آئے۔

خواص: اس کے سر کا بھیجا سرمہ بنا کے لگانا رتوندی کو مفید ہے۔

حکم: کلنگ حلال ہے۔

ادبیات: نواب سردار علی خان سرفراز مرحوم۔

نہر میں وہ بیچ میں تھیں درختوں کے خوش نمط
مرغابیاں کناروں پہ جن کے نہ تھیں فقط
سرخاب وقاز و ساز و کبود و کلنگ و بط
ہوجائے جن کی سیر سے مضمونِ غم غلط

کرکدن

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
گینڈا	Hyneor	کرگدن	کرکدن

یہ جانور وضع قطع میں چھوٹا ہاتھی ہوتا ہے مگر اتنا فرق ہے کہ اس کے سونڈ نہیں ہوتی، سر پر ایک سینگ ہوتا ہے جو نہایت سخت اور نوکدار ہوتا ہے، جس پر حملہ کرتا ہے وار خالی نہیں جاتا، تمام حیوانات اس سے ڈرتے ہیں۔ اس کی عمر ۷۰۰ سال بتائی جاتی ہے، ۵۰ سال کی عمر میں جوان ہوتا ہے۔ مادہ تیسرے برس مدت حمل تمام کر کے بچہ جنتی ہے۔ اس کی پشت پر کوئی حربہ اثر نہیں کرتا۔ اگلے زمانہ میں

ڈھالیں اسی کی پشت سے بنائی جاتی تھیں۔ میر انیسؔ کہتے ہیں۔

چیتوں نے منہ چھپائے ہیں گینڈوں کی ڈھال میں

حدیث امام حسینؑ میں اس کا تذکرہ ہے، آپؑ نے فرمایا کہ کرکدن کہتا ہے:

اَغِثْنِی وَاِلَّا هَلَكْتُ يَامَوْلَایَ.

اے میرے مولا میری فریاد کو پہنچ ورنہ میں ہلاک ہو جاؤں گا۔

گینڈے دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ہندوستانی گینڈے کے ایک سینگ ہوتا ہے اور افریقہ کے گینڈے کے دو۔ ہندوستانی گینڈا ہندوستان اور سیام گرانس کے میدانوں میں پایا جاتا ہے۔ خشکی کے جانوروں میں جسامت کے لحاظ سے ہاتھی کے بعد اس کا نمبر ہے۔

بہادر انسان کو گینڈا کہتے ہیں۔ میر انیسؔ فرماتے ہیں، پہلوان کی زبانی۔

گینڈے کا یہاں مقابلہ ہے نہ اسد کا ہے   اب کوئی دم میں سامنا ان کو لحد کا ہے

تعبیر: جو شخص گینڈا خواب میں دیکھے دشمن سے محفوظ رہے۔

خواص: اس کا سینگ قولنج میں مبتلا مریض اگر ہاتھ میں لے تو سکون ہو۔

حکم: گینڈے کا گوشت حرام ہے۔

الکلب

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
کتا	Dog	سگ	الکلب

کتا بڑا محنتی، جفاکش اور اپنے مالک کا وفادار خادم ہوتا ہے۔ رات کو بیدار رہ کر گھر کی حفاظت اس ہوشیاری سے کرتا ہے کہ ممکن نہیں کوئی اجنبی مکان میں داخل ہو۔ جو کتے پالو نہیں ہیں وہ بھی عموماً اپنے محلہ کی حفاظت کرتے ہیں، نئے آدمی کو دیکھ کر بھونکنا شروع کرتے ہیں اور جب تک آنے والا بیٹھ جائے بھونکتے رہتے ہیں۔ جس طرح ہندوستان میں لڑکے تو تو کہہ کر کتے کو بلاتے ہیں، عرب کتے کو تے وقت قوس کی لفظ استعمال کرتے ہیں۔ کتے کی کنیت ابو خالد ہے۔ کتیا نویں مہینہ پانچ چھ بچے جنتی ہے۔ کتا بہت تیز دوڑتا ہے حتیٰ کہ کہا جاتا ہے ریس کا گھوڑا اور کتے کی رفتار ایک سی ہوتی ہے۔

(انوار عالم جنتری ۱۹۳۸ء)

کتے مختلف قدوقامت کے ہوتے ہیں۔ بڑا کتا چھوٹی بکری کے برابر اور چھوٹا خرگوش کے برابر تک دیکھا گیا ہے۔ قیصر باغ کے عجائب خانہ میں ایک جھاڑ کا کتا موجود ہے جو قدوقامت میں چھوٹا ہے۔ اصیل نسل کے کتے بہت قیمتی ہوتے ہیں، جو کتا اصیل نہیں ہوتا اُس کو اردو زبان میں لینڈی کہتے ہیں۔ شاعر کہتا ہے۔

شیخ صاحب سر مبارک پر یہ سڑی سی جو شال ہے صاحب
رند کہتے ہیں پھبتیاں صاحب لینڈی کتے کی کھال ہے صاحب

کتے کے بچے کو "پلا" کہتے ہیں۔ بہاؤالدین عاملی علیہ الرحمہ سے کسی نے پوچھا کہ کتا کب جوان ہوتا ہے؟ فرمایا جب ٹانگ اُٹھا کر موتنا شروع کر دے۔ دانشمندوں کا قول ہے کہ کتے میں چند صفتیں اچھی ہیں۔ وہ صلحاء کی طرح بھوکا رہتا ہے، اُس کا صاحبانِ توکل کی طرح کوئی مکان نہیں ہے، وہ عشاق کی طرح بہت کم سوتا ہے، اُس کے پاس زاہدوں کی طرح کچھ مال و دولت نہیں، وہ ایک اطاعت شعار مرید کی طرح آخر تک اپنے مالک کو نہیں چھوڑتا اگرچہ وہ اس کو زدوکوب بھی کیوں نہ کرے، وہ تواضع پسند لوگوں کی طرح زمین پر ہر جگہ بیٹھ جاتا ہے اور اگر ہکا دو تو دوسرے مقام پر بیٹھ کر راضی برضا رہتا ہے اور جب اُس کو مار دو اور پھر کوئی چیز دو تو دل میں کینہ نہیں رکھتا خاشعین کی طرح پلٹ آتا ہے۔

کتے میں سب سے بدتر صفت یہ ہے کہ وہ اتحاد کا دشمن ہے اور اپنی قوم کو بڑے غصہ کی نظر سے دیکھتا ہے۔

حکایت:

عوام الناس ایسے مقولوں کو قرآن و حدیث سمجھتے ہیں اور پھر کتے کی طہارت پر دلیل قائم کرتے ہیں۔ مجھ سے عنفوان شباب میں ایک جاہل شخص نے کتے کی طہارت پر بحث کی اور دعویٰ کیا کہ اس میں مومن کی صفتیں ہیں اس کو پاک سمجھنا چاہئے مختلف تقریروں میں سمجھاتا رہا مگر تشفی نہ ہوئی، زمانہ ماہ صیام تھا دوسرے روز صبح کو معترض صاحب جو آئے تو سڑک پر اتفاق سے کتا جفت ہو رہا تھا میں نے وہ منظر دکھا کر سوالیہ لہجہ میں پوچھا کہ یہ صفت بھی مومن کی ہے کہ ماہ صیام میں دن کو منظر عام پر جنسی مظاہرہ کرے۔ وہ شرمندہ ہو گئے اور پھر اس مسئلہ کو نہ چھیڑا۔

حدیث امام حسینؑ میں ہے کہ کتا کہتا ہے: ذلت کے لیے گنہگار ہونا اور خدا کی نافرمانیوں میں آلودہ ہونا کافی ہے۔

احادیث میں کتے کا گھر میں پالنا ممنوع ہے۔ جناب رسالت مآب ﷺ سے منقول ہے کہ

میرے پاس جبرئیل آئے اور یہ خبر دی کہ ہم گروہ ملائکہ اُس گھر میں داخل نہیں ہوتے جہاں کتا، مجسمہ، وہ برتن ہوں جس میں پیشاب کیا جاتا ہے مگر شکاری کتے کا حفاظتِ گلہ گوسفند کے لیے پالنا مضائقہ نہیں رکھتا اور آنحضرتؐ نے اُن لوگوں کے لیے کہ جن کے گھر آبادی سے دور ہیں کتا پالنے کی اجازت دی۔

احادیث اہل سنت میں ہے کہ کتا مسخ ہے۔ ابن وردی نے آنحضرت کا قول نقل کیا ہے:

لَوْ لَا اَنَّ الْكِلَابَ اُمَّةٌ مِّنَ الْاُمَمِ لَاَمَرْتُ بِقَتْلِهَا.

اگر کتے گذشتہ امتوں میں سے ایک امت نہ ہوتے تو میں اُن کے مار ڈالنے کا حکم دیتا۔

آنحضرتؐ نے بور ہے کتے کو مارنے کی اجازت دی ہے اور دوسری حدیث میں آنحضرتؐ سے منقول ہے کہ کتے ضعفاء جن سے ہیں۔

جس وقت تم کھانا کھاؤ اور کتا بیٹھا ہو یا اُس کو کھانا دو یا ہکا دو کہ نفس ہائے بد رکھتے ہے۔ اور امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو کتا یک رنگ سیاہ یا سفید یا سرخ ہو یہ سب اقسام جن سے ہیں اور ابلق کتے جن اور مسخ شدہ انسان ہیں۔ حضرت نوحؑ ایک بدہیئت کتے کے قریب سے گذرے جسے دیکھ کر بے ساختہ منہ سے نکل گیا، اس کی کیسی قبیح صورت ہے، کتا گھٹنے ٹیک کے بیٹھ گیا اور کہا اے نبی خدا اگر خدا کی کارگذاری پر راضی نہیں تو آپ ہی میری صورت تبدیل کر دیجئے۔ حضرت نوحؑ حیرت زدہ ہو گئے اور نفس کو ملامت کرنا شروع کیا، ۴۰ سال تک شرمندگی میں روتے رہے اُس وقت خدا نے صدا دی نوحؑ کب تک روؤ گے خدا نے تمہاری توبہ قبول کی۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ

اِنَّ نُوحًا حَمَلَ الْكَلْبَ فِي السَّفِينَةِ وَلَمْ يَحْمِلْ وَلَدَ الزِّنَا.

حضرت نوحؑ نے کشتی میں کتے تک کو بٹھا لیا مگر کسی زنازادہ کو جگہ نہیں دی۔ (تفسیر صافی)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایک مردہ کتے کی طرف سے گذرے جس کا جسم بے روح سڑ گیا تھا حوارین نے دیکھ کر مذمت کی، آپ نے فرمایا کہ جسم کی برائی پر کیوں نظر کرتے ہو دانتوں کی سفیدی کو دیکھو اس کے دانت کس قدر چمکدار ہیں۔

بخت نصر مشہور بادشاہ ہے اس کی نشو و نما بنی اسرائیل میں کتیا کے دودھ سے ہوئی، اُس کا نام بخت اور مالک کا نام نصر تھا۔

سابق کے بیان سے واضح ہو چکا ہے کہ اصحاب کہف کا کتا اہل بہشت سے ہے۔ خداوند عالم نے قرآن مجید میں اپنی آیتوں کی تکذیب کرنے والے کو کتے سے تشبیہ دی ہے:

فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ الْكَلْبِ. اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ. ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا. (اعراف:۱۷۶)

اس کی مثال اُس کتے کی طرح ہے اگر اُس کو دھتکار دو تو بھی زبان نکالے رہے اور چھوڑ دو تو بھی زبان نکالے رہے یہ مثل اُن لوگوں کی ہے جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا۔

نبوی کلمات میں کلب کا لفظ کثرت سے آیا ہے وصایائے جناب رسالت مآبؐ میں ہے:

يَا عَلِيُّ لَا تَسْكُنِ الرُّسْتَاقَ فَاِنَّ شُيُوْخَهُمْ جَهَلَةٌ وَ شَبَابَهُمْ عَرَمَةٌ وَ الْعَالِمَ بَيْنَهُمْ كَالْجِيْفَةِ بَيْنَ الْكِلَابِ.

اے علیؑ بصرہ میں سکونت نہ کرنا وہاں کے بڈھے جاہل اور نوجوان.... اور اُن میں عالم اس طرح ہے جیسے کتوں میں مردار ہو۔

(جامع الاخبار، ص ۸۵)

جب بی بی عائشہ کا اونٹ بصرے کی طرف چلا اور چشمہ حواب پر پہنچا تو وہاں کے کتوں نے بھونکنا شروع کیا حضرت عائشہ مضطرب ہو کر بولیں کہ مجھے واپس لے چلو میں نے رسول اللہ کو اپنی بیبیوں سے یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ تم میں سے اُس بی بی کا کیا حال ہوگا جس پر حواب کے کتے بھونکیں گے۔

(عبقات الانوار، حدیث ثقلین، ص ۶۰۹)

جناب امیر المومنینؑ نے عمرو بن عاص کو جو خط لکھا تھا اُس کے نصیحت آگیں فقرات ملاحظہ ہوں:

فَاتَّبَعْتَ اَثَرَهُ وَ طَلَبْتَ فَضْلَهُ اِتِّبَاعَ الْكَلْبِ لِلضِّرْغَامِ يَلُوْذُ اِلٰى مَخَالِبِهِ وَ يَنْتَظِرُ مَا يُلْقِيْ اِلَيْهِ مِنْ فَضْلِ فَرِيْسَتِهِ.

اے عمرو تو نے طمع دنیا میں معاویہ کے نقش قدم پر قدم رکھا اور اُس کے مراحم خسروانہ کا طالب رہا جیسے کتا شیر کے پیچھے پیچھے رہا کرتا ہے اور اس بات کا منتظر رہتا ہے کہ اپنے بچے ہوئے شکار میں سے اس کی طرف کچھ پھینکے۔

دوسرے مقام پر وصایا کے سلسلہ میں فرماتے ہیں:

اِذَا اَنَا مِتُّ مِنْ ضَرْبَتِهٖ هٰذِهٖ فَاضْرِبُوْهُ ضَرْبَةً بِضَرْبَةٍ وَ لَا يُمَثَّلُ بِالرَّجُلِ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ يَقُوْلُ اِيَّاكُمْ وَ الْمُثْلَةَ وَلَوْ بِالْكَلْبِ الْعَقُوْرِ.

اگر میں ابن ملجم کی تلوار سے مر جاؤں تو تم اس پر ایک وار کے عوض میں ایک وار لگانا اور اس کے جسم کے اعضاء ٹکڑے ٹکڑے نہ کرنا میں نے پیغمبر خدا سے سنا ہے کہ بورے کتے کے اعضاء بھی ٹکڑے

ٹکڑے نہ کرو۔

جناب امیرؑ سے ایک اعرابی نے پوچھا کہ میں نے کتے کو بکری سے جفت ہوتے دیکھا اور بچہ پیدا ہوا اُس کا کیا حکم ہے؟ فرمایا اُس کی خوراک کو دیکھ کر فیصلہ ہوگا اگر گوشت کھاتا ہے تو کتا ہے اور اگر گھانس کھاتا ہے تو بکری ہے۔ اعرابی نے کہا کبھی گھانس کھاتے دیکھتا ہوں کبھی گوشت کھاتے۔ فرمایا پھر پانی پینے کے انداز سے شناخت کرو اگر پانی یک لخت پی جاتی ہے تو بکری ہے اور اگر چاٹتا ہے تو کتا ہے۔ عرض کیا کبھی چاٹتی ہے کبھی پی جاتی ہے۔ فرمایا پھر اس کو گلے کے ساتھ رکھ کے چال دیکھو اگر پیچھے رہے تو کتا ہے اگر درمیان میں چلے یا آگے بڑھ جائے تو بکری ہے۔ اُس نے عرض کیا کبھی آگے بڑھ جاتا ہے کبھی پیچھے رہتا ہے کبھی بیچ میں رہتا ہے۔ فرمایا نشست و برخواست سے فیصلہ کرو اگر کتے کی طرح دو پاؤں ٹیک کے بیٹھے تو کتا ہے ورنہ بکری۔ اُس نے عرض کیا کبھی بکری کی طرح بیٹھتا ہے کبھی کتے کی طرح۔ فرمایا ذبح کر کے دیکھو اگر معدہ نکلے تو بکری ہے اور اگر صرف آنتیں ہوں تو کتا ہے یہ جواب سن کر اعرابی مبہوت ہو گیا اور پھر گفتگو کی گنجائش نہ رہی۔

(انیس الحاطر، ص ۱۶۳)

دو شخص جناب امیرؑ کی خدمت میں جھگڑتے ہوئے آئے جس میں ایک خوارج سے تھا آپؑ نے بلاتکلف فیصلہ کر دیا۔ خارجی چراغ پا ہو گیا کہنے لگا آپؑ نے عدل نہیں کیا اس فیصلہ میں خدا کی خوشنودی نہیں ہے، یہ سن کر علی مرتضیٰ علیہ السلام نے فرمایا اے دشمن خدا میرے سامنے سے دور ہو یہ کہنا تھا کہ وہ سیاہ کتا ہو گیا۔ حاضرین میں سے ایک شخص کہتا ہے کہ میں دیکھ رہا تھا وہ رو رو کر آقائے دو جہاں کے سامنے فروتنی کر رہا تھا اُس وقت آپؑ کو دشمن پر بھی رحم آ گیا اور آہستہ سے کچھ کہا خدا نے پھر لباس انسانیت پہنا دیا۔ راوی کہتا ہے کہ میں دیکھ رہا تھا مسجد سے نکلتے وقت اُس کے پاؤں کانپتے تھے۔ اس واقعہ کو ارباب مناقب نے کئی طرح سے بیان کیا ہے ممکن ہے کہ کمی و زیادتی راویوں کے اختلاف سے ہو یا چند بار چند اشخاص کے لیے یہ معجزہ ظہور میں آیا ہو میں نے صرف ایک واقعہ پر اکتفا کی۔

مجلسی علیہ الرحمہ بحار کتاب السماء والعالم میں نقل کرتے ہیں کہ جس شب امام حسینؑ دشمنوں میں گھرے ہوئے تھے وقت شب کچھ دیر کے لیے غنودگی طاری ہو گئی اور بیدار ہو کر فرمایا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ کتے مجھ پر حملہ کر رہے ہیں اُن میں ایک چتکبرا کتا ہے جو مجھ پر زیادہ بھپکتا ہے میں گمان کرتا ہوں کہ میرا قاتل سفیدی کے آزار میں مبتلا ہے۔

امام ابو جعفر محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ جناب امیر المومنینؑ لوگوں کو جہاد پر توجہ دلا رہے

تھے اور معاویہ کے لشکر کے مقابلہ کا سامان ہو رہا تھا اُس وقت دو شخص جھگڑتے ہوئے سامنے آئے جس نے زیادتی کی تھی آپ نے اُس سے فرمایا دور ہو اُس کا سر کتے کا ہو گیا۔ حاضرین مبہوت ہو گئے وہ تضرع وزاری میں مصروف تھا کہ پھر آپؑ نے لب ہائے مبارک کو حرکت دی اور اُس کی اصلی حالت ہو گئی اُس وقت ایک شخص جست کر کے سامنے آیا اور عرض کیا کہ جب آپ کا یہ اقتدار ہے تو لشکر کشی کے کیا معنی ہیں اپنے اختیارات سے کام لیجیے۔ آپؑ نے کچھ غور کر کے سر اُٹھایا اور جواب دیا کہ جو دانے کو شگافتہ اور بالی کو روئیدہ کرتا ہے اُس خدا کی قسم اگر میں اپنے پیر سے حملہ کروں تو میرے پاؤں کی ضرب ان تمام جنگلوں اور پہاڑوں اور چشموں سے گذر کر معاویہ کے سینہ تک پہنچے اور اُس کو تخت سلطنت سے اوندھے منہ گرا دے۔ قسم خدائے برتر کی اگر میں چاہوں تو تمہارے پلک جھپکنے سے پہلے معاویہ سامنے نظر آئے لیکن میرا قرآن پر عمل ہے وہ فرماتا ہے:

بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ. لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ. (انبیاء:۲۶،۲۷)

وہ خدا کے مکرم بندے ہیں بات چیت میں بھی حکم الٰہی پر سبقت نہیں کرتے وہ اُس کے احکام پر عامل ہیں۔

ابوالحسن علی بن ہرون منجم کہتا ہے کہ خلیفہ راضی [باللہ] جناب امیرؑ کی شان میں ناروا نکتہ چینی کیا کرتا تھا اور میں حضرتؑ کی حقیقت ثابت کرتا تھا مگر وہ میری کسی دلیل کو قبول نہیں کرتا تھا اتفاقاً اُس نے سفر کیا اور آنے کے بعد کچھ دن تک مکالمہ بند رہا۔ میں نے سبب پوچھا تو کہا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ گھر سے نکل رہا ہوں کہ ایک شخص نظر آیا جس کا کتے کا منہ تھا میں نے لوگوں سے پوچھا کہ یہ کون ہے جواب ملا کہ یہ علیؑ کے خطاوار ہونے کا قائل تھا اُس پر مجھے معلوم ہوا کہ یہ واقعہ میری عبرت کے لیے دکھایا گیا ہے اب میں نے توبہ کر لی ہے۔

از انجملہ وہ واقعہ ہے جو مامون رشید کے دربار میں بیان کیا گیا ہے خلاصہ مضمون اُس کا یہ ہے کہ ایک شخص دمشق کا رہنے والا حضرت علیؑ کو سب وشتم کیا کرتا تھا اُس نے عالم رویا میں دیکھا کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مع حسنینؑ خلعت فاخرہ زیب جسم کیے ہوئے تشریف لائے اور ساتھ آپ کے ایک کاسہ ہے جس میں نہایت صاف پانی ہے یہ کاسہ لے کر پیغمبر خداؐ نے بہت بلند آواز سے ندا کی اے شیعیان آل محمدؐ، راوی کہتا ہے کہ میرے گرد جو لوگ تھے اُن میں جن کو میں پہچانتا ہوں چالیس آدمیوں نے جواب دیا، اس مجمع میں پانچ ہزار آدمیوں سے زیادہ تھے، سب اُس کاسہ سے سیراب ہوئے تو فرمایا کہ دمشقی کہاں ہے میں حاضر ہوا تو علی مرتضیٰ علیہ السلام نے مجھ کو گرفتار کر کے خدمتِ نبویؐ میں

پیش کیا اور کہا یہ بھی مجھ پر ظلم کرتا ہے اور میری شتم کرتا ہے۔ پیغمبر خداؐ نے اُس کو اپنے ہاتھ سے پکڑ کر پوچھا کہ تو بھی علیؑ کو سب وشتم کرتا ہے اُس نے کہا ہاں۔ آپؐ نے فرمایا بار الہا اس کو مسخ کردے اور اس سے انتقام لے، یہ کہتے ہی وہ شخص کتا ہو گیا صرف دونوں کان آدمی کے ایسے تھے۔ یہ واقعہ بیان کر کے وہ ظالم دربار میں لایا گیا زبان اُس کی نکلی ہوئی تھی اور ہونٹ ہل رہے تھے۔ شافعی نے مامون رشید سے کہا کہ یہ مسخ ہے عذاب الٰہی سے بچ نہیں سکتا جلد اس کو باہر کرو چنانچہ وہ تنہا مکان میں لایا گیا تھوڑی دیر نہ گذری تھی کہ بجلی گری اور فنا ہو گیا۔

بسند معتبر حضرت امیر المومنینؑ سے منقول ہے کہ حضرت رسول خداؐ سے پوچھا کہ خدا نے کتے کو کس چیز سے پیدا کیا، فرمایا آب دہان شیطان سے، عرض کیا کس طرح، فرمایا حق تعالیٰ نے جب آدمؑ و حوا کو زمین پر بھیجا دونوں کانپتے ہوئے بچہ جانور کی طرح زمین پر آئے ابلیس جو پہلے سے زمین پر تھا اُس نے درندوں کو خبر کی اور کہا کہ دو بہت بڑے جانور آسمان سے زمین پر گرے ہیں چل کر اُن کو اپنا لقمہ بناؤ، درندے شیطان کے ساتھ دوڑے ابلیس تحریص کرتا جاتا تھا کہہ رہا تھا کہ تھوڑی مسافت اب اور باقی ہے جلد بات کرنے کے سبب اُس کا تھوک زمین پر ٹپک پڑا اُس سے خدا نے کتے پیدا کیے، ایک نر ایک مادہ سگ، نر آدمؑ کے پاس ہند میں کھڑا ہوا اور سگ مادہ حوا کے پاس جدہ میں، ان کتوں نے درندوں کو پاس آنے نہ دیا اُس دن سے جانوران درندہ کتے کے دشمن ہیں اور کتا اُن کا دشمن ہے۔

(ترجمہ حیات القلوب، ص ۹۱، جلد اول ایڈیشن دوم)

ممکن تھا کہ حضرت آدمؑ کی حفاظت کا کوئی دوسرا سامان کیا جاتا لیکن اس واقعہ کا افادی پہلو یہ ہے کہ شیطان ضرر رسانی کے لیے اقدام کر رہا تھا اُسی کے لعاب دہن سے کتے کی تخلیق اُس کی مجبوریوں پر گواہ ہیں، یہ ہے: "عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد"

دوسری حدیث میں ہے جناب امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ غیبت سے پرہیز کرو غیبت جہنم کے کتوں کا راتب ہے۔ (نہج الیقین)

سابق کے بیان سے معلوم ہو چکا ہے کہ اگر مسافر کے گھر سے برآمد ہونے کے وقت کتا سامنے آئے تو سفر مبارک نہ ہوگا۔

حکایت:

جاحظ کہتا ہے کہ میں ایک قریہ سے گذرا تو عجب تماشا دیکھا ایک معلم نے دروازہ پر پہنچ کر کتے کی طرح بھونکنا شروع کیا تھوڑی دیر میں ایک لڑکا نکلا اور معلم نے اُس کے کان میں سرگوشی کی میں نے

قریب جا کر اس بلاوجہ کی سزا سبب دریافت کیا اُس نے کہا یہ لڑکا پڑھنے سے بھاگتا ہے اور گھر میں بیٹھا رہتا ہے دن بھر کتے سے کھیلا کرتا ہے میں جو کتے کی طرح بھونکا تو وہ کتا سمجھ کر نکل آیا ورنہ کبھی باہر نہ آتا۔

علاج:

بورہے کتے کی شناخت یہ ہے کہ وہ مرض سے پہلے تنہائی پسند ہو جاتا ہے کتے میں یہ عادت پیدا ہو تو فوراً اُس کو ختم کر دینا چاہیے۔ اگر کسی انسان کے کتا کاٹ لے تو شناخت یہ ہے کہ زخم پر آٹے کی ٹکیہ رکھ کر مرغ کے آگے پھینکے اگر مرغ کھائے تو کتا دیوانہ نہیں ہے اگر نہ کھائے تو کتا دیوانہ ہے۔ سگ گزیدہ مریض کو ۵ تولہ عرق کیلا پلادے۔

سفینۃ النجات میں ہے کہ اگر کاٹنے والے کتے کو دیکھے تو یہ آیت پڑھے:

أَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗ أَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّإِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ. (آل عمران: ۸۳)

تعبیر:

شیخ الرئیس کہتا ہے کہ اگر کتیا کا دودھ پیتے خواب میں دیکھے تو دشمن سے خوف ہو۔ اور کتا دیکھنا دشمن جابر سے سابقہ ہونے کی دلیل ہے۔ کتے کا کاٹنا یا کپڑے پھاڑنا دشمن کے مقابلہ میں خفت اُٹھانا پڑے۔ اسی طرح کتے بھوکتے ہوئے دیکھنا مستقبل میں پشیمانی حاصل ہونے کی خبر ہے، آئندہ کسی سے جھگڑا ہو، کتے کا فرماں بردار دیکھنا اچھا ہے دوست سے مدد پہنچے۔

خواص:

کتے کے اجزاء جسم نجس ہیں اس لیے خواص بیان کرنے سے اعراض کیا جاتا ہے۔

حکم:

سگ دریائی وصحرائی دونوں حرام ہیں۔ اگر کسی ظرف میں کتا پانی پیے اور آب قلیل سے اُس کو طاہر کرے تو چاہیے کہ پہلی مرتبہ اُس میں پاک خاک ڈالیں اور سب جگہ پہنچائیں بلکہ شرط یہ ہے کہ ایک مرتبہ خاک اور پانی ملا کر بھی دھوئیں بعد اُس کے دومرتبہ پانی سے دھوئیں۔ (تحفہ احمدیہ)

اُس کتے سے شکار کرنا جس کو مجوسی نے تعلیم دی ہو مکروہ ہے، اسی طرح سیاہ کتے سے شکار بھی مکروہ ہے۔ کتے سے جو شکار کریں تو چاہیے کہ اُس کو اس طرح تعلیم دی ہو کہ جب شکار پر چھوڑیں بے تامل دوڑے اور جس وقت منع کریں ٹھہر جائے پس اگر تعلیم نہ پائی ہو اور شکار کو مارے تو گوشت اُس کا حرام

ہے دوسرے یہ کہ شکار کو کتا کھانے نہ پائے مگر کبھی اتفاقیہ اور اگر آئے شکار کو عام طور پر کھالیا کرے تو ایسے کتے سے شکار درست نہیں ہے۔ جس مقام پر کتے کے دانت لگے ہوں اُس کا دھونا اور پاک کرنا واجب ہے اور بھی شرائط ہیں جو کتب فقہ میں درج ہیں مجتہد سے دریافت کرے۔ اگر کتا کنوئیں میں گرے اور زندہ نکل آئے تو سات ڈول نکالے اور اگر مر جائے تو ۴۰ ڈول اور اگر کتے کا خون گرے تو تمام پانی نکالے۔

ادبیات:

۱): فارسی کی مثل ہے: "سگ حضور بہ از برادر دور"

۲): اردو میں کسی انسان کے گھر پر بہادر ثابت ہونے کے موقع پر کہتے ہیں: اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے۔

۳): اگر دو شخصوں کو آپس میں لڑا دیا جائے اُس وقت کہتے ہیں: ہڈی ڈال کے کتے لڑا دیئے۔

۴): انتہائی مصروفیت میں غیر معمولی تھکن کے اظہار کے وقت کہتے ہیں: کتے کا دماغ ہوگیا۔

۵): ضدی انسان کے بات پر جمے رہنے کے موقع پر کہتے ہیں: کتے کی دُم بارہ برس گڑی رہے پھر ٹیڑھی ہی نکلے۔

۶): جس کا کہیں ٹھکانہ نہ ہو اُس کے بارے میں کہا جاتا ہے: دھوبی کا کتا گھر کا نہ گھاٹ کا۔
قدیم شاعر کہتا ہے۔

یہ دھوبی کے کتے نہ رہ باٹ کے ‏ ‏ نہ گھر کے ہوئے اب نہ یہ گھاٹ کے

۷): سسرال میں رہنے والے لڑکے کو سسرال کا کتا کہتے ہیں۔ جان صاحب کہتے ہیں۔

بے ادب لڑکا تھا کتا بن گیا سسرال کا

آتش۔

پھرتا ہے کوئی تو ترے کوچہ میں شب کو ‏ ‏ تا صبح نہیں ہوتی ہے آواز سگان بند
کوئے جاناں چمن سے بہتر ہے ‏ ‏ اُس کا کتا ہرن سے بہتر ہے

۸): مذہب سے غافل اور دنیا پرست لوگوں کو سگ دنیا کہتے ہیں۔ چرکین کہتے ہیں۔

سگِ دنیا جو ہیں کب جود و سخا رکھتے ہیں ‏ ‏ گو بھی بلی کی طرح سے چھپا رکھتے ہیں

۹): سگِ لیلیٰ: عشاق محبوب کے قاصد یا خادم کو سگ لیلیٰ سمجھ کر احترام کرتے ہیں۔

۱۰): جس گھر میں کھانا کم پکایا جاتا ہے اُس کے ذکر میں کہتے ہیں: نہ باسی بچے نہ کتا کھائے۔

۱۱): بنجاری کتا: وہ سدھا ہوا کتا جسے اناج کے سوداگر اپنے ساتھ رکھتے ہیں۔

۱۲): دمڑی کی ہانڈی گئی کتے کی ذات پہچانی گئی یعنی اگرچہ کسی قدر نقصان ہوا مگر آدمی کو پہچان لیا

۱۳): دہلیز کا کتا: طفیلی۔

۱۴): کاتک کی کتیا: بدکار عورت کو کہتے ہیں۔

۱۵): کتے کی طرح پیٹ پالنا، ذلت کا کھانا۔

۱۶): کتے کو گھی ہضم نہیں ہوتا: کم ظرف کے پیٹ میں بات نہیں رہتی۔

۱۷): کتے کی موت: خراب حالت میں مرنا۔

۱۸): سب کتے کاشی گئے تو ہنڈیا کس نے چاٹی: یہ مثل اُس وقت کہتے ہیں جب گروہ کے لوگ دیانتداری کا دعویٰ کریں اور نقصان ہو جائے۔

مفتی صاحب۔

از آنکہ افتخار باجداد می کنند چون سگ باستخوان بہ فریاد می کنند

آسٹریلیا میں ایک قسم کا کتا ہوتا ہے جس کو ڈنگو (Dingo) کہتے ہیں یہ گیدڑ اور بھیڑیے سے کسی قدر مشابہ ہوتا ہے۔ یہ بھیڑوں کا جانی دشمن ہے مگر وہاں اب یہ کتے مار ڈالے گئے ہیں۔

کلب الماء

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
کلب الماء	سگ دریا		پانی کا کتا

دریائی کتا شکل وشمائل میں کتے سے مشابہ ہوتا ہے فرق یہ ہے کہ آگے کے پاؤں پیچھے کے پیروں سے لانبے ہوتے ہیں۔ یہ اپنے تیئں اس طرح گردآلود کرلیتا ہے کہ مگرمچھ سمجھتا ہے کہ مٹی کا ڈھیر ہے جب وہ قریب پہنچتا ہے تو یہ اُس کے منہ میں داخل ہو کے اُس کی آنتوں، دل وجگر کو کھالیتا ہے۔

بعض اہل تحقیق کہتے ہیں کہ جند بیدستر اسی کے خایہ کو کہتے ہیں۔ یہ بھی مسخ ہے جیسا کہ حدیث اصبغ میں ''عرضان'' کے تحت میں گذرا۔

تعبیر: اس کو خواب میں دیکھنے سے خفیہ دشمن سے اندیشہ ہے۔

خواص: اس کی کھال پوستین میں سی کر نقرس کے مریض کو اس پر بٹھائیں تو فائدہ ہوگا۔
حکم: گوشت حرام ہے لیکن جسم اس کا طاہر ہے بنا بر فتویٰ علامہ اصفہانی مدظلہم۔

کنعت

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
کنعت	ماہی		مچھلی

ایک قسم کی مچھلی ہے جس کے خفیف سے چھلکے ہوتے ہیں وہ بالوں میں گھس جاتی ہے اور نظروں سے غائب ہو جاتی ہے پھر نکل کر دریا میں تیرتی ہے کنعد بھی کہتے ہیں۔ حماد بن عثمان نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ اس کے بارے میں کیا ارشاد ہے، فرمایا کھانے میں کوئی حرج نہیں۔ عرض کیا اُس کے تو چھلکے نہیں ہوتے، فرمایا ہاں لیکن کانوں کے مقام کے نیچے دیکھو تو چھلکا نظر آئے گا۔ اس مچھلی کو معصومؑ نے بدخو مچھلی کہا ہے: حُوتٌ سَيِّئَةُ الْخُلُقِ، امامؑ کی معلومات کی روشن دلیل ہے۔

تعبیر: اگر اس مچھلی کو خواب میں دیکھے تو دفینہ ملے، گمشدہ چیزیں دستیاب ہوں۔

حکم: حلال ہے۔

کوسج

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
کوسج			نکٹی مچھلی

یہ مچھلی بصرہ کے قریب و جوار میں ہوتی ہے، اس کی سونڈ آری کی طرح ہوتی ہے جس سے جانوروں کو چاک کر ڈالتی ہے۔ انسان کو بھی برابر سے دو کر دیتی ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ یہ مچھلی شیر کی صورت ہوتی ہے، دریائی جانوروں کو پارہ کر ڈالتی ہے، اس کے دانت ایسا کام کرتے ہیں جیسے تلوار۔

تیسرا قول یہ ہے کہ یہ مچھلی ایک ہاتھ کی ہوتی ہے اور انسان کے ایسے دانت ہوتے ہیں جن سے اپنے دشمن سے مقابلہ کرتی ہے۔

چوتھا قول عبدالرشید مدنی کا ہے، وہ لغت میں لکھتے ہیں: کوسج ماہی است کہ بینی او پارہ می ماند۔

(منتخب اللغات، شاہجہانی)

سیاح کہتے ہیں کہ اگر اس مچھلی کو دن میں شکار کریں تو چربی نہیں نکلتی اور اگر رات کو شکار کریں تو چربی بہت نکلتی ہے۔ احادیث شیعہ میں ہے کہ یہ مسخ ہے جیسا کہ عرضان کے تحت میں گذرا۔

تعبیر: اس مچھلی کو خواب میں دیکھے تو دشمن کا سامنا ہو۔

حکم: گوشت اس کا حرام ہے۔

(ل)

ابن لبون

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ابن لبون	بچہ شتر		اونٹ کا بچہ

اب لبون اونٹنی کے اس بچے کو کہتے ہیں جو دو برس پورے کر کے تیسرے میں داخل ہو، یہ بچہ اگر مادہ ہو تو بنت لبون کہیں گے۔

جناب امیرؑ کا ارشاد ہے:

كُنْ فِي الْفِتْنَةِ كَابْنِ اللَّبُونِ لَا ظَهْرٌ فَيُرْكَبَ وَلَا ضَرْعٌ فَيُحْلَبَ.

فتنہ و فساد کے موقع پر بچہ شتر کی طرح بن جاؤ نہ تو اس کی پشت میں طاقت ہے کہ کوئی سوار ہو نہ تھن ہیں جو دودھ دوہا جائے۔

غیر جانبدار رہنے کی بہترین نصیحت ہے۔

تعبیر: اس سن و سال کے بچہ شتر کو خواب میں دیکھے تو زمانہ کی مخالف ہواؤں کا اثر نہ پڑے۔

حکم: حلال ہے۔

لقلق

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
لقلق	لک لک		حاجی لقلق

مخزن المفردات میں ہے کہ لقلق پانی کا ایک قوی الجثہ پرندہ ہے۔ قزوینی عجائب المخلوقات

میں لکھتا ہے کہ اس کی خوراک فقط سانپ ہوتی ہے۔ اس کے دو آشیانے ہوتے ہیں ایک سرد ملک میں دوسرا گرم ملک میں۔ اس کو فصل ربیع پسند ہے۔ قیصر باغ کے عجائب خانہ میں لقلق موجود ہیں جو مثل سارس کے مختلف رنگ کے ہیں، پاؤں دو بالشت کے لانبے ہیں۔

آشیانا مضبوط اور اونچے مقام پر بناتا ہے، جملہ اس سے بھاگتے ہیں، وبائے آب و ہوا میں لقلق شہر چھوڑ دیتا ہے۔

حدیث امام حسینؑ میں اس کا ذکر ہے آپؑ نے فرمایا ہے کہ لقلق کہتا ہے:
جو لوگوں سے کنارہ کش ہو وہ اُن کے آزار سے نجات پاتا ہے۔

تعبیر: اگر لقلق خواب میں دیکھے تو آب و ہوا اچھی ہو، بیماریاں دفع ہوں یا صاحب نصیب عورت سے نکاح ہو۔

خواص: اس کے انڈے خضاب میں شامل کیے جاتے ہیں۔

حکم: علامہ علی حزین کی تحقیق ہے کہ لقلق کا گوشت حرام ہے۔

لَیث

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
لَیث	شیر درندہ		باگھ

عرب شیر کو لیث کہتے ہیں جس کی جمع لیوث ہے۔ کلام عرب میں لیث مکڑی کے معنوں میں بھی آیا ہے اور مرد شجاع کو بھی لیث کہتے ہیں۔ عرب میں بنی لیث ایک قبیلہ ہے۔ توضیح الدلائل میں جناب امیرؑ کا ایک خطبہ نقل کیا گیا ہے جس میں آپؑ خود فرماتے ہیں:

أنا عمود الإسلام أنا مكسر الأصنام أنا ليث الزحام.

میں ہوں ستون اسلام، میں ہوں بتوں کا توڑنے والا، میں ہی شیر بیشہ ہوں۔

(حدیث عبقات)

دوسرے مقام پر اپنے رجز میں فرماتے ہیں:

عَبْلُ الذِّرَاعَيْنِ شَدِيدُ الْقَصَرَةْ   كَلَيْثِ غَابَاتٍ كَرِيهِ الْمَنْظَرَةْ

قوی بازو اور سخت گردن والا جیسے ڈراونی صورت والا جنگل کا شیر۔

انہیں تشبیہات کو دیکھ کر زرندی مشہور عالم اہل سنت نے آپؑ کے القاب میں ایک لقب اللیث القاہر بھی بتایا ہے۔ اور ابن عباس اسماء والقاب کے سلسلہ میں بیان کرتے ہیں:

الاشعب الحاطم و البطل المحاجم واللیث مزاحم بدری احدی حنفی مکی مدنی شعشھانی روحانی نورانی له من الجبال شوامخھا و من الھضاب ذا ھارنی الوغی لیثھا ومن العرب سیدھا اللیث المقدام و البدر التمام.

(زین الفتیٰ، عاصمی)

جنگ صفین میں بشیر بن ارطاۃ نے جناب امیرؑ کی مبارز طلبی پر اپنے غلام لاحق سے مشورہ کیا کہ میں علیؑ کے مقابل میں جانا چاہتا ہوں شاید وہ میرے ہاتھ سے قتل ہو جائیں اور عرب میں میں نیک نام ہوں۔ لاحق نے کہا کہ اگر مقابلہ کی ہمت ہے تو سامنا کر لیکن یہ سمجھ لے کہ علیؑ سے زیادہ بہادر کوئی نہیں ہے۔

فَاَنْتَ لَهُ یَا بَشِیْرُ اِنْ کُنْتَ مِثْلَهُ　　وَ اِلَّا فَاِنَّ اللَّیْثَ لِلضَّبْعِ اٰکِلٌ
مَتٰی تَلْقَهُ فَالْمَوْتُ فِیْ رَأْسِ رُمْحِهٖ　　وَفِیْ سَیْفِهٖ شُغْلٌ لِنَفْسِكَ شَاغِلٌ

اے بشیر اگر تو اس کے مانند ہے تو اس کے ساتھ لڑائی کا قصد کر ورنہ تو خود جانتا ہے کہ شیر بجو کو کھا جاتا ہے تو کب اس کے پاس جا سکتا ہے کیونکہ اس کے نیزہ کی انی میں موت ہے اور اس کی تلوار میں تیری جان کے ساتھ سروکار ہے۔ (ارجح المطالب، ص ۲۴۰)

امام حسینؑ کے جہاد میں ابن اثیر شامی نے لکھا ہے: ثُمَّ شَدَّ شِدَّةَ لَیْثٍ اُغْضِبَ.

(تاریخ الکامل، ص ۳۱)

(م)

المارماھی

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
المارماھی	مار ماہی		بھاکر

سیاہی مائل بے چھلکے کی بدبودار ایک مچھلی ہے جو سانپ کی طرح لانبی ہوتی ہے۔ اُپر اس کے لعاب بہت ہوتا ہے، عربی میں اس کو حیۃ السمک بھی کہتے ہیں۔ اس کا مزاج گرم وخشک ہے۔ مار ماہی

کی دیگر قسموں کا حال اپنے مقام پر گذر چکا اعادہ کی ضرورت نہیں۔ اس مچھلی کے بارے میں معصوم کا ارشاد ہے:

المار ماهي والجري والرماخ سوخ من طائفة بني اسرائيل۔

مار ماہی اور جری اور رماخ بنی اسرائیل کے ایک گروہ سے مسوخ ہیں۔

مار ماہی کو اردو میں بھاکر کہا جاتا ہے۔

تعبیر: مار ماہی کو خواب میں دیکھے تو حرام کی دولت ملے چاہئے کہ اُس سے روگرداں ہو۔

خواص: اس کا ہاتھ میں لینا خون کے سیلان کو بند کرتا ہے۔

حکم: حرام ہے۔

ماریہ:

جناب سرور کائنات کی کنیز کا نام ہے جو ماریہ قبطیہ کے نام سے مشہور ہیں۔ ان کا وطن مصر تھا، قبط مصر میں ایک پہاڑ ہے وہاں کے رہنے والوں کو قبطی کہتے ہیں۔

ابن مخاض

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ابن مخاض	بچۂ شتر		اونٹ کا بچہ

کلام عرب میں ابن مخاض اُس اونٹنی کے بچہ کو کہتے ہیں جو برس کا ہو کر دوسرے سال میں داخل ہو۔ احادیث میں نصاب زکواۃ کی بحث میں اس کا ذکر ہے۔

تعبیر: اس کو خواب میں دیکھے تو حلال روزی دستیاب ہو۔

مرتجز

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
مرتجز	اسپ رسولؐ		پیغمبر خدا کا گھوڑا

محقق طریحی لکھتے ہیں کہ یہ گھوڑا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک اعرابی سے خریدا تھا اور خزیمہ بن

ثابت اس معاملت پر گواہ ہوئے تھے۔ روز عاشور بنا بر تحقیق کے یہی گھوڑا امام حسینؑ کے زیر ران تھا جس نے محیر العقول وفا کا ثبوت دیا، فرات تک پہنچنے کے بعد امامؑ کے اذن پانی پر بھی پیاسہ رہا اور منہ پانی سے ہٹا لیا اور جب شہادت عظمیٰ واقع ہوئی تو خود لشکر یزید پر حملہ کیا اور اپنے سموں سے بنا بر تحریر صاحب منقل عوالم ۴۰ پہلوانوں کو قتل کیا۔ پسر سعد امیر لشکر نے حکم دے دیا تھا کہ پیغمبر خدا کی سواری کا گھوڑا ہے اس کو اسیر کرلو مگر کوئی گرفتار کرنے میں کامیاب نہ ہوا، اُس وقت اس نے اپنی پیشانی خون حسینؑ سے رنگین کر کے درخیمہ پر حاضر ہوا اور بلند آواز سے ہنہنا کر خبر دی، کبھی زمین پر سر پٹکتا تھا، کبھی ہاتھ پاؤں دے مارتا تھا، بیبیاں صدا سن کر خیموں سے برآمد ہوئیں۔

ایک روایت کی بنا پر اس گھوڑے نے اپنے تئیں فرات میں ڈال دیا اور پھر نظر نہ آیا۔

(ناسخ التواریخ، جلد ششم)

تعبیر: اگر مرتجز خواب میں دیکھے تو عزائے حسینؑ کی توفیق ہو۔

مُرْعَه

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
مُرْعَه	درتج		لوا

سفید خوش رنگ چڑیا ہے جس کے پاؤں لانبے ہوتے ہیں یہ برسات میں عموماً نظر آتے ہیں۔ عربی میں اس کو سلوی بھی کہتے ہیں۔ خبر ابن عباس میں اس کا ذکر ہے، جب امامؑ سے من وسلویٰ کا ذکر ہوا اور سلوئی کو پوچھا تو کہا: ھِیَ الْمُرْعَةُ. وہ لُوا ہے۔

نوٹ: تعبیر وخواص وغیرہ اپنے مقام پر گذرے۔

مُسلِمْ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
مُسلِمْ	پرندہ		ایک چڑیا

مسلم، اُس پرندہ کا نام ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام و خضرؑ کے سامنے دریائے مجمع البحرین میں پانی سے خوش طبعی کر رہا تھا اور یہ دونوں نبی اُس کی حرکات کو معصوم ہو کر نہ سمجھے۔ اس واقعہ کو خود جناب موسیٰ

علیہ السلام نے بیان کیا ہے، جب اُن سے پوچھا گیا کہ آپ نے دریا کے عجائبات کیا کیا دیکھے؟ فرمایا میں کنارے دریا بیٹھا تھا ناگاہ ایک طائر آیا اور اُس نے اپنی چونچ سے ایک قطرہ اُٹھا کر مشرق کی طرف پھینک دیا، پھر مغرب کی طرف پھینکا، تیسرا قطرہ آسمان کی طرف پھینکا، پھر چوتھا قطرہ زمین کی طرف ڈالا اور ایک قطرہ دریا میں ڈال دیا۔ یہ دیکھ کر خضرؑ اور میں دونوں متحیر ہو گئے، میں نے اس کا سبب خضرؑ سے پوچھا وہ جواب نہ دے سکے۔ یہ گفتگو ہو رہی تھی کہ ایک شکاری نظر آیا وہ ہم کو حیران دیکھ کر کہنے لگا تم کو کس معاملہ میں فکر اور تعجب ہے؟ ہم نے اُس طائر کی کیفیت بیان کی، اُس نے کہا میں صیاد ہوں اور اس کا رمز سمجھ گیا تم نبی ہو کے نہ سمجھے، یہ دریائی پرندہ ہے نام اس کا مسلم ہے، جب یہ بولتا ہے تو مسلم مسلم کہتا ہے، اس وقت اس نے اشارہ اس بات کی طرف کیا ہے کہ آخر زمانہ میں ایک نبی مبعوث ہوگا جن کے علم کے مقابلہ میں تمام اہل شرق وغرب اور تمام اہل زمین و آسمان کا علم مثل ایک قطرہ کے ہوگا جو اُس نے اپنے منقار میں دریا سے لیا اور اُن کا علم میراث میں اُن کے ابن عم اور وصی کو پہنچ جائے گا۔ یہ سن کر تعجب ہمارا رفع ہوا اور ہم وہاں سے چلے پھر ہم نے دیکھا کہ وہ صیاد غائب ہو گیا، اُس وقت معلوم ہوا کہ وہ فرشتہ تھا جس کو حق تعالیٰ نے ہمارے واسطے بھیجا تھا۔ (امالی التفسیر والمواعظ)

یہ بشارت بعثت ختمی مرتبت کی تھی جو عہد موسوی میں دی گئی۔ بعض روایات میں یہ واقعہ کچھ تغیر سے بیان کیا گیا ہے لفظ ضیات کے ذیل میں ہم اس پر تبصرہ کر چکے ہیں۔ صیاد نے کہا کہ جو قطرہ شرق و غرب میں پھینکا اُس سے اشارہ اس طرف ہے کہ اُس نبی کا دین شرق وغرب میں پھیل جائے گا اور جو قطرہ زمین کی طرف پھینکا اُس سے مراد یہ ہے کہ وہ نبی اہل زمین سے ہوگا اور جو قطرہ آسمان کی طرف ڈالا اُس سے اشارہ اس طرف ہے کہ اُس کو عالم بالا کی طرف معراج ہوگی۔ فاضل دمیری نے اس واقعہ کو عصفور کے تحت میں بیان کیا ہے۔

حضرت مسلم بن عقیل علیہ السلام:

ولادت آپ کی پیغمبر خداؐ کی وفات کے بعد ہوئی۔ ماں عرب کی فرزندی خاندان سے تھیں۔ قاضی صبغۃ اللہ نے لکھا ہے کہ اولاد عبدالمطلبؑ میں حضرت مسلمؑ سب سے زیادہ رسول خداؐ سے مشابہ تھے۔ بہت سے صحابہ کا زمانہ آپ نے دیکھا تھا۔ ابن حبان نے تابعین میں بسلسلہ ثقات آپ کو شمار کیا ہے۔ آپ کی شادی جناب امیرالمومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام کی دختر رقیہ کے ساتھ ہوئی تھی۔

(نورالعین فی مشہد حسینؑ)

خاندان رسالتؐ کے مشہور ترین فرد تھے۔ امیرالمومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام کے بھتیجے، شاہزادہ

کوفین امام حسینؑ کے نائب خاص جن کو فرزند شہنشاہ مدینہ نے کوفیوں کی دعوت پر اپنے عوض سے روانہ کیا تھا مگر خدا برا کرے اُس غدار قوم کا جس کے ظاہر و باطن میں زمین و آسمان کا فرق تھا۔ کوفہ میں پہنچ کر جناب مسلمؑ بے یار و مددگار ہو گئے، ہزاروں نفوس جنھوں نے بیعت کی تھی چھوڑ کر علیحدہ ہو گئے نوبت بایں جا رسید کہ اس مقدس ہستی کی میزبانی قانونی جرم قرار پا گئی۔ کوفیوں کی گلیوں میں سرگرداں ایک ایک کا منہ دیکھتے تھے اور کوئی ہمدردی پر تیار نہ تھا۔ حضرت مسلمؑ ناخواندہ مہمان نہ تھے بلانے کے بعد آئے تھے لیکن افسوس ہے کہ جس پُر زور طریقہ سے خیر مقدم کیا تھا انجام افسوسناک ہوا۔ اٹھارہ ہزار بیعت کرنے والوں میں مسجد کوفی کی آخری جماعت میں مجمع گھٹتے گھٹتے ۳۰ نفوس تک پہنچ گیا اور جب نماز پڑھا کے آپ باب کندہ تک پہنچے تو دس آدمی ساتھ رہ گئے تھے، تھوڑی دیر میں حضرت مسلمؑ تنہا تھے۔ کوفہ کی ایک روشن خیال عورت طوعہ نے آپ کو پیاسا دیکھ کر پانی پلایا اور اپنا مہمان کر لیا، حضرت مسلمؑ نے طوعہ کے گھر میں عبادت الٰہی میں رات بسر کی اور پانی کے چند گھونٹ پینے کے سوا کچھ نہ کھایا، رات کا زیادہ حصہ گذر چکا تھا، وقت سحر قریب تھا کہ گھوڑوں کے ٹاپوں کی آواز اور آلات حرب کی جھنکار کان میں آئی، مصلہ تہہ کر کے اُٹھ کھڑے ہوئے، جسم پر ہتھیار سجا کر نکل آئے اور جو عظیم جنگ کی اُس کی نقشہ کشی بہت دشوار ہے۔ مسلمؑ پیاسے اور تنہا تھے مگر اس طرح لڑے کہ فوج امداد طلب کرنے پر مجبور ہوئی اور جب گھیر لیا تو کوٹھوں پر سے سنگ باری نے مزید تشدد کی صورت پیدا کی یہاں تک کہ دھوکا دے کر آپؑ کو گرفتار کر لیا اور جس بزدلی کے ساتھ کوفیوں نے اپنے مہمان کو قتل کیا اُس کی نظیر دنیا کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ یہ پہلا فتنہ و فساد تھا جس کی تخم ریزی قتل حسینؑ سے پہلے کوفہ میں ابن زیاد کے ہاتھوں ہوئی۔ یہ وہی جابر فرماں روا ہے جس کے بارے میں ابو اسحاق اسفرائنی کا فیصلہ ہے:

كان ابن زياد اظلم و اطغیٰ من يزيد.

ابن زیاد ظلم و ستم میں یزید سے بڑھا ہوا تھا۔ (نور العین فی مقتل حسینؑ، ص ۱۴)

جناب مسلمؑ کے قتل کیے جانے کی پُر درد داستان شیخ ابو اسحاق بن برہان الدین ابراہیم بن یحییٰ بن علی کتبی معروف فاضل وطواط نے یوں حوالہ قلم کی ہے:

ثم امر كثير بن جمران الاحمری ان يصعد به الی سطح القصر و ان يرمی به تفعل فلما فعل به كذلك لم يمت فامر بضرب عنقه فضربت ثم ضرب رقبة هانی و صلبت جثة مسلم و حمل راسه الی دمشق.

(غرر الخصائص الواضحة چھاپ مصر، ص ۲۱۰)

کثیر بن جمران کو حکم دیا کہ قصر شاہی کی چھت پر جائے مسلمؑ کو نیچے گرادے چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا اور جب کہ ایسا کیا جا چکا تو وہ حضرت مرنے نہیں پائے پھر حکم ہوا کہ مسلمؑ کی گردن زدنی کی جائے پھر ہانی بن عروہ کی گردن کاٹی گئی اور مسلمؑ بن عقیل کے جسم بے سر کو سولی دی گئی اور سر دمشق کی طرف روانہ کیا۔ کسی سلطنت نے سخت سے سخت جرم کرنے والے کے لیے بھی یہ وحشیانہ انداز ہرگز اختیار نہیں کیے کہ وہ بالائے قصر سے نیچے گرایا جائے اور اتنی شدید زحمت کے بعد بھی وہ زندہ رہے تو گلا کاٹا جائے اب تو مرنے والے کا کام تمام تھا مگر دیرینہ بغض کا ثبوت یوں دیا گیا کہ بے سر لاش کو سولی پر جگہ دی گئی۔ (وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ) جب اس باوفا کی خبر شہادت امام حسینؑ کو راستہ میں ملی تو آپؑ کے ساتھیوں میں عام لوگ ساتھ چھوڑ کے چلے گئے اور مخصوص اصحاب رہ گئے۔

(نزل الابرار، بدخشی، ص۹۹)

حضرت مسلمؑ کا روضہ کوفہ کی مشہور مسجد کے پہلو میں زیارت گاہِ خلق ہے۔

مُسِنَّہ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
مُسِنَّہ	بچہ شتر		اونٹ کا بچہ

مسنہ اس بچہ شتر کو کہتے ہیں جو دو برس پورے کر کے تیسرے میں داخل ہو۔ حدیث جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اس کا ذکر ہے جس کو صاحب جواہر نے نقل کیا ہے۔

تعبیر و خواص سابق کے بیان میں گذرے۔

مکا

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
مکا			

قرآن مجید میں اس کا تذکرہ ہے۔

وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً۔ (انفال:۳۵)

خانہ کعبہ کے پاس سیٹیاں اور تالیاں بجانے کے سوا اُن کی نماز نہ تھی۔

مکا نامی پرندہ حجاز میں ہوتا ہے جس کی آواز سے خدا نے اس آیت میں کفار کی سیٹیوں کو تعبیر کیا ہے۔ یہ پرندہ گھانس کا عاشق ہوتا ہے (تفسیر کبیر)۔ کلام عرب میں اس کی جمع مکا کی ہے، یہ نام خوش آواز ہونے کی وجہ سے رکھا گیا ہے۔

معز

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
بکرا	Goat	بز	معز

معز عربی میں بکری اور بکرے کو کہتے ہیں۔ یہ حکمت الٰہی ہے کہ اُس نے کسی ایک جانور کو اکیلا نہیں چھوڑا، اگر ایسا ہوتا تو نسل قطع ہو جاتی۔ قرآن مجید میں نعمت الٰہی کی طرف توجہ دلائی گئی ہے:

ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ۔

خدا نے نر و مادہ ملا کے آٹھ طرح کے جوڑے پیدا کیے ہیں۔ بھیڑ سے دو اور بکری سے دو۔

جاحظ نے بھیڑ اور بکری میں بھیڑ کو افضل قرار دیتے ہوئے جو وجہیں بیان کی ہیں وہ درج کی جا چکی ہیں اور ہم کو بھی جاحظ کی تحریر کے اہم پہلوؤں سے اتفاق ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ جاحظ کی تمام تحقیقات سے اتفاق کیا جائے اس لیے کہ جو چیزیں عرب کے ماحول میں ممدوح ہیں لازم نہیں کہ وہ دوسرے ممالک میں بھی ممدوح ہوں۔ جاحظ کہتا ہے کہ بھیڑ کے بال بیش قیمت ہیں، ہندوستان مین بکری کی چرم بھیڑ سے قیمتی سمجھی جاتی ہے۔ ہندوستان کا بچہ بچہ بکری کے گوشت کو اُس کی خصوصیات اور زود ہضم ہونے کے لحاظ سے بھیڑ کے گوشت سے بہتر سمجھتا ہے۔ بھیڑ کا دودھ بکری کے دودھ کا مقابلہ نہیں کر سکتا اور نہ بھیڑ بکری کے اتنا دودھ دیتی ہے۔ بکری کی مینگنیاں تک انسان اپنی ضرورتوں میں صرف کرتا ہے، بھیڑ کو یہ بات حاصل نہیں۔

جناب امیر المومنینؑ سے کسی نے پوچھا کہ کیا سبب ہے جو بکری دُم اُٹھائے رہتی ہے اور اُس کا اندام نہانی کھلا رہتا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: حضرت نوحؑ جب جانوروں کو کشتی پر سوار کر رہے تھے تو بکری نے حضرت نوحؑ کی نافرمانی کی، آپ نے دُم پکڑ کے چڑھایا اور دُم ٹوٹ گئی۔

جناب امیر المومنینؑ زمانہ کی حالت پر افسوس کرتے ہوئے اپنے عُمّال کو ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:

فَلَمَّا اَمْكَنَتْكَ الشِّدَّةُ فِي خِيَانَةِ الْأُمَّةِ اَسْرَعْتَ الْكَرَّةَ وَ عَاجَلْتَ الْوَثْبَةَ وَ اخْتَطَفْتَ مَا قَدَرْتَ عَلَيْهِ مِنْ اَمْوَالِهِمُ الْمَصُونَةِ لِاَرَامِلِهِمْ وَ اَيْتَامِهِمْ اخْتِطَافَ الذِّئْبِ الْاَزَلِّ دَامِيَةَ الْمِعْزَى الْكَسِيرَةَ فَحَمَلْتَهُ اِلَى الْحِجَازِ.

(نہج البلاغہ: ص ۱۰۸)

جب تجھے اُمت کے ساتھ خیانت کرنے میں سختیوں کا سامنا ہوااور تو فریب کاری پر دوڑا تو اپنے مقدور بھر مسلمانوں کے اموال جو بیواؤں اور یتیموں کے لیے تھے جس طرح تیز رفتار بھیڑیا شکستہ حال بکری کو لے جاتا ہے، پس دولت کو مدینہ پہنچادیا۔

دوسرے مقام پر فرماتے ہیں:

اَيَّتُهَا النُّفُوسُ الْمُخْتَلِفَةُ وَ الْقُلُوبُ الْمُتَشَتِّتَةُ الشَّاهِدَةُ اَبْدَانُهُمْ وَ الْغَائِبَةُ عَنْهُمْ عُقُولُهُمْ اَظْاَرُكُمْ عَلَى الْحَقِّ وَ اَنْتُمْ تَنْفِرُونَ عَنْهُ نُفُورَ الْمِعْزَى مِنْ وَعْوَعَةِ الْاَسَدِ.

(نہج البلاغہ، ص ۴۴)

اے مختلف مذاق کے انسانوں اور وہ لوگ جن کے قلوب پراگندہ ہیں (کسی ایک نقطہ پر نہیں جمتے) جسم تو حاضر ہیں مگر عقلیں غائب ہیں میں تم کو حق کی راہ پر لاتا ہوں تم تو اس سے بھاگتے ہو جس طرح بکری شیر کے ڈکارنے سے بھاگتی ہے۔

کامل ابن اثیر مشہور اسلامی مورخ نے دشت کربلا میں امام حسینؑ کی جنگ کے سلسلہ میں لکھا ہے:

ما رای مکسور قط قد قتل ولده و اهلبیة اربط جاشاً ولا امضی جناناً منه ان کانت الرجال تنکشفعن بمینه و عن شماله انکشاف المعز اذا اشته فیها الذئب.

کوئی شکستہ دل جس کے بیٹے اور اہل بیتؑ مارڈالے گئے ہوں دل کا مضبوط اور بہادر حسینؑ سے زیادہ دیکھنے میں نہیں آیا۔ داہنی اور بائیں جانب سے دشمنوں کے دل اس طرح ہٹ جاتے تھے جیسے بھیڑیئے کے حملہ سے بکریاں بھاگتی ہیں۔ (کامل ابن اثیر، جلد چہارم، ص ۳۲، چھاپہ مصر)

خیام حسینؑ کے گرد جب خندق میں آگ روشن تھی اور شمر نے ایک گستاخانہ گفتگو کی اُس وقت امامؑ نے فرمایا:

يَا ابْنَ رَاعِيَةِ الْمِعْزَى! اَنْتَ اَوْلَى بِهَا صِلِيًّا.

اے چرواہے کے بیٹے تو آتش جہنم کا زیادہ تر مستحق ہے۔

تعبیر: بکری خواب میں دیکھے تو حلال روزی ملے، رزق کے دروازہ کشادہ ہوں۔

ادبیات:

کج فہم طالب علم کو اُستاد بز اخفش کہتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اخفش مشہور نحوی کے متعلق مشہور ہے کہ وہ سامنے ایک بکرا باندھ کر علمی مطالب بیان کرنے کی مشق کیا کرتا تھا اور اس تدبیر سے تقریر صاف ہوتی تھی۔

شیر بکری لڑکوں کے ایک کھیل کا نام ہے جو لکیریں کھینچ کر کھیلا جاتا ہے۔

کہادے جیسی بکری سوکھی جیسے لکڑی: یہ مثل اُن لوگوں کے لیے ہے جن کو کھانا انگ نہیں لگتا۔

مُوّار

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
مُوّار	اسپ تیز رفتار		

کلام عرب میں موار اُن تیز رفتار گھوڑوں کو کہتے ہیں جو تبختر کی چال چلتے ہیں۔ قرآن مجید میں اس کا بھی تذکرہ ہے:

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ○ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ○

غازیوں کے سرپٹ دوڑنے والے گھوڑوں کی قسم جو نتھوں سے فراٹے بھرتے ہیں (اور) پتھریلی زمین پر ٹاپ مار کر چنگاریاں نکالتے ہیں۔

تعبیر: اس قسم کے گھوڑوں کو خواب میں دیکھے تو امام زمانؑ کے ساتھ جہاد کی توفیق شامل حال ہو۔

میمون

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
میمون	اسپ حضرت آدمؑ		باوا آدمؑ کا گھوڑا

میمون حضرت آدمؑ کے گھوڑے کا نام تھا جس کی کیفیت مورخین نے یہ لکھی ہے:

پھر خدا نے تیز خوشبو کی مشک سے ایک گھوڑا خلق کیا جس کا نام میمون تھا اُس کے دو پر دُر و جواہر

کے تھے اُس پر حضرت آدمؑ کو سوار کیا اور اس طرح سے کہ اسرافیلؑ بائیں طرف میکائیلؑ داھنی طرف جبرئیلؑ لجام ہاتھ میں لیے ہوئے آسمانوں کے چپہ چپہ کی سیر کرائی۔

(عرائس التیجان، امام ابواسحاق ثعلبی، ص ۱۸)

دمیری نے اس کا بھی ذکر نہیں کیا۔ عرب میں عورتوں کا نام میمونہ عموماً رکھا جاتا تھا۔ جناب سرور کائناتؐ کی ایک بی بی کا نام میمونہ تھا جو حارث نامی ایک شخص کی دختر تھیں۔ آنحضرتؐ نے میمونہ سے ۷ ہجری میں عقد فرمایا ۳۶ھ و بقولے ۵۱ھ میں میمونہ نے انتقال کیا۔ لیکن پیدائش سے پہلے کسی عورت کا نام میمونہ نہیں رکھا گیا سوائے فاطمہ زہرا خاتون جنتؑ کے یہ لقب اُن کو اپنے والد ماجد کی بارگاہ سے ولادت کے پہلے مرحمت ہوا جب آپ شکم مادر میں ماں سے باتیں کرتی تھیں اور خدیجہ کبریٰؑ کو تعجب ہوتا تھا اُس وقت پیغمبر خداؐ نے فرمایا:

يَا خَدِيجَةُ هٰذَا جَبْرَئِيلُ يُبَشِّرُنِي أَنَّهَا أُنْثَى وَ أَنَّهَا النَّسْلَةُ الطَّاهِرَةُ الْمَيْمُونَةُ.

اے خدیجہ مجھ کو جبرئیلؑ نے خبر دی ہے کہ وہ میری دختر پاک و پاکیزہ انسان ہے اور میمونہ ہے۔

(مناقب آل ابی طالبؑ)

میمون جناب امیرؑ کے غلام کا نام بھی تھا۔ آپؑ کے ایک ہزار غلام تھے جن میں قنبر اور میثم کو حجاج نے قتل کیا اور سعد و نصر روز عاشور امام حسینؑ کے ساتھ شہید ہوئے، احمر صفین میں قتل ہوا، غزوان اور شبیت اور میمون کے حال کا پتہ نہیں۔

میمون ایک کنوئیں کا نام ہے جو مکہ اور مدینہ کے راستے میں واقع ہے۔ جناب علی مرتضیٰؑ نے شب ہجرت حضرت ابوبکر کو اس کنوئیں کا پتہ دیا تھا۔

عمر بن میمون نے جناب علی بن ابی طالبؑ کی دس خصوصیتوں کے سلسلہ میں کہا ہے:

كَانَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ مِنَ النَّاسِ بَعْدَ خَدِيجَةَ. وَلَبِسَ ثَوْبَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُ نَبِيُّ اللهِ. فَجَاءَ أَبُو بَكْرٍ. فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللهِ. فَقَالَ عَلِيٌّ: إِنَّ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ ذَهَبَ نَحْوَ بِئْرِ مَيْمُونٍ فَاتْبَعْهُ. فَدَخَلَ مَعَهُ الْغَارَ. وَكَانَ الْمُشْرِكُونَ يَرْمُونَ عَلِيًّا حَتّٰى أَصْبَحَ.

حضرت علیؑ خدیجہؑ کے بعد سب سے پہلے اسلام لائے اور ہجرت کی رات کو حضرت کے کپڑے پہن کر ان کے بچھونے پر سو رہے اور کفار یہ جانتے رہے کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سو رہے ہیں بعد ازاں ابوبکر آئے اور حضرت کو پکارا جناب امیرؑ نے جواب دیا نبی اللہ بئر میمون کی طرف گئے ہیں تم بھی آپؐ

کے پیچھے چلے جاؤ پس وہ حضرتؐ کے ساتھ غار میں داخل ہو گئے اور مشرکین حضرت علیؑ کو صبح تک پتھر مارا کیے۔

(العروۃ الوثقیٰ فی خصائص المرتضیٰ، ص ۱۸۷)

تعبیر: اگر اس گھوڑے کو خواب میں دیکھے تو حضرت آدمؑ کی زیارت ہو۔

(ن)

ناقہ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ناقہ	مادہ شتر	She Camel	سانڈنی یا اونٹنی

اونٹنی کو عرب ناقہ کہتے ہیں، اس کی جمع نوق ہے۔ اس پر سوار ہو کر لوگ کوسوں کا سفر کر سکتے ہیں۔ عرب میں جس کے پاس سواری کے لیے ناقہ نہ ہو اُس کی کوئی عزت نہیں ہے۔ وہ ناقہ کو بہت دوست رکھتے ہیں۔ اونٹنی ۴۵ ہفتہ کے بعد ایک بچہ جنتی ہے۔ اونٹ کا مفصل حال ابل، بعیر، ذود، بخت جمل، زرافہ، بدنہ، تبیع، جدعا، جذع، حقہ، ضروس، قلائد، ابن لبون، ابن مخاض، مسنہ کے حال میں نذر قرطاس ہو چکا ہے اور آئندہ بھی انشاء اللہ اپنے مقام پر ذکر آئے گا۔

جناب صالح علیہ السلام نبی کے ناقہ کا ذکر قرآن مجید میں چند مقام پر ہے۔ یہ بہت قابل تعظیم ناقہ تھا دعاؤں میں اس کا واسطہ دے کر مرادیں مانگتے ہیں۔ اس کی عظمت کا سبب یہ ہے کہ حضرت صالح علیہ السلام کی قوم پہاڑ کے ایک ٹکڑے کی پوجا کرتی تھی، آپؑ منع کرتے رہے، آخر میں یہ کہا کہ اے صالح علیہ السلام اگر اس پتھر سے ایک اونٹنی مع بچہ کے نکال دو تو تم پر ایمان لے آئیں۔ آپ نے دُعا کی اور اونٹنی مع بچہ کے پہاڑ سے نکلی مگر وہ بدبخت پھر بھی ایمان نہ لائے اور اونٹنی کے درپے آزار رہے، جناب صالح علیہ السلام نے فرمایا:

هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ. (اعراف: ۷۳)

یہ خدا کی بھیجی ہوئی اونٹنی تمہارے لیے ایک معجزہ ہے تم لوگ اس کو چھوڑ دو کہ خدا کی زمین میں

جہاں چاہے چرتی پھرے اور اسے آزار نہ پہنچاؤ ورنہ دردناک عذاب میں مبتلا ہوگے۔

خدا نے حکم دیا کہ شہر کا پانی ایک دن اونٹنی پیا کرے اور ایک دن تم اپنے مصرف میں لاؤ، یہی قاعدہ مقرر تھا، جس روز اونٹنی پانی پیتی تھی اُس دن اتنا دودھ دیتی تھی کہ سب سیراب ہو جاتے تھے مگر قوم صالح اونٹنی کی گھات میں تھی۔ ایک شخص قدار نامی کو کچھ لالچ دے کر اُس کے پاؤں کٹوا دیئے پھر سب نے مل کر اُس کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا اور چھوٹے بڑے سب اُس کے گوشت سے سیر ہوئے، اُس کے بچے نے پہاڑ پر جا کر تین مرتبہ اپنا سر بلند کر کے فریاد کی اور پہاڑ میں چلا گیا۔

قرآن مجید میں اس کی طرف اشارہ ہے:

فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوا يَا صَالِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِينَ. فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ.

(اعراف: ۷۷، ۷۸)

• ظالموں نے اونٹنی کی کونچے کاٹ ڈالیں اور اپنے پروردگار کے حکم سے سرتابی کی اور کہنے لگے اگر تم سچے رسول ہو تو جس عذاب سے ہم کو ڈراتے تھے لاؤ تب اُنھیں زلزلے نے لے ڈالا اور وہ لوگ سر بزانو بیٹھے کے بیٹھے رہ گئے۔

جناب صالح علیہ السلام نے اس ظلم وستم کو دیکھ کر توبہ کے لیے تین دن کی مہلت دی، جب کوئی پشیماں نہ ہوا تو رات کے وقت ایک چیخ کی صدا آئی سبھوں کے کان پھٹ گئے، پھر زلزلہ آیا جس نے اُن سبھوں کو تباہ کر دیا۔

بچہ ناقہ صالح اس وقت تک زندہ ہے اور چشم مردم سے پنہاں ہے۔

(دار السلام، علامہ نوری، ص ۳۴)

بادشاہ روم نے جناب امیرؑ سے جو سوال کیے تھے اُن میں یہ بھی پوچھا تھا کہ وہ سات مخلوق کون ہیں جن کو خدا نے رحم مادر سے پیدا نہیں کیا۔ آپؑ نے فرمایا: آدمؑ وحوا اور حضرت ابراہیم کا دنبہ، اور ناقہ صالح اور بہشت کا سانپ اور وہ کوا جسے خدا نے ہابیل کے قتل کے موقع پر بھیجا تھا اور شیطان۔

(خصال، ص ۸، جلد دوم)

ناقۂ جنت بازارِ مدینہ میں:

عہد نبیؐ میں ایک اعرابی خانہ کعبہ کی زنجیر در ہاتھ میں لیے ہوئے خدا سے دُعا کر رہا تھا کہ گھر بھی تیرا ہے اور مہمان بھی تیرا ہے اور ہر میزبان کے لیے مہمان کی خاطر فرض ہے میری مہمان نوازی کے

عرض شب تاریک میں مجھے بخش دے۔ امیر المومنینؑ کو یہ آواز پسند آئی فرمایا:

يَا أَعْرَابِيُّ هُوَ وَاللهِ أَكْرَمُ مِنْ أَنْ يَرُدَّ ضَيْفَهُ بِلَا قِرًى.

اے اعرابی خدا اس سے کہیں برتر ہے کہ اپنے مہمان کو گھر سے محروم پھیر دے۔

دوسری شب پھر داخل کعبہ ہوئے، اعرابی کو دیکھا کہ کہہ رہا ہے پالنے والے مجھے وہ دے جو تیرے سوا کوئی نہیں دے سکتا اور اُن حوادث زمانہ سے بچا جس سے تیرے سوا کوئی بچا نہیں سکتا تو ارحم الراحمین ہے۔

تیسری رات پھر آپ شوق سے پہنچے، آج سائل اپنی حاجتوں کو بصراحت عرض کر رہا تھا:

يَا زَيْنَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ارْزُقْنِي أَرْبَعَةَ آلَافِ دِرْهَمٍ.

اے زمین و آسمان کی زینت مجھے چار ہزار درہم مرحمت کر۔

تھا اعرابی مگر صدائیں معرفت میں ڈوبی ہوئی تھیں، پہلے دن مغفرت کی دُعا کی، دوسرے دن حفاظت کی خواہش کی، تیسرے دن اصل سوال پیش کیا۔ اب شیر خداؑ نے جواب دیا:

قَدْ سَمِعْتُ مَا طَلَبْتَ. جو کچھ تو نے مانگا میں نے سنا۔

بتا کہ چار ہزار درہم کیا کرے گا۔ عرض کیا ایک ہزار درہم زوجہ کے مہر میں دوں گا اور ہزار درہموں میں ایک مکان رہنے کے لیے تعمیر کروں گا اور ہزار میں قرض ادا کروں گا، اب رہے ایک ہزار اُسے بقیہ عمر کے مصارف میں صرف کروں گا۔ فرمایا تو نے انصاف سے کام لیا، اچھا پھر مدینہ میں آنا اور مجھے ڈھونڈ لینا۔ اعرابی ناقل ہے کہ میں جب حسب وعدہ مدینہ پہنچا تو امام حسینؑ سے ملاقات ہوئی، شاہزادہ کونین نے اطلاع کی، جناب امیرؑ نے سلمان کو طلب کیا، اُن کے ذریعہ سے مدینہ کے تاجر جمع ہوئے اور باغ فروخت کر کے ۴ ہزار درہم اعرابی کو دیے، پوچھا زاد راہ میں کیا صرف ہوا۔ عرض کیا تیرہ درہم، یہ سن کر ۲۶ درہم آمد و رفت کے اور دیے، ادھر فقرائے مدینہ جمع ہو چکے تھے اُن سب کو مٹھی مٹھی روپیہ دینا شروع کیا اور ۱۲ ہزار درہم تقسیم کر کے جب گھر میں داخل ہوئے تو خالی ہاتھ تھے۔ سیدۂ عالم نے دامن تھام لیا، ابوالحسنؑ ۱۲ ہزار درہم میں ایک درہم بھی میرا حصہ نہ تھا، بچے دونوں بھوک کی شدت سے بیتاب ہیں، ادھر سیدہؑ نے مطالبہ شروع کیا، اُدھر خدمت نبویؐ میں جبرئیلؑ نازل ہوئے اور عرض کیا آسمانوں کے فرشتے رو رہے ہیں جلد علیؑ کے گھر تک جائیے۔ پیغمبرؐ نے بیٹی کے گھر پہنچ کر اپنی لخت دل کو سمجھایا علیؑ کا دامن چھڑا کے واپس ہوئے اور تھوڑی دیر کے بعد پھر تشریف لائے تو سات درہم بیٹی کو دیے، معصومۂ عالمؑ نے باپ کی دی ہوئی رقم شوہر کے حوالے کی اور علی مرتضیٰؑ وہ درہم لے کر

بازار میں آئے وہاں ایک شخص کو کہتے ہوئے سنا کہ خدا کو قرض کون دیتا ہے، یہ محتاج کی آواز سن کر امام حسنؑ سے پوچھا کہ کہہ تو یہ درہم اس کو قرض دے دوں، حسن مجتبیٰ علیہ السلام کو بھی کچھ عذر نہ ہوا اور وہ درہم دے کر پھر خالی ہاتھ ہو گئے، امتحان کی منزلوں کو حسن وخوبی سے طے کر دیا۔ اُس وقت ایک اعرابی ناقہ لیے ہوئے نظر آیا، کہا اے علیؑ اس کو خرید یئے گا، فرمایا میرے پاس قیمت نہیں ہے، عرض کیا کہ قرض لے لیجئے، سو درہم قیمت طے ہوئی اور ناقہ قرض خرید کے آگے بڑھے، دوسرا شخص ملا اُس نے کہا اے علیؑ ناقہ فروخت کرو گے، ۱۵۰ درہم میں دیتا ہوں، آپؑ نے قیمت لی اور بازار میں پہلے ناقہ فروش اور قرض خواہ کو ڈھونڈھنا شروع کیا تا کہ سو درہم اس کو واپس کریں، راستے میں پیغمبر خداؐ ملے، فرمایا کس کو ڈھونڈھتے ہو بیچنے والے جبرئیلؑ اور لینے والے میکائیلؑ تھے۔ اور کتب اہل سنت میں ہے کہ یہ بھی فرمایا:

والناقة لفاطمة تركبها يوم القيامة.

اسی ناقہ پر میدان حشر میں فاطمہ زہراؑ آئیں گی۔ (مجمع البحرین فی اولۃ الفریقین)

دنیا میں اگر بہشت کا کوئی جانور آجائے اور اُس کو انسان پہچان لے تو وہ معمولی نظر نہیں ہے۔ علیؑ بن ابی طالب نہیں پہچانتے کہ یہ ناقہ کس کا ہے اور کہاں سے آتا ہے اور پیغمبر خداؐ واقعہ کی نوعیت سن کر بتا دیتے ہیں کہ ناقہ زمین کے ناقوں میں سے نہیں ہے، یہ ہے نبوت کا کمال علم۔

پیغمبر خداؐ کا ایک اور اعجاز، پہاڑ سے ناقوں کی قطار:

صاحب حدیقۃ الشیعہ کہتے ہیں کہ سرکار نبویؐ میں ایک عالم علمائے یہود سے آیا اور عرض کیا کہ مجھ کو میری قوم نے بھیجا ہے اس لیے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خبر دی تھی کہ جب نبی عربی مبعوث ہوں گے تو اُن کے پاس جانا اور کہنا کہ ے سات ناقے سرخ بالوں اور سیاہ آنکھ کے مدینہ کے پہاڑ سے نکال دیجئے اگر اُن کی دعا سے ناقے نکل آئیں تو اُن پر ایمان لانا اور اُن کے دین میں داخل ہو جانا کہ انبیاء کے سردار وہی ہیں اور اُن کا وصی سردار اوصیاء ہے۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہودی کو لے کر شہر سے باہر پہنچے، دو رکعت نماز پڑھ کے کچھ آہستہ سے کہا فوراً پہاڑ شق ہوا اور حاضرین نے اونٹوں کی صدا سنی، یہودی نے کلمہ پڑھتے ہوئے کہا:

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّكَ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ اَنَّ جَمِيْعَ مَا جِئْتَ بِهٖ صِدْقًا وَّ عَدْلًا.

میں گواہی دیتا ہوں کہ خدائے برتر کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپؐ خدا کے رسول ہیں اور جو

شریعت آپ لائے ہیں وہ سچی اور امت کے لیے عین عدل وانصاف ہے۔

یہ کہہ کر یہودی نے عرض کیا کہ اے پیغمبر خداؐ اتنی مہلت دیجئے کہ میں اپنی قوم کو جا کر آپؐ کے پاس لے آؤں اور وہ اپنی آنکھ سے اس اعجاز کو دیکھ لیں، اُس وقت وعدہ کو پورا فرمایئے گا، یہودی اپنی جگہ واپس ہوا اور قوم کو سفر کے لیے آمدہ کرنے میں اتنا وقت گذرا کہ پیغمبر خداؐ نے رحلت فرمائی۔ اب جو قافلہ یہودیوں کا مدینہ میں پہنچا تو زمانہ کا رنگ پلٹ چکا تھا ہر طرف تاریکی پھیلی ہوئی تھی، حضرت ابوبکر کے ہاتھ میں عنان خلافت تھی، یہودی وفات پیغمبرؐ کو سن کر ملول ہوئے اور پوچھتے پوچھتے دربار خلافت میں آئے، حاکم عصر سے پوچھا آپ ہی خلیفہ ہیں، کہا ہاں تم لوگ کون ہو اور کتنی تعداد میں آئے ہو اور کیا چاہتے ہیں۔ یہودی نے جواب دیا کہ اگر آپ رسولؐ کے جانشین ہیں تو ہماری تعداد پر واقفیت حاصل ہونا چاہئے اور اگر خلیفہ نہیں ہیں تو کس نے اس جگہ پر بٹھا دیا۔ حضرت ابوبکر حیران ہو گئے کہ کیا جواب دوں، اُدھر یہودیوں کو فکر تھی کہ اس قدر دور دراز راہ سے آنے کا کوئی نتیجہ نہ ہوا۔ حُسنِ اتفاق سے کسی آنے والے نے جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام تک پہنچا دیا وہاں پہنچ کر دیکھا کہ آپ غم و الم میں مبتلا تشریف رکھتے ہیں، صورت دیکھتے ہی پوچھا کہ ناقوں کے لیے آئے ہو، یہودیوں نے کہا بیشک، یہ کہہ کر آپؑ اُٹھ کھڑے ہوئے اور اُس مقام پر لائے جہاں پیغمبر خداؐ گئے تھے، اُسی جگہ پہنچ کر دو رکعت نماز پڑھی، یہودی نے کہا میرے ماں باپ فدا ہوں اسی جگہ نبی خداؐ نے نماز پڑھی تھی، نماز کے بعد علی مرتضیٰ علیہ السلام نے دعا کی پہاڑ اُسی جگہ سے شق ہوا اور سات اونٹ نکلے جو اُن کے حوالہ کیے، یہودی آپ کا کلمہ پڑھتے ہوئے رخصت ہوئے۔

گمشدہ ناقہ کا پتہ:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنگ تبوک کے لیے تشریف لے گئے سوءِ اتفاق سے ناقہ گم ہو گیا لوگ چاروں طرف ڈھونڈھنے کے لیے گئے۔ زید بن نصیب نے طنزیہ کہا کہ آسمانوں کی تو خبر دیتے ہیں اور اونٹنی کا علم نہیں کہ کہاں ہے۔ حضرتؐ نے فرمایا: قسم خدا کی جو کچھ خدا فرمادے میں وہی تو جانتا ہوں (اب سنو) مجھے وحی ہوئی ہے کہ فلاں جنگل میں ہے اور عنان ناقہ شاخ درخت سے بندھی ہے، اہل اسلام وہاں جو گئے کو کچھ آپؐ نے فرمایا تھا وہ سب ٹھیک اُترا اور اونٹنی جنگل سے لے آئے۔

ناقہ کی رفتار اور مسجد قبا کی بنیاد:

مدینہ منورہ سے دو میل کے فاصلہ پر جنوب میں ایک موضع ہے جس کو قبا کہتے ہیں۔ اس قریہ کا یہ نام اس وجہ سے ہوا کہ وہاں اس نام کا ایک کنواں مشہور تھا، جب پیغمبر خداؐ نے نزول اجلال فرمایا تو اہل

قبا نے خواہش کی کہ اس جگہ ایک مسجد کی بنیاد قائم کی جائے۔آپؐ نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص میرے ناقہ پر سوار ہو، یہ سن کر حضرت ابوبکر اُٹھے اور ناقہ پر سوار ہو گئے مگر اُونٹنی اپنی جگہ سے نہ اُٹھی مجبوراً وہ پلٹے تو حضرت عمر سامنے آئے اور ناقہ پر بیٹھ گئے اب بھی اونٹنی نہ اُٹھی اور اُن کو بھی پلٹنا پڑا، پیغمبر خداؐ نے پھر فرمایا کہ تم میں سے کوئی میرے ناقہ پر سوار ہو:

فقام علیؑ فلمّا وضع رجله فی غرز الرّکاب فثبت.

(آخر میں) حضرت علیؑ اُٹھ کھڑے اور رکاب میں پاؤں رکھا ہی تھا کہ ناقہ اُٹھ کھڑا ہوا۔
پیغمبر خداؐ نے فرمایا:

أرخ زمامها وابنوا علی مدارها فانّها مأمورة.

(اے علیؑ) اس کی باگ چھوڑ دو یہ خدا کی طرف سے مامور ہے جہاں تک دورہ کرے وہاں تک مسجد بناؤ۔

(ارجح المطالب، ص ۵۶۹، از خلاصہ الوفا، سمہودی)

مسجد کی حدود اونٹ کے قدموں کے ساتھ ساتھ قائم ہوئی، یہ وہی مسجد ہے جس کے بارے میں قرآن مجید میں ہے۔

ابوالحسنات حافظ مولوی عبدالحی صاحب فرنگی محلی نے مزیل الدرایہ مقدمہ ہدایہ میں تحریر کیا ہے کہ مسجد قبا ہے ہزار ذراع طویل اور ۵ سو ذراع عریض ہے۔قبا کلی سادات جورائے بریلی صوبہ اودھ میں آباد ہیں اُن کے مورث اعلیٰ اسی قصبہ کے باشندے ہیں۔

پیغمبر خداؐ کا مشہور ناقہ عضبا:

جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ناقوں میں سب سے مشہور ناقہ ناقہ عضبا ہے۔عرب میں عضباء اُس اونٹنی کو کہتے ہیں جس کے کان پھٹے ہوئے ہوں۔ محقق طریحی نے مجمع البحرین میں دعویٰ کیا ہے کہ پیغمبر خداؐ کے ناقہ عضبا کو عضبا اس لیے نہیں کہتے کہ اُس کے کان شق تھے بلکہ اُس کی نجابت کے سبب سے یہ نام رکھا گیا تھا۔عرب اُس اُونٹنی کو بھی عضبا کہتے ہیں جس کے پچھلے پیروں کی بہ نسبت آگے کے پاؤں کچھ چھوٹے ہوں۔ اکثر مشہور مواقع میں پیغمبر خداؐ اسی ناقہ پر سوار تھے:

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ قَالَ: رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یَوْمَ الْعَرَفَهِ وَ هُوَ عَلٰی نَاقَةِ الْعَضْبَاءِ یَخْطُبُ فَسَمِعْتُهُ یَقُوْلُ اَیُّهَا النَّاسُ! اِنِّیْ قَدْ تَرَکْتُ فِیْکُمْ مَا اِنْ اَخَذْتُمْ بِهٖ لَنْ تَضِلُّوْا مِنْ بَعْدِیْ کِتَابَ اللهِ وَعِتْرَتِیْ اَهْلَ بَیْتِیْ.

جابر بن عبداللہ سے مروی ہے کہ میں نے عرفہ کے دن جناب رسول خداﷺ کو ناقہ عضبا پر سوار دیکھا کہ آپ خطبہ پڑھ رہے تھے، میں نے اپنے بعد تم میں دو چیزیں چھوڑی ہیں اگر تم نے میرے بعد ان کو پکڑا تو ہرگز گمراہ نہ ہوگے وہ اللہ کی کتاب اور میرے اہل بیتؑ ہیں۔

یہ ناقہ پیغمبر خداؐ سے بزبان فصیح باتیں بھی کرتا تھا، جب آنحضرتؐ نے رحلت فرمائی تو اس نے آب ودانہ ترک کر دیا اور وفات رسولؐ کے تیسرے دن یہ بھی دنیا سے چل بسا، اس ناقہ کو کفن بچھا کر زمین میں دفن کر دیا گیا۔ قیامت کے دن یہ ناقہ جناب حمزہ سید الشہداء کے زیر ران ہوگا۔ خود جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام سے روایت ہے کہ پیغمبر خداؐ نے فرمایا کہ قیامت کے دن ہم چار شخصوں کے سوا کوئی سوار نہ ہوگا۔ انصار میں سے ایک شخص اُٹھ کھڑا ہوا اور کہا کہ میرے ماں باپ فدا ہوں وہ کون ہیں۔ فرمایا میں براق پر سوار ہوں گا، اور میرے بھائی صالح علیہ السلام اُس اونٹنی پر ہوں گے جس کو اُن کی قوم نے پے کر ڈالا اور میرے چچا حمزہؑ ناقہ عضبا پر ہوں گے اور میرے بھائی علیؑ بہشت کی ایک اونٹنی پر ہوں گے۔ ہاتھ میں اُن کے لواء الحمد ہوگا اور (لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ) کہتے ہوں گے، حاضرین کہیں گے کہ یہ تو کوئی مقرب فرشتہ یا نبی مرسل یا حامل عرش معلوم ہوتا ہے، وسط عرش سے ایک منادی ندا کر کے اس اختلاف کو رفع کرے گا اور کہے گا یہ صدیق اکبر علی بن ابی طالبؑ ہیں۔

(ارجح المطالب، ص ۲۴)

یہ روایت تقریباً متواتر ہے اور سنی شیعہ سب کا اتفاق ہے کہ حضرت حمزہ ناقہ عضبا پر سوار ہوں گے۔ ایک روایت سے واضح ہوتا ہے کہ جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام جس وقت قبر سے برآمد ہوں گے اُس وقت آپؑ کی سواری میں ناقہ عضبا ہوگا، ممکن ہے کہ پہلے ناقہ عضبا پر سوار ہوں اور موقف حشر تک پہنچتے پہنچتے یہ سواری حضرت حمزہ کو دیدی جائے اور آپؑ ناقہ جنت پر سوار ہوں۔ وہ روایت جس میں آپؑ کی سواری میں ناقہ عضباء کا ذکر ہے یہ ہے کہ جب پیغمبر خداؐ قبر سے برآمد ہوں گے اور جبرئیلؑ آپؐ کے جسم اقدس پر جنت کے ساتھ خلعت آراستہ کر کے تاج کرامت پہنائیں گے اور رداء جلال میں ملبوس کر کے براق پر سوار کریں گے اور ہاتھ میں لواء الحمد دیں گے تو پیغمبرؐ داہنے بائیں دیکھ کر پوچھیں گے میرے اہل بیتؑ کے ساتھ کیا کیا، جبرئیلؑ کہیں گے آج کے دن خدا نے سب سے پہلے آپؐ کو زندہ کیا ہے، اب آپؐ دیکھئے کہ آپؐ کے اہل بیتؑ کیوں کر زندہ ہوتے ہیں پس رسولؐ کے بعد جو پہلا شخص قبر سے اُٹھایا جائے گا وہ حضرت علی بن ابی طالبؑ ہوں گے۔ حدیث کے الفاظ مندرجہ ذیل ہیں:

وَ يَكْسُوهُ جِبْرَئِيْلُ حُلَلًا مِنَ الْجَنَّةِ وَ يَضَعُ عَلٰى رَأْسِهِ تَاجَ الْوَقَارِ وَ رِدَاءَ

الْكَرَامَةِ وَيُجْلِسُهُ عَلَى نَاقَتِي الْعَضْبَاءِ وَأُعْطِيهِ لِوَاءَ الْحَمْدِ فَيَحْمِلُهُ بَيْنَ يَدَيَّ.

(مناقب جلد دوم، ص ۱۲۰)

جبرئیلؑ اُن کو بہشت کے حلہ اور رداء کرامت پہنائیں گے اور اُن کے سر پر تاج وقار رکھیں گے اور میرے ناقہ عضباء پر بٹھائیں گے میں اُن کو لواء الحمد دوں گا اور وہ میرے سامنے اُس عظیم الشان علم کو اُٹھائیں گے۔

یہ مختصر نام جناب سرور کائناتؐ کے ناقوں کا تھا۔ اب جناب امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ کے مخصوص ناقوں کا مختصر حال درج کیا جاتا ہے۔

حشر میں جناب امیر المومنینؑ کا مخصوص ناقہ:

مناقب محمد بن احمد بن شاداں میں ابوذر غفاری سے منقول ہے کہ پیغمبر خداؐ کی خدمت میں علی بن ابی طالب علیہ السلام حاضر ہوئے اور آپؐ نے فرمایا: یہ ہے بہترین اولین و آخرین تمام کائنات میں، یہ ہے تمام اوصیاء کا سردار اور پرہیزگاروں کا امام اور نورانی ہاتھ پاؤں والوں کا جنت کی طرف لے جانے والا جب روز قیامت آئے گی تو علیؑ بہشتی اُونٹنی پر سوار کر کے لائے جائیں گے جس کے نور سے میدان حشر چمک اُٹھے گا، اُن کے سر پر ایک تاج ہوگا جس میں زبرجد اور یاقوت ٹکے ہوں گے، فرشتے کہیں گے یہ کوئی مقرب فرشتہ ہے اور نبی کہیں گے یہ کوئی نبی مرسل ہے پس ایک منادی وسط عرش سے ندا کرے گا یہ ہے صدیق اکبر، یہ ہے حبیب خداؐ کا وصی علی بن ابی طالبؑ پس وہ جہنم سے اپنے دوستوں کو نکال لیں گے اور دشمنوں کو داخل کریں گے۔

(بحار الانوار، جلد ہفتم، ص ۳۸۷)

انس بن مالک نے اس ناقہ کی شان پیغمبر خداؐ کی زبانی بیان کی ہے کہ پیغمبر خداؐ نے فرمایا:

يَا عَلِيُّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِنَاقَةٍ مِنْ نُوقِ الْجَنَّةِ.

علیؑ کو روز قیامت ایک اُونٹنی ملے گی جنت کی اُونٹنیوں میں سے۔

فَتَرْكَبُهَا يَا عَلِيُّ وَرُكْبَتُهَا مَعَ رُكْبَتِي وَفَخِذُكَ مَعَ فَخِذِي حَتَّى تَدْخُلَ الْجَنَّةَ.

اے علیؑ تم اس پر سوار ہو گے اس طرح کہ تمہارا گھٹنا میرے گھٹنے سے ملا ہوگا اور تمہاری ران میری ران سے متصل ہوگی یہاں تک کہ تم جنت میں داخل ہو گے۔

(ارجح المطالب، ص ۵۳۷)

حشر کا میدان مقام جزاء ہے وہاں نبیؐ و علیؑ دو شخصوں کا پہلو بہ پہلو نکلنا بتاتا ہے کہ وہ دونوں مرتبہ

میں اگر بالکل مساوی نہیں ہیں تو کم از کم پیغمبرؐ کے بعد اُن سے بہتر کوئی نہیں ہے اگر بہتر ہوتا تو وہ بھی پیغمبرؐ سے اتنا ہی قریب محشور ہوتا اور جب کوئی اتنا قریب محشور نہیں ہوگا تو پیغمبرؐ کی وصایت کا عہدہ دنیا میں صرف اُسی کو مل سکتا ہے۔

میدان حشر میں خاتون جنت کا محیر العقول ناقہ:

ابوذر غفاری راوی ہیں کہ میں نے دیکھا کہ سلمان اور بلال دونوں بارگاہِ رسالتؐ میں حاضر ہوئے اور سلمان پیغمبرؐ کے قدم چومنے لگے، حضور اکرمؐ نے روکا اور کہا سلمان اُتنی تعظیم نہ کرو جتنی تعظیم عجم بادشاہوں کی کرتے ہیں، میں بندگانِ خدا میں سے ایک بندہ ہوں، میری غذا غلاموں کی ایسی ہے اور غلاموں کی ایسی نشست و برخاست ہے۔ سلمان نے عرض کیا کہ میں آپؐ کو خدا کی قسم دیتا ہوں روز قیامت فاطمہؑ کے مرتبہ سے آگاہ کیجئے۔ سرور کائناتؐ بصد فرحت و انبساط سلمان کی طرف بڑھے اور فرمایا کہ فاطمہؑ قیامت کے دن ایک ناقہ پر سوار ہوں گے جس کا سر خوف خدا سے (لبریز) اور آنکھیں نور خدا سے (مملو) مہار جلال الٰہی (کی تصویر) گردن خدا کی بنی ہوئی، کوہان رضائے باری، دُم خدا کی پاک کی ہوئی، پیر خدا کے بزرگ کیے ہوئے ہوں گے، جب راہ چلے گا تو تسبیح کرے گا اور جب تھک جائے گا تو تقدیس کرے گا، اُس پر نور کا ایک ہودج ہوگا، جبرئیلؑ داہنی طرف، میکائیلؑ بائیں طرف اس شان سے محشر سے گذریں گی، منادی پکار کے کہے گا اے اہل محشر نظریں نیچی کرلو تا کہ دختر نبی گذر جائیں۔

دربار خلافت میں ایک زخمی ناقہ اور حاکمِ وقت کی جھوٹی قسم:

ابورافع سے روایت ہے کہ ایک اعرابی حضرت عمر کے پاس آیا اور کہا کہ میرا ناقہ سامان بار کرنے سے زخمی ہوگیا ہے مجھ کو کچھ دیجئے۔ حضرت عمر نے (بغیر تفتیش کیے ہوئے) کہا خدا کی قسم تو جھوٹا ہے تیرا ناقہ ہر گز زخمی نہیں ہے۔ اعرابی ناامید ہو کر اس طرح سے پھرا کہ اُتر کے ناقہ کی عنان چھوڑ دی اور پیچھے پیچھے یہ اشعار پڑھتا ہوا چلا۔

اَقسَمَ بِاللهِ اَبو حَفصٍ عُمَرْ — ما اِنْ بها من نَقَبٍ و لا دَبَرْ

اغفر له اللّٰهم اِنْ کان فَجَرْ — دَبَرٌ وی ما مَسّها من نَقَبٍ

اتفاق سے حضرت عمر اُدھر سے آرہے تھے اعرابی کو یہ شعر پڑھتے سن کر ٹھہرایا، اب جو دیکھا تو واقعی ناقہ زخمی تھا اور اعرابی ہی سچا تھا۔

(خزانۃ الادب، شیخ عبدالقادر بغدادی، عبقات الانوار، حدیث ثقلین، ص ۶۰۶)

امام زین العابدین کا ناقہ:

کتاب خصال میں ابن بابویہ علیہ الرحمہ لکھتے ہیں کہ امام زین العابدینؑ نے اپنے ناقہ پر ۲۰ حج کیے مگر تازیانہ نہیں مارا اور جب وہ مر گیا تو حکم دیا کہ اس کو دفن کر دو (لئلا لا تاکلھا السباع) تاکہ درندے اس کو نہ کھائیں۔

تعبیر: اونٹنی خواب میں دیکھے تو سفر درپیش ہو۔

حکم: حلال ہے۔

نجائب

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
نجائب	شتر فربہ		موٹا اونٹ

عرب تنومند شتر کو نجیب کہتے ہیں، نجائب اس کی جمع ہے۔ معصومین علیہم السلام کے کلام میں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وصف بہشت کے سلسلہ میں یہ لفظ آیا ہے۔ زید شہید کی روایت (جو سند میں جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب تک پہنچتی ہے) میں ہے کہ آپ نے جناب رسالت مآبؐ کو فرماتے ہوئے سنا اگر مومن دنیا سے اس طرح اُٹھے کہ اُس پر روئے زمین کے رہنے والوں کے برابر گناہ ہوں تو موت اُس کے گناہوں کا کفارہ ہو جاتی ہے، پھر فرمایا لا الہ الا اللہ صدق دل سے کہے اور شرک سے بری رہے اور دنیا سے جائے وہ داخل بہشت ہوتا ہے، پھر یہ آیت تلاوت فرمائی:

إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ.

تمہارے شیعوں اور دوستوں میں سے جناب امیرؑ نے عرض کیا کہ یہ آیت میرے شیعوں کے لیے ہے، فرمایا قسم خدا کی یہ تمہارے شیعہ ہی ہیں وہ قبروں سے (لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ حُجَّةُ اللّٰهِ) کہتے ہوئے نکلیں گے، اُن کو بہشت کے سبز خلعت اور خزانہ قدرت کے تاج پہنا کر بہشت کے تنومند اونٹوں پر سوار لائیں گے۔

(جامع الاخبار، ص ۴۲)

میدان حشر میں مولائے مومنان حضرت امیرؑ کے گذرنے کی شان بھی یہی ہوگی، پیغمبرؐ کا ارشاد ہے:

فَيَجُوزُ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي هَوْدَجٍ مِنَ الزُّمُرُّدِ الْاَخْضَرِ وَمَعَهُ فَاطِمَةُ عَلَى نَجِيْبٍ مِنَ الْيَاقُوْتِ الْاَحْمَرِ حَوْلَهَا سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ كَالْبَرْقِ الْخَاطِفِ.

امیرالمومنینؑ زمرد سبز کے ہودج میں گذریں گے اور ساتھ اُن کے فاطمہ زہراؑ ایک سرخ رنگ کے تومند اونٹ پر ہوں گی جو بالکل یاقوت سرخ معلوم ہو رہا ہوگا، گرد ستر ہزار فرشتے ہوں گے بجلی کی طرح گذر جائیں گی۔ (مناقب آلِ ابی طالبؑ)

اور دوسری حدیث میں ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا:

اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ يُؤْتٰى بِكَ يَا عَلِيُّ عَلٰى نَجِيْبٍ مِنْ نُوْرٍ وَعَلٰى رَأْسِكَ تَاجٌ قَدْ اَضَاءَ نُوْرُهُ وَكَادَ اَنْ يَخْطِفَ اَبْصَارَ اَهْلِ الْمَوْقِفِ.

جب قیامت کا دن ہوگا تو اے علیؑ تم کو ایک تومند اونٹ پر جو پیکر نور ہوگا لائیں گے اور تمہارے سر پر تاج ہوگا جس کا نور اس قدر ضو دے گا کہ اہل محشر کی نظریں خیرہ کریں گی، پھر خدا کی طرف سے ندا آئے گی کہ خلیفہ محمدؐ کہاں ہیں، علیؑ آگے بڑھیں گے منادی ندا دے گا جو آپ کا دوستدار ہو اس کو جنت میں داخل کیجئے اور جو دشمن ہو دوزخ میں پہنچایئے، آپ ہی تو بہشت و دوزخ کے بانٹنے والے ہیں۔

نحل

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
نحل	زنبور	Bee	مماکی (شہد کی مکھی)

زنبور مشہور مکھی ہے شکل اس کی مخروطی، سر چوڑا، کمر پتلی ہوتی ہے، حق تعالیٰ نے اس کو چار پر مرحمت کیے ہیں جن سے فی گھنٹہ ۴۰ میل پرواز کرتی ہے۔ عربی میں اس کو نحل اس لیے کہتے ہیں کہ نحل کے معنی ہبہ کرنے کے ہیں خدا نے اس کے ذریعہ سے شہد کی نعمت ہر انسان پر ہبہ کردی ہے اس لیے اس کا نام نحل ہوا ہے، اس کے نام میں فیاضانہ جھلک ہے اور قدرت نے قرآن مجید میں سورہ نحل پورا سورہ نامزد کردیا ہے:

وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ. ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۚ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۗ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ.

(نحل: ۶۸، ۶۹)

اے رسول آپؐ کے پروردگار نے شہد کی مکھی کے دل میں یہ بات ڈالی کہ پہاڑوں، درختوں اور جو اُونچی اُونچی ٹٹیاں لوگ بناتے ہیں ان میں اپنے چھتے بنا پھر ہر طرح کے پھلوں سے (رس) چوس پھر اپنے پروردگار کی راہوں میں تابعداری کے ساتھ چلی جا اُن کے پیٹ سے پینے کی ایک چیز نکلتی ہے جس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں اس میں لوگوں کی شفا بھی ہے اس میں غور وفکر کرنے والوں کے واسطے قدرت کی بہت بڑی نشانیاں ہیں۔

شہد کی مکھی بہت چھوٹی اور دیکھنے میں مکھی کہی جاتی ہے مگر اس کا چشمہ فیض اس قدر وسیع ہے کہ موازنہ میں دوسرا کوئی جانور اس کے کمزور دست و بازو کی کارگذاری دیکھ کر بڑے بڑے لوگوں کی عقل دنگ ہو جاتی ہے، چھتے کا فلسفہ سمجھ میں نہیں آتا۔ یہ مکھیاں دو قسم کی ہوتی ہے، ایک بڑی اور دوسری چھوٹی چھوٹی مکھیوں کا چھتہ تو معمولی قد کا ہوتا ہے، بڑی مکھیوں کا چھتہ مشک کے برابر ہوتا ہے جو کسی اُونچی جگہ مثلاً درخت یا بلند عمارت میں آویزاں ہوتا ہے، شہد کی مکھیاں جنگلوں پہاڑوں میں چھتہ بناتی ہیں لیکن انسان نے فائدہ اُٹھانے کے لیے اپنے گھروں اور باغوں میں بھی ان کو پالنا شروع کیا ہے بعض بعض شہروں میں اس کے بڑے بڑے کارخانہ ہیں۔ ریاست میسور میں اس کا بڑا کاروبار رہے، مکھیاں درختوں میں پالی گئیں ہیں، اس کے علاوہ خاص قسم کے صندوق ہیں جن میں مکھیاں رکھی جاتی ہیں وہیں بچے دیتی ہیں اور پھولوں سے رس لا کر اکٹھا کرتی ہیں۔ صندوق میں پالنے سے خاص فائدہ یہ ہے کہ اُس کو ایک جگہ سے دوسری جگہ آسانی سے لے جاسکتے ہیں۔ اس کاروبار کے کرنے والے مکھیوں کے صندوق اپنی لڑکیوں کے جہیز میں دیتے ہیں۔ چھتے میں جو خانہ بنے ہوتے ہیں کچھ اس ترکیب کے ہوتے ہیں کہ ہمارے کاری گر مشکل سے ایسا بنا سکتے ہیں، یہ خانہ مسدس شکل کے ہوتے ہیں اور تمام زاویہ اس قدر برابر ہوتے ہیں کہ کہیں کسی خانہ میں کمی بیشی نہیں ہوتی۔ مہندسین کہتے ہیں کہ یہ بات کسی اور شکل مربع مثلث وغیرہ سے حاصل نہیں ہوتی۔ خانے ایک دوسرے سے متصل اس خوبصورتی اور آسانی کے ساتھ تیار ہوتے ہیں۔ مکھیوں کے انتظام کا حال دیکھ کر بھی انسان حیرت زدہ ہو جاتا ہے، جس طرح انسانوں کا ایک حاکم ہوتا ہے اسی طرح ان کا بھی ایک مالک ہے جس کو یعسوب کہتے ہیں یہ اور مکھیوں سے بڑا اور موٹا ہوتا ہے، تمام مکھیاں اس کی اطاعت فرض سمجھتی ہیں اور یہ بادشاہی سلسلہ بسلسلہ اُس کی نسل میں رہتی ہے۔ یعسوب گھر سے باہر نہیں نکلتا اگر باہر نکل آئے تو ساری مکھیاں چھتہ چھوڑ دیں، اس کے حکم سے مکھیاں اپنے اپنے کام انجام دیتی ہیں، کوئی گھر بناتی ہے، کوئی شہد کی تیاری میں مصروف رہتی ہے، کوئی پہرا دیتی ہے تاکہ ایسی مکھیوں کو وہاں نہ جانے دے جو کسی گندگی پر بیٹھی ہوں

اگر کوئی مکھی خراب پھول کا رس چوس کر لاتی ہے تو اُس کو فوراً باہر نکلوا دیتا ہے، سپاہی پھیرا دیتے وقت آنے والی مکھیوں کا منہ سونگھتے ہیں، جب بدبو پاتے ہیں تو اُس کو سزا دے کر کاٹ کر گرا دیتے ہیں گھر بنانا اس کی صفائی اور حفاظت کرنا اُن کا کام ہے اور اپنے کام میں اتنے مستعد ہیں کہ صبح سے شام تک کسی نہ کسی کام میں لگے رہتے ہیں۔ پھولوں کی تلاش میں کوسوں کا چکر لگاتی ہیں، ایک سلطنت کا ایسا انتظام ہے جو جاری ہے، یہ باتیں اس کو خدا نے نہیں بتائیں تو کس نے؟

شہد کی مکھی کے دونوں ہونٹ ایسے تیز ہوتے ہیں کہ درختوں کے پھول بوٹے شگوفے سے مختلف قسم اور مختلف مزاج کا رس حاصل کر لیتی ہیں، شکم میں جانے کے بعد اس مجموعہ کو شہد کی صورت میں تیار کرتی ہیں، دنیا میں شاید ہی کوئی ایسا ہو جس نے شہد نہ کھایا ہو، چھوٹے بچوں کو شہد چٹاتے ہیں، شہد بڑا طاقتور ہے، حکیم ڈاکٹر دوا کے طور پر مریضوں کو دیتے ہیں، مکھیاں شہد تیار کر کے موم کے باریک پردہ سے اس کو ڈھاک دیتی ہیں تاکہ گرد و غبار سے محفوظ رہے۔ بعض خانوں میں شہد رکھتی ہیں اور بعض کو اپنے آرام کے لیے خالی رکھتی ہیں، فصل بہار میں مکھیوں کی کارگذاری شروع ہوتی ہے، کہتے ہیں کہ سفید شہد جوان مکھیوں کا اور زرد ادھیڑ اور سرخ بوڑھی مکھیوں کا ہوتا ہے۔

انڈا دینے والی مخصوص مکھیاں ہوتی ہیں جو ہر خانہ میں ایک انڈا دیتی ہیں کچھ دن کے بعد ان خانوں میں سے سفید کیڑے نکلتے ہیں، ان کی ٹانگیں نہیں ہوتیں، مزدور مکھیاں ان کیڑوں کو پالتی ہیں تھوڑے دن کے بعد وہ ان کیڑوں کو کھلانا چھوڑ دیتی ہیں اور ان خانوں کا منہ بند کر دیتی ہیں، اس حالت میں ان کیڑوں کی ٹانگیں یا پر وغیرہ نکل آتے ہیں اور وہ شہد کی مکھیاں بن جاتی ہیں۔ جب کسی چھتہ میں کافی شہد جمع ہو جاتا ہے تو اکثر اندھیری رات میں مکھیوں کو اُڑا کر شہد نکالتے ہیں، مکھیوں کے کاٹنے کا اندیشہ شہد نکالنے والے کو رہتا ہے اس سے بچنے کے لیے ایک قسم کا جال نکالا گیا جس کو آدمی اُڑھ کر بلا کھٹکے شہد کا نکال لیتا ہے، مکھیوں کا چھتہ بھی کام میں آتا ہے اور اس کو آگ میں پگھلا کر موم نکالتے ہیں جس سے بہت سی چیزیں بنائی جاتی ہیں۔

قزوینی عجائب المخلوقات میں لکھتا ہے کہ جب اس کے چھتہ کے نیچے شہد نکالنے کے لیے دھواں کرتے ہیں تو مکھیاں جہاں تک ہو سکتا ہے شہد کھا لیتی ہیں، یہ مکھیاں کسی کو ستاتی نہیں مگر جب ان کو چھیڑ دیا جائے تو خوب خبر لیتی ہیں۔

ان میں ایک سارنگ مکھی ہوتی ہے جو بری طرح انسان کے پیچھے پڑتی ہے اور مشہور ہے کہ پانی میں غوطہ مارنے سے بھی آدمی کو نجات نہیں ملتی۔ شہد کی مکھی میں جو منافع ہیں اُسی کا لحاظ کر کے پیغمبر خدا

نے جن جانوروں کے مارنے کی ممانعت کی ہے اُن میں شہد کی مکھی کو بھی شمار کیا ہے اور خود ہی وجہ بھی ارشاد فرمائی ہے:

لِاَنَّهَا تَاْکُلُ طَیِّباً وَّ تَضَعُ طَیِّباً، وَهِیَ الَّتِیْ اَوْحَی اللّٰهُ اِلَیْهَا لَیْسَتْ مِنَ الْجِنِّ وَلَا مِنَ الْاِنْسِ.

وہ پاک چیزیں کھاتی ہے اور اُس کے دہن سے پاک ہی (شہد) نکلتا ہے اور اسی کو یہ شرف حاصل ہے کہ خدا نے اس کی طرف وحی کی وہ نہ تو قوم جن سے ہے اور نہ انس سے ہے۔

احادیث شیعہ میں نحل کا ذکر کثرت سے ہے اور جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب کا لقب امیر النحل، یعسوب المومنین فریقین کی حدیثوں سے ثابت ہے۔ پیغمبر خداؐ نے اُن حضرتؑ کو مختلف مواقع پر یہ لقب دیا ہے۔ روایت ابوذر میں اس لقب کا ذکر اس طرح ہے کہ اُبوحیلہ اور سلمان ربذہ میں ابوذر کی ملاقات کو گئے، ابوذر نے پیشین گوئی کی اور کہا فتنہ عنقریب برپا ہونے والا ہے اگر تم اُس وقت کا ادراک کرنا تو قرآن اور علیؑ کا ساتھ نہ چھوڑنا اس لیے کہ میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ وہ فرماتے تھے سب سے پہلے مجھ پر علیؑ ایمان لائے اور سب سے پہلے قیامت کے دن وہ مجھ سے مصافحہ کریں گے اور وہی یعسوب المومنین ہیں۔

دوسرے موقع پر پیغمبر خداؐ نے فرمایا ہے:

یَا عَلِیُّ اَنْتَ یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ. وَالْمَالُ یَعْسُوْبُ الْمُنَافِقِیْنَ.

اے علیؑ تم ایمان والوں کے بادشاہ ہو اور دولت منافقین کی حاکم ہے۔

پیغمبر خداؐ کا یہ ارشاد بغیر کسی بنیاد کے نہیں ہو سکتا، حضرت علیؑ کو یعسوب سے تشبیہ دینے کے معنی یہ ہیں کہ جس طرح یعسوب اپنے تمام ماتحت افراد پر حکومت کرتا ہے اسی طرح علیؑ حاکم ہیں اور جس طرح وہ جب چھتے سے باہر آجاتا ہے تو کوئی مکھی اندر نہیں رہ سکتی اسی طرح علی بن ابی طالبؑ روز قیامت آگے آگے اور اہل ایمان اُن کی اقتداء میں داخل بہشت ہوں گے اس وجہ شبہ کے علاوہ بھی آپؑ کا اس لقب سے گہرا تعلق ہے۔

(۱)۔ امام رضاؑ سے اَوْحٰی رَبُّكَ اِلَی النَّحْلِ کی تفسیر میں منقول ہے کہ پیغمبرؐ نے آیت کو سن کر فرمایا کہ "علیؑ اُن کے امیر ہیں اُس دن سے آپؑ کا نام امیر النحل ہوا"

(۲)۔ معلّی بن ظریف نے لوگوں سے پوچھا کہ تمہارا علمی سرمایہ آیہ اَوْحٰی رَبُّكَ اِلَی النَّحْلِ کے متعلق کیا ہے؟

انھوں نے جواب دیا کہ "یہی مکھیاں ہیں شہد کی" بن ظریف نے کہا ھیہات اے ابو معاذ نحل تو بنی ہاشم ہیں:

يَخْرُجُ مِنْ بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ۔

اُن کے بطن سے وہ شراب علم نکلتی ہے جس کے مختلف رنگ ہیں اور اُن میں لوگوں کے لیے شفاء ہے۔

اس تفسیر سے معلوم ہوا کہ نحل بنی ہاشم کی مخصوص وہ فرد یہی ہیں جو علم لدنی کے حامل ہیں اور علیؑ امیر النحل ہیں۔ اس محل پر حضرت علیؑ کا ایک مخصوص اقتدار بھی نظر نہیں ہو سکتا۔

جناب سرور کائناتؐ نے قلعہ بنی ثقل کی طرف ایک لشکر بھیجا اور اہل قلعہ سے بڑی بہادری کے ساتھ مقابلہ کیا حتی کہ سب نے ہتھیار ڈال دیے اُس وقت شکست خوردہ لوگوں نے شہد کی مکھیوں کے چھتے چھیڑ دیے اور لشکر اسلام کو پیچھے ہٹنا پڑا اس خطرناک موقع پر جبکہ بنا ہوا کام بگڑ رہا تھا حضرت علیؑ آگے بڑھے: فَذَلَّتِ النَّحْلُ لَهُ فَلِذٰلِكَ سُمِّيَ أَمِيرَ النَّحْلِ۔

جتنی مکھیاں تھیں سر اطاعت خم کرنے لگیں اُس وقت سے آپؑ کا نام امیر النحل ہوا۔

دوسرا واقعہ عہد نبوی کا یہ ہے کہ ایک غار میں مکھیوں کا چھتہ تھا اور کسی کی جرأت نہ ہوتی تھی کہ قدم رکھے، حضرت علیؑ بن ابی طالبؑ آگے بڑھے اور شہد نکال لائے، پیغمبر خداؐ نے اس حسن خدمت کے عوض میں امیر النحل کا لقب دیا۔ شاعر نے اس واقعہ کی طرف اشارہ کیا ہے۔

کیا فیصلہ جبکہ زنبور کا　　　　تو یعسوب دین نام حیدر ہوا

ایک دن رسول خداؐ نخلستان میں تشریف رکھتے تھے اور علیؑ بن ابی طالبؑ حاضر تھے، ناگاہ ایک مکھی شہد کی پیکر نبوت کے گرد پھرنے لگی، پیغمبرؐ نے فرمایا کہ مکھی چاہتی ہے کہ ہمیں مہمان کرے، یہ کہہ رہی ہے کہ تھوڑا شہد فلاں مقام پر موجود ہے علیؑ کو بھیج کر منگا لیجئے۔ حضرت امیر المومنینؑ گئے اور شہد لے کر واپس ہوئے، پیغمبرؐ نے مگس سے پوچھا کہ تلخ شگوفوں سے تغذیہ حاصل کرنے کے بعد شہد میں شیرینی کیوں کر پیدا ہوتی ہے، مکھی نے عرض کیا کہ یہ سب آپؐ کی برکات ہیں، جب شگوفوں کا رس میرے شکم میں جاتا ہے تو میں تین مرتبہ آپؐ پر درود بھیجتی ہوں، صلوات کی برکت سے تلخ شگوفہ شیرین ہو جاتا ہے۔

وَقَالَ عَلِيٌّ فِي خُطْبَةٍ كُونُوا فِي النَّاسِ كَالنَّحْلِ فِي الطَّيْرِ لَيْسَ شَيْءٌ مِنَ الطَّيْرِ إِلَّا وَهُوَ يَسْتَضْعِفُهَا۔ (مستدرک نہج البلاغہ، ص ۹۰)

جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب کا ارشاد ہے:

شِيعَتُنَا كَالنَّحْلِ لَوْ عَرَفُوا مَا فِي جَوْفِهَا لَا كَلُوهَا. (غرر الحکم، ص ۲۲۸)

شب عاشور حسینؑ واصحاب کی عبادت بیان کرتے ہوئے معصومؑ نے فرمایا:

فَبَاتَ الْحُسَيْنُ وَاَصْحَابُهُ بَيْنَ رَاكِعٍ وَسَاجِدٍ وَلَهُمْ دَوِيٌّ كَدَوِيِّ النَّحْلِ.

حسینؑ و اصحاب حسینؑ نے یوں صبح کی کہ کوئی رکوع میں، کوئی سجدہ میں تھا اور عبادت خدا کی آوازیں اس طرح بلند تھیں جیسے سارنگ کے چھتے سے آواز آئے۔

حکایت:

۱): غدر ۱۸۵۷ء اودھ کی تباہی کا ایک مشہور تاریخی واقعہ ہے۔ لکھنو وابی سے پایہ تخت ہونے کی وجہ سے فسادات کی آماجگاہ تھا، بلوائی شہر کو تباہ کر رہے تھے، کبھی گوروں کا حملہ ہوتا تھا، کبھی رعایا کشت و خون کرتے تھے، کتنے گھر بے چراغ ہو گئے، کتنے شرفاء شہر بدر ہو گئے اور انقلاب کی تباہ کاریوں سے پھر اُن کو واپس ہونا نصیب نہ ہوا، اس کشت و خون میں شیعہ قوم کے زعیم آعظم جد امجد حضرت سلطان العلماء مولانا السید محمد صاحب قبلہ رضوان مآب اپنے دولت سرا میں تھے گورے سنگینیں لیے ہوئے شر بجکدہ میں داخل ہوئے پھاٹک پر شہد کی مکھی کا چھتا تھا جو سنگین سے ٹوٹ گیا اور مکھیوں کی خدائی فوج نے بے ادب آنے والوں کو اصحاب فیل کی طرح روکا، فوج کے قدم اُکھڑ گئے اور کعبہ ایمان بال بال بچ گئے اس کے بعد وطن کی طرف آپ نے مہاجرت فرمائی اور ملکہ وکٹوریہ آنجہانی کے اعلان امن وامان تک لکھنو میں نہ رہے۔

۲): میرا عینی مشاہدہ جو مذکورہ بالا واقعہ سے متضاد ہے نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ بروز اربعین ۲۰ر صفر ۱۳۵۶ ہجری کربلائے تال کٹورہ میں حصار کربلا میں چھوٹے دروازہ کے قریب انجمن مظلومیہ لکھنو سینہ زنی کر رہی تھی اور دوسرے ماتمی دستے کربلا میں داخل ہو رہے تھے مجمع کی کشمکش سے ایک چھتہ مکھی کا جو دروازہ کے بازو میں تھا ٹوٹ گیا اور بیشمار مکھیاں ماتمیوں کے سروں پر سے اُڑتی ہوئی گذر گئیں اور ماتم کرنے والوں کو کچھ ضرر نہ پہنچا نہ ماتمیوں کے پائے ثبات میں لغزش پیدا ہوئی صاحب عزا کا اعجاز دیکھ کر گریہ و بکاء کا جوش اور بڑھ گیا۔

سورہ نحل:

قرآن مجید کے ایک سورہ کا نام ہے جو مکہ میں نازل ہوا یہ سورہ چودھویں پارہ میں ہے اس میں ایک سو اٹھائیس آیتیں ہیں۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جو شخص اس سورہ کو پڑھے تو حق تعالیٰ اُس سے اُن نعمتوں کا جو اُسے دنیا میں عطا کی تھیں حساب نہ لے گا اور اگر اُس دن یا اُس

رات مرجائے تو اُس شخص کا ثواب عطا کیا جائے گا جو وصیت کر کے اچھی موت مرا ہو۔

تعبیر: شہد کی مکھی خواب میں دیکھنے کی تعبیر یہ ہے کہ رزق میں وسعت ہو، مریض کو شفاء ہو۔

خواص: شہد کے افعال وخواص سے طبی کتابیں مملو ہیں۔ محمد بن زکریا مشہور طبیب سے کسی نے رعشہ کی شکایت کی۔ کہا دو درم اسطوخودوس کا سفوف شہد کے ساتھ کھاؤ، وہ تندرست ہو گیا۔

حکم: شہد کی مکھی کو مارنے کی ممانعت ہے، اس کا کھانا حرام ہے، وہ زہریلی ہوتی ہے۔

نعاب

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
نعاب	بچہ زاغ		کوے کا بچہ

حدیث میں ہے: یارازق النعاب

نعام

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
نعام	شتر مرغ	Parteaidge	

محیر العقول پرند ہے، اس کی گردن اور پاؤں اونٹ سے مشابہ اور دھڑ مرغ کی طرح ہوتا ہے، بازو بہت بڑے ہوتے ہیں، کسی ایک جگہ پر ٹھہرتا نہیں، دن بھر چلا کرتا ہے، کوئی جانور دوڑ کر اس کے آگے نہیں جاسکتا، معدہ اس کا اس قدر قوی ہوتا ہے کہ سخت سے سخت چیز کنکر پتھر بھی ہضم کر جاتا ہے، عرب شتر مرغ کو ھیقل اور ھیق بھی کہتے ہیں، عربی میں بڑے قد کے شتر مرغ کو ہجنف کہتے ہیں۔ مادہ میں انڈے دے کر ۳ حصہ کرتی ہے ایک حصہ آفتاب کے مقابل دھوپ میں رکھتی ہے اور ایک زمین میں دفن کر دیتی ہے اور ایک خود لے کر بیٹھتی ہے جب بچہ نکلتا ہے تو دھوپ کے انڈے توڑ کر اُس کو کھلاتی ہے پھر زمین سے انڈے نکال کر توڑتی ہے جس پر مکھیاں بھنکتی ہیں وہ مکھیاں بگلے کی طرح بچہ کھا کر پرورش پاتا ہے۔

احادیث میں شتر مرغ کا ذکر بکثرت ہے۔

حدیث قدسی میں ہے:

مَثَلُ النَّفْسِ كَمَثَلِ النَّعَامَةِ تَأْكُلُ الْكَثِيْرَ وَإِذَا حُمِلَ عَلَيْهَا لَا تَطِيْرُ وَمَثَلُ الدِّفْلَى لَوْنُهُ حَسَنٌ وَطَعْمُهُ مُرٌّ۔ (جواہر السنیہ)

نفس کی مثال شتر مرغ کی طرح ہے کہ وہ کھائے چلا جاتا ہے اور جب اُس پر کچھ رکھ دو تو اُڑ نہیں سکتا۔ نفس مثل اُس پتے کے ہے جو دیکھنے میں خوشنما گلاب کے پھول کی طرح اور ذائقہ میں تلخ ہے۔

کعب الاحبار کی روایت ہے کہ حضرت آدمؑ نے جب گیہوں کاشت کی اُس وقت گیہوں شتر مرغ کے انڈے کے برابر ہوتی تھی جب کفر و شرک بڑھا تو مرغی کے انڈے کے برابر ہوگئی۔ حضرت ادریسؑ کے زمانہ تک ایسا تھا پھر کبوتر کے انڈے کے برابر پھر فسدق کے برابر پھر نخود کے برابر پہنچ کر موجودہ قد و قامت میں رہ گئی۔

حدیث امام حسینؑ میں ہے کہ شتر مرغ کہتا ہے: کوئی معبود سوائے خدا کے نہیں۔

نہج البلاغہ کے خطاب میں کئی مقام پر جناب امیرؑ نے اس کا ذکر فرمایا ہے:

۱) فَالطَّيْرُ مُسَخَّرَةٌ لِأَمْرِهِ أَحْصَى عَدَدَ الرِّيْشِ مِنْهَا وَالنَّفَسِ وَأَرْسَى قَوَائِمَهَا عَلَى النَّدَى وَالْيَبَسِ وَقَدَّرَ أَقْوَاتَهَا وَأَحْصَى أَجْنَاسَهَا فَهَذَا غُرَابٌ وَهَذَا عُقَابٌ وَهَذَا حَمَامٌ وَهَذَا نَعَامٌ دَعَا كُلَّ طَائِرٍ بِاسْمِهِ وَكَفَلَ لَهُ بِرِزْقِهِ۔ (نہج البلاغہ:۶۹)

پس پرندے ہوا میں مسخر اُس کے حکم کے ہیں اور چرند زمین میں مطیع اُس کے فرمان کے ہیں ہر پرند کے عدد بال و پر کو شمار کیا اور انفاس ہر حیوان کو گنا پرندوں کے پنجوں کو سوکھی اور تر زمین پر ٹھہرایا ہر قسم کے لیے جداگانہ موافق اُس کی احتیاج کے اُس کو قوت بہم پہنچائی، اجناس و انواع طیور کو ظاہر کیا مختلف قسمیں ایجاد کیں کوے کو عقاب تمیز دی، کبوتر کے لیے شتر مرغ سے فرق تمام مقرر کیا ہر پرند کے لیے ایک نام مقرر کیا ہر ایک کے رزق کا اپنے کرم سے متکفل ہوا۔

۲) يَا أَحْنَفُ كَأَنِّي بِهِ وَقَدْ سَارَ بِالْجَيْشِ الَّذِي لَا يَكُونُ لَهُ غُبَارٌ وَلَا لَجَبٌ وَلَا قَعْقَعَةُ لُجُمٍ وَلَا حَمْحَمَةُ خَيْلٍ يُثِيرُونَ الْأَرْضَ بِأَقْدَامِهِمْ كَأَنَّهَا أَقْدَامُ النَّعَامِ۔

(ورق ۴۳ نہج البلاغہ)

اے احنف میں گویا اُس شخص پر نظر کر رہا ہوں جو ایسا لشکر لے کر چلا ہے جس کے ساتھ نہ تو گرد (بلند) ہے نہ (پیروں کی) چاپ اور نہ لگاموں کی صدا نکلتی ہے نہ گھوڑے ہنہناتے ہیں وہ اپنے پیروں سے یوں زمین طے کر رہے ہیں گویا وہ شتر مرغ کے پیر ہیں۔

شتر مرغ کے پاؤں لسان میں کوتاہ اور چوڑے زیادہ ہوتے ہیں اور انگلیاں ایک دوسرے سے

جدا جدا پھیلی ہوئی۔

۳): اہل بصرہ پر نکتہ چینی کے سلسلہ میں فرماتے ہیں:

وَ ایْمُ اللّٰہِ لَتُغْرَقَنَّ بَلْدَتُکُمْ حَتّٰی کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی مَسْجِدِھَا کَجُؤْجُؤِ سَفِیْنَۃٍ اَوْ نَعَامَۃٍ جَاثِمَۃٍ۔

قسم خدا کی تمہارا یہ شہر ضرور پانی میں ڈوب جائے گا گویا میں اُس کی مسجد کی طرف دیکھ رہا ہوں کشتی کے سینہ کی طرح (سیلاب سے نظر آ رہی ہے) یا شتر مرغ سطح آب پر سینہ اپنا ٹیکے ہوئے ہے۔

محمد بن زبیر سے روایت ہے کہ میں مسجد دمشق میں گیا اور ایک پیر مرد کو دیکھا کہ بیٹھا ہے، میں نے پوچھا اے شیخ تو نے صحابہ میں کس کو دیکھا ہے، اُس نے کہا حضرت عمر کو، میں نے کہا تو کسی غزوہ میں شریک ہوا ہے، اُس نے کہا یرموک میں، میں نے کہا مجھے کوئی بات سنا جو تو نے سنی ہو، کہنے لگا میں چند نوجوانوں کے ساتھ حج کو گیا احرام باندھ کر ہم نے شتر مرغ کے انڈے کھائے، جب حج کر چکے تو حضرت عمر سے بیان کیا، حضرت عمر وہاں سے واپس ہوئے اور کہا میرے عقب میں چلے آؤ یہاں تک کہ وہ پیغمبرؐ کے گھروں کی طرف سے گذرے اور ایک مکان کے پاس پہنچ کر آواز دی کہ ابو الحسنؑ اس گھر میں تشریف رکھتے ہیں، اندر سے معلوم ہوا کہ نہیں ہیں پس حضرت عمر ایک ککڑی کی کیاری کے قریب سے گذرے وہاں دیکھا کہ حضرت علیؑ اپنے دونوں ہاتھوں سے مٹی برابر کر رہے ہیں۔ جناب امیرؑ نے فرمایا کہ کیا ہے عرض کیا کہ ان لوگوں نے شتر مرغ کے انڈے کھائے ہیں، فرمایا انڈوں کی تعداد کے موافق اونٹنیوں پر نر چھوڑو جب بچے پیدا ہوں تو اُن کو قربانی کرو۔ حضرت عمر نے کہا بس اوقات اونٹنی حاملہ نہیں ہوتی، فرمایا کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ انڈے گندے ہو جاتے ہیں، اُس وقت حضرت عمر نے کہا:

اَللّٰھُمَّ لَا تنزل بی شدیدۃ اِلَّا وَ ابو الحسن اِلٰی جنبی!۔

بارالٰہا! مجھ پر کوئی (شدت) سختی نہ ڈال مگر یہ کہ ابو الحسن میرے پہلو میں ہوں۔

(ارجح المطالب)

تعبیر: شتر مرغ کو خواب میں دیکھے تو روزی میں وسعت ہو۔

حکم: حلال ہے۔ اگر کنویں میں گر کے مر جائے تو سات ڈول نکالے۔

خواص: گوشت اس کا سرخ اور گلابی رنگ کا ہوتا ہے، ریح کو تحلیل کرتا ہے، سنگ دانہ مقوی

معدہ ہے۔

آسٹریلیا کے جانوروں میں چھ فٹ کا بلند ایک جانور ہے جس کو ایمو کہتے ہیں (Emo) یہ شتر مرغ کی طرح اُڑ نہیں سکتا لیکن گھوڑے سے تیز بھاگتا ہے۔

نعجہ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
نعجہ	مودہ گوسفند	Uoulture	

نعجہ کے معنی لغت میں ''الانثی من الضان'' بھیڑ کی مادہ کے ہیں۔ جناب امیرؑ سے پوچھا گیا کیا سبب ہے کہ بکری کی دم تو اٹھی رہتی ہے اور بھیڑ کی دم اندام نہانی کو چھپائے ہوئے ہے۔ آپؑ نے فرمایا کہ حضرت نوحؑ جب کشتی میں جانوروں کو بٹھانے لگے تو بھیڑ نے تعمیل حکم میں جلدی کی آپ نے اُس کی دم پر ہاتھ پھیرا جس کی برکت سے خدا نے ہمیشہ کے لیے اُس کا پردہ رکھا۔

قرآن مجید میں بھی بھیڑنی کو نعجہ سے یاد کیا ہے۔ قصہ حضرت داؤدؑ میں ہے:

وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ. اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ. (ص:۲۱،۲۲)

اے رسول کیا آپ تک اُن دعویٰ داروں کی خبر پہنچی ہے کہ جب وہ حجرہ کی دیوار پھاندے (اور) جب داؤدؑ کے سامنے آگئے تو داؤد اُن سے ڈر گئے انھوں نے کہا آپ ڈریں نہ ہم دونوں ایک مقدمہ کے فریقین ہیں ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے آپ ہمارے درمیان ٹھیک فیصلہ کردیجیے اور انصاف سے نہ ہٹیں اور ہمیں سیدھی راہ دکھا دیجیے۔

واقعہ یہ تھا کہ حضرت داؤدؑ کے سامنے فرشتہ حضرت ابراہیمؑ کا ذکر کرتے تھے تو بہت ادب و تعظیم کے ساتھ۔ ایک دفعہ داؤدؑ نے سبب پوچھا تو معلوم ہوا کہ اُن کا خدا نے سخت بلا میں امتحان لیا تھا اور وہ پورے اُترے تھے اس لیے خدا نے یہ عزت دی، اُس وقت آپ نے بھی امتحان کی تمنا کی، قاعدہ آپ کا یہ تھا کہ ایک دن مقدمات کا فیصلہ کرتے تھے اور ایک دن اپنے ضروری کام دیکھتے تھے اور ایک دن عبادت کرتے تھے اور عبادت کے دن مکان کے دروازہ بند کرکے کوٹھے پر بیٹھتے اور کسی کو اندر جانے کی اجازت نہ ہوتی۔ آپ عبادت ہی میں مشغول تھے کہ انسان کی صورت میں دو فرشتے کھڑکی سے

پھاند کر آپ کے پاس ایک فرضی مقدمہ امتحان کی غرض سے لائے اور کہا:

إِنَّ هٰذَآ أَخِي لَهُ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ فَقَالَ أَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ. (ص: ۲۳)

یہ شخص میرا بھائی ہے اور اس کے پاس ننانوے دنبیاں ہیں اور میرے پاس صرف ایک دنبی ہے اس پر بھی یہ مجھ سے کہتا ہے کہ یہ دنبی مجھ کو دیدے اور سخت کلامی کرتا ہے۔

داؤدؑ نے مدعا علیہ کا بیان نہ لیا اور نہ مدعی سے گواہ طلب کیے، کہا:

لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ إِلٰى نِعَاجِهٖ

یہ جو تیری دنبی مانگ کر اپنی دنبیوں میں ملانا چاہتا ہے تو یہ سراسر ظلم کرتا ہے۔ یہ جلدی خدا کو ناگوار ہوئی اور حضرت داؤدؑ بھی سمجھے کہ وہ امتحان میں ناکامیاب رہے اس پر گریہ وزاری شروع کی یہاں تک کہ نماز کے سوا ۴۰ روز تک سجدہ سے سر نہ اُٹھایا اور اتنا روئے کہ آنسوؤں سے زمین بھیگ گئی اور گھانس اُگ آئی اُس وقت خدا نے معاف کیا۔ واقعہ صرف اس قدر تھا جس پر بعض اہل سنت مفسرین نے حاشیہ چڑھا کر ایک نامحرم عورت پر داؤدؑ کا فریفتہ ہونا گڑھ لیا۔ انبیاء معصومینؑ کی شان میں ایسی گستاخی ہماری جرأت نہیں ہوسکتی۔

تعبیر: بھیڑنی کو خواب میں دیکھے ناکتخدا ہے تو شادی ہوجائے۔

خواص: قال بیناس اذا تحملت المرأة صوف النعجه قطع الحبل.

جب عورت بھیڑنی کے بال حمول کرتی ہے تو بچہ نہیں پیدا ہوتا۔

نقعا

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
نقعا			

اس جانور کا مسوخات کے سلسلہ میں ذکر ہے اور معصوم نے فرمایا ہے:

لایجوز اکل شی من المسوخ و ذکر منها النقعا بالنون و القاف و العین الجمله.

مسوخ جانوروں میں سے کسی کا کھانا جائز نہیں ہے از انجملہ نقعا بھی ہے، نون اور قاف اور عین کے ساتھ۔

محقق طریحی اس افادہ کو لکھ کر فرماتے ہیں کہ:

كما في النسخ المتعددة و قد قعدت النسخ في اللفظ دليلها مصحفه ويقرب تصحيفها بالعنقا.

میں نے قابل اعتماد تحریروں اور متعدد نسخوں میں اس لفظ کو اسی طرح دیکھا ہے شائد کاتب کی غلطی سے عنقا کے بجائے نقعا لکھ دیا گیا ہے۔

وهو الطائر القريب الذي يبيض في الجبال والله اعلم.

اور عنقا وہ نادر الوجود پرندہ ہے جو پہاڑوں کے دامن میں انڈے دیتا ہے۔

علامہ موصوف کا احتمال اُس وقت صحیح تھا جب موسوخات کی فہرست میں عنقا کا نام ہم کو نظر آتا خصوصیت اُس وقت جب چند نسخوں کا اتفاق اور تحریریں معتبر بھی ہیں۔ جتنی حدیثیں موسوخات کے ذیل میں موجودہ کتب اخبار میں ملتی ہیں اُن میں عنقا کا ذکر کہیں نہیں ہے، نہ کلام فقہا میں اس کا پتہ ہے ممکن ہے کہ "ربیثا" اور "عرضان" ایسے غریب الفاظ کی طرح نقعا بھی ہو در حقیقت علم حیوان کے ماہر اور ارباب لغت کوئی بھی اُن حدود کمال کو نہیں پہنچا ہے جو ائمہ معصومین علیہم السلام طے کیے ہوئے تھے۔

تعبیر: اگر اس کو خواب میں دیکھے تو حیوان صفت انسان کا سامنا ہو۔

نسر

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
نسر	کرگس	Eagle	گدھ

گدھ دو طرح کے ہوتے ہیں۔ جو چیل کے برابر ہوتے ہیں، اُس میں زیادہ سفید ہوتے ہیں اور چونچ زرد ہوتی ہے، بعض سیاہ بھی ہوتے ہیں، یہ چھوٹی قسم ہے۔ بڑا گدھ شتر مرغ کے سوا سب موجودہ پرندوں میں بڑا ہوتا ہے، اس کا رنگ سیاہ، گردن لانبی، پوٹہ کہیں کہیں سفید اور جتنا پرانا ہوتا ہے اُسی قدر سیاہ، بلند پرواز طاقت دار ہوتا ہے، یہ گدھ تاڑ کے درختوں پر زیادہ بیٹھتے ہیں۔ چمگادڑ سے عداوت ہوتی ہے، جب گدھ کی مادہ انڈے دیتی ہے تو برگ چنار اپنے آستانہ میں جمع کرتی ہے اس پتہ تک چمگادڑ نہیں آتی۔ میرے خیال میں چمر گدھ اسی کو کہتے ہیں۔ میاں مشیر کا مصرع یاد ہے۔

چمر گدھ ہے مالک تیرا مجتہد

بظاہر برگیلہ بھی اردو میں اسی کا نام ہے، انگریزی میں اس کو Pelican کہتے ہیں۔ گدھ تین سو

برس تک زندہ رہتا ہے اور چار سو فرسخ اپنے کھانے کی چیز دیکھتا ہے۔ محقق طریحی کہتے ہیں کہ:

النسر لا مخلب له وانا له ظفر کظفر الدجاجه والغراب والرخمه.

گدھ کے شکاری جانور کی طرح چنگل نہیں ہوتا اس کے ناخن مرغ، کوے، چیل کے ایسے ہوتے ہیں۔ اس کو نسر اس وجہ سے کہتے ہیں:

لانه ینشر الشی و یبتلعه. وہ کھانے والی چیزوں کو نگل جاتا ہے۔

کعب الاحبار کا قول ہے کہ گدھ کی تسبیح یہ ہے:

یابن ادم عش ما شئت فان اخرہ الموت.

اے آدمؑ کے بیٹے جس طرح چاہ زندگی بسر کر انجام میں موت کا سامنا ہے۔

گدھ لشکر اور حجاج کے قافلوں کے پیچھے اُڑتا ہے اس انتظار میں کہ مقتولین کا گوشت کھائے اور جب حاجی قیام کریں تو اُن کا بچا ہوا سامان خورد و نوش چٹ کر جائے۔ اس کی مادہ ایک خاص قسم کے پتھر پر بیٹھ کر انڈا دیتی ہے وہی اس کا عارضی آشیانہ ہوتا ہے ورنہ گدھ گھونسلہ نہیں بناتا۔ گدھ سے اونچا کوئی جانور نہیں اُڑتا۔ حضرت ابراہیمؑ کے عہد میں نمرود نے معاذ اللہ خدا سے جنگ کرنے کے لیے چار گرگس تیار کیے اور تخت پر بیٹھ کر اُن کو گوشت دکھاتا ہوا اتنا بلند ہوا کہ دنیا مثل ایک درہم کے نظر آنے لگی۔ فرعون کے بارے میں بھی ایسا ہی واقعہ سنا جاتا ہے، ان دونوں واقعوں کو ہم صرف خوف طول میں ترک کرتے ہیں، حیات القلوب میں موجود ہیں۔ انبیاء و اوصیاء کی بزم میں گدھ کا ذکر بکثرت آیا ہے۔ گذشتہ بیان سے معلوم ہو چکا کہ جناب ابراہیمؑ نے ''فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ'' کے الٰہی حکم پر گرگس کو بھی ذبح کیا تھا اور امامؑ نے اس کا راز یہ بتایا ہے ''یرید بہ العمل الطویل'' وہ اس کو ذبح کردینے سے طولانی امیدوں کو قطع کر دینا چاہتے ہیں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بارگاہ احمدیت میں عرض کیا کہ میرے پالنے والے جس دن کوئی شخص زیر سایہ نہ ہوگا اُس دن کون تیرے عرش کے نیچے ساکن ہوگا، فرمایا:

اَلَّذِیْنَ یَاْوُوْنَ اِلٰی مَسَاجِدِیْ کَمَا یَاْوِی النُّسُوْرُ اِلٰی اَوْکَارِهَا.

وہ لوگ جو مسجدوں کی طرف اس طرح جھکتے ہوں گے جس طرح نسر اپنے آشیانہ کی طرف جاتا ہے۔

سیرت امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ میں ہے، لوگ جناب امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ کے سامنے اہرام مصر کی بنیاد پر بحث کر رہے تھے اور کوئی ٹھیک نہیں کہتا تھا کہ یہ عمارت کب بنی، حضرتؑ نے پوچھا اس پر کوئی تصویر بنی ہے، عرض کیا ہاں اُس پر گدھ کی تصویر بنی ہے جس کے پنجہ میں

خرچنگ دبا ہے۔ آپؑ نے فرمایا:

بنی الھرمان والنسر فی السرطان اھرام مصر.

اُس وقت بنا جب نسر طائر برج سرطان میں تھا اور نسر دو ہزار برس میں ایک برج کو طے کرتا ہے آج کل جدی میں ہے اس حساب سے بارہ ہزار برس اُس کی بنیاد کو قائم ہوئے گذر گئے ہیں۔

(ارجح المطالب، ص ۱۶۴)

خبر زاذان (جس میں سلمان فارسی کو لے کر جناب امیرؑ کے محیر العقول معجزات کا تذکرہ ہے) میں ہے جب آپؑ ناقہ ثمود اور بر و بحر میں عجائبات دنیا دکھا چکے تو ایک جزیرہ میں پہنچ کر چہل قدمی شروع کی، سلمان کا بیان ہے:

حَتّٰی وَرَدَبِیْ اِلٰی شَجَرَةٍ عَظِیْمَةٍ وَ فِیْ اَصْلِهَا مَائِدَةٌ عَظِیْمَةٌ عَلَیْهَا طَعَامٌ تَفُوْحُ مِنْهُ رَائِحَةُ الْمِسْكِ وَاِذَا بِطَائِرٍ فِیْ صُوْرَةِ النَّسْرِ الْعَظِیْمِ.

ہم ایک سر بلند درخت کے قریب پہنچے اُس کے نیچے بہت وسیع دستر خوان بچھا ہوا تھا اور انواع و اقسام کے کھانے چنے تھے جن سے مشک کی خوشبو آ رہی تھی اور ایک بہت بڑا پرندہ گدھ کی صورت میں بیٹھا تھا، آپؑ کو دیکھ کر طائر اپنی جگہ سے اُٹھا اور سلام کر کے واپس گیا، میں نے پوچھا یہ دستر خوان کیسا ہے اور یہ پرندہ کیسا ہے۔ آپؑ نے فرمایا یہ ایک فرشتہ ہے نسر کی صورت میں جو اس پر موکل ہے۔

(حدیث طولانی ہے صرف مفید مطلوب الفاظ عرض کیے گئے)

حذیفہ یمانی نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ جب مجھے معراج ہوئی تو جبرئیلؑ نے میرا ہاتھ پکڑ کے بہشت میں داخل کیا اور میں نہایت خوش و مسرور تھا دفعۃً ایک درخت نظر آیا نور کا جو نور ہی سے آراستہ کیا گیا تھا، اس کی جڑ کی قریب دو فرشتے حلہائے جنت اور زیورتہ کر رہے ہیں، اُن کا یہ شغل قیامت تک جاری رہے گا، پھر میں آگے بڑھا تو ایک تفاح جنت مجھے دکھائی دیئے جس سے بڑا سیب میں نے کبھی نہ دیکھا تھا، میں نے ایک سیب لیا اور اُس کو توڑا تو اُس میں سے ایک حور برآمد ہوئی:

كَاَنَّ اَجْفَانَهَا مَقَادِیْمُ اَجْنِحَةِ النُّسُوْرِ.

اس کے پپوٹے پرہائے نسر کی طرح خوشنما تھے میں نے پوچھا کہ تو کس کے لیے ہے، اُس نے کہا آپؐ کے مقتول فرزند حسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ کے لیے خدا نے خلق کیا ہے۔ (بحار الانوار)

عرب بہادر آدمی کو جو میدان جنگ میں سختی سے دشمن کا مقابلہ کرے نسر سے تشبیہ دیتے ہیں۔

جناب اُم البنینؑ زوجہ حضرت علیؑ نے اپنے بیٹوں کے غم میں جو کربلا میں امام حسینؑ کے ساتھ شہید ہوئے جو مرثیہ پڑھا اُس میں فرمایا ہے۔

لا تدعونّی ویك أمّ البنین　　تذکّرینی بلیوث العرین
کانت بنون لی أدعی بهم　　والیوم أصبحت ولا من بنین
أربعة مثل نسور الرّبی　　قد واصلوا الموت بقطع الوتین
تنازع الخرصان أشلاءهم　　فکلّهم أمسی صریعاً طعین
یا لیت شعری أکما أخبروا　　بأنّ عبّاساً قطیع الیمین

ابوالقاسم حسن بن محمد المعروف بابن الوفاء سے منقول ہے کہ میں کعبہ میں موجود تھا، لوگوں کو دیکھا کہ مقام ابراہیمؑ کے گرد جمع ہیں، پوچھا کیا بات ہے، لوگوں نے کہا ایک راہب مسلمان ہوگیا ہے اور ایک عجیب بات بیان کرتا ہے، میں اُس کے دیکھنے کو گیا، دیکھا کہ ایک بڈھا قوی الجبثہ آدمی ہے اور کملی کا جبہ اور ٹوپی پہنے ہوئے ہے، مقام ابراہیمؑ کے پاس بیٹھا ہوا باتیں کر رہا ہے اور سب لوگ کان دھر کر سن رہے ہیں، اس نے بیان کیا کہ ایک دن میں اپنے صومعہ میں بیٹھا تھا:

فَاِذَا طَائِرٌ کَالنَّسْرِ الْکَبِیْرِ قَدْ سَقَطَ عَلٰی صَخْرَۃٍ عَلٰی شَاطِیءِ الْبَحْرِ۔

ناگاہ میں نے دیکھا کہ ایک طائر مثل بڑے گدھ کے دریا کے کنارے ایک بڑے پتھر پر بیٹھ گیا اور اُس نے قئے کی تو ۱/۴ آدمی اُگل دیا پھر وہ اُڑ کر چلا گیا اور تھوڑی دیر غائب رہا، بعد اس کے پھر آیا اور قئے کی تو دوسرا چوتھائی ٹکڑا اُگل دیا بعد اس کے اُڑ گیا اور پھر آ کر قئے کی تو آخری ٹکڑا منہ سے نکلا اور پرواز کی، پھر وہ چاروں ٹکڑے آپس میں مل گئے اور پورا آدمی بن گیا، مجھے اس کے دیکھنے سے نہایت تعجب ہوا، ناگاہ وہ طائر پھر آیا اور اُس آدمی پر گرا اور جھپٹ کر اُس کا چوتھائی حصہ لے اُڑا، اس طرح چار ٹکڑوں میں اُس آدمی کو پورا نگل گیا، مجھے نہایت فکر ہوئی کہ کیا بات ہے اور افسوس ہوا کہ میں نے اس آدمی سے اس کا حال کیوں نہ دریافت کیا، دوسرے دن پھر وہ طائر آیا اور گذشتہ دن کی طرح اُس انسان کو باری باری اُگل دیا، جب چاروں ٹکڑے مل گئے اور وہ شخص پورا آدمی بن گیا میں اپنے صومعہ سے اُتر کر اُس کی طرف دوڑا اور نزدیک جا کر پوچھا کہ تو کون ہے، وہ خاموش رہا، پھر میں نے اسے خدا کی قسم دے کر پوچھا کہ بتا تو کون ہے وہ خاموش ہوگیا، میں نے پھر کہا تجھے قسم ہے اس کی جس نے تجھے پیدا کیا مجھے سچ بتا تو کون ہے، وہ کہنے لگا میں ابن ملجم ہوں، میں نے پوچھا تیرا اس طائر سے کیا تعلق ہے، وہ بولا میں نے علیؑ کو قتل کیا ہے اس لیے خدا نے مجھ پر اس طائر کو مسلط کیا ہے، میرے ساتھ

روز اسی طرح پیش آتا ہے جو تو نے دیکھا، میں نے صومعہ سے نکل کر پوچھا کہ علیؑ کون ہیں معلوم ہوا کہ وہ رسول خداؐ کے چچازاد بھائی ہیں، بس میں اسلام لایا۔

(ارجح المطالب، ص ۳۴۵)

وسئل خیر الصادق مَا الدَّلِيلُ عَلَى صَانِعِ الْعَالَمِ قَالَ لَقِيتُ حِصْناً مُزْلَقاً أَمْلَسَ لَا فُرْجَةَ فِيهَا وَ لَا خَلَلَ ظَاهِرُهُ مِنْ فِضَّةٍ مَائِعَةٍ وَ بَاطِنُهُ مِنْ ذَهَبٍ مَائِعٍ انْفَلَقَ مِنْهُ طَاوُسٌ وَ غُرَابٌ وَ نَسْرٌ وَ عُصْفُورٌ فَعَلِمْتُ أَنَّ لِلْخَلْقِ صَانِعاً۔

تعبیر: گدھ کو خواب میں دیکھنے سے امیدیں پوری ہوتی ہیں، عمر بڑھتی ہے۔

خواص: اس کی بیٹ اگر حاملہ حمول کرے تو حمل گر جائے۔ اس کا لعبہ اگر سانجر کا مریض ہتھیلی کی طرح چڑھائے تو صحت ہو۔

حکم: گدھ کی جملہ قسمیں حرام ہیں۔ دھومرا، راج گدھ جو عجائب خانہ قیصر باغ میں موجود ہیں وہ بھی حرام ہیں۔

نسر:

قبیلہ ذی کلاغ کے بت کا نام ہے چنانچہ قرآن مجید میں ہے:

وَقَالُوا لَا تَذَرُنَّ آلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَلَا سُوَاعًا وَلَا يَغُوثَ وَيَعُوقَ وَنَسْرًا۔

(نوح: ۲۳)

آسمان پر دس تارے ہیں ان کو بھی نسر کہتے ہیں، اس کوکب کا نام اس لیے نسر رکھا ہے کہ یہ مجموعہ سیارگان دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ نسر اپنے پر سمیٹ کر گویا زمین کی طرف اترا چاہتا ہے۔ محتشم کاشی علیہ الرحمہ مدح جناب امیر المومنینؑ میں اس تارہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

روز فتح الباب زائر دست دریا فیض تو نسر طائر را فلک چوں بط شناور یافتہ

کلمرغ:

گدھ کی ایک قسم ہے جس کا سر سرخ ہوتا ہے مگر سر پر پر نہیں ہوتے۔

نسناس

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
نسناس	مردم صحرائی		بن مانس

ماہرین علم حیوان میں اختلاف ہے کہ نسناس کسے کہتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں یاجوج وماجوج کا نام ہے اور بعض کا خیال ہے ایک قوم ہے جو کسی عضو میں انسان سے مشابہ ہے اور کسی میں مخالف اس کو نسل آدم سے کوئی لگاؤ نہیں ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ مراد اس سے وہ عجیب مخلوق ہیں جو انسان کی صورت تو ہیں مگر اُن کے ایک ہاتھ ایک پاؤں ایک آنکھ نصف سر ہوتا ہے وہ جانوروں کی طرح چوکچیں مارتے ہیں اور زمین میں چرتے ہیں، آدمی کو اگر پا جائیں تو قتل کر ڈالتے ہیں، چین کے جزیروں میں ان کا وجود ہے:

قال الطریحی وفی الحدیث نا لنسناس ہم السواد الاعظم واشارہ بیدہ الی جماعۃ الناس ثم قال انہم الا کالانعام بل ہم اضل۔

حدیث میں نسناس کا جو ذکر ہے تو مراد اس سے سواد اعظم ہے معصومؑ نے اپنے ہاتھ سے لوگوں کی ایک جماعت کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا یہ تو مثل چوپاؤں کے ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ ہیں۔

احادیث سے اس کا بھی پتہ چلتا ہے کہ قوم عاد کے کسی شخص نے اپنے عہد کے رسول کی نافرمانی کی تھی خدا نے اُس کو نسناس کی صورت میں مسخ کر دیا۔

تعبیر: اگر نسناس کو خواب میں دیکھے تو مرد سفید سے سامنا ہو۔

حکم: گوشت ان کا حرام ہے۔

نعم

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
نعم	چھارپایان		چوپائے

شیعی احادیث میں نعم اونٹ، گائے، بکری کو کہتے ہیں، یہ لفظ جمع جس کی واحد نہیں ہے۔ کلام عرب میں اس کی جمع انعام بنائی ہے۔ قرآن مجید میں اس کا ذکر ہے:

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ. (مائدہ:٩٥)

اے ایمان والو جب تم حالت احرام میں ہو تو شکار نہ مارو اور تم میں سے جو کوئی جان بوجھ کر شکار مارے گا تو جس جانور کو مارا ہے چوپاؤں میں سے اس کا مثل تم میں سے جو دو منصف آدمی تجویز کر دیں اس کا بدلہ دینا ہوگا۔

جس سال صلح حدیبیہ ہوئی اُس سال جنگل کے شکاری جانور پیغمبر خداؐ کے پاس جمع ہو جاتے تھے اور اصحاب و انصار کے خیموں میں اس طرح آ جاتے تھے کہ اُن کے ہاتھ اور نیزے آسانی سے اُن تک پہنچ سکتے تھے۔ آخر ابو البشر بن عمر سے رہا نہ گیا اور اُس نے ایک جانور کا شکار کر ہی ڈالا۔ جب اصحاب نے اس کی ملامت کی تو خدمت نبوی میں حاضر ہوا اور واقعہ بیان کیا اُس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔

ادبیات: زکواۃ النعم فی صدقات النعم، ربیعہ بن سمیع کی کتاب کا نام ہے جس میں مؤلف نے اقوال جناب امیر جمع فرمائے ہیں۔

تعبیر: اگر چند چوپاؤں کو یکجا دیکھے تو مختلف طریقوں سے حلال روزی ملے گی۔

نمر

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
نمر	پلنگ	jubata	تیندوا

ارباب لغت میں اس محل پر اختلاف عظیم ہے۔ بعض لغتوں میں نمر کا ترجمہ پلنگ کرتے ہیں اور اردو میں اُس کو چیتا کہتے ہیں۔ مولوی اُحد الدین بلگرامی نے اس مسلک کو اختیار کرتے ہوئے اپنی کتاب نفائس اللغات میں یہ بھی لکھا ہے کہ فارسی میں اس کو یوز بھی کہتے ہیں، میرے نزدیک یہ تحقیق صحیح نہیں ہے نہ تو اردو میں نمر کو چیتا کہا جاتا ہے اور نہ نمر کی فارسی یوز ہے۔ مؤلف خالق باری کو بھی اس مقام پر مسامحہ ہوا ہے انھوں نے پلنگ کا اردو ترجمہ چیتا کیا ہے۔ مخزن المفردات کے مؤلف نے صحیح رویہ اختیار کیا ہے، وہ نمر کا اردو فارسی ترجمہ پلنگ اور تیندوا کرتے ہیں، یہی قول ممتاز ہے اور عجائب المخلوقات کے فاضل مترجم کا بھی یہی فیصلہ ہے وہ فہد کے معنی چیتا اور نمر کے تیندوا بتاتے ہیں۔ واللہ اعلم

یہ ایک خطرناک درندہ ہے جو شیر سے مشابہ ہوتا ہے مگر قد و قامت میں شیر سے چھوٹا ۲ 1/2، ۲ فٹ کا

گلدار ہوتا ہے۔ غالب کہتے ہیں۔

سبز ہے جامِ زمرد کی طرح داغِ پلنگ　　　تازہ ہے ریشۂ نارنج صفت روئے شرار

یہ شیر سے زیادہ خطرناک ہوتا ہے، بسا اوقات غصہ میں اپنے تئیں آپ قتل کر ڈالتا ہے۔

قزوینی عجائب المخلوقات میں لکھتا ہے کہ تیندوا خواہ گرسنہ ہو یا نہ ہو جانور پر حملہ کرتا ہے۔ اس کے منہ سے بخلاف شیر کے خوشبو آتی ہے، اس کی کمر پتلی، شیر کی طرح آنکھیں روشن ہوتی ہیں۔ مستطرف میں ہے چار جانوروں کی آنکھ (مشعل کی طرح) چمکتی ہے شیر، تیندوا، بلی، افعی۔ تیندوا جب مرجاتا ہے تو اس کا گوشت کوئی جانور نہیں کھاتا۔ حدیث میں ہے کہ جب تیندوا بولتا ہے تو کہتا ہے:

سُبْحَانَ مَنْ تَعَزَّزَ بِالْقُدْرَةِ سُبْحَانَهُ.

لائق تسبیح ہے وہ خدا جو اپنے اقتدار سے بہت ہی زیادہ عزیز ہے میں اُس کی تسبیح کرتا ہوں۔

جناب موسیٰ علیہ السلام نے بارگاہ حمدیت میں عرض کیا کہ خدایا جس دن کوئی مخلوق زیر سایہ نہ ہوگا اُس دن تیرے عرش کے زیر سایہ کون لوگ ہوں گے۔ فرمایا:

اَلَّذِيْنَ يَغْضَبُوْنَ لِمَحَارِمِيْ اِذَا اسْتُحِلَّتْ مِثْلَ النَّمِرِ اِذَا حَرِدَ.

(جواہر السنیہ، ص ۹۵)

مؤلف عرض کرتا ہے کہ میں نے مولانا ناصر بن احمد بربری کے ہاتھ کا لکھے ہوئے دیکھا ہے کہ جو شخص:

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا . وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا . وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا . يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا . بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا .

کا نقش جلد نمر پر لکھے ساتویں ساعت عروج ماہ میں اور کندر و قسط کا بخور دے کر تعویذ بنائے تو اگر کسی ایسی زمین یا گھر میں داخل ہوگا جس میں خزانہ ہوگا تو قدرت خدا سے اُس پر دفینہ ظاہر ہو جائے گا اور پوشیدہ نہ رہ سکے گا۔ اس عوذہ کو ہم نے اپنی کتاب البلد الطیب اور صحیح الاملین میں مکمل طور پر لکھا ہے۔

تعبیر: تیندوے کو خواب میں دیکھے تو بد سرشت دشمن کا سامنا ہو، صدقہ دے۔

خواص: بواسیر کا مریض اس کی کھال پر بیٹھے تو مفید ہے اور اس کی چربی فالج والے پر مالش کرنا چاہئے۔

حکم: تمام درندوں کا گوشت حرام ہے۔

س: استعمال جلد حیوان غیر حلال گوشت کہ طاہر باشد چون پلنگ وگرگ وکرآن کہ تذکیہ عورہ باشد درنمر حال نماز جائز است یا نہ وہر فرض جواز بدباغی باشد یا نہ۔

ج: درنمر نجس العین از غیر ماکول اللحم بعد از حصول تذکیہ شرعیہ اقوی جواز استعمال آنست درنمر حال صلوۃ ومحتاج بدباغی نمی باشد ھرچند احوط بدباغی نمودن است بحث خروج از شبہ خلاف۔

نمل

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
نمل	مورچہ	Ant	چیونٹی

چیونٹی اپنی خوراک فراہم کرنے میں بڑی حریص اور اس قدر بلند ہمت ہوتی ہے کہ اپنے جسم سے بڑا دانہ اُٹھانے پر تیار رہتی ہے اور ایسے اوقات میں دوسری چیونٹیاں اُس کو مدد دیتی ہیں۔ چیونٹی اس قدر ہوشیار ہے کہ اناج کے دانہ کو دو ٹکڑے کر کے جمع کرتی ہے تاکہ زمین میں اُگ نہ آئے، عقل میں چیونٹی بڑے جانوروں سے بھی زیادہ ہے۔ بعض اہل تحقیق کہتے ہیں کہ آدمی کے بعد عقل میں چیونٹی کا درجہ ہے۔ چیونٹی کی سیکڑوں ہزاروں قسمیں ہیں۔ عرب عاذر کالی چیونٹی کو اور سمسم اور عبقان سرخ کو کہتے ہیں، سرخ چیونٹیاں چھوٹی ہوتی ہیں اور انسان کے بری طرح لپٹ جاتی ہیں۔

چیونٹا بھی اس کی بڑی قسم ہے، ان میں بھی نر و مادہ سرخ وسیاہ ہوتے ہیں۔ جامن کے درخت پر اکثر فالسائی رنگ کے چیونٹے دیکھے گئے ہیں۔ کسی زمانہ میں عمل جراحی کے موقع پر چیونٹے سے زخم میں ٹانکے دیئے جاتے ہیں۔ چیونٹیاں سرد ملکوں میں کم اور گرم ملکوں میں زیادہ ہوتی ہیں اور اپنے رہنے کے لیے جو مکان بناتی ہیں وہ اُس شہر کی آب وہوا کے موافق ہوتے ہیں۔ کوئی لکڑیاں پتے وغیرہ جمع کر کے اُس میں رہتی ہیں، بعض گوبر کی پتلی پتلی تہوں میں کھپروں کی طرح رہتی ہیں لیکن زیادہ تر زمین کے اندر بل بنا کے رہتی ہیں، بل کے اندر چیونٹیوں کے رہنے کے لیے اچھی چوڑی جگہ ہوتی ہے۔ اس میں کہیں رہنے کا کمرہ، کہیں گودام ہوتا ہے اور اپنے گھروں کو اس طرح بناتی ہیں کہ اُن میں پانی کا گذر نہ ہو۔ کھانے کا سامان اس قدر جمع کر لیتی ہیں جو برسوں کو کافی ہو حالانکہ اس کی عمر ایک سال سے زیادہ نہیں ہوتی۔ چیونٹیوں کی معمولی خوراک طرح طرح کے چھوٹے کیڑے مکوڑے ہیں، کچھ چیونٹیاں بعض درختوں کی جڑوں میں رس چوس کر جیتی ہیں۔ چیونٹیوں کو اناج، شہد، میٹھے پھل بہت پسند ہیں، شیرینی ان سے بچ نہیں سکتی۔ خداوند عالم نے ان کو قوت شامہ اس قدر دی ہے کہ کسی فرد، حیوان کو یہ

بات حاصل نہیں، جہاں آدمی کے ہاتھ سے کوئی چیز گری اس کی بو پر چیونٹیاں دوڑتی ہیں۔ چیونٹیوں کی محنت مشہور ہے اس معاملہ میں ان کی برابری کرنے والا کوئی دوسرا جانور نہیں، وہ سارے دن محنت کرتی ہیں اور موقع پڑ جانے پر رات کو بھی کام میں لگی رہتی ہیں۔

چیونٹی کو کیڑے اور مکڑی کھا جاتی ہے۔ مردہ چیونٹیوں کے جسم کو اگر خوردبین سے دیکھو تو معلوم ہوتا ہے چیونٹی کے جس کے تین حصہ ہوتے ہیں، سر، سینہ، شکم۔ سر میں آنکھیں اور مونچھیں ہوتی ہیں، سینہ میں ۶ پیروں کے دو جوڑ پیچھے کی طرف اور ایک جوڑ آگے کی طرف ہوتا ہے۔ یہ ٹانگیں چار پانچ جگہ سے مڑی ہوتی ہیں۔ چیونٹی کے چلنے کا طریقہ بھی عجیب وغریب ہے کچھ چیونٹیاں بغیر رُکے ہوئے چلی جاتی ہیں اور ٹھہر کر ایک دوسرے سے منہ ملاتی ہیں اور بات چیت کرتی ہیں، یہ پانی میں چل نہیں سکتی۔ شروع میں چیونٹی سفید یا زرد انڈوں کی صورت میں ہوتی ہے پھر یہ لاروا (Larva) یا گرب (Grub) کی شکل اختیار کر لیتی ہے اس حالت میں اس کے پر نہیں ہوتے، اس کے بعد یہ پوپا (Pupa) یا کرائی سلیس (Chry Salis) ہو جاتی ہے، اس حالت کے بعد یہ پورا جاندار چیونٹی کی شکل میں ہو جاتا ہے۔ ان چیونٹیوں میں کچھ مادہ ہوتی ہیں کچھ نر۔

(سائنس اور مطالعہ قدرت کے مؤلف، کے کمار ایم ایس سی، ص ۳۹)

جنوبی امریکہ میں ایک عجیب جانور چار پاؤں کا پایا گیا ہے جس کو اینٹ ایٹن (Ant-eaten) کہتے ہیں، اس کے منہ کے اندر دانتوں کی ایک پتلی زبان ہوتی ہے جس سے چیونٹیوں اور کیڑوں کو چاٹ جاتا ہے۔

چیونٹیاں جسم انسان کو کم نقصان پہنچاتی ہیں ہاں مردہ آدمی کے پاس ہجوم ہو جاتا ہے۔ چیونٹیوں کے پر نکلنے کے بعد پھر وہ زیادہ دنوں تک زندہ نہیں رہتی۔

قوم احقاف پر خداوند عالم نے چیونٹیوں کو مسلط کیا تھا اس قوم کی تبلیغ میں حضرت ہودؑ نے مدتیں ختم کیں جب راہ راست پر نہ آئے تو چیونٹیاں اُن کے کان آنکھ میں داخل ہو گئیں جن کے دفع کرنے کی طاقت اُن میں نہ رہی، پھر ہوا نے اُن تمام نافرماں بردار بندوں کو بلند کر کے دریا میں ڈال دیا۔

(حیات القلوب)

حدیث میں ہے کہ جس سال نوروز دوشنبہ کو ہوگا چیونٹیاں کم ہوں گی۔ قرآن مجید میں قصہ سلیمانؑ میں چیونٹی کا ذکر ہے کہ وہ حضرت جب وادی نمل میں پہنچے جو طائف یا شام میں ہے تو ایک (مادہ) چیونٹی نے کہا:

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّمْلُ ٱدْخُلُوا۟ مَسَٰكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمَٰنُ وَجُنُودُهُۥ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ.

اے چیونٹیوں اپنے اپنے بلوں میں گھس جاؤ ایسا نہ ہو کہ تم کو سلیمان اور اُن کا لشکر روند ڈالے اور اُنھیں اس کی خبر بھی نہ ہو۔

فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّن قَوْلِهَا.

سلیمان چیونٹی کی صدا سن کر ہنس پڑے اور لشکر کو حکم دیا کہ اُن کو بچا کر نکل جاؤ۔

احادیث فریقین میں ہے کہ جناب سلیمانؑ کے عہد میں قحط پڑا اور آپ طلب باراں کی نماز کے واسطے اصحاب کو لے کر برآمد ہوئے، راہ میں ایک چیونٹی کو دیکھا جو اپنے دونوں پیروں پر کھڑی ہوئی آسمان کی طرف ہاتھ بلند کیے ہوئے کہہ رہی تھی:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا خَلْقٌ مِنْ خَلْقِكَ لَا غِنٰى بِنَا عَنْ فَضْلِكَ فَارْزُقْنَا مِنْ عِنْدِكَ وَلَا تُؤَاخِذْنَا بِذُنُوْبِ سُفَهَاءِ وُلْدِ آدَمَ.

بارالٰہا میں بھی تیری پیدا کی ہوئی ہوں اور تیرے فضل سے بے پرواہ نہیں ہوں مجھ کو تو اپنی سرکار سے رزق پہنچا اور سادہ لوح فرزندان آدمؑ کے سبب سے مواخذہ نہ کر۔

جناب سلیمانؑ نے جب یہ صدا سنی ہمراہیوں سے فرمایا بس اپنے اپنے گھروں کی طرف پلٹ چلو خدا تمہارے غیر کی دعا سے مینہ برساتا ہے۔ دعا میں ہے:

سُبْحَانَ مَنْ يَرٰى اَثَرَ النَّمْلِ فِي الصَّفَا.

پاک و منزہ ہے وہ خدا جو پتھر پر چیونٹی کی رفتار دیکھتا ہے۔

سیاحوں نے بکثرت تجربہ کیا ہے کہ چیونٹیاں اگر پستی سے بلندی کی طرف چڑھنا شروع ہوں تو یہ علامت مینہ برسنے کی ہے۔

حدیث میں چیونٹی کے مارنے کی ممانعت ہے۔ محقق طریحی اس حدیث کی توضیح میں کہتے ہیں مراد اس سے بعض محققین کے نزدیک خاص قسم کی چیونٹی ہے اور بعض اہل تحقیق کہتے ہیں چونکہ چیونٹی بہت کم اذیت دیتی ہے اس لیے اس کے مارنے کی ممانعت ہے۔

جناب امیر خطبہ میں فرماتے ہیں:

دیکھو چیونٹی کو کہ باوجود اس چھوٹے قد اور لطافت ہیئت کے (گویا) دکھائی نہیں دیتی اور اس کے استخوان کے جوڑوں کو کوئی دیکھ نہیں سکتا کہ کس طرح زمین پر راہ چلتی ہے اور تحصیل روزی کے لیے ہر

طرف دوڑتی ہے اور جو دانہ پاتی ہے اپنے بل میں لے جاتی ہے، اُس کو مقام مناسب میں رکھتی ہے۔ گرمی کی غذائیں جاڑے میں جمع کرتی ہیں، مہلت پا کر ہر طرف جاتی ہے اور فرصت کے اوقات کو ضائع نہیں کرتی، حق تعالیٰ اُس کی روزی کا کفیل ہوتا ہے اور اُس کو آب و دانہ بقدر اُس کی ضرورت کے پہنچاتا ہے اور اُس سے غافل نہیں ہوتا اور اُس کو محروم نہیں کرتا اگرچہ سخت پتھر کے بیچ میں ہو اور زمین سنگلاخ میں رہتی ہو اگر اُس کے مجاری آب و طعام میں تو فکر کرے اور سراپا میں بلندی و پستی، رگوں اور اعضاء (کے فلسفہ تخلیق کو) سوچے اور اُس کی پسلیوں پر نظر کرے جو اطراف استخوان پہلوؤں کے محیط اُس کے شکم کو ہیں اور آنکھ اور کان اور سر کو اس کے دیکھے تو کہہ دے کہ خلقت اس کی عجیب و غریب ہے اور خلقت سے تعجب ہو اور اُس کے وصف کرنے سے عاجز ہو پس بزرگ ہے وہ خدا جس نے اُس کو اپنے پیروں پر کھڑا کیا اور قوام جبثہ کے لیے لائق ستون قائم کیے کہ وہ اعصاب و استخوان اُس کے ہیں ان غرائب خلقت میں وہ اپنا کوئی شریک نہیں رکھتا اور ترکیب اعضاء و ترتیب اشکال میں کسی سے مدد نہیں چاہتا اگر اپنی فکر کے توسن تیز رو کو ہر طرف دوڑا تو بدائع صنع الٰہی تک پہنچنے کے واسطے تو کوئی راہنما نہ دکھائے گا مگر یہ کہ خالق مورچہ کے باوجود اُس کے مختصر قد و قامت ہونے کے اور خالق درخت خرمے کا باوجود اُس کی بزرگی کے ایک پائے گا۔

جنگ صفین میں مجاہدین راہ خدا کو آپ نے ہدایت فرمائی تھی کہ چیونٹی کی طرح اقدام کرو۔

دِبُّوا دَبِيبَ النَّمْلِ لَا تَفُوتُوا وَأَصْبِحُوا فِي حَرْبِكُمْ وَبِيتُوا

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے بعض اصحاب کی اندرونی مخالفت دیکھ کر فرمایا تھا:

الشِّرْكُ أَخْفَى مِنْ دَبِيبِ النَّمْلِ.

میر انیسؔ علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

چیونٹی بھی ہاتھ اُٹھا کے یہ کہتی تھی بار بار اے دانہ کش ضعیفوں کے رازق ترے نثار

ابوذر غفاری کا بیان ہے کہ جناب امیر المومنینؑ کسی ضرورت سے سفر کر رہے تھے راستہ میں ایسا جنگل نظر آیا جس میں چیونٹی کا ایک سیلاب تھا۔ میں نے کہا بزرگ ہے وہ خدا جو اس کا شمار کر سکتا ہے، فرمایا ابوذر یہ نہ کہو بلکہ یہ کہو کہ بزرگ ہے وہ خدا جس نے ان کو پیدا کیا ہے، میں ان کی تعداد جانتا ہوں اور یہ بھی جانتا ہوں کہ ان میں نر کتنے ہیں اور مادہ کتنی ہیں۔

دوسرے راوی طاؤس کا بیان ہے کہ زمانہ خلافت حضرت عمر میں یہودیوں کا ایک گروہ آیا اور اُس نے خلیفہ سے پوچھا کہ تم ہی پیغمبرؐ کے جانشین ہو، ہم اس لیے آئے ہیں کہ تم ہم کو چند مسئلوں کا جواب دو

تو ایمان لائیں۔ حضرت عمر نے کہا پوچھو، انھوں نے بارہ مسئلے پوچھے جس میں ایک مسئلہ یہ تھا کہ اُس قوم سے خبر دو جس نے اپنی قوم کو ڈرایا حالانکہ وہ نہ جن تھے نہ انس۔ حضرت عمر جواب نہ دے سکے اور کہا اس کا جواب پیغمبر کا چچازاد بھائی بتائے گا، یہ کہہ کر جناب امیرؑ کو طلب کیا اور یہودیوں کا تعارف کرایا، حضرتؑ نے مسئلوں کے جواب دینا شروع کیے اور فرمایا کہ وہ قوم جو نہ جن تھی نہ انسان مگر اپنی قوم کو ڈرایا عہد سلیمان کی چیونٹی ہے جس نے اپنی قوم کو ڈرایا۔

حدیث امام جعفر صادق علیہ السلام میں چیونٹی کا ذکر آیا ہے۔ عباس بن یزید نے پوچھا کہ اے فرزند رسولؐ عوام الناس کہتے ہیں کہ شرک چیونٹی کی چال سے بھی خفی تر ہے جو شب راہ میں طے کرے۔ آپؑ نے فرمایا کہ بندہ مشرک نہیں ہوسکتا جب تک خدا کے سوا معبود باطل کی عبادت نہ کرے اور غیر خدا کے لیے ذبیحہ ذبح کرے اور خدا کے سوا اُس کے غیر سے دعا مانگے۔

فاضل دمیری فتح بن حرب مشہور زاہد کا قول نقل کرتے ہیں:

کنت افتت للنمل خبزا فی کل یوم فاذا کان یوم عاشوراء لم تاکلہ.

میں چیونٹیوں کے لیے روزانہ روٹیاں توڑ کر زمین پر ڈال دیا کرتا تھا عشرہ کا دن جب ہوا تو کسی چیونٹی نے روٹی کے وہ ٹکڑے نہ کھائے۔

(حیات الحیوان، جلد دوم، لغت وحش، ص ۳۲۵، چھاپہ مصر)

امام حسینؑ کے ایام حمل کے تذکرہ میں جناب سیدہؑ نے فرمایا ہے کہ جب حسینؑ کو شکم مادر میں ۴۰ دن گذرے: (فَوَجَدْتُ دَبِيباً فِي ظَهْرِي كَدَبِيبِ النَّمْلِ بَيْنَ الْجِلْدَةِ وَالثَّوْبِ) مجھے یہ معلوم ہوتا تھا کہ جیسے پیراہن اور جسم کے درمیان میں چیونٹی رینگتی ہے وہ کیفیت پشت میں محسوس ہوتی تھی۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ خداوند عالم روز قیامت متکبروں کو چھوٹی قسم کی چیونٹیوں کی شکل میں محشور کرے گا۔ (نہج المستقین)

سورہ نمل:

سورہ نمل تیرانوے آیتوں کا سورہ انیسویں پارے میں ہے جو مکہ میں نازل ہوا ہے۔ حدیث میں ہے کہ جو شخص اس سورہ کو پڑھے تو حق تعالیٰ اُس کے لیے نامہ عمل میں دس ثواب لکھے گا اور موافق عدد لوگوں کے جنھوں نے تکذیب اور تصدیق جناب سلیمانؑ، ہودؑ، شعیبؑ، صالحؑ، ابراہیمؑ کی ہے اجر کرامت فرمائے گا اور وہ شخص روز قیامت کلمہ پڑھتا ہوا قبر سے اُٹھے گا۔

تعبیر: چیونٹی کو خواب میں دیکھے تو بلند ہمت ہو، ارادوں میں پختگی آئے۔

خواص: اس کے انڈے پانی میں ملا کر جس جگہ لگائیں وہاں بال نہ جمیں گے۔ یورپ کے ڈاکٹروں نے ایک سفوف زرد رنگ کا ایجاد کیا ہے جس جگہ اس کو چھڑک دو چیونٹیاں بھاگ جاتی ہیں۔ اس کا نام (Keating Powder) ہے۔ انگریزی دواخانوں میں ملتا ہے۔

حکم: چیونٹیاں ماکول اللحم نہیں ہیں۔ امام جعفر صادق علیہ السلام نے جن زمینوں پر نماز پڑھنے کی ممانعت فرمائی ہے اُن میں وہ جگہ بھی ہے جہاں چیونٹیاں رہتی ہوں۔ یہ روایت خصال میں اب بابو یہ باب دہم میں موجود ہے۔

ادبیات:

۱): کسی انسان کے غیر معمولی اختلاط کو دیکھ کر کہتے ہیں گڑ چیونٹی ہو کر لپٹ گیا۔

چناں چہ ؎

شہیدان وفا سب چیونٹیوں کی طرح لپٹیں گے   نہ کیجئے گا ارادہ بھول کر گور غریباں کا

۲): بچہ اگر گر پڑے تو اُس کا خیال تبدیل کرنے کے لیے کہتے ہیں چیونٹی مرگئی۔

۳): کمزور شخص جب اذیت رسائی پر تل جاتا ہے تو کہتے ہیں: دبے پیر چیونٹی بھی کاٹتی ہے۔

۴): چیونٹیاں لگنا: دھوپ کی تیزی یا کسی بیماری سے چنگاریاں لگنا۔

۵): چیونٹی کی آواز عرش تک، مظلوم کی آہ خدا تک پہنچتی ہے۔

۶): چیونٹی بھرا کباب، مصیبت کا گھر جھگڑے کی چیز۔

نون

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
نون	ماہی		مچھلی

قرآن مجید میں یہ لفظ کئی جگہ استعمال کی گئی ہے۔

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ. (انبیاء: ۸۷)

یونس کو یاد کرو جبکہ غصہ میں آ کر چل کھڑے ہوئے اور خیال کیا کہ ہم اُن پر روزی تنگ نہ کریں گے (تو ہم نے اُن کو مچھلی کے پیٹ میں پہنچا دیا)۔

کلام عرب کا ظاہر یہ ہے کہ نون بڑی مچھلی کو کہتے ہیں، عربی گرامر کے لحاظ سے اس کی جمع انوان اور نینان ہے جس طرح حوت کی جمع حیتان اور احوات ہے۔ دعا میں ہے:

سُبْحَانَ مَنْ يَعْلَمُ اخْتِلَافَ النِّينَانِ فِي الْبِحَارِ الْغَامِرَاتِ.

پاک و منزہ ہے وہ خدا جو (نون) مچھلی کی مختلف قسموں کو بحر مواج میں جانتا ہے۔

ثور کے باب میں گذرا کہ دنیا پشت ماہی پر قائم ہے اور اس مچھلی کا نام بہوت ہے، قرآن مجید میں اس کا ذکر ہے: نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ. تفسیر میں ھے: (ن) هُوَ الْحُوتُ الَّذِي عَلَيْهِ الْأَرَضُونَ. (مجمع البحرین)

ن وہی مچھلی ہے جس پر زمین قائم ہے۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

إِنَّ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عَمُوداً مِنْ يَاقُوتٍ أَحْمَرَ رَأْسُهُ تَحْتَ السَّمَاءِ وَأَسْفَلُهُ عَلَى ظَهْرِ الْحُوتِ الَّذِي فِي الْأَرْضِ السَّابِعَةِ السُّفْلَى.

خزانہ قدرت میں ایک ستون ہے یاقوت سرخ کا جس کا سر زیر آسمان اور حصہ زیریں پشت ماہی پر ہے جس پر زمین ہفتم قائم ہے۔

فَإِذَا قَالَ الْعَبْدُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ اهْتَزَّ الْعَرْشُ وَتَحَرَّكَ الْعَمُودُ وَتَحَرَّكَ الْحُوتُ فَيَقُولُ اللّٰهُ تَعَالَى اسْكُنْ عَرْشِي فَيَقُولُ كَيْفَ أَسْكُنُ وَأَنْتَ لَمْ تَغْفِرْ لِقَائِلِهَا.

جب بندہ کہتا ہے لا الہ الا اللہ تو عرش ہلنے لگتا ہے اور وہ ستون اور مچھلی بھی جنبش میں آتی ہے، خدا فرماتا ہے اے میرے عرش ٹھہر جا، عرش اُس بندہ کی خدا سے سفارش کرتا ہے۔

نُون:

جم سوتی زبان میں نان کو نون کہتے ہیں یعنی روٹی۔

نُون:

اہل دیہات ہندوستان میں نمک کو کہتے ہیں۔ اس لفظ میں مقلوبی وصف ہے اگر پلٹ دو جب بھی لفظ اور معنی متغیر نہیں ہوتے۔

حرف نون:

حروف تہجی کا پچیسواں حرف ہے جس کے ابجد کے حساب سے پچاس عدد ہوتے ہیں اس کی کئی قسمیں ہیں نون ثقیلہ یا نون خفیفہ، نون تانیث، نون وقایہ، نون تنوین، نون زائد تفصیل اس کی کتب نحو

میں مندرج ہے۔ قرآن مجید میں نون (۲۶۵۶۰) بار ہے۔

نون بن فراہیم:

حضرت یوسفؑ کی نسل میں نون بن فراہیم ایک شخص گذرے ہیں جن کے بیٹے حضرت یوشع وصی موسیٰ علیہ السلام تھے۔ یوشع حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بھانجے تھے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کو اپنا قائم مقام ۱۸ ذی الحجہ کو کیا۔ (مجمع البحرین)

سب سے پہلے دنیا میں سورج انہیں یوشع کی نماز کے لیے پلٹا۔ دعا میں ہے:

یَامَنْ اَعْطَی الْخِضْرَ الْحَیَاۃَ وَرَدَّ لِیُوشَعَ بْنِ نُوْنٍ الشَّمْسَ بَعْدَ غُرُوْبِہَا۔

اے وہ کہ جس نے خضرؑ کو حیات جاوید عطا کی اور یوشع بن نون کے لیے سورج کی روشنی ڈوبنے کے بعد پلٹائی۔

۲۱/ماہ صیام ۳۸۹۲ آپ نے وفات پائی۔

سورہ ن:

باون آیتوں کا تیسویں پارے میں مکہ سورہ ہے۔ جو شخص یہ سورہ فریضہ یا نافلہ میں پڑھے تو ہرگز فقر میں مبتلا نہ ہوگا اور فشار قبر سے نجات ملے گی اور جو شخص درد دندان و درد سر میں مبتلا ہو اور اس سورہ کو لکھ کر گلے میں ڈالے تو اُس کو تسکین حاصل ہوگی۔

ذوالنون مصری:

مشہور شخص ہیں، یہ نوبہ کے رہنے والے تھے، ۲۴۵ھ میں انتقال کیا، ذوالنون مصری کا یہ واقعہ مشہور ہے کہ ایک دن کسی طبیب کے پاس گئے دیکھا کہ عورت و مرد ہجوم کیے ہوئے ہیں قارورہ دکھا رہے ہیں اور وہ ہر شخص کے موافق مزاج دوا تجویز کر رہا ہے، انھوں نے بڑھ کر سلام کیا اور کہا کہ مجھے ایک ایسی دوا دیجئے جو گناہان کبیرہ کے لیے مفید ہو، طبیب تھوڑی دیر تک سر بزانو رہا پھر سر اُٹھا کر کہا کہ اے جوان اگر میں دوا بتاؤں تو نسخہ کو سمجھے گا، ذوالنون نے کہا ہاں۔ طبیب نے کہا عرق فقر، برگ صبر، لیلہ خشوع، آملہ تواضع لیکر ہاون توبہ میں رکھ کر دستہ تقویٰ سے پیس کر توفیق کی پتیلی میں ڈال اور آب خوف مہر دے پھر محبت الٰہی کی آگ نیچے سلگا اور عقل کی کفگیر سے اُس کو حرکت دیتا جا، جب تیار ہو تو رضائے باری کے شیشہ میں رکھ کر حمد باری کی ہوا سے سرد کر اور آب توکل کے ساتھ نوش کر اگر ایسا کرے گا تو کسی گناہ میں مبتلا نہ ہوگا۔

(و)

والہ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
بچہ کو بہت زیادہ چاہنے والی اونٹنی			والہ

فاضل عبدالرشید المدنی منتخب اللغات میں لکھتے ہیں: والہ سرگشتہ وشیفتہ وبیخود وشتر مادہ کہ بر بچہ خود بغایت عاشق وشیفتہ باشد۔

موخر الذکر معنوں میں کلام حضرت امیر المومنینؑ میں یہ لفظ وارد ہوا ہے جیسا کہ حمام کی لغت میں گذرا۔

تعبیر: اگر اس کو خواب میں دیکھے تو بچوں کو چاہنے والی عورت ملے۔

وَبَرْ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
نیولا ایک قسم کا			وَبَرْ

بلی سے چھوٹا ایک جانور ہے سیاہ رنگ کا جس کی دُم نہیں ہوتی، دنبی کے ایسی چکتی بجائے دُم کے خدا نے خلق کی ہے، اس کی آنکھیں بہت خوبصورت ہیں، یہ ملکِ عرب کے گھروں میں رہتا ہے اور پھل ترکاریاں کھاتا ہے، عرب اس کو غنم بنی اسرائیل کہتے ہیں۔ بعض محققین کہتے ہیں کہ یہ نیولے کی ایک قسم ہے، بہرحال کلام معصوم سے مستفاد ہوتا ہے کہ یہ جانور مسخ ہے اور بنی اسرائیل کا وہ گروہ ہے جو خشکی کی طرف بھاگا خدا نے اُس کو اس صورت میں مسخ کر دیا، یہ حدیث آئندہ انشاء اللہ درج کی جائے گی۔

تعبیر: اس کو خواب میں دیکھے تو وفادار خادم ملے۔

حکم: حرام ہے۔

وحش

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
وحش			

وحشت انس کی ضد ہے چونکہ جانور عموماً انسان سے بھاگتے ہیں اس لیے ان کو وحش کہا ہے لیکن اصطلاح لغویین میں وحشی صرف چرندوں میں اُن جانوروں کو کہتے ہیں جو انسان سے غیر مانوس ہوں۔

طیور وحوش کے علاوہ ایک قسم ہیں، شاعر کہتا ہے۔

وحوش و طیور ایسے بیتاب تھے　　　　کہ دل اُن کے سینوں میں خوناب تھے

انھیں معنوں میں دعائے قدح میں ہے:

يَارَازِقَ الْوُحُوشِ وَالْبَهَائِمِ.

اے وحشی جانوروں اور گائے بیل اونٹ کے رزق پہنچانے والے۔

جناب امیر نہج البلاغہ میں فرماتے ہیں:

يَعْلَمُ عَجِيجَ الْوُحُوشِ فِي الْفَلَوَاتِ.

وہ (خدا) جانتا ہے وحوش کی نالہ وفریاد کو جنگلوں میں۔

دنیا سے منہ موڑنے والے عبادت گذاروں کی شان میں بھی یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔ دعائے کمیل میں ہے:

يَانُورَ الْمُسْتَوْحِشِينَ فِي الظُّلَمِ.

قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے:

وَاِذَا الْوُحُوشُ حُشِرَتْ. (التکویر:۵)

جب کہ وحشی محشور کیے جائیں گے۔

اس آیہ کے بارے میں مقدمات کتاب میں تبصرہ کیا جاچکا ہے۔

قصہ حضرت موسیٰ علیہ السلام وفرعون میں بھی لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ قطب راوندی علیہ الرحمہ عون کے خزینہ دار حزئیل کے حال میں لکھتے ہیں: فرعون نے دو شخصوں کو بھیجا کہ حزئیل کو حاضر کرو، اُن دونوں نے حزئیل کو پہاڑوں کے درمیان نماز میں مشغول دیکھا اور وحشیان صحرا اُس کے پیچھے جمع تھے۔ اُن دونوں نے جب یہ ارادہ کیا کہ نماز ختم ہونے سے پہلے اس کو لے جائیں اور نماز ختم ہونے نہ دیں،

خداوند عالم نے اُن میں سے ایک جانور وحشی کو جو ایک شتر بزرگ کے مانند تھا حکم دیا ان کے اور حزئیل کے درمیان حائل ہو گیا اور دشمنوں کو دفع کیا۔

جب حزئیل نماز سے فارغ ہوئے تو خدا سے دعا کی کہ (پالنے والے) مجھے فرعون کے شر سے امان دے تو ہی میرا خدا ہے میں نے تجھی پر توکل کیا ہے اور تجھی پر ایمان لایا ہوں اور تیری ہی طرف میری بازگشت ہے۔

(ترجمہ حیات القلوب، ص ۳۹۵)

(ایک قول یہ ہے کہ حزئیل وہ نجّار تھا جس سے مادر موسیٰ علیہ السلام نے صندوق تیار کرایا تھا۔)

حزئیل نے سو برس کامل اپنا ایمان چھپایا، جس دن حضرت موسیٰ علیہ السلام ساحروں پر غالب آئے اُس دن اپنا ایمان ظاہر کیا اور ساحروں کے ساتھ شہید ہوئے، حزئیل کی بی بی بھی مومنہ تھی خود دختر فرعون کی آراستگی پر مقرر تھی۔

احادیث میں وحش کا لفظ کثرت سے پایا جاتا ہے۔ فضائل شب جمعہ میں وارد ہوا ہے کہ جب شب جمعہ ہوتی ہے تو دریا کی مچھلیاں سر پانی سے نکال کر اور صحرا کے وحشی گردنیں اُٹھا کر خدا سے دعا کرتے ہیں کہ پروردگار آدمیوں کے گناہوں سے ہم پر عذاب نہ کرنا۔ (مفاتیح الجنان)

فاضل دمیری نے ابوالقاسم اصفہانی مؤلف الترغیب والترہیب کے حوالہ سے لکھا ہے:

بلغی ان الوحوش کانت تصوم یوم عاشورا.

مجھے اطلاع ہوئی ہے کہ وحشی جانور دسویں محرم کو آب و دانہ ترک کر دیتے ہیں۔

محب الفقراء مولوی انور علی صاحب رحمانی نے اس نوحہ و ماتم کا ماخذ احادیث صحاح کو بتایا ہے، موصوف اپنے رسالے میں لکھتے ہیں:

جس وقت شہید ہوئے حسین علیہ السلام تو آسمان سے اس قدر خون باری ہوا کہ صبح سارے برتن خون سے لبریز تھے، بیت المقدس اور عراق و شام تک نیچے ہر سنگ کے خون منجمد موجود تھا اور بعض روایات کے سات روز تک آسمان رویا اور وحوش و طیور کو تعزیہ داری اور نوحہ گری کے معین کیا تھا یہ تمام اہتمام خدائے سبحانہ کی طرف سے ازروئے احادیث صحاح کے ثابت ہے۔

(ردّ وہابیہ چھاپہ، ص ۶، مطبع انوری ۱۳۰۲ء)

تعبیر: وحش کو خواب میں دیکھے تو حلقۂ اثر بڑھے، ہر دل عزیزی حاصل ہو۔

ادبیات: شعراء عاشق کو وحشی کہتے ہیں۔ حضرت تمنّا نے فرمایا ہے۔

بے سبب کب ہے شب ہجر شفق کی سرخی　　　تیرے وحشی نے کہیں فصد یہ کھلوائی ہے

وحشی:

وحی حضرت حمزہؓ کے قاتل کا نام ہے۔ محقق طریحی نے لکھا ہے کہ حدیث پیغمبر میں ہے: حمزہؓ اور ان کا قاتل دونوں بہشت میں ہوں گے۔ قاتل حمزہؓ اس ارتکاب جرم کے بعد توبہ کر کے اسلام لایا تھا۔ مجھے اس مسئلہ پر اظہار خیال کی ضرورت معلوم نہیں ہوتی موضوع سے باہر ہے، ظل الرحمہ میں مؤلف نے نجات وحشی سے مکمل بحث کی ہے۔

تاریخ میں ہے:

لما جاء الیه وحشی قاتل حمزہ و اقر بالبیعة و الاسلام اخذا بیعه منه وقال غیب وجهك عنی لا اراك بعد.

جب وحشی خدمت نبویؐ میں آیا اور اسلام لا کر بیعت کی تو آنحضرتؐ نے اپنے چچا کے قاتل سے بیعت لی اور فرمایا کہ آج کے بعد مجھے اپنی صورت نہ دکھانا۔

ورشان

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ورشان			سفید کبوتر

ورشان کے بارے میں اہل تحقیق کے بارے میں اختلاف ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ قمری کے نر کو ورشان کہتے ہیں، دوسرا قول یہ ہے کبوتر سفید، تیسرا قول ہے کہ فاختہ اور کبوتر کے جفت ہونے سے جو بچے نکلے وہ ورشان ہے، پانچواں قول مجلسی علیہ الرحمہ کا ہے اُنھوں نے ورشان کا ترجمہ کبوتر خانگی کیا ہے حدیث امام حسینؑ میں ہے کہ ورشان کہتا ہے کہ اگر میرا گناہ نہ بخشا تو شقی اور بد بخت ہو جاؤں گا۔

اور دوسری روایت میں ہے کہ یہ کہتا ہے: قدستم قدستم ، اور کعب الاحبار کا قول ہے کہ ورشان کی صدا یہ ہے:

لدوا للموت وابنو اللخراب.

تم مرنے کے لیے پیدا ہوئے ہو اور تم نے عمارتیں خراب ہو جانے کے لیے بنائی ہیں۔

اس پرند کے گھروں میں پالنے کی فضیلت وارد ہوئی ہے، معصوم کا ارشاد ہے:

مَنِ اتَّخَذَ طَيْرًا فَلْيَتَّخِذْ وَرَشَانًا.

جو کوئی چڑیا پالتا ہے وہ درشان پالے۔

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں امام محمد باقرؑ کی خدمت میں حاضر تھا کہ درشان کا نر دیوار خانہ پر بیٹھ کر گونجنے لگا۔ میں نے عرض کیا میں فدا ہوں یہ کیسا پرند ہے۔ فرمایا اے فرزند مسلم خدا نے جتنی چیزیں چرند و پرند خلق کی ہیں وہ بنی آدم سے زیادہ ہماری مطیع ہیں اس نے مادہ پر بدگمانی کی تھی مادہ نے قسم کھائی اور اپنی پاکدامنی کے سلسلہ میں مجھے ضامن قرار دیا میں نے فیصلہ کیا کہ بیشک نر مادہ پر ظلم کرتا ہے اس کے بعد وہ دونوں بالکل راضی ہو گئے۔

جابر بن یزید جعفی کہتے ہیں کہ میں امام محمد باقرؑ کے ساتھ حج کے لیے نکلا راستہ میں درشان محمل پر بیٹھ گیا، میں نے چاہا کہ اُس کو پکڑ لوں، آپؑ نے بلند آواز سے فرمایا کہ جابر ایسا نہ کرنا یہ ہم اہل بیتؑ سے پناہ گزین ہوا ہے، میں نے عرض کیا یہ کیا کہتا ہے، فرمایا اس بات کی شکایت کرتا ہے کہ اس پہاڑ میں ۳ سال سے انڈے دیتا ہے جب بچے نکلتے ہیں تو سانپ کھا جاتا ہے مجھ سے خواہش کی ہے کہ دعا کیجئے وہ مر جائے میں نے دعا کی وہ مر گیا۔

شہنشاہ ایڈورڈ ہفتم کے پاس ایک عجیب کبوتر تھا اس کبوتر نے روک سنیڈ رنگھام کی پانچ سو میل کی دوڑ جیتی تھی اس کبوتر کا رنگ سیاہ نیلا تھا۔ ۱۸۹۱ء میں یہ پیدا ہوا تھا، اسے ۱۸۹۴ء میں بوسٹن اور کاسٹل سے سینڈر نگھام تک گیا، وہ صبح ۳ بجے چھوڑا گیا تھا اور شام کو ۳ بج کر ۵ منٹ پر سینڈرنگھام میں وارد ہوا، اس نے فی منٹ ۱۳۰۷ گز کی تیزی سے پانچ سو میل طے کیے۔ ولایت میں بعض کبوتر آٹھ ہزار روپیہ میں فروخت ہوتے ہیں۔ بلجیم، سلز اور انٹوپ میں کبوتر بازی کا کافی رواج ہے۔ جرمنی میں فوجی اغراض کے لیے کبوتروں سے نامہ بری کا کام لیا جاتا ہے، ہر بڑے قلعہ میں چند کبوتر رکھے جاتے ہیں جن کی نگہداشت اور تربیت کا کام قلعہ کے کمانڈر کے سپرد ہوتا ہے۔ میٹز اور اسٹرار برگ اور کولون میں ان ہوائی پیام بروں کی تعداد ۶۰۰ ہے۔ کبوتروں کے اسٹیشنوں کا سلسلہ ایسا مکمل ہے کہ اگر سلطنت جرمنی کے ہر ریل اور ہر تار دشمن کے ہاتھ آ جائیں تو سرحد کے کل بڑے بڑے شہروں میں ایک دوسرے سے خط و کتابت کا سلسلہ جاری رہ سکتا ہے اور دار السلطنت کو ہر بڑے شہر کی حالت معلوم ہو سکتی ہے۔ چین میں بھی نامہ بری کی خدمت کبوتر سے لی جاتی ہے اور کبوتروں کو شکاری پرندوں سے بچانے کی ایک عجیب ترکیب ہے، بانس کی تیلیاں کبوتروں کے جسم میں ایک تاگے سے جوان کے بازوؤں کے اندر سے لی جاتی ہیں باندھ دی جاتی ہیں جب یہ کبوتر اڑتے ہیں تو ایک تیز سیٹی کی سی آواز پیدا ہوتی ہے جو شکاری چڑیوں کو اُن سے دور رکھتی ہیں۔

(عجائب المخلوقات، ص ۲۳ ۔ ۴۳ و ص ۵، چھاپہ منشی نول کشور لکھنو)

تعبیر: اس قسم کا کبوتر خواب میں دیکھے تو وعظ و نصیحت کی توفیق ہو، راہ ہدایت نظر آئے۔

ادبیات:

کبوتر باز جب کبوتر اُڑانے کی سیٹی بجاتے ہیں اُس کو زفیلنا کہتے ہیں۔

انشاء اللہ خان کہتے ہیں۔

اپنے کوٹھے پر کچھ اس ڈھب سے زفیلا کہ مری لے گیا جان اُڑا ایک کبوتر والا

وَرَل

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
وَرَل	قاتل مار		ایک طرح کا سوسمار

یہ جانور سوسمار سے چھوٹا بلی سے بڑا ہوتا ہے، اس کی دُم کتے کی دُم سے لانبی ہوتی ہے، یہ سانپ اور سوسمار کا دشمن ہے، سانپ کا سر کاٹ کے کھا جاتا ہے، کبھی رہنے کا گھر نہیں بناتا، سانپ کے بل میں جا کر سانپ کو کھا کر قیام کرتا ہے۔ سابق کے نمبروں میں گذرا کہ یہ مسخ ہے اور معصومؑ نے اس کو مسوخات میں شمار کیا ہے۔ روایت کلبی نسابہ میں بھی اس کا ذکر ہے کہ جب اُس نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے جری کو پوچھا تو آپؑ نے فرمایا:

اِنَّ اللهَ مَسَخَ طَائِفَةً مِنْ بَنِی اِسْرَائِیْلَ، فَمَا اَخَذَ مِنْهُمْ بَحْراً فَهُوَ الْجِرِّیُّ وَ الزِّمِّیْرُ وَ الْمَارْمَاهِیُ وَ مَا سِوَی ذٰلِكَ وَ مَا اَخَذَ مِنْهُمْ بَرّاً فَالْقِرَدَةُ وَ الْخَنَازِیْرُ وَ الْوَبْرُ وَالْوَرَلُ وَمَا سِوَی ذٰلِكَ.

خداوند عالم نے بنی اسرائیل کے ایک گروہ کو مسخ کیا تو جو لوگ عذاب الٰہی سے ڈر کر دریا کی طرف وہ جری اور ذمیر اور مار ماہی وغیرہ کی صورت میں مسخ ہوئی اور جو خشکی کی طرف بھاگے وہ بندر، سور، دیڑ ورل وغیرہ کی شکل میں مسخ کر دیئے گئے۔

تعبیر:

اگر ورل کو خواب میں دیکھے تو گھر اُس کا سانپ اور حشرات الارض کے شر سے محفوظ رہے۔

خواص: اس کی چربی جلا کر سرمہ لگائے تو سفیدی چشم کو مفید ہے۔

حکم: اس کا گوشت، چربی کھانا حرام ہے اس لیے کہ مسخ ہے۔

وزغ

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
چھپکلی		چلپاسہ	وزغ

مشہور زہردار جانور ہے جو زیادہ تر پرانے مکانات، کہنہ دیواروں پر نظر آتا ہے۔ چھپکلی کو سام ابرص بھی کہتے ہیں، یہ چراغ کی روشنی میں بوٹ پروانوں کو شکار کرتی ہے، چیونٹا پکڑ کر لے جاتی ہے اور خون چوس کر چھوڑ دیتی ہے، آدمی کو بہت کم کاٹتی ہے اگر کاٹ لے تو جاں بری ممکن نہیں، چھپکلی زعفران کی خوشبو سے بھاگتی ہے جہاں زعفران ہو وہاں چھپکلی ہرگز نہ جائے گی۔ حدیث میں ہے کہ چھپکلی بھی مسخ ہے، یہ ایک گوشت والا تھا جو ترازو میں گوشت کم دیتا تھا خدا نے اُس کو چوری کی علت میں مسخ کر دیا اور ایک روایت میں ہے کہ وزغ وہ گروہ ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر مائدہ نازل ہونے کے بعد ایمان نہ لانے کے جرم میں مسخ ہوا۔

چھپکلی کا وجود قبل مسیح ثابت ہے جب حضرت ابراہیم کو نمرود نے آگ میں ڈالا تو چھپکلی اس آگ کو اور مشتعل کر رہی تھی۔ احادیث میں چھپکلی مارنے کا حکم ہے اور یہ بھی وارد ہوا ہے کہ:

لَیْسَ یَمُوْتُ مِنْ بَنِیْ اُمَیَّةَ مَیِّتٌ اِلَّا مُسِخَ.

بنی امیہ سے کوئی مرنے والا نہیں مرا مگر یہ کہ اس شکل میں مسخ کر دیا گیا۔

سید المتورعین جناب حجۃ الاسلام مولانا سید ابو صاحب قبلہ طاب ثراہ تحریر فرماتے ہیں کہ جو حدیثوں میں وارد ہوا ہے کہ بنی امیہ بعد مرنے کے مسخ ہو جاتے ہیں بصورت وزغ تو اس میں تین احتمال ہیں یعنی صورت مثالی یا روح کا جسم ہونا یا بدنِ اصلی کا مسخ ہو جانا مگر بعض حدیثوں میں بدن اصلی کا مراد ہونا ظاہر تر ہے۔

(تحفہ احمدیہ، ص ۸۶، جلد اول)

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب مروان پیدا ہوا تو اُس کو خدمت نبویؐ میں دعائے خیر کے لیے لائے عائشہ کی گود میں دیکھ کر آپؐ نے فرمایا:

اَخْرِجُوا عَنِّی الْوَزَغَ ابْنَ الْوَزَغِ.

اس چھپکلی اور چھپکلی کی اولاد کو میرے پاس سے نکالو۔

اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ پیغمبر خداؐ بنی امیہ کے ہر فرد کو مستقبل میں چھپکلی ہو جانے کی خبر دیتے تھے۔

عبداللہ بن طلحہ کہتا ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے چھپکلی کے لیے پوچھا:

فَقَالَ هُوَ رِجْسٌ وَهُوَ مَسْخٌ كُلُّهُ فَإِذَا قَتَلْتَهُ فَاغْتَسِلْ.

فرمایا وہ پلید ہے، اس کی قسمیں سب مسخ ہیں، جب اس کو قتل کرو تو (مستحب ہے کہ) غسل کرو، یہ کہہ کر فرمایا کہ میرے پدر بزرگوار حجرہ میں تشریف رکھتے تھے اور ایک شخص باتیں کر رہا تھا کہ دیکھا چھپکلی زبان کو حرکت دے رہی ہے، اُس نے عرض کیا کہ ہم کو کچھ خبر نہیں کہ یہ کیا کہتی ہے۔ فرمایا یہ کہتی ہے:

وَاللّٰهِ لَئِنْ ذَكَرْتُمْ عُثْمَانَ بِشَتِيمَةٍ لَأَشْتِمَنَّ عَلِيًّا حَتّٰى تَقُومُوا مِنْ هٰهُنَا.

خدا کی قسم اگر تم عثمان کو برا کہو گے تو میں علیؑ کو برا کہوں گی یہاں تک کہ یہ نشست ختم ہو۔

میرے والد بزرگوار نے فرمایا ہے کہ بنی امیہ میں کوئی نہیں مرا مگر یہ کہ چھپکلی کی صورت میں خدا نے اُسے مسخ کر دیا چنانچہ عبدالملک بن مروان جب ہلاک ہوا تو چھپکلی ہو گیا اور حاضرین کے سامنے سے لاش غائب ہو گئی، سب حیرت زدہ تھے آخر میں یہ رائے ہوئی کہ ایک مصنوعی لاش بنا کر اس کی تجہیز و تکفین کی جائے چنانچہ گوسفند کو کفن پہنا کر دفن کیا۔

یہ حدیث امام محمد باقر علیہ السلام کی زبانی بھی چند طرق سے جاری ہوئی ہے۔

ہندوستان کے واہمہ پرست لوگ کہتے ہیں کہ اگر چھپکلی کو جفت ہونے کے عالم میں مار ڈالے اور زمین میں دفن کر دے تو کثیر دولت ملتی ہے، مجھ سے بعض لوگ اپنا چشم دید مشاہدہ بیان کرتے ہیں۔ والعلم عند اللہ۔

تعبیر: اگر چھپکلی کو حملہ کرتے ہوئے دیکھے تو کسی دشمن اہل بیتؑ سے سامنا ہو، اگر اس کو مار ڈالے تو دشمن ہلاک ہو۔

خواص: اطباء کہتے ہیں کہ پرانی چھپکلی کو پکڑے اور جب ماش کی کھچڑی تیار ہو جائے تو سرپوش ڈھانک کر رکھ چھوڑے سرد ہونے پر جذامی کو کھلا دے مریض اچھا ہو جائے گا۔

حکم: چھپکلی کا گوشت حرام اور زہریلا ہے۔ اگر چھپکلی کنویں میں گرے تو تین ڈول نکالنا مستحب ہے۔ سرکار سید کاظم طباطبائی عروۃ الوثقیٰ میں فرماتے ہیں:

ما لا نفس له طاهرة كالوزغ والعقرب والخنفاء والسمك.

جس کے خون جمندہ نہ ہو اس جانور کا مردہ جسم پاک ہے مثل چھپکلی اور بچھو اور گوہر دار اور مچھلی کے۔

بچھکو پرا:

چھپکلی کی ایک خطرناک قسم ہے جو کاٹنے کے بعد اگر اپنے پیشاب میں لوٹ جائے تو مریض سے اثر زہر ہرگز نہیں جاتا، اگر کاٹنے کے ساتھ اس کو مار ڈالو تو زہر اثر نہیں کرتا۔ واللہ یعلم

سانڈا:

مثل چھپکلی کے مگر چھپکلی سے بڑا ایک جانور ہے جس کی کمر توڑ کر لوگ پالتے ہیں اور اس کا تیل نکال کر چوٹ، درد کے مریضوں کو اچھا کرتے ہیں۔

وَصَعٌ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
وَصَعٌ	مصفور		چڑیا

وصع چڑیا ہے، چھوٹی سفید رنگ کی ایک چڑیا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ چڑیا کو وصع کہتے ہیں۔

حضرت اسرافیلؑ کے حال میں یہ لفظ زبان معصومؑ پر جاری ہوئے ہیں۔

لَيَتَوَاضَعُ لِلّٰهِ حَتّٰى يَصِيرَ كَأَنَّهُ الْوَصَعُ.

بارگاہ احمدیت میں وہ باں عظمت اتنی فروتنی کرتے ہیں کہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ چڑیا کے برابر ہو گئے۔

تعبیر: اس چڑیا کو خواب میں دیکھے تو مزاج میں انکساری فروتنی پیدا ہو۔

خواص: کتب طب میں ذکر نہیں ہے۔

وصیلۃ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
وصیلۃ			

وصیلہ اُس بکری کو کہتے ہیں جو چھ مرتبہ دو دو بچے جن چکی ہو اور ساتویں جھول میں ایک بچہ ہو تو اُس وقت کا دودھ مردوں کے لیے حلال ہوگا اور عورتیں اُس دودھ کو استعمال نہ کریں گی۔

قرآن مجید میں اس کا ذکر ہے:

مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِن بَحِيرَةٍ وَلَا سَائِبَةٍ وَلَا وَصِيلَةٍ وَلَا حَامٍ.

وَطْوَاطْ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
وَطْوَاطْ	شب پرہ		بڑباگز

وطواط کی تحقیق میں ارباب لغت نے دقت نظر سے کام نہیں لیا۔ بعض (محقق طریحی) نے وطواط کے معنی خطاف یعنی ابابیل کے لکھے ہیں اور اس تحقیق پر اعتماد نہ کرکے "قیل الخفاش" بھی لکھ دیا یعنی بعض کے نزدیک یہ چمگادڑ ہے۔ قزوینی کمونی نے اپنی تحریر میں کسی شبہ کی گنجائش نہیں رکھی اور خطاف، خفاش، وطواط کو ردیف وار جدا جدا اپنے محل پر بیان کیا ہے، اُن کی تحریر سے واضح ہوتا ہے کہ وطواط علاوہ ابابیل اور چمگادڑ کے ایک پرندہ ہے۔ محقق طریحی کی پہلی رائے سے مجھے اختلاف ہے وطواط اور خطاف دو الگ جانور ہیں اُن کو ایک تسلیم کرنا اصولی غلطی ہے، میرے نزدیک وطواط اور خفاش دو نام چمگادڑ کے ہیں چھوٹی کو چمگادڑ اور بڑے کو وطواط کہتے ہیں۔

جرجس ہمام شویری معجم الطالب میں لکھتا ہے:

الوطواط بالفتح الخفاش وهو الذى يطرفى الليل ومنه قولهم هوا بصر ليلامنه الوطواط. (ص ۱۲۳۱)

وہ واؤ کے زبر کے ساتھ چمگادڑ ہے جو شب کو پرواز کرتی ہے اور اس جگہ سے عرب کا مقولہ یہی ہے فلاں شخص رات کو وطواط سے زیادہ دیکھتا ہے۔

قوی گمان ہے کہ حدیث معصومؑ میں اسی کی طرف اشارہ ہے۔ جناب امیر المومنینؑ فرماتے ہیں: وطواط ایک انسان تھا جو درخت خرما سے خرمے توڑ لے جایا کرتا تھا خدا نے اس عقوبت میں اُس کو مسخ کر دیا۔ ہمارے گذشتہ بیان سے جو خفاش کے تحت میں گذرا اس تحقیق کو منضم کرنے کے بعد یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ دو شخص چمگادڑ کی شکل میں مسخ ہوئے ہیں ایک وہ عورت جس نے سحر کیا جس کی سزا یابی کو معصومؑ نے خفاش کے لفظ سے یاد کیا ہے اور ایک یہ مرد تھا جو خرمے چراتا تھا جس کو وطواط سے تعبیر کیا۔

محقق طریحی لکھتے ہیں کہ جب بیت المقدس میں دشمنان دین نے آگ لگا دی تھی تو وطواط اپنے پروں سے آگ بجھانے کی کوشش کر رہی تھی، یہ خدمت اس پرند کی بڑے امتحان کی نظر سے دیکھی جاتی ہے۔

آسٹریلیا میں ایک قسم کی چمگادڑ پائی گئی ہے جس کو فلائنگ فاکس (Flaying fox) کہتے ہیں، یعنی اُڑنے والی لومڑی۔ یہ چمگادڑ پھلوں کا بہت نقصان کرتی ہے۔

تعبیر: اگر وطواط خواب میں دیکھے تو چوری کا اندیشہ ہے، صدقہ دے۔

خواص: بلیناس کا قول ہے کہ اگر وطواط پانی میں ڈوب کر مرجائے تو جو شخص پانی پئے اُس کو ایک مہینہ تک نیند نہ آئے گی۔

حکم: گذرا کہ گوشت اس کا حرام ہے۔

(ھ)

الھِرّ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
الھرّ	گربہ		بلی

بلی کو عربی میں ہر بھی کہتے ہیں۔

حدیث جناب امیر المومنینؑ میں اس کا ذکر ہے، آپؑ نے فرمایا ہے:

اَنَّ الْھِرَّ سَبُعٌ، فَلَا بَأْسَ بِسُؤْرِہٖ.

بلی درندوں میں سے ہے اُس کا جھوٹا کھانے میں کوئی حرج نہیں۔

محقق طریحی نے مجمع البحرین میں لکھا ہے کہ ایک عورت جہنم میں اس جرم میں داخل کی گئی کہ اُس نے بلی کو باندھ رکھا تھا اور وہ مرگئی۔

ابو ہریرہ:

پیغمبر خداؐ کے ایک مشہور صحابی کا لقب ہے جن کا نام عبداللہ تھا پیغمبرؐ نے ابو ہریرہ کنیت رکھی، اس کا واقعہ یہ تھا کہ ایک مرتبہ آقائے دوجہاں کی سرکار میں بلی آستین میں رکھ کر داخل ہوئے، پیغمبر خداؐ نے دیکھ کر پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ عرض کیا ہرہ (بلی)، فرمایا اے ابو ہریرہ، جب سے لوگوں نے نام لینا چھوڑ دیا اور ابو ہریرہ کہنے لگے۔

لیلۃ الہریر:

جنگ صفین کی ایک خون آشام رات کا نام ہے جس میں حضرت علیؑ شب بھر مصروف جنگ رہے۔

بلی کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر اور خواص اپنے مقام پر گذرے۔

ہزبر

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ہزبر	شیر درندہ		باگھ

ارباب لغت کہتے ہیں کہ ہزبر شیر کو کہتے ہیں اور بعضوں کا قول ہے کہ یہ حیوان جنگلی بلی کی صورت سے مشابہ ہوتا ہے، رنگ میں بلی سے فرق ہے، دانت خطرناک ہوتے ہیں، ملک حبش میں اس کا وجود ہے۔

زرندی عالم اہل سنت نے دُرالسمطین میں اس کو جناب امیرالمومنین علی بن ابی طالبؑ کے ناموں میں شمار کیا ہے جیسا کہ ضرغام کے لغت میں گذرا اور ابن عباس جو شاگرد خاص تھے آپؑ کے، جن سے بکثرت روایات پھیلی ہیں اُنھوں نے بھی اسماء والقاب بیان کرتے ہوئے کہا ہے:

هزبر ضرغام، عازم عزام، خطیب حصیف محجاج مقول ثجاج کریم الاصل شریف الفضل (زین الفتیٰ، عاصمی)

شیر نر، ارادے کے پختہ، خطیب، کامل رائے اور حجت قائم کرنے والے، علم کے دریا بہانے والے، اصل و نسل میں بزرگ، فضائل میں شریف۔

دیوان منسوب میں ہے کہ جناب امیرؑ نے طلحہ بن طلحہ کے سامنے جنگ احد میں جو رجز پڑھا اُس میں فرمایا:

اِنِّی اَنَا اللَّیْثُ الْهِزَبْرُ الْاَشْوَسُ ۔۔۔ وَالْاَسَدُ الْمُسْتَأْسِدُ الْمُعَرِّسُ

میں وہ شیر نر ہوں جو شدت غضب میں گوشہ چشم سے گھورتا ہے اور وہ شیر ہوں جو آخر شب راحت لیتا ہے۔

بہادر کو عموماً ہزبر کہتے ہیں۔ حضرت انس لکھنوی جناب قاسمؑ کی جنگ کہتے ہوئے فرماتے ہیں ؎

اک دل جو پائے تین ستمگر پے ستیز ۔۔۔ جھپٹا ہزبر تول کے تیغ شرارہ ریز

انسؔ ہی کا ایک نایاب مرثیہ ہے جو اس مطلع سے شروع ہوتا ہے:

برہم ہز برِ شیرِ خدا آج رن میں ہے

(نوٹ): شیر کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر اور حکم اپنے محل پر گذر چکا۔

ہُد ہُد

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ھُدھُد	بوبک	Hooper	ہدہد بادشاہ

مختلف رنگ کا خوبصورت اور مشہور پرندہ ہے جس کی چونچ دراز اور سر پر تاج ہوتا ہے، زمین کے کیڑے اور پتنگے اس کی غذا ہے، عرب اس کو ابوالربیع کہتے ہیں۔

جناب امیرالمومنینؑ فرماتے ہیں کہ ہر ہدہد کے بازو پر بخطِ سریانی قلم قدرت سے لکھا ہوا ہے: آلِ محمد خیر البریہ، اہل بیت رسولؐ بہترین خلق ہیں۔

ہدہد کیا کہتا ہے اس میں مختلف احادیث ہیں۔ جناب سرورِ کائناتؐ نے یہودی کے استفسار پر ہدہد کی بولی بیان کی ہے کہ وہ کہتا ہے خدا رحمت نازل کرے آپؐ پر اے فرزند داؤدؑ۔

دوسرا قول یہ ہے کہ ہدہد کہتا ہے: اے بندگان خدا استغفار کرو۔

تیسرا قول کعب الاحبار کا ہے وہ کہتا ہے کہ ہدہد کی صدا ہے: (مَنۡ لَا یَرۡحَمۡ) کون ہے جو رحم نہیں کھاتا۔

چوتھا قول امام حسینؑ کا ہے آپ فرماتے ہیں کہ ہدہد کہتا ہے کتنا زیادہ شقی ہے وہ جو خدا کی نافرمانی کرے۔

ہدہد نے انبیاءؑ کی نصرت کی ہے، عہد حضرت موسیٰ علیہ السلام میں عوج بن عناق کی سرکشی حد سے بڑھ گئی تھی اُس وقت خدا نے ہدہد کو اس کے قتل کا پیش خیمہ قرار دیا یہ وہ سرکش ہے قد اس کا ۲۳ ہزار ۳ سو گز تھا اور تین ہزار برس کی عمر تھی، اس نے کسی پہاڑ سے ایک پتھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لشکر کے برابر اُکھیڑ کر لا رہا تھا خدا نے ہدہد کو مامور کیا کہ اس عظیم پتھر میں اپنی منقار مارے، ہدہد نے اپنی کمزور منقار سے پتھر پر ضرب دے کر سوراخ کر دیا اور وہ پتھر عوج کی گردن کا طوق ہو گیا اس پتھر کی گرانی سے عوج گرا اُس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام اُس کے قتل کے لیے آمادہ ہوئے، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قد ۱۰ گز کا اور آپ کا عصا بھی دس گز کا تھا، آپ نے ۱۰ گز جست کی اُس وقت اُس کی پنڈلی پر عصا مار سکے اس طرح وہ بدبخت ہلاک ہوا۔ (حیات القلوب)

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہدہد کو مارنے کی ممانعت فرمائی ہے اور یہ وجہ بیان کی ہے کہ اس نے مملکت بلقیس کی طرف حضرت سلیمان علیہ السلام کی راہبری کی تھی۔ قرآن مجید میں قصہ سلیمانؑ میں ہے:

وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَا أَرَى الْهُدْهُدَ أَمْ كَانَ مِنَ الْغَائِبِينَ. لَأُعَذِّبَنَّهُ عَذَابًا شَدِيدًا أَوْ لَأَذْبَحَنَّهُ أَوْ لَيَأْتِيَنِّي بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ. (نمل: ۲۱،۲۰)

سلیمان نے پرندوں کے لشکر کی حاضری لی تو کہنے لگے یہ کیا بات ہے کہ میں ہدہد کو اُس کی جگہ پر نہیں دیکھتا وہ کہیں غائب ہے تو میں اُسے سخت سے سخت سزا دوں گا یا اُسے ذبح کر ڈالوں گا یا پھر وہ اپنی بے گناہی کی کوئی روشن دلیل میرے سامنے پیش کرے۔

فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيدٍ فَقَالَ أَحَطتُ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهِ وَجِئْتُكَ مِن سَبَإٍ بِنَبَإٍ يَقِينٍ.
(نمل: ۲۲)

سلیمان نے تھوڑی ہی دیر توقف کیا تھا ہد ہد نے آ کر عرض کیا مجھے وہ بات معلوم ہوئی ہے جو آپ کو بھی اب تک معلوم نہیں ہے میں آپ کے پاس شہر سبا سے ایک تحقیقی خبر لے کر آیا ہوں۔

إِنِّي وَجَدتُّ امْرَأَةً تَمْلِكُهُمْ وَأُوتِيَتْ مِن كُلِّ شَيْءٍ وَلَهَا عَرْشٌ عَظِيمٌ. وَجَدتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُونَ لِلشَّمْسِ مِن دُونِ اللَّهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ.
(نمل: ۲۴،۲۳)

میں نے ایک عورت کو دیکھا کہ وہ وہاں کے لوگوں پر سلطنت کرتی ہے اور اُسے دنیا کی ہر چیز عطا کی گئی ہے اور اُس کا ایک بہت بڑا تخت ہے میں نے ملکہ اور اُس کی قوم کو دیکھا کہ وہ لوگ خدا کو چھوڑ کر سورج کو سجدہ کرتے ہیں اور شیطان نے اُن کے کرتوت کو اُن کی نظروں میں اچھا کر دکھایا ہے۔

یہ طویل گفتگو ایک پرندے سے سن کر سلیمانؑ نے فرمایا ہم ابھی دیکھتے ہیں کہ تو نے سچ کہا ہے یا تو جھوٹا ہے میرا یہ خط لے کر جا اور اس کو اُن لوگوں کے سامنے پہنچا دے پھر اُن کے پاس سے ہٹ جانا اور دیکھتے رہنا کہ وہ کیا جواب دیتے ہیں۔ ہد ہد نبی خدا کا نامہ لیے ہوئے قصر بلقیس میں داخل ہوا بلقیس نے ایک حجرہ اس طرح کا تعمیر کیا تھا کہ جب سورج نکلتا تھا تو روشندان سے اُس کی پہلی کرن بلقیس کی خواب گاہ میں پڑتی تھی اور وہ اُٹھ کر پہلے آفتاب کو سجدہ کرتی تھی۔ ہد ہد نے اپنے دونوں پر پھیلا کے روشن دان کو روک دیا پھر نامہ سلیمان اُس کے قریب گلو رکھ دیا اور واپس ہو کر سلیمانؑ سے اپنی کارگذاری عرض کی ۔ دوسرا عہدہ اس پرند کو حضرت سلیمانؑ کی طرف سے یہ عطا ہوا تھا کہ ہد ہد پانی خوب پہچانتا ہے وہ زمین کے اندر پانی کو اس طرح دیکھ لیتا ہے جیسے انسان شیشے سے کسی چیز کو دیکھتا ہے۔

امام ہفتم نے ہد ہد کو "نعم الطیر" اچھی چڑیا کہا ہے اور بعض دیگر احادیث میں ہے کہ ہد ہد کے سر کا تاج حضرت سلیمانؑ کے دست شفقت کا اثر ہے جو نسلاً بعد نسل اُس کی اولاد میں باقی رہا۔

ارباب دانش کہتے ہیں کہ عجائبات عالم میں اصحاب کہف کا کلب اور عزیرؑ کا گدھا اور سامری کا گوسالہ اور ناقہ صالحؑ اور اسماعیلؑ کا مینڈھا اور یونسؑ کی مچھلی اور سلیمانؑ کا ہدہد اور چیونٹی اور حضرت نوحؑ کا کوا اور اُوس بن احسنان کا بھیڑیا اور علیؑ ابن ابی طالبؑ کی تلوار ذوالفقار آبدار۔ (مناقب)

مشہور ہے کہ ہدہد اپنے آشیانہ میں آدمی کا پیخانہ رکھتا ہے اس کی وجہ سمجھ میں نہیں آتی سوائے اس کے کہ نفاست پسند لوگ قریب نہ پھٹکیں۔ ہدہد جب ضعیف ہوجاتا ہے تو بچے اُس کے بال و پر نوچ کر اپنے پروں کے نیچے سیتے ہیں اور پھر پر نکلنا شروع ہوتے ہیں اس طرح ہدہد از سر نو جوان ہوجاتا ہے۔

تعبیر:

ہدہد خواب میں دیکھنا حاکم یا افسر ہونے کی تعبیر ہے یا عالموں میں شمار ہو۔

خواص:

اس کا تاج سر پر باندھنا دردسر کے لیے مفید ہے اور اس کا مغز سر خشک کر کے روغن میں آمیزش کر کے چہرہ پر غازہ کریں تو چشمہائے خلائق میں محبوب اور ہر دل عزیز ہو، زبان اس کی پاس رکھنا دشمن پر ظفریاب کرتا ہے اور دل کا تعویذ بنانا باہ کو قوت دیتا ہے۔

حکم:

ہدہد کا گوشت حرام نہیں ہے مکروہ ہے۔ شعار علماء امامیہ یہ ہے کہ اس کو ذبح نہیں کرتے۔

ادبیات:

اردو میں بوبک بڈھے کو کہتے ہیں۔ انشاء

ڈر بھلا کیا چاہئے دربان بوبک کا تجھے

عبدالرحمٰن خان دہلوی کہتے ہیں۔

ہدہد کا مذاق ہے نرالا سب سے ۔۔۔ انداز ہے اک نیا نکالا سب سے
سر دفتر لشکر سلیمان ہے یہ ۔۔۔ اُڑتا بھی ہے دیکھو بالا بالا سب سے

دھوبا:

ایک چڑیا ہدہد کی شکل کی ہے جو دریا پر اُڑتی ہے اور پانی میں ڈوب کے مچھلی پکڑ لیتی ہے، پانی کا اثر اس کے پروں پر کچھ نہیں ہوتا، اہل دیہات اس کو دھوبا کہتے ہیں، گوشت اس کا حرام ہے۔

ہدی

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
کعبہ میں قربانی کے لیے جو جانور لے جائیں			ہدی

الھدی: ہدی اُس چوپائے کو کہتے ہیں جو قربانی کے لیے مکہ بھجا جائے۔

قرآن مجید میں اس کا ذکر ہے:

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ امَنُوا لَا تُحِلُّوا شَعَائِرَ اللهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَائِدَ. (مائدہ:۲)

اے ایمان لانے والو نہ خدا کی نشانیوں کی بے توقیری کرو اور نہ پٹے والے جانوروں کی جو نذر خدا کے لیے نشان دے کر منیٰ میں لے جاتے ہیں۔

صدر کلام میں گذرا کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے لیے جو شتر نحر کرتے تھے اُس میں علیؑ بن ابی طالبؑ کو شریک قرار دیا تھا۔ جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام کے حال میں ارباب سیرت نے لکھا ہے کہ:

كَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ سَاقَ الْهَدْيَ سِتًّا وَسِتِّيْنَ.

آپ نے اپنے قربانی کے اونٹوں کی تعداد چھیاسٹھ اونٹ تک پہنچادی تھی۔

جناب سرور کائنات روحی فداہ کا ارشاد تھا:

كُنْ عَلَى اِحْرَامِكَ مِثْلِي فَاَنْتَ شَرِيْكِي فِي هَدْيِي.

اے علی تم احرام اس طرح باندھو کہ بالکل میں معلوم ہوں تم قربانی میں میرے شریک ہو۔

تعبیر: قربانی کے جانور خواب میں دیکھے تو حج کعبہ کی توفیق ہو۔

هَمَجَه

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
مکھی		مگس	هَمَجَه

کلام عرب میں ہمجہ اُس چھوٹی مکھی کو کہتے ہیں جو مچھر کے برابر ہوتی ہے اور اکثر بھیڑ یا گدھے وغیرہ پر بیٹھتی ہے ہج جمع ہے۔

کلام جناب امیرؑ میں اس کا ذکر ہے، آپؑ فرماتے ہیں:

سُبْحَانَ مَنْ اَدْمَجَ قَوَائِمَ الذَّرَّةِ وَالْهَمَجَةِ.

پاک ہے وہ خدا جس نے چیونٹی اور مکھی کے پیروں کو استوار کیا۔

تعبیر: اس مکھی کو خواب میں دیکھے تو دولت مند ہو، چوپائے خریدے۔

خواص: واللہ یعلم

حکم: مکھیاں خبائث میں داخل ہیں۔

ھلوع

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
ھلوع			

ایک جانور ہے پشت کوہ قاف پر جو ہر دن سات جنگلوں کی گھانس کھالیتا ہے اور سات دریاؤں کا پانی پیتا ہے اور اُس کو اس بات کا اندیشہ رہتا ہے کہ صبح کو کیا کھاؤں گا۔ حق تعالیٰ نے بے صبری میں انسان کو اس جانور سے تشبیہ دی ہے:

اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا. (المعارج:۱۹)

انسان بڑا لالچی پیدا ہوا ہے۔

امیر المومنین علیہ السلام نے اپنے خطبہ میں اس لفظ کی طرف اشارہ کیا ہے:

اَنَا الْاُذُنُ الْوَاعِيَةُ يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ وَ تَعِيَهَا اُذُنٌ وَاعِيَةٌ لم اكفر بالله قد خلقت ولم اهلع مذ كنت قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا.

(روائح القرآن، ص ۶۱۶)

یہ افادہ مجھے والد علام حجۃ الاسلام فردوس مقام مولانا السید محمد تقی اعلی اللہ مقامہ فی دار الکرامہ کے مواعظ سے پہنچا ہے جو جناب مرحوم کی وسعت نظر کا نتیجہ اور تفسیری نکتہ ہے۔ میں نے کتب حیوان میں اس نام کا جانور نہیں دیکھا۔ محمد فخر الدین حسین نے عجائب القصص میں لباب کے حوالہ سے اس کا ذکر کیا ہے۔ قصہ حاتم طائی میں جس کا نام آرائش محفل ہے اس جانور ''ھلوقا'' کا پتہ ملتا ہے جو نہایت ہیبت

ناک اور تباک کن تھا اس کو حاتم نے اپنی فراست سے قتل کیا، اس کی صورت قصہ مذکور میں یہ لکھی ہے کہ نو ہاتھ، نو پاؤں، نو منہ، نو جسم، منہ سے شعلے نکلتے ہوئے، لوٹتا پوٹتا چلا آتا ہے۔ جب حاتم نے اس کو اپنی حسن تدبیر سے قتل کیا تو پیٹ کی آلائش سے تمام جنگل بھر گیا اور رطوبات جسم کا ایک دریا زمین پر جاری ہو گیا۔

(ص ۱۴۱، مطبوعہ فیض احمدی ۱۹۱۳ء)

یہ نوٹ اگر چہ ایک افسانہ کا جز ہے لیکن اس قسم کے عظیم الشان کوہ پیکر جانور کا دنیا میں وجود ضرور ثابت ہوتا ہے، ممکن ہے کہ حلوعا کو حلوقا کہا گیا ہو۔ ہمالیہ کی چوٹی پر بھی ایسے ڈھانچے جانوروں کے برآمد ہوئے ہیں جن کا طول وعرض محیر العقول ہے۔ سمندر کی گہرائیوں میں اس قسم کے بعض جانور اب بھی پائے جاتے ہیں ان میں ایک آکٹوپس بھی ہے اس کے معنی ہاتھ پاؤں والے کے ہیں، یہ دیو صورت جانور سمندری گہرائیوں میں رہتا ہے، اس کے ہاتھ ستراسی فٹ کے ہوتے ہیں سر بارہ فٹ لانبا، جسم پندرہ فٹ کا، طاقت کا یہ عالم ہے کہ بڑی کشتی کو جو مسافروں سے بھری ہو پانی کی تہہ میں کھینچ لیتا ہے۔

(عجائب قدرت، جلد اول)

تعبیر: اگر اس جانور کو خواب میں دیکھے تو حرص کی زیادتی ہو خدا پر بھروسہ نہ رہے۔

خواص: اس کے اجزاء کے ذکر سے کتب طب خالی ہیں۔

حکم: کوئی نص میری نظر سے نہیں گذری۔

هَموس

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
هَموس	شیرز		باگھ

کلام عرب میں ہموس اس شیر کو کہتے ہیں جو آہستہ آہستہ شکار کی طرف بڑھے۔

جناب امیر فرماتے ہیں:

وَتَعْلَمُ اَنِّیْ فِی الْحُرُوْبِ اِذَا الْتَظَتْ　　بِنِیْرَانِهَا اللَّیْثُ الْهَمُوْسُ الْمُجَرَّبُ

(جاننے والے جانتے ہیں کہ میں میدان نبرد میں جب آتش حرب بڑھکتی ہے وہ شیر ہوں جو شکار کی طرف ٹھہر ٹھہر کر بڑھتا ہے اور تجربہ کار ہوتا ہے۔

تعبیر: اس قسم کے شیر کو خواب میں دیکھے تو مستقبل میں دلی مراد تک پہنچے۔

هَوَامُ

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
هَوَامُ	مار و مور و کژدم	Insects	کیڑے مکوڑے

ھامّہ عربی میں اُن جانوروں کو کہتے ہیں جو حشرات الارض میں سے خطرناک ہوتے ہیں مثل سانپ، بچھو وغیرہ کے اور بعض کا خیال ہے کہ ہر حشرات الارض کو ھامہ کہتے ہیں اس کی جمع ہوام ہے۔ موخر الذکر رائے سے مجھے اتفاق نہیں ہے بنا بر اس قول کے بوٹ، بھنبیری، جھینگر، لال بیگ، لونڈی، گملا[۱]، سُرسُری، کیچوا، مچھلی[۲]، گھن وغیرہ حشرات الارض ہیں لیکن حدیث کا ظاہر یہی بتاتا ہے کہ اس سے مراد صرف ضرر رساں جانور ہیں چنانچہ دعا میں ہے:

أُعِيذُ نَفْسِي مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ.

میں پناہ میں دیتا ہوں اپنی جان کو ہر شیطان اور ہامہ کے شر سے۔

دعا میں اس مخلوق کا واسطہ بھی دلایا گیا ہے:

بِهَوَامِّ الْقَفْرِ.

یعنی صحرائے بے آب و گیاہ کے حشرات کا واسطہ۔

امام حسینؑ نے اپنے بھائی محمد حنفیہ سے جب وہ مکہ میں رخصت ہونے کے لیے آئے فرمایا تھا:

وَاللهِ يَا أَخِي لَوْ كُنْتُ فِي جُحْرِ هَامَّةٍ مِنْ هَوَامِّ الْأَرْضِ لَاسْتَخْرَجُونِي مِنْهُ حَتّٰى يَقْتُلُونِي.

اے بھائی خدا کی قسم اگر میں حشرات الارض کے بلوں میں بھی چھپوں تو یزیدی فوج مجھ کو وہاں سے بھی نکال کر قتل کر دے۔

۱: گملا ایسا حریص کیڑا ہے کہ وہ ایک مہینہ میں اپنے جسم کے چھ ہزار گنے وزن کے برابر کھاتا ہے۔ (عجائب المعلومات، ص ۷)

۲: مچھلی کی صورت ایک چھوٹا کیڑا ہے جو پرانے کاغذات اور کپڑوں میں پیدا ہوتا ہے ہندوستانی عورتیں بچوں کے نمونیہ میں اس کا نماد کرتی ہیں۔

تعبیر: کیڑے مکوڑوں کو خواب میں دیکھے تو فکر منداور پریشان ہو، تصدق دے۔

خواص: ہر جانور کے خواص جداگانہ ہیں جو اپنے محل پر بیان ہو چکے۔

حکم: حشرات الارض خبائث میں داخل اور حرام ہیں۔

هام: هام بن قیس بن ابلیس بادشاہ جن کا نام ہے جس کا ذکر گذشتہ صفحات میں تفصیل سے ہو چکا ہے۔

هِیم

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
هِیم	شتر تشنہ		پیاسا اونٹ

عربی میں پیاسے اونٹ کو ھیم کہتے ہیں۔ اہل جہنم کی تشنگی کے سلسلہ میں خداوند عالم نے سورہ واقعہ میں فرمایا ہے:

فَشَارِبُونَ شُرْبَ الْهِيمِ. (الواقعہ:۵۵)

وہ پیاسے اونٹ کی طرح جہنم کا کھولتا ہوا پانی پئیں گے۔

امام علی نقی علیہ السلام سے کسی نے ایک سانس میں پانی پینے کے بارے میں سوال کیا، فرمایا:

يُكْرَهُ ذٰلِكَ، وَذٰلِكَ شُرْبُ الْهِيمِ. (مجمع البحرین)

یہ انداز تو مکروہ ہے اور اس طرح پیاسا اونٹ پانی پیتا ہے انسانیت کو اس کی بہیمیت سے دور کا لگاؤ نہیں ہے۔

جناب امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ نے نہج البلاغہ میں خلفائے جور کے مظالم اور آپؑ سے بیعت لینے میں تشدد کی نقشہ کشی یوں فرمائی ہے:

وَبَسَطْتُمْ يَدِي فَكَفَفْتُهَا وَمَدَدْتُمُوهَا فَقَبَضْتُهَا ثُمَّ تَدَاكَكْتُمْ عَلَيَّ تَدَاكَّ الْإِبِلِ الْهِيمِ عَلَىٰ حِيَاضِهَا يَوْمَ وِرْدِهَا حَتَّىٰ انْقَطَعَتِ النَّعْلُ وَسَقَطَتِ الرِّدَاءُ.

(نہج البلاغہ: ص ۱۸۴)

میرے ہاتھ کو بیعت کے لیے بڑھانے لگے، میں نے ہاتھ کھینچا تو مضبوط پکڑ لیا اور میرے اوپر

سب نے مل کر ایسا نرغہ کیا جیسے پانی پلانے والے دن پیاسے اونٹ چشمۂ آب پر ٹوٹ پڑتے ہیں، اس کشمکش میں میرا بند نعل ٹوٹ گیا اور کاندھے سے ردا گر گئی۔

دوسری جگہ جنگ صفین میں فوجوں کے قدم اُکھڑنے کے حال میں فرماتے ہیں:

وَ تُزِيلُونَهُمْ عَنْ مَوَاقِفِهِمْ كَمَا أَزَالُوكُمْ حَسًّا بِالنِّصَالِ وَ شَجْراً بِالرِّمَاحِ تَرْكَبُ أُولَاهُمْ أُخْرَاهُمْ كَالْإِبِلِ الْهِيمِ الْمَطْرُودَةِ تُرْمَى عَنْ حِيَاضِهَا وَ تُذَادُ عَنْ مَوَارِدِهَا. (نہج البلاغہ: ص ۸۳)

اُن کو اپنی جگہ سے ہٹا دیا۔

(ی)

یاجوج ماجوج

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
یاجوج ماجوج			بالشتیئے

اہل علم میں اختلاف ہے کہ یاجوج ماجوج کس کی نسل سے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ آدمؑ وحوا کی نسل سے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ اولاد آدمؑ سے تو ہیں مگر بطن حوا سے نہیں ہیں اور ایک قول یہ ہے کہ یافث بن نوح کی نسل سے ہیں اور بعض اہل سنت کا عقیدہ ہے کہ حضرت آدمؑ سو رہے تھے اُن کو احتلام ہوا تو زمین پر جو اجزائے منویہ گرے اُس سے اس قوم کی خلقت ہوئی، یہ قول نہایت مضحکہ خیز اور شان عصمت کے منافی ہے بعید نہیں کہ قول اول صحیح ہو چونکہ یہ انسان سے مغائر ہیں اس لیے ہم بسلسلہ حیوانات اُن کا ذکر کرتے ہیں۔ احادیث کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ امت جس کی تعداد چار لاکھ ہے ان میں ۴ سو سردار ہیں، ہر ایک نہیں مرتا جب تک اپنی اولاد میں ہزار لڑنے والے جوان نہیں دیکھ لیتا۔ یاجوج مرد کو ماجوج عورت کو کہتے ہیں، ان کے قدوقامت مختلف ہیں، ایک وہ گروہ ہے جو ۲۰ ہاتھ کا لانبا ہوتا ہے اور ایک وہ ہے کہ اُس کے کان اتنے لانبے ہوتے ہیں، ایک بچھاتا ہے اور دوسرا اُوڑھتا ہے، یہ عموماً گھانس پتہ کھاتے ہیں، ہاتھی شور کو بھی شکار کرتے ہیں۔ اُن میں جو مر جاتا ہے وہ بھی اُن سے نہیں بچتا اُس کو لقمہ بنا ڈالتے ہیں۔

جناب امیرالمومنین علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ ان میں ایک گروہ وہ ہے جو ایک بالشت کا ہے، ان کے

پنجے پرندوں کے سے، دانت درندوں کے اور جفت ہونے کا انداز چوپاؤں کا، آواز بھیڑی کی، جسم پر بال ہیں جو سردی گرمی سے بچاتے ہیں، یہ اس قدر قوی ہیں کہ پہاڑ اور لوہے کی بھی ان کے سامنے کوئی ہستی نہیں۔

قزوینی نے عجائب المخلوقات میں ان کی ایک قسم منسک کو دریافت کر کے اُن کا فوٹو دیا ہے، جو اُوپر درج کیا گیا ہے۔ قرآن مجید میں بھی ان کا تذکرہ ہے اور جناب ذوالقرنینؑ کی سیاحت کے سلسلہ میں سورہ کہف میں ہے:

حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ۔
(کہف: ۹۳)

جب چلتے چلتے دو دیواروں کے بیچ میں پہنچ گئے تو دیوار کے اُس طرف ایک قوم کو آباد پایا جو بات چیت کچھ نہ سمجھ سکتے تھے۔

ان لوگوں نے ایک ترجمان کے ذریعہ سے عرض کیا کہ اے ذوالقرنینؑ اس گھاٹی کے اُدھر یاجوج وماجوج کی قوم ہے جو ملک میں فساد پھیلایا کرتے ہیں اگر آپ کی رائے ہو تو ہم اس غرض سے آپ کے پاس چندہ جمع کریں کہ آپ اُن کے اور ہمارے درمیان کوئی دیوار بنادیں فرمایا میرے پروردگار نے خرچ کی جو قدرت مجھے دے رکھی ہے وہ تمہارے چندہ سے کہیں بہتر ہے تم صرف ہاتھ پاؤں سے مجھے مدد دو تو میں تمہارے اور ان کے درمیان ایک روک بنادوں، لوگوں نے لوہے کی چادریں جمع کرنا شروع کیں یہاں تک کہ جب دو کنگروں کے درمیان دیوار کو بلند کر کے ان کو برابر کر دیا تو حکم دیا کہ گرد آگ روشن کر کے دھون کو یہاں تک کہ جب اُس کو لال انگارا بنادیا تو کہا کہ اب تانبا لاؤ کہ اُس کو پگھلا کر دیوار پر انڈیل دیں غرض وہ ایسی سربلند اور مضبوط دیوار تھی کہ نہ تو یاجوج و ماجوج اُس پر چڑھ سکتے تھے اور نہ اس میں نقب لگا سکتے تھے۔

آثار قیامت میں ہے کہ یہ قوم سد کو توڑ کر آبادی میں گامزن ہو جائے گی اور خلق خدا ان کی چیرہ دستیوں سے تباہ ہو جائے گی۔

سر اقبال کہتے ہیں:۔

کھل گئے یاجوج اور ماجوج کے لشکر تمام   چشم مسلم دیکھ لے تفسیر حرف ینسلون

قرآن مجید میں ہے:

حَتّٰۤى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ۔ وَاقْتَرَبَ

اَلْوَعْدُ الْحَقُّ. (انبیاء:۹۶،۹۷)
یہاں تک کہ جب یاجوج ماجوج سد سکندری کی قید سے کھول دیئے جائیں گے اور یہ لوگ زمین کی ہر بلندی سے اُڑتے ہوئے نکل پڑیں گے اور قیامت کا سچا وعدہ نزدیک آجائے گا۔

تعبیر:

یاجوج وماجوج کو خواب میں دیکھنا ظہور امام عصرؑ قریب ہونے کی علامت ہے۔

یربوع

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
یربوع	موش دشتی یا کلاکموش	Hedgehog	جنگلی چوہا

محقق طریحی کہتے ہیں کہ یہ جانور ریگستانی ہے جس کے پیر لانبے اور ہاتھ کوتاہ ہوتے ہیں، دُم چوہے کی ایسی ہوتی ہے جس کو اُٹھا کر چلتا ہے۔ اور عبدالرشید حسینی کی تحقیق یہ ہے کہ یہ دوہی پاؤں کا ہوتا ہے۔ قزوینی کہتا ہے کہ یہ چوہا جنگل کے چوہوں کا سردار ہے، یہ تمام صحرا کے چوہوں کی نگرانی کرتا ہے جب خود بل سے نکلتا ہے تو ساری قوم کو آواز دیتا ہے سب نکلتے ہیں اور جب تک دشمن کے خوف میں خود نہیں نکلتا کوئی چوہا بل سے باہر نہیں آتا، اگر چوہوں کی حفاظت اور اپنے فرائض میں کمی کرتا ہے جس سے چوہوں پر کوئی آفت آجاتی ہے تو تمام چوہے غفلت کی پاداش میں اُس کو قتل کر ڈالتے ہیں اور دوسرا حاکم مقرر کرتے ہیں۔ یہ اپنے بل میں دو دروازے بناتا ہے تاکہ دشمن اس پر قابو نہ پاسکے۔

کلام امیرالمومنینؑ میں اس کا ذکر ہے۔ ایک روز کچھ لوگ اہل کوفہ سے خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا امیرالمومنینؑ لوگ مارماہی اور جریث کو ہمارے شہروں میں بیچتے ہیں۔ حضرت نے مسکرا کر فرمایا میرے ساتھ چلو کہ ایک امر عجیب تم کو دکھاؤں، غرض اُن کو فرات کے کنارے لائے اور لعاب دہن مبارک فرات میں ڈال کر چند دعائیں پڑھیں ناگاہ ایک جریث نے پانی سے اپنا سر نکال کر منہ کھول دیا۔ حضرت امیرؑ نے اُس سے فرمایا کہ وائے ہو تجھ پر اور تیری قوم پر تو کون ہے؟ اُس نے کہا اُس شہر کے رہنے والوں میں سے ہوں جو دریا کے کنارے واقع تھا حق تعالیٰ نے آپؑ کی ولایت ہم پر پیش کی ہم نے قبول نہ کیا اس لیے خدا نے ہم کو مسخ کر دیا ہم میں سے جو لوگ دریا میں گئے وہ ہمارے اقسام سے ہیں یعنی مارماہی اور جریث اور جو لوگ صحرا میں گئے وہ سوسمار اور موش دشتی ہیں۔

(حیات القلوب، باب ۲۱، ص ۵۶۹، ایڈیشن ۲)

امام جعفر صادق علیہ السلام کی بزم میں اس جانور کا ذکر آیا ہے، جواہر الکلام کتاب الحج میں ہے، آپؑ نے فرمایا:

فِی الْیَرْبُوعِ وَالْقُنْفُذِ وَالضَّبِّ اِذَا اَصَابَهُ الْمُحْرِمُ فَعَلَیْهِ جَدْیٌ.

(جواہر، ص ۴۹۱، مطبوعہ طہران ۱۲۷۲)

صحرائی چوہے اور ساہی اور سوسمار کو جب احرام باندھنے والا مار ڈالے تو اُس پر ایک بکری کا بچہ راہ خدا میں دینا ضروری ہے۔

دوسرے مقام پر احادیث رجعت کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھوڑے کا نام یربوع تھا لیکن میں نے کتب سیرت واحادیث میں کہیں یہ نام نہیں دیکھا۔

مجلسی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہیں:

پس جوان خوش روحسینی در برابر حضرت مہدی می ایستد و میگوید کہ اگر راست میگوئی کہ توئی مہدی آل محمد پس کجا است عصائے جدت رسول خدا و انگشتر او و برد و زرہ را کہ فاضل می نامیدند و عمامہ اش را کہ سحاب می گفتند و اسپش کہ یربوع نام داشت و ناقہ اش کہ عضبا میگفتند و استریش کہ دلدل میگفتند و حمارش کہ یعفور می نامیدند۔ (رسالہ رجعت، مجلسی، مطبوعہ مصر، ص ۳۸)

پس امام حسینؑ کی نسل کا ایک خوش رو جوان مہدی کے سامنے کھڑا ہو کر پوچھے گا کہ اگر آپ سچ کہتے ہیں کہ آپ ہی مہدی آلِ محمدؐ ہیں تو آپ کے جد رسول خداؐ کا عصا اور انگوٹھی اور چادر اور زرہ جس کا فاضل نام تھا اور عمامہ سحاب اور گھوڑا جس کا یربوع نام تھا اور ناقہ جس کا عضبا نام تھا اور خچر جس کو دلدل کہتے تھے اور گدھا جس کو یعفور کہتے تھے کہاں ہے؟ اس استفسار پر آپ یہ تمام نشانیاں دکھائیں گے اور وہ جوان آپ کی بیعت کرے گا۔ پیغمبر خداؐ کے رہوار کا موجود ہونا کوئی تعجب کی بات نہیں ہے جب انسانی اموات خلعت حیات پہن کر دوبارہ زندہ ہوں گے تو جانوروں کا زندہ ہونا بھی ممکن ہے۔

تعبیر: یربوع کو خواب میں دیکھے تو کسی بدو کا سامنا ہو۔

حکم: گوشت اس کا حرام ہے۔

فائدہ: جو صفتیں یربوع کی اُوپر بیان کی گئی ہیں اس طرح کا ایک جانور "کانگرو" دنیا کے موجودہ عجائب خانوں میں پایا جاتا ہے، اس کے آگے کے پاؤں بہت چھوٹے ہوتے ہیں مگر قدوقامت میں لومڑی کے برابر ہوتا ہے ممکن ہے کہ عرب اسی کو یربوع کہتے ہوں، اس کا بچہ جب چاہتا

ہے ماں کے شکم میں پھر چلا جاتا ہے۔

یعسوب

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
یعسوب			شہد کی مکھی کا سردار

شہد کی مکھیوں کے سردار کو یعسوب کہتے ہیں جو قد و قامت میں دوسری مکھیوں سے بڑا ہوتا ہے، مکھیاں اسی کے زیر نگیں شہد کی تیاری میں مصروف رہتی ہیں اور جس وقت وہ چھتے کو چھوڑ دیتا ہے تو سب باہر نکل آتی ہیں۔ ابوحنیفہ دینوری کی تحقیق ہے کہ جب یعسوب میں طاقت پرواز نہیں رہتی تو مکھیاں اپنے اُوپر اُس کو سوار کرتی ہیں اور پھر شہد تیار نہیں کر سکتیں، زمین کے وسیع فرش پر پرواز کیا کرتی ہیں۔

یعسوب الدین اور امیر النحل جناب امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام کے دو مشہور لقب ہیں جو آپؑ کو بارگاہ نبویؐ سے مخصوص طور پر عطا ہوئے۔ کتب فریقین میں اس کے ثبوت کثرت سے ہیں۔

پیغمبر خداؐ نے شان علیؑ میں یہ بھی فرمایا:

اَنْتَ یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمَالُ یَعْسُوْبُ الْکُفَّارِ۔

اے علیؑ تم اہل ایمان کے بادشاہ ہو اور دولت کفار کی حاکم ہے۔

مطلب یہ ہے کہ کافر سرمایہ داری کی اطاعت کرتے ہیں اور تم کو بے دولت کے خدا نے قابل اطاعت بنایا ہے، مومنین تمہارے پیرو ہیں۔ بارھویں امامؑ کو بھی پیغمبر خداؐ نے یعسوب سے تشبیہ دی ہے۔

عن أبي سعيد الخدري عن النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال: يأوي إلى المهدي أمته كما تأوي النحل إلى يعسوبها يملأ الأرض عدلا كما ملئت جورا حتى يكون الناس على مثل أمرهم الأول لا يوقظ نائما و لا يهريق دما. اخرجه نعيم بن حماد الكوفي و السيوطي.

ابو سعید الخدری سے مروی ہے کہ تحقیق کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے کہ مہدی کی طرف اس طرح لوگ مجتمع ہو جائیں گے جس طرح شہد کی مکھیاں اپنے بادشاہ کے قریب جمع ہو جاتی ہیں وہ زمین کو عدل سے یوں بھر دے گا جس طرح کہ وہ پہلے ظلم سے بھری ہوگی یہاں تک کہ سب لوگ اپنے پہلے امر پر متفق ہو جائیں گے، مہدیؑ نہ کسی سوتے کو جگائیں گے نہ کسی کا خون بہائیں گے۔

(کواکب المضیۂ فی فضائل العلویہ، ص ۴۳۷)

یعفور

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
یعفور	اُلاغ		پیغمبر خداؐ کا رہوار

عربی میں یعفور آہوئے نر کو کہتے ہیں اور بیل، گائے کے بچے پر بھی یعفور کا اطلاق ہوا ہے۔

حدیث میں یعفور جناب رسول خداؐ کے اُلاغ کا تذکرہ ہے کہ جب آپ سوار ہوتے تھے تو وہ خوشی سے رفتار میں شوخی کرتا تھا جس سے حضرت کے شانے حرکت کرتے تھے، اُس وقت آپ زین سے چسپیدہ ہو کر فرماتے تھے:

اَللّٰهُمَّ لَيْسَ مِنِّي وَلٰكِنْ ذَا مِنْ عُفَيْرٍ.

خداوندا یہ شان میری طرف سے نہیں ہے اس حیوان کی ہے۔

اس مقام پر علامہ مجلسیؒ فرماتے ہیں:

اے عزیز و غور کرو کہ حضرتؐ اُلاغ کی رفتار متکبرانہ سے اندیشہ رکھتے تھے اور درگاہ خدا میں عذر خواہ ہوتے تھے تو وہ لوگ جو اسپہائے عربی نژاد اور خوش رفتار پر بہ نخوت و غرور سوار ہوتے ہیں اور زمین و آسمان پر اپنی رفتار سے احسان رکھتے ہیں اور سوا اپنے کسی کو موجود نہیں جانتے کیوں کر پیش خدا عذر خواہی کریں گے۔

اس رہوار کا رنگ مٹیالا تھا اور پیغمبر خداؐ کے انتقال کے بعد فوراً عنان توڑ کر دولتی اُچھالتا ہوا نکل گیا مقام قبا میں بئر حطمہ (کنویں) میں گر کے جان دیدی اور وہ کنواں اُس کی قبر قرار پایا۔ (مجمع البحرین)

تعبیر:

اگر یعفور کو خواب میں دیکھے تو روضہ پیغمبر خداؐ کی زیارت کی امید ہے، مرتبہ بلند ہو۔

ادبیات: میر انیسؔ مرحوم نے اس لفظ کو نظم کیا ہے۔

جتنے تھے الاغ و شتر و قاتر و راہوار   سیراب ہوئے سب تو پھرے سید ابرار

یعقوب

ہندی	انگلش	فارسی	عربی
کبک دری کا نر			یعقوب

یعقوب کبک دری کے نر کو کہتے ہیں۔ بعض لغویین کا خیال ہے کہ عقاب کے نر کو یعقوب کہتے ہیں، یہ صحیح نہیں ہے۔ وسائل الشیعہ میں بسلسلہ کلام معصومینؑ یہ لفظ بھی نظر آتا ہے:

عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سِنَانٍ قَالَ: قُلْتُ لِاَبِي عَبْدِ اللهِ اِنَّ هٰؤُلَاءِ يَاْتُوْنَا بِهٰذِهِ الْيَعَاقِيْبِ فَقَالَ لَا تَقْرَبُوْهَا فِي الْحَرَمِ اِلَّا مَا كَانَ مَذْبُوْحاً فَقُلْتُ اِنَّا نَاْمُرُهُمْ اَنْ يَذْبَحُوْهَا هُنَالِكَ فَقَالَ نَعَمْ كُلْ وَاَطْعِمْنِي.

معاویہ بن شریح نے اپنی اسناد سے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ حضرت سے پوچھا گیا کہ یہ لوگ کبک لیے پھرتے ہیں، فرمایا حرم میں لے کر ہرگز نہ جانا جب تک کہ اُس کو ذبح نہ کر لینا، عرض کیا آپ حکم دیتے ہیں کہ اُس کو وہاں ذبح کرو، فرمایا ہاں اُس کو تم کھاؤ۔

یعقوبؑ نبی:

جناب ابراہیم خلیل خدا کے چشم و چراغ تھے، آپ کی ولادت کسی مہینہ کی اٹھائیسویں تاریخ کو ہوئی۔ امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ عیص (اہل روم یعنی ترک جس کی اولاد میں ہیں) اور یعقوب ایک حمل میں پیدا ہوئے تھے۔ پہلے عیص کی ولادت ہوئی پھر یعقوب متولد ہوئے اسی وجہ سے اُن کو یعقوب کہا جاتا ہے یعنی وہ عیص کے عقب میں پیدا ہوئے۔ یعقوب لقب ہے نام آپ کا اسرائیل تھا یعنی بندہ خدا۔

عبرانی میں اسرا بندہ کو اور ایل خدا کو کہتے ہیں۔ جبرئیل، میکائیل، اسرافیل، تمام نام اسی نقطہ نظر سے رکھے گئے ہیں۔ بنی اسرائیل جناب یعقوبؑ ہی کی قوم کا نام ہے جس میں صدہا نبی مبعوث ہوئے اور قرآن حکیم نے اُن کے تذکرہ سے بیشتر سوروں کو زینت دی ہے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ اسراء کے معنی قوت کے ہیں بنابریں آپ کے نام نامی اسرائیل کے معنی یہ ہیں کہ "قوت خدا" درحقیقت یہ نام جناب یعقوبؑ کے لیے زیبا بھی تھا آپ کی قوت و توانائی کا ایک نمونہ یہ ہے کہ بیت المقدس کی خدمت کیا کرتے تھے سب سے پہلے بیت المقدس میں داخل ہوتے تھے اور سب کے بعد نکلتے تھے، اپنے ہاتھ سے قندیلیں روشن کرتے تھے، سوء اتفاق سے بیت

المقدس کی قندیلیں ناوقت گل ہونا شروع ہوئیں اور جب آپ داخل بیت المقدس ہوں تو وہاں اندھیرا رہے آخر کار ایک شب بیت المقدس میں قیام کیا اور رات بھر جاگتے رہے کہ چراغ بجھانے والے کو گرفتار کروں، جب قندیلیں گل کرنے والا آیا اور روشنی حسب عادت بجھانا شروع کی تو آپ نے بڑھ کر اُس کو گرفتار کیا اور ستون مسجد سے باندھ دیا جب صبح ہوئی تو لوگوں نے دیکھا کہ یعقوبؑ نے ایک جن کو گرفتار کیا ہے پھر بیت المقدس میں کبھی چراغ روشن ہونے کے بعد اندھیرا نہ ہوا اور مجرم کو سزا مل گئی۔

علماء اہل سنت کو اشتباہ ہے کہ قندیل عہد نبویؐ کے بعد ایجاد ہوئی، یہ غلط فہمی اس تاریخی نوٹ سے دور ہو رہی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ قندیل بہت قدیم چراغ ہے۔

بعض ارباب تاریخ کہتے ہیں کہ اس جن کا نام ''ایل'' تھا اس کی گرفتاری کی وجہ سے یعقوب کو اسرائیل کہنے لگے، بہر حال جو شخص ایسا نڈر اور قوی ہیکل ہو اُس کو قوت خدا کہا جا سکتا ہے۔ یہ جناب یعقوبؑ کا آغاز تھا جس کو ہم نے اپنی کتاب مفتاح التاریخ سے نقل کیا ہے، انجام میں نبی خدا کے یوسفؑ ایسے پسر کا فراق گریہ وزاری بیٹوں کی بدچلنی ہزاروں مصیبتیں ہیں جن کے اعادہ سے دل لرزتا ہے، آپ کے غیر معمولی گریہ سے لوگوں نے سمجھ لیا تھا کہ یعقوبؑ معاذ اللہ ہمیشہ نابینا ہی رہے، قرآن مجید نے ایک لطیف اشارہ میں اُن کی قوت بصر کا ذکر فرمایا ہے:

وَاذْكُرْ عِبَادَنَا إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ أُولِي الْأَيْدِي وَالْأَبْصَارِ.

(ص:۴۵)

جناب یعقوبؑ بہت معمولی غذائیں استعمال کرتے تھے، اونٹ کے گوشت کی آپ کے عہد میں بہت زیادہ بکری تھی لیکن آپ نے اس کو کھانا ترک کر دیا تھا:

فِي الْكَافِي وَالْعَيَّاشِي: عَنِ الصَّادِقِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: إِنَّ إِسْرَائِيلَ كَانَ إِذَا أَكَلَ مِنْ لَحْمِ الْإِبِلِ هَيَّجَ عَلَيْهِ وَجَعَ الْخَاصِرَةِ فَحَرَّمَ عَلَى نَفْسِهِ لَحْمَ الْإِبِلِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جناب یعقوبؑ جب اونٹ کا گوشت نوش فرماتے تھے تو آپ کی بیماری میں زیادتی ہو جاتی تھی اس وجہ سے آپ نے اونٹ کے گوشت کو اپنے اُوپر حرام قرار دے لیا تھا۔

قرآن مجید میں بھی اس کی طرف اشارہ ہے:

كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِبَنِي إِسْرَائِيلَ إِلَّا مَا حَرَّمَ إِسْرَائِيلُ عَلَى نَفْسِهِ.

(تفسیر صافی:ص ۵۱۵)

۰ ۳۶۳ حبوطی میں مصر میں آپ نے بعمر ۱۴۰ سال انتقال فرمایا اور جنازہ دفن کرنے کے لیے مصر سے کنعان لایا گیا، یہ پہلا موقع ہے کہ ایک نبی کا جسد مرنے کے بعد ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوا۔ مصر وہ جگہ تھی جہاں فرعون اور بنی اسرائیل پر پیہم عذاب نازل ہو چکا تھا اس لیے ضرورت تھی کہ اس نامبارک زمین پر نبی کی لاش دفن نہ ہو۔ (حیات القلوب)

بنت یقرض

عربی	فارسی	انگلش	ہندی
بنت مقرض		Radent	ایک قسم کا چوہا

عرب میں بہت سے جانور بجائے نام کے کنیت سے پکارے جاتے ہیں۔ حشرات الارض میں بنات وروان، بنت مطر وغیرہ نام ہیں، کچھوے کو بنت طبق کہتے ہیں، اسی طرح بنت مقرض بھی ایک جانور ہے جس کا نام جناب امیر المومنینؑ کی زبان اقدس پر جاری ہوا ہے جیسا کہ الفرضان کے ذیل میں عرض کیا گیا۔ سواد آعظم کے علماء نے بظاہر اسی کو مقرض سے یاد کیا ہے۔ دمیری کا بیان ہے کہ یہ ایک سرمئی رنگ کا جانور ہے جس کی پیٹھ لانبی اور چار پیر ہوتے ہیں، قدو قامت میں چوہے سے دبتا ہوا ہوتا ہے، کبوتر کا دشمن ہوتا ہے اور کپڑے بھی قینچی کی طرح کاٹتا ہے اسی وجہ سے اس کو اہل سنت میں ابن مقرض اور شیعی احادیث میں بنت مقرض کہا ہے۔ اگر یہ قیاس صحیح ہے تو بنت مقرض کو دریائی موش ماننا پڑے گا اس لیے کہ حدیث کا سیاق بتاتا ہے کہ حیوانات بحری میں سے ہے۔

تعبیر: اس کو خواب میں دیکھے تو اثاث البیت کے تلف ہونے کا اندیشہ ہے، صدقہ دے تاکہ خدا حفاظت فرمائے۔

حکم: سابق کے بیان سے معلوم ہو چکا ہے کہ یہ مسخ جانور ہے اس لیے حرام ہے۔

ثم الکتاب بعون اللہ وحسن توفیقہ علی ید مولفہ الراجی الی رحمۃ ربہ القوی آغا مہدی الرضوی فی یوم الاحد ۲۲/ رجب ۱۳۵۷ھ من الهجرۃ النبویہ

سورہ فاتحہ

میاں الطاف حسین ابن غلام عباس قادری
سید علی نقوی ابن سید منظور حسین نقوی
والیہ بیگم بنت سید قمر الدین حیدر
سید انصار حسین زیدی ابن سید قاضی رضی زیدی

maablib.org

کتابیات

نمبر	نام کتاب	فن	نام مؤلف	قلمی چھاپہ	زبان	مذہب
۱	ارشاد	تاریخ	شیخ مفید	چھاپہ	عربی	شیعہ
۲	ارشاد ساری	حدیث	علامہ قسطلانی	چھاپہ	عربی	اہلسنت
۳	اصول کافی	حدیث	یعقوب کلینی	چھاپہ	عربی	شیعہ
۴	ابواب الجنان	حدیث	محمد رفیع واعظ	چھاپہ	عربی	شیعہ
۵	اثبات الھداۃ	حدیث	حر عاملی	قلمی	عربی	شیعہ
۶	امالی	حدیث	شیخ صدوق	چھاپہ	عربی	شیعہ
۷	احیاء العلوم	حدیث	امام غزالی	چھاپہ	عربی	اہلسنت
۸	اسد الغابہ	تاریخ	ابن اثیر	چھاپہ	عربی	اہلسنت
۹	انیس الخاطر	کشول	یوسف بحرانی	چھاپہ	عربی	شیعہ
۱۰	امالی التفسیر والمواعظ	وعظ	والدِ منصف	قلمی	اردو	شیعہ
۱۱	ابطال تناسخ	کلام	مولانا ہارون زنگیپوری	چھاپہ	اردو	شیعہ
۱۲	اقتباس الانوار	کشکول	-	چھاپہ	عربی	شیعہ
۱۳	الفاروق	تاریخ	مولوی شبلی	چھاپہ	اردو	اہلسنت
۱۴	ارژنگِ چین	خوشخطی	دیبی پرشاد	چھاپہ	اردو	اہل ہنود
۱۵	ارجح المطالب	تاریخ	عبیداللہ امرتسری	چھاپہ	اردو	اہلسنت
۱۶	اوں کاء ریڈر	تاریخ	شریف خاں شیروانی	چھاپہ	اردو	اہلسنت
۱۷	العوارف	اخبار	مولانا قاسم علی	چھاپہ	اردو	شیعہ
۱۸	الساق علی الساق	محاضرات	فارس بن یوسف	چھاپہ	عربی	اہلسنت

۱۹	اورادالمومنین	اخلاق	مظفر حسین خان	چھاپہ	فارسی	شیعہ
۲۰	اعجاز حسینی	تاریخ	نواب مظفر علی خان	چھاپہ	اردو	شیعہ
۲۱	ابصار العین	تاریخ	شیخ محمد سماوی	چھاپہ	عربی	شیعہ
۲۲	آئینہ تصوف	تاریخ	شاہ محمد حسن صابری	چھاپہ	اردو	صوفی
۲۳	بلد الامین	دعا	شیخ ابراہیم کفعمی	قلمی	عربی	شیعہ
۲۴	البدور السافرۃ	حدیث	علامہ سیوطی	قلمی	عربی	اہلسنت
۲۵	بحار الانوار	حدیث	علامہ مجلسی	چھاپہ	عربی	شیعہ
۲۶	تتمہ المختصر	تاریخ	ابن وردی	چھاپہ	عربی	اہل سنت
۲۷	تذکرہ خواص الامۃ	تاریخ	ابن جوزی	قلمی	عربی	اہلسنت
۲۸	ترجمہ قرآن مجید	تفسیر	فرمان علی	چھاپہ	اردو	شیعہ
۲۹	تحریر الشہادتین	مقتل	مولوی سلامت اللہ	چھاپہ	اردو	اہلسنت
۳۰	تاریخ الامم والملوک	تاریخ	ابن جریر طبری	چھاپہ	عربی	اہلسنت
۳۱	تنبیہ الغافلین	تاریخ	مولانا فتح اللہ	قلمی	فارسی	شیعہ
۳۲	تحفہ احمدیہ	اخلاق	مولانا سید ابوالحسن	چھاپہ	اردو	شیعہ
۳۳	تحصیل الرجال	رجال	عبدالحق دہلوی	قلمی	عربی	اہلسنت
۳۴	تاریخ الخمیس	تاریخ	دیار بکری	چھاپہ	عربی	اہلسنت
۳۵	تذکرہ تبسم گل	ادب	عظمت الٰہی سوزی	چھاپہ	اردو	اہلسنت
۳۶	تحفۃ الاحباب	فقہ	تاج العلماء	چھاپہ	اردو	شیعہ
۳۷	تاریخ کامل	تاریخ	ابن اثیر جزری	چھاپہ	عربی	اہلسنت
۳۸	جنۃ الامان الواقیۃ	دعا	ابراہیم کفعمی	قلمی	عربی	شیعہ
۳۹	جلاء العیون	تاریخ	علامہ مجلسی	چھاپہ	فارسی	شیعہ
۴۰	جامع الاخبار	حدیث	حسن طبرسی	چھاپہ	عربی	شیعہ
۴۱	جواہر شیعہ	حدیث	حر عاملی	چھاپہ	عربی	شیعہ
۴۲	جواہر الکلام	فقہ	شیخ محمد حسن نجفی	چھاپہ	عربی	شیعہ

۴۳	جامع اللغات	لغت	غلام سرور	چھاپہ	اردو	اہلسنت
۴۴	حیات القلوب	حدیث	علامہ مجلسی	چھاپہ	فارسی	شیعہ
۴۵	حلیۃ المتقین	اخلاق	علامہ مجلسی	چھاپہ	فارسی	شیعہ
۴۶	حیات الحیوان	علم حیوان	دمیری	چھاپہ	عربی	اہلسنت
۴۷	حملۂ حیدری	مثنوی	ملا رفیع باذل	چھاپہ	فارسی	شیعہ
۴۸	خریدۃ العجائب	تاریخ	ابن وردی	چھاپہ	عربی	اہل سنت
۴۹	خصال	حدیث	ابن بالویہ	چھاپہ	عربی	شیعہ
۵۰	خالق باری	لغت	امیر خسرو	چھاپہ	فارسی	اہلسنت
۵۱	دار السلام	حدیث	محدث نوری	چھاپہ	فارسی	شیعہ
۵۲	در منثور	تفسیر	سیوطی	چھاپہ	عربی	اہلسنت
۵۳	درۃ النجفیۃ	ادب		چھاپہ	عربی	شیعہ
۵۴	دیوان جناب امیرؑ	ادب	حضرت علیؑ	چھاپہ	عربی	شیعہ
۵۵	درر غرر	ادب	سید مرتضیٰ	چھاپہ	عربی	شیعہ
۵۶	ڈکشنری	لغت	اے حسام	چھاپہ	عربی	نصاریٰ
۵۷	ذخیرہ المعاد	فقہ	شیخ زین العابدین	چھاپہ	فارسی	شیعہ
۵۸	رسالہ حیوانات	علم حیوان	حسن طبسی	قلمی	فارسی	شیعہ
۵۹	رفع دفع	دعا	ملا محسن	قلمی	فارسی	شیعہ
۶۰	روض الاخیار	محاضرات	محمد بن قاسم بن یعقوب	چھاپہ	عربی	اہلسنت
۶۱	ریاض القلوب .	تاریخ	واجد علی شاہ اختر	چھاپہ	اردو	شیعہ
۶۲	ریاض المصائب	مقتل	محمد مہدی	چھاپہ	عربی	شیعہ
۶۳	روضۃ الشہداء	مقتل	واعظ کاشفی	چھاپہ	فارسی	اہلسنت
۶۴	روضۃ الاحباب	تاریخ	پارسا	چھاپہ	فارسی	اہلسنت
۶۵	رجال کشی	رجال	کشی	چھاپہ	عربی	شیعہ
۶۶	رسالہ رجعت	حدیث	علامہ مجلسی	چھاپہ	فارسی	شیعہ

٦٧	زین الفتیٰ	تفسیر	امام عاصمی	قلمی	عربی	اہلسنت
٦٨	زبور	مصحف		چھاپہ	عربی	عیسائی
٦٩	ستیارتھ پرکاش		سوامی دیانتھ	چھاپہ	اردو	آریہ
٧٠	سبحۃ المرجان	تاریخ	آزاد بلگرامی	چھاپہ	عربی	اہلسنت
٧١	سنن ابن ماجہ	حدیث	ابن ماجہ	چھاپہ	عربی	اہلسنت
٧٢	سفینۃ النجات	دعا		چھاپہ	فارسی	شیعہ
٧٣	شرح نہج البلاغہ	ادب	ابن ابی الحدید معتزلی	چھاپہ	عربی	اہل سنت
٧٤	شرح الفیہ	نحو	ابن عقیل	قلمی	عربی	اہلسنت
٧٥	شاہراہ ادب	ادب	پنڈت سری نراس	چھاپہ	اردو	ہندو
٧٦	صواعق محرقہ	حدیث	ابن حجر عسقلانی	چھاپہ	عربی	اہل سنت
٧٧	صیدیہ	فقہ	علامہ علی حزیں	قلمی	فارسی	شیعہ
٧٨	صیدیہ	فقہ	میر صدر جہاں	قلمی	فارسی	شیعہ
٧٩	صافی	تفسیر	ملا محمد کاشانی	چھاپہ	عربی	شیعہ
٨٠	صحیح بخاری	حدیث	امام بخاری	چھاپہ	عربی	اہلسنت
٨١	صحیح مسلم	حدیث	امام مسلم	چھاپہ	عربی	اہلسنت
٨٢	ظل ممدود	تفسیر	مولوی محمد ابراہیم	قلمی	عربی	شیعہ
٨٣	عجائب المخلوقات	تاریخ	زکریا محمد بن محمود	چھاپہ	اردو	اہلسنت
٨٤	عجائب المعلومات	تاریخ	زکریا محمد بن محمود	چھاپہ	اردو	اہلسنت
٨٥	عماد الاسلام	کلام	غفراں مآب	چھاپہ	عربی	شیعہ
٨٦	عبقات الانوار	کلام	مولوی حامد حسین	چھاپہ	فارسی	شیعہ
٨٧	عالم حیوانی	علم حیوان	برجیس سادر	چھاپہ	اردو	ہندو
٨٨	عرائس المجالس	تاریخ	ثعلبی	چھاپہ	عربی	اہلسنت
٨٩	علی و کعبہ	کلام	مولف	چھاپہ	اردو	شیعہ
٩٠	عدۃ الداعی	دعا	ابن فہد	چھاپہ	عربی	شیعہ

٩١	عروۃ الوثقی	فقہ	سیّد کاظم طباطبائی	چھاپہ	عربی	شیعہ
٩٢	عجائبات قدرت	تاریخ	محمد عسکری جعفری	چھاپہ	اردو	شیعہ
٩٣	عزیز اللغات	اردو	عزیز لکھنوی	چھاپہ	اردو	شیعہ
٩٤	غنیۃ الطالبین	اخلاق	شیخ عبدالقادر	چھاپہ	عربی	اہل سنت
٩٥	غرر الحکم	ادب	اقوال امیرالمومنینؑ	چھاپہ	عربی	شیعہ
٩٦	غیاث اللغات	لغت	غیاث الدین	چھاپہ	فارسی	اہلسنت
٩٧	غرر الخصائص	محاضرات	ابن وطواط	چھاپہ	عربی	اہلسنت
٩٨	غایۃ الاوطار ترجمہ دُرِّ مختار	فقہ	مولوی خرم علی	چھاپہ	اردو	اہلسنت
٩٩	فوائح القدس	حدیث	یوسف علی بن محمد حسینی	قلمی	فارسی	شیعہ
١٠٠	فوائد الانسان	طب		قلمی	فارسی	اہلسنت
١٠١	قرۃ العینین	سیرت	شاہ ولی اللہ	قلمی	فارسی	اہلسنت
١٠٢	کتاب التعبیر	تعبیر	شیخ الرئیس	قلمی	عربی	اہلسنت
١٠٣	کشف الیقین	کلام	علامہ حلّی	قلمی	عربی	شیعہ
١٠٤	کتاب مقدس	مصحف		چھاپہ	عربی	عیسائی
١٠٥	کتاب المسائل	فقہ	سید العلماء	قلمی	فارسی	شیعہ
١٠٦	کتاب پیدائش	مصحف		چھاپہ	اردو	عیسائی
١٠٧	گلستان	وعظ	شیخ سعدی	چھاپہ	فارسی	اہلسنت
١٠٨	مجمع البحرین	لغت	فخر الدین طریح	چھاپہ	عربی	شیعہ
١٠٩	منتخب اللغات	لغت	عبدالرشید مدنی	چھاپہ	فارسی	اہلسنت
١١٠	معجم الطالب	لغت	جرجس ہمام	چھاپہ	عربی	عیسائی
١١١	منتخب النفائس	لغت	محبوب علی	چھاپہ	اردو	شیعہ
١١٢	مخزن المفردات	طب		چھاپہ	اردو	اہلسنت
١١٣	مجمع البیان	تفسیر	حسن طبرسی	چھاپہ	عربی	شیعہ
١١٤	مفتاح الفلاح	دعا	بہاؤ الدین عاملی	چھاپہ	عربی	شیعہ

115	مناقب اخطب	سیرت	موفق خوارزمی	قلمی	عربی	اہل سنت
۱۱۶	مناقب آل ابی طالب	مناقب	ابن شہر آشوب	چھاپہ	عربی	شیعہ
۱۱۷	منبع عیون معانی	تفسیر	ملا مبارک	قلمی	عربی	اہلسنت
۱۱۸	موعظۃ السالکین	وعظ		قلمی	عربی	
۱۱۹	مناقب ترمذی	سیرت	صالح کشفی	قلمی	فارسی	اہلسنت
۱۲۰	مستدرک الوسائل	حدیث	محدث نوری	چھاپہ	عربی	شیعہ
۱۲۱	مجالس المتقین	وعظ	محمد تقی برغانی	چھاپہ	فارسی	شیعہ
۱۲۲	منابر الاسلام	وعظ	مفتی محمد عباس	چھاپہ	عربی	شیعہ
۱۲۳	المجتنیٰ	دعا	سید بن طاوس	چھاپہ	عربی	شیعہ
۱۲۴	معالم زلفی	وعظ	سید ہاشم بحرانی	چھاپہ	عربی	شیعہ
۱۲۵	مدینۃ المعاجز	فضائل	سید ہاشم بحرانی	چھاپہ	عربی	شیعہ
۱۲۶	مرقاۃ الجنان الزہر	دعا	حسن حسینی خراسانی	چھاپہ	عربی	شیعہ
۱۲۷	مزل الورایہ	رجال	مولانا عبدالحی	چھاپہ	عربی	اہلسنت
۱۲۸	مفاتیح الجنان	دعا	شیخ عباس قمی	چھاپہ	فارسی	شیعہ
۱۲۹	معرفۃ الحیوان	علم حیوان	غلام رضا خان	چھاپہ	فارسی	شیعہ
۱۳۰	مشارق الانوار	مناقب	حافظ برسی	چھاپہ	عربی	شیعہ
۱۳۱	مسکن القلوب	وعظ	غفران مآب	قلمی	عربی	شیعہ
۱۳۲	معائب النواصب	کلام		قلمی	عربی	شیعہ
۱۳۳	مشکوٰۃ المصابیح	حدیث	ولی ادین محمد	چھاپہ	عربی	اہلسنت
۱۳۴	منہج الیقین	وعظ	علاء الدین محمد	چھاپہ	فارسی	شیعہ
۱۳۵	موجۂ کوثری	ادب	مفتی محمد عباس	چھاپہ	عربی	شیعہ
۱۳۶	نہج البلاغہ	ادب	سید رضی	چھاپہ	عربی	شیعہ
۱۳۷	نور العین	مقتل	قاضی صفۃ اللہ	قلمی	عربی	اہل سنت
۱۳۸	نور العین	مقتل	اسحاق اسفرائنی	چھاپہ	عربی	اہلسنت

۱۳۹	نول کشور ریڈر	تاریخ		چھاپہ	اردو	
۱۴۰	نورالثقلین	تفسیر	عبد علی حویزی	قلمی	عربی	شیعہ
۱۴۱	النجم	رسائل		چھاپہ	اردو	اہلسنت
۱۴۲	نگار	تاریخ	محمود الہ آبادی	چھاپہ	اردو	اہلسنت
۱۴۳	نفائس اللغات	لغت	اوحدالدین	چھاپہ	اردو	اہلسنت
۱۴۴	نورالھدایہ	فقہ		چھاپہ	اردو	
۱۴۵	ناسخ التواریخ	تاریخ	سپہر کاشانی	چھاپہ	فارسی	شیعہ
۱۴۶	نفحات الریاحین	سیرت	مولوی مقرب علی	چھاپہ	اردو	شیعہ
۱۴۷	وسائل الشیعۃ	حدیث	حر عاملی	چھاپہ	عربی	شیعہ
۱۴۸	ینابیع الانوار	تفسیر	ممتاز العلماء	قلمی	عربی	شیعہ
۱۴۹	اینگلو ورنا کولر مڈل جغرافیہ حصہ پنجم	جغرافیہ	A.V Noble Ojha, B.A.	الہ آباد ۱۹۳۶ء	اردو	عیسائی

سیرت الذّاکرین

(ہندوستان کے نامور اور جید خطبائے کرام کے
حالاتِ زندگی اور نادر دستاویزات پر مشتمل)

زُبدۃ العلماء مولانا آغا مہدی لکھنوی مرحوم

کی غیر مطبوعہ شاہکار کتاب

زیر طبع

maablib.org

ترتیب وتدوین

سید ارتضیٰ عباس نقوی

سیرت الذّاکرین

(ہندوستان کے نامور اور جید خطبائے کرام کے
حالاتِ زندگی اور نادر دستاویزات پر مشتمل)

زُبدۃ العلماء مولانا آغا مہدی لکھنوی مرحوم

کی غیر مطبوعہ شاہکار کتاب

زیر طبع

ترتیب وتدوین

سید ارتضیٰ عباس نقوی